UNIVERSAL LIBRARY
OU_226375
UNIVERSAL LIBRARY

الله اکبر

اشرف التواریخ

حصہ دوم

تنقیح معروف بہ

عہد رسالت و سایہ خلافت

من تصنیف فاضل اجل و مرشد کامل حضرت مولانا حاجی سید شاہ محمد اکبر صاحب

ابو العلائی سجادہ نشین خانقاہ شریف داناپور مدظلہ العالی

باہتمام [illegible] حسین

در مطبع آگرہ اخبار محلہ [illegible] طبع شد

۱۳۲۵ھ

قیمت فی جلد للعہ

(جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں)

فہرست مضامین اشرف التواریخ جلد دوم معروف بہ عہد رسالت

مضمون	صفحہ
دیباچہ	۱
واقعہ فیل اور اسکے بعد قریش کے حالات	۲
حضرت خواجہ عبد المطلب کی مناجات اور قریش کا پہاڑون مین جا چھپنا	۹
قریش کے حالات	۱۴
قریش کی شرمناک رسمون کا منسوخ ہونا اور نمازون مین اچھے کپڑے پہننے کا حکم	۱۶
مختصر بیان مطیبین اور احلاف کے حلف اور بنی عبد الدار سے امارت کا بنی عبد مناف مین آنا	۲۰
ولادت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۲۵
ولادت کی تاریخ اور مکان	۲۶
بیان نور شریف	۲۹
حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے انکی ذریت کا اخراج اور ان سے پیمان لینا	۳۲
حضور پرنور کا نسب نامہ	۳۴
ولادت باسعادت حضور پرنور	۴۹
امت عاصی کا اسلام	۵۵
صحف انبیا علیہم السلام مین حضور کی بشارت	۵۷
بیان رضاعت حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم	۶۹
مثال قلب شریف حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم	۸۱
واقعہ شق صدر شریف	۸۶
حضرت کی عمر کا نوان برس	۹۰
حضرت کی عمر کا بارہوان برس	״
حضور پرنور کی عمر گرامی کا سترہوان برس	۹۳
حضور کی عمر گرامی کا بیسوان برس	״
عمر شریف حضور پرنور کی بیس برس سے متجاوز ہوئی	״
حضرت کی عمر شریف کا پچیسوان برس	״
حضرت کی عمر شریف کا اڑتیسوان سال انوار کا مشاہدہ اور شوق خلوت نشینی اور کوہ حرا مین عزلت گزینی	۱۰۳
حضور کی عمر گرامی کا چالیسوان برس اور انوار وحی	۱۰۴

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
سابق الایمان حضرت کا ذکر۔ " "	۱۲۰	بیان تعلیم نماز روز اول۔ " " "	۲۱۵
چوتھے برس دعوت اسلام کیواسطے عام حکم ہونا	۱۲۳	بیان بعض عجائبات آسمان اول کا "	۲۱۸
فضیلت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ	۱۳۳	بیان عجائبات آسمان دوم " " "	۲۲۷
حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے دردناک حالات	۱۳۴	بیان عجائبات آسمان سوم " " "	۲۲۸
حضرت بلال رضؓ کی آزادی اور حضور پر نور کی مسرت	۱۳۸	بیان عجائبات آسمان چہارم " " "	"
حضرت صدیق اکبرؓ کی فضیلت اور انکا تواجد	۱۴۶	فائدہ عجایب آسمان پنجم " " "	۲۳۰
حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا "	۱۵۱	بیان عجائبات آسمان ششم	۲۳۱
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا " "	۱۵۲	بیان عجائبات آسمان ہفتم " " "	۲۳۴
رومیون اور مجوسیون کی جنگ اور قرآن پاک کا		بیان غرائب سدرۃ المنتہی " "	"
معجزہ پیشین گوئی اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا		راویان معراج کے اسمائے گرامی۔	۲۳۸
اُبی ابن خلف سے شرط جیتنا اور اُن کو خیرات کردینا	۱۵۷	بیان بیعت عقبہ ثانیہ کا جو بارہوین سال	
حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تصدیق اور یقین	۱۶۰	نبوت کے واقع ہوئی۔ " " "	۲۴۰
ابوطالب کا انتقال اور ایمان نہ لانا۔ "	۱۶۵	بیان وعظ مصعب ابن عمیر "	۲۴۱
مقام بطن نخلہ مین آدہی رات کو قوم جن کا نماز		بیان مدینہ والون کا مکہ معظمہ مین آکر رسول اللہ	
مین قرأت سنکر آپ کو پہچاننا اور اپنی قوم مین جاکر		صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اپنے ملک	
اسکا ذکر کرنا اور ایمان لانا۔ " " "	۱۶۲	کو لیجانے اور حمایت کرنے کیواسطے بیعت کرنا	۲۴۲
ذکر معراج شریف حضرت سرور عالم صلی اللہ		بیان بار کا کعبہ شریف کی طرف نماز پڑہنا اور	
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم " " "	۱۸۱	قرض کا مسلمانونکو ایذائین دینا " "	۲۴۵
معراج شریف کی روایتین۔ " "	۱۸۷	بیان اصحاب رسول اللہ کا مدینہ منورہ کو	
حضور پر نور کا عرش مجید پر پہنچنا اور پروردگار کی ثنا کرنا	۲۱۱	ہجرت کرنا " " " "	۲۴۶

مضمون	صفحہ
بیان ہجرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جو ہشتم ربیع الاول وبقول صحیح بست وہفتم بروز دوشنبہ سنہ چہاردہم نبوت کو واقع ہوئی	۲۵۰
بیان حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ساتھ لیکر ہجرت کرنا اور غار ثور مین تین روز تک رہکر مدینہ طیبہ کو روانہ ہونا	۲۵۲
بیان واقعہ سراقہ ابن مالک	۲۶۲
بیان رونق افروزی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ طیبہ مین	۲۷۳
حال آبادی مدینہ طیبہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام	۲۷۹
بیان ایمان لانا تبع ابن حمیر بادشاہ یمن کا بنام گرامی حضور پرنور سرور عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جو اس بادشاہ نے حضور پرنور کی بعثت سے ہزار برس پہلے حسب ہدایت علمائے توریت لکھا تھا اور وہی نامہ مبارک پشت بہ پشت ابو ایوب انصاری کے گھر مین چلا آتا تھا	۲۸۲
بیان عبداللہ ابن زبیر کی ولادت کا مہاجرین کے بچون مین - یہ پہلی ولادت ہے جو مدینہ طیبہ مین ہوئی	۲۸۹
بیان انصار رضی اللہ عنہم کی فضیلت حدیث شریف کا ترجمہ	۲۹۰
بیان فضیلت مہاجرین رضی اللہ تعالے عنہم کا	″
بیان مہاجرین وانصار کے ملے جلے فضائل کا	۲۹۳
بیان مہاجرین کا جن لوگون نے پہلے ہجرت کی ہے مدینہ کیطرف	۲۹۵
بیان سال اول ہجری کے وقایع مین سے تعمیر مسجد مدینہ منورہ ہے	۲۹۸
بیان قبلہ سابق جو شمال کی طرف تھا	۲۹۹
بیان اسمار گرامی اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم کا	۳۰۰
بیان گریہ وزاری استن حنانہ کی فراق مین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے -	۳۰۳
حکایت استن حنانہ	۳۰۴
معجزہ دیگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کہ سنگریزون نے ابوجہل کے ہاتھ مین حضرت کے رسالت کی شہادت	

مضمون	صفحہ
وہی اور وہ کافر پھر بھی دولت ایمان سے بے نصیب رہا ۔ ۔ ۔ ۔	۳۰۷
بیان حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مزار اور تاریخ وفات اور مختصر حالات	۳۰۹
بیان مذہب اور ۔ اکابر قوم کے نذرونیاز وشنام مغلظہ پر ۔ مسلمان قوم اور انکی عید مین ابولولو مجوسی کا سانگ اور ۔ دوسرا گفتنہ مرثیہ یعنی ہرثیہ ۔ ۔ ۔ ۔	۳۱۱
بیان فضائل مسجد شریف مدینہ طیبہ کا ۔	۳۱۳
بیان فرضیت ۔ نماز صبح ۔ وظہر ۔ وعصر ۔ و مغرب وعشا اور اُسکے اسرار کا ۔ ۔	۳۱۴
بیان وظیفہ بعد ہر نماز کا ۔ ۔ ۔	۳۱۶
بیان اسلام حضرت سلمان فارسی	۳۱۷
بیان عقد مواخات مین المہاجرین والانصار	۳۱۸
بیان حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہا کی رونق افروزی کا کاشانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین	”
بیان اذان ۔ ۔ ۔	۳۱۹
بیان نکات متعلقہ اذان ۔ اسلامی دنیا میں جو سمجھے کہ مقصود اصلی اور اس الطاعات والعبادات ہے وہ توحید ہے ۔	۳۲۰

مضمون	صفحہ
بیان اذان مین انگوٹھے چومنے کی حدیث ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۳۲۴
بیان سال دوم ہجری کے منتخب واقعات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۳۲۷
بیان حضور پرنور جو اپنے سرلشکرون کو جہاد پر جانیکے وقت نصایح فرماتے تھے وہ یہ ہین معترضین جہاد اسے غور سے ملاحظہ کرین کہ کہین ظلم وستم کا اثر ہے	۳۳۱
غزوات وسرایا وغیرہ کی تفصیل ۔ ۔	۳۳۶
بیان غزوہ بدر کبری جو سال دوم ہجری ۱۷ ۔ رمضان المبارک روز جمعہ یا دوشنبہ کو واقع ہوا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۳۵۰
بیان اسماء اصحاب بدر رضی اللہ تعالی عنہم	۳۵۳
حالات جنگ بدر کتاب قرۃ العیون شرح سرور المحزون مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی قدس اللہ سرہ ۔ ۔ ۔ ۔	۳۶۰
بیان غزوہ بدر سنہ ۲ ہجری ۱۷ ۔ رمضان المبارک ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۳۶۱
بیان خبر فتح بدر جو تاریخ ۱۷ ۔ ماہ مبارک	

مضمون	صفحہ
رمضان روز جمعہ سنہ ۲ ہجری مین واقع ہوئی	
اور اہل عوالی وسوافل مدینے کو بھیجی گئی	۳۷۶
بیان آراستگی لشکر اسلام بروز جنگ بدر	۳۹۱
اسی سال دوم مین صدقہ فطر کا	
حکم ہونا	۴۰۳
اسی سال دوم مین یکم شوال کو حضور نے	
مسجد مدینہ طیبہ مین نماز عید الفطر پڑہی ..	״
اسی سال دوم مین عصما بنت مروان	
یہودیہ کو جو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ و	
اصحابہ وسلم اور مسلمانونکے ہجو کیا کرتی تہی عمیر	
ابن عدی ابن خرشہ نے قتل کیا	״
اسی سال دوم کے پندرہ شعبان کو غزوہ	
بنی قینقاع واقع ہوا	۴۰۴
اسی سال دوم کے پانچوین ذالحجہ کو غزوہ	
سویق واقع ہوا	۴۰۵
اسی سال دوم مین غزوہ قرقرہ الکدر واقع ہوا	۴۰۶
اسی سال دوم مین امیہ ابن الصلت	
شاعر مرگیا	״
اسی سال دوم مین غزوہ نجد واقع ہوا	۴۰۷
اسی سال دوم مین بعد سریہ زید کعب ابن اشرف	

مضمون	صفحہ
یہودی مارا گیا	۴۰۸
بیان آنحضرت کے تیسرے سال ہجری کا	۴۱۱
بیان غزوہ احد	۴۱۲
بیان آغاز جنگ	۴۱۸
حال قزمان منافق کا	۴۲۰
واقعہ دردناک شہادت حضرت سید الشہدا	
حمزہ شیر غزا اسلام رضی اللہ عنہ	۴۲۸
بیان شہادت حضرت سید الشہدا حمزہ رضی اللہ عنہ	
اور تفریح الازکیا	۴۳۴
بیان شہادت حنظلہ رضی اللہ عنہ	۴۳۵
بیان بعض مستورات طاہرات کے احد	
مین جنگ کرنے کا	۴۴۳
بیان غزوہ احد کے بعض ناگوار باتین	
جو منافقین کی وجہ سے واقع ہوئین ..	۴۴۵
بیان حرمت شراب	۴۵۰
بیان سال چہارم ہجری صلعم کا	۴۵۲
اسی سال سریہ قبیلہ بنی اسد ہوا ..	۴۵۳
اسی سال نماز قصر کا حکم	۴۵۴
اسی سال مین سریہ عبد اللہ ابن انیس انصاری	״
اسی سال مین غزوہ بدر صغری	۴۵۵

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
اسی سال ماہ محرم مین غزوہ ذات الرقاع		بیان جنگ کرنا حضرت سیدنا امیر المومنین	
واقع ہوا	۴۵۶	اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب	
سال پنجم ہجری کا حال	۴۵۷	کرم اللہ وجہہ کا	۵۰۱
بیان سبب نزول آیت حجاب	۴۶۱	بیان پیشین گوئی حضور پرنور صلعم	۵۰۸
بیان غزوہ دومۃ الجندل کا	۴۶۵	بیان غزوہ بنی قریظہ	۵۰۹
بیان اسی سال مین نکاح زینب بنت		اہل سنت کا چار اماموں کے مذہب کو	
جحش کا ہونا	۴۶۷	حق جاننا	۵۱۱
اسی سال مین قضیہ افک کا واقعہ	۴۷۱	ابولبابہ کا واقعہ	۵۱۴
مثالأ واقعات شہادت حضرت حسین		بیان حضرت سعد ابن معاذ رضی اللہ تعالی	
علیہ السلام	۴۷۹	عنہ کی وفات کا	۵۱۶
بیان حضرت ام المومنین عایشہ صدیقہ		بیان فرضیت حج	"
رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی پر قرآن پاک		حال سال ششم ہجری	۵۱۷
کی شہادت	۴۸۰	بیان غزوہ غابہ	۵۱۹
بیان جیھی آیت سورہ نور کا جو خاص مومنین		بیان اسی سال مین آپ کا استسقا فرمانا	۵۲۴
کے لیئے ہے	۴۸۲	بیان دعا ستطلب باران کا	۵۲۹
بیان حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی		ذکر حضرت صلعم کے عمرہ کا اور صلح حدیبیہ ..	۵۴۲
فضیلت کا	۴۸۴	شمار لشکر حدیبیہ کا	۵۴۳
بیان تیمم کا	۴۸۵	بیان بیعت الرضوان کا	۵۴۶
بیان غزوہ خندق کا	۴۸۷	حدیث در شان حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ	۵۵۰
بیان سلمان فارسی کا	۴۸۹	بیان اسی سال بعض اہل سیر کے نزدیک	

مضمون	صفحہ
ملوک ایران و روم کے نام نامے روانہ کیے گئے	۶۰۳
بیان حضرت صلعم کا مہر کیواسطے انگشتری زرین بنوانا پھر ایکدن کے بعد جب یا جبریل علیہ السلام سونے کی انگوٹھی کو چاندی کی انگوٹھی سے بدلدینا اور سونا مردون پر حرام ہونا	۶۰۴
نامہ مبارک آنحضرت صلعم بنام نجاشی بادشاہ حبش	۶۱۱
نامہ نجاشی بادشاہ حبش بجواب نامہ حضور صلعم	۶۱۷
بیان مہاجرین حبشہ کا	۶۲۰
روانگی نامہ مبارک حضور صلعم بدست دحیہ کلبی بنام ہرقل قیصر روم	۶۲۷
عبارت نامہ حضور پُرنور صلعم بنام ہرقل بادشاہ روم	۶۲۹
بیان ابوسفیان اور قیصر روم کے مکالمہ کا	۶۳۱
بیان روانہ فرمانا حضور صلعم کا عبداللہ بن حذافہ کو کسریٰ کیطرف	۶۴۰
عبارت نامہ شریف	۶۴۱
نامہ روانہ کرنا حضور صلعم کا مقوقس بادشاہ مصر کو	۶۴۸
جواب نامہ مبارک حضور صلعم از طرف مقوقس شاہ مصر	۶۵۱
روانگی عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کیطرف	

مضمون	صفحہ
عبد و جیفر پسران جلندا بادشاہ عمان کے	
نامہ روانہ کرنا حضور صلعم کا ہوذہ بن علی رئیس یمامہ کو	
عبارت نامہ مبارک	۶۶۰
نامہ روانہ کرنا حضور صلعم کا معرفت شجاع بن وہب کے حارث غسانی بادشاہ بلقا کے نام	۶۶۱
نامہ روانہ کرنا حضور صلعم کا حارث حمیری کے نام	۶۶۴
روانہ کرنا حضور صلعم کا ابوموسیٰ اشعری اور	〃
معاذ کو اہل یمن کیطرف	〃
حال معاذ بن جبل کا	۶۶۵
نامہ شریف منذر بن ساوی والی بحرین کے نام	۶۶۶
دوسرا نامہ والی بحرین کے نام	۶۶۷
نامہ مبارک شاہ غسان جبلہ بن ایہم کے نام	
اسی سال ششم مین خولہ بنت ثعلبہ کے ظہار یعنی طلاق جاہلیت کا واقع ہونا ..	۶۷۲
اسی سال ششم مین واقعات سابقت یعنی اونٹ گھوڑون کی دوڑ ..	۶۷۷

مضمون	صفحہ
بیان اسی سال میں ام رومان کا وفات پانا	۶۷۹
احوال حضرت اسما بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا	″
وقایع سال ہفتم ہجری صلعم	۶۸۶
بیان غزوہ خیبر	″
بیان ترتیب لشکر ظفر پیکر	۶۹۰
بیان آغاز جنگ خیبر	۶۹۵
بیان فضیلت آیۃ الکرسی	۶۹۸
بیان حرمت متعہ - اور حرام ہونا گدھے کے گوشت کا	۷۰۱
بیان حصار قموص کے محاصرہ کا	۷۰۳
علم دینا حضرت صلعم کا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فتح قموص کے روز	۷۰۴
بیان تقسیم غنایم فتح خیبر	۷۱۲
تزویج حضور پر نور صلعم با حضرت صفیہ رض	۷۱۸
بیان ولیمہ حضرت صفیہ رض	۷۱۹
بیان زہر دینا زینب بنت حارث کا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو	۷۲۲

مضمون	صفحہ
حال ہم بستری حضرت ام المومنین صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا	۷۲۴
ذکر فدک کا	۷۳۷
بیان فوائد و فضیلت لاحول ولا قوۃ کا	۷۳۹
بیان صلح وادی القری کا	۷۴۰
بیان عمرۃ القضا کا	۷۴۱
بیان ادا کرنے عمرۃ القضا کا	۷۴۲
بیان واقعات سال ہشتم ہجری صلعم کا	۷۴۷
بیان اسلام عمرو بن العاص کا	۷۴۹
بیان اسلام عثمان بن طلحہ بن عبد العزی کا	″
بیان ولادت حضرت سیدنا ابراہیم فرزند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا	۷۵۱
بیان اسی سال میں فتح مکہ کا ہونا	″
بیان روانگی حضور پر نور صلعم مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ کو	۷۵۴
بیان عقل سلیم کا و خاتمہ کتاب	[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ وَاُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِکَ الْکَرِیْم
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ

یا اللہ مین تیرا ضعیف اور عاجز بندہ ہون۔ اے میرے مالک تو نے مجھ سے گنہگار بندے سے وہ کام لیا کہ جس کام کو تیرے برگزیدہ بندے کر گئے ہین۔ الحمد للہ علیٰ احسانہ میرے پروردگار میری جان تیری مہربانیون پر نثار میرا منہ ایسا نہ تھا کہ مجھ سے تیرے انبیا علیہم السلام کے حالات لکھے جا سکتے۔ اے مالک الملک تو نے حضرت آدمؑ سے لیکر اپنے برگزیدہ بندے عیسیٰ روح اللہ تک تو لکھوا دیا ثم الحمد للہ۔ تجھ سے میری امید یہ ہے کہ اس کتاب کو قبولِ عام کا خلعت عنایت فرما تو ہم بندون کا حقیقی مالک ہے جب مالکانِ مجازی کا یہ قاعدہ ہے کہ اپنے غلامون کی عزت افزائی کیا کرتے ہین اور اُن کے پاس نہایت قلیل سرمایہ ہے اے دونون جہان کے بادشاہ تو تو تمام جہان کا مالک ہے مجھے اپنے خزانے کے بخشش

کی عزت سے محروم نہ رکھیو مین اپنی التجا پر آمین کہتا ہون تو قبول فرما اللھم آمین یا رب العالمین آمین۔ یا اللہ مین تیرا بندہ ہون جو کچھ مانگنا ہوتا ہے تجھی سے مانگتا ہون ؎

مرے خدا تو مجھے بھیک دے کریم ہے تو
کرون سوال نہ تجھ سے تو اور کس سے کہون
تجھی کو شرم ہے میری ترا ہی بندہ ہون
خدا سے مانگنا آتا نہین تجھے اکبر
تو اُس کا شکر کئے جا وہ آپ دیدیگا

گناہگار ہون مین بخشندے رحیم ہے تو
خدا ہے تو مرا مالک ہے تو رحیم ہے تو
کبھی تو رحم تجھے آئیگا رحیم ہے تو
سوال کرنا ہے اُس سے بڑا العیم ہے تو
کریم سے کبھی کہتے نہین کریم ہے تو

پروردگار تعالیٰ شانہ تو میرے دل کے حالات اور عرض و معروض پر مطلع ہے پاس ادب لب کھولنے کا حکم نہین دیتا مگر تیری ہزارون نعمتین بندون کے لئے عام ہین اور سب کا لطف اور ذائقہ جدا ہے کس کا شکر کیا جائے ؎

شکر کردن کے توانم در خور نعماے تو
شکر نعمت ہاے تو چند انکہ نعمت ہاے تو

لیکن تمام نعمتون سے بڑھکر وہ ہے کہ جو تیرے محبوب حضرت سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کے ذریعہ سے ہمین پہونچی اور وہ تمام عزتون کا سرمایہ ہے یعنی تیری توحید لا الٰہ الا اللہ اے پروردگار تعالیٰ شانہ یہ تیرا ضعیف اور گنہگار بندہ تیرے حضور مین اقرار کرتا ہے کہ بے شک تو واحد لاشریک ہے کوئی تیرا شریک نہین سوا تیری ذات پاک کے ہم مسلمانون کو کسی کے سامنے سر جھکانا یعنی سجدہ کرنا روا نہین اور کوئی ہو وزیر ہو یا بادشاہ اُس سے استعانت چاہنا درست نہین۔ تیرے اولیا تیرے انبیا تیرے بڑے پیارے بندے ہین وہ ضرور ہماری شفاعت کرینگے ہمین پوری اُمید ہے کہ تو اُنکی شفاعت کو قبول فرمائیگا انشاء اللہ تعالےٰ پھر ان اولیا اور انبیا کی غمخواری کا شکر ہم پر واجب ضرور ہے **اولیاے** قدس اسرارہم نے ہم کو تیری توحید بتائے اور تیرے انبیا کی رسالت کا اقرار کرایا اور **انبیا علیہم السلام** نے اولیا کو تیری معرفت کے طریقے

تعلیم کئے جو بجنسہ ہم تک پہونچے کیا یہ احسان بھولنے کے قابل ہین ہرگز نہین ہرگز نہین ہرگز نہین - **یا اللہ** تیرا وہ مقدس بندہ جسے تونے عرش پر بُلایا اور اُس سے ہمکلام ہوا اور اُسے اپنا جمال جہان آرا دکھایا اُس کو ہماری ہدایت کے سبب سے اُس کی قوم نے وہ وہ صدمے پہونچائے کہ زبان قلم پر آنا اُن کا مشکل ہے ہزار صدمون کا تو ایک صدمہ یہ ہے کہ وطن سے جدا کیا اُس کی ساق مبارک کو پتھرون سے مجروح کرکے خون آلود کیا اُس کے دندانِ مبارک کو شہید کیا لیکن اُس مکرم اور مقدس رسول نے اِس رسالت پر ہم سے کوئی اُجرت نہین چاہی صرف تیری رضامندی اور بجاآوری احکام کے لئے یہ سب مصیبتین بکشادہ پیشانی گوارا کین صرف اپنی اولاد طیبات کی مودت کے لئے تمنا ظاہر فرمائی یعنی میری اولاد سے محبت رکھو لیکن کور باطنانِ ازلی نے بجاے مودت آپ کے جگر گوشون کو ریگستان کربلا مین بے آب و دانہ شہید کرڈالا مگر اسکے ساتھ بھی اُس مہربان و مقدس و گرامی ترین مخلوق نے اپنی شفاعت ہم گنہگارون کے واسطے عام کردی حضور پُرنور کا ارشاد ہے شَفَاعَتِی لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ لہ اسے پروردگار تعالیٰ شانہ ہم مسلمانون کی حالت بہت ابتر ہوگئی ہے ہم پر رحم فرما اور جیسے ہم رسول اللہ کے زمانہ مین تھے ویسا ہی ہم کو کردے - اسے ہم گنہگارون کے بخشنے والے ہمارے دلون کو یہ خوشخبری سُنادے کہ ہمنے تم پر رحم کیا اور تمہاری بُری حالت کو اچھی حالت سے بدل دیا اَللّٰھُمَّ آمِین یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ آمِیْن -

یا اللہ تیرے پیارے رسول کے دنیا سے تشریف لیجانے کے بعد تیرے رسول کے **خلفا** اور **اصحاب** نے اِس دین متین کو اُسی شان سے قائم رکھا جس شان سے

حاشیہ لہ افسوس باوجود اس کے کہ قاتلان حسین علیہ السلام کا نتیجہ جو کچھ ہوا سب کو معلوم ہے پھر بھی ہمارے زمانہ مین ایسے لوگ اب موجود ہین کہ جو سادات کے قتل مین اگر موقع وقت ہاتھ آجائے تو ذرا بھی پس و پیش نہ کرین - یزید مردود نے تو ایک بہت بڑی سلطنت کے لئے اپنا مُنہ کالا کیا تھا اور اب تو بتّیس بیس روپیہ کے انعام کے واسطے وہی کام کر گذرین ۱۲

یہ روز اوّل قائم ہوا تھا اور اصحاب رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے بعد یعنی تابعین کے زمانہ مین بھی خیریت کو بہت غلبہ رہا مگر اب تو اگر تیری قدرت کاملہ اُن بزرگون کی روحون کو پھر اجساد کی طرف پلٹا دے اور وہ ہم سے ملین تو ہرگز ہم کو نہ کہین کہ یہ مسلمان ہین۔ پروردگار تعالےٰ شانہ ہماری حالتین ہمارے **مسلمان امیرون** نے خراب کر دین وہ لوگ بے نماز ہوئے اُن کے اثر صحبت سے غریب مسلمان بھی ایک سرے سے بے نماز ہو گئے۔ پروردگار وہی امیر شراب خوار ہوے غریب فاقہ مست مسلمان بھی اپنی غربت کا خیال نہ کرکے اُنہین اُمرائے اہل اسلام کے ہمرنگ ہو گئے۔ پروردگار تعالیٰ شانہ بڑی مصیبت ہم پر پڑی کہ ہمارے **والیان ملک** تیرے نافرمان ہو گئے۔ پروردگار **اسلامی ریاستین** ہین اور اُن کے فرمان روا تیرے حبیب کے احکام نہین مانتے۔ اے قادر مطلق جب تو نے اتنی بڑی کائنات کو ایک لفظ کُن مین پیدا کر دیا تو ہم مسلمانون کی حالت کو سنوار دینا تیرے نزدیک کیا مشکل ہے **پروردگار تعالیٰ شانہ** تیرے محبوب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا دین متین بہت کمزور ہو گیا ہے اس ضعیف بیمار کو ایسا تندرست کر دے جیسا یہ صحابہ کبار خصوصاً حضرت **عمر** رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین تھا اللّٰھم آمین ثم آمین یا اللہ تو کارساز عالم ہے اپنے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے مردہ دین کو نئی زندگی بخش اللّٰھم آمین یارب العالمین ثم آمین۔ یا اللہ تو نے ہمین اپنے حبیب حضرت سیدنا **محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم** کی امت مین پیدا کیا ہے تیرے حبیب نے سب سے پہلے ہمین تیری توحید تعلیم فرمائی اور یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر دی کہ تو **واحد لاشریک** ہے الحمد للہ کہ ہمارا بچہ بچہ بولنے لگا کہ ہمارے خدا کا کوئی شریک نہین ہمارا خدا واحد ہے واحد ہے واحد ہے **پروردگار** تمام دنیا جہان کی نعمتین ایک طرف اور یہ اکیلی نعمت ایک طرف یا اللہ ہمین اپنے حبیب کی اس تعلیم کی اور اپنے عطیہ کی شکر گذاری کی توفیق عطا فرما۔

اور ہمارے سب مسلمان بھائیون کو یہ توفیق دے کہ وہ حبب تیرے محبوب کی تعلیم توحید
کے شکریہ مین میلاد شریف کی مجلسین کرین تو وہ مجلسین بدعات اور جھوٹی روایات سے
پاک ہون اور اے مالک بے نیاز تو اُن مجلسون کو جو ہمارا تحفۂ قلیل ہے قبول فرمالیا کر
جیسے تیرے برگزیدہ بندہ سلیمان علیہ السلام نے تیری توفیق کے سبب سے مور ضعیف کا
تحفہ جو پاے ملخ تھا قبول کرلیا اور تو تو سلیمان اور سلیمان کے باپ داؤد اور جملہ انبیا
اور تمام کائنات کا خالق و مالک ہے یا اللہ اب مین اس کا شکر کرتا ہون کہ تو نے مجھے
ایک برگزیدہ خاندان مین پیدا کیا اور پھر مجھے روشن ضمیر اور بے ریا پیر و مرشد
یعنی حضرت مولٰنا سید شاہ محمد قاسم ابو العلائیؒ داناپوری قدس سرہٗ بخشا اور میرے
مقدس اور مکرم پیر نے جو سب سے پہلے کلمہ مجھے تعلیم فرمایا وہ تیری توحید تھی اور وہ
توحید جو توحید ناب ہے پھر طریقہ وہ بخشا جو ابو العلائیہ نقشبندیہ ہے ۵

شکر گردن کے توانم در خورِ نعماے تو		شکر نعمت ہاے تو چندانکہ نعمت ہاے تو

اکبر تو شکرانہ صحت تو بھول ہی گیا اپنے مہربان مالک سے ہاتھ جوڑ کے اور سجدہ
کرکے معافی کا خواستگار ہو۔ پروردگار تعالےٰ شانہ میری خطا معاف فرماے میرے
مہربان پالنے والے تیرا بے انتہا شکر ہے کہ تو نے ابتک میری صحت قائم رکھی اور مجھے تیری
عنایتون پر پورا بھروسا ہے کہ تو تا دم مرگ یونہین میری صحت قائم رکھے گا۔ پروردگار تعالیٰ
شانہ تیرا بے انتہا شکر ہے کہ تو نے مجھے اپنے خزانے سے اتنا کچھ عنایت فرمایا ہے کہ مخلوق
کا محتاج نہین کیا۔ سلسلہ ملازمت جو ایک بڑی جانکاہ زندگی ہے اُس سے بچا دیا
پروردگار تعالیٰ شانہ تیرا بے انتہا شکر ہے کہ تو نے مجھے عزت بخشی اور اُسے محفوظ رکھا
پروردگار تیرا بے انتہا شکر ہے کہ تو نے مجھے میرے شعور کے زمانہ سے اس وقت تک
کسی کا قرضدار نہین کیا۔ پروردگار تعالیٰ شانہ تیرا بے انتہا شکر ہے کہ میری مادر شفقہ
اور میرے پدر شفیق اور پیر دستگیر قدس اسرارہم مجھ سے خوش رہے آخر دم تک۔

پروردگار مین تیری نعمتون کے شکر کرنے پر قادر نہین ہون جس جس نعمت کا اظہار شکر بھول گیا ہون تو معاف فرمادے اور ہمیشہ کے لئے شکر کی توفیق کرامت فرما مجھے بھی اور میری اولاد قلبی اور صلبی کو بھی اور سب کو دین و دنیا مین شاد کام رکھیو

اللھم آمین آمین آمین

اس کتاب روشن کو واقعہ فیل اور بعد اُس کے قریش کے حالات سے شروع کرتا ہون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صل علی سیدنا و مولنا محمد و الہ علی قدر حسنہ و جمالہ

واقعہ فیل اور اُس کے بعد قریش کے حالات

حضور پرنور کے جد مکرم خواجہ عبدالمطلب کے حالات یہین سے آغاز ہوتے ہین اور آپ کے زمانہ کا یہی بڑا واقعہ ہے لہذا اس کتاب مبارک کا سلسلہ یہین سے شروع کیا جاتا ہے۔

واقعہ فیل

جب ابرہہ کی حکومت کو یمن مین بہت زمانہ گذر گیا تو اُس نے صنعا مین ایک کنیسہ بنوایا جو اُس زمانہ مین بے مثل مکان تھا پھر اُس نے نجاشی کو لکھا کہ مین نے تیرے لئے ایک ایسا کنیسہ بنوایا ہے جو اس وقت بے مثل مکان ہے اور اسی پر مین نے قناعت نہین کی بلکہ مین ارادہ کرتا ہون کہ عرب کے حجاج کی زیارت گاہ اسی کو قرار دون جب اس بات کی ملک عرب مین شہرت ہوئی تو نساۃ کے قبیلۂ بنی فقیم مین ایک شخص کو غصہ آیا اور وہ اُس کنیسہ مین آیا اور اُس کو بول و براز سے آلودہ کر گیا اور پھر

اِس بات کی ابرہہ کو خبر دی گئی اور لوگون نے اُس سے کہا کہ یہ کام اُن لوگون مین سے کسی کا ہے جن کے پاس ایام حج مین حجاج جا کر ٹھیرا کرتے ہین اس امر سے ابرہہ کو بہت غصہ آیا اور اُس نے قسم کھائی کہ مین کعبہ جاؤنگا اور اُسے منہدم کر دون گا۔ چنانچہ حبشیون کی ایک جرار فوج لیکر اِسی قصد سے خانہ کعبہ کی طرف روانہ ہوا۔ اور ایک ہاتھی جس کا نام محمود تھا وہ اُس کے ساتھ تھا۔ ایک روایت مین ہے کہ اُس کے پاس تیرہ ہاتھی تھے اور یہ سب کے سب محمود کے پیچھے پیچھے چلتے تھے۔ مگر اللہ سبحانہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک مین فیل کو بصیغہ واحد بیان کیا ہے بعض علما فرماتے ہین کہ مراد اُس سے وہی فیل ہے جس کا نام محمود تھا وہ سب سے بڑا اور نہایت شوکت دار تھا۔ اور ہاتھیون کی تعداد مختلف ہے اور کئی روایتین ہین۔ جب ابرہہ روانہ ہوا تو عربون نے یہ خبر سنکر اُس پر جہاد کرنا ضروری سمجھا لہذا اشراف یمن مین سے ایک شخص جس کا نام ذونفر تھا وہ اُس کے مقابلہ مین آیا مگر لڑائی مین اُس نے شکست اُٹھائی اور گرفتار ہوا۔ ابرہہ نے اُسے قتل کرنا چاہا تھا مگر پھر اِس مہم کے انجام تک اُسے قید مین رکھا۔ پھر جب آگے بڑھا تو دوسرا شخص نفیل بن الخثعمی اُس کا مقابل ہوا اور اس نے بھی شکست کھائی اور گرفتار ہوا۔ اور ابرہہ سے راستہ بتانے کے وعدہ پر رہائی پائی۔ جب ابرہہ طائف مین پہونچا تو ثقیف نے اپنا ایک آدمی جس کا نام ابورغال تھا راستہ بتانے کے لئے ساتھ کردیا جب یہ مغمس مین آیا تو وہان مرگیا اور وہان دفن کردیا گیا۔ وہان ابورغال کی قبر پر عرب ہنوز پتھر مارا کرتے ہین۔ پھر ابرہہ نے اسود ابن مقصود کو مکہ کی طرف روانہ کیا اور وہ وہان پہونچا اور عرب لوگون کے اونٹ پکڑ لایا۔ اور انہین اونٹون کے ساتھ خواجہ عبدالمطلب کے بھی دوسو اونٹ پکڑ لایا پھر ابرہہ نے ایک دوسرے آدمی کو جس کا نام حناطہ الحمیری تھا مکہ معظمہ کو روانہ کیا اور اُس سے کہا کہ قریش کے سردار سے کہیو کہ مین تم سے لڑنے کو نہین آیا ہون مین صرف اِس ارادہ سے آیا ہون کہ بیت کو

گرادون اگر تم اس کے گرانے مین میری مزاحمت نہ کرو تو مین تم سے کچھ نہ کہونگا۔ جب یہ بات اُس نے خواجہ عبدالمطلب ابن ہاشم سے کہی تو خواجہ نے کہا کہ ہم اُس سے لڑنا نہین چاہتے یہ تو بیت اللہ ہے اگر خدا کو اس کی حفاظت منظور ہوگی تو وہ آپ اِس کی حفاظت کرلیگا۔ یہ بیت مُکرم اُس کا حرم ہے۔ اور اگر اللہ ہی کو اس کی حفاظت منظور نہین ہے تو ہمین اس کے بچانے کی قوت نہین ہے۔ جب یہ تقریر حناط الحمیری نے خواجہ عبدالمطلب کی سنی تو حناط نے خواجہ سے کہا کہ اچھا آپ میرے ساتھ بادشاہ کے پاس چلئے تو خواجہ اُس کے ساتھ ہو لئے اور بادشاہ کے لشکر مین پہونچے اور وہان جا کر ذونفر کا پتہ پوچھا جو خواجہ کا دوست تھا لوگون نے بتا دیا کہ وہ فلان مقام پر ہے۔ عبدالمطلب اُس سے ملے اور مشورہ کیا کہ اِس معاملہ مین تم ہماری کچھ مدد کرسکتے ہو اُس نے کہا کہ ایک قیدی کیا کرسکتا ہے جو ایک بادشاہ کے ہاتھ مین قید ہے جب چاہے اُسے مار ڈالے البتہ جو یہان ہاتھیون کا سردار ہے اور انیس اُس کا نام ہے وہ میرا دوست ہے اُس سے مین کچھ کہتا ہون اور آپ کے درجہ اور عزت کا حال بیان کرتا ہون وہ آپ کو شایستہ تقریب سے بادشاہ کے سامنے پیش کردیگا جو آپ چاہتے ہین وہ اُس سے کہہ لیجئے۔ خواجہ عبدالمطلب نے فرمایا کہ بس اتنا ہی کافی ہے چنانچہ اُس نے انیس کو بلایا اور خواجہ کی اُس سے سفارش کی اور کہا کہ قوم قریش کے یہ سردار ہین۔ انیس نے ابرہہ سے آپ کا ذکر کیا کہ قریش کا سردار آپ کے لشکر مین آیا ہوا ہے ابرہہ نے آپ کو بُلا لیا۔ خواجہ عبدالمطلب بڑے تندرست و توانا اور خوبصورت جوان تھے۔ جب ابرہہ نے آپ کو دیکھا تو آپ کی عظمت و بزرگی اُس کے دل مین جگہ کر گئی۔ اور اُس نے آپ کی تعظیم کی اور تخت سے اُتر پڑا اور فرش پر اُن کے ساتھ آکر بیٹھ گیا اور اپنے برابر اُن کو بٹھا لیا اور ترجمان سے کہا کہ پوچھو آپ کیا چاہتے ہین۔ ترجمان نے آپ سے پوچھا کہ آپ کا کیا مطلب ہے فرمایا کہ میرے دو سو ناقہ آپ کے آدمی پکڑ لائے ہین وہ مجھے دلوا دیجئے

ابرہہ نے ترجمان سے کہا کہ ان سے کہدے کہ مین نے جب تمہاری صورت دیکھی تھی تو آپ کو بہت اچھا سمجھا تھا لیکن جب آپ سے میری بات چیت ہوئی تو وہ عظمت جو آپ کی میرے دل مین بیٹھی جاتی رہی آپ نے اپنے اونٹون کا مجھ سے سوال کیا اور جو آپ کا اور آپ کے آبا و اجداد کا دین ہے اُس کی نسبت کچھ نہ کہا جس کے گرانے کے لئے مین آیا ہون خواجہ نے فرمایا کہ مین تو اونٹون کا مالک ہون اور اس بیت کا مالک اللہ جل جلالہٗ و عم نوالہٗ ہے وہ اپنے گھر کی حفاظت خود کریگا۔ ابرہہ نے کہا کہ وہ تو مجھ سے اُس کی حفاظت نہ کرسکیگا اور حکم دیا کہ اُن کے اونٹ دلا دئے جائین۔ جب خواجہ نے اونٹ لے لئے تو اُن اونٹون کے گلے مین جوتیان ڈالدین اور اُن کو ہدیہ اور قربانی کے طور پر حرم مین چھوڑ دیا یہ عرب کا ایک دستور تھا اور وہ سمجھتے تھے کہ اگر اسمین سے کوئی اونٹ کھو جائیگا تو پروردگار کو غصہ آجائیگا۔

حضرت خواجہ عبد المطلب کی مناجات اور قریش کا پہاڑون مین جا چھپنا

جب خواجہ عبد المطلب ابن ہاشم قریش کی طرف لوٹ کر آئے تو قوم کو اس معاملہ کی خبر دی اور یہ مشورہ ہوا کہ مکہ مکرمہ سے نکل کر چلے جائین اور پہاڑون کی چوٹیون پر جا چھپین پھر خواجہ عبد المطلب کعبہ کے دروازے کے حلقہ کو پکڑ کر کھڑے ہو گئے اور اشراف قریش بھی ان کے ساتھ تھے اللہ تعالےٰ شانہ سے دعا مانگی اور ابرہہ کے مقابلہ مین پروردگار تعالےٰ شانہ سے مدد چاہی اور خواجہ نے یہ نظم مناجات حضور مین پروردگار تعالےٰ شانہ کے عرض کی مناجات

یَا رَبِّ لَا اَرْجُوْ لَهُمْ سِوَاكَا	یَا رَبِّ فَامْنَعْ مِنْهُمْ حِمَاكَا
اِنَّ عَدُوَّ الْبَيْتِ مَنْ عَادَاكَا	اِمْنَعْهُمْ اَنْ يُّخْرِبُوْا فِنَاكَا

لَاھُمَّ اِنَّ العَبْدَ یَمْنَعُ		رَحْلَہٗ فَامْنَعْ رِحَالَکْ

ترجمہ اے پروردگار مجکو تیرے سوا ان دشمنون کے دفع کرنے کے لیئے اور کسی سے اُمید نہین ہے + اے پروردگار تو ہی اپنی چیزون کو اُن حبشیون سے بچا + بیت کا دشمن وہی ہے جو تیرا دشمن ہے + اس لئے تو اُن کو روک کہ وہ تیرے صحن کو خراب نہ کرین + اور یہ مناجات بھی کی۔ اے اللہ ہر ایک بندہ اپنے گھر کی چیزون کو بچاتا ہے + تو اپنے گھر کی چیزون کی حفاظت کر +

لَا یَغْلِبَنَّ صَلِیْبُھُمْ		وَمِحَالُھُمْ اَبَدًا مُحَالَکْ
وَلَئِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّہٗ		اَمْرٌ تَتِمُّ بِہٖ فِعَالَکْ
اَنْتَ الَّذِیْ اِنْ جَاءَ بَاغٍ		نَرْتَجِیْکَ لَہٗ فَذَالِکْ
وَلَمْ یَحُوْزُوْا سِوٰی		خِزْیٍ وَتُھْلِکُھُمْ ھُنَالِکْ
لَمْ اَسْتَمِعْ یَوْمًا مَارِ		جِسَ مِنْھُمْ یَبْغُوْا قِتَالَکْ
جَدُّوْا جُمُوْعَ بِلَادِھِمْ		وَالْفِیْلَ کَیْ یَسْبُوْا عِیَالَکْ
عَمَدُوْا حِمَاکَ بِکَیْدِھِمْ		جَھْلًا وَمَا رَقَبُوْا جَلَالَکْ
اِنْ کُنْتَ تَارِکَھُمْ		وَکَعْبَتَنَا فَاَمْرٌ بَدَا لَکْ

ترجمہ چوتھا شعر۔ ایسا ہرگز نہ کر کہ اُن کی صلیب غالب ہوجاے + اور اُن کی قوت تیری قوت پر بھی غالب آجاے + اور اگر ایسا تو نے کر دیا تو ظاہر ہے۔ کہ یہ ایسا کام ہے جس سے تیرے کام پورے ہوتے ہین + تو ہی وہ ہے کہ اگر کوئی باغی آئے۔ تو اسکے دفع کرنے کی ہم تجھ سے ہی امید کر سکتے ہین چنانچہ یہ ایسا ہی وقت ہے + اُنھین ذلت وخواری کے سوا اور کچھ نہین ملا۔ تو اُنھین ہلاک کرڈال + مین نے اُس سے زیادہ نجس کبھی کسی کو نہین سُنا۔ اور ایسی پلید قوم تجھ سے لڑنے کی خواہش کرتی ہے + اور اپنے تمام ملک کے لوگون کو یہان کھینچ کر لے آئے ہین۔ اور اُن مین ہاتھی بھی ہین

کہ تیری عیال کو مصیبت مین ڈالین اور لونڈی غلام بنائین - اُنہون نے جہالت کے سبب سے تیرے ننگ و ناموس کی تخریب کا ارادہ کیا ہے - اور تیرے جلال کا کچھ اندیشہ نہ کیا - اگر تو اُنہین اور ہمارے کعبہ کو چھوڑ دیگا کہ جو چاہین وہ اُس کے ساتھ کرین تو جو بات ہو گی وہ تجھ پر ظاہر ہے -

یہ مناجات تمام کرکے خواجہ عبد المطلب ابن ہاشم نے کعبہ کے حلقہ کو چھوڑ دیا اور وہ اور اُن کے ہمراہی پہاڑون کی گھاٹیون مین جا کر مخفی ہو گئے اور اس بات کے منتظر تھے کہ دیکھین ابرہہ بیت کے ساتھ کیا کرتا ہے اور اُس کے ساتھ اس بیت مقدس کا مالک کیا کرتا ہے یہان تک کہ وہ خوفناک رات جو حالت انتظار مین روز قیامت سے بھی زیادہ دراز ہو گئی تھی خدا خدا کرکے قریش نے اُس کی صبح کا مُنہ دیکھا اور یہ صبح دو رُخی تھی - قریش کی طرف جو اس کا مُنہ تھا وہ خوف کی حالت مین شاہد نصرت کے جلوے دکھا رہا تھا اور وہ دوسرا رُخ اُس کا جو ابرہہ کی طرف تھا غلبہ اور تسلط کے پہلو مین پیرزن ہزیمت کو دبائے ہوئے تھا - آفتاب جہان تاب نے جو جاروب شعاع سے رب البیت کا اسم شریف لیکر کعبہ کو خس و خاشاک سے پاک کرنا شروع کیا اور نصرتِ قریش کی روشنی چارون طرف پھیلنے لگی تو ابرہہ نے اپنے فیل کو جس کا نام **محمود** تھا تیار کرنے کا حکم دیا اور اُس محمود کے نا محمود مالک نے مُصمم قصد کر لیا کہ اس بیت مکرم کو منہدم کرکے یمن کو لوٹ جاؤنگا جب ابرہہ کے حکم کے موافق فیل بان نے محمود کو کعبہ مکرم کی طرف ہُولا تو نُفَیل بن حبیب الخشعمی آگے آیا اور اُس کے کان پکڑ کر کہا کہ محمود لوٹ جا جہان سے تو آیا ہے تیرا وہین لوٹنا اچھا ہے یہ اللہ کا شہر اور حرم ہے - اور اُس کے کان چھوڑ دئے ہاتھی زمین پر بیٹھ گیا اور نُفیل کو مکہ معظمہ پر اُن کی چڑھائی بہت ناگوار تھی وہ پہاڑون پر چلا گیا ان لوگون نے ہاتھی کو بہت مارا مگر اُس نے اُدھر کا رُخ بھی نہ کیا لیکن جب یمن کی طرف چلایا تو وہ بڑھ گیا اور دوڑ چلا اور شام کی طرف چلایا تو اُس طرف بھی چلا اور مشرق

کی طرف لیچلے تو اُدھر بھی جانے لگا - پھر جب کہ معظمہ کی طرف ہُولا تو پھر زمین پر بیٹھ گیا
یہ لوگ اسی حالت مین تھے کہ ناگاہ بحکم ربانی سمندر کی طرف سے آتا ہوا ایک غول پرندگا
دکھائی دیا کہ جسے خطاف (یا پرستو یعنی ابابیل) کہتے ہین اُن کے پاس تین تین پتھر تھے
ایک چونچ مین دو دونون پنجون مین تھے اُن طائرون نے وہ پتھر ہاتھی اور اُن کے سوارون
پر ڈالدئے کہ اوپر سے نیچے تک تیر گئے اور مقدار اُن کی مسور کی دال کے برابر تھی اُن
سب کا وہین کام تمام ہوا پھر اللہ تعالےٰ شانہ نے اُن پر سمندر سے سیل بھیجی کہ اُن کی
لاشون کو بہاکر سمندر مین لے گئی اور اُس مبارک اور مقدس زمین کو اُن کی نجاست سے
شست وشو کرکے پاک کر دیا اور کچھ لوگ جو بچ گئے تھے وہ ابرہہ کے ساتھ بھاگے
اور نُفیل کو پُکارنے لگے کہ اُن کو یمن کا راستہ بتائے نُفیل نے جب اُن پر اللہ تعالیٰ شانہ
کا یہ غضب نازل ہوتے ہوئے دیکھا تو کہا ؎

اَیْنَ الْمَفَرُّ وَالْاِلٰہُ الطَّالِب	وَالْاَشْرَمُ الْمَغْلُوْبُ غَیْرُ الْغَالِب

ترجمہ اب کہان بھاگے جاتے ہو خدا تمہین طلب کر رہا ہے + اور اشرم مغلوب ہے غالب
نہین ہے

ایضاً

اَلَاحُیِّیْتِ عَنَّا یَا رُدَیْنَا	نَعِمْنَا کُمْ مَعَ الْاِصْبَاحِ عَیْنَا
اَتَانَا قَابِسٌ مِنْکُمْ عِشَاءً	فَلَمْ نَقْدِرْ لِقَابِسِکُمْ لَدَیْنَا
رُدَیْنَۃُ لَوْ رَاَیْتِ وَلَا تَرَیْہِ	لَدٰی جَنْبِ الْمُحَصَّبِ مَا رَاَیْنَا
اِذًا لَعَذَرْتِنِیْ وَحَمِدْتِ رَاْئِیْ	وَلَمْ تَاْسِیْ لِمَا قَدْ فَاتَ بَیْنَا
حَمِدْتُ اللّٰہَ اِذْ عَایَنْتُ طَیْرًا	وَخِفْتُ حِجَارَۃً تُلْقٰی عَلَیْنَا
وَکُلُّ الْقَوْمِ یَسْئَلُ عَنْ نُفَیْلٍ	کَاَنَّ عَلَیَّ لِلْحُبْشَانِ دَیْنَا

ترجمہ اَے رُدینا (نام معشوقہ شاعر) تو نے ہمین سلام کا جواب کیون نہ دیا + ہمنے صبح کے
وقت کہا تھا انعم اللہ بکم عیناً یعنی اللہ تیری آنکھین ٹھنڈی رکھے + تمہارا آگ مانگنے والا

ہمارے پاس عشا کے وقت آیا تھا۔ مگر ہم کو اتنی قدرت نہ ہوئی کہ تمہارے آگ مانگنے والے کا مدعا پورا کرتے + رُدینا جو کچھ ہمنے جنب المحصّب کے مقام پر دیکھا اگر تو اُسے دیکھتی جس کا دیکھنا بڑا مشکل کام تھا + تو تو مجھے معذور سمجھتی اور میری راے کی تعریف کرلی۔ اور جو کچھ ہمارے درمیان گذر گیا اُسپر افسوس نہ کرتی + جبکہ مین نے پرندون کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ شانہ کی حمد کی اور ثنا + اور مجھے خوف ہوا کہ پتھر کہین ہمپر تو نہ گر پڑے + اور سب لوگ اُن حبشیون مین نُفَیل نُفَیل پکارتے تھے کہ راستہ بتادے + گویا اُن حبشیون کا مجھ پر قرض چاہیے تھا + **الغرض** جب وہ لشکر حبشیون کا بچا ہوا بھاگا تو یہ حالت اُنکی تھی کہ جہان پانی اُن کو نظر آتا وہین گر پڑتے اور ابرہہ کے جسم مین بھی اُس کا اثر ہوا جس سے اُس کے بدن کا ایک ایک عضو جدا ہو کر گرنے لگا اور بمشکل صنعا تک اُس کو لائے یہان وہ ایک مرغ کے بچے کی طرح ہوگیا تھا یعنی بہت ہی منحنی اور مرنے سے پہلے ہی اُس کا سینہ چر گیا تھا اور دل نکل پڑا تھا۔

کہتے ہین کہ جب اللہ تعالےٰ شانہ نے حبشیون کو ہلاک کر دیا اور اُن کا بادشاہ اور جو کچھ غضب الٰہی سے بچے بچائے لوگ لوٹ گئے تو خواجہ عبد المطلب علی الصباح پہاڑ سے اُترے کہ دیکھین وہ ظالم حبشی کیا کر رہے ہین اس وقت ان کے ساتھ ابو مسعود ثقفی بھی تھا تو ان دونون نے آدمیون کے چلنے پھرنے کی کچھ آہٹ نہ سنی تو خواجہ عبد المطلب حبشیون کے لشکر گاہ مین داخل ہوئے تو دیکھا کہ وہ لوگ مرے پڑے ہین پھر عبد المطلب نے دو گڑھے کھُدوائے اور اُن مین جو سونا اور جواہرات اُن کے اور ابو مسعود کے تھے بھروا دئے اور لوگون مین جا کر ندا کی وہ لوگ جو پہاڑون مین پوشیدہ تھے اپنے اپنے گھرون مین آگئے اور جو کچھ مال اُن کا خواجہ نے چھوڑ دیا تھا وہ اور لوگون نے لوٹ لیا اِس مال سے خواجہ عبد المطلب کو بہت فراغت اور ثروت حاصل ہوگئی اور آخر عمر تک مالدار رہے۔ پھر اللہ تعالےٰ شانہ نے سیل کو بھیجا کہ وہ اُن حبشیون کی لاشین

بھاگ گئے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے اس واقعہ سے عربون کی نگاہ مین قریش کی عزت بہت بڑھ گئی اور تمام ملک عرب مین اُن کی دھاک بندھ گئی اور یہ لوگ اہل اللہ مشہور ہوگئے اور یہ واقعہ عرب کے بچہ بچہ کی زبان پر تھا کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے عبدالمطلب کی دعا کی برکت سے اُس عظیم الشان لشکر کو ابابیلون سے غارت کرا دیا۔ فقیر محمد اکبر ابوالعلائی داناپوری عرض کرتا ہے کہ سب اُسی مبارک نور کے اثر سے تھا جو خواجہ عبدالمطلب کی پیشانی پر چمک رہا تھا

۵

محمد عربی کابروے ہر دو سراست	کسیکہ خاک درش نیست خاک بر سر او

قریش کے حالات

قریش ایک قبیلہ معروف کا نام ہے اور اس قبیلہ کے جد اعلیٰ نضر بن کنانہ ہین اور وہ ہمارے حضور پُرنور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اجداد سے ہین اور یہ لفظ قُریش تصغیر قَرش کی ہے اور قرش ایک بڑے عظیم الجثہ دریائی جانور کا نام ہے اور وہ بحری جانورون پر غالب ہے اور یہ نام بطور فال نیک رکھا گیا تھا اور یہ لفظ قُریشی اور قُرشی دونون طرح درست ہے یعنی بضم قاف وفتح را اور قُریشی بایاے تحتانی کہ بعد راے مہملہ واقع ہے۔ جب اصحاب فیل کے انتشار سے عرب مطمئن ہوے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے تو قریش جمع ہوے اور اپنی عزت کو پہچانا لہذا مشورہ کیا کہ ہم اولاد ابراہیم خلیل اللہ ہین اور اہل حرم اور بیت مکرم کے مالک ہین کسی عرب کی منزلت اور رتبہ ہمارے برابر نہین ہے۔ اور عرب ہمارے برابر کسی کو نہین جانتے اس لئے ہم کو چاہئے کہ ایلاف[۱] اور بھائی چارہ پر اتفاق کرین اور یہ مقرر کرین کہ جو چیزین حِل (یعنی بیرون حرم) کی ہین اُنھین ایسا معظم نہ رکھین جیسی حرم کی چیزون کی تعظیم کیجاتی ہے اس لئے کہ جب ہم یہ اصول مقرر کردینگے تو جو عرب حرم سے باہر کے حِل کے ہین وہ ہم سے رتبہ مین کم ہو جائین گے۔

[۱] ایلاف بمعنی میل جول ۱۲

اور کہنے لگے کہ قریش جیسے حل مین معظم ہین ویسے ہی حرم سے محترم ہین - اور اسی لئے
اُنہون نے عرفہ مین جو حرم سے باہر ہے وقوف اور عرفہ سے افاضہ یعنی لوٹ کر آنا چھوڑ دیا
لیکن باوجود اسکے کہ وہ اس بات کو جانتے اور اس کے مُقر تھے کہ یہ باتین مشاعر اور
حج دین ابراہیمی سے ہین اور باقی تمام عرب وہان کے وقوف اور وہان سے افاضہ کو
ماننے اور اُسپر عمل کرتے تھے - اور قریش یہ بھی کہتے تھے کہ ہم اہل حرم ہین اس لئے ہم
کسی غیر کی تعظیم نکرینگے اور ہم حمس یعنی دیندار ہین - حماستہ کے معنی تشدّد کے ہین
اور وہ دین کے کامون مین بہت تشدّد کرتے تھے اور اُنہون نے جو حق اپنے بچّون
کے لئے رکھے تھے وہی حق اُن عورتون کے پیٹ کے بچّون کو دئے تھے جو حل کے
عربون کی نسل سے تھین - اور اسی ولادت کی وجہ سے **کنانہ - خزاعہ - عامر**
قبائل بھی اُن مین داخل ہو گئے تھے - پھر اُنہون نے اور نئی باتین ایجاد کین کہنے لگے
کہ حمس اگر حرم مین ہو تو اُسے پنیر نہ بنانا چاہئے - اور اسی طرح نہ مسکہ سے گھی نکالنا
چاہئے - اسی طرح جب تک وہ حرم مین ہون اُنہین بالون کے گھر مین یعنی کمل کے خیمہ
وغیرہ مین نہ رہنا چاہئے - اور نہ چمڑون کے گھرون کے سوا کسی مکان کے سایہ مین
بیٹھنا چاہئے - اور اُنہون نے ایک یہ نئی بات بھی جاری کردی تھی کہ حل والون کو
جب وہ حج یا عمرے کو آئین تو وہ طعام اپنے ساتھ لیکر آئین اُسے حرم مین کھائین
اور جب وہ آئین تو طواف بھی حمس کے کپڑون مین کرین - اور اگر حمس کے کپڑے
نہ ملین تو برہنہ طواف کرین - اور اگر کسی سردار کو حالت طواف مین برہنہ ہونے کے
سبب سے شرم ہو اور حمس کے کپڑے بھی نہ مل سکین تو وہ اپنے ہی کپڑون مین طواف
کرے اور جب طواف سے فارغ ہو تو اُنہین پھینک دے اور پھر اُن کپڑون کو نہ تو وہ
خود چھوئے اور نہ کوئی دوسرا شخص چھوئے - اور ان کپڑون کا نام اُن لوگون نے لقیٰ
یعنی پھینکا ہوا رکھا تھا ان سب باتون مین عربون نے اُن کے احکام کو تسلیم کرلیا

اور جو ارکان ان لوگون نے مقرر کر دئے وہ اُسی طرح طواف کرنے لگے اور جو طعام کہ وہ حل سے لاتے اُسے چھوڑ دیتے اور حرم کا طعام مول لیکر جتنے مرد ہوتے وہ کھاتے رہتے عورتین وہ اپنے تمام کپڑے اُتار ڈالتین صرف اپنے زیور پہنے رہتین اور ہاتھ پھیلا دیتین پھر طواف کرتین اور کہتی جاتین شعر

اَلْیَوْمَ یَبْدُوْ بَعْضُہٗ اَوْ کُلُّہٗ		وَمَا بَدَا مِنْہُ فَلَا اُحِلُّہٗ	

ترجمہ آج بدن تھوڑا یا بہت کھلجائے تو کچھ مضایقہ نہین + لیکن جس قدر کھل جائے اُسے مین نے حلال نہین کر دیا ہے۔

قریش کی شرمناک رسمون کا منسوخ ہونا اور نمازون مین اچھے کپڑے پہننے کا حکم

زمانہ بزبان حال کہہ رہا ہے کہ اے بندو خدا کا شکر کرو اور خاک ادب پر پیشانی نیاز رکھدو وہ نور روشن جو تمام جہان کی اصل ہے اور روز ازل سے جس کی روشنی ساری دنیا کو روشن کر چکی ہے بہت جلد اس طبقۂ خاک کو پاک کرنے والا ہے کفر کا اندھیرا اور شرمناک واقعات کی ظلمتین جو کسی مصلحت سے دنیا مین چھا گئی تھین کافور ہوا چاہتی ہین طبقۂ خاک کو عالم نور بنانیوالا رونق افروز ہوتا ہے ؎

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر می خواست		آخر آمد زپس پردۂ تقدیر برون	
؎ شاہ می آید و من فکر نثارے دارم		اندکے صبر کن اے دل ہتو کارے دارم	

ارباب روایت اور اصحاب تاریخ پر روشن ہے کہ حضور پر نور سرور عالم و عالمیان محبوب خدا حضرت سیدنا و مولٰنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و صحابہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے تختۂ عرب پر کیسی دھوان دھار گھٹا کفر و جہالت کی چھائی ہوئی تھی آدمی جنہین انسان کہتے ہین وہ حضرات بہائم کی طرح زندگی

بسر کرتے تھے کعبہ شریف جو اللہ کا گھر ہے اُس کا طواف مرد و عورت برہنہ ہو کر کرتے تھے العیاذ باللہ جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے۔ حضور کی تشریف آوری سے پہلے ازواج کی کوئی حد نہ تھی ہزار دو ہزار جہان تک ہو سکے سب درست تھا باپ کی جوان بیبی بیٹا بے تکلف عیش کرتا تھا نہ کوئی روکنے والا نہ ٹوکنے والا۔ خونریزی وہ تو کوئی جرم ہی نہ سمجھا جاتا تھا بلکہ بہادری کی ایک شان تھی۔ بت پرستی اُس کا یہ حال تھا کہ اللہ کا گھر یعنی کعبۂ مکرمہ تین سو ساٹھ بتون سے بھرا ہوا تھا اور ان بتون کے سوا اور شہرون مین بے انتہا بت تھے یعنی ہر قوم کا بُت جدا ہر فرقہ کا بت الگ جس آدمی کی اچھی صورت نظر آئی اُسی کو بُت بنا لیا ہے

وہی ہے بُت جسے خالق نے اچھی صورت دی	بتون کی قوم نہین ہے بتون کی ذات نہین

جس عورت کو اچھا دیکھا اُسی کو حُسن کی دیبی مان لیا جس مرد مین کوئی کمال پایا اوتار سمجھ لیا۔ الغرض گھر مین دس آدمی ہین اُن کے دس مذہب بیس آدمی ہین بیس طریقے اللہ اللہ اس جہالت کی کوئی انتہا ہے آخر کہانتک غیرت الٰہی کو جلال آیا اور اپنے حبیب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نام **فرمان شاہی خاتم الانبیا** ہونے کا جاری فرمایا اور وہ فرمان واجب الایقان **جبریل** علیہ السلام آستانہ نبوت کاشانہ پر لیکر حاضر ہوئے **الحمد للہ** کہ وہی بنائے خلیل جو چند زمانہ کیواسطے بتخانہ بن گئی تھی اُس دلون کے پاک کرنے والے نے حضرت صدیقؓ وحضرت عمرؓ وحضرت عثمانؓ و دیگر اصحابؓ رسولؐ کے دلون کی طرح پھر اس بنائے مبارک کو پاک کر دیا اور وہ پہلے جیسے توحید کا مقام تھا ویسا ہی ہوگیا اور اب انشا اللہ تعالیٰ قیامت تک ایسا ہی رہیگا پھر اُس بادشاہ دوجہان جل جلالہ وعم نوالہ نے اپنے محبوبؐ کے واسطے **دار وزارت** اُس **ایوان شاہی** سے جدا تجویز فرمایا تاکہ اُس کی شوکت اس ایوان شاہی سے علیحدہ نظر آئے اور اُس بادشاہ کون ومکان نے محبوب کے مقام کی زینت اپنے گھر سے زیادہ

کر کے اپنے بندون کو دکھا دی باوجودیکہ یہ شاہی مکان ہے مگر شاہ نے مکان محبوب مین ہی قدم رنجہ فرمایا ؎

کعبہ را دیدم دلم از درد تنہائی گداخت	خانہ آرائے کہ مارا خواند خود مہمان کیست

اس **فقیر محمد اکبر** کا ایک واقعہ ہے اگرچہ سیاق کتاب سے کچھ دور ہے لیکن میرا دل مجھ سے کہتا ہے کہ اُسے یہان ضرور درج کر دو **میرا واقعہ** جب یہ فقیر سنہ ۱۳۱۲ھ مین آستانہ بوس بیت مکرم ہوا ہے تو وہ وقت شب کا تھا اور تاریخ ہشتم ذیحجہ شب نہم تھی جس وقت قافلہ جدہ شریف سے مکہ معظمہ مین داخل ہوا گیارہ بجے رات کا وقت تھا شب ماہ تھی چاندنی نہایت شفاف تھی بیت مکرم کا لباس سیاہ ہے بیت کے چارون طرف مطاف مین سنگ مرمر کا گول دائرہ اُس پر حجاج کا طواف کرنا عجب لطف دکھا رہا تھا میرے خیال مین یہ بات گذری کہ یہ ایک لیلیٰ ہے تمام جہان کے لئے اور یہ سب طواف کرنے والے ہزارہا مجنون ہین اور لیلیٰ کا سکوت کی حالت مین کھڑا رہنا اور اپنے عشاق کو عام اجازت طواف کی دیدینا کتنی بلند شان دلبری کی ہے **دلبر** کا لفظ خاص اسی لیلیٰ کے واسطے ہے مین بھی اپنے مطوف شیخ غنیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو سید ہاشم مطوف کے نائب تھے ہمراہ طواف مین مصروف ہوا اور بیخودی کی حالت مین تھا کہ مطوف صاحب نے سب شوط تمام ہونے پر میرا ہاتھ پکڑا اور کہا کہ واجب الطواف کا دوگانہ **مقام** پر پڑھ لو اور سعی صفا مروہ سے فرصت کر کے عرفات کو روانہ ہو جاؤ قافلہ طیار ہے الغرض جب مین عرفات سے لوٹ کر منا مین آیا اور یہان کے ارکان ادا کر کے پھر مکہ معظمہ مین داخل ہوا تو ایک روز مین خانہ کعبہ کو دیکھ رہا تھا کہ برہمن کا یہ شعر مجھے یاد آگیا ؎

مرا دلیست بکفر آشنا کہ چندین بار	بہ کعبہ بردم و بازش برہمن آوردم

مین کیا کہون کہ میری کیا حالت ہوگئی تمام بدن لرز گیا رونگٹے بدن کے کھڑے ہو گئے ہر چند مین اس شعر کو دل سے بھلاتا ہون یہ کافر شعر بھولتا ہی نہین دو روز مین نہایت ہی

پریشان رہا آخر کار مین نے ایک دن خانۂ کعبہ کا پردہ پکڑ کر التجا کی کہ پروردگار میرے حافظہ سے یہ شعر جاتا رہے چنانچہ اُسی وقت یہ دوسرا شعر مجھے یاد آگیا جس کے لطف نے پھر یہ شعر مجھے یاد نہ آنے دیا ؎

کعبہ را دیدم دلم از درد تنہائی گداخت	خانہ آرائے کہ ما را خواند خود مہمان کیست

اور یہ دوسرا شعر نظیری کا بھی مجھے ہمیشہ بیت مکرمہ پر نظر کرنے کے وقت یاد آتا تھا اور میرے دل کی تسکین کا سبب ہوتا تھا ؎

ز بعدِ کعبہ نظیری زیارتِ ما کن	کہ دلبر تمکین است در مدینۂ ما

المختصر جس زمانہ مین اللہ تعالیٰ شانہ نے اپنے حبیب کریم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو مبعوث فرمایا ہے تو اُس وقت قریش کی جہالت کی یہی حالت تھی جو اوپر تحریر ہوئی ہے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تمام جہالت کی باتون کو منسوخ کر دیا اور خود حضرت عرفات سے واپس ہوئے اور حجاج اُنہین کپڑون مین طواف کرنے لگے جو اپنے ساتھ لاتے تھے۔ اور وہی طعام ایام حج مین کھاتے جو حل سے اپنے ساتھ لاتے تھے اور اللہ تعالیٰ شانہ نے اس کی اجازت دیدی ثُمَّ اَفِیْضُوْا مِنْ حَیْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○

ترجمہ پھر جب عرفات سے چلو تو اُس جگہ سے چلو جہان سے سب لوگ چلتے ہین اور اللہ سے گناہون کی مغفرت چاہو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ یہان سب لوگون سے مراد عرب ہین۔ اور اللہ تعالیٰ نے یہ حکم قریش کو کیا ہے کہ عرفات سے چلا کرین۔ اور اسی طرح اللہ تعالیٰ شانہ نے اُس لباس اور کھانے کی نسبت جو وہ حل سے لاتے اور حرم مین اُسے چھوڑ دیتے تھے فرمایا ہے یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ وَّکُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۵ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰہِ الَّتِیْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِہٖ وَالطَّیِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۵ قُلْ ھِیَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا خَالِصَۃً یَّوْمَ الْقِیَامَۃِ ط کَذٰلِکَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ط ترجمہ اے بنی آدم ہر ایک نماز کے وقت لباس وغیرہ سے آپ کو آراستہ کیا کرو۔ اور کھاؤ پیو۔ اور فضول خرچیان نہ کرو کیونکہ خدا فضول خرچ کرنیوالونکو دوست نہین رکھتا۔ اسے پیغمبر ان لوگون سے پوچھو کہ اللہ نے جو زینت کے سازو سامان اور کھانے پینے کی پاکیزہ چیزین اپنے بندون کے واسطے پیدا کی ہین اُن کو کس نے حرام کیا ہے۔ یہ تو اس کا جواب کیا دے سکینگے تم ہی ان کو سمجھا دو کہ جو لوگ دنیا کی زندگی مین ایمان لائے ہین قیامت کے دن یہ نعمتین خاصکر اُنہین کو دیجائینگی اس طرح ہم اپنے احکام اُن لوگون کے واسطے جو سمجھ رکھتے ہین تفصیل کے ساتھ بیان کیا کرتے ہین۔

مختصر بیان مطیبین اور احلاف کے حلف اور بنی عبدالدار سے امارت کا بنی عبدمناف مین آنا

قصی نے جو کچھ اپنے بیٹے عبدالدار کو دیا تھا۔ اور حجابت۔ سقایت۔ رفادت۔ ندوۃ۔ لوا بھی اُسے عطا کیا تھا اُس کا مفصل حال کتابون مین ہے۔ پھر ہاشم۔ عبدشمس۔ مطلب نوفل بنی عبدمناف بن قصی نے اپنی شرافت اور فضیلت کی وجہ سے اپنی ذات کو بنی عبدالدار سے زیادہ تر ان باتون کا مستحق سمجھا اور چاہا کہ یہ کام اُن سے لے لین اس پر قریش جُدا جُدا فریق ہو گئے ایک گروہ تو بنی عبدمناف کا طرفدار ہو گیا اور ایک جماعت بنی عبدالدار کی سی کہنے لگی اور کہنے لگے کہ جو چیزین قصی نے اُنہین دی ہین اُن سے اُن کا لینا مناسب نہین ہے یہ کہنا اُن کا اس لئے تھا کہ وہ قصی کی فضیلت کے معترف تھے تیمناً اُس کے حکم کو مانتے تھے اور اُس کے احکام کو شریعت سمجھتے تھے اور اس وقت بنی عبدمناف کے امور کا منتظم عبدشمس تھا اس لئے کہ وہ سب مین بڑا تھا اور ان کے

مقابلہ مین بنی عبدالدار کی طرف سے جو آیا وہ عامر بن ہاشم بن عبد مناف بن عبدالدار تھا
پھر بنی اسد بن عبد العزیٰ بن قصی۔ اور بنی زہرہ بن کلاب اور بنی تیم بن مرہ۔ اور بنی حارث
بن فہر بن مالک بن النضر بنی عبد مناف کے ساتھ ہوگئے۔ اور بنی مخزوم اور بنی سہم اور
بنی جمح اور بنی عدی بن کعب بنی عبدالدار کے طرفدار بن گئے۔ اور عامر بن لوی اور
محارب ابن فہر الگ ہوگئے کسی فریق سے نہ ملے۔ اب ہر فریق نے آپسمین اقرار کیا
کہ جو کام کرینگے وہ باخود ہا کے اتفاق سے کرینگے یہ نہ ہوگا کہ کوئی کسی کو چھوڑ کر الگ ہو جائے
اور اس بات پر ہر شخص نے حلف اٹھایا۔ بنی عبد مناف بن قصی نے اس طرح حلف کیا
کہ ایک بڑا پیالہ طیب یعنی خوشبو سے بھرا جسے ایک عورت اُن کے واسطے لائی تھی پھر
اُس پیالہ کو مسجد مین لاکر رکھا اور اپنے ہاتھ اُس مین ڈبوئے اور باہم عہد و پیمان کیا اور اس
عہد و پیمان کے استحکام کے لئے کعبہ شریف کو جاکر مس کیا یعنی اُسے چھوکر قسم کھائی اس
طرح کا معاہدہ کرنے والے مُطیبین یعنی خوشبو والے کہلائے۔ اور اُدھر بنی عبدالدار نے
اور اُن کے ساتھی قبائل نے کعبہ کے پاس جاکر آپس مین عہد و پیمان کیا کہ کوئی کسی کو چھوڑ کر
الگ نہ ہوجاے اور اس بات پر سب نے حلف کیا لہذا یہ احلاف یعنی حلف والے کہلائے
جب یہ دونون فریق اپنے اپنے عہد و پیمان آپس مین کر چکے تو دونون فریق لڑائی کے لئے
میدان مین آگئے اور صف بندی ہوگئی مگر دونون طرف کے دانشمندون نے آپسمین
مشورہ کرکے صلح کی گفتگو شروع کی اور یہ بات قرار پائی کہ سقایت اور رفادت بنی عبد مناف
کو دیجائے اور حجابت اور لوا اور ندوۃ بنی عبدالدار مین رہے پھر اسی بات پر
صلح ہوگئی دونون فریق کے دانشمندانہ کارروائی نے سیکڑون آدمیون کی جانین
بچالین لیکن جن لوگون نے جن سے حلف کرلیا تھا وہ اسلام کی اشاعت تک اُنھین کے
طرفدار رہے پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ جاہلیت
مین جو حلف کیا گیا اسلام نے اُسے اور مستحکم کردیا اور اسلام مین اس طرح کا حلف

کوئی شے نہین پھر سقایت اور رفادت کا کام ہاشم بن عبد مناف کے سپرد کیا گیا اگرچہ عبد شمس بھائیون مین بڑا تھا مگر وہ اکثر سفر مین رہتا تھا اور قلیل المال وکثیر العیال تھا اور ہاشم مالدار تھے لہذا اس خدمت کے لایق یہی سمجھے گئے اور اصل تو یہ تھی کہ حضور پرنور اسی طرف جلوہ گر ہونے والے تھے اللھم صل علی محمد و اٰلہ علیٰ قدر حُسنہٖ وجمالہ

ولادت باسعادت حضور پرنور فخر عالم و عالمیان باعث تخلیق کون ومکان حضرت سیدنا ومولٰنا محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

حضرت حافظ رحمۃ اللہ علیہ

مژدہ اے دل کہ مسیحا نفسے مے آید
کہ ز انفاسِ خوشش بوے کسے می آید

کس ندانست کہ آرامگہِ یار کجاست
این قدر ہست کہ بانگِ جرسے می آید

از غم و درد مکن نالہ و فریاد کہ دوش
زدہ ام فالے و فریاد رسے می آید

ز آتشِ وادی ایمن نہ منم خرم و بس
موسیٰ اینجا بامیدِ قبسے مے آید

ہیچ کس نیست کہ در کوے تواش کارے نیست
ہر کس اینجا بامید ہوسے مے آید

جرعۂ دہ کہ بہ میخانۂ اربابِ کرم
ہر حریفے زپئے ملتمسے مے آید

خبرِ بلبلِ این باغ مپرسید کہ من
نالۂ می شنوم کز قفسے می آید

دوست را گر سرِ پرسیدنِ بیمارِ غم است
گو بیا خوش کہ ہنوزش نفسے می آید

یار دارد سرِ صیدِ دلِ حافظ یاران
شاہبازے بشکارِ مگسے مے آید

حضور پرنور کی آمد آمد کا شور از فقیر محمدؐ اکبر ابو العلائی مولف کتاب ہذا

آمد آمد ہے رسول اللہؐ کی
آمد آمد ہے شہِ ذی جاہ کی

آمد آمد حق کے پیغمبر کی ہے
آمد آمد شافعِ محشر کی ہے

آمد آمد مالکِ کوثر کی ہے
آمد آمد دین کے سرور کی ہے

آتے ہین دنیا مین ختم المرسلین
ہوگئی روشن ابھی سے یہ زمین

آتے ہین حضرت شفیع المذنبین
ناامیدی عاصیون کو اب نہین

آتے ہین دنیا مین خالق کے حبیب
ہین یہ بیمارانِ اُلفت کے طبیب

دن پھرے دنیا کے آتے ہین حضور
آپ ہی کے نور کا ہے یہ ظہور

آپ ہی کے نور کی یہ شان ہے
آپ ہی کا نور سب کی جان ہے

آپ ہی کا نور مہر و ماہ ہین
آپ ہین جو خاص ظلّ اللہ ہین

باعثِ کون و مکان ہین آپ ہی
حق تو یہ ہے جانِ جاں ہین آپ ہی

یہ زمین مدت سے تھی مُردہ پڑی
آپ کی آمد کو سُنکر جی گئی

یہ زمین جیسی کہ تھی اب وہ نہین
عرش کہتا ہے کہ مین ہوتا زمین

آپ کی آمد ہے بخشش کی خبر
آپ ہی کا ہے لقب خیر البشر

ہین ابھی سے بخششین حضرت کی عام
تذکرہ اب تو اسی کا ہے تمام

شور ہے عالم مین اب ایثار کا
جو ہے وابستہ ہے اس سرکار کا

ہات خالی اور سب کچھ ہات مین
جان ڈالی آپ نے خیرات مین

سرِ فلک کا آپ نے اونچا کیا
آپ کا مرکب جب اُس پر چڑھ گیا

عرش کو بخشی بزرگی آپ نے
خلد کو بھی تازگی دی آپ نے

نام ہے مشہور جس کا سلسبیل
آپ ہی کے فیض کی ہے وہ سبیل

آپ کی تشریف آئی جس گھڑی
بت پرستون پر بڑی آفت پڑی

بت کدہ تھا کعبہ مسجد ہو گیا
ابرِ رحمت آکر اُس کو دھو گیا

ہاتھ ہر بُت کانون پر دھرنے لگا
یعنی دم توحید کا بھرنے لگا

یہ نجاست سے بتون کی پاک ہے | کعبہ اب قبلۂ افلاک ہے
شانِ حق ظاہر ہوئی باطل گیا | ڈھونڈنے والون کو خالق مل گیا
ہر طرف ہے اللہ اللہ کی پُکار | ہے بتون کا ہر پجاری سوگوار
بُت پڑے ہین اور کافر ہین کھڑے | کہہ رہے ہین دل مین یہ کیون گر پڑے
جوش زمزم کو ہے یہ غل ہے مچا | مرحبا یا مرحبا یا مرحبا
اللہ اللہ سنگ اسود کی چمک | روشنی پہونچی ہے اُسکی عرش تک
اتنا بالیدہ خوشی سے ہے مقام | اُس نے کرسی عرش کی لی جا کے تھام
رکن شامی و عراقی کی صفا | بخشتی ہے اور آنکھون کو جلا
دل مین یہ نقشہ محبت کا جما | مل گیا مروہ سے خوش ہو کر صفا
چل پڑا مُزدلفہ کی جانب منا | اور وہ میدان حج (یعنی عرفات) سے ملگیا
مل کے سب آتے ہین کعبہ کی طرف | ہے جہان اصحاب پیغمبر کی صف
کعبہ کو اب دیکھئے کیا شان ہے | بتکدہ تھا مطلع ایمان ہے
ہے لباس اُس کا پیمبر کی عبا | اتنی نیچی اور کیسی خوشنما
کیون نہ پہنے یہ لباسِ احترام | ہے اسی کا نام تو بیت الحرام
یہ سیاہی پتلیون کا نور ہے | گرد اس کے سامنے کافور ہے
مکۂ اقدس ہوا تاج البلاد | اب ہین آباد اسمین خالق کے عباد
اب یہان اللہ اکبر کا ہے شور | بھاگا ہر بت اسطرح جسطرح چور
چھوڑ اکبر ہند کو کعبہ کو چل | یہ ہے دار الحرب اب اس سے نکل

پاک ہو کر کعبہ سے بستر اُٹھا
پھر مدینہ کا پکڑ لے راستا

ولادت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ولادت کی تاریخ اور مکان

قیس بن مخرمہ اور قثاث ابن اشیم اور ابن عباس اور اسحٰق نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واقعہ فیل ہی کے سال مین پیدا ہوئے ہین ابن الکلبی کہتا ہے کہ عبداللہ ابن عبدالمطلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد کسریٰ نوشیروان کے چوبیسوین سال جلوس مین اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم بیالیسوین سال جلوس مین پیدا ہوئے ہین۔ اور جب کسریٰ پرویز ابن کسریٰ ہرمز ابن کسریٰ نوشیروان کی حکومت کو بائیسوان سال تھا تو حضور پر نور کو اللہ تعالیٰ شانہ نے خلعتِ نبوت ورسالت سے سرفراز فرمایا اسی پرویز کی حکومت کے بتیسوین سال حضرتؐ کی ہجرت مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہوئی ابن اسحٰق کا بیان ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم دوشنبہ کے روز بارھوین ربیع الاول کو پیدا ہوئے۔ اور ولادت آپ کی اُس مکان مین ہوئی جسے **دار ابن یوسف** کہتے ہین۔ یہ مکان رسول اللہؐ نے عقیل ابن ابی طالب کو دیدیا تھا اور وہ اپنی وفات تک اُسی مکان مین رہے اُن کے بعد اُن کے بیٹون نے محمد ابن یوسف حجاج کے بھائی کے ہاتھ اُس مکان کو بیچ ڈالا اور اُس نے وہان گھر بنایا جو دار ابن یوسف کے نام سے مشہور ہے اور اُس مکان کو بھی اُس نے اپنے گھر مین داخل کرلیا پھر جب خیزران کا زمانہ آیا تو اُس نے اُس مکان کو اُس کے گھر سے نکال لیا اور وہان مسجد نماز پڑھنے کے لئے بنادی۔ اور بعض کا قول یہ ہے کہ دہم ربیع الاول کو حضور پر نور کی ولادت ہوئی اور ایک روایت مین دوسری ربیع الاول بیان کی گئی ہے واللہ اعلم بالصواب۔

وقت ولادت اور ایام حمل کے عجائبات

روایت ابن اسحٰق نے بیان کیا ہے کہ بی بی آمنہ بنت وہب رسول اللہ کی والدہ ماجدہ

بیان کرتی ہین کہ جب رسول اللہ میرے پیٹ مین تھے تومین نے ایک خواب دیکھا کسی نے
مجھسے کہا کہ اے آمنہ جو تیرے پیٹ مین ہین وہ اس وقت کے سید یعنی سردار ہین جب
وہ تیرے پیٹ سے زمین پر آئین تو کہنا کہ خداے واحد کے حوالہ وہ اُنہین ہر حاسد کی شر
سے بچائیگا اور اُن کا نام محمد رکھنا۔ کہتے ہین کہ حضرت بی بی آمنہ خاتون نے اپنے
ایام حمل مین دیکھا کہ اُن سے ایک نور نکلا اور اُس سے بصریٰ کے محلات جو شام کے
ملک کا ایک شہر ہے روشن ہوگئے اور اُنہین نظر آئے۔ یہان تک تاریخی واقعات تھے
جو تحریر ہوئے۔ اب وہ روایتین لکھی جاتی ہین جن کا ماخذ احادیث شریف ہے اور ثقہ
لوگ اس کے راوی ہین ؎

دل رسیدہ مارا انیس و مونس شد	ستارۂ بدرخشید و میر مجلس شد

بیان نور شریف

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ اور حضرت مولٰنا مفتی محمد عنایت احمد رحمۃ اللہ
علیہ اپنی اپنی تصنیفات مین تحریر فرماتے ہین کہ حدیث صحیح مین وارد ہے اَوَّلُ مَا خَلَقَ
اللّٰہُ نُوْرِیْ یعنی سب سے اوّل جو چیز اللہ تعالےٰ شانہ نے پیدا کی وہ میرا نور تھا۔
کتب اخبار مین وارد ہے کہ اللہ تعالےٰ شانہ سب سے پہلے آپ کے نور کو پیدا کرکے سارے
عالم کو آپ کے نور سے جلوۂ ظہور مین لایا۔ آسمان و زمین چاند۔ سورج اور سب ستارے
اور انبیا و اولیا اُسی مبارک نور کے پرتو سے ہین۔ اور حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
سب کا منشا ہے **حدیث** مین آیا ہے کہ حضور نے فرمایا کہ مین اُس وقت پیغمبر تھا کہ
آدمؑ پانی اور مٹی مین تھے۔ اس حدیث کا مطلب محدثین نے یہ سمجھا ہے اور اُنہین کا
سمجھنا ٹھیک ہے کہ خداے تعالےٰ شانہ نے سب سے پہلے پیغمبری حضور پُرنور محمد مصطفٰے
صلی اللہ علیہ وسلم کو عنایت کی اگرچہ بمصلحت خداوندی ظہور آپ کا اس عالم مین

سب کے بعد ہوا۔ ارادۂ ازلی یون تھا کہ آپ اور ادیان کے بعض احکام کے ناسخ ہون
اور آپ کے احکام تا بقیام قیامت جاری رہین اسکا کوئی منسوخ کرنے والا نہو۔
بعد پیدایش آسمان وزمین وغیرہ جب خداے تعالی کو منظور ہوا کہ زمین کو
آباد کرے تو پہلے اسمین ایک آتشی خلقت بسائی جسے بنی جان کہتے ہین یعنی **جن** اور اُسے
پروردگار تعالی شانہ نے آگ کے شعلہ سے جسے مارج کہتے ہین پیدا کیا جیسا کہ سورۂ رحمان
مین وارد ہوا ہے خَلَقَ الْجَانَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ **ترجمہ** پیدا کیا جان کو آگ
کے شعلہ سے۔
فائدہ۔ مارج آگ کے اُس شعلہ کو کہتے ہین جو دھوین سے صاف ہوتا ہے۔ اور بعض کا
قول ہے کہ مارج اُس آگ سے مراد ہے جو سرخ اور سبز اور زرد شعلون سے ملی ہوتی ہے
آگ کی تیزی اور بلندی کے بعد **فتوحات** کے دوسرے سفر کے نوین باب مین مذکور ہے
کہ مارج آگ ہے ہوا سے ملی ہوئی کہ اُس کو ہوا سے مشتعل یعنی لَو کہتے ہین پس جان مخلوق ہے
دو عنصر سے یعنی آتش وباد سے اور **آدم** علیہ السلام بھی پیدا ہوے **دو عنصر** سے
یعنی خاک وآب سے جب آب وخاک مختلط ہوتے ہین تو اُس کو **طین** کہتے ہین اور جب
آتش وباد کا امتزاج ہوتا ہے تو اُسے مارج کہتے ہین۔ جس طرح رحم مادر مین آب منی کے
پہونچنے سے آدمی کی نسل بڑھتی ہے اسی طرح رحم مین ہوا کے جانے سے جن کی نسل کی
ترقی ہوتی ہے اور آدم وجان کی پیدایش مین ساٹھ ہزار برس کی مدت کا فاصلہ تھا الغرض
جب قوم جان نے دنیا مین فساد برپا کئے اور آپسمین قتل وغیرہ کے واقعات کرنے شروع
کئے تو ابلیس نے جو اُس وقت ملائکہ کی صف مین تھا بحکم خداے پاک اس قوم کو اس
دنیا سے جسپر اب ہم بستے ہین نکالکر اور کسی دنیا مین کہ جسے ہم نہین جانتے ہین بسا دیا اور
اس دنیا کی بادشاہی حضرت آدم علیہ السلام کو دیگئی اور آپ کی پیدایش کا آوازہ کون و
مکان مین گونجنے لگا وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ۝

ملائکہ تو بنی جان کی نافرمانیان زمین پر دیکھ ہی چکے تھے اپنا قیاس ظاہر کر دیا قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْھَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْھَا وَ یَسْفِکُ الدِّمَآءَ - جماعت کی جماعت فرشتون کی گھبرا کر بول اُٹھی کہ پروردگار کیا تو زمین پر ایسے قوم کو خلیفہ کریگا جو فساد کرینگے اور خونریزیان کرینگے حکم پروردگار تعالےٰ شانہ پہونچا اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ اے میرے ملائکہ بیشک مین نے تم کو عبادت کے لئے پیدا کیا ہے اور تم عبادت ہی کے سزاوار ہو مگر یہ خلیفہ میرا کچھ اور ہی ہے جس کام کے واسطے وہ خلیفہ پیدا ہوگا اور جب تم اُس کے نتائج پر نظر کروگے تو سمجھوگے کہ یہ اعتراض ہمارا اُس وقت دخل در معقولات تھا حافظ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین ؎

آسمان بار امانت نتوانست کشید	قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند

اور ایک اُردو زبان کے شاعر فرماتے ہین قدیم بندش قدیم زبان ہے مگر مضمون موتیون مین تولنے کے قابل ہے ؎

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو	ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیان

ایک اور شاعر کہتا ہے ؎

کہان فلک کو یہ دست قدرت کہان زمین مین یہ تاب و طاقت
ہمین اُٹھائینگے بار اُلفت کہ ناز اُن کے اُٹھا چکے ہین

الغرض جب اللہ تعالےٰ شانہ نے فرمایا کہ ہم ایک امانت پیش کرتے ہین ہے کوئی اس کا اُٹھانے والا - آسمان و زمین اور پہاڑ سب لرز گئے اور کانپ اُٹھے اور سب نے انکار کیا - یہ انکار خوف اور دہشت کے سبب سے تھا نافرمانی کی وجہ سے نہ تھا مگر آدم نے اپنے خالق و مالک کی مدد پر بھروسا کر کے تمام کائنات کو مخاطب کیا اور بزبان حال کہا لمولفہ ؎

رکھا ہوا ہے سامنے پشتارۂ اُلفت	میدان مین چرخ آئے سکت ہو تو اُٹھالے

نجاب دی الحمد للہ والشکر للہ فقط

اللہ کا نام لیکر اُس بار عظیم الشان کو اٹھا ہی لیا الحمد للہ والشکر للہ + بس پھر کیا تھا
آدم علیہ السلام ہمہ تن نور ہو گئے اور پیشانی آدم علیہ السلام پر ایک دائرہ نور محمدی
صلی اللہ علیہ وسلم کا ہلال کی مانند چمکنے لگا اب خلافت کی مہر اور طغراے فرمان شاہی
تو خلیفۃ اللہ کی جبین سعادت وشرافت آگین پر لگا دی اور اس طرح لگائی گئی کہ کسی کو
پوچھنے کی ضرورت نہ ہو صورت مبارک کا نظارہ ہوا اور دیکھنے والے نے سمجھ لیا کہ
یہ خلیفۃ اللہ ہین مگر اُس کے خلیفہ کے لئے جو عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ہے
ایسے وسیع علم کی ضرورت ہے کہ جو ملائکہ کے علم پر غالب آئے اب اُس داناے آشکارا
ونہان نے دروازۂ لدن کا آدم علیہ السلام پر کھول دیا اور علم اسما بتمامہ تعلیم فرما دیا
وَعَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ کُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمۡ عَلَى الۡمَلٰٓـئِكَةِ فَقَالَ اَنۡۢبِـئُوۡنِىۡ
بِاَسۡمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ترجمہ سکھا دئے اللہ تعالے شانہ نے
آدم علیہ السلام کو نام جملہ مخلوقات کے اور اُن چیزون کو پیش کیا ملائکہ کے سامنے اور
ارشاد ہوا کہ بتاؤ ان کے نام اگر تم اپنے دعوے مین سچے ہو پھر سوا ے معذرت کے
اور کیا جواب ہو سکتا تھا مالک کے حضور مین اس سے زیادہ مہذب جواب اور
نہ تھا آخر فرشتے ہی تھے قَالُوۡا سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ
اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ۝ وہ تو معذرت کر کے سبکدوش ہو گئے اب مستخلف
اپنے خلیفہ کو اُس کے علم کی سند عطا فرماتا ہے قَالَ يٰٓـاٰدَمُ اَنۡۢبِئۡهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ
فَلَمَّآ اَنۡۢبَاَهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ پس خلیفۃ اللہ نے شرف کامیابی حاصل کر لیا
اور ان لفظون سے شاباش کے سزاوار ہوے جیسے اساتذہ کامیاب شدہ
شاگردون کی پیٹھ ٹھونکتے ہین اور تعریف وتحسین کرتے ہین اور انعام دیتے ہین
فرماتا ہے پروردگار تعالے شانہ ملائکہ کی طرف متوجہ ہو کر قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّـكُمۡ
اِنِّىۡۤ اَعۡلَمُ غَيۡبَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِۙ وَاَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَمَا كُنۡتُمۡ

تَکْتُمُوْنَ ○ ترجمہ کیا مین نے تم سے نہ کہا تھا کہ مجھ کو سب حالات زمین و آسمان کے معلوم ہین اور وہ بھی معلوم ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور چھپاتے ہو۔

اب حضرت خلیفۃ اللہ کے لئے وہ وقت آیا کہ جملہ مخلوقات سے اُس کی عظمت و بزرگی کا عہد لیا جاے تاکہ کسی وقت کسی کو اُس کی فرمان برداری سے انحراف نہ ہو اور اسی وقت دوست دشمن کا حال معلوم ہو جاے پروردگار تعالےٰ شانہ اپنے بندون کو عموماً اور اپنے برگزیدہ حبیب اور بندے اور خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی امت مرحومہ کو خصوصاً مخاطب فرما کر محبت کے لہجہ مین بیان فرماتا ہے وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ○ کہ تم ہوشیار ہو جاؤ اور سمجھ لو کہ تمھاری رعایا مین سے تمہارے فرمان بردارون کی بہت بڑی جماعت ہے اور اُس جماعت مین بڑے بڑے مقرب ارکان ہین لیکن ایک مفسد مین مادۂ شرارت بھی ہے اُس کے فریب مین نہ آنا ترجمہ اور جب کہا ہم نے فرشتون کو کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب سجدے مین گر پڑے مگر ابلیس نے قبول نہ کیا اور تکبر کیا اور وہ تھا کافرون مین سے۔ **فرمان بردار** بندہ وہ ہے جو مالک کے حکم کو مانے اور اگر کوئی حکم آقا کا بندے کے مزاج کے خلاف ہو اور اُس کی مصلحت سمجھ مین نہ آئے تو طریقہ ادب یہ ہے کہ پہلے حکم بجالائے پھر موقع وقت دیکھتا رہے جب مالک کے مزاج کو خوش پاوے تو اُس حکم کی مصلحت دریافت کرلے پہلے ہی سے اپنے قیاس کو دخل ندے جیسا کہ اُس بے شعور نے عرض کیا خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ۔

خالق کی جتنی مخلوقات ہے سب اُسی کی پیدا کی ہوئی ہے جیسے ایک باپ کے دس بیس بیٹے ولدیت مین سب کی ایک حیثیت ہے باپ جس بیٹے کو چاہے اپنا جانشین کرے کسی بیٹے کو باپ پر اعتراض کا حق نہین اور کوئی بیٹا باپ کے انتخاب کردہ بیٹے کے

مقابلہ مین آپ کو پیش نہین کرسکتا۔ یہی ادب پیران طریقت نے اپنے دست گرفتہ کے واسطے مقرر کیا ہے وباللہ التوفیق وعلیہ التکلان۔

اب آدم علیہ السلام وہان بھیجے جاتے ہین جہان کے واسطے پیدا کئے گئے ہین اور وہ امانت جس کے متحمل ہین واسطہ بواسطہ پہونچاتا ہے اور اُس مقام کا راستہ جنت ہوکر ہے پروردگار تعالیٰ شانہ اپنے بندون سے پیار کی باتین کرتا ہے اور اُن کے ابوالآبا کی حکایت سناتا ہے کہ ہم نے تمہارے دادا کو تمہارے ظہور کے لئے اس طرح سے اور اس راستہ سے بھیجا ہے اور اگر تم ہماری فرمان برداری کروگے تو ہم تم کو اپنے پاس اسی راستہ سے بُلائینگے تم کو یاد رہے کہ اگر تم ہمارے پاس آنے کے قابل ہوئے تو بہشت وجنت وفردوس یہ سب تمہاری منزلین ہین اگر اس کی سیر مین اٹک رہے تو وہین رہ گئے اور اگر تمہاری ہمت نے تمھین آگے بڑھا دیا تو پھر ہمارے پاس آجاؤگے وَقُلْنَا يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ ترجمہ اور کہا ہم نے اے آدم تو اور تیری عورت دونون جنت مین رہو اور کھاؤ اُس مین سے محظوظ ہوکر جس جگہ چاہو اور اس درخت کے پاس تم دونون نہ جانا اور اگر ایسا کروگے تو اپنے نفس پر ظلم کرنے والے ہوجاؤگے یعنی سیکڑون مشکلون مین گرفتار ہوجاؤگے اور جنت بھی تم سے چھوٹ جائیگی مگر شیطان نے اُن کے قدم پھسلا دئے آخر جنت چھوٹی اور زمین پر دونون کو آنا پڑا۔ آدم علیہ السلام اپنی نافرمانی پر بہت روئے چالیس روز تک کھانا نہین کھایا اور دوسو برس کی مدت رونے کی ہے اور سو برس تک حضرت حوا علیہا السلام سے مخاطبت نہین فرمائی۔ پھر اللہ تعالےٰ شانہ نے آپ کو حج کا حکم دیا جس کا مفصل ذکر حضرت آدم علیہ السلام کے تذکرے مین گذرچکا ہے

اور استغفار کے یہ چند کلمے تعلیم فرمائے رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ
تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ ٥ اے رب ہمارے ہم نے
ظلم کیا اپنے نفس پر اگر تو ہماری خطا کو معاف نہ کریگا اور رحم نہ فرمائیگا تو ہم بالکل تباہ
وبرباد ہوجائینگے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے اُنکی ذرّیت کا اخراج اور اُن سے میثاق لینا

حضرت سعید ابن جبیر نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ
نے ذُرّیت آدمؑ سے عرفہ کے مقام نعمان مین میثاق لیا جس قدر اُن کی ذریت قیامت
تک پیدا ہوگی اُن سب کو آدم کی پشت سے نکالا اور اُن کے سامنے سب کو ریگ
بیابان کے ذرون کی طرح پھیلا دیا پھر اُن سے سوال کیا قال اللہ تعالیٰ شانہٗ
اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ
هٰذَا غَافِلِيْنَ ۔ اَوْ تَقُوْلُوْا اِنَّمَا اَشْرَكَ اٰبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً
مِّنْ بَعْدِهِمْ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ٥ ترجمہ کیا مین تمھارا
پروردگار نہین ہون سب بولے ہان ہم اس بات کے گواہ ہین اور یہ اس غرض سے
کیا کہ ایسا نہ ہو کہین قیامت کے دن تم کہنے لگو کہ ہم تو اس بات سے بے خبر ہی رہے
یا کہنے لگو کہ شرک ابتدا مین تو ہمارے بڑون ہین نے کیا اور ہم اُن کی اولاد تھے۔
اُن کے بعد دنیا مین آئے جیسا بڑون کو دیکھا ویسا ہی ہم بھی کرنے لگے تو اے خدائے
رحیم کیا تو اُن لوگون کے جرم کی پاداشں مین ہلاک کئے دیتا ہے۔ پہلی غلطی تو اُنکی
تھی ہم تو اُن کے نقش قدم پر چلنے والے تھے اور ابن عباس سے بھی روایت آئی ہے
کہ اللہ تعالےٰ شانہ نے اُن سے موضع وحنا مین میثاق لیا۔ الغرض اب بعد عفو تقصیر

حضرت آدم علیہ السلام کو اطمینان ہوا اور کاروبار مین مشغول ہوے سیاق کتاب سے
یہی ظاہر ہے کہ پہلا فرزند آدم علیہ السلام کا قابیل تھا اور دوسرا ہابیل جو بھائی کے ہاتھ
سے قتل ہوا تیسرے فرزند آپ کے **حضرت شیث** ہین اور اُن کی ولادت اُسوقت
ہوئی ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کی عمر دوسو پینتیس ۲۳۵ برس کی ہوئی تھی اور ہابیل
کے قتل کو پانچ برس گذر گئے تھے اور کہتے ہین کہ حضرت شیث تنہا پیدا ہوئے اور شیث
کے معنی اللہ کی بخشش کے ہین اور یہی حضرت آدم کے وصی ہین جب حضرت آدم کی
وفات کا وقت آیا تو حضرت آدم نے شیث کو اپنا ولی عہد کیا اور انہین دن رات
کی ساعتین بتائین اور ہر ساعت مین جو عبادت خلوت مین کرتے ہین تعلیم کین اور
طوفان نوح کی بھی خبر دی اللہ تعالےٰ شانہ نے اُن پر پچاس صحیفے نازل کئے اب
جتنے آدمی دنیا مین ہین سب کا نسب حضرت شیث علیہ السلام ہی سے ملتا ہے اور
آپ ہی نور محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے امانت دار تھے حضرت آدم علیہ السلام
کے بعد کہتے ہین کہ جب حضرت شیث بیمار ہوے آپ نے حضرت انوش اپنے فرزند
کو وصی اپنا کیا اور وفات فرمائی اور اپنے پدر بزرگوار کے پاس غار ابوقیس مین مدفون
ہوئے جسے غار الکبیر کہتے ہین حضرت شیث علیہ السلام کی عمر نوسو بارہ ۹۱۲ برس کی تھی۔
آپ کے بعد آپ کے فرزند حضرت **انوش** وصی اور امانت دار نور محمدی صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہوے الغرض یہ انوش اُس وقت پیدا ہوئے تھے کہ جب
حضرت شیث علیہ السلام کی عمر کے چھسو پانچ ۶۰۵ برس گذر چکے تھے اور انوش کی کل
عمر سات سو پانچ ۷۰۵ برس کی ہوئی یہ قول توریت والون کا ہے اور انوش نے اپنے
بیٹے قینان کو جو نعمہ بنت شیث کے بطن سے پیدا ہوا تھا وصی کیا اور قینان نے
اپنی آخر عمر مین اپنے فرزند مہلائیل کو اپنا وصی کیا اور مہلائیل نے اپنے بیٹے یرد کو
جسے یارد بھی کہتے ہین وصی کیا اور یرد کے وصی خنوخ یعنی حضرت ادریس نبی ہین

المختصر نور پاک حضور پر نور مرتبہ بمرتبہ منتقل ہوتا ہوا حضرت ابراہیم علیہ السلام تک آیا اور آپ کے بعد اس کے امانت دار حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہوئے تا اینکہ خواجہ عبدالمطلب کی پیشانی پر چمکا خواجہ کے فرزندون مین حضرت خواجہ عبداللہ حضور کے پدر بزرگوار کی جبین فیض آگین اس نور مبارک سے منور ہوئے۔

حضور پر نور کا نسب نامہ

حضرت کا نسب نامہ عدنان تک بلا اختلاف ثابت ہے صحیح روایتون سے ثابت ہے کہ آپ جب نسب اپنا بیان فرماتے تو عدنان تک جب پہونچتے تو سکوت فرماتے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے تھے کہ مین عدنان تک پہونچ کر سکوت کرتا ہون کہ اس کے آگے مین نہین جانتا اور ابن مسعود سہیلی نے کہا ہے جھوٹے ہین جو عدنان سے آگے بڑھتے ہین اہل سیر و تواریخ اسپر متفق ہین کہ حضرت اسمٰعیل و ابراہیم اور نوح اور ادریس اور شیث علیہم السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد مین داخل ہین سنن بیہقی مین ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے نسب مین سفاح جاہلیت کو دخل نہین — اور امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہٗ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدم سے اور میرے والدین تک میرے سلسلۂ نسب مین ہرگز سفاح جاہلیت کا لگاؤ نہین ہے۔ اور والدہ ماجدہ حضور کی آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب بن مُرّہ تھین۔

نسب نامۂ حضور پر نور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت محمد مصطفےٰ ابوالقاسم بن عبداللہ بن شیبۃ الحمد ابوالحارث عبدالمطلب ابن عمرو الملقب بہ ہاشم ابن عمرو عبدالمناف بفتح المیم المکنی بابی عبدالشمس ویقال لہ القمر ایضاً لکثرۃ الحسن والجمال بن قصی بضم القاف وفتح الصاد المہملۃ وتشدید التحتانیۃ بصیغۃ التصغیر ویقال لہ زید

ویزید ویلقب بالمجمع بن کلاب بکسر الکاف العربی و اسمہ حکیم او عروہ بن مرہ بضم المیم وتشدید الراء المہملہ بن کعب بفتح الکاف وسکون العین المہملہ بن لوی بضم اللام وفتح الواو وتشدید التحتانیہ بن غالب بفتح الغین المعجمہ وکسر اللام بن فہر بکسر الفا وسکون الہا ملقب بقریش عند البعض بن مالک بن نضر بفتح النون وسکون الضاد المعجمہ ملقب بقریش عند البعض بن کنانہ بکسر الکاف وفتح النونین لقبہٗ قریش عند البعض بن خزیمہ بضم الخاء المعجمہ وفتح الزاء المنقوطہ علی صیغۃ التصغیر بن مدرکہ بضم المیم وسکون الدال وکسر الراء المہملہ علی صیغہ اسم الفاعل من الادراک اسمہ عامر او عمرو بن الیاس بکسر الہمزۃ علی قول ابن الانباری وفتحہا عند البعض اشتق من الیاس ضد الرجاء والہمزۃ للوصل ہو قول القاسم ابن الثابت والسہیلی بن مضر بضم المیم وفتح الضاد المعجمہ بن نزار بکسر النون وفتح الزاء معجمہ المکنی بابی زمعہ وابی ایاد بن معد بضم المیم وفتح العین المہملہ۔ و بفتح المیم وسکون المہملہ وتشدید الدال کذا فی الکرمانی بن عدنان بفتح العین المہملہ وسکون الدال کذا فی الوان الادب۔

یہان تک توسب کا اتفاق ہے بعد اسکے حضرت آدم علیہ السلام تک بہت اختلاف ہے لہذا اب آگے کے واسطے سکوت ہی بہتر ہے۔

فائدہ۔ عدنان سردار قوم تھے اشہر اولاد آپ کی معد تھے معد کے معنی تر تازہ کنیت ابو قضاعہ اور اشہر اولاد اسکی۔ قضاعہ۔ ایاد۔ نزار۔ **آثار النبوۃ** مین ہے کہ نزار مشتق ہے نزر سے جس کے معنی اندک کے ہین انکی پیشانی پر نور محمدی چمکا تو معد خوش ہوے اور فقرا اور مساکین کو کھانا کھلایا اور کپڑے پہنائے اور کہا کہ جو کچھ اس مولود کی خوشی مین صرف کیا جاے وہ قلیل ہے یہ وجہ تسمیہ نزار کی ہے اور نزار کی اولاد مین مشہور تر اور لایق تر مضر تھے کہ شریعت ابراہیمی نے انکے سبب سے رونق پکڑی اول شتر کا فدیہ خانہ کعبہ کے واسطے مضر ہی نے جاری کیا

اُن کے فرزند الیاس ہوے باپ مان کی آنکھین بعد زمانہ یاس کے ان کے جمال سے روشن ہوئین لہذا مسمّیٰ بالیاس۔ اور صحیح یہ ہے کہ ہدیہ کعبہ کو اونٹ پہلے الیاس ہی نے بھیجے تھے یہ بھی مُتّبِع و مُرَوّج شریعت ابراہیم علیہ السلام تھے۔ اور الیاس کی اولاد مشہورہ مین مُدْرِکہ ہین آپ نے اپنے آباء و اجداد کی بزرگی و شرافت بوجہ کمال حاصل کی ولہذا مسمّیٰ بہ اور نام ہوز مدرکہ مین بنابر مبالغہ ہی کما ہُوَ مُتَعَارِفٌ فی العرب۔ اور اُن سے خُزَیمہ ہوے یہ بھی سردار قوم تھے اور مُتّبِع ملت حنفیہ کے تھے ان سے کنانہ ہوے موصوف بصفات حسنہ خصوصاً صفت سخاوت اور وسعتِ اخلاق اس درجہ تھی کہ اوقات تنگدستی مین بھی بذل وایثار مین دریغ نہ کرتے تھے آخر زمانہ حیات مین آپ نے اپنی اولاد کو بہت سی وصیتین کین ازانجملہ یہ بھی تاکید کی کہ یہ نور جو مُعَدْ کی پیشانی پر چمکا تھا اور سلسلہ بسلسلہ مجھ تک پہونچا ہے میری اولاد مین جس کی پیشانی پر چمکے وہ زنا سے بچے اور اپنے نطفے اَرحام طاہرہ کے لئے محفوظ رکھے یہ ایک بڑے برگزیدہ نبی کا نور ہے جو میری اولاد سے ہوگا۔ ان کی یعنی خزیمہ کی اولاد مشہورہ سے نضر ہین۔

روایت ہے نضر بن کنانہ ایک روز سورہے تھے کہ کسی نے پکارا کہ یا نضر تجھکو اختیار دیا گیا ہے ملک ظاہری اور عزت سرمدی مین سے کسی کو اختیار کرلے آپ نے کہا اے رب میرے مین نے اختیار کی وہ چیز جو باقی رہے ابد تک اہل تاریخ لقب ان کا قریش بتاتے ہین۔

روایت ہے کہ نضر نے اپنی وفات کے وقت جملہ اولاد کو جمع کیا اور مالک کو ولیعہد کیا اور مالک نے اپنی وفات کے وقت فِہر کو نصایح کرکے قوم کا سردار کیا اور فِہر نے اپنے بیٹے غالب کو اپنا وصی کیا اور غالب نے لوئی کو اپنی قوم کا سردار گردانا اور لوئی نے کعب کو وصی کیا یہ اپنے وقت مین بڑے سردار اور مرجع جمیع امور تھے

اور ان کی اولاد مین مُرّہ نامور ہوے یہ جمعہ کے روز قوم قریش کو جمع کر کے وعظ فرماتے تھے اور یہ خبر دیا کرتے تھے کہ میری اولاد سے ایک پیغمبر اولوالعزم پیدا ہونے والا ہی تم لوگون مین سے جو اُس کا زمانہ پائے وہ اُس کی متابعت کرے اور اُسپر ایمان لائے کہ یہ بات مجھے آبا و اجداد سے واسطہ بواسطہ پہونچی ہے اور جب اُن کی وفات کا زمانہ قریب ہوا تو اپنی سب اولاد کو جمع کر کے نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی صیانت کے واسطے وصیت کی کہ ارحام طیبہ وطاہرہ مین تفویض کیا جاسے اور **کلاب** کو اپنا ولیعہد کیا جب کلاب کی وفات کا زمانہ نزدیک ہوا تو اُس نے اپنے بیٹے قُصَیّ کو سردار قوم کیا۔

روایت ہے ایک روز قُصَیّ نے اپنی اولاد کو جمع کیا اور تقویٰ اور پرہیزگاری کی وصیت فرمائی اور غضب الٰہی سے ڈرایا بعد اِس کے ہر بیٹے کو ایک ایک کام پر معین کیا۔ عبدالدار کو علم داری اور خانہ کعبہ کی دربانی عنایت کی اور خدمت ضیافت حاجیان ام القریٰ کے سپرد کی۔ اور نقابت وایالت وسقایت وامارت عبدمناف سے متعلق کر دی۔ **عبدمناف** کے چار فرزند ہوے۔ **ہاشم** جد خواجہ عبداللہ پدر بزرگوار حضور پرنور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم۔ **عبدالشمس** جد بنی اُمیّہ۔ **نوفل** جد جبیر بن مطعم۔ **مطلب** جد اعلیٰ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ۔

روضۃ الاحباب مین ہے کہ ہاشم اور عبدالشمس توام پیدا ہوئے تھے اور دونون کی پشتین ملی ہوئی تھین تلوار سے جدا کی گئین وہی تلوار دونون مین رہی **ہاشم** عبدمناف نے وفات کے وقت اپنی قوم کی سرداری ہاشم کے سپرد کی۔ ہاشم کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ہشم کے معنی روٹیون کے ٹکڑے کرنے کے ہین ان کا دستور تھا کہ قحط کے زمانہ مین دیار شام مین روٹیان اونٹون پر لاد کر لاتے اور دو اونٹ ذبح کر کے پکاتے اور خشک روٹیون سے ثرید بنا کر لوگون کو کھلاتے تھے

اوّل عرب مین طریقہ ضیافت آپ ہی نے جاری کیا ہے اور سخاوت حضرت کی ضرب المثل ہے۔ اب آپ کی پیشانی مبارک پر نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم چمکا نام آپ کا عمرو ہے اور ہاشم لقب ہے آخر عمر مین مسماۃ سلمیٰ نجاریہ بنت عمرو نجاری سے مدینہ مین نکاح کیا اُن سے **عبدالمطلب** پیدا ہوے۔ ہاشم نے کسی ضرورت سے شام کا سفر کیا اور بمقام غزہ۔ یا غزہ کہ متعلقات دمشق سے ہے وفات پائی اور وقت نزع اپنے بھائی مطلب سے وصیت کی کہ کمان اسمٰعیل اور علم نزار اور کلید خانہ کعبہ یثرب والے لڑکے کو جس کا نام شیبہ ہے دیدینا بعض کا یہ قول ہے کہ ہاشم نے عبدالمطلب کی ولادت سے کچھ دن پہلے وفات پائی اور وقت رحلت اُن کے تین فرزند جوان موجود تھے۔ ایک اسد حضرت علی علیہ السلام کے نانا۔ اور دوسرے فضیلہ۔ تیسرے صیفی۔ عبدالمطلب ہاشم کی وفات کے بعد پیدا ہوئے ہین۔ عبدالمطلب کو شیبہ کہنے کی یہ وجہ ہے کہ ولادت کے وقت ان کے سر مین سفید بال موجود تھے اور بعد بلوغ کے کثرت محامد کی وجہ سے شیبۃ الحمد کہلائے۔ اور عبدالمطلب پکارے جانے کی وجہ یہ ہوئی اور جمہور اس پر متفق ہین ایک شخص قوم قریش کا ہاشم کے انتقال کے بعد مدینے سے آیا اور مدینہ مین اُس نے ایک لڑکے کو تیر چلاتے دیکھا تھا اور وہ یہ کہتا تھا انا ابن انھاشم جب وہ شخص مکہ مین آیا تو اُس نے حرم کعبہ مین مطلب بن مناف سے ملاقات کرکے واقعہ عبدالمطلب کا بیان کیا۔ مطلب اُسی مقام سے جہان اونھون نے مدینہ۔ کے آدمی کی زبان سے یہ واقعہ سنا تھا اونٹ پر سوار ہو کر مدینہ کی طرف روانہ ہوا اور وہان پہونچکر شیبۃ الحمد کو بغیر اطلاع اُن کی والدہ کے لے چلا چونکہ یہ پُرانے کپڑے پہنے ہوے تھے تو جو کوئی راہ مین پوچھتا کہ یہ لڑکا کون ہے تو مطلب اپنی امارت کی وجہ سے شرما کر کہدیتے کہ یہ میرا عبد ہے جب یہ مکہ مین

پہونچے تو ان کو نفیس پوشاک پہنا کر مجلس قوم مین لائے اور مفصل حال بیان کیا
اُسی دن سے یہ عبدالمطلب کے نام سے مشہور ہوئے۔
روضۃ الاحباب مین ہے کہ ہاشم کی وفات کے بعد شیبہ کو مطلب نے پرورش کیا اور عرب کا دستور یہ تھا کہ جو شخص کسی یتیم کی پرورش کرتا تو وہ یتیم اُسکا عبد کہلاتا اِس سبب سے شیبہ عبدالمطلب کے نام سے پکارے گئے۔
صاحب درج الدرر تحریر کرتے ہین کہ عبدالمطلب کے بارہ فرزند تھے اور چھ دختر تھین۔ عبداللہ۔ ابوطالب۔ زبیر۔ عبدالکعبہ اور چار دختر بیضا۔ امیمہ۔ برہ۔ عاتکہ۔ یہ آٹھون اولاد مسماۃ فاطمہ بنت عمر مخزومیہ کے بطن سے۔ اور حضرت سید الشہدا حمزہ رضی اللہ عنہ۔ مقوم۔ جحل بتقدیم الجیم علی الحاء المہملہ اور بالعکس یعنی حجل اور اسے مغیرہ اور عبدوس بھی کہتے ہین۔ اور مسماۃ صفیہ دختر بطن مسماۃ ہالہ بنت وہب ابن عبدمناف سے۔ اور عباس وضرار وقثم مسماۃ نتیلہ بنت جناب سے۔ اور حارث۔ ابولہب جسکا نام عبدالعزیٰ بھی تھا۔ اور مسماۃ اروی۔ مسماۃ صفیہ یا قبلہ بنت جندب سے کذا فی المواہب۔
اور روضۃ الاحباب مین اروی کو سقیہ عبداللہ لکھا ہے۔ اور ابولہب جسکا نام عیذاق یا عبدالعزیٰ تھا بطن لبنی بنت ہاجر سے شمار کیا ہے اور عیذاق کو تیرھوان بیٹا لکھا ہے
واضح ہو کہ حارث پسر عبدالمطلب سب سے بڑا تھا اور یہی بیٹا چاہ زمزم کے کھودنے مین اپنے باپ عبدالمطلب کا شریک تھا۔ اور اسی فرزند کے بیٹے۔ ابوسفیان۔ مغیرہ۔ نوفل تھے۔ ان مین سے ابوسفیان اور نوفل ایمان لائے تھے۔ یہ ابوسفیان دوسرے ہین یعنی یہ بنی ہاشم مین اور وہ حضرت امیر معاویہ صاحب کے باپ بنی اُمیّہ مین سے ہین ایمان وہ بھی لائے ہین۔ اور ان لوگون مین سے ضرار وقثم وحجل کے کوئی اولاد نہین ہوئی اور بعض کے نزدیک قثم حارث کا بھائی ماں کی طرف سے

تھا وہ صغر سنی مین مرگیا۔
ابن جوزی نے لکھا ہے کہ قبل پیدا ہونے خواجہ عبداللہ پدر بزرگوار حضور پُرنور سرورعالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ایک دن خواجہ عبدالمطلب نے خواب دیکھا کہ میری پشت سے ایک زنجیر نورانی نکلی اُس مین چار طرفین مین ایک طرف آسمان کی جانب چلی اور دوسری طرف جانب زمین۔ اور تیسری طرف سمتِ مشرق۔ اور چوتھی طرف سمت مغرب۔ اور وہ زنجیر ایسی تابان اور روشن اور پرنور ہے کہ نگاہ کو اُس کے دیکھنے کی تاب نہین ہے۔ پھر وہ زنجیر ایسی بڑھی کہ مثل ایک بڑے اونچے درخت کے سرسبز اور شاداب ہوگئی اور اُس مین ہر طرح کے میوے لگے ہوے نظر آئے اور اُس کے سایہ مین دو شخص نہایت متبرک اور نورانی صورت کھڑے نظر آئے۔ مین نے اُن سے پوچھا کہ آپ کون ہین ایک نے کہا کہ مین نوح نبی ہون علیہ السلام۔ اور دوسرے نے فرمایا کہ مین ابراہیم خلیل اللہ ہون علیہ السلام اور کہا کہ ہم اس لئے آئے ہین کہ اس درخت کے سایہ مین آرام کرین۔ خواجہ عبدالمطلب کہتے ہین کہ مین اس جگہ سے اُٹھ کر خوف زدہ گھر سے باہر آیا۔ اور قریش کے کاہنوں سے اس کی تعبیر پوچھی۔ کاہنوں نے کہا اے عبدالمطلب تیرے صلب سے ایسا شخص پیدا ہوگا کہ جسپر اہل سما اور ساکنین زمین ایمان لاوینگے اور جملہ عالم کے لئے رحمت کا سبب ہوگا اور خدا کی نافرمان قوم کے لئے موجب خرابی کا ہوگا **الغرض** اس خواب کے دیکھنے کے بعد خواجہ عبدالمطلب نے مسماۃ **فاطمہ** مخزومہ بنت عمر بن عاید مخزومی سے نکاح کیا اور اُن کے بطن سے **عبداللہ** حضور پُرنور سرورعالم حضرت سیدنا و مولٰنا **محمد مصطفےٰ** صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے والد ماجد پیدا ہوے اُن کے جمال ظاہری کو دیکھکر خواجہ عبدالمطلب نے سمجھا کہ میرے خواب کی بشارت والا لڑکا یہی ہے لیکن چونکہ پوتا بیٹے ہی کا حکم رکھتا ہے

ظہور اوس نوید کا حضرت **خواجہ عبد اللہ** کی پشت مبارک سے ہوا جب
عبد اللہ جوان ہوے تو حسن وجمال صوری ومعنوی کے سوا بڑے زور آور
وپہلوان اور تیر انداز بہی ہوے۔ کرم وخلق مین بے مثل اور حسن وجمال مین
لاجواب۔ صنادید قریش مین سے ہر شخص اس بات کا متمنی تہا کہ خواجہ عبد اللہ
کا نکاح اپنی دختر سے کرے اوس زمانہ مین عورات کاہنہ بہت تہین اور علم
کہانت کو بڑا فروغ تہا اونکو اکثر اس علم کے ذریعہ سے خبرین معلوم ہوا کرتی تہین
وہ جب آپ کو دیکہتی تہین تو آپ سے نکاح کا اور مواصلت کا شوق ظاہر
کرتی تہین مگر اوس نور مبارک کے سبب سے آپ کا دامن عصمت وطہارت
کسی لوث سے آلودہ نہوا اگر **یہود** کو جو توراۃ کی بشارتون سے معلوم ہوچکا تہا
کہ سرزمین عرب سے ایک نبی ظاہر ہونگے اور اونکو نئی شریعت دی جائیگی اور
اس شریعت کے احکام منسوخ ہوجائینگے تو اونکو بڑا ہی رنج تہا کاہنون سے
آپکی ولادت کی علامات دریافت کرتے رہتے تہے آخر کو معلوم ہوا کہ اوس
برگزیدہ نبی کے والد ماجد کی ولادت تو ہوگئی وہ ناحق شناس قوم خواجہ عبد اللہ
کا پتہ لگا کر اونکے قتل کے اسباب تلاش کرنے لگے اور کئی بار انکے قتل کی
فکر مین اطراف مکۂ مکرمہ تک پہونچے مگر من جانب اللہ ایسے ایسے امور عجیبہ
اون لوگون نے مشاہدہ کئے کہ ناگزیر واپس ہونا پڑا **دوسرا خواب**
خواجہ عبد المطلب کا یہہ ہے کہ جب یہہ اپنے چچا کے بعد سردار کئے گئے
تو ایک دن فناے کعبہ یعنے صحن حرم مین سو رہے تہے کہ ایک شخص نے
خواب مین حکم دیا کہ **چاہ زمزم** کو ظاہر کر۔ زمزم شریف شامت اعمال قوم
جُرہم کے سبب سے غائب ہوگیا تہا یعنی عمرو بن حارث سردار قوم جرہم نے
حجر اسود کو رکن کعبہ سے جدا کر کے مع ہر دو **غزالِ** کعبہ جنکو اسفندیار

فارسی نے بطور ہدیہ بہیجے تہے اور کچہ ہتیار کہ بیت اللہ مین تہے چاہ زمزم مین رکہکر پاٹ دیا تہا اور نشان زمزم شریف کا مٹا دیا تہا اور خواجہ عبدالمطلب مقام زمزم سے واقف نہ تہے کہ وہ کہان اور کس مقام پر ہے لہذا یہہ متوقف ہوے پہر دوسری بار خواب دیکہا کہ کوئی کہتا ہے کہ زمزم ذخیرۂ شیخ اعظم یعنے اسمعیل ہے جب بیدار ہوے تو زیادہ تر حیران ہوے اور پہر سو رہے تو بار دگر کہنے والے نے کہا کہ ما بین سرگین وخون جس جگہہ کوّا اپنی منقار سے سوراخ کرے اور اوسکے سامنے دو بت سرخ رنگ رکہے ہوی ہین وہی مقام زمزم ہے ناچار خواجہ عبدالمطلب دوسرے دن بیت الحرام مین داخل ہوے اور مترصد علامات مرئیہ کے جو شب کو خواب مین کہہ دے گیے تہی منتظر ہو کر بیٹہے اتفاقاً کئی مشرک ایک قربانی ذبح کر رہے تہے کہ دفعتًہ وہ چہری کے نیچے سے نکل کر بہاگی اور چشمہ زمزم کے پاس پہونچی جہان دو بت یعنی آساف۔ اور نائلہ۔ قائم تہے اون مشرکون نے اوس قربانی کو وہین پکڑکر ذبح کر دیا اور خون اوسکا اون دونون بتون پر مل دیا اور گوشت وپوست خود اوٹہا کر لیگئے اور سرگین وغیرہ جو معدیکی کثافت تہی وہ وہین چہوڑ گئے اوسیوقت ایک کوّا وہان آیا اور اوسنے اپنی منقار سے سوراخ کیا خواجہ عبدالمطلب نے اپنے خواب کا بتایا ہوا نشان ٹہیک پایا تو سمجہے کہ ضرور یہین چاہ زمزم ہے آپ نے مصمم ارادہ کر لیا کہ اسی جگہہ کہودنا چاہئیے ضرور چاہ زمزم نکلیگا جب آپ آمادہ ہو کر وہان آے تو قریش نے روکا خواجہ عبدالمطلب اور اونکے بڑے فرزند حارث نے مانعین کا مقابلہ کیا اور اللہ تعالے شانہ نے انکو قریش پر غلبہ دیا آخر دونون باپ بیٹون نے اوس مقام کو کہودنا شروع کیا یہانتک کہ زمزم شریف ظاہر ہوا اور وہ چیزین جو اوسمین دفن تہین نکلین

اس واقعہ سے خواجہ کی بڑی شہرت ہوئی اور جتنا اقتدار انکا ملک عرب مین تھا اوس سے بدرجہا زیادہ ہوگیا۔ اوسوقت خواجہ عبدالمطلب نے یہہ نذر مانی کہ اگر میرے دس بیٹے ہونگے تو مین ایک بیٹے کو اللہ کی راہ مین قربان کرونگا چنانچہ اللہ تعالے شانہ نے دس بیٹے آپ کو عنایت فرماے جب یہہ اولاد جوان ہوئین تو خواجہ نے خواب دیکھا کہ کوئی شخص کہتا ہے کہ اپنی نذر ادا کر خواجہ نے بیدار ہوکر ایک بکری ذبح کی اور فقرا ومساکین کی دعوت کی پھر دوسری بار خواب دیکھا کہ کوئی کہتا ہے کہ قربانی کر اوراس سے بزرگ تر خواجہ نے ایک گاے قربان کی مگر وہ بھی مقبول نہوئی پھر تیسری بار خواب مین حکم ہوا کہ قربانی کر اوراس سے بھی بزرگ تر خواجہ نے خواب سے بیدار ہوکر ایک اونٹ قربان کیا اور فقرا ومساکین کو کھلایا شب کو سوئے تو پھر چوتھی بار حکم ہوا کہ اس سے بھی بزرگ تر قربانی کر خواجہ نے پوچھا کہ اس سے بزرگ تر کیا ہے حکم ہوا کہ ایک فرزند اللہ کی راہ مین قربان کر صبح کو خواجہ عبدالمطلب جو خواب سے بیدار ہوے تو نہایت غمناک تھے ناچار اپنی اولاد کو جمع کرکے صورت حال بیان کی فرزندان سعادتمند نے بیک زبان عرض کی کہ ہم سب حاضر ہین چاہے ایک کو راہ خدا مین قربان کیجیے چاہے سب کو ؎

این بارگران بود اداشد چہ بجاشد	سر در رہ عشق تو فداشد چہ بجاشد

خواجہ عبدالمطلب اپنی اولاد کی سعادتمندی سے بہت خوش ہوئے کہ سب مطیع اور فرمان بردار ہین مگر راے یہہ قرار پائی کہ قرعہ ڈالا جاے اوسمین جس فرزند کا نام نکلے وہی قربان ہو۔ قرعہ خواجہ عبداللہ پدر بزرگوار حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نام پر نکلا عبدالمطلب بہت مضطر تھے مگر کیا کرتے ناچار چھری ایک ہاتھہ مین لی اور ایک ہاتھہ سے

فرزند کا ہاتھہ پکڑا اور قربان گاہ مین پہونچے مکۂ مکرمہ مین شور پڑگیا ایک تو
آدمی کی قربانی اللہ کی راہ مین اور آدمی بہی کون خواجہ عبداللہ یوسف ثانی
عرب کا ایک آدمی گہرمین نرہا سب کے سب قربان گاہ مین حاضر ہوگئے اور
خواجہ عبدالمطلب کا ہاتھہ پکڑلیا اور کہا کہ یہہ تو ہو نہین سکتا کہ ہماری آنکھونکے
سامنے یہہ یوسف وقت ذبح ہوجاے آخر کو بعد رد و کد بسیار یہہ بات ٹھہری کہ
سجاح کاہنہ کے پاس انکو لیجلو جو وہ کہے اوسپر عمل کرنا چاہئے سب کے سب
خواجہ عبداللہ کو لئے ہوے اوس کاہنہ کے پاس آے اور اوس سے
صورت حال بیان کی اوس نے کہا کہ آدمی کی دیت تمہارے ہان دس
اونٹ ہین پس ایک طرف عبداللہ کو رکہو اور ایک طرف دس اونٹ رکہو اور
قرعہ ڈالو جہان تک عبداللہ کا نام نکلتا جاے دس اونٹ زیادہ کرتے جاؤ
جب اونٹونکے نام قرعہ پڑے سمجہہ لو کہ عبداللہ کا فدیہ ہوگیا چنانچہ اوسکے
کہنے کے موافق کیا گیا برابر قرعہ عبداللہ کے نام پڑتا گیا گیارہوین بار قرعہ
اونٹون کے نام سے پڑا اور سو اونٹونکی تعداد پوری ہوگئی خواجہ عبدالمطلب نے
ان سب اونٹون کو اللہ کی راہ مین ذبح کرکے مساکین اور مستحقین کو کہلا دیا
اسوقت عمر عبداللہ کی پچیس برس اور ایک قول کے موافق تیئس ۲۳ برس کی تہی۔
یہہ وجہہ تہی کہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرمایا کرتے تہے۔
أَنَا ابْنُ الذَّبِيحَيْنِ مین دو ذبیحونکا بیٹا ہون ایک میرے باپ عبداللہ اور
ایک میرے جد اعلی حضرت اسمعیل علیہ السّلام۔

روضۃ الاحباب مین ہے کہ جس شب کو عبداللہ پدر بزرگوار حضور پرنور
سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پیدا ہوے ہین اہل کتاب کو
معلوم ہوگیا کہ پیغمبر آخرالزمان کی ولادت کا زمانہ قریب آگیا اسلئے کہ اونکے پاس

ایک سفید پیراہن صُوف کا تہا جو حضرت یحیی پیغمبر علیہ السلام کے بدن مبارک
کا تہا اور یہہ مضمون اونکی کتب سماویہ سے ثابت تہا کہ جب یہہ پیراہن سرخ
ہوجاے اور خون کے قطرے اوس سے ٹپکین تو یہہ علامت پیغمبر آخرالزمانکی
ولادت کے قُرب کی ہے خواجہ عبداللہ کی ولادت کی شب کو یہہ اثار اوس
پیراہن سے ظاہر ہوے تہے اور یہہ بہی یہود کو پتا لگ گیا تہا کہ جس شب
وہ پیراہن خون آلود ہوا ہے اوسی شب عبداللہ پیدا ہوے ہین الغرض
جب عبداللہ جوان ہوے تو بڑے شجاع اور پہلوان اور تیرانداز ہوے
اور اکثر اوقات شکار مین مصروف رہتے ایک دن عبداللہ شکار مین مصروف تہے
وہان ۹۰ آدمی اہل کتاب سے گہوڑون پر سوار آپہونچے شام کیطرف سے
تلوارین برہنہ اونکے ہاتہون مین تہین اور خواجہ عبداللہ کیطرف بارادۂ
قتل متوجہ ہوے۔ وہب بن مناف بہی اوسی جنگل مین مصروف شکار تہے
اونہون نے جو یہہ واقعہ دیکہا تو ادہر بڑہے کہ جلد پہونچکر خواجہ عبداللہ کی
اعانت کرین ناگاہ چند سوار ابلق گہوڑون پر سوار غیب سے ظاہر ہوے
اور وہ فرستے تہے کہ بحکم خداوند آسمان وہان نازل ہوے تہے کہ خواجہ عبداللہ
کو اوس گروہ بے شکوہ کے شر سے بچائین اور یہہ شرآدمی تہے طرفۃ العین
مین ہلاک کر ڈالا وہب بن مناف نے جو یہہ واقعہ ملاحظہ فرمایا تو خواجہ عبداللہ
کی عظمت وبزرگی اونکے دلمین گہر کرگئی اور خیال کیا کہ اپنی دختر نیک اختر بی بی
آمنہ خاتون کا عقد عبداللہ سے کردون جب مکان پر آئے تو اپنی زوجہ
سے کل واقعہ بیان کیا اونکی زوجہ نے بہی انکی راے سے اتفاق کیا تو سماۃ
برہ بنت اُمِ حبیبہ بنت برہ بنت قلابہ بنت اسیمہ بنت دب بنت لیلی بنت عوف
والدۂ بی بی آمنہ زوجہ وہب بن زہرہ بن کلاب بن مُرہ نے عبدالمطلب کو

پیغام بہیجا وہ خود اس تلاش مین تہے کہ اگر کوئی لڑکی نیک بخت صاحب جمال
باحسب ونسب ملجاے تو عبداللہ کا عقد کردون جب حضرت بی بی آمنہ خاتون
کو جملہ صفات حمیدہ سے موصوف پایا فوراً رضامند ہوگئے اور باہم خطبے کا
طریق قایم ہوگیا اور بعد چندے شعب ابیطالب مین عقد سے فراغت
حاصل ہوئی اہل سیر کے نزدیک شب جمعہ اوسط ایام تشریق قریب جمرۃ الوسطی
نور محمدی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم صُلب پدر سے طرف بطن مبارک
حضرت والدہ ماجدہ کے متوجہ ہوا یعنے حضرت بی بی آمنہ خاتون
بارور ہوئین حضرت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ اس جمعہ کی شب کو
لیلۃ القدر سے افضل جانتے ہین اسلیے کہ تمام خیر و برکات کا سرچشمہ آپ ہی کی
ذات مبارک ہے جو اوس عالم سے اس عالم کیطرف تعلیم توحید کے لئے بہیجی گئی
ہے پہر ایسی برکت تا دور قیامت دنیا مین نازل نہوگی۔ اسی سال کفار عرب
نے جمادی الثانی مین حج ادا کیا تہا اونکا معمول تہا کہ جب وہ حج بہول جاتے
تہے تو تقدیم و تاخیر کا خیال نہ کرتے تہے غیر ماہ ذیحجہ بہی حج کرلیا کرتے تہے۔
روایت ہے کہ اس رات فرشتون کو حکم ہوا کہ تمام عالم کو منور کردین
رضوان خازن بہشت کو ارشاد ہوا کہ دروازے بہشت کے کہولکر مشام
ملکوت وجبروت ولاہوت کو معطر کرے مالک کو فرمان پہونچا کہ آتش دوزخ کو
آجکی رات سرد کردے اور تخت شیطان کہ بین السماء والارض ہوا پر معلق تہا
اولٹ دیا گیا اور وہ مردود چالیس شبانہ روز جبل ابوقبیس پر بحالت اضطراب
واویلا کرتا رہا اوسکی ذریات نے آکر اوس سے اس فریاد وزاری کا سبب
پوچہا اوسنے بیان کیا کہ آجکی شب پیغمبر آخر الزمان کی والدہ بارور ہوئین وہ
زمانہ آگیا کہ شرک وکفر بے حقیقت ہوگئے اور لات ومنات کی پرستش دنیا سے

جاتی رہی - عزّیٰ و ہُبل کی پوجا نیست و نابود ہوجائیگی - باطل اس جہان سے
حرف غلط کیطرح حک ہوجائیگا ہر طرف سے نعرہ الحق والحق کی صدائین
بلند ہونگی زناکاری - شراب خواری - قمار بازی - سود خواری حرام کردیجائیگی
ہماری آمد و رفت آسمانپر اب نہوسکے گی - عدل و انصاف کا دور ہوگا نہ ظلم رہیگا
نہ جور ہوگا تمام روے زمین مسجد ہوجائیگی اوس وحدہٗ لاشریک کی عبادت
عام ہوجائیگی - **روایت** ہے کہ جس شب نور محمدی نے بطن مبارک
والدۂ ماجدہ کو مشرف فرمایا ہے اوسکی صبح کو تمام بتخانون کے بت موہنہ کے
بل زمین پر گرے ہوے پاے گئے اور شیاطین آسمان پر جانیسے روکدیے گئے
اور آسمان و زمین نور محمدی سے روشن ہوگئے وحوش و طیور نے کلام کیا -
روایت ہے کہ قبل انتقال نور محمدی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
خواجہ عبداللہ مسماۃ رُقیقہ بنت نوفل کیطرف سے گذرے اور ایک روایت
مین مسماۃ قُتیلہ - اور ایک روایت فاطمہ شامیہ اور ایک روایت مین خَثعَمیہ
بفتح خاے معجمہ وسکون ثاء مثلثہ وفتح عین مہملہ یعنی فاطمہ کہ منسوب بقبیلہ
خثعم تھی تو وہ آپ کو دیکھکر بیخود ہوگئی اور بولی کہ اے عبداللہ مین تجھے
سَو اونٹ دونگی اگر تو میری مراد کے موافق ہو آپنے فرمایا کہ یہہ بات بغیر نکاح
ممکن نہین اوسنے بہت اصرار کیا مگر آپکا دامن عصمت وطہارت اوس لوث
سے بچا رہا اور آپ نے اوس سے حیلہ کیا کہ مین گھر جاتا ہون وہان سے
پلٹ کر ابھی آتا ہون پھر آپ دولت سراے اقبال مین تشریف لاے
اور نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوسی وقت منتقل ہوا بطن مبارک
والدۂ ماجدہ کیطرف پھر جو آپ اوسکی طرف ہوکر گذرے تو اوسنے آپکی طرف
کچھہ التفات نکیا آپ نے اوس گرم جوشی اور اس بے توجہی کا سبب پوچھا

اوسنے کہاکہ مین علم کہانت مین ید طولی رکھتی ہون مجھے اوس علم کے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ تیرے صلب مین پیغمبر آخر الزمان ہے مینے تمنا کی تہی کہ وہ میرے بطن سے پیدا ہو مگر میرے مقدر مین نہ تہا ور نہ مین زانیہ اور بدکار عورت نہین ہون اپنی زوجہ کو میری طرف سے مبارکباد دے کہ وہ اس دولت سے بہرہ مند ہوئی اور اوسکو یہہ خبر دی کہ تیرے پیٹ مین بہترین اہل زمین ہے اور بعض اہل سیر کا قول ہے کہ یہہ عورت ام قتال ورقہ بن نوفل کی بہن تہی اوسنے اپنے باپ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ذکر سنا تہا کہ وہ بنی اسمعیل سے ہونگے اس لئے نور محمدی خواجہ عبداللہ کی پیشانی مین جلوہ گر دیکھکر یہہ خواہش کی تہی۔

روایت ہے کہ ان دنون قحط وخشک سالی کے سبب سے قریش پر بڑی سختی تہی حضور پرنور کی برکت سے خوب پانی برسا اور تمام دنیا سرسبز ہوگئی اور غلہ بہت پیدا ہوا کاشتکار مالدار ہوگئے اسی ارزانی کی خوشی مین عرب نے اس سال کا نام سَنَةُ الْفَتْحِ وَالْاِبْتِہَاج رکھا۔

روایت ہے کہ بی بی **آمنہ خاتون** کے حمل پر دو مہینے گذرے تہے کہ خواجہ عبداللہ حضور پرنور کے والد ماجد قافلہ قریش کے ساتھہ تجارت کیلئے ملک شام کو گئے تہے وہان سے جب واپس ہوے تو بیمار ہوکر مدینہ مین اپنے ماموں کے گہر انتقال فرمایا اور **دار نابغہ** مین دفن ہوے **نابغہ** نعمان بن منذر کے شاعر کا تخلص تہا دار نابغہ اوسیکا مکان تہا۔

روایت صحیحہ مین ہے کہ حضور پرنور اپنی والدہ ماجدہ کے بطن مبارک مین پورے نو مہینے رہے نہ زیادہ نہ کم اور جیسا کہ عورتونکی عادت ہے کہ زمانہ حمل مین بدمزگی طبیعت اور ناخوشی خاطر رہا کرتی ہے آپکی والدہ ماجدہ کو

ان مین سے کوئی بات لاحق نہوئی آپ فرماتی تہین کہ زمانہ حمل مین مجہے کبہی یہہ بات نہین معلوم ہوئی کہ مین باردار ہون۔

روایت آپ فرماتی ہین کہ ایک رات مین درمیان بیداری وخواب کے تہی کہ ایک آواز میرے کان مین آئی کہ تو حمل سے ہے اور تیرے حمل مین بہترین خلایق ہے اوسوقت سے مینے جانا کہ مین باردار ہون اور مدت حمل تک ہر مہینے میرے کانون مین یہہ آواز آتی تہی کہ اے آمنہ تجہے مبارک ہو کہ ابوالقاسم کے ظہور کا دن آپہونچا۔

ولادت باسعادت حضور پر نور

روایت ہے کہ بعد نو مہینے کے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم طلوع صبح صادق کے بعد اور آفتاب نکلنے سے پہلے دوشنبہ کے دن بارہوین ربیع الاول کو بالاتفاق سرائے محمد ابن یوسف نزار مین مختون ومسرور مستقبل قبلہ دونون ہاتہ زمین پر رکہے ہوے اور سر مبارک آسمانکی طرف اوٹہاے ہوے پیدا ہوے

غزل مولف۔ مطلع اول

مقدس ہوگئی دنیا ہوا غل شہ کی آمد کا	۱	بتون نے سر جہکا کر پڑہ لیا کلمہ محمد کا
زبان وہ پاک ہے جسنے پڑہا کلمہ محمد کا	۲	وہ دل روشن ہی جسمین جلوہ ہوا انوار احمد کا
ملایک کا وظیفہ ہے فلک پر نام احمد کا	۳	زمین پر پڑہ رہے ہین آدمی کلمہ محمد کا
ملایک چیخ اوٹہی مژدہ سنا جب شہ کی آمد کا	۴	خدا کا شکر ہی دنیا مین چمکا نور احمد کا
کہا فاران کی چوٹی نے سجدہ شکر کا کرکے	۵	الٰہی تونے چمکایا ہے بہبر نور احمد کا
وجود پاک شاہ انبیا اول ظہور آخر	۶	قیامت تک بس اب ڈنکا بجیگا دین احمد کا

حضور اس عالم ظاہر مین اب تشریف لاآے	۷	زمین سے عرش پر مژدہ گیا ہی آمد آمد کا
ہوئی ہین جمع روحین انبیا کی آکی مکہ مین	۸	خدا کا شکر ہی وقت آگیا حضرت کی آمد کا
فلک پر ماہ چمکے جتنا بیشک اسکو زیبا ہی	۹	یہہ کہتا ہی کہ اک ذرہ ہی مجہہ مین نور احمد کا
سبب یہہ ہی جو طوبی مین ہی اسدرجہ کی رعنائی	۱۰	یہی تو ہی جو سایہ لے اوڑا ہی آپکے قد کا
نظر آتی ہی چادر چاند تارونکی جو یہہ ہمکو	۱۱	کہنچا ہی چرخ پر نقشہ رسول اللہ کی مسند کا
کری چارو نظر فسے کیون نہ اسکو آسمان حسد سے	۱۲	زمین کو فخر حاصل ہی رسول اللہ کے مرقد کا
نماز صبح پڑہکر پہر گئے طیبہ کی جانب کو	۱۳	یہین سے طوف کر لیتے ہین عاشق اپنی معبد کا
جو کچہہ سامان شاہانہ ہی سب موجود ہی آئین	۱۴	یہہ دنیا اک جلو خانہ ہے سرکار محمد کا
نظر کی ہمنے جب اسمین تو وہ روضہ نظر آیا	۱۵	بحمد اللہ ہمارا دل مدینہ ہے محمد کا
فلک گردش مین کیا بیفائدہ ہی مین سمجہتا ہون	۱۶	طواف اسپہ ابد تک فرض ہی حضرت کے مرقد کا
ضرور اللہ حل کرتا ہی مشکل اپنے بندونکی	۱۷	مصیبت مین مجرب ہے وظیفہ یا محمد کا
مدار اہل توکل کا ہی اس نام مبارک پر	۱۸	کشود کار کا باعث ہے پڑہنا یا محمد کا
جہانتک نخل طوبی خلد مین ہین اوسکی شاخین ہین	۱۹	زمین سے اوٹہ گیا سایہ رسول اللہ کی قد کا
مدینے کے حرم مین نام جسکا باب رحمت ہے	۲۰	وہی ہی ایک دروازہ جہانمین فیض سرمد کا
نہو اولاد کو امید کیون اوس ذات اقدس سے	۲۱	گنہ حضرت نے بخشا یا ہی اپنے جد امجد کا
بہی اس فن مین شاگرد خدا کا ہی لقب حاصل	۲۲	اوسی نے مجہکو بتلایا طریقہ نعت احمد کا
مرے زیر نگین ملک سخن ہی ایک مدت سے	۲۳	دکہایا نعت نے جوہر مری تیغ مہند کا
فنافی اللہ علم فقر کی ہے انتہا اکبر	۲۴	فنا ہی ذات مرشد نام ہی اس فن کی ابجد کا
ملک نے مجہسے پوچہا قبر مین تو کسکا عاشق ہے	۲۵	کہا مینے محمد کا محمد کا محمد کا

اسی تاریخ اور اسی مہینے مین حرمین شریفین کے عملا اور اکابر مجلس میلاد شریف کرتے ہین یعنے شب دوازدہم ربیع الاول کو اور آداب و مناسک بجا لاتے ہین

اور علماے باتحقیق وقت میلاد تعظیم بہی کہڑے ہوکر بجالاتے ہین اور اہل مکہ
اب تک زیارت مقام مولد شریف کرتے ہین اور اس مقام کو متبرک جانتے ہین
اور وہ دولت سراے اقبال مکہ معظمہ کے ایک کوچہ مین واقع ہے کہ اوسکو
زقاق المولد کہتے ہین اور وہ کوچہ ایک شعب مین ہے کہ مشہور شعب بنی ہاشم
ہے اور جو بعض کہنے والے کہتے ہین کہ ولادت شریف حضور پر نور رمضان مبارک
مین واقع ہوئی ہے اور دلیل اوسکی یہہ لاتے ہین کہ علوق نطفہ محمدیہ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم شب عرفہ یا اوسط ایام تشریق مین واقع ہوا اور مدت
حمل کے پورے نو ۹ مہینے تہے اس حساب سے نصف ماہ ذی الحجہ سے نصف ماہ
رمضان تک نو مہینے ہوتے ہین اس قول کی تطبیق قول اشہر مین یون ہوتی ہی
کہ اگر کسی حادثہ کی وجہ سے ذی الحجہ مین حج نہ کرسکتے تو کسی دوسرے مہینے
مین ارکان حج بجالاتے تہے چنانچہ سال میلاد شریف مین عرب نے جمادی الثانی
مین حج کیا تہا اس تقدیر پر ربیع الاول پورا نوان مہینا ہوتا ہے کذا فی روضۃ
الاحباب **فائدہ** شیخ جلال الدین سیوطی کی تحقیق یہہ ہے کہ سترہ ۱۷ رسول
پیدائشی مختون ہین۔ آدم۔ نوح۔ سام۔ شیث۔ ادریس۔ صالح۔ ہود
یوسف۔ لوط۔ شعیب۔ موسی۔ سلیمان۔ زکریا۔ حنظلہ۔ یحیی۔ عیسی
محمد مصطفے صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم۔ اور صاحب دُرمختار نے مسائل
شتی جلد اخیر مین لکہا ہے اور کتب معتبرہ سے اسکا استنباط ہے کہ جس دن
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پیدا ہوے ہین اوسدن واقعہ اصحاب فیل
سے چالیس ۴۰ یا پچیس ۲۵ یا پچپن ۵۵ دن گذرے تہے اور نوشیروان بادشاہ تہا اور
اوسکی سلطنت پر بیالیس ۴۲ برس گذر چکے تہے۔ اور سکندر رومی کے انتقال کو
آٹہہ سو بیاسی ۸۸۲ برس ہوے تہے۔ اور ہبوط آدم علیہ السلام سے چہ ہزار تین سو اکاون ۶۳۵۱

برس قمری اور دو سو انتیس روز ہوے تھے اور اہل حساب کے نزدیک بیسوین یا اٹھائیسوین شہور رومیہ سے تھی اور ستر ہوین دے ماہ فارسی سے تھی جس شبکو حضرت سرورعالم صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوے نوشیروان کا محل زلزلے مین آیا اور چودہ کنگرے اوسکے گر پڑے اور یہ اشارہ اسطرف ہے کہ اوسکی اولاد مین چودہ آدمی اور بادشاہ ہونگے اور پھر یہ سلطنت قبضہ اسلام مین آجائیگی چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور آتشکدہ فارس جسکی آگ ہزار برس سے کبھی نہین بجھی تھی وہ شب میلاد حضور پر نور کے دن سرد ہوگئی۔ اور دریاے ساوہ جو بڑے زور و شور سے بہتا تھا خشک ہوگیا۔ اور دہانہ سماوہ جو ہزار برس سے سوکھا پڑا تھا اوسمین سے پانی جاری ہوگیا اس سے یہہ اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ آتش پرستونکے مذہب کی گرم بازاری سرد ہوجائیگی اور دریاے کفر مین خاک اوڑنے لگے گی اور اسلام کی ترقی کا دریا موجزن ہوجائیگا۔ ان واقعات سے نوشیروان بہت گھبرایا اور بہت دنون تک خائف رہا مگر اس حال کو اوسنے کسی سے بیان نہین کیا یہانتک کہ فارسیونکے قاضی القضات نے جسے اونکی زبان مین موبدان کہتے ہین یہ خواب دیکھا کہ شتران تند و سرکش عربی گھوڑون کو کھینچتے ہین یہانتک کہ دجلے سے گذر گئے اور بلاد مین پھیل گئے موبد نے اسکی تعبیر یون کہی کہ عرب کے ملک مین کوئی حادثہ برپا ہوگا جس سے عجم کا ملک مغلوب ہوجائیگا نوشیروان ان واقعات سے بہت پریشان ہوا اور اوسنے نعمان ابن المنذر کو لکھا کہ کوئی عمدہ نجومی میرے پاس بھیجدے کہ اوس سے مین ان واقعات کو دریافت کرون۔ نعمان نے عبدالمسیح ابن عمرو غسانی کو بھیجا۔ نوشیروان نے اوسے ان واقعات سے مطلع کیا اور اسکی تشریح اوس سے چاہی اوس نے کہا کہ یہہ سب واقعات کسی حادثہ عظیم الشان پر دلالت کرتے ہین مگر تعین وقت حادثہ سے میرا ماموں جسکا نام سطیح ہے جواب دیسکتا ہے اور یہہ سطیح وہ شخص تھا کہ جو ایام سیل عرم مین پیدا ہوا تھا عمر اوسکی چھ سو برس کی تھی

اور بڑا کاہن شاطر اپنے علم مین ماہر تہا اور ہیئت ترکیبہ بدن اوسکی قدرت
حق کی ایک اعجوبہ نشانی تہی کہ تمام بدن مین جوڑ بند نہ تہے قدرت نشست
و برخاست نرکہتا تہا مگر جب غضب مین آتا تو ہوا مین بہرتا اور بیٹہتا اور اعضا
مین ہڈی نتہی سوا ے استخوان جمجمہ کے اور کنارے ہاتہہ اور او نگلیون کے
گویا ایک سطح گوشت کی تہی جسوقت اوسکو کہین لیجانا چاہتے تو لپیٹ لیتے
جیسے کپڑے کو لپیٹ لیتے ہین نہ اوسکا سر تہا نہ گردن اور مُنہ اوسکا سینہ پر
تہا جب کوئی غیب کی بات پوچہتا تو اوسکو ہلاتا جیسے دہی کی مشک کو
ہلاتے ہین تو اوسمین دم پڑتا اور وہ جواب دیتا۔ وہب ابن مُنبّہ سے
روایت ہے کہ ایک جن اوسکا دوست تہا وہ غیب کی خبرین اوسکو بتایا کرتا تہا
اور یہہ وہ جن تہا جس نے طور سینا پر اللہ تعالی شانہ کا کلام جو موسیٰ سے
ہوا تہا سنا تہا الغرض نوشیروان نے عبدالمسیح کو سطیح کے پاس بہیجا
جسوقت عبدالمسیح سطیح کے شہر مین پہونچا تو اوسے سکرات موت مین پایا وقت
ملاقات بعد سلام نوشیروان کی جانب سے پیام پہونچایا سطیح نے جواب نہ دیا
عبدالمسیح نے سطیح کو ہلایا اور چند بیتین جسمین کسری کا سوال نظم تہا پڑہین سطیح نے
جب اونکو سنا تو جنبش کی اور کہا عبدالمسیح آیا ہے سطیح کیطرف تیکھے ہوئے اونٹ پر
سوار اور سطیح قریب اسکے ہے کہ قبر مین داخل ہو بہیجا ہے تجہکو ملک ساسان
یعنے نوشیروان نے بسبب اضطراب و تزلزل ایوان اور گر پڑنے کنگرونکے
اور بجہنے آتشکدہ فارس کے اور خواب قاضی موبدان کے کہ سرکش اونٹ
عربی گہوڑون کو کہینچتے ہین یہانتک کہ دجلے سے گذر گئے اور بلاد فارس مین
منتشر ہوے اے عبدالمسیح مین کہتا ہون کہ جسوقت ظاہر ہو تلاوت قرآن کی
اور اوٹہین پیغمبر صاحب عصا۔ اور دریاے سماوہ مین پانی جاری ہو اور

دریاے ساوہ خشک ہوجاے۔ اور فارس کا آتشکدہ سرد ہوجاے اور
بابل فارسیونکا مقام نرہے اور نہ شام سطیح کا خوابگاہ یعنی سطیح زندہ نہو سلطنت
عجم تمام ہو صرف چودہ آدمی سلطنت کیانی پر تخت نشین ہون اے عبدالمسیح
جو کچھہ ہونے والا ہے ظاہر ہوگا اور واقعات اس زمانہ کے افسانہ ہونگے
چنانچہ یہہ کلام کرکے سطیح مرگیا اور عبدالمسیح نے یہہ جواب کسریٰ سے بیان کیا
کہ چودہ کنگرے جو گرے ہین وہ چودہ آدمی تمہارے خاندان کے ہین جب
یہہ آدمی بادشاہی کرچکین گے تو سلطنت تمہارے خاندانکی تمام ہوجائیگی
مگر اسکو مدت مدید چاہیئے لیکن تقدیر الٰہی سے غافل تھا دس بادشاہ تو صرف
چار ہی برس مین مرگئے اور بادشاہونکی حکومت حضرت خلیفہ ثانی عمر فاروق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت تک رہی اور خلافت خلیفہ ثالث مین وہ بھی
جاتی رہی۔ جو باتین سطیح نے کہین تھین وہ سب واقع ہوئین اور یزدجرد
کا ملک سال اکتیس ۳۱ ہجری مین بسرکردگی حضرت سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ
تعالےٰ عنہ فتح ہوا۔ اور یزدجرد آخر خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مین
ایک آسیابان کے ہاتھہ سے مرو کے جنگل مین مارا گیا پھر اونمین کوئی بادشاہ
نہوا فن تاریخ کے محققین فرماتے ہین کہ بعد سطیح کے کوئی کاہن راست گو ثابت
نہین ہوا۔ اور عبداللہ ابن عمرو ابن عاص سے روایت ہے کہ اہل شام
مین ایک درویش عیص نام اکثر کہا کرتا تھا کہ اے اہل مکہ تم مین ایک لڑکا
پیدا ہوگا جسکے مطیع عرب و عجم ہونگے اور قریب تر ہونے والا ہے چنانچہ
جب کوئی لڑکا مکہ مین پیدا ہوتا تو وہ اوسکے حالات پوچھتا حتیٰ کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پیدا ہوے تو عبدالمطلب نے اوسکو آگاہ کیا
تو اوسنے کہا کہ یہہ وہی لڑکا ہے تم نے اسکا نام کیا رکھا ہے عبدالمطلب نے کہا

محمدؐ نام ہے اوسنے کہا کہ مجھکو اسکی تین۳ علامتین معلوم ہین ایک تو یہہ کہ شب گذشتہ مین ستارا اسکا طالع ہوا۔ دوسری علامت یہہ ہے کہ دوشنبہ کو پیدا ہوا۔ تیسری علامت یہہ ہے کہ اسکا نام محمدؐ رکھا گیا۔ اور فاطمہ ثقیفہ بنت عبد اللہ مادر عثمان ابن ابی العاص کہتی ہین کہ تولد حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے وقت مین آمنہ کے پاس موجود تھی تو مجھکو ایک نور ایسا نظر پڑا جس سے تمام گھر روشن ہوگیا۔ اور ستارہ آسمانی ایسے نزدیک آگئے کہ مجھے گمان ہوا کہ مجھپر یا آمنہ پر گر پڑینگے۔ ۵

حضور آئی زمین پر زمین ہوئی روشن
عرب کا ملک کا ملک آج ہوگیا گلشن

زمین کو چوم رہے ہین فلک کے سیارے
زمین ہی عرش پر اب انبساط کی مارے

زمین فخر کرے جسقدر وہ زیبا ہے
بلند عرش سے بھی آج اسکا رتبا ہے

تلاش جسکی فلک کو تھی ایک مدت سے
وہ انجمن مین نکل آیا آج خلوت سے

ہوے سلام کو حاضر فرشتگان خدا
کہ وہ خدا سی نہین ہے کسی جگہہ بھی جدا

سلام آپکو کرتا ہے آپ کا جبریل
سلام کرنیکو حاضر ہوا ہے میکائیل

حضور حاضر خدمت ہوا ہے اسرافیل
سلام لیجئے اسکا بھی یا نبی جلیل

فرشتگان خدا کی کھڑی ہوئی ہی صف
سلام کرتے ہین وہ آپ دیکھین اونکی طرف

اب اپنی امت عاصی کا بھی لین سلام حضور
نگاہ لطف ادھر بھی ہوای خدا کے نور

امت عاصی کا سلام

السّلام اے شفیع روز نشور
السّلام اے خدا ے پاک کے نور

یا رسول خدا اسلام علیک
یا نبی النور اسلام علیک

آپ پر یا حبیب حق ہو سلام
آپ مالک ہمارے ہم ہین غلام

ہو گنہگاروں کا سلام قبول — یا نبی آپ ہین ہمارے رسول
آپ کی شان شانِ رحمت ہے — ہم گنہگارون پر عنایت ہے
شافع مذنبین سلام علیک — خواجہ راستین سلام علیک
مرحبا مرحبا سلام علیک — یا حبیب خدا سلام علیک
دلبر یار غار تمپہ سلام — ہر گھڑی لاکھہ بار تمپہ سلام
ہو عمر کے شفیق تمپہ سلام — یا غنی کے رفیق تمپہ سلام
مرتضیٰ کے برادر پُرنور — ہو وظیفہ مرا سلام حضور
اپنے اکبر کے حال پر ہو نگاہ — کہولدو اسپر اب خدا کی راہ

جب حضور پر نور نے فرش زمین پر قدم ناز رکھا پروردگار نے ارشاد فرمایا۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ دنیا مین آپ کی تشریف آوری اللہ کیطرف سے بندون پر خاص احسان ہے چنانچہ وہ مالک الملک خود ارشاد فرماتا۔ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا ترجمہ۔ ہر آئینہ بے شک اللہ کا مومنین پر احسان ہے جسوقت پیدا کیا اونہین لوگون مین سے رسول۔ **بھائیو سنو اور غور سے سنو** حضور پر نور کی تشریف آوری سے پہلے تمام دنیا خصوصاً ملک عرب کی جو کیفیت تھی ظاہر ہے بیان کرنیکی ضرورت نہین کعبہ شریف جو تمام جہانین خدائے لاشریک کی عبادت کے لئے بنایا گیا تھا اوسکے اندر تین سو ساٹھہ بتونکی پوجا ہو رہی تھی عرب کے رہنے والے کسی ایک مذہب کے پابند تھے جتنے آدمی اوتنے ہی مذہب تھے ہر آدمی اپنے مالک حقیقی کو بھولا ہوا تھا سوائے اپنے ہاتھون کے بنے ہوے بتون کے کوئی خالق زمین و آسمان کو پہچانتا ہی تھا کتنا بڑا احسان اللہ تعالے شانہ کا اپنے بندون پر ہوا کہ

اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کے ذریعہ سے اوس ٹوٹے
ہوے رشتہ کو نئے سرے سے جوڑ دیا اور ہر دل مین اپنی محبت کی لاگ
لگا دی اور اوس برگزیدہ نبی نے اپنی جان مبارک کو خطرے مین ڈالکر
ہمین کفر و شرک کی اندھیری کوٹھری سے نکالکر نہایت روشن انجمن مین
لاکر بٹھا دیا الحمد للہ علی احسانہ

صحف انبیا علیہم السلام مین حضور کی بشارت صحیفہ آدم
علیہ السلام مین آپکی بشارت یہہ ہے کہ مین مکہ کا خداوند ہون وہانکے
رہنے والے میرے ہمسایہ ہین اوسکی زیارت کرنے میرے مہمان جاتے ہین
اوسکی تعمیر بلند کرونگا ابراہیم سے اور آبادی اوسکی منتہی کرونگا تیرے ایک
فرزند پر جسکا نام محمد ہے اور وہ خاتم النبیین اور میرے گہر کا خاص والی ہوگا
صحیفۂ ابراہیم مین ہے کہ مینے تیری دعا اولاد اسمعیل کے حق مین
قبول کی اور اوسکی اولاد مین سے محمد نام میرا مقبول اور درجہ دیا ہوا
پیدا ہوگا وہ میری وحی پہونچائیگا ایسی امت کو جو سب امتون سے
بہتر ہے **توریت** مین ہے کہ محمد بیٹا عبد اللہ کا پیدا ہوگا مکے مین اور
ہجرت کریگا مدینہ مین اور ملک شام مین اوسکا راج ہوگا اوسکی امت کے
لوگ شکر گذار ہونگے اور ناف تک کمر بند باندہینگے - اور اطراف بدن پر
وضو کرینگے اور بلندی پر اذان کہینگے اور نماز مین صف سیدہی کرینگے
حیقوق پیغمبر جو دانیال پیغمبر کے ہمعصر تہے اونکی کتاب مین ہے کہ
لایا اللہ برکت اور پاکیزگی مکہ کے پہاڑ و نیرا اور بہر گئی زمین تقدیس اور
تحمید احمد سے اور اوسی کتاب مین ہے کہ نورانی ہوگیا آسمان روشنی محمد
سے اور بہر گئی زمین اوسکی تعریف سے اور **صحیفۂ اشعیا** مین ہے

کہ میرا پیارا بندہ کہین اوس سے خوش ہون ڈالتا ہون اوسمین روح اپنی بہیجتا ہون اوسپر وحی اپنی دونگا اوسکو وہ دونگا جو کیسکو نہین دیا وہ احمد ہے وہ میرا نور ہے اوسکے تابع ہونگے جن وانسان انتہی۔ زبور مین چند مقام پر آپ کے اوصاف جمیلہ مذکور ہین کہ کسی نبی پر سوا ے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے منطبق نہین ہوسکتے۔ انجیل مین ہے کہ خدا تمکو فارقلیط دیگا وہ روح صادق ہے وہ تمکو سب چیزین سکہلا دیگا اب واقع ہونے سے پہلے تمکو خبر دیتا ہون تاکہ تم اسوقت یقین کرو وہ تمکو تمام سچے حکم بتلا دیگا اور اپنی طرف سے کچہ نہ کہیگا بلکہ جو خدا سے سنیگا وہ کہے گا اور آیندہ کی تمکو خبر دیگا یہہ مختصر خلاصہ ہے یوحنا کی انجیل کی عبارت کا۔ اسکے سوا اور بہت سی روایتین اس بات پر دلالت کرتی ہین کہ آپکا تذکرہ قدیم الایام سے اہل کتاب مین جاری تہا۔ ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہما سے روایت ہے کہ زمانہ سلف مین تبع نام ایک شخص تہا مدینہ والون نے اوسکے بیٹے کو مار ڈالا تہا وہ اس قصد سے آیا کہ مدینہ کو اوجاڑ دے اوسوقت یہود کے جو بڑے بڑے علما تہے وہ مجتمع ہوکر اوسکے پاس گئے اور اوس سے کہا کہ ہرگز ایسا نہ کیجیو اس لئے کہ یہہ شہر نبی آخر الزمان کا مقام ہجرت ہے اور اپنی کتابون سے آپکی بشارتین اوسکو سنائین وہ بہت مشتاق ہوا اور غائبانہ آپ پر ایمان لایا اور ایک خط آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نام مبارک سے لکہا اور اوسمین اپنے ایمان کی شہادت تحریر کی اور شمویل یہودی کو جو یہود کے علما مین سب سے بڑا عالم تہا دیا اور وصیت کی کہ اگر تم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا زمانہ پاؤ تو یہہ میرا خط اور میرا اسلام حضرت کو پہونچانا اور اگر تمہارے زمانہ مین آپ کا ظہور نہو تو

اپنی اولاد کو وصیت کرجانا کہ یہہ خط اور میرا سلام جو حضرت کا زمانہ پائے
وہ پہونچاوے چنانچہ شامول یعنے شموئیل کی اولاد مین اوس نامہ مبارک
اور سلام حضور کی وصیت پشت در پشت ہوتی چلی آئی آخر کو اکیسوین پشت
مین حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالٰے عنہ پیدا ہوے اور روہ خط
حضور پرنور کے سامنے پیش کیا اور ایمان لاے اور اجل صحابہ مین شمار
کیئے گئے **محمدؒ ابن اسحاق** نے کتاب المغازی مین لکھا ہے کہ اوسوقت
چارسو علمائے توریت عہد باندھکر مدینہ مین ٹھہرے کہ نبی آخرالزمان کی
صحبت کے شرف سے مشرف ہون اور اس تبّع نے ہرایک کے واسطے
ایک ایک گھر بنادیا اور مال کثیر اونکو عنایت کیا **اور جُبیر ابن مُطعم**
روایت کرتے ہین کہ جسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کا مکہ معظمہ مین شہرہ ہوا مین ملک شام کو گیا ہوا تھا جب بصرے مین پہونچا
تو وہان لوگون نے مجھسے پوچھا کہ تو حرم سے آتا ہے مینے کہا ہان تو وہ
بولے کہ تو پہچانتا ہے صورت اوس شخص کی جو مکہ مین دعوی نبوت کررہا ہی
مینے کہا کہ ہان وہ میرا ہاتھہ پکڑکر کلیسا مین لے گئے اور بہت تصویرین
دکہائین مینے کہا اونکی تصویر انمین نہین ہے پہر وہ لوگ مجھکو ایک بڑے
کلیسا مین لے گئے اور بہت سی تصویرین دکہائین مینے آن حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی شبیہ مبارک پہچانی اور حضرت ابوبکر
رضی اللہ تعالی عنہ کی بہی تصویر دیکہی کہ وہ آنحضرت کا زانوے مبارک
پکڑے ہوے ہین اون لوگون نے مجھسے پوچھا کہ تم نے اونکی تصویر پہچانی
مینے کہا ہان پہچان لی مگر اونکو نہ بتایا تاکہ اونکی معلومیت کا امتحان
ہوجاوے تو وہ لوگ خود بیان کرنے لگے کہ وہ تصویر یہہ ہے مین نے

اون لوگون سے کہا کہ ہان یہی ہے پہر اون لوگون نے پوچھا کہ یہہ دوسرا شخص کون ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا زانوے مبارک پکڑے ہوئی ہے مینے کہا کہ یہہ آپ کے مصاحب ہین اور سب سے پہلے آپ کی نبوت کی تصدیق آپ ہی نے کی ہے **الغرض** ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب آپ پیدا ہوے تو خواجہ عبد المطلب نے ساتوین دن آپکا عقیقہ کیا اور نام نامی آپکا **محمدؐ** صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم رکھا لوگون نے دریافت کیا کہ تم نے اس فرزند کا نام اپنے آبا و اجداد کی وضع پر کیون نہین رکھا محمدؐ نام کیون رکھا خواجہ عبد المطلب نے جواب دیا۔ اَرَدْتُ اَنْ یَّحْمَدَہُ اللّٰہُ فِی السَّمَاۤءِ وَیَحْمَدَہُ النَّاسُ فِی الْاَرْضِ ترجمہ یعنے مینے اس فرزند کا نام محمدؐ اسلئے رکھا ہے تاکہ تعریف کرے اسکی اللہ تعالےٰ آسمان مین اور آدمی تعریف کرین اسکی زمین مین انتہی چنانچہ یہہ مراد عبد المطلب کی اللہ تعالےٰ نے پوری کی یعنی خاص اللہ تعالیٰ نے کتب مقدسہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تعریف فرمائی اور انبیاء علیہم السلام نے اپنی امتون کو آپکی توصیف سنائی پس چرچا ہو گیا آپکی خوبیونکا زمین و آسمان مین۔ اور تمام ملائکہ اور جن و انسان مین۔ **حاکم** نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہیکہ شہر مکہ مین ایک یہودی تاجر تہا اوسنے قریش سے کہا رات کو ایک لڑکا تم مین پیدا ہوا ہے قریش نے کہا ہمکو خبر نہین وہ بولا بے شبہ ہوا ہے اور اوسکے شانون کے بیچ مین بال مجتمع ہین جسطرح گہوڑے کی رگین چنانچہ قریش نے اسکی جستجو کی اور پتا لگا تو وہ اوس یہودی کو لیکے حضرت بی بی آمنہ خاتون کے دروازے پر

لیکر آئے اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو دکھلایا تو وہ علامت
پائی گئی- یہودی بیہوش ہوکر گر پڑا جب ہوش مین آیا تو بے اختیار چلایا
کہ واللہ نبوت بنی اسرائیل سے منتقل ہوئی- اور عبدالرحمن بن عوف اپنی والدہ
سماۃ شفا سے روایت کرتے ہین کہ جس رات آمنہ کو درد زہ ہوا ہے
تو آمنہ کی قابلہ مین تہی جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بطن مادر سے
میرے ہاتہو نپر آئے ہین تو مینے سُنا کہ کوئی کہتا ہے یرحمک ربک اور شرق
سے غرب تک ایسی روشنی ہوگئی کہ مین نے بعضے قلعے روم کے اپنی
آنکھون سے دیکھے- اور آمنہ فرماتی ہین کہ جب میرے درد شروع ہوا
تو مینے ایک آواز سنی کہ جس سے ڈر گئی پہر مینے دیکھا کہ ایک پیالہ سفید شربت
سے بہرا رکہا ہوا ہے مین اوسے دودھ سمجھی چونکہ مین بہت پیاسی تہی اوسکو
پی لیا میرے دل کو اطمینان ہوا- اور محدثین اور اہل تاریخ کی تحقیق یہہ ہے
کہ جس شب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوے ہین تو آمنہ خاتون
تنہا تہین اسی سبب سے ترسان اور ہراسان ہوئین کہ غیب سے ملائکہ
نے نزول کیا تو دل مبارک آپکا مطمئن ہوا- اس روایت مین اور اُس
روایت مین جسمین حاضر رہنا فاطمہ ثقفیہ اور مادر عبدالرحمن ثابت ہے
تعارض واقع ہے اور وہ تعارض یون رفع ہوتا ہے کہ جب درد زہ ہوا
تو آمنہ تنہا تہین اور وہ اول شب تہی اور آپ کی ولادت باسعادت
صبح صادق مین واقع ہوئی اوسوقت یہہ سب خبر پاکر آگئی ہونگی- اور حضرت
آمنہ خاتون فرماتی ہین کہ جب حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
پیدا ہوے اوسی وقت سجدہ کیا اور انگشت شہادت آسمانکی جانب
اوٹہائی ایسا قیاس ہوتا ہے کہ حضور پرنور نے پیدا ہوتے ہی اقرار

پروردگار تعالیٰ شانہ کی الوہیت کا اور اوسکی توحید کا فرمایا۔ آمنہ خاتون فرماتی ہین کہ اسکے بعد ایک ابر سفید آیا اور اوسنے حضرت کو چھپا لیا اور میرے کانون مین آواز آئی کہ آپ کو مشرق و مغرب مین پھرالاؤ تاکہ سب مخلوق آپکی برکت سے فیضیاب ہون اور ہدایت سے کامیاب ہون۔ اور آپ کو حضرت ابوالبشر آدم علیہ السّلام کا خلق اور حضرت شیث علیہ السّلام کی معرفت اور حضرت نوح علیہ السّلام کی شجاعت اور حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی خُلّت اور حضرت اسمعیل علیہ السّلام کی زبان اور حضرت اسحق علیہ السّلام کی رضا اور حضرت صالح علیہ السّلام کی فصاحت اور حضرت لوط علیہ السّلام کی حکمت اور حضرت یعقوب علیہ السّلام کا بشریٰ اور حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی شدت اور حضرت ایوب علیہ السّلام کا صبر اور حضرت یونس علیہ السّلام کی طاعت اور حضرت یوشع علیہ السّلام کا جہاد اور حضرت داؤد علیہ السّلام کی آواز اور حب حضرت دانیال علیہ السّلام کا اور وقار حضرت الیاس علیہ السّلام کا اور عصمت حضرت یحییٰ علیہ السّلام کی اور زہد حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا عطا ہوا۔ اور آپ دریاے اخلاق انبیا علیہم السّلام مین غوطہ دئے گئے۔ حضرت بی بی آمنہ خاتون فرماتی ہین کہ مینے یہہ آواز سُنی کہ آپ کو انبیاء علیہم السّلام کے دریاے اخلاق مین غوطہ دو چنانچہ آپ اوس دریا مین غوطہ دئے گئے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ صاحبہ فرماتی ہین کہ جب مین یہہ آواز سن چکی تو وہ ابر کھل گیا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ایک سبز پارچہ مین لپٹے ہوے پائے گئے اور اوس حریر سبز سے پانیکی بوندین ٹپک رہی تھین اور کوئی کہنے والا

کہہ رہا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حاکم ہوے تمام دنیا پر
اور آپ کا روے مبارک ماہ شب چہار دہم کیطرح روشن تھا اور آپکے
جسم مبارک سے خوشبو مشک اذفر کی آتی تھی اور تین شخص نظر آئے ایک کے
ہاتھہ مین ابریق نقرہ اور دوسرے کے ہاتھہ مین طشت زمرد اور تیسرے
کے ہاتھہ مین حریر سفید۔ ایک نے انگشتری نکالی اور سات مرتبہ دھوکر
بین الکتفین مہر کر دی اور ایک ساعت اپنی گود مین رکھکر میری گود مین دیدیا
اور خواجہ عبد المطلب سے منقول ہے کہ حضرت کی ولادت کی رات کو
مین خانہ کعبہ کی مجاورت مین تھا جب نصف شب گذری تو مینے دیکھا کہ
کعبہ مقام ابراہیم پر جھکا اور سجدہ کیا اور در و دیوار سے یہہ آواز آتی تھی۔
اللہ اکبر اللہ اکبر رب محمد ن المصطفے الآن قد طہرنی ربی من انجاس الاصنام
وارجاس المشرکین ۔ یعنی اللہ بزرگ ہے جو پروردگار محمد مصطفے کا ہی
اب اوسنے مجھے بتون کی نجاست اور مشرکونکی خباثت سے پاک کر دیا۔
اور غیب سے آواز آئی کہ کعبہ مقبول ہوا اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کا مسکن قرار دیا گیا اور خواجہ عبد المطلب کہتے ہین کہ مین نے اپنی آنکھونسی
دیکھا کہ جو بت خانہ کعبہ مین گرداگرد رکھے ہوے تھے پارہ پارہ ہوگئے اور
ہُبُل جو سب بتون مین بڑا تھا منہ کے بھل گر پڑا اور غیب سے آواز آئی کہ
محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بطن مبارک آمنہ سے پیدا ہوے
اور سحاب رحمت آیا عبد المطلب یہہ احوال مشاہدہ کرکے حضرت بی بی
آمنہ خاتون کیطرف متوجہ ہوے تو تمام گھر کو انوار سے منور پایا عبد المطلب
نے بی بی آمنہ خاتونکی طرف دیکھا تو نور تابان مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم پیشانی حضرت بی بی آمنہ خاتون پر نظر نہ آیا۔ خواجہ عبد المطلب نے

بی بی آمنہ خاتون سے پوچھا کہ تیری پیشانی کا نور کیا ہوا فرمایا کہ مین نے
وضع حمل کیا خواجہ نے فرمایا کہ جلد مجھے اوس بچہ کو دکھا حضرت بی بی آمنہ خاتون
نے فرمایا کہ آپ اوسکو ابھی نہین دیکھہ سکتے آپ نے پوچھا کہ کیون نہین
دیکھہ سکتا حضرت بی بی آمنہ خاتون نے فرمایا کہ جسوقت یہہ بچا پیدا ہوا ہی
تو ایک بڑا طویل القامت اور نورانی شخص آیا اور کہا کہ تین دن تک اس
بچہ کو کسی کو نہ دکھانا خواجہ نے اس امر مین مبالغہ کیا حضرت بی بی آمنہ خاتون
نے فرمایا کہ جاؤ اوس گھر مین ہین آپ جو اوس گھر کیطرف چلے تو ایک مرد
باشان و شوکت جسکی صورت سے نہایت ہیبت ظاہر ہوتی تھی سامنے آیا
اور خواجہ کو روکدیا اور کہا کہ اے عبد المطلب جب تک فرشتگان آسمان
اس فرزند ارجمند کی زیارت سے فراغت حاصل نہ کرلین گے کسی بشر کو
اجازت زیارت نہوگی خواجہ اس بات کو سُنکر فورًا واپس ہوے **محمد**
بن اسحٰق رحمت اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ان دنون خواجہ عبد اللہ یعنے
آپ کے والد بزرگوار کی وفات ہو چکی تھی موضع ابوا مین۔
مولٰنا اصیل الدین محدث رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہین کہ بعد معاملہ
نکاح و زفاف آمنہ خاتون خواجہ عبد المطلب نے اپنے فرزند عبد اللہ کو
تجارت کا مال لیکر ملک شام کیطرف روانہ کیا تھا جب خواجہ عبد اللہ نے
وہان سے معاودت کی تو مدینہ منورہ مین بیمار ہو کر قبیلہ بنی نجار مین
ٹھہر گئے جب قافلہ دو چار روز کے بعد مکہ معظمہ کو روانہ ہوا تو ابوا مین
پہونچکر خواجہ عبد اللہ نے وفات پائی اور اوسوقت عمر آپ کی پچیس[۲۵] برس
یا بائیس[۲۲] برس کی تھی اور **دار النابغہ - یا دار النابلہ** مین
مدفون ہوے یہہ روایت دوسرے طرق سے اوپر بھی تحریر ہو چکی ہے

صاحب مدارج النبوت تحریر فرماتے کہ عبداللہ اور آمنہ کی سواے حضور پرنور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اور کوئی اولاد نہین ہوئی۔

محمد بن اسحٰق کے نزدیک خواجہ عبداللہ کے انتقال کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم شکم مادر مین تھے اور بعض کا قول ہے کہ آپ گود مین سے تھے سات مہینے کے یا اٹھائیس ۲۸ مہینے کے اور ایک جماعت کا قول ہے کہ آپ دو مہینے کے تھے اور یہہ قول اقوال صحیحہ سے ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ عبداللہ نے جب وفات پائی تو فرشتون نے افسوس سے کہا کہ اے معبود برحق تیرا پیغمبر محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یتیم ہوگیا ارشاد ہوا کہ مین اوسکا حافظ و ناصر اور کفیل ہون اور تم اوسپر صلوٰۃ و سلام بھیجا کرو اور دعا کیا کرو بالجملہ جب عبدالمطلب نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو دیکھا تو بہت خوش ہوے اور بیت اللہ مین لیگئے اور بپناہ خدا مین سونپ دیا اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نام رکھا اور دروازہ کعبہ پر کھڑے ہوکر خدا کا شکر ادا کیا بعد اوسکے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بحفاظت تمام خاتون کے پاس لاے اور محافظت کے واسطے نہایت تاکید کردی اور کہا کہ ای آمنہ آگاہ ہو کہ میرے اس فرزند سعادتمند کی شان بہت بلند ہوگی اور اوسکو مرتبہ ارفع عنایت ہوگا۔ الصلوٰۃ السّلام علیک یا رسول اللہ۔ الصلوٰۃ السلام علیک یا حبیب اللہ۔ الصلوٰۃ السّلام علیک یا سیّد المرسلین۔ الصلوٰۃ السلام علیک یا شفیع المذنبین۔ **فائدہ** واضح ہو کہ حضرت کا اسم شریف محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔ اشہر اسماء مبارک سے ہے اور یہ لفظ مبارک اسم مفعول کا صیغہ ہے باب تفعیل ہے اور تکریر اور تکثیر اسکا خاصہ ہے محمد کے معنی خاصہ باب تفعیل کے قاعدہ کے موافق ستودہ مکرر و بسیار ہے ولنعم ما قیل ؎

بدنیسان مقامی ونامی کہ دارد		مقام تومحمود ونامت محمدؐ

مطالع المسرات مین ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے خلقت خلق سے پہلے حضرت کا اسم مبارک محمدؐ رکہا تہا یہی وجہ تہی کہ خواجہ عبدالمطلب کی زبان پر منجانب اللہ یہ نام گرامی ترین اسما جاری ہوا لبعض قریش نے خواجہ عبدالمطلب سے پوچہا کہ تمہارے آبا و اجداد مین سے یہ نام کسیکا نہ تہا تمنے اس فرزند ارجمند کا یہ نام کیون رکہا خواجہ نے جواب دیا کہ مینے یہ نام اسلیئے رکہا ہے کہ ہر شخص اس فرزند ارجمند کو اس نام سے پکارے اور خداے تعالےٰ اسکو ایسا ہی کردے کذا فی مزرع الحسنات اور مواہب لدنیہ مین ہے کہ حضرت آمنہ خاتون نے خواب مین دیکہا کہ کوئی کہتا ہے اَنْتِ حَامِلَةٌ بِسَیِّدِ ھٰذِہِ الْاُمَّةِ فَاِذَا وَضَعْتِ فَسَمِّیْهِ مُحَمَّدًا یعنے اے آمنہ تیرے شکم مین اس امت کا سردار ہے پس جب یہ پیدا ہو تو اس کا نام محمدؐ رکہنا اور اللہ تعالیٰ شانہ نے اپنے کلام پاک مین چار مقام پر اسی مبارک نام سے یاد فرمایا ہے۔ اول مقام وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۔ دوم مقام مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۔ تیسرا مقام وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ... بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ ۔ چوتہا مقام مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اور ذکر شریف حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کتب سابقہ اور السنہ انبیاے گذشتہ مین باسم محمدؐ واحمدؐ بیشتر تہا اور ان دونون اسماے گرامی کو اللہ تعالیٰ شانہ نے ایسا پوشیدہ رکہا تہا کہ کوئی شخص قبل حضرت کے اس نام سے موسوم نہین ہوا لیکن احمدؐ پس بالاتفاق کوئی اس نام کا مسمی نہین ہوا اور محمدؐ صلے اللہ علیہ وسلم یہ بہی ویسا ہی ہے مگر جب زمان ظہور ذات بابرکات حضرت خاتم الانبیا محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قریب تر ہونچا اور علماے توارت وانجیل اور کاہنان قریش نے

اس بشارت کو اطلاع دی کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نام کا ایک
فرزند قریش مین پیدا ہونے والا ہے تو بعض نے اپنے لڑکون کا نام محمد رکھا اس
اُمید سے کہ شاید اس نام کی برکت اس مولود مین اثر کرے اور یہی فرزند نبی اخر الزمان ہو
لیکن عجائب حکمت آلہیہ سے یہ بات ہوئی کہ جتنے نام اس تمنا مین رکھے گئے اُنمین
سے کسی نے بہی دعوی نبوت نہ کیا کہ باعث التباس واشتباہ ہوتا حافظ
ابن حجر اور سخاوی نے پندرہ آدمیون کے نام گنوائے ہین جنکا نام محمد رکہا گیا
وھوھذا۔ محمد[1] ابن عدی ابن ربیعہ تیمی سعدی۔ محمد[2] ابن اوحیحہ اولیسی بصیغہ
تصغیر دہرے دو حاے مہملہ۔ محمد[3] ابن اسامہ۔ محمد[4] ابن البراء بکری۔ محمد[5] ابن حارث
محمد[6] ابن حرمان یعمری۔ محمد[7] ابن حرمان جعفی۔ محمد[8] ابن خزاعی سلمی۔ محمد[9] ابن خولی
ہمدانی۔ محمد[10] ابن سفیان۔ محمد[11] ابن یحمد ازدی۔ محمد[12] ابن یزید۔ محمد[13] ابن الاسدی
محمد[14] ابن الفقیمی۔ اور قاضی عیاض نے محمد[15] ابن مسلمہ انصاری کو بہی انہین مین شمار
کیا ہے اور غرایب قدرت سے یہ ہے کہ یہ نام پاک یعنی احمد ومحمد بعض اوراق
وشمار پر بخط قدرت لوگون نے لکھا ہوا دیکھا ہے کہ اون کا ذکر قاضی عیاض نے
شفا مین اور قسطلانی نے مواہب لدنیہ مین کیا ہے جنکو شوق ہو وہ ان کتابون کو
ملاحظہ کرین۔ اور عبد اللہ رازی کہتے ہین کہ غرہ رجب سنہ ۶۸۴ھ مین ایک بچہ بکری کا
پیدا ہوا تو اوسکی پیشانی پر محمد رسول اللہ بخط قلم قدرت لکھا ہوا تہا مینے اوسکو
اپنی آنکھون سے دیکھا اور صاحب فتح المتعال فرماتے ہین کہ سنہ ۱۰۲۶ ہجری مین فقیر
نے بلدہ فارس مین ایک پتہر ایک عورت کے پاس دیکھا اوسکی ایک جانب
قلم قدرت سے سیاہ حرفون مین لا الہ الا اللہ لکھا تہا اور دوسرے پہلو مین
محمد رسول اللہ تحریر تہا مینے اوس عورت سے وہ متبرک پتہر لینا چاہا اور اوس
پتہر کے دو وزن برابر سونا اوس عورت کو دیتا تہا مگر وہ رضامند نہوئی۔

حدیث شریف مین ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ اوس شخص کو دوزخ مین نہ ڈالیگا
جسکا نام احمدؐ یا محمدؐ ہوگا۔ حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ جسکے گھر مین تین نام ہون محمدؐ۔ احمدؐ۔ عبد اللہ۔
تنگی یعنی افلاس نہ آئیگا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ جو شخص اپنے بیٹے کا نام
میری محبت کے واسطے میرے نام پر رکھے قیامت کے دن وہ اپنے بیٹے کیساتھ
بہشت مین داخل ہوگا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ جو بندہ مومن
اپنے بیٹے کا نام محمدؐ رکھے اور جب اوسکو بلاوے اور کہے اے محمدؐ تو تمام حاملان
عرش اوسکے جواب مین کہین لبیک یا ولی اللہ۔ پھر کہین کہ خوشخبری ہو تجھہ کو یا
ولی اللہ ہماری عبادت اور طاعت مین تو شامل ہے اور ہماری عبادت کے
اجر کی برابر اللہ تعالےٰ شانہ تجھکو اجر عنایت فرمائیگا کذا فی الرکن الثانی من المعارج
النبوت ملا عباد حاشیۂ صدرا مین تحریر کرتے ہین کہ نام مبارک
رسول الثقلین کا بضم میم بولنا چاہیئے یعنی محمدؐ اور حضور کے سوا دوسرے کا نام
بفتح میم اعنی مَحمدؐ لینا چاہیئے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ہمتو یہہ سمجھتے ہین کہ یہہ قاعدہ
اہل ادب نے ایجاد کیا ہے اور بہت درست ہے نبی اور امت کے نام کیواسطے
مابہ الامتیاز کوئی حرکت ہونی چاہیئے۔ الصلوٰۃ والسّلام علیک یا رسول اللہ۔

بیان رضاعت حضور پُر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم عالم بطون سے عالم ظہور مین

تشریف لائے تو اول سات دن حضرت بی بی آمنہ خاتون نے اپنے فرزند کو دودہ پلایا پھر ابولہب کی لونڈی ثویبہ نے دودہ پلایا یہہ وہی لونڈی ہے جسنے آپ کی ولادت کی خوشخبری ابولہب کو دی تہی اور اس خوشخبری کے صلہ مین ابولہب نے اوسے آزاد کر دیا تہا اور یہہ کہدیا تہا کہ توجا کر دودہ پلا تو اوسنے حضرت کو دودہ پلایا اور حمزہ ابن المطلب اور ابو سلمہ عبداللہ ابن عبدالاسد مخزومی اور عبداللہ حجش اسدی نے بہی اوسی کا دودہ پیا۔ اوسوقت ثویبہ کا جو لڑکا تہا اوسکا نام مسروح تہا اگرچہ ثویبہ کے اسلام مین اختلاف ہے لیکن حضور پرنور اوسکا احترام کرتے تہے اور مدینہ منورہ سے حضور پرنور اکثر انکے واسطے تحفہ و تحائف بہیجا کرتے تہے ثویبہ نے ۷ھ ہجری مین خیبر کے واقعہ کے بعد وفات پائی کیا عجب ہے انکی مغفرت ہوئی ہو۔

فقیر محمد اکبر ابوالعلائی داناپوری مولف کتاب ہذا عرض کرتا ہے کہ جب مین ثویبہ کی مغفرت کے لفظ پر پہنچا ہون تو خودبخود میری آنکہین بند ہوگئین اور دیر تک یہہ حالت رہی جب مجھے افاقہ ہوا تو یہہ بات میرے دل مین آئی کہ جب حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ کا دسترخوان حضور کے انگشتان مبارک کے مَس کرنے کے سبب سے آگ مین نجلا تو جس بی بی کا دودہ حضور پرنور کے جسم اطہر کا جزو ہوا ہے وہ کیونکر اللہ تعالی شانہ کی بخشش کی سزاوار نہوئی ہونگی۔ یہی خیال میرا حضور پرنور کے والدین کی طرف ہے موتی جس صدف مین ہوتا ہے اوسکی آبداری کو دیکہئے حضور کی ذات پاک تو وہ گوہر باآب و تاب تہی جسنے تمام دنیا کو روشن کر دیا کیا حیرت کی بات ہے کہ ذات مبارک باعث آفرینش عالم ہوا اوسی دُرِ دریائے نبوت کے ماں باپ نجات کے محتاج ہون ہذا العجب ہذا العجب جو لوگ حضرت رسول صلعم

سکے والدین کی نسبت معذب ہونیکا گمان رکھتے ہین اونکے پاس اسکے ثبوت کا کیا سرمایہ ہے کیا ان دونون حضرات سے نے ہمارے حضور پرنور کی نبوت کا زمانہ پایا تھا اور حضرت کی نبوت سے انکار کیا تھا والد ماجد نے تو اوسوقت انتقال فرمایا کہ آپ بطن مادر مشفقہ مین ستہے اور مادر مہربان سنے اوس زمانہ مین رحلت فرمائی کہ حضور پرنور چہ برس اور بروایتے سات برس کے تھے اور یہ زمانہ نبوت سے خالی سمجھا جاتا ہے پہر کس دلیل سے یہ حضرات معذب سمجھے جاتے ہین باوجودیکہ **ابوطالب** نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کا زمانہ پایا بہی اور حضور پرنور سنے اونکو نبوت کی تلقین بہی کی لیکن اونہون سنے اقرار نبوت نہ کیا اور موت اونکی کفر پر واقع ہوئی مگر صاحب قرۃ العیون نے لکھا ہے کہ دنیا مین تین آدمیون کی موت کفر پر ہوئی ہے مگر قیامت کے دن وہ مسلمان اٹھائے جاینگے نوشیروان انصاف کے سبب سے حاتم سخاوت کے سبب سے ابوطالب خدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سبب سے **الغرض** حضرت عباس ابن عبد المطلب فرماتے ہین کہ مین نے اپنے بہائی ابولہب کو خواب مین دیکہا کہ وہ بہت بری حالت مین ہے مین نے اوس سے پوچہا کہ تیرا کیا حال ہے اوس سنے کہا کہ بس یہی حالت ہے جو تم دیکہہ رہے ہو مگر شب دوشنبہ کو عذاب مین تخفیف ہوتی ہے سوا اس روز کے ہمیشہ اسی حالت مین مبتلا رہتا ہون حضرت عباس ابن عبد المطلب کہتے ہین کہ مینے اس تخفیف کا سبب پوچہا تو جواب دیا کہ جب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پیدا ہوئے اور ثویبہ سنے مجھے اونکی ولادت کی خوشخبری پہونچائی تو مینے اوسکو اوس مژدہ کے انعام مین آزاد کیا اور وہ رات دوشنبہ کی تہی یہ سبب ہے کہ شب دوشنبہ کو میرے عذاب مین تخفیف ہوتی ہے ۵

نماند بعصیان کسے در گرد		که دارد چنین سید پیش رو	

کتاب صحیح بخاری شریف مین بہی اسکا ذکر آگیا ہے جو حضرات کہ حضور پر نور کی ولادت کی شب میلاد شریف کی مجلسین کرتے ہین وہ ضرور عند اللہ ماجور ہین اور مسلمان بہائی ضرور ان مجالس کا اہتمام کیا کرین مگر میری عرض یہ ہے کہ میلاد خوان اسکا بہت زیادہ خیال رکہین کہ وہ پاک ذکر غیر مستند روایات سے پاک ہو بجی بجی روایتین اور صحیح صحیح حدیثین بیان کی جائین کہ موجب زیادتی ثواب کا ہو ثویبہ کے بعد حضور پر نور کی پرورش حلیمہ سعدیہ بنت ابی ذویب کے دودہ سے ہوئی اور مفصل روایتین اسکی یون ہین جنکو طبرانی۔ اور بیہقی اور ابو نعیم وغیرہ محدثین نے حلیمہ سعدیہ سے روایت کی ہے کہ حلیمہ فرماتی ہین کہ جب مین قبیلہ بنی سعد ابن بکر کی عورتون کے ساتہ جو شیر خوار بچون کی تلاش مین نکلین تہین مکے مین آئی اوس سال بڑا قحط پڑا تہا اور میرے پاس ایک مادہ خر تہی جو لاغری سے چل نہ سکتی۔ اور ایک اونٹنی تہی جو ایک قطرہ بہی دودہ نہ دیتی تہی اور میرا لڑکا اور خاوند میرے ساتہ تہے اور عسرت یعنی تنگدستی کی تکلیف سے نہ رات کو نیند آتی تہی نہ دن کو چین پڑتا تہا فاقون کے سبب سے نہایت ضعف لاحق ہوگیا تہا جب قوم کی عورتین مکے مین پہونچین تو سب نے اچہے اچہے امرا کے لڑکے دودہ پلانے کے لئے لے لئے صرف حضور پر نور کو یتیم ہونے کے سبب سے کسی نے نہ لیا مینے اپنے شوہر سے مشورہ کیا کہ مجہے مکہ سے خالی جاتے ہوئے بہت شرم آتی ہے خیر جو کچہ ہو اسی یتیم بچے کو لے لون چنانچہ اس مشورہ کے بعد حلیمہ سعدیہ بی بی آمنہ خاتون کے پاس گئین وہ فرماتی ہین کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم کو دیکہا کہ ایک سفید کپڑے مین لپٹے ہوئے سوتے ہین اور تنفس جاری ہے

یعنی آہستہ آہستہ سانس لینے کی آواز آرہی ہے اور یہہ عادت محمود ہی اور
جو بعض نے خراٹا لینے کی روایت کی ہے وہ صحیح نہین ہے بلکہ یہہ ثابت
ہے کہ حضور کبھی خراٹا نہ لیتے تہے۔ خراٹا ایک ناپسند آواز ہے اور اللہ تعالی شانہ
نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو تمام ناپسندیدہ باتون سے پاک
اور منزہ رکھا تھا یہہ تقریر حضرت مولنا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی
قدس سرہٗ کی ہے بی بی حلیمہ سعدیہ فرماتی ہین کہ بدن مبارک سے مشک کی
خوشبو آرہی ہے اور سارا مکان معطر ہے میرا دل آپکی صورت پر فریفتہ ہوگیا مین
آہستہ آہستہ آپکے قریب گئی اور سینہ مبارک پر مین نے اپنا ہاتھہ رکھا آپنے
آنکھین کھولدین اور مجھے دیکھکر تبسم فرمایا مینے بہت پیار سے حضور کی دونون
آنکھین چومین اور گود مین لیکر پستان راست دہن مبارک مین دی حضرت نے
دودہ پیا پھر مینے پستان چپ دینے کا ارادہ کیا مگر آپ نے منہ اوس طرف سے
پھیر لیا اور تازمان رضاعت کبھی پستان چپ سے دودہ نہین پیا۔ حضرت
ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما فرماتے ہین کہ حق تعالی شانہ نے ابتدای حال سے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر عدالت اور انصاف کا وصف کھولدیا
تھا آپ نے دودہ پینے مین بہی سررشتہ عدالت وانصاف ہاتھہ سے نہ دیا
ایک طرف سے آپ دودہ پیا کرتے اور دوسری جانب اپنے رضاعی بھائی
کے واسطے چھوڑ دیتے۔ حضرت بی بی حلیمہ سعدیہ فرماتی ہین کہ مین حضرت کو
گود مین لیکر اپنے فرودگاہ پر آئی اور اپنی خاوند کو دکھلایا وہ بہی آپ کو دیکھتے ہی فریفتہ
ہوگیا۔ اور میری اونٹنی جو ایک قطرہ دودہ نہ دیتی تہی اور فاقہ کشی سے لاغر ہوگئی
تہی اوسکے تہن دودہ سے بھر گئے میرے شوہر نے اونٹنی کا دودہ دوہا اور
خود پیا اور مجھکو پلایا اور اللہ تعالی شانہ نے وہ تکلیف فاقہ کشی کی مجھہ سے

دور گردی اور رات کو نیند آئی اور آرام سے سوئی صبح کو میرے خاوند نے کہا کہ اے
حلیمہ یہ لڑکا تجھے مبارک ہو کہ اسکا تشریف لانا ہمارے لئے دفع عسرت کا سبب ہوا
آخر چند روز کے بعد حلیمہ سعدیہ حضرت بی بی آمنہ خاتون سے رخصت ہوئین اور حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اپنے آگے گود مین بٹھا لیا تو وہ مرکب نہایت لاغر
اور کم رفتار تھا یا سب مرکبون سے آگے جاتا تھا۔ حلیمہ سعدیہ فرماتی ہین کہ چپ و راست
مجھے آواز آتی تھی کہ اے حلیمہ اب تو غنی ہو گئی اور جس منزل پر اوترتی تھی وہ منزل
سرسبز ہو جاتی تھی حالانکہ قحط کے سبب سے صحرا مین سبزی کا نام بھی نہ تھا۔ جب
اپنے گھر پہونچی تو ایک عجیب رونق اور آبادی ہو گئی اور حضور پر نور کے قدم مبارک کی
برکت سے ہر چیز مین برکت پائی جاتی تھی اور بکریان بہت بہت سا دودھ دیتین
اور گانون کے لوگ اپنے اپنے چرواہون سے کہتے کہ جس چراگاہ مین حلیمہ کی بکریان
چرتی ہین تم بھی اوسی چراگاہ مین اپنی بکریان چرایا کرو الغرض برکت نے حضرت حلیمہ
سعدیہ کے گھر مین ہمیشہ کے واسطے اپنا قیام مقرر کر لیا۔ پھر جب حضرت کو طاقت گفتار
پیدا ہوئی تو مین نے سنا کہ اکثر آپ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ جاری ہوا کرتے تھے
اللہ اکبر الحمد للہ رب العالمین وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا۔ اور کبھی کپڑون پر
بول و غایط نہ فرماتے تھے اور بول و غائط کا ایک وقت مقرر تھا۔ اور جب طاقت
رفتار ہوئی تو آپ خراماں خراماں گھر کے دروازے پر جاتے اور وہان لڑکون کو کھیلتے
ہوئے دیکھتے تو ارشاد فرماتے کہ انسان لہو و لعب کے واسطے مخلوق نہین ہوا ہے
وہ کام کرو جسکے واسطے تم پیدا کئے گئے ہو اور خود حضور پر نور اونکے زمرے مین
شریک نہ ہوتے ۵

	سالے کہ نکوست از بہارش پیداست	.

حضور پر نور کا نشو و نما اس طرح پر تھا کہ آپ ایک مہینے مین اتنا بڑھتے جتنا اور بچے سال بھر مین

اور رونا مچلنا۔ روٹھنا اور لڑکونکی طرح آپکی عادت مین نتہا۔ اور کوئی چیز بائین ہاتہہ مین آپ نہ لیتے تہے اور جس چیز پر آپ دست مبارک رکہتے پہلے بسم اللہ فرما لیتے حضرت حلیمہ سعدیہ فرماتی ہین کہ مین کبہی آپ کو اپنے پاس سے جدا نکرتی تہی مگر ایکدن غافل ہوگئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنی رضاعی بہن مسماۃ شیما کے ساتہہ دہوپ مین باہر چلے گئے مین آپ کو ڈہونڈتی ہوئی نکلی تو مین نے آپ کو شیما کے ساتہہ پایا مینے شیما سے خفا ہوکر کہاکہ تو ایسی گرمی اور دہوپ مین آپکو کہان لے گئی تہی اوسنے کہاکہ انہین دہوپ سے کچہہ بہی مضرت نہوئی ایک ٹکڑا بدلی کا انکے ساتہہ ساتہہ تہا اوسکا سایہ اپنر تہا **فائدہ** قبیلہ بنی سعد ابن بکر عرب مین نہایت فصیح و بلیغ تہا اور جہان وہ لوگ رہتے تہے وہانکی آب ہوا بہی بہت اچہی تہی اس سبب سے مکہ معظمہ کے لوگ جو دولتمند تہے اپنی اولاد کو وہانکی عورات سے دودہ پلواتے اور اس خیال سے کہ بچونکی تندرستی اچہی رہے گی اونکے سپرد کردیتے تہے اہذا وہانکی عورات سال مین دوبار یعنی فصل ربیع اور خریف مین وہان سے مکہ معظمہ آتین اور بچون کو دودہ پلانیکے لئے لیجاتین اسی تقریب سے حضور پر نور بہی اوس قبیلہ مین رونق افروز ہوے۔ اور جب عمر شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تین یا چار برس کی ہوئی تو واقعہ **شق صدر** پیش آیا **واقعہ شق صدر** واقعہ شق صدر ایک ایسا واقعہ ہے کہ اصحاب عقل جزئی جب یہہ واقعہ سنتے ہین تو بہت حیرت ظاہر کرتے ہین کہ جس آدمی کا دل نکال لیا جاسے تو وہ کیونکر زندہ رہ سکتا ہے اور جب ڈاکٹرونکی چیر پہاڑ کے حیرت انگیز واقعات گوش زد ہوتے ہین تو پہر کچہہ تعجب ہے نہ حیرت آمنّا وصدقنا کہنے کو موجود ہین۔ جی ہان ڈاکٹر صاحب ایسے ہین اور ڈاکٹر صاحب ویسے ہین۔ خیر جو کچہہ ہو ہمین اونکی زرق برق سے کچہہ غرض نہین ہمتو اپنے مذہب کے اصول سے

اس روایت پر پورا اعتبار کرتے ہین ہمارے علماے کرام اس روایت مین کچھہ شک وشبہ ظاہر نہین کرتے اور ہلکواون سے ہی غرض ہے ؎

تو وطوبی وما وقامتِ یار	فکر ہرکس بقدر ہمت اوست

روایت ایک دن حضور پرنور نے حضرت حلیمہ سعدیہ سے استفسار فرمایا کہ میرے بہائی دن کو کہان رہتے ہین حلیمہ سعدیہ نے کہا کہ اے جان مادر تیرے بہائی دن کو بکریان چرانے جایا کرتے ہین اور رات کو گہر آجاتے ہین چونکہ یہہ فعل انبیا علیہم السّلام کی سنّت مین سے تہا حضور نے بہی اسکی خواہش فرمائی اور مادر مشفقہ سے اصرار کیا کہ ہم بہی اپنے بہائیونکے ساتہہ بکریان چرانے جائینگے ناگزیر حضرت حلیمہ سعدیہ نے صبح کیوقت آپکا روے مبارک دہویا دست وپاکی شست وشو فرمائی موئے مبارک مین شانہ کیا چشمان نرگسین مین سرمہ لگایا اور برادران رضاعی کے ہمراہ کردیا اور ایک ہار مہرہ ہاے سلیمانی کا حضور کے گلوئے مبارک مین دفع نظر بد کے لئے ڈالدیا حضور نے اوس ہار کو فی الفور گردن سے اوتار کر مادر مہربان کو واپس کیا اور فرمایا کہ میرا پروردگار میری حفاظت فرمائیگا۔ اور عصا دست مبارک مین لیکر برادران رضاعی کے ہمراہ چراگاہ کو روانہ ہوے اور اون بے زبانونکی نگاہبانی مین مشغول رہے ناگاہ دوپہر کے وقت ضمرہ حلیمہ سعدیہ کا فرزند افتان وخیزان روتا چلاتا اپنی مادر مشفقہ کے پاس آیا اور کہا اے مادر مہربان دوڑ اور بہائی محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خبر لے قریب ہے کہ تو اوسی زندہ نہ پاے اور کام تمام ہوجاے حضرت حلیمہ سعدیہ نے پوچہا کہ کیا ہوا ضمرہ نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ایک مقام پر کہڑے تہے کہ دو آدمی آئے اور اونکو اوٹہا کر ایک طرف لے گئے پہر لٹا کر پیٹ چاک کیا اسکے بعد کیا ہوا یہہ ہمین نہین معلوم یہہ واقعہ سنتے ہی حلیمہ پریشان ہوگئین اور اپنے شوہر کو ہمراہ لیکر

چراگاہ کیطرف دوڑین جب پہاڑ پر گئین تو دیکھا کہ حضور پر نور صحیح و سالم بیٹھے ہین اور آسمانکی طرف دیکھہ رہے ہین لیکن چہرۂ مبارک متغیر ہے حضور نے اپنی عادت کریمہ کے موافق تبسم فرمایا حضرت حلیمہ سعدیہ نے پیشانی نورانی کا بوسہ لیکر عرض کی کہ میری جان آپ پر فدا کیا معاملہ گذرا حضور نے ارشاد فرمایا کہ دو آدمی سفید کپڑے پہنے آئے ایک کے ہاتہہ مین چاندی کی چہری اور دوسرے کے پاس زمرد کا طشت تہا جو برف سے بہرا تہا وہ دونون مجہے وہان سے اوٹہا کر یہان پہاڑ پر لے آئے اور ایک نے نہایت مہربانی سے لٹا کر میرا سینہ ناف تک چاک کرڈالا مگر مجہے کچہہ درد یا الم محسوس نہوا پہر پیٹ مین ہاتہہ ڈالکر رودے نکالے اور اوسی برف کے پانی سے دہو کر پہر اونہین اپنی جگہہ پر رکہدیا دوسرے نے دل کو نکالا اور چاک کیا اور نقطۂ سیاہ خون آلود نکالکر پہینکدیا اور کہا هٰذا حظ الشیطان منك یا حبیب الله اور ایمان واثق و عرفان حق و ایقان صادق میرے دل مین بہرے پہر دل کو اوسی مقام پر رکہدیا اور ایک انگشتری نورانی نکالکر دل پر مُہر کردی بس میرا دل حکمت و نبوت کے انوار سے بہر گیا اور ایسی خنکی اور تازگی دل مین سماگئی کہ اوسکا اثر ہنوز جوڑ اور بند مین باقی ہی ؎

دلم خزانۂ اسرار بود دست قضا	درش ببست و کلیدش بہ دلستانی داد

پہر اوسی شخص نے میرا سینہ برابر کردیا - اور اوسکا نشان باقی رہگیا حضور پر نور فرماتے ہین کہ پہر وہ مجہے چہوڑ کر پرواز کرگئے اوس خط مبارک کی صفت سراپائے رسول اکرم مین مولوی محسن صاحب کاکوروی یون فرماتے ہین ؎

خط مو سینہ سے تاناف جو ہی مشک سیاہ	رشتۂ جان سے شیرازۂ مکتوب الٰہ
یا رُخ حور پہ ہے گیسوئے مشکین سیاہ	یا مصلے پہ رکہا سُبحہ ہے سبحان اللہ
جسکے ہر دانہ سے دانائے جہان ہی آگاہ	یا شب تار مین ہی وادیٔ ایمن کی راہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہین کہ مینے اوس زخم کا نشان
شکم مبارک پر دیکھا تو ایک نشان لنبا باریک خط سا تھا۔ الغرض جب حضرت تمام
شق صدر فرما چکے تو حلیمہ سعدیہ آپ کو گود مین لیکر گھر مین آئین وہان لوگون نے
کہا کہ انکو کاہن کے پاس لیچلو حلیمہ سعدیہ آپ کو کاہن کے پاس لیگئین اور پوری
سرگذشت کہنے کا سلسلہ شروع کیا اوسنے کہا کہ تم ٹھہرو یہہ بچہ اپنا حال آپ ہی کہیگا
چنانچہ حضرت نے تمام واقعہ بتفصیل تمام ظاہر کیا کاہن نے حضرت کو گلے لگایا اور
چلایا کہ اے عرب آؤ اور اس بچہ کا کام تمام کرو یہہ وہی لڑکا ہے جو جوان ہوکر تمہارے
دین کو باطل اور علما کو جاہل کہیگا اور ایسے خدا کی طرف بلائیگا کہ جسکو تم نہ جانتے
ہوگے نہ پہچانتے ہوگے اور ایسے دین کیطرف دعوت کریگا جس سے تم محض ناآشنا
ہوگے حضرت حلیمہ سعدیہ نے کاہن کی یہہ باتین سنکر فوراً حضور پر نور کو اوسکی
گود سے چھین لیا اور کہا کہ تو دیوانہ ہوگیا ہے اگر مجھے تیری یہہ حالت معلوم ہوتی
تو مین اپنے نور نظر کو تیرے پاس کبھی نہ لاتی یہہ بچہ تو معصوم اور بے گناہ ہے
مگر تو بے شک واجب القتل ہے جو صرف اپنے خیال باطل پر ایک نفس زکیہ
کے قتل کا فتویٰ دے رہا ہے پہر حضرت حلیمہ سعدیہ حضور پر نور کو گود مین لیکر
اپنے دولت خانہ پر تشریف لائین۔ حضرت حلیمہ سعدیہ فرماتی ہین کہ جب یہہ
واقعہ ظاہر ہوا تو میرے شوہر نے کہا کہ اب اس بچہ کا یہان رکھنا مناسب وقت
نہین ہے فوراً عبدالمطلب کے پاس پہونچانا چاہیئے ایسا نہو کہ اسکی جان کو
کوئی صدمہ پہونچے لہذا مینے اپنے نور نظر کو مکہ معظمہ پہونچا دینے کا مصمم ارادہ
کرلیا اوسی شب کو مینے سنا کہ کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ قبیلہ **بنی سعد** سے
خیر و برکت جاتی ہے **بطحاء** مکہ کے رہنے والے خوش ہون کہ اونکی زیب و زینت
کے دن آتے ہین وہ ہمیشہ حفظ و امان مین رہین گے حلیمہ سعدیہ فرماتی ہین کہ

جب مین مکہ کے قریب پہونچی تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ایک محفوظ مقام پر بٹہا دیا اور خود قضائے حاجت کے لئے گئی جب وہان سے فراغت ہوکر آئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجہے وہان نہ ملے ہرچند مینے ادہر ادہر حضور پر نور کی تلاش کی مگر کچہہ پتا نملا اور جس شخص سے مینے دریافت کیا اوسنے کچہہ نشان نہ دیا مین ادہر ادہر حیرانی وپریشانی کی حالت مین روتی پہرتی تہی کہ ناگاہ ایک بوڑہا آدمی مجہے ملا اور میرا حال اوسنے پوچہا مینے بیان کیا اوس نے کہا چل مین تجہے ایک جگہہ لیچلون وہان تیرے گمشدہ فرزند کا سراغ مل جائیگا وہ مجہے ہبل بت کے پاس لیگیا اور اوسنے سات بار اوس بت کا طواف کیا اور نہایت منت وسماجت اور الحاح وزاری سے کہا کہ محمد ابن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا سراغ بتا اس مبارک نام کا اوس بوڑہے آدمی کی زبان سے نکلنا تہا کہ وہ بت اوندہے منہ زمین پر گر پڑا اور جتنی اور مورتین اوس بت کے گرد وپیش کہڑی تہین وہ بہی گر پڑین اور اون بتون سے یہہ آواز آئی کہ ای پیر مرد یہانسے دور ہو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا نام یہان نہ لے وہی ہمارا خراب کرنے والا اور رسوا کرنے والا ہے وہ بوڑہا آدمی اس آواز کے سنتے ہی گہبرایا ہوا باہر آیا اور لاٹہی جو اوسکے ہاتہہ مین تہی وہ چہوٹ گئی اور بے ہوش ہوکر زمین پر گر پڑا جب اوسے ہوش آیا تو اوسنے حلیمہ سعدیہ سے کہا کہ اے حلیمہ تیرے بیٹے کا حافظ خدا ہے ہرگز اوسکو ضائع نکریگا اگرچہ حلیمہ کو اس تقریر سے فی الجملہ تسکین تو ہوئی لیکن یہہ سوچی کہ اس راز سربستہ کو کہولنا اور معاملہ نہفتہ کو ظاہر کر دینا اور خواجہ عبد المطلب کو اس سے آگاہ کرنا ضروریات سے ہے حلیمہ سعدیہ فرماتی ہین کہ ناچار مین اس واقعہ کی خبر کرنے خواجہ عبد المطلب کے پاس گئی اور واقعۂ گذشتہ اور معاملہ پیش آمدہ بیان کیا۔ خواجہ عبد المطلب یہہ خبر سنکر

نہایت مضطر اور پریشان ہوے اور دوڑکر کوہ صفا پر چڑھ گئے اور قریش کو آواز دی کہ
اے آل غالب چلو اونکی آواز سنکر سب قوم قریش جمع ہوکر آئی۔ اعلاے مکہ سے
تا اسفل مکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو سب نے تلاش کیا مگر کسی جگہہ
حضور کا پتہ نہ لگا۔ اب خواجہ عبد المطلب بہت زیادہ پریشان ہوے اور مسجد حرام
مین آئے اور سات بار کعبہ شریف کا طواف کیا پہر دعا مانگی ہاتف غیب نے ندادی
کہ اے عبد المطلب غم نکر **محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم** کا
حافظ خدا ہے خواجہ عبد المطلب نے کہا کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کہان ہین ہاتف نے جواب دیا وادی تہامہ مین کیلے کے درخت کے نیچے بیٹہے
ہین خواجہ عبد المطلب اودہر چلے راہ مین ورقہ ابن نوفل ملا وہ بہی خواجہ عبد المطلب
کے ہمراہ ہوا یہانتک کہ اوس مقام پر جو ہاتف نے بتایا تہا پہونچے دیکہا کہ حضرت
کیلے کے درخت کے نیچے جلوہ افروز ہین اور پتے چن رہے ہین خواجہ نے دوڑکر
حضور کو گود مین لے لیا اور گہوڑے پر اپنے آگے بٹہالیا بہت خوشی کے ساتہہ
مکہ معظمہ مین داخل ہوئے خواجہ نے اونٹ نحر کیئے اور سونا خیرات کیا حلیمہ سعدؓ
فرماتی ہین کہ مجھکو بہی خواجہ نے بہت کچھہ دیکر رخصت کیا **فایدہ** بزرگون نے
بیان کیا ہے کہ معلوم نہین حضور کی گمشدگی مین کیا حکمت اللہ تعالی شانہ کی مخفی تہی
فقیر حقیر نعلین بردار حضرت صوفیہ کرام محمد اکبر ابو العلائی
دانہ پوری غفر اللہ ذنوبہ دست بستہ عرض کرتا ہے یہہ وہ واردہ ہے
جو میرے مالک میرے خالق میرے رزاق میرے ستار میرے غفار کی طرف سے
میرے قلب پر وارد ہوا ہے وہ یہہ ہے کہ دنیا کے بادشاہ جب کسی دوسرے
مقام سے اپنے دار السلطنت مین داخل ہوتے ہین تو کیا کچھہ انتظام شہر کی آراستگی وغیرہ
کا نہین ہوتا وہ اللہ کا بندہ جو خاتم المرسلین ہونے والا ہے تین چار برس بعد

اپنے وطن مین داخل ہوتا ہے اور یون داخل ہو کہ نہ کوئی پیشوائی کو آئے نہ شہر مین
کسیکو خبر ہو اللہ تعالی شانہ کو یہہ بات پسند نہ آئی اس پیشوائی اور اطلاع عام
کے واسطے حضرت کو ایک مقام محفوظ مین بٹھا دیا تاکہ تمام مکہ معظمہ کے اصاغر و اکابرین
یہین سلام کے واسطے حاضر ہون اور حضور باشان و شوکت تمام حرم محترم مین داخل ہون
اور یہہ داخلی فتح مکہ کے دنکی داخلی کی فال تھی الحمد للہ علی احسانہ تنسیق صدر
کے ساتھہ ہی بیان شرح صدر مناسب مقام معلوم ہوتا ہے لہذا ناظرین کتاب
ہذا کے انشراح طبیعت کیواسطے ہدیۂ نذر ہے وھو ھذا **ع**

کتاب وصف ترا آب بحر کافی نیست	کہ تر کنم سر انگشت و صفحہ بشمارم

شرح صدر بھی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بھی ایک خاص فضیلت ہے
شاید کوئی نبی سوائے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اس فضیلت
سے مشرف ہوا ہو اگرچہ بیان اوسکا نہایت طویل ہے مگر بطور اختصار نذر ناظرین
ہے **روایت** تفسیر سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ کے تحت مین مفسرین محققین
رحمہم اللہ نے بہت سے نکات و لطائف بیان کئے ہین مگر پھر بھی وسعت قلب
شریف کی حقیقت سمجھہ مین نہین آتی لیکن یہہ کج مج زبان متقدمین کی تصانیف
سے خوشہ چینی کرتا ہے **ع**

تمتع ز ہر گوشۂ یافتم	ز ہر خرمنے خوشۂ یافتم

شرح صدر کے معنی فراخی حوصلہ کے ہین اور ہر شخص کے حوصلہ کی فراخی
فطرتاً اوسکی استعداد کے موافق ہوا کرتی ہے اور ہر شخص کے حوصلہ کی فراخی کا
ادراک اوسیکو ہوتا ہے جو اوسکا ہم مرتبہ ہو جیسا کہ مشہور ہے لَا یَعْرِفُ الْوَلِیَّ
اِلَّا الْوَلِیُّ پس ایک تو حضور کا حوصلہ فطرتاً فراخ تھا ہی مگر پیدایش کے بعد پھر
فراخ کیا گیا اور یہہ فراخی کسی آدمی کو نہین دی گئی لہذا حضور کا ہم مرتبہ کوئی آدمی

خواہ وہ نبی ہو یا غیر نبی پیدا نہیں ہوا اسی قیاس سے یہہ بات سمجھ لی گئی کہ ادراک شرح صدر مصطفوی غیر ممکن ہے اور یہی وجہ ہے کہ آپ خاتم الانبیا ہیں اور مرتبہ خاتمیت پر حضرت کے سوا کوئی نبی فائز نہیں ہوا اور کوئی آدمی اس قلب کا نہ پیدا ہوا ہے نہ آیندہ کو ہوگا ؎

بصورت تو نگارے نہ آفرید خدا	ترا کشیدہ و دست از قلم کشید خدا

چنانچہ بیان ابدالان شام میں حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے۔

روایت ہے کہ تین سو ابدال ہیں کہ اونکے دل حضرت آدم علیہ السلام کے مانند ہیں۔ اور چالیس ابدال ہیں کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا سا دل رکھتے ہیں اور سات ابدال ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا سا دل دئے گئے ہیں۔ اور پانچ ابدالونکا دل حضرت جبریل علیہ السلام کے دل کی مثل ہے۔ اور تین ابدالون نے حضرت میکائیل کا دل پایا ہے۔ اور ایک ابدال حضرت اسرافیل کے دل پر مخلوق ہوا ہے۔ مگر نہیں پیدا کیا گیا کوئی شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دل پر اسوجہ سے کہ کائنات میں کوئی اسکی استعداد نہ رکھتا تھا کہ حضور پر نور کے دل پر پیدا کیا جاے پس کیونکر کوئی آدمی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے قلب شریف کی کیفیت تحریر کرسکتا ہے مگر تمثیلاً جیسے کہ اللہ تعالے شانہ اپنے نورکو شمع وچراغ سے ہمارے سمجھانے کے لئے تشبیہ دیتا ہے۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اسیطرح سنت اللہ کے موافق حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے قلب شریف کی ایک مثال عرض کرتا ہوں۔

مثال۔ حضور پر نور کے قلب شریف کو فضاے بے پایان اور میدان وسیع

سمجھنا چاہیئے اوراوس مقدس میدانمین ایک عظیم الشان عمارت قائم ہے۔ اوراُس عمارت مین بارہ نشیمن ہین اونمین سے بعض تو انتظام امور دنیاوی کیساتھ متعلق ہین اور بعض احکام دینی کے ساتھہ اور کچھہ ان دونون سے جدا۔

نشیمن اوّل مین ایک بادشاہ عظیم الشان سریر سلطنت پر چار بالش حکومت بچھاے اجلاس فرما رہاہے اور بادشاہان روے زمین دست بستہ اوسکے حضور مین حاضر ہین اور آئین سیاست اور تدبیر مملکت کے اسرار وغوامض حل کررہے ہین چنانچہ توقیعات کسری اور تزک تیموری اور واقعات بابری اور آئین اکبری اور تزک جہانگیری اور کلمات طیبات عالمگیری اس دعوی کے شاہد ہین کہ تمام ضوابط ملکی و مالی اور قواعد فوجی کتاب مستطاب شرع محمدی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے انتخاب کرکے ان کتابون مین درج کئے گئے ہین۔

نظم

سلیمان قدر دارا ملک لولاک	جنیبت ران نہ میدان افلاک
فراز ہفت مسند چار طاقش	حریم حضرت عزت وثاقش

نشیمن دوم مین ایک حکیم ہمہ دان بیٹھا ہوا سیاست منزلی اور تہذیب اخلاق وآراستگی آداب بیان کررہاہے اور حکماے جہان وفیلسوفان زمان اوس سے مسائل حکمی استفادہ کررہے ہین اور جو قواعد وہ ارشاد کرتاہے ابن سینا وابن مسکویہ ونصیر طوسی وفخر رازی وغیرہم اوس سے علوم بے شمار استخراج کرتے ہین اوراپنے فنون مین اوسکو صرف کرتے ہین۔ **نشیمن سوم** مین ایک قاضی القضات مسند عدالت پر متجلس ہے اور طریقہ فیصلہ خصومات ورفع منازعات ورضامندی متخاصمین کیسے کیسے عمدہ طرق سے ارشاد کررہاہے کہ قضاۃ عالم اوسکو اپنی لوح دل پر اپنی آیندہ نسلونکے لئے دستور العمل طیار کررہے ہین۔

نشیمن چہارم مین ایک مفتی متبحر وسادہ افتاد پر متمکن ہے اور ایک دریاے
بیکنار القاے ربانی اوسکی زبان معجز بیان سے روان ہے اور ہر واقعہ و وقایع
جدیدۂ حکم الہی سے موافق کتاب وسنت ومطابق قواعد اصول رسالت استنباط
کرکے واضح واضح بیان کر رہا ہے اور مفتیان جہان اور فرایض نویسان دوران
گرداگرد اوسکے بیٹھے ہین اور ہر ہر لفظ اوسکا نقل کر رہے ہین اور اپنے واسطے
کتاب کافی مرتب کرتے جاتے ہین نشیمن پنجم مین ایک محتسب بمنصب احتساب
رونق افروز ہے اور پیادگان مطیع الحکم ارباب مسکرات کو لئے حاضر ہین اور وہ
ہر ایک پر حد اور تعذیر اور حسن تادیب کے احکام جاری کر رہا ہے اور محتسبان دنیا
قواعد احتساب وتعذیرات وسیاست اہل بدعت اوس سے یاد کر رہے ہین۔
نشیمن ششم مین قاری آہنگ خوش خوانی وطیب الحانی ہفت قرات کو وجوہ
وروایات کے ساتھہ از بر پڑہ رہا ہے اور قاریان ہمہ لفظا ہر اوس سے ہر وجہ اور
ہر روایت کو تحقیق کر رہے ہین وہ ایک کو قاعدۂ ادغام ارشاد کرتا ہے دوسرے کو
طریقہ تخفیف ہمزہ تعلیم فرماتا ہے۔کسیکو قاعدۂ یرملون واظہار واخفا سکہا رہا ہی
نشیمن ہفتم مین عابد اوراد خوان سجادۂ طاعت پر مشغول وظائف ونوافل ہی
کہ دنیا ومافیہا کی خبر نہین صبح سے شام اور شام سے صبح تک تلاوت قرآن واذکار
نودی وحصن حصین جزری وحزب الاعظم ملاعلی قاری واوراد شیخ الشیوخ مین
مستغرق ہے اور بہ سبب کثرت انوار ملایکہ علوی وسفلی اوسکی مجلس نورانی مین حاضر ہوکر
موانست قلبی اور تلذذ روحانی حاصل کرتے ہین جسکی وجہ سے لذات نفسانیہ کو
خیر باد کہہ چکے ہین پس جو حضرات کہ شایق اوراد خوانی ہین وہ اوس سے اسناد انکی
حاصل کرتے ہین نشیمن ہشتم مین عارف کامل صوفی واصل مصلاے تحقیق پر
خرقہ فقر وفنا زیب بدن کئے ہوئے جلوہ گر ہے اور شرح نکات اسرار ذات وصفات

وافعال الٰہی کہ جو ہر ذرّے مین بحکم اَلْاُصُوْلُ یَسْرِیْ فِی الْفُرُوْعِ سرایت
کئے ہوئے ہے علوم بے انتہا کے ساتھہ بالسنہ مختلفہ ہر مذہب کی اصطلاحین
زبان گوہرفشان سے بیان فرمارہا ہے اور صوفیانِ عالم فتوحات مکیہ۔ اور فصوص الحکم
عوارف المعارف وغیرہم اوس سے سنکر جمع کررہے ہین نشیمن نہم مین
واعظ فرشتہ صورت عمامہ اطلس نور وعبائے محبت زیب تن نورانی گلے منبر
عرش منزلت پر بیٹھا ہوا سرگرم وعظ ہے کہ کلمات طیبات کے سُننے سے تمام
قلوب زیروزبر ہورہے ہین وہ کسیکو ثواب عظیم کے حاصل کرنیکا طریقہ تعلیم فرماتا
ہے اور کسیکو عذاب الیم سے ڈراتا ہے اور واقعات حشر ونشر وعبور پل صراط
وعقوبات دوزخ ومراتبات عالیات بصراحت تمام ارشاد کررہا ہے کہ جسکو سنکر
کفار زُنّار توڑتے ہین اور گنہگار تایب ہوتے ہین سنگ دلونکا جگر پانی ہوتا ہے
ناحق شناس اتلاف حق سے توبہ کرتے ہین۔ نشیمن دہم مین ایک رسول صاحب
عزم ہے کہ تسخیر قلوب اُمّت کے واسطے دلایل وتدبیرات کررہا ہے کہ گمراہون کو
ضلالت کی راہ سے روکے اور شاہِ راہ ہدایت پر لگادے اور چند برگزیدہ لوگون کو
اس کام کے واسطے اپنا اصحاب اور رازدار بنایا ہے اور بقدر استعداد ہر ایک کو
تبلیغ رسالت ودعوت کے لئے ہر شہر وملک مین روانہ کیا ہے اور ہر قوم کے
معاملات اپنے رسول کی معرفت سُنتا ہے اور فکر صایب اور عقل سلیم کے ذریعہ
سے اونکا تدارک کرتا ہے نشیمن یازدہم مین مرشد کامل صاحب طریقت
سجادۂ مشیخت پر جلوہ افروز ہے اور بے شمار طالبانِ خدا اوسکے آستانہ
فیض کاشانہ پر دست بستہ حاضر ہین اور بزبان حال یون عرض کررہے ہین

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند	آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند

کوئی رفع حجاب ناسوتی کی التجا کرتا ہے کوئی ترقی مقامات کا خواہان ہے کسیکو

طریقۂ شکستِ نفس تعلیم ہوتا ہے کسیکو ترکیب نسخۂ کحل البصر خاکساری بتائی جاتی ہے

عیب است بزرگ ترشیدان خودرا	وز جملۂ خلق برگزیدان خودرا
از مردمکِ چشم بباید آموز	دیدان ہمہ کس راؤ ندیدان خودرا

کوئی حصولِ مقام وصول الی اللہ کی تمنا مین مٹا ہوا ہے اور بچشم اشکبار
عرض کر رہا ہے ؎ لمولفہ

یارب یہہ میرے دل کا مجھے مدعا ملے	تیری تلاش ہے مجھے توا ے خدا ملے

تیمن دوازدہم مین ایک محبوب نازنین دلربا ے ماہ جبین حسینِ
سراپا ناز حبیب عاشق نواز ہمہ تن نور رشکِ صد جلوۂ طور مسند زرنگار اطلسِ
قدس پر تکیہ لگاے رونق افروز ہے اور خود حُسن ازل مروحۂ گیسو حور ہاتھہ
مین لئے منصب خواصی پر پسِ پشت باادب استادہ ہے اور خود جمال بہ نفس
نفیس باایہمہ کمال بامید سرفرازی عہدۂ مشاطگی عرضداشت خون تمناسی
لکھکر گذرانے کو منتظر حکم کھڑا ہے اور ہزارون عشاق جان باختہ اویس رضہ
کردار بے توقع منفعت شوق دیدار مین دور دور سے چلے آتے ہین۔ اور
لاکھون مشتاق لقا مثل بلال رضہ آستانۂ فیض کاشانہ پر پڑے سجدے کر رہے
ہین اور یون عرض کر رہے ہین ؎

زمہجوری برآمد جان عالم	ترحم یا نبی اللہ ترحم
نہ آخر رحمۃ للعالمینی	زمحرومان چرا غافل نشینی
زخاک اے لالۂ سیراب برخیز	چو نرگس خواب چندازخواب برخیز
بہ تن در پوش عنبر بوے جامہ	بسر بربند کافوری عمامہ
ادیم طایفی نعلین پا کن	شراک از رشتۂ جانہاے ماکن

مگر یہہ وہ مقام ہے کہ کسیکو اسکی ہوا بھی نہین لگی ہے صرف دو تین اولیاء اللہ

بطفیل محبوب مقبول اس مقام کو فایز ہوئے ہین جیسے حضرت پیر دستگیر سیدنا
قطب عالم عبد القادر جیلانی اور حضرت سلطان الاولیا سیدنا نظام الدین زری
زربخش محبوب الٰہی اور حضرت قطب دارین محبوب جل وعلا سیدنا **ابو العلا** رضی اللہ
تعالیٰ عنہم **واقعہ شق صدر** مین کچھہ اختلاف نہین ہے مگر زمانہ عمر مین علما
رحمہم اللہ کو اختلاف ہے۔ **روایات صحیحہ** سے ثابت ہے کہ اول حضور پر نور
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم دو برس قبیلہ بنی سعد مین جلوہ افروز رہے
اور مدت رضاعت کے تمام ہونے کے بعد حضرت حلیمہ سعدیہ آپ کو حضرت بی بی
آمنہ خاتون کے حضور مین پہونچا گئین مگر مکہ معظمہ کی آب وہوا ان دنون کچھہ
خراب ہوگئی تھی لہذا باجازت حضرت بی بی آمنہ خاتون پھر حضور پر نور کو اپنے
گھر واپس لے آئین اور دو برس یا تین برس اور اپنے پاس رکھا حاصل کلام
حضور کا قبیلہ بنی سعد مین پانچ برس رہنا ثابت ہے بعد پانچ برس کے چھٹے برس کے
شروع مین حضرت حلیمہ سعدیہ کو شق صدر کیوجہہ سے خوف ہوا کہ کہین پھر یہہ معاملہ
واقع نہ ہو آپ کو بی بی آمنہ خاتون اور خواجہ عبد المطلب کے سپرد کر گئین مخفی
نرہے کہ روایات شق صدر مختلف ہین ایک یہہ کہ قبیلہ سعد مین اول بار یا
دو بار واقع ہوا۔ اور ایک روایت مین ہے کہ جب حضور چھہ برس کے ہوے
اوسوقت شق صدر واقع ہوا اور بعض دس برس کی عمر مین بیان کرتے ہین اور
سوا اسکے احادیث صحیحہ سے معلوم ہوتا ہے کہ شق صدر شب معراج مین بھی
واقع ہوا پس جمع بین الروایات جس سے تعارض رفع ہو جاے یون ہوتا ہے کہ
یہہ معاملہ عجیب اور حادثہ غریب کئی مرتبہ واقع ہوا **فایدہ** بعض کہتے ہین
کہ مکتب اطفال جو ہندوستان مین چار برس چار ماہ چار روز مین مقرر ہے
اوسکی توجیہ یہہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا شق صدر

اسی عمر مین ہوا ہے مگر اس تقریر کو قوت نہین ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کی عمر شریف اوسوقت تین برس کی تھی شرح شرعۃ الاسلام مین بھی یہہ توجیہ
بیان کی ہے بعد اوسکے لکھا ہے والمشہور انہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کان عمرہٗ ثلث سنین اور حضرت مولنا محمد اسحق رحمۃ اللہ علیہ نے اربعین مین لکھا ہے
کہ یہہ طریقہ جو ہندوستان مین مکتب اطفال کے واسطے مقرر ہوا ہے بے اصل
ہے صاحب تفسیر حسینی سورہٗ بنی اسرائیل کی آخر آیت کے نسبت لکھتے ہین کہ
جو لڑکا اولاد عبد المطلب سے باتین کرنے کے قابل ہوتا تو حضور اوسکو یہہ آیت
سکھاتے وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيكٌ
فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ۝ ترجمہ
اور کہہ سراہیئے اللہ کو جسنے نہین رکھی اولاد اور نہ کوئی اوسکا ساجھی سلطنت مین
اور نہ کوئی مددگار اوسکا ذلت کے وقت پر اوسکی بڑائی کر بڑا جانکر۔ تفسیر اور
نہین ہے اوسکے واسطے کوئی دوست یعنی ولی مِنَ الذُّلِّ مذلت کی راہ سے
کہ وہ رکھتا ہوتا کہ وہ اوس دوست کی دوستی کے سبب سے عزت دار ہنجاے۔
یون سمجھیئے کہ وہ خدا اسلیئے کسیکو اپنا دوست نہین بناتا کہ اوس دوست کے
سبب سے عزت دار سمجھا جاے جیسا کہ آدمیونکا دستور ہے کہ بادشاہون اور اُمرا
اور وزراسے ملاقاتین پیدا کرتے ہین اور اوسکو اپنی عزت کا سرمایہ سمجھتے ہین
اللہ تعالےٰ شانہ اپنے بندونکو دوست رکھتا ہے اونکی نکوکاری کے سبب سے
اور اپنے فضل وکرم کی وجہہ سے ۱۲ المختصر حضرت حلیمہ سعدیہ کے تشریف لیجانیکے
بعد مسماۃ برکہ المشہور اُمّ ایمن حبشیہ کنیز خواجہ عبد اللہ کہ حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو میراث والدین مین پہونچی تھین حضور پر نور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ہواداری وخدمت گذاری مین مصروف ہوئین و

فرماتی ہین کہ مینے بچپن مین بہی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بہوکہہ
پیاس کا کبہی شاکی نہ پایا بلکہ جب صبح ہوتی تہوڑا پانی نوش فرماتے تہے پہر جب
دوپہر ہوتی اور ہین کہانے کے واسطے کہتی تو ارشاد فرماتے مجہے حاجت نہین
پہر جب چہہ برس اور بروایتے سات برس کے ہوے تو حضرت بی بی آمنہ خاتون
آپ کو مع اُمّ ایمن مدینہ باسکینہ کو لیگئین اور قبیلۂ بنی عدی مین اپنے ماموں
کے گہر ایک مہینے کامل مقیم رہین اس اثنا مین یہود مدینہ آپ کو شواہد وعلامات
سے پہچانتے اور کہتے کہ نبی موعود آخر الزمان یہی ہین پہر بعد ایک مہینے کے
حضرت آمنہ خاتون مکہ معظمہ تشریف لیچلین اور موضع **ابوا** مین جو مابین مکہ معظمہ
اور مدینہ واقع ہے مقام فرمایا اوسی جگہہ اونکی وفات ہوئی اور وہین مدفون
ہوئین اور بعض علمانے اونکی قبر ام القرا مین لکہی ہے اور جمع بین الروایتین
یہہ ہے کہ اول ابوا مین دفن کیا تہا بعد اوسکے مکہ معظمہ مین لاکر دفن کیا **فائدہ**
متقدمین کو عدم اسلام ابوین حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
مین تامل(؟) واثق ہے اور متاخرین مین ابن حجر اور مولٰنا شاہ عبد العزیز دہلوی
رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مسلک ہے مگر بعض متاخرین اہل حدیث نے اسلام ابوین
رسول الثقلین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بلکہ جمیع آبا وامہات کا اسلام
حضرت آدم علیہ السّلام تک ثابت کیا ہے اور اثبات اسلام کے تین طریق بیان
کیے ہین۔ **اول** یہہ کہ والدین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
دین حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السّلام پر تہے۔ **دوم** یہہ کہ دونون زمانہ
فترت مین تہے نہ زمانہ نبوت مین یعنی اونکو کسی نبی کی دعوت نہین پہونچی۔
سوم یہہ کہ اللہ تعالٰے شانہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی
دعا سے دونون کو زندہ کیا کہ اسلام لائے چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہے

کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اللہ تعالیٰ شانہ سے سوال کیا کہ الٰہی میرے
ماں باپ کو زندہ کردے اللہ تعالیٰ شانہ نے زندہ کردیا اوراون دونوں نے تصدیق
الوہیت اور نبوت کی فرمائی اور پھر اپنی اپنی قبر مین آرام فرمایا اگرچہ بعض نے
اس حدیث کو ضعیف کہا ہے لیکن محققین نے اس حدیث کو اصول سے تقویت
بھی دی ہے اور یہہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ حدیث احیا اون احادیث سے ہے
جنکو متقدمین محدثین نے روایت کیا ہے اور یہہ علم گویا متقدمین سے پوشیدہ تہا
کہ متاخرین پر اللہ تعالیٰ نے کہولا۔ واللہ یختص برحمتہ من یشاء من فضلہ۔ اور
شیخ جلال الدین سیوطی نے اس باب مین رسالے تحریر کئے ہین اور مخالفین کو
جواب دئے ہین کذا قال المحقق الدہلوی فی شرحہ للمشکوٰۃ۔ الغرض اُم ایمن
بعد وفات حضرت آمنہ خاتون حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو مکہ معظمہ مین
لائین او خواجہ عبد المطلب آپ کی پرورش مین مصروف ہوے اور اپنی سب اولاد
سے زیادہ حضور پرنور کو دوست رکہنے لگے۔ ایک مرتبہ خواجہ عبد المطلب کو سفر
یمن کا اتفاق پڑا اور قریش بھی ہمراہ تہے جب وہان سے واپس آئے تو قریش پر
قحط مستولی تہا اور اوس قحط کے زمانہ کو بہت طول ہوا اور کئی برس تک رہا آخر
عبد المطلب کو غیب سے آواز آئی کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے استسقا
کراو لہذا خواجہ عبد المطلب نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اپنی گندہونپر چڑہایا اور پہاڑ پر لیگئے
دعا کرائی اوسیوقت پانی برسا اور اتنا برسا کہ قحط سالی دور ہوگئی جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
اٹہہ برس دو ماہ دس روز کے ہوئے اور بروایتے آمنہ خاتون کی وفات سے دو برس گذرے تو خواجہ
عبد المطلب نے وفات پائی عمر خواجہ کی ایکسو بیس برس کی تہی اور اوسی سال نوشیروان
اور حاتم طائی نے وفات پائی اور نوشیروان کا بیٹا ہرمز بادشاہ ہوا۔
اُم ایمن سے روایت ہے کہ جب خواجہ عبد المطلب کا جنازہ باہر نکلا تو حضور پُرنور

جنازے کے پیچھے روتے ہوئے جاتے تھے بالجملہ بعد وفات خواجہ عبد المطلب **ابو طالب** نے حضور پر نور کی پرورش اپنے ذمہ لی اور یہہ نعمت غیر مترقبہ ابو طالب نے قرعہ ڈالکر حاصل کی تہی اور حضور نے بہی اپنے اعمام مین سے آپ ہی کو قبول فرمایا اور ابو طالب آپ سے نہایت محبت کرتے تھے ہمیشہ اپنے پاس رکہتے ایک دم بہی جدا نکرتے اور آپ کی مدح مین اشعار کہا کرتے اور نجو بترین وجہ اونپر یہہ بات تہی کہ نبی موعود یہی ہین **ابن عساکر** اپنی تاریخ مین **عُرْفُطہ** بضم الغین وسکون الراے المہملہ وضم الفاء واہمال الطاء سے روایت کرتے ہین کہ مین ابو طالب کے زمانہ کفالت مین داخل مکہ ہوا تو وہان قحط سالی تہی قریش عبد المطلب کے زمانہ مین قحط کا پڑنا اور حضرت سرور کائنات کی دعا سے مینہ کا برسنا دیکہہ چکے تھے ابو طالب سے کہا کہ تم اپنی بہتیجے سے دعا کراو کہ پانی برسے ابو طالب گہر سے نکلے اور اطفال قریش کا ہجوم اونکے ساتہہ ہوا اون مین ایک لڑکا ایسا نورانی تہا کہ جس طرح آفتاب ابو طالب نے اوسکو اوٹہا کر پیٹہہ اوسکی دیوار کعبہ سے لگا دی اوس نے آسمان کی طرف اونگلی سے اشارہ کیا تو چارون طرف سے بادل گہر آیا اور پانی برسنے لگا اور ایسا برسا کہ جنگل بہر گئے حالانکہ حضرت کی اونگلی اوٹہانے کے پیشتر کہین ابر کا نشان بہی نہ تہا۔ **حضرت کی عمر کا نوان برس** جب عمر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نو برس کی ہوئی تو حضرت اسرافیل ملازمت مین حاضر ہوئے اور تین برس تک اکثر حاضر ہوا کرتے تھے پہر حضرت جبریل علیہ السلام انتیس ۲۹ برس تک حضرت کی خدمت بابرکت مین اکثر حاضر رہتے تھے بطریق پوشیدہ۔

حضرت کی عمر کا بارہوان برس جب بارہ برس دو مہینے دس روز کی عمر ہوئی تو ابو طالب نے شام کا سفر کیا حضور پر نور بہی اوس اپنے چچا ابو طالب کے ساتہہ تھے جب شہر بصری پر پہونچے تو بصری کے چہہ میل اسطرف موضع کفرمین

ایک صومعہ تہا اوس مین ابو محمد اس الملقب بہ بحیرا المشہور بہ جرجیس زاہد نصرانی رہتا تہا اور مدت دراز سے اوسکی سکونت وہان تہی لہذا وہ قریہ دیر بحیرا کے نام سے مشہور تہا اوس نے علامات مندرجہ کتب آسمانی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو خوب پڑہا تہا اور وہ زیادہ تر تائید علامات وشواہد یہہ ہوئی کہ اوسنے قریش کے قافلہ پر ایک ابر کا ٹکڑا سایہ کئے ہوے دیکہا تو اوسے یقین کامل ہوا کہ اس قافلہ مین پیغمبر آخر الزمان رونق افروز ہین اور یہہ بحیرا راہب مدت سے حضور کا منتظر تہا ہر قافلہ کو نظر غور سے دیکہا کرتا اوس نے اس پورے قافلہ کی دعوت کی چنانچہ ابوطالب مع اہل قافلہ وہان گئے اور حضور پر نور کو وہین ایک درخت کے نیچے چہوڑ گئے لہذا وہ ابر جو قافلہ پر سایہ کئے ہوئے تہا وہ بہی قافلہ سے جدا ہوکر اوسی درخت پر ٹہیر گیا بحیرا نے پوچہا کہ تمہاری ساتہیون مین سے کوئی شخص فرودگاہ پر رہ تو نہین گیا ہے ابوطالب نے کہا ہان میرا یتیم بہتیجا رہ گیا ہے اور اوسی وقت حضور پر نور کو طلب کیا تو وہ ابر آپ پر سایہ کئے ہوے چلا آیا بحیرا نے آپ کو دیکہکر پہچان لیا اور ابوطالب پر تاکید کردی کہ انکو شام مین ہرگز نہ لے جانا یہود انکے دشمن ہین لہذا ابوطالب نے مال تجارت بصرے مین فروخت کیا اور پلٹ آئے۔

روایت ہے کہ بحیرا نے حضرت کو سوکہی روٹی اور خرمے دئے تہے اور ترمذی نے ابو موسی اشعری سے روایت کی ہے کہ موٹی روٹی اور روغن زیتون ہمراہ کر دیا اور اہل تحقیق کہتے ہین کہ بحیرا نے دست مبارک پکڑکر کہا کہ یہہ شخص رسول رب العالمین ہے اہل قافلہ نے کہا کہ تو نے کسطرح جانا اوس نے کہا کہ جب تم لوگ دو پہاڑ و نکے بیچ مین سے نکل کر یہان آئے ہو تو ہر ایک شجر وحجر انکو سجدہ کرتا تہا اور یہہ دونون سجدہ نہین کرتے مگر پیغمبر کو یہہ روایت ہے۔

ابو موسی اشعری کی الغرض ابوطالب نے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخوف یہود مکہ معظمہ کو روانہ کردیا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کہ وہ بھی قافلہ مین تھے حضرت کے ہمراہ گئے۔

ترمذی اور حاکم نے روایت کی ہے کہ اس عرصے مین سات آدمی روم کے رہنے والے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ڈہونڈتے ہوئے آئے تھے بحیرا نے اون سے پوچھا کہ تم کیون آئے ہو اون لوگون نے کہا کہ پیغمبر آخرالزمان ان دنون باہر نکلنے والا ہے اوسکی تلاش مین پھرتے ہین کہ اگر ملجاے تو قتل کرین۔ بحیرا نے اون سے کہا کہ جو امر خدا نے مقدر کیا ہے اوسکو تم پھیر سکتے ہو وہ بولے کہ کسی بشر کا مقدور نہین کہ اللہ کے حکم کو پلٹا وے بحیرا نے کہا پھر اس کوشش بے فائدہ کا کیا حاصل ہے تمہارے واسطے یہی بات بہتر ہے کہ تم اوسپر ایمان لاؤ اور اوسکے ہاتھ پر بیعت کرو وہ بیشک خاتم المرسلین ہے اور تم اوسکو ضرر نہ پہونچا سکوگے۔ روایت ہے کہ بحیرا نے ابوطالب سے تخلیہ مین پوچھا کہ یہہ لڑکا تمہارا کون ہے ابوطالب نے کہا کہ میرا بیٹا ہے بحیرا نے کہا کہ بالکل غلط ہے اسکی علامات سے ایک علامت یہہ بھی ہے کہ وہ یتیم ہوگا ابوطالب نے کہا کہ یہہ بھتیجا ہے بحیرا نے کہا یہہ سچ ہے پھر بحیرا نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مخاطب ہوکر کہا کہ تمکو لات وعزیٰ کی قسم مجھکو خبر دو کہ تمہارے دونون شانون کے درمیان اس شکل کا نشان ہے حضور نے فرمایا کہ میرے نزدیک لات وعزیٰ کی کوئی عزت نہین ہے جیسے اور حجر ہین ویسے ہی یہہ بھی ہین مین انکی قسم کو نہین مانتا تو بحیرا نے کہا کہ تمکو اوس اللہ کی قسم ہے جو تمام جہان کا پیدا کرنے والا ہے سچ کہو کوئی اس شکل کا نشان ہے آپ نے فرمایا کہ تو جیسا چاہتا ہے بےشک ہے بحیرا نے اوسے دیکھا اور بوسہ دیا

اور کہا اشہد انک رسول اللہ حقاً **فائدہ** اہل تحقیق کے نزدیک بحیرا بت پرست نہ تہا اوسنے لات وعزی کی قسم امتحاناً دی تہی - پہر حضور پر نور مکہ معظمہ مین تشریف لائے اور حضرت ۱۷ برس کے ہوے **حضور پر نور کی عمر گرامی کا سترہون برس ۱۷** - **روایت** جب حضور کی عمر شریف ۱۷ برس کی ہوئی تو زبیر - خواہ عباس ابن عبد المطلب حضور کو باسید یمن و برکت ابی طالب کی اجازت سے ملک یمن کو لے گئے اونکو بہی اکثر خوارق عادات حضور پر نور کے نظر آئے - **حضور کی عمر گرامی کا بیسواں ۲۰ برس** - جب عمر شریف حضور پر نور کی بیس برس کی ہوئی تو ظہور ملائکہ اور واقعات عجیبہ دیکھے گئے جو کتب تواریخ واحادیث مین موجود ہین - اسی سال مین حلف الفضول واقع ہوا اور حقیقت اوسکی یہہ ہے کہ زبید یمنی نے اپنا اسباب عاص ابن وایل کے ہاتہہ بیع کیا عاص نے قیمت ندی زبید نے کوہ بو قبیس پر چڑہ کر عاص کے ظلم کی شکایت مین ایک شعر پڑہا اسپر قریش جمع ہوے اور **دار الندوہ** مین اس بات پر عہد ہوا کہ ظالم کا ظلم دفع کرین زبیر بن عبد المطلب اس مین سرغنہ ہوے بعد اوسکے ایک گروہ نے عبد اللہ ابن جدعان کی حویلی مین ہو کر اختلاف کیا اور کہا ان ہذا حلف الفضول مجلس اول مین حضور پر نور بہی جلوہ فرما تہے لیکن عہد و پیمان مین کسی کے شریک نہ تہے - **عمر شریف حضور پر نور کی بیس ۲۰ برس سے متجاوز ہوئی** جب عمر شریف بیس برس سے متجاوز ہوئی تو حضرت نے کوہ اجیاد مین شبانی شروع کی اور جو کچہہ مزدوری مین ملتا مسکینون کو عنایت کرتے اور اپنے واسطے ایک مقدار قلیل رکہہ لیتے - **حضرت کی عمر شریف کا پچیسواں ۲۵ برس** جب حضرت کی عمر پچیس برس کی ہوئی تو ابوطالب پر افلاس غالب آیا پر ایک دن اپنا حال لکہکر ملتمس ہوئے کہ قریش کا

قافلہ بقصد تجارت ملک شام کو جاتا ہے اور سنا گیا ہے کہ **خدیجہ بنت خویلد** کو ایک امین آدمی کی ضرورت ہے اگر اوسکا مال آپ لے جائین تو شاید ہمکو نفع ہو دفعتہً یہہ خبر خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کو پہونچی حضرت خدیجہ نے نہایت آرزو سے اسبات کی تمنا کی اور کہلا بھیجا کہ اگر آپ قبول فرمائین تو مین دوچند اجرت دینے پر رضامند ہون ابوطالب نے قبول کیا حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے بے تامل اجرت پیشگی بھیجدی لہذا حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حضرت ام المومنین کے غلام کو جسکا نام میسرہ تھا ہمراہ لیکر قافلہ کے ساتھہ ملک شام کو روانہ ہوے۔ جب شہر بصریٰ مین پہونچے تو آپ ایک خشک درخت کے نیچے ٹھہرے وہان ایک نصرانی راہب رہتا تھا جسکا نام نسطورا تھا اوس نے آپ کو درخت کے نیچے اوترا ہوا دیکھکر کہا کہ اس درخت کے نیچے سوائے پیغمبر کے کوئی نہین اوترا لہذا وہ حضرت کے حضور مین حاضر ہوا اور اسم شریف دریافت کر کے کہنے لگا کہ آپ خاتم النبیین ہین اور میسرہ سے حضور کے خوارق عادات سنکر کہا کہ مین اس پیغمبر کے انتظار مین تھا الحمدللہ کہ زیارت نصیب ہوئی اے میسرہ تجھے وصیت کرتا ہون کہ ان سے ہرگز جدا نہونا اور شام مین نہ لیجانا کہ یہود انکے دشمن ہین اسلئے کہ یہہ پیغمبر آخرالزمان ہین میسرہ نے کہا کہ مینے شدت حرارت مین ابر دو مرغ سایہ کرتے ہوے دیکھے ہین اور اونکے قدم کے نیچے سے پانی جاری ہوتا ہے اور ایک آدمی کے لائق کہانا انکی برکت سے سو آدمی کہاتے ہین اوس نے اسکی تصدیق کی چنانچہ میسرہ نے اسباب تجارت وہین فروخت کرایا سہ چند نفع ہوا۔ اور بعض اس معاملہ کو یون بیان کرتے ہین کہ جب حضرت صلعم کی **عمر شریف** چوبیس ۲۴ برس نو مہینے چھہ روز کی ہوئی اور امانت و دیانت

آپ کی تمام ملک عرب مین مشہور ہوئی اور قوم قریش آپ کو امین کے لقب سے
پکارنے لگی تھا تو حضرت اُمّ المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خواہش
اسباب کی ہوئی کہ حضور پرنور کو اپنی مال تجارت کا نگران قرار دین اور آپ کیساتھ
اپنا مال تجارت ملکونمین روانہ کرین اور یہہ پیغام حضور مین روانہ کیا گیا اور ہمارے
سرکار بلند اقتدار حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے عم مکرم
خواجہ ابوطالب کے مشورہ سے قبول فرمایا۔ حضرت اُمّ المومنین خدیجۃ الکبریٰ
رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے اپنے غلام میسرہ اور خزیمہ رشتہ دار کو ہمراہ رکاب
حضرت رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کرکے شام کی طرف روانہ
فرمایا یہہ معاملہ حضور پرنور کے نکاح سے دو مہینے چوبیس دن قبل ہوا بالجملہ جب
حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بصرے مین اسباب
فروخت کیا اور مراجعت فرمائی اور جب حرم مکہ معظمہ کے قریب پہونچے تو اسوقت
گرمی کی شدت تھی اور ایک اونٹ پر حضور سوار تھے اور دوسرے پر خزیمہ اور
میسرہ اور حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ کوٹھے پر اپنے غرفہ سے دیکھہ رہی تہین
اور چند عورات قریش بہی آپ کے پاس بیٹھی تہین دفعۃً حضور پرنور کی سواری
نظر آئی تو حضرت اُمّ المومنین نے دیکھا کہ دو مرغ کہ حقیقت مین دو فرشتے تھے
اپنے پرون سے حضور پرنور پر سایہ کئے ہوئے ہین اور خُزیمہ اور میسرہ دونون
دہوپ مین ہین حضرت ام المومنین اس واقعہ کو دیکھکر متحیر تہین اور عورات
قریش کو بہی تعجب تہا یہانتک کہ خزیمہ اور میسرہ دونون حضرت ام المومنین
کے پاس پہونچے حضرت ام المومنین نے اونکی خیریت پوچھکر حضرت کا حال اور
سایہ کی حقیقت کا سوال کیا اون دونون نے نسطور راہب کا کلام بیان کرکے
جو کچہ خوارق عادات آپ کے ملاحظہ کئے تھے بیان کئے کتاب بہجۃ المحافل مین ہے

کہ حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور میسرہ ملک شام سے
اسباب لیکر آئے تو ام المومنین نے اوسکو فروخت کیا اور دونا فائدہ اوٹھایا
اور اُجرت بھی دونی دی اور اُجرت کے چار اونٹ تھے جوان۔ حاصل کلام
یہہ ہے کہ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا نے جب حضرت کے حالات سُنے تو آپکی
عظمت وشان اور محبت آپکے دل مین گھر کرگئی اور آپ نے چاہا کہ مین حضرت کی
زوجیت کا شرف حاصل کرون لہذا آپ نے مسماۃ نفیسہ بنت منیہ کو بلاکر کہا کہ
تو حضرت سے دریافت کر کہ آپ کا میلان نکاح کیطرف ہے یا نہین چنانچہ مسماۃ مذکورہ
حضور مین حضرت ختم المرسلین کے حاضر ہوئی اور اپنا مافی الضمیر عرض کیا آپ نے
فرمایا کہ نکاح کا سازوسامان ہمارے پاس نہین ہے وہ بولی کہ اگر کوئی عورت
اپنی قوم کی شریف اور مالدار ایسی ملے کہ سامان نکاح کی بھی کفالت کرے جب تو
آپ کو کچھہ عذر نہوگا حضور نے فرمایا کہ ایسی عورت کہان مسماۃ نفیسہ نے کہا
خدیجہ بنت خویلد آپ کی تمنا رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ آپ سے نکاح کرون
اوس نے مجھے استمزاجاً بھیجا ہے حضور پرنور نے ارشاد فرمایا کہ خیر کیا مضایقہ
ہے چنانچہ نفیسہ بی بی خدیجہ کے پاس یہہ مژدہ لیگئین اور حضرت ام المومنین رضی اللہ
تعالیٰ عنہا اونکی ممنون ہوئین اور بعض کا بیان ہے کہ حضرت ام المومنین رضی اللہ
تعالیٰ عنہا کے میسرہ غلام نے اس تقریب میمنت قریب کو انجام دیا۔ بہر تقدیر
جب حضرت بی بی خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کو معلوم ہوا کہ آپ کو نکاح
سے انکار نہین ہے تو آپ نے اپنے چچا عمرو ابن اسد کو کہ وہ خویلد کے مرجانے
کے بعد وارث اور ولی تھا بلایا اور حالات گذشتہ سے اطلاع دی اور بعض کے
نزدیک یہہ ہے کہ حضرت ام المومنین نے اپنے چچا زاد بھائی ورقہ ابن نوفل کو
بلایا تھا۔ الغرض دونون راضی ہوے۔ اب ہمارے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم

نے بہی اپنے اعمام سے یہہ حال بیان کیا وہ سب بہی رضامند ہوے چنانچہ حضرت حمزہ وعباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما اور ابوطالب وغیرہم حضور پرنور کے ہمرکاب تہے حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے گہر گئے بہر روسار قریش کے سامنے ابوطالب نے خطبہ پڑہا **ترجمہ خطبہ** حمد وسپاس اوس خدا کو ہے جس نے ہمکو اولاد ابراہیم واسمعیل سے گردانا اور منبت نشو ونما ہمارا اصل مضر ومعد بنایا اور اپنے حرم محترم کا نگہبان کیا اور صنادید عرب اور ارباب فضل وادب کا مقتدا اور پیشوا کیا اور بعد حمد۔ میرا بہتیجا محمدؐ ابن عبداللہ وہ شخص ہے کہ اوسکا ہموزن مخلوق خدا مین سے کوئی نہین ہوسکتا بلکہ اگر موازنہ کیا جاے تو محمدؐ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم راجح نکلین اگرچہ کیسہ مال اوسکا مشہور بقلت ہے لیکن مال کا اعتبار نہین ہے یہہ تو سایہ ہے معرض زوال مین اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وہ ہے جسکی قرابت تمکو معلوم ہے حالانکہ اوس نے خواہش کی ہے خدیجہ بنت خویلد کی اور اوسکو نکاح مین لاتا ہے بعوض مہر جسکا موجل ومعجل میرے مال سے متعلق ہے اور خدا کی قسم کہ محمدؐ کو بعد اس معاملہ کے مرتبہ عظیم عطا ہوگا بعد اسکے ورقہ ابن نوفل نے یہہ خطبہ پڑہا **ترجمہ خطبہ ورقہ ابن نوفل** یہہ ام المومنین کے چچازاد بہائی تہے۔

ترجمہ خطبہ ورقہ ابن نوفل حمد وسپاس اوس خدا کو ہے جسنے ہمکو اون فضائل مین گردانا جو تم نے بیان کئے پس ہم سردار عرب ہین اور تم ان کمالات کے اہل ہو کوئی آدمی اور کوئی فرد افراد قبائل وعشائر عرب ۔ تمہارے فضل کا منکر نہین ہے اور نہ کوئی متنفس تمہاری شرافت کو رد کرسکتا ہے اور حقیقۃً مجہکو اس خطبہ کے قبول کرنے مین خوشی ہے۔

اسکے بعد ابوطالب نے کہا کہ اے ورقہ مین چاہتا ہون کہ عمرو بن اسد بہی تیرا شریک ہو تو عمرو ابن اسد نے کہا کہ اے گروہ قریش تم گواہ رہو کہ مین نے خدیجہ بنت خویلد کو

محمدؐ ابن عبد اللہ کے نکاح مین دیا بالجملہ نکاح طرفین کی ایجاب و قبول سے منعقد ہوا۔ اور بعد تمامی قاعدہ عقد صحیح کے ابو طالب نے کئی اونٹ ذبح کر کے نحر کرا کے اشراف قوم کو کہانا کہلایا اور بایماے حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہا لونڈیون نے دف بجا کے رقص کیا اور دوپہر کے وقت اوسی دن زفاف واقع ہوا **فائدہ** مہر حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا کا ایک روایت مین **چار سو مثقال طلا** تہا اور مثقال کا وزن ساڑہے چار ماشہ کا ہوتا ہے اور ایک روایت مین پانچ سو درہم اور درہم کا وزن ساڑہے تین ماشہ ہے اور ایک روایت مین بیس۲۰ اونٹ ہین یہہ جو کہانا ابو طالب نے کہلایا طعام **ولیمہ** تہا ولیمہ مشتق ہے القیام سے اور القیام کے معنے اجتماع کے ہین چونکہ اجتماع زوجین کے وقت یہہ کہانا کہلایا جاتا ہے اسلیئے اسکو ولیمہ کہتے ہین پس ولیمہ وہ طعام ہے جو نکاح مین کہلایا جاے اکثر علما اس کہانیکو سنت کہتے ہین اور بعض مستحب بتاتے ہین اور ایک جماعت واجب کہہ رہی ہے اور وقت ولیمہ کا بعد وصال زوجین ہے۔ بعض کا قول ہے کہ عقد کے وقت ہی اور بعد وصال بہی۔ اور اختلاف کیا ہے علما نے دعوت ولیمہ مین زیادہ دو دن سے اور ایک گروہ نے علما کے مکروہ کہاہے اور مالکیہ نے ہفتہ تک اسے مستحب کہا ہے اور مختار یہہ ہے کہ ولیمہ بقدر حال شوہر کے ہونا چاہیئے **صاحب مجمع البحار** کہتے ہین کہ دعوت کی آٹہہ قسمین ہین۔ ولیمہ نکاح کے لئے۔ خُرس وہ دعوت ہے جو لڑکا پیدا ہونیکی خوشی مین ہو۔ اعذار بچہ کے ختنے کی خوشی مین۔ وکیرہ تعمیر مکان کے واسطے جو خوشی کی جاتی ہے۔ نقیعہ مسافر کے آنیکی خوشی مین۔ وضیمہ مصیبت کے وقت احباب کو اور متقی لوگون کو کہانا کہلانا کہ اوسکی وجہ سے اللہ تعالےٰ اوسکو دفع کردے۔ عقیقہ بچہ کے نام رکہنے اور موترانے کی خوشی مین۔ مادُبہ بالہمزہ وضم الدال وباے موحدہ وہ کہانا ہے جو احباب کی

یا متقی لوگونکی دعوت کی جاتی ہے بغیر کسی سبب کے اور یہہ سب اقسام مستحب ہین
مگر ولیمہ کہ یہہ بعض علما کی تحقیق مین واجب ہے اور صحیح یہہ ہے کہ سنت ہے اسلئے
کہ خود حضور پرنور نے ہر نکاح کا ولیمہ کیا اور صحابہ کیا کرتے تہے اور بعض علما کے نزدیک
ولیمہ مین جانا واجب ہے جو نجاوے وہ گنہگار ہے اور ایک جماعت کے نزدیک
مستحب ہے کہانا ضرور نہین اگر کچہہ عذر ہو تو نکہاوے۔ **فایدہ** حضرت ام المومنین
خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اولاً ورقہ ابن نوفل ابن اسد سے منسوب ہوئی تہین
مگر کسی وجہہ سے نوبت نکاح کی نہین پہونچی پہر عتیق ابن عاید مخزومی نے خواہش کی
اوس سے اول نکاح ہوا اور ایک بیٹا اور ایک بیٹی پیدا ہوئی پہر عتیق مرگیا تو ثانیاً ابن زرارہ
تمیمی سے نکاح ہوا اوس سے بہی ایک بیٹا ایک بیٹی عالم وجود مین آئے اور ایک
روایت مین ہے کہ ہند و ہالہ و زینب پیدا ہوے پہر وہ بہی مرگیا تو آپ حضور
پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نکاح مین آئین تو حضور پرنور سے قاسم
وعبد اللہ وطاہر تین فرزند پیدا ہوے۔ اور زینب و رقیہ و ام کلثوم و فاطمہ
چار بیٹیاں پیدا ہوئین مگر تینوں صاحبزادے حالت شیرخوارگی ہی مین داخل بہشت
ہوے۔ اور زینب و رقیہ و ام کلثوم نے حضور پرنور کے سامنے ہی وفات فرمائی مگر
حضرت فاطمہ علیہا السلام نے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی وفات شریف
کے چہہ مہینے بعد رحلت فرمائی اور سب اولاد حضور کی حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ
رضی اللہ عنہا سے ہوئی جنکا ذکر اوپر ہوا ہے صرف حضرت ابراہیم آپکے فرزند ماریہ قبطیہ سے
تہے اور وہ بہی عالم صغرسنی ہی مین جنت کو تشریف لے گئے اور جب حضرت ام المومنین
خدیجۃ الکبریٰ حضور کے نکاح مین آئی ہین تو بعض کے نزدیک عمر حضرت ام المومنین کی
اٹہائیس ۲۸ برس کی تہی اور حضور پرنور کی عمر شریف پچیس برس کی تہی۔ مگر مولانا
شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت خدیجہؓ کی عمر نکاح کے وقت

چالیس برس کی لکھی ہے وہو الصحیح اور باقی حالات حضرت ام المومنین کی ازواج مطہرات کے حالات مین مفصل بیان ہونگے انشاء اللہ اور ایک بہت بڑی فضیلت آپ کی اس مقام پر بیان کی جاتی ہے بعد نکاح حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور حضرت سرور عالم کے حضور مین عرض کی کہ پروردگار تعالے شانہ خدیجہ کو سلام فرماتا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اے خدیجہ یہہ جبرئیل امین ہین تیرے رب کا سلام تجھکو کہتے ہین حضرت ام المومنین نے فرمایا ان اللہ ہو السلام ومنہ السلام وعلی جبرئیل السلام وعلیک یا رسول السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

جب عمر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پینتیس ۳۵ برس کی ہوئی تو قریش نے بنائے کعبہ اور بقولے تعمیر کعبہ شروع کی اور چاہا کہ مسقف کرین قبل کی بنا خرابی کے قریب تھی اور بلندی دیوار کی قد آدم کے برابر تھی اسی عرصہ مین اتفاقیہ ایک کشتی کہ روم سے براہ دریا جاتی تھی تباہ ہوئی اور اس کشتی کے آدمیون مین سے ایک شخص فن تعمیر مین اوستاد پختہ کار باقوم نام تہا اپنے ہمراہیون کے ساتھہ جدہ شریف مین مقیم ہوا قریش نے یہہ خبر سنی تو ولید ابن مغیرہ نے جدہ مین جاکر کشتی کی لکڑی خرید کی اور باقوم معمار کو حرم شریف مین لایا اور تعمیر کعبہ پر متعین کردیا اور فہمایش کی مطابق بناء ابراہیم علیہ السلام کے بنانا بدین شرط کہ اجزاے دیوار مین کسی طرحکا خلط نہو باقوم معمار نے کہا کہ یہہ بات حیز امکان سے خارج ہے دو باتین اختیار کردیا تو اجازت دو کہ پتھر او مٹی ملاکر بنایا جاے یا مقدار بیت سے کچہہ کم کیا جاے قریش نے شق ثانی اختیار کی اور موضع حجر کو بیت سے قطع کیا اسی موضع کو حجر اور حطیم اب کہتے ہین بعد اسکے چارون رکن قبائل قریش مین تقسیم ہوے اور تعمیر شروع ہوئی اور سب ملکر پتھر لانے لگے ہمارے آقا ہمارے مولا ہمارے دستگیر ہمارے شفیع ہمارے مان باپ سے بڑھکر مہربان حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بھی پتھر

لانے مین اپنی قوم کے شریک تھے یہانتک کہ دیوارین تیار ہوئین اور آستانہ بیت کرم
بلند کیا گیا تاکہ سیل آب سے بیت اللہ محفوظ رہے اور بغیر اذن بواب کوئی شخص بیت اللہ
مین داخل نہونے پائے جب حجر اسود کے رکہنے کی نوبت آئی تو بطون قریش
یعنی بنو ہاشم و بنو امیہ و بنو مخزوم و بنو زہرہ وغیرہم مین مخالفت پیدا ہوئی بلکہ بنو عبدالدار
نے اتفاق کیا کہ جب تک ہم سب قتل نہو جاینگے ہرگز دوسرے قبیلہ کو وضع حجر مین دخل
نہ دینگے چنانچہ اسی سبب سے نام اس عہد کا عقد الدم قرار پایا جب یہ فساد ظاہر ہوا تو ولید
ابن المغیرہ نے سب لوگون کو منع کرکے یہ بات قرار دی کہ جو شخص کل باب بنی
شیبہ سے اول داخل ہو وہی اس قضیہ کا فیصلہ کرے اور اوسکے حکم کو سب
مانین چنانچہ اوس روز سب سے اول باب بنی شیبہ سے ہمارے دستگیر حضور پرنور
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم داخل ہوئے چنانچہ جملہ متخاصم حضرت کو دیکھکر خوش ہوئے
کہ ضرور ہم سب اپنے اپنے مقاصد مین کامیاب ہونگے اور سب نے حضور سے عرض
کی کہ اس قضیہ مین جو آپ ارشاد کرینگے وہ ہمین منظور ہے حضور نے اپنی چادر دوش
مبارک سے اُتاری اور زمین پر بچھادی اور دست اقدس سے حجر اسود کو اوٹھا کر اوس چادر
مبارک پر رکھدیا اور فرمایا کہ ہر قبیلہ کا ایک ایک آدمی چارون گوشے چادر کے پکڑ کر اوٹھائے
اور مقام حجر تک اوس چادر کو لائے تاکہ سعادت و برکت سے کوئی قبیلہ محروم نرہے بعد ازان
سب لوگ حجر اسود کے رکہنے مین مجھے اپنا اپنا وکیل کردین قریش نے قبول کیا اور عتبہ
ابن ربیعہ و ابو زمعہ و ابو حذیفہ ابن المغیرہ و قیس ابن عدی نے چارون کونے چادر کے
پکڑے اور اوٹھا کر موضع حجر تک لے گئے اوسوقت حضور نے اپنے دست مبارک سے
حجر کو اوٹھا کر موضع حجر مین رکھدیا اور بطون قریش اسپر رضامند ہو گئے اسی عرصہ مین یہ ہوا
کہ بیت اللہ کے اندر ایک کنوان تھا اوسمین سے ایک بڑا سانپ طلوع آفتاب کے
وقت نکلتا اور دیوار پر بیٹھتا تھا اور سب لوگ اوسے دیکھکر ڈرتے تھے مگر حضرت صلی اللہ

علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دعا کی برکت سے ایک دن اوسے عقاب اوٹھا کر لے گیا کہ سب
لوگون کا خوف جاتا رہا **فائدہ** - **بیت اللہ شریف** کی خرابی کے مورخین نے دو سبب
بیان کیے ہین کہ بیت اللہ کے اندر کنوان تھا حکامان ماضیہ نے چند زیور مع آہو برہ طلائی مکلل
بجواہر جو اسفندیار فارسی نے بطور ہدیہ نذر کعبہ کیے تھے اوسمین دفن کر دیے تھے چند اوباشون
نے اوسکو کھود کر نکال لیا اس سبب سے بنا دیواری کم زور ہوگئی تھی بیت اللہ شریف قریب
بہ انہدام ہوگیا تھا اور بعض کا یہ قول ہے کہ سیل کے صدمہ سے بنا رکعبہ مین تزلزل پیدا ہوگیا
اور جمع بین القولین یون ہے کہ اول اوباشون نے کھودکر وہ خزانہ نکال لیا اور پھر سیل
کے صدمہ نے اور زیادہ کمزور کر دیا انہین دونون صدمون نے خانہ کعبہ کی بنیاد ہلا دی تھی
کہ اوسے قریش نے پھر از سر نو بنایا حاصل کلام یہ ہے کہ اسی سال سے آثار خیر و برکت
ام القری مین ظاہر ہونے لگے - اور لوایح نبوت روشن ہو چلے اور احبار رہبین اور
کاتبین کی پیشین گویون کا ظہور شروع ہوا کہ وقت بعثت نبی قریب پڑا گیا پس زید ابن
عمرو ابن نفیل ورقہ ابن نوفل وعثمان ابن الحویرث وعبد اللہ ابن جحش ملکر قوم قریش
کو بت پرستی پر لعن وطعن کرنے لگے اور دین قویم ابراہیم علیہ السلام کی طلب مین مکے سے
نکلے اور شہرون مین متفرق ہوئے چنانچہ زید ابن عمرو کو اطراف شام مین ایک عالم توریت
ملا اوس سے زید ابن عمرو نے طریقہ عبادت پوچھا اوس نے کہا جس شہر سے تو آیا ہے
اوسی شہر مین خاتم المرسلین رسول رب العالمین جلد تر مبعوث ہونے والا ہے اوسیکے
ہاتھ پر دین ابراہیمی از سر نو عروج پکڑے گا پھر زید ابن عمرو اوسی مقام سے کہ جو ارض بلقا
سے تھا پھر اگر بلاد لخم مین دشمنون کے ہاتھ سے مارا گیا اور ورقہ ابن نوفل نصرانی ہوا اور کتابین
بنی اسرائیل کی پڑھ کر صفات حضرت خاتم المرسلین سے بخوبی آگاہ ہوا اور اوسنے یہ جانا کہ نبی
جلد تر مکہ معظمہ مین ظاہر ہونے والا ہے اور اسی انتظار مین عمر اپنی بسر کرتا اور حضرت
ام المومنین خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا سے پوچھا کرتا کہ وہ حضرت کے صفات بیان کرتین

تو ورقہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو دیکھتا تو حضور کے چہرۂ مبارک پر بوسہ دیتا اور کہتا کہ لاریب تمہین پیغمبر آخرالزمان ہونے والے ہو چنانچہ ابتداے نبوت تک یہ شخص زندہ رہا پھر مرگیا بعض اوسکے ایمان کے معتقر ہین اور بعض محل تردد مین ہین فقیر محمد اکبر ابوالعلائی داناپوری عرض کرتا ہے جسنے خود حضور کو خاتم المرسلین ہونیکی بشارت دی اوسکا دل حضرت کی رسالت کی تصدیق کرچکا تھا اور یہ تصدیق قوی سے فعل مین بھی آچکی تھی اور ایک بار نہین بلکہ بار ہا یعنی جب وہ حضور سے ملتا تھا پیشانی مبارک کو بوسہ دیتا تھا اور حضور پُرنور نے بھی ارشاد فرمایا ہے رَاَیتُ ورقہ ابن نوفل جَنّۃً اوجنتین پس اگر وہ مومن نہ تھا تو بہشت مین وہ کیونکر پہونچا = اور عثمان ابن الحویرث روم مین جاکر نصرانی ہوا = اور عبداللہ ابن جحش اول اسلام لایا پھر حبش مین جاکر مرتد ہوگیا اور حالت ارتدادی مین مرا - اور اسی سال مین حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام پیدا ہوئین = حضرت کی عمر شریف کا اڑتیسوان سال ورالنوار کا مشاہدہ اور شوق خلوت نشینی اور کوہ حرا مین عزلت گزینی جب حضور پرنور کی عمر مبارک کا اڑتیسوان برس شروع ہوا تو آپ کو انوار نظر آنے لگے اور غیب کی آوازین کانون مین آنے لگین اور دل کو گوشہ گزینی اور خلوت نشینی کا شوق پیدا ہوا کوہ حرا پر تشریف لیجاتے اور بیت اللہ کو دیکھا کرتے اور ذکر حق مین مشغول رہتے فائدہ یہ پہاڑ جسکو حرا اکسر حا و فتح را رمعلہ کہتے ہین مکہ معظمہ سے تین میل کے فاصلہ پر واقع ہے اور اسیکو جبل ثور بھی کہتے ہین اسمین ایک غار ہے چار گز لنبا اور ایک تہائی گز چوڑا ہے اور وہان سے بیت اللہ شریف نظر آتا ہے اسلیے وہ مقام حضور پُرنور کو پسند آیا = اور ابن حجر عسقلانی شرح صحیح بخاری مین تحریر کرتے ہین کہ ان دنون حضور والا متشرع بشریعت ابراہیمی رہتے تھے وہو الصحیح اور جو بعض حضرات یہ فرماتے ہین کہ طریق عبادت حضور کا کسی دین سے اخذ نہین کیا گیا تھا اوسکا مطلب یہ ہے کہ یا تو عقل سلیم جو بینا کو دی جاتی

ہے اسکے ذریعہ سے طریقہ عبادت اخذ فرماتے تھے یا یہ الہام اسلیئے کہ ابتک وحی کا نزول
تو ہوا نہین تہا یا بر وپا ے صادقہ وہو المختار = اور حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اس مسئلہ
مین متوقف ہین - اور عبادت مین اختلاف ہے بعض فکر کی طرف گئے ہین اور بعض ذکر
کیطرف - و هو الصحیح لِاَنَّ الذِّکْرَ اَعْلٰی مِنَ الْفِکْرِ - اور اس مسئلہ مین اتفاق ہے
جملہ علما کو کہ حضور پُر نور نے مادر و پدر کی کوئی جاہلیت اختیار نہین فرمائی بلکہ جمیع صغایر و کبایر
سے معصوم تھے **الغرض** خلوت سے یہ بات پیدا ہوئی کہ شجر وحجر سے آپکو سلام کی آواز
آتی تھی ان لفظون سے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ چنانچہ حضرت فرماتے تھے
کہ مین پہچانتا ہون جو مکہ مین مجکو قبل نبوت سلام کیا کرتا تھا **سفر السعادت** مین ہے کہ
نزول وحی سے پہلے صرف یا مُحَمَّدْ کی آواز آتی تھی لیکن آواز دینے والا نظر نہ آتا تھا =
اور سات برس صرف انوار نظر آئے اور حضور پُر نور اسی مشاہدہ مین مسرور رہتے تھے -

حضور کی عمر گرامی کا چالیسوان برس جب عمر گرامی حضور والا کی چالیس
برس کی ہوئی یا ایک دن زیادہ تو **انوار وحی** کا مشاہدہ شروع ہوا اور بقول صحیح ظہور اس
انوار کا تاریخ ہشتم یا سوم ربیع الاول یوم دوشنبہ ۴۱ عام الفیل کو ہوا **صحیح بخاری**
مین حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ علامات وحی مین رویا ے
صالحہ وصادقہ ہوے کہ جو کچہ حضور شب کو مشاہدہ فرماتے یعنی خواب مین وہ صبح بعینہ ہوتا
اسکے بعد خلوت پسند آئی تو اوسکا یہ طریقہ مقرر فرمایا گیا کہ چند روز کا کہانا ہمراہ لیکر حضور غار ثور
مین تشریف لیجاتے اور تسبیح تہلیل اور تحمید و ثنا مین مشغول رہتے جب کہانا ختم ہوتا تو آپ
دولتخانہ پر تشریف لاتے اور دو چار روز آرام فرما کر پہر وہین تشریف لیجاتے اور غار کے قیام
کی مدت ایک ماہ سے کم ہوتی تہی الغرض ایک دن حضور پُر نور جسد مبارک کی شست وشو
فرمانے کو غار سے باہر تشریف لائے تھے کہ دفعۃً حضرت جبرئیل امین نے ہوا سے
آواز دی یا محمدؐ حضرت نے دیکہا تو کوئی نظر نہ آیا پہر دوسری بار جبرئیل امین نے آواز دی -

حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے متحیر ہوکر داہین بائین دیکھا تو ایک نورانی شخص نورانی تاج
سر پر اور حلہ سبز پہنے ہوے تشریف لائے اور ایک ٹکڑا حریر کا دیکر حضور سے کہا پڑہو
حضرت نے ارشاد فرمایا کہ مین پڑہا نہین ہون تو جبریل علیہ السلام نے آپ سے معانقہ
کیا اور حضرت کو دیر تک دبوچے رہے کہ حضور کو عرق آگیا پہر حضرت کو چہوڑ دیا اور کہا کہ پڑہو
پہر حضرت نے ارشاد فرمایا کہ مین پڑہا نہین ہون پہر حضرت جبریل نے اوسیطرح معانقہ قلبی
دیا اور چہوڑ دیا اور پہر کہا کہ پڑہو یہ تیسرا معانقہ تہا پہر سورہ اقرا ما لم یعلم تک پڑہایا اور ایک
روایت مین ہے کہ اول نعوذ اور بسم اللہ کہلائی پہر یہ آیت پڑہائی کہ حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو یاد ہوگئی چنانچہ تفسیر واجدی مین ہے کہ اول تعلیم جبریلؑ کی یہ
ہوئی کہ یا محمد استعذ باللہ ثم قل بسم اللہ اور ایک روایت مین ہے کہ بعد تعلیم
آیات مذکورہ حضرت جبریلؑ نے اپنا پاؤن زمین پر مارا کہ ایک چشمہ جاری ہوگیا پہر طریق
استنجا اور مضمضہ اور استنشاق اور کل ارکان وضو تعلیم کئے یعنی وضو کرکے دکہا دیا
اسلئے کہ ایسے افعال مین تعلیم فعلی زیادہ تر مفید ہوتی ہے بعد اسکے جبریل علیہ السلام
نے ایک چلو پانی لیکر حضور کے روے مبارک پر چہینٹا دیا اور خود آگے بڑہکر دو رکعت نماز پڑہی
اور ہمارے حضور نے اقتدا جبریل علیہ السلام کی فرمائی بعد نماز جبریل علیہ السلام نے عرض کی
کہ یون وضو ہوتا ہے اور اسطرح نماز پڑہی جاتی ہے- اور صحیح یہ ہے کہ یہ روایت بعد نزول
سورۂ فاتحہ صحیح ہے - **حضرت جبریل** علیہ السلام بعد تعلیم آیات خود جانب آسمان
روانہ ہوگئے اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنے دولت سرا کو تشریف لائے
راہ مین جو درخت یا پتہر ملتا تہا اوس سے السلام علیک یا رسول اللہ کی آواز آتی تہی اور حضرت
کا دل مبارک کانپتا تہا اوسی حالت مین داخل دولت سرا ہوئے اور حضرت نے ام المومنین
خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالی عنہا سے فرمایا زَمِّلُوْنِیْ زَمِّلُوْنِیْ یعنی مجہے چہپاؤ
مجہے چہپاؤ حضرت ام المومنین نے بالاپوش اوڑہایا اور ٹہنڈا پانی چہڑکا جب افاقہ ہوا تو آپ

نے فرمایا کہ مجھے اپنی جان کا خوف ہے حضرت ام المومنین نے فرمایا کہ خدا آپ کو ضایع نکرے گا اور آپ کے صفات حمیدہ بیان کر کے کہا کہ تم عزیزون کی مدد کرتے ہو اور محتاجون سے سلوک اور ایسے کامون مین جنسے حق کی تائید ہو اعانت کرتے ہو پہر تم مستحق رحمت الٰہی ہو نہ غضب الٰہی پہر آپ کو ورقہ **ابن نوفل** کے پاس لے گئین جو حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے برادر عم زاد تھے ورقہ نے حضور سے کہا کہ اے میرے بھائی کے بیٹے تمنے کیا دیکھا آپ نے تمام کیفیت بیان فرمائی ورقہ کتب سماوی پڑھے ہوے تھے اونکو بہت بڑی معلومات تہی ورقہ نے کہا کہ یہ ناموس اکبر تہا جسے جبریل کہتے ہین یہی فرشتہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تہا تم اس امت کے پیغمبر ہو کاش مین جوان ہوتا اون دنون مین جب کفار تمہین نکالینگے آپنے ورقہ سے پوچھا کہ کیا یہ لوگ مجھے مکہ سے نکال دین گے ورقہ نے کہا کہ انبیا پر اونکی امت نے اکثر ظلم کئے ہین اور آپ بہی نبی ہین آپ کی خبر عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے آپ اس بات سے خوف نکرین یہی امر آپ کی ترقی کا سبب ہوگا پہر اوسی زمانہ مین ورقہ نے انتقال کیا **فائدہ** حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے ایک دن حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ورقہ کا حال پوچہا یہ استفسار اوپر بہی گذر چکا ہے کہ حضور ورقہ کی نسبت کیا فرماتے ہین اوس نے آپ کی تصدیق کی تہی مگر زمانہ ظہور نبوت اور اتباع احکام اوسکو نصیب نہوا حضور نے ارشاد فرمایا کہ مینے ورقہ کو سفید کپڑے پہنے ہوے دیکھا ہے اگر اوسکی نجات نہوئی ہوتی اور مسلمانون مین محسوب نہوتا تو سفید کپڑے پہنے نظر نہ آتا۔ یہ **حدیث** شریف اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مردہ مسلمان کو سفید کپڑے پہنے ہوئے خواب مین دیکھے تو یہ دلیل اوسکی نجات کی ہے اَللّٰھُمَّ نَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَلْبِسْنَا لِبَاسَ الْاَخْیَارِ بِحُرْمَتِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم **فائدہ** جسطرح ورقہ ابن نوفل زمانہ نبوت سے پیشتر ایمان لائے تہے اسیطرح

حبیب نجار وغیرہ ایمان لائے تھے چنانچہ **سعد ابن کرب الحمیری** حضرت کی بعثت
سے دو برس قبل ایمان لائے ہین اور انھین سعد نے اول کعبہ شریف کو لباس پہنایا
ہے اور قیس ابن ساعدہ الادی حکیم العرب جسکی عمر سات سو برس کی کہی جاتی ہے اور
زید ابن نفیل ابن عم حضرت عمر ابن خطاب اور آمیہ ابن الصلت شاعر - اور بحیرا راہب
اور نسطور راہب وغیرہم قبل ظہور نبوت ایمان لاچکے تھے **فائدہ** نبوت اور رسالت
محض عنایت اور موہبت الہی ہے اسمین کسب کو اصلا دخل نہین ہے کوئی یہ نہ سمجھے
کہ ریاضت ومجاہدے کا نتیجہ نبوت ورسالت ہے اس معاملہ مین حضرت ام المومنین
خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کمال فراست واضح ہوا کہ حقایق امور کی معرفت تامہ اونکو
حاصل تھی اور اگرچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی نبوت اور جبریل علیہ السلام کے پہچاننے
مین شک وشبہہ نہ تھا مگر حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا نے اپنی راے کے موافق ورقہ
ابن نوفل کے پاس لیجانا مناسب سمجھا کہ حضور پرنور کو عین الیقین حاصل ہوا اور جو خود حقیقت
حال مفصل بیان کرتین تو بیان ہوسکتا کیونکہ حالات کتب سابقہ اونکو معلوم نہ تھے = اور
ورقہ نے جو حضرت کو برادر زادہ کہا تو یہ بات محاورہ عرب کے موافق تھی اور ورقہ جناب
عبد اللہ کے ہم عمر تھے اس قصہ مین کئی نکتے ہین اول یہ کہ بنی آدم کی تربیت وتعلیم مین
طریق تدریج جاری ہے خصوصا ایسے بار عظیم کے اوٹھانے مین تدریج واجبات سے
ہے کیونکہ اگر اول ہی بار حضرت پر بذریعۂ وحی قرآن شریف نازل ہوتا تو از روے قاعدہ
فطرت انسانی اوسکا تحمل دشوار تھا لہذا اول خواب مین علوم جزئیہ کی تعلیم شروع ہوئی تاکہ
حضور مرتبہ بمرتبہ علوم عالم غیب سے خوگر ہون پھر بحالت بیداری وہوشیاری خلوت کی
محبت دل مین ڈالی کہ زن وفرزند کے تعلقات سے طبیعت یکسو ہوجاے اور عالم غیب سے
اُنس پیدا ہوا اور اس خلوت نشینی کے لئے ایک مکان بتادیا گیا کہ وہان جنس بشر سے
کوئی نہو تا کہ بروقت نزول وحی کسیکو گمان تلقین وتلمذ کسی بشر سے دل مین کسیکے نہ گذرے

بوقت نزول وحی ایک صدمہ سخت قلب شریف پر ڈالا کہ دیکھنے والون کو توہم تلبیس اور تصنع پیدا ہو اور اس سے پہلے حضرت جبرئیل کو یہ ارشاد ہوا کہ تم حضرت پر ہو دار ہوا کرو اور تسلی دیا کرو تاکہ بمقتضاے بشریت بار نبوت سے گہبرا نہ جاوین = دوسرا یہ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے معانقہ سے جو روحانی قوت سے تہا روح مبارک حضور پر نور کی کامل ہوگئی اور فوراً طاقت قرات آگئی اسیکو معانقہ قلبی کہتے ہین اور حضرات صوفیہ کرام کے خاندان مین شایع ہے اور یہی معانقہ تہا جو حضور پر نور نے حضرت عبداللہ ابن عباس کو دیا تہا جسکی وجہ سے جتنا تفسیر کے بیان مین اونکو ملکہ تہا کسی اور صحابی کو بیان تفسیر قرانی مین یہ قوت حاصل نہ تہی — اور توجہ کا طریقہ حضرات صوفیہ کرام کے خاندان مین چار طرح پر جاری ہے اول تاثیر انعکاسی مثلاً ایک شخص عطر لگا کر مجلس مین آ لے اور اوسکی خوشبو سے اہل مجلس مستفید ہون یہ استفادہ اوسی وقت تک رہتا ہے جب تک وہ شخص مجلس مین ہے لہذا یہ طریقہ تاثیر مین ضعیف تر ہے — دوسری تاثیر القائی مثلاً کوئی شخص تیل اور بتی ایک چراغ مین رکہکر لاوے اور اور ایک اور آدمی آگ لیے بیٹھا ہے اوسکو روشن کردے کہ چراغ جلنے لگے یہ طریقہ اوس اوّل طریقہ سے فی الجملہ تاثیر مین قوی ہے کہ صحبت کے بعد بھی اسکا اثر باقی رہتا ہے لیکن ہوا سے تندکی تاب نہین لاسکتا فوراً بجہہ جایگا اس صورت مین نفس کو تہذیب نہین حاصل ہوتی جسطرح بے روغن و فتیلہ شعلہ آتش اصلاح نہین کرسکتا — تیسری تاثیر اصلاحی مثلاً کسی دریا یا چاہ سے پانی لیکر کسی خزانہ مین جمع کرین اور فوارہ حوض تک راستہ بخوبی صاف کردین اور پانی کو اوسی راہ سے جاری کردین کہ فوارہ جوش و خروش سے چہوٹنے لگے اسکا اثر بہ نسبت تاثیر بالا کے قوی ہے اور اصلاح نفس و تہذیب و لطایف بہی ہوتی ہے لیکن بقدر استعداد خزانہ و مسافت راہ نہ بقدر دریا و چاہ با اینہمہ اگر خزانہ پر کوئی آفت آجاوے تو نقصان مین شک نہین چوتھی تاثیر اتحادی کہ مرشد کامل

اپنی روح پرکمال کو مسترشد کی روح سے ایسا ملادے کہ مرشد کی روح کا کمال مسترشد کی روح مین مل کر شیر و شکر ہوجاے اور یہ نسبت انواع تاثیر مین قوی تر ہے اور دونون روحین واحد ہوجاتی ہین بار بار حاجت استفادہ کی نہین پڑتی اتحاد روحی اسیکا نام ہے اور اس قسم کی تاثیر نادر الوقوع ہے مگر اولیاے امت مصطفوی سے یہ بہی واقع ہوئی ہے اس نسبت کے صاحب اول تو حضرت یار غار صاحب لاتحزن ان اللہ معنا سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تہے اور صدی ششم و ہفتم ہجری مین حضرت امیر خسرو و حضرت مولنا مظفر بلخی قدس اسرارہما گذرے ہین حاصل کلام تاثیر حضرت جبریل علیہ السلام حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم مین اتحادی تہی کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے اپنی روح لطیف کو حضور کے جسد اطہر کے مسامات سے داخل بدن مبارک کیا کہ روح مبارک حضور پرنور سے مثل شیر و شکر کے ملگئی اور ایک عجیب حالت بشریت اور ملکیت کی پیدا ہوگئی ؎

تقدیر بیک ناقہ نشانید دو محمل سلماے حدوث تو ولیلی قدم را

اور شرح اس نسبت اتحادی کی بیان مین نہین آسکتی اگرچہ کہنے کو تو شہیدی نے کچہ کہا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ کچہ نہ کہہ سکا ؎

ادہر اللہ سے واصل ادہر مخلوق کے شامل خواص اوس برزخ کبری مین ہے حرف مشدد کا

محققین فرماتے ہین کہ ورقہ ابن نوفل نے حضرت کی تشفی کی اور نزول وحی پر گواہی دی اور حضرت جبریل امین کو پہچان لیا اور خود نصرت و اعانت پر مستعد ہوگیا مگر خدا تعالے شانہ نے اوسکو بہت جلد اس عالم سے اوٹہا لیا کہ کسیکو یہ گمان نہو کہ اوسی نے قصص اوایل اور شرایع سابقہ سے حضرت کو مطلع کیا ہے اور یہ بہی منظور الہی تہا کہ کسی اہل کتاب کے سبب سے نصرت حضور کی نہو اور بہر نوع استقلال رہے۔ اور ایسا کلام لسان جبرئیل علیہ السلام سے ارشاد کیا کہ جس سے دغدغہ امی محض ہونے کا جاتا رہے یعنی ارشاد

اصل انسان

ہوا اِقْرَءْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَءْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ترجمہ یعنی پڑھ اپنے رب کا کلام اوسی کے نام سے اور اوسی کی مدد سے اسواسطے کہ آدمی کلام قدیم کو اپنے نفس کے زور سے نہین پڑھ سکتا اور اگر اس بات کا دغدغہ ہو کہ ہمارا پڑھنا حادث ہے اور یہ کلام قدیم ہے تو خیال کرو اوسی پروردگار نے پیدا کیا ہے اشیا کو اپنے اسما کی صورت مین پہر وہی کلام قدیم کو حرف کی صورت مین تصویر کر کے خیال مین ڈالے گا کیونکہ دنیا کا انتظام اسی اسباب کے ساتھ متعلق ہے اور اسی طریقہ سے اسماے قدیمہ کو صور حادثہ مین ظاہر کیا ہے اور اگر یہ خیال ہو کہ کلام قدیم مرتبۂ عزت مین ہے اور یہ خاک کا پتلا مرتبۂ ذلت مین ہے تو ایسی چیز جو اسقدر عزت رکھتی ہو اوسکو اتنے پست مقام مین اوتارنا قیاس سے بعید ہے۔ یہ بات غور اور فکر کرنے سے سمجھ مین آیگی کہ انسان کو خون بستہ سے پیدا کیا اور وہ خون بستہ اوس قطرۂ آب سے بنا جسپر نجاست کا شرعی حکم ہے اور رفتہ رفتہ اوسی خون بستہ سے صورت بنی اور اوس صورت مین روح پھونکی گئی اور جب اوس خون کے پتلے مین روح آئی تو اوسنے اپنی پرورش کے لئے غذا طلب کی ماں کے پیٹ مین کوئی باورچی خانہ تو موجود ہی نہ تھا وہی خون طمث جو ہزارون نجاست کی ایک نجاست سمجھی جاتی ہے اوس پتلے کی غذا قرار دی گئی لیکن یہ دہن جسسے اب ہم غذا کہاتے ہین اسکو اوسنے اپنا نام لینے کے لئے بنایا تہا اوسکو اوس نجس غذا سے پاک رکہا اور ناف کے ذریعہ سے اوس ناپاک غذا کو تمام بدن کی پرورش کا سبب کیا اور پہر اوسکو وہ عزت بخشی کہ اسرار حقہ کا حامل کیا اتہی یہ کہ اسی جسد مین ایک مکان بناکر اپنی تجلیون کے لئے خاص کیا اور اوس خلوت سرا کا نام دل رکہا ؎

کعبہ بنگاہ خلیل آذر است — دل گذرگاہ جلیل اکبر است

اور اعضاے مختلفہ سے اپنے افعال ظاہر فرمائیے اور روح لطیف دالطف کو جسم

کثیف کے ساتھہ وہ ربط بخشا کہ کچھہ فرق باقی نرہا اور قدرت اسکو کہتے ہین کہ باوجود ایسے
وصل کے پہر فصل ایسا کہ لطافت روحیہ اپنے مقام پر اور کثافت جسمیہ اپنے مقام پر ۵
نہ جوہر مین ہے وہ نہ ہے سنگ مین ولیکن چمکتا ہے ہمہ رنگ مین
سُبۡحَانَ اللہِ وَبِحَمۡدِہٖ اور ان سب اعضا اور روح کو ایک ہی مادہ کثیف نجس و ذلیل سے
پیدا کیا اور کچھہ حصہ کو تو طاہر و مطہر اور لطیف و الطف کر دیا اور کچھہ حصہ کو نجس و کثیف و ذلیل ہی
رکھا اور لطف یہ ہے کہ ایک ہی مقام مین دونون کی سکونت اور طرز معاشرت علیحدہ اور ایک
ہی غذا سے دونون کی پرورش اور دونون کے مزاج مین آسمان و زمین کا تفاوت اور لطافت
و کثافت کی یہ حالت کہ ایک جسم اور ایک جوہر ایک کا ہر جزو قابل قسمت اور ایک غیر منقسم بالکل
ایک کے مزاج کی ماہیتین معلوم اور ایک کی حقیقت نامعلوم پہر اگر جس قادر مطلق نے ان
اضداد کو جسم مین جمع کر دیا ہے تو کیا تعجب ہے کہ وہ اپنے کلام قدیمہ کو صوت و حروف کے ذریعہ
سے قوت متخیلہ اور آلات نطقیہ مین القا فرمائی اور کلام کو بے تغیر اوسی لطافت پر قایم رکھے
جیسے کہ جسم فانی فنا ہو گیا اور روح باقی رہ گئی اِنَّ اللہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ چونکہ حضور پر نور کو
قبل حصول علم لدنی اقرأ کا لفظ مشکل معلوم ہوتا تھا اور دشوار خیال فرماتے تھے ناموس اکبر
کہہ رہے ہین کہ پڑھیئے اور آپ فرماتے ہین کہ مین پڑہا ہوا نہین ہون اس سکوت کو دیکھہ کر پہر
ناموس اکبر نے کہا کہ اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ پڑہیے اپنے پروردگار کے نام
پاک کی استعانت سے وہ بڑا قادر و توانا ہے اوسکو امی کا عالم کر دینا اور جاہل کا عاقل بنا دینا سہل ہے
کیونکہ امی کو مانع تحصیل علم یہ سبب ہے کہ اوسکے پاس اسباب تحصیل علم نہین اور یہ تمام افراد انسانی مین بہ نسبت بعض
علوم کے موجود ہے باینہمہ وہ کریم محض اپنے فضل و کرم سے اون علوم کو بعض مخلوقات
کے ذریعہ سے پہونچا دیتا ہے چنانچہ قلم کو کہ جو چیزین حواس و عقل کے وسیلہ سے دریافت
نہین ہو سکتین وہ لکھنے سے معلوم ہو جاتی ہین جیسے احوال قرون گذشتہ و کیفیات سنین
ماضیہ و حالات انبیاء و اولیا اور اس تاکید کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ اول حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و

واصحابہ وسلم سے ارشاد ہوا کہ اپنے ثواب نفس کے واسطے قرآن پڑھو اور اورون کو پہونچاؤ
اسلئے کہ نبی کو تبلیغ ضروریات سے ہے جسطرح امت کو ثواب اور تزکیہ نفس کے واسطے
قرات لازمی امر ہے اور اگر نبی تبلیغ نفرماے تو امت کو قرات میسر نہو لہذا خداے کریم
کو یہ منظور ہوا کہ ہمارا نبی اپنی امت کو اونکی استعداد کے موافق کارخانہ الوہیت کے اسرار
سے مطلع فرماے اور قلم کے ذریعہ سے تعلیم کرے جیسے سلاطین کی عادت جاری ہے کہ
اپنی رعایا اور ملازم کو اپنے احکام قلم کے ذریعہ سے پہونچاتے ہین اور زبانی گفتگو بہت کم
کرتے ہین یہی آداب سلطنت سے ہے کہ بادشاہ وزرا سے کلام کرے اور وزرا نوابون
سے اور نواب اپنے ماتحتون سے اور وہ ماتحت رعایا کو وہ احکام پہونچاتے ہین مثلاً اہل محل
شاہی کے لوگون کی فہرست اسما دفتر نظارت سے دستیاب ہوتی ہے - اور تعداد امکنہ
یعنی مکانات قلم بیوتات سے - اور شمار ملازمین مواجب مقرری قلم دفتر بخشی گری سے -
اور حالات مستحقین اور وجوہ خیرات دفتر صدرات سے - اور عرض وطول بلاد و شہر
و قریات قلم دفتر تقسیم سے - اور شمار جاگیر و خالصہ قلم دفتر وزارت سے - تعداد قیدیان
و محبوسان قلم دفتر اطلاق سے - اور تعداد خزانہ قلم دفتر میرسامانی سے **فائدہ** یہ خیال
نکرنا چاہیے کہ حضرت تو امی تھے تو پھر حضرت کو تکلیف پڑھنے کی کیون دی گئی یہ تکلیف
تو مالایطاق ہے اسکو یون سمجھنا چاہیے کہ یہ حکم تکلیفی نہین ہے بلکہ تلقینی ہے جسطرح
اوستاد نے بچہ کو مکتب مین لیجا کر کہتا ہے کہ پڑھ حالانکہ وہ بچہ ابھی مکتب مین داخل ہوا
ہے وہ کیا جانے کہ قرات کیا چیز ہے اور کیونکر پڑھتے ہین حالانکہ اوستاد کا مطلب
یہ ہوتا ہے کہ مین پڑھتا ہون تو سن اور پڑھنے کے لئے آمادہ ہوجا نہ یہ کہ خواہ مخواہ پڑھ
اور اسیطرح لفظ اقرأ اور چارون سورتون کی قل داخل قران ہین ان سے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب فرمایا ہے جسطرح اوامر و نواہی سے بس یہ الفاظ بطور سرنامہ
فرمان و خطوط ہین جیسے بآید شناخت - و بداند - و بشناسند - الغرض اسی عرصہ مین

ایک دن حضرت جبریل علیہ السلام پھر درمیان آسمان و زمین کے ایک کرسی پر بیٹھے ہوئے
نظر آئے۔ حضور کو پھر وہی حالت پیش آئی زملونی زملونی فرمانے لگے جیسطرح غار ثور مین واقع
ہوئی تھی اور وحی ہوئی یَا اَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ یعنی اے لحاف مین لپٹے ہوئے
کھڑا ہو پھر قوم کو ڈرا۔ بعضے علما فرماتے ہین کہ نبوت حضور پُر نور کی رسالت پر مقدم تھی اسلئے
کہ اہل حدیث کے نزدیک رسالت کیواسطے تبلیغ اور انذار ضرور ہے پس تکمیل و تزکیہ نفس
کیواسطے اور نیز تعلیم و تلقین کے لئے سورۂ اقرأ نازل ہوئی اور تبلیغ و انذار کے واسطے سورۂ
مدثر اول نبوت ہے اور دوسری رسالت **فائدہ حضرت جبریل علیہ السلام** کا
مرتبہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا ہے کہ روح القدس اور روح الامین انکا خطاب ہے
سب پیغمبرون کے پاس وحی لائے اور اللہ تعالیٰ شانہ کے وکیل رہے شرایع کا پہونچانا
عابدون کا مددگار رہنا اور کافرون کو ہلاک کرنا اور فتح و شکست کا ظاہر کرنا انہین کا کام ہے۔
انکا احسان آدمیون پر زیادہ ہے مگر فضیلت مطلقہ نہین ہے بلکہ بالخصوص بلحاظ کار ہائے
نافع نوع انسانی **مرتبہ حضرت اسرافیل** حضرت اسرافیل علیہ السلام اطلاع مکنونات
لوح محفوظ اور قرب و منزلت مین پیش قدم بلکہ حضرت جبریل و میکائیل و عزرائیل پر حاکم و
فرمان روا ہین **اقسام وحی** واضح ہو کہ نزول وحی حضور پُر نور پر کئی طرح سے ہوتا تھا ایک یہ کہ
حضور پُر نور سچے خواب دیکھا کرتے تھے کہ معظمہ مین اسکی ابتدا ہوئی یعنی جتنے خواب دیکھے اوسکا ظہور فی الفور ہو گیا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے اول بادی بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم من الوحی الرویا الصالحۃ فی النوم فکان لایری الا جاءت مثل فلق الصبح یعنی
اول جو بات اقسام وحی مین سے آپ پر ظاہر ہوئی وہ سچے خواب تھے پس رسول اللہ جو
خواب دیکھتے تھے اوسکی تعبیر صبح کے وقت فوراً ہو جاتی تھی دوسری قسم یہ تھی کہ آپ کے
قلب شریف پر حضرت جبریل علیہ السلام احکام الٰہی القا کر دیتے تھے اور خود ظاہر نہوتے تھے
اور نہ کوئی آواز آپ سنتے تھے کما قال اللہ تعالیٰ نزل بہ روح الامین علی قلبک اور اس قسم

کو نفث کہتے ہین - تیسری قسم یہ ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام مرد کی صورت مین متمثل ہو کر آتے
اور حکم خدا پڑھکر سناتے اور اکثر حضرت جبریل علیہ السلام دحیہ کلبی کی صورت مین حاضر ہوتے
تھے چنانچہ گاہ گاہ بعض اصحاب نے اونکو اسی صورت مین دیکھا ہے - اہل تحقیق فرماتے ہین
کہ رویت جبریل علیہ السلام حالت نزول وحی مین بصارت کے زوال کا سبب ہے جیسا کہ حضرت عباس
رضی اللہ تعالی عنہما کو یہ واقعہ پیش آیا روایت ہے کہ حضرت ابن عباس نے ایک روز حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس ایک شخص کو بیٹھا ہوا دیکھا جب وہ چلا گیا تو پوچھا کہ
یہ کون آدمی تھا حضرت نے فرمایا کہ کیا تو نے دیکھ لیا آپ سے عرض کی کہ ہان مینے دیکھا
حضور نے فرمایا کہ وہ جبریل تھے اب تیری آنکھون کی روشنی جاتی رہے گی مگر حضور کی
صحبت سراپا برکت کے سبب سے ظہور اسکا آخر عمر مین ہوا اور حضرت ابن عباس فرماتے تھے
کہ اگرچہ میری بصارت ظاہری زائل ہوگئی ہے لیکن زبان وقلب مین روشنی ہے - اور
حضرت شیخ عبدالحق شرح مشکوۃ مین فرماتے ہین کہ جسنے جبریل کو سواے پیغمبر کے دیکھا
اوسکی بینائی جاتی رہی اور بینائی تیری بھی جانے والی ہے لیکن تیرے وفات کے دن
یہ روشنی پھر آنکھون مین آجائیگی کہتے ہین کہ جب حضرت ابن عباس کا انتقال ہوا اور اونکو کفن
مین لپیٹا تو ایک سفید جانور آیا اور کفن مین غایب ہوگیا ہرچند لوگون نے تلاش کیا مگر نہ ملا تو عکرمہ
حضرت ابن عباس کے غلام آزاد نے کہا کہ اے لوگو یہ اونکی بینائی چشم ہے جسکا وعدہ
حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا تھا اور جب اونکو لحد مین رکھا تو ایک آواز
غیب سے آئی - یَآاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّة -
اگر کوئی اور شخص یہ شبہہ کرے اور صحابہ نے بھی حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھا تھا کبھی اعرابی
کی صورت مین کبھی حضرت دحیہ کلبی کی صورت مین جیسا جلال الدین سیوطی نے تحقیق کیا ہے
کہ حضرت عایشہ صدیقہ اور ابی ابن کعب اور عبدالرحمن ابن عوف اور عرباض ابن ساریہ رضی اللہ
تعالی عنہم نے بھی دیکھا ہے - اور ابی داود نے ابو جعفر سے روایت کی ہے کہ مناجات آنحضرت

جبرئیل کی پیغمبر خدا کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ نے سنی ہے پہر اونکی بصارت کیون نہ زایل ہوئی تو رفع اسکا یون ہوتا ہے کہ وہ وقت نزول وحی کا نہ تہا اس سببسے زوال بصر ہوا ۔ اور بعض علما فرماتے ہین کہ یہ ارشاد حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا عام نہ تہا بلکہ خاص ابن عباسؓ ہی کیواسطے تہا کیونکہ یہ حضرت اوسوقت صغیر سن تہے اور امور غیبیہ کے مشاہدہ کی طاقت نرکہتے تہے لہذا صدمہ شدید پہونچا جب تک قوت رہی بصارت رہی جب انحطاط عمر کا شروع ہوا تو بصارت کو وہی صدمہ عارض ہوا لیکن یہ توجیہ رکیک ہے صحیح یہ ہے کہ برکت صحبت حضور پرنور نے اوسے روکا اور زمانہ پیری پر اوسے ہٹادیا اور جب حضرت ابن عباسؓ کی آنکھین محسوسات ظاہری کی طرف سے بند ہوئین تو اونکی قوت صور خیالیہ اور اعیان مثالیہ سے مشغول ہوئین ۔ اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ اور صحابہ نے جو حضرت جبرئیل کو دیکہا تو اوسوقت اونکے چہرۂ مبارک پر ناسوتی انوار تہے جسکے وہ متحمل ہوئے اور جب حضرت ابن عباسؓ نے دیکہا ہے تو اوسوقت آپ کے روے مبارک پر ملکوتی انوار ہوگئے لہذا نظر متحمل نہ ہوئی اس سببسے زوال بصارت ہوا ۔ علامہ ترمذی فرماتے ہین کہ حضرت ابن عباسؓ نے جبرئیل علیہ السلام کو دوبارہ دیکہا ایک مرتبہ تو دحیہ کلبی کی صورت مین چنانچہ سیوطی نے جامع مین لکہا ہے کہ فرمایا ابن عباس نے کہ ایک مرتبہ گذرا مین پیغمبر خدا پر پارچہ سفید پہنے ہوئے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دحیہ کلبی سے کچہ باتین کر رہے تہے سخنان راز کی طرح اور وہ دحیہ نہ تہے بلکہ جبرئیل تہے تو حضرت جبرئیل نے حضور پرنور سے کہا یہ ابن عباسؓ ہے اگر سلام کرتا تو ہم جواب دیتے اسکے کپڑے خوب سفید ہین اور بعد اسکے اسکی اولاد سیاہ کپڑے پہنے گی اور جب چڑہ گئے جبرئیل آسمان پر تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا کس نے منع کیا تہا تجکو سلام سے پہنے عرض کی یا رسول اللہ آپ دحیہ کلبی سے باتین کر رہے تہے پہنے اس بات کو طریقۂ ادب کے خلاف سمجہا کہ اوسوقت آپکی توجہ کو اپنی طرف پہیرون فرمایا حضرت

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ وہ جبریل تھے روایت کیا اسکو ابن عساکر نے اور ترمذی
نے کہا کہ یہ قصہ دو بار ہوا کذا فی جامع الاصول معلوم ہوا کہ ایک بار عالم ناسوت کے انوار اونکے
چہرہ پہ تھے اور دوسری مرتبہ عالم ملکوت کے جسکا تحمل اونکو نہوا اور یہی رویت ثانیہ سبب فقدان
بصارت ہوئی۔ **شرح سفر السعادت** مین لکھا ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام کا بشر
کی صورت مین نازل ہونا اسواسطے تھا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو انس پیدا ہو
جنسیت کی وجہ سے **اہل تحقیق** فرماتے ہین کہ جسوقت افادہ واستفادہ مین مناسبت
وجنسیت شرط ہے تو جب کبھی بشریت حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حضرت
جبریل علیہ السلام کی ملکیت پر غالب آتی تھی تو جبریل علیہ السلام صورت بشری مین ظاہر ہوتے
تھے۔ اور جب ملکیت حضرت جبریل علیہ السلام حضور پرنور کی بشریت پر غالب ہوتی تھی تو
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وجود بشری سے غایب ہوکر عالم ملکوت مین جلوہ افروز ہوتے
تھے اور صورت اولی وحی کی بوعدۂ بشارت ہوتی تھی اور صورت ثانیہ بوعید ونذارت یعنی اول مین
جنت اور نعماے جنت کی خوشخبری دی جاتی تھی اور دوسری مین بیان عذاب اور تخویف
ہوتی تھی۔ **مواہب لدنیہ** مین ہے کہ دحیہ کلبی نہایت حسین وجمیل وخوش اندام تھے
حتی کہ جب سفر سے پلٹ کر آتے تو مرد وعورت برادری اور غیر برادری کے دیکھنے کو آتے
تھے۔ **صاحب تفریح الاذکیا** فرماتے ہین کہ اسی مناسبت سے حضرت جبریل علیہ السلام
اکثر **دحیہ کلبی** کی صورت مین تشریف لاتے تھے کہ حسن صوری سبب مسرت وفرحت
روح انسانی کا ہے **چوتھی** صورت وحی کی یہ تھی کہ آواز مانند آواز جرس گوش مبارک مین
آتی کہ بجز حضور پرنور کے اور کوئی اوسکے الفاظ اور معانی نہ سمجھ سکتا تھا اور اسی وحی مین جبین
روشن پر عرق آجاتا تھا اور اگر آپ کسی مرکب پر اوسوقت سوار ہوتے تھے تو وہ بیٹھ جاتا تھا چنانچہ حضرت
ام المومنین عایشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ سردترین ایام زمستان مین جب
وحی حضرت پر نازل ہوتی تھی تو اوس موسم مین بھی جبین روشن پر عرق آجاتا تھا اور قطرات عرق

ٹپکنے لگتے تھے اور گھوڑے یا اونٹ وغیرہ کی سواری کے وقت وحی کا نزول ہوتا تو وہ مرکب گر پڑتا مگر مادہ شتر جو خاص حضور کی سواری کی تھی **عضبا** - اور **قصوا** ان دونون کے ہاتھ پاؤن تو خم ہوجاتے تھے مگر گرنے سے محفوظ رہتے اور اگر کسی صحابی کی ران پر حضور تکیہ کرکے بیٹھتے اور اوسوقت نزول وحی ہوتا تو ران کی ہڈی کے ٹوٹنے کا خوف ہوتا تھا اور حضور پُرنور کا چہرۂ مبارک سرخ ہوجاتا تھا اور انفاس شریف کی آواز بلند ہوجاتی تھی کہ دور کے لوگ سُن لیتے تھے - اور بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ ایک مرتبہ حضور پُرنور زید ابن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ران پر سر رکھے لیٹے تھے کہ دفعۃً وحی کا نزول ہوا تو اونکی ران گرانی سے ٹوٹنے لگی - اور جب سورۂ مایدہ نازل ہوئی ہے تو حضور پُرنور ناقہ پر سوار تھے قریب تھا کہ اوسکا بازو ٹوٹ جاے - اور اہل تحقیق کہتے ہین کہ مطلق وحی کے نزول مین حضرت پر ایک نوع کی شدت ہوتی تھی اور چہرۂ مبارک کا رنگ متغیر ہوجاتا تھا کچھ صلصلۃ الجرس کی تخصیص نہین تھی کما اشار الیہ تعالیٰ شانہٗ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا **پانچوین** صورت وحی کی یہ تھی کہ حضرت جبریل علیہ السلام اصلی صورت مین تشریف لاتے تھے اور حکم خداوندتعالیٰ شانہٗ بیان کرتے تھے جیسا کہ سورۂ نجم مین واقع ہے - وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ترجمہ یعنی اوسکو دیکھا ہے ایک دوسرے نزول مین بیری یعنی سدرہ کی اوس حد مین اوسکے نزدیک ہے بہشت رہنے کی جگہ۔ اس آیت سے صاف ثابت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ و اصحابہ وسلم نے جبریل علیہ السلام کو اونکی اصلی صورت پر دو مرتبہ دیکھا ہے - ایک بار اول نبوت مین جب وہ سورۂ مدثر لائے ہین اوسوقت کرسی پر بیٹھے تھے اور آسمان کے دونون کنارے اون سے بھرے ہوے تھے - اور دوسری بار شب معراج مین فلک ہفتم سے آگے سدرۃ المنتہیٰ پر اور اوسوقت اونکے چھ سو بازو تھے کذا حققہ الشیخ فی تکمیل الایمان -

انبیا علیہم السلام کے پاس جبریل علیہ السلام کا آنا

روایت ہے کہ جبریل علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کے

پاس بارہ[12] مرتبہ آئے - اور[5] حضرت ادریس علیہ السلام کے پاس چار[4] مرتبہ - اور[6] حضرت نوح علیہ السلام کے پاس پچاس[50] مرتبہ - اور[7] حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس بیالیس[42] مرتبہ - اور[8] حضرت موسی کلیم اللہ کے پاس چار سو[400] مرتبہ - اور[9] حضرت عیسی علیہ السلام کے پاس دس[10] بار اور[10] حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت بابرکت مین چوبیس[24000] ہزار مرتبہ لیکن صورت اصلی مین دو بار - یوسف علیہ السلام کے پاس بھی چاہ کنعان مین جبرئیل کا آنا بیان ہوا ہے مگر صاحب تفریح الاذکیا نے اوسکا ذکر اپنی کتاب مین نہین کیا ہے -

چھٹی[6] صورت وحی کی یہ تھی جو شب معراج مین حضور پر نازل ہوئی **ساتوین[7] صورت** یہ ہے کہ حضرت حق نے بیواسطہ جبرئیل اپنے حبیب سے کلام کیا - **آٹھوین[8] صورت** یہ ہے کہ شب معراج مین بیواسطہ و بے حجاب حضرت حق سے کلام ہوا اور ظاہر ہے کہ وحی فوق السماوات اسی قبیل سے ہے **نوین[9] صورت وحی** یہ ہے کہ حضور پر نور نے حضرت حق کو خواب مین دیکھا اور کلام کیا چنانچہ حدیث زہری مین وارد ہے جاءنی ربی فِی اَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَقَالَ اَتَعْلَمُ فِیْ اَیِّ شَیْءٍ یَخْتَصِمُوْنَ الْمَلَاءُ الْاَعْلیٰ ترجمہ مینے آیا میرا پروردگار میرے خواب مین اچھی صورت مین اور فرمایا کہ تو جانتا ہے کہ کس چیز مین جھگڑتے ہین ملاء اعلی **دسوین[10] وحی** القائی کہ فیصلہ خصومات کے وقت جو حکم حضور پر نور کو حضرت حق کی طرف سے قلب شریف پر القا ہوتا تھا - **گیارہوین[11] طرح وحی** کی یہ تھی کہ ایک آواز شہد کی مکھی کی آواز کی طرح گوش حق نیوش مین آتی تھی اوس سے حضور الفاظ اور مطلب سمجھ لیتے تھے **بارہوین[12] وحی** استنشاق نفحات الہیہ تھی جیسا کہ حضور نے حضرت اویس قرنی کے حال سے خبر دی اِنِّی اَجِدُ نَفَسَ الرَّحْمٰنِ مِنْ جَانِبِ الْیَمَنِ **تیرہوین[13] طرح وحی** کی بطریق ملامسہ ہوتی تھی چنانچہ حضور فرماتے ہین وَضَعَ اللّٰہُ کَفَّهٗ بَیْنَ کَتِفَیَّ فَوَجَدْتُ بَرْدَهَا بَیْنَ ثَدْیَیَّ فَعَلِمْتُ مَا فِی السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ - ترجمہ رکھا اللہ تعالی شانہ نے اپنی ہتھیلی کو میرے دونون شانون کے بیچ مین تو پائی مینے ٹھنڈک اوس مبارک

ہتیلی کی اپنی چہاتی کے بیچ مین بس حاصل ہوا مجھے وہ علم کہ جوکچھہ آسمان وزمین مین ہے سب مجھے معلوم ہونے لگا چودہوین وحی بواسطہ حضرت اسرافیل علیہ السلام تھی چنانچہ صحاح مین عامر شعبی سے روایت ہے کہ اول معین ہوے حضرت اسرافیل علیہ السلام اور تین برس تک نظر آئے لوروحی لایا کئے پہر موکل ہوے حضرت جبریل علیہ السلام اور قرآن شریف لائے۔ اور طبرانی نے ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ نازل ہوے مجہپر اسرافیل اور بولے کہ مین رسول خدا کا ہون اور حکم خدا کا لایا ہون کہ آپ چاہے پیغمبری اختیار فرمایئے اور عبداللہ ہوجیے اور چاہے پیغمبری بادشاہی کے ساتہہ اختیار فرمایئے تو مینے جبریل ؑ کی طرف دیکھا تو اونسے کہا کہ تواضع اور بندگی اختیار فرمایئے۔ اور اسی حدیث مین ہے کہ اسرافیل علیہ السلام کسی پیغمبر اور نبی پر نازل نہین ہوے کذا فی المواہب اور یہہ بہی اسی کتاب مین ہے۔ کہ حضور پر طریق نزول وحی چہالیس ۴۶ طور پر تہا۔ اور ملا علی قاری نے فتح الباری مین لکہا ہے چہالیس ۴۶ طور وحی کے باعتبار اختلاف حامل وحی کے تہے **فائدہ** لغت مین وحی کے معنی مخفی طریقہ سے آگاہ کرنے کے ہین جسطرح پر ہو خواہ کلام کے ذریعہ سے یا کتابت کے طور پر یا رسالت واشارت کے طریقہ پر۔ اور کبہی لفظ وحی سے اسم مفعول کے معنی قصد کرتے ہین جیسا کہ خلق سے مخلوق اور یہ کلام الہی ہے کہ جو کچھہ انبیا پر نازل ہوتا ہے اوسمین سے ہمارے حضور پر نور پر ہر قسم کی وحی ہوئی اور انبیاے سابقین پر توزیع یعنی یہ تفریق کچھہ کسی نبی پر کچھہ کسی نبی پر ۔

حسن یوسف دم عیسی ید بیضا داری	آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

فائدہ۔ نزول وحی کے تاریخ وماہ مین اختلاف ہے محمد اسحق فرماتے ہین کہ نزول وحی رمضان شریف مین ہوا اور اوسوقت چہہ ہزار تینتیس ۶۰۳۳ برس ہبوط آدم علیہ السلام نے گذرے تہے۔ اور کتاب جامع الاصول مین اختلافات کے بیان کرنیکے

بعد تصحیح کی ہے کہ نزول وحی تیسری یا آٹھوین ربیع الاوّل کو ہوا اور عمر شریف حضور پُرنور کی اوسوقت
اکتالیس برس کی تھی اور کتاب **بہجۃ المحافل** مین ہے کہ جبریل علیہ السلام اول بروز
شنبہ شب کے وقت تشریف لائے۔ اور یکشنبہ کو بھی آئے اور پھر بروز دوشنبہ تاریخ
ہشتم یا دہم ربیع الاوّل کو مخاطب بالرسالۃ کر گئے۔ اور اوسوقت قتل کسریٰ سے سات
مہینے گذرے تھے ۵

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر میخواست	آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر برون

الغرض حضور پُرنور نے اظہار کیا کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے مجھے تشریف نبوت سے سرفراز
فرمایا مین خدا کا پیغمبر اور خاتم الانبیا ہون **سابق الایمان حضرات کا ذکر**
اوّل حضرت **ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا** مشرف
بایمان ہوئین بعد ازان اوسی دن آخر وقت یا دوسرے روز اوّل وقت حضرت امیرالمومنین
یعسوب الدین والمسلمین علی ابن ابیطالب رضی اللہ ایمان لائے چنانچہ حضرت کا ارشاد ہے
صَلَّیْتُ مَعَ النبی قبلَ النَّاسِ آپکے بعد زید ابن حارثہ پھر حضرت امیرالمومنین امام المتقین
بالتحقیق ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اور بعض کا قول ہے کہ جسوقت حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کوہ حرا سے تشریف لائے اور احوال وحی بیان فرمایا اوسی وقت
حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ایمان لائین قد ذھبت الیہ جماعۃ
من الصحابۃ والتابعین اور کچھ لوگ یہ کہتے ہین کہ اوّل حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ
عنہ ایمان لائے۔ اور ایک جماعت کا بیان یہ ہے کہ سب سے پہلے **ورقہ ابن نوفل**
ایمان لائے۔ اور شیخ ابن الصلاح کے نزدیک احوط یہ ہے کہ طایفہ عورات سے اوّل
حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایمان لائین اور گروہ اطفال سے اوّل
علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور جوانون مین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ اور موالی مین زید بن
حارثہ اور غلامون مین بلال حبشی رضی اللہ عنہم۔ اور ابن عبدالبر نے دعویٰ کیا ہے کہ بالاتفاق

ثابت ہے کہ اوّل علیؓ ابن ابی طالب ایمان لائے ہین لیکن صغیر سن تھے اور ابوطالب کے خوف سے ایمان کو چھپائے ہوئے تھے۔ اور صدیق اکبر نے فوراً بے تامل وتردد اپنا ایمان ظاہر کردیا۔ اور دلیل اوسکی یہ ہے کہ حضرت امام حسن علیہ السلام فرماتے ہین کہ مینے سُنا اپنے باپ سے وہ فرماتے تھے کہ صدیق اکبر مجھسے چار باتون مین سابق ہین ایک افشائے اسلام مین دوسرے ہجرت مین تیسرے مصاحبت غار مین۔ چوتھے اقامت صلوٰۃ مین اور مین براہ خوف اظہار اسلام اور ادائے صلوٰۃ مین اخفا کرتا تھا۔ اور حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہین کہ آیہ کریمہ سورۂ احقاف حَتّٰیٓ اِذَا بَلَغَ اَشُدَّہٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِیْنَ شان میں حضرت ابوبکر صدیق نازل ہوئی ہے۔ اور قصہ اسکا یون ہے کہ جب عمر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیس برس کی ہوئی تو ہمرکاب حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم بقصد تجارت شام کو گئے اور ایک مقام پر بیر کے درخت کے نیچے نزول فرما ہوئے اوسکے قریب ایک درویش کتابی رہتا تھا ابوبکر رضی اللہ عنہ اوسکے پاس گئے اوسنے آپ سے پوچھا کہ بیر کے درخت کے نیچے کون ہے حضرت ابوبکر نے جواب دیا محمدؐ ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب۔ اوس راہب نے کہا واللہ یہ نبی ہین بعد عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے اس درخت کے سایہ مین کوئی نہین بیٹھا مگر محمدؐ نبی اللہ پس یہ کلام اوسی وقت سے حضرت صدیق اکبر کے دل مین جم گیا اور اوسی روز سے حضرت صدیق اکبر نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اختیار کی یہانتک کہ چالیس برس کے ہوئے اور ابوبکر صدیقؓ اسلام لانے کے وقت اڑتیس برس کے تھے **الغرض** حضرت صدیقؓ اکبر کے ایمان لانے سے **دعوت اسلام** شروع ہوئی اور آپ کی فہمایش سے اکابر عرب ایمان لانے لگے **حضرات سبّاق** چنانچہ حضرت عثمان ابن عفان رئیس بنی عبد الشمس۔ زبیر العوام سردار بنی اسد۔ عبد الرحمن ابن عوف۔ وسعد ابن ابی وقاص افسر ان بنی زہرہ۔ وطلحہ ابن عبد اللہ امیر بنی تیم حضرت کے حضور مین حاضر ہوکر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ اور قبایل قریش کی شوکت

شکست ہوئی انہین بزرگوار کو سبّاق کہتے ہین - پہر دوسرے روز عثمان ابن مظعون اور ابو عبیدہ ابن الجراح وابوسلمہ ابن عبداللہ بن عبدالاسد مخزومی - اور ارقم بن ابی الارقم اور عبداللہ ابن مسعود ہُذلی ایمان لائے - کنیت ابن مسعود کی ابوعبدالرحمٰن ہذلی بضم ہا و کسر ذال نسبت جانب قبیلۂ ہذیل کے ہے اور یہ قبیلہ قبائل قریش سے جدا ہے بعض کی تحقیق یہ ہے کہ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے چند روز پیشتر ایمان لائے ہین اور ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ یہ بعد پانچ آدمیون کے چھٹے شخص ہین - سفر بین حضور پُرنور کی پاپوش اور مسواک اور آب طہارت انہین کی حفاظت مین رہتا تہا اور آئمہ حنفیہ کے نزدیک بعد خلفاے اربعہ کے ان سے زیادہ کوئی فقیہہ نہ تہا یہ نحیف البدن کوتاہ قامت گندمی رنگ تہے ساٹھہ برس سے کچھہ عمر زیادہ ہوئی وفات سال سی و دوم ۳۲ھ ہجری مین ہوئی اور بقیع مین مدفون ہین - اور بعد ان حضرات کے سعید بن زید اور انکی زوجہ فاطمہ بن خطاب اور بلال اور خباب ابن الارت اور صہیب رومی ایمان لائے - یہ صہیب رومی بن سنان غلام آزاد عبداللہ بن جدعان تیمی کے ہین کنیت انکی ابویحییٰ اور مسکن زمین موصل واقع میان دجلہ و فرات اہل روم کی لوٹ مین ہاتہہ آئے تہے اس وجہ سے رومی کہلائے اور رومیون سے قبیلہ کلب نے خریدکیا ان سے عبداللہ بن جدعان نے مول لیا اور آزاد کیا اور بعض کہتے ہین کہ روم سے مکہ معظمہ مین بہاگ کر آئے تہے اور کم عمر تہے جب جوان ہوئے تو عبداللہ بن جدعان سے ہم قسم ہوئے اور اسلام لائے عمر شریف آپکی ستر برس کی ہوئی ۳۸ھ ہجری مین وفات پائی بقیع مین مدفون ہوئے - اور انکے بعد عمار یاسر اور مسماۃ سُمیہ عمار کی والدہ اور اُم سلمہ اور خولہ بنت حکیم ایمان لائین اور ان سب کے ایمان لانے مین حضرت صدیق اکبر محرک ہوئے اور اللہ تعالیٰ شانہٗ نے حضرت صدیق اکبر کی دعوت کو اثر بخشا - اور ابن سعد کہتے ہین کہ بعد حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سب عورتون سے پہلے ام الفضل زوجہ حضرت عباس رضی اللہ عنہما و اسما بنت حضرت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایمان لائین

حاصل کلام تین برس تک دعوت اسلام پوشیدہ اور مخفی طریقہ سے ہوتی رہی اور ضعفا و غربا ایمان لاتے گئے چوتھے برس دعوت اسلام کے واسطے عام حکم ہوا - آیہ کریمہ نازل ہوئی فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ترجمہ یعنی ظاہر کرو اوس کام کو جسکا تمہین حکم ہوا ہے اور پھیر لو اپنا مُنہ مشرکون سے - بس حکم کی دیر تھی علی رؤس الاشہاد دعوت اسلام شروع ہوگئی یہانتک کہ سورہ شعرا مین ارشاد ہوا - اَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ - ترجمہ یعنی ڈرا اپنے قریب رشتہ دارون کو اور تواضع کر ایمان لانے والونکی جو تیری پیروی کرین - جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تمام قریش کو پکار کر سنایا اور اپنے چچا اور پھوپھی اور بیٹی سے فرمایا کہ اللہ کے یہان اپنی فکر کرو مین تمہارا خدا کے یہان ایمان نہ لانے کی حالت مین کچھہ سامان نکر سکون گا جب دعوت اسلام عام ہوئی تو ولید بن مغیرہ اور عاص بن وایل اور زمعۃ الاسود بن المطلب اور اسود بن عبد یغوث اور حارث بن قیس بن حنظلہ شرارت وخباثت باطنی سے بدگوئی کرنے لگے کہ ایک ہی دن مین اللہ تعالی شانہٗ نے پانچون کو جو حقیقت مین پنج عیب شرعی تھے کئی بیماریون مین مبتلا کر کے داخل جہنم کر دیا - بعض کا یہ قول ہے کہ عاص اور ولید ہجرت کے بعد مرے ہین - اسی عرصہ مین یہ معاملہ ہوا کہ ایک دن وقاص چند آدمیون کے ساتھہ کعبہ شریف مین نماز پڑہنے گئے تو مشرک آکر مانع ہوئے ایک مشرک کو ان لوگون نے قتل کیا یہی پہلا خون ہے جو اسلام مین واقع ہوا - ابن اسحق فرماتے ہین کہ اول چالیس آدمی مسلمان ہوئے پھر تو عورت و مرد اسلام کیطرف دوڑے اور دین اسلام کا اظہار ہونے لگا قریش نے تعرض موقوف کیا مگر جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی زبان مبارک پر بتونکی نکوہش ظاہر ہوئی تو مشرک اوسوقت درپے ایذا ہوئے اور آپس مین یہ عہد کیا کہ جو اسلام لائے اوسے مارو ابوطالب اور دیگر بنی ہاشم سوا ابی لہب کے حضور پُر نور کے کھلکر معین و مددگار ہو گئے ایک روز اشراف قریش جمع ہو کر ابوطالب پر چڑہ آئے

اور کہنے لگے کہ تمہارا بھتیجا ہمارے بتون کو بُرا کہتا ہے اور ہمارے آباد اجداد کو عیب
لگاتا ہے اور ہمارے دین کو باطل جانتا ہے اوسکو منع کرو اسلیے کہ تم بھی اوسی دین مین ہو
جسمین ہم ہین ابو طالب نے ملایمت اور حلم سے اونکو سمجھا دیا اسی طرح دو تین مرتبہ وہ سب
مجتمع ہو کر آئے پھر ایک روز عمارہ ابن ولید ابن مغیرہ کو لا کر کہا کہ یہ شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کا عوض ہے ابو طالب نے کہا سبحان اللہ چہ نسبت خاک را با عالم پاک -
مجکو ہرگز منظور نہین پھر تو کفار قریش لڑائی پر آمادہ ہو گئے ابو طالب نے بنی ہاشم و بنی مطلب
و بنو عبد الشمس و بنی نوفل کو اعانت کے واسطے طلب کیا تو باستثناے ابی لہب سب بنی ہاشم و
بنی مطلب حاضر ہوئے مگر بنی عبد الشمس اور بنی نوفل نہ آئے لیکن فتنہ فرو ہو گیا **فائدہ** اسی
باعث سے بنی مطلب ذوی القربی مین داخل ہین **بخاری** مین جبیر ابن مطعم سے روایت
ہے کہ جب حضرت صلعم نے سہم ذو القربی تقسیم کیا تو مین نے اور عثمان بن عفان نے
کہا یا رسول اللہ ہم اور بنی مطلب قرابت و بزرگی مین برابر ہین آپنے انکو حصہ دیا اور ہمکو نہ دیا
حضور نے فرمایا کہ مطلب کی اولاد اور ہاشم کی ایک ہی چیز ہے **واضح ہو** کہ عبد مناف کے
چار بیٹے ہاشم۔ مطلب۔ عبد شمس۔ نوفل۔ تو نوفل سے جبیر اور عبد الشمس سے حضرت
عثمان رضی اللہ عنہما پس جسوقت حضور پُرنور نے خیبر کا پانچوان حصہ تقسیم فرمایا اور بنی ہاشم
اور مطلب کو دیا اور عبد شمس اور نوفل کی اولاد کو نہ دیا تو ان دونون نے التماس کیا کہ
یا رسول اللہ بنی ہاشم کی شرافت کے ہم قایل ہین لیکن کیا سبب ہے کہ مطلب کی اولاد کو
آپ نے حصہ دیا اور ہم کو نہ دیا اگر برادری کی حالت پر نظر کی جاے تو ہم اور وہ برابر ہین اوسوقت
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا انما بنو هاشم و بنو المطلب شیء
واحد و شبک بین اصابعه خلاصہ یہ ہے کہ ان دونون کی اولاد کبھی جدا نہین رہی
رنج و غم بعثت الکفر و اسلام مین شریک رہی انکی خصوصیت کا یہ سبب ہے **اجتہاد حضرت امام شافعی**
رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث شریف سے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ اجتہاد فرمایا

کہ بنوا المطلب کو آل مین شمار کرتے ہین - الغرض حسب فرمان وانذر عشیرتک الاقربین حضور
پرنور کوہ **صفا** پر جلوہ فرما ہوئے اور اپنے اقارب کو ایک ایک کا نام لیکر پکارا اکثر سردار آئے
اور بعض نے اپنی طرف سے کسی آدمی کو بھیجا جب یہ لوگ مجتمع ہوگئے تو حضور پرنور نے فرمایا
کہ اے اہل قریش اگر مین تم سے کہون کہ ایک لشکر اس پہاڑ کے پیچھے اوترا ہوا ہے اور
تمپر تاخت کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو تم اوسے سچ سمجھوگے یا جھوٹ مانوگے وہ سب کے سب
بولے کہ ہم بیشک آپ کی بات کو سچ مانین گے اسلیئے کہ ہم نے کبھی تمکو جھوٹ بولتے ہوئے
نہین دیکھا اور نہ کسی سے سنا تو حضور والا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قریش مین تمکو
عذاب خدا سے ڈرتا ہون تمہین لازم ہے کہ تم میرا کہنا مانو کمبخت ناحق شناس ابولہب بولا
تبًّا لَّكَ سائرَ الیوم الِهٰذا جَمَعْتَنَا یعنی تو ہلاک ہوجیو کیا اسی واسطے تو نے ہمکو
بلایا تھا حضور پرنور جو سراپا شان رحمت تھے ساکت ہوگئے اور اوسکی بیہودہ گوئی کا کچھ جواب
نہ دیا جواب جاہلان باشد خموشی مگر پروردگار تعالی شانہ کو اوسکی گستاخی پسند نہ آئی اور اپنے
حبیب کی دلشکستگی پر خیال فرماکر اوسکے کلام کو اوسی طرف پھیر دیا تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ
وَّتَبَّ یعنی ٹوٹ جاوین دونون ہاتھ ابی لہب کے اور وہ ہلاک ہو - نام ابی لہب کا عبدالعزی مگر
اوسکے چہرے کا رنگ سرخ زیادہ تھا لہذا عبدالمطلب نے اوسے ابی لہب کے لقب سے
پکارا - مردے کی اچھی بری علامت جہان بیان کی ہین اوسمین نامحمود علامت مردے کے
چہرے کی سرخی ہے اور سبزی وزردی علامت محمود سے ہے لہذا وہ ناعاقبت اندیش
زندگی ہی مین دوزخیون کے زمرے مین شامل ہوچکا تھا اور اوسکی زوجہ کا نام ام جمیل تھا وہ بھی اپنے
شوہر کی طرح حضور کی دشمن جان تھی اور حضور عالی کے راستہ مین ببول کے کانٹے بچھا دیا
کرتی تھی وہ بھی بڑی خرابی سے مری اور حطب جہنم ہوئی اللہ تعالی شانہ نے اوسے حمالۃ الحطب
فرمایا ہے یعنی لکڑیون کا بوجھ اوٹھانے والی خست وبخل کے سبب سے جب سورہ تبت یدا
نازل ہوئی تو ایک دن حمالۃ الحطب ایک پتھر لیکر مسجد الحرام مین آئی جہان حضور پرنور اور صدیق اکبر

بیٹھے ہوئے تھے مگر اللہ تعالیٰ شانہ نے حضور پُر نور کے جمال کے لاحظہ سے اوسکی آنکھون کو اندہا کر دیا اوسنے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور اون سے کہا کہ مینے سنا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے میری ہجو کہی ہے اگر مین اونکو باتی تو یہی پتہر اونکے سر پر ارتی - حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ فرماتے تھے حضور پُر نور کہ مین دو ہمسایون کے بیچ مین تہا ایک ابولہب اور دوسرا عقبہ ابن معیط یہ دونون گوبر جمع کر کے حضور پُر نور کے راستے مین بچھا دیا کرتے تھے کہ حضرت کو تکلیف ہو راستہ چلنے مین اور حلم حضرت کا یہ تہا کہ جب آپ دولتسرا سے باہر تشریف لاتے تو فرماتے کہ اے بنی عبد مناف یہ کیا حق ہمسایگی ہے جو تم ادا کر رہے ہو اور خود بنفس نفیس اوس نجاست کو علیحدہ فرما دیتے کہ اور کسی راستہ چلنے والے کو اوس نجاست کا اثر نہ پہونچے بڑون کی بات بہی بڑی ہوا کرتی ہے - اور قریش کا یہ حال تہا کہ جو شخص مکے مین داخل ہوتا تو اوس سے کہتے کہ محمد کی نہ سُننا اور سُنا تو اوسکو ست مانا ورنہ فتنہ مین پڑ جاوگے اور کسی سے کہدیتے کہ یہ شخص ساحر ہے اور کبہی کسی سے کہدیتے کہ یہ شاعر ہے یا کاہن اور کسی سے کہدیتے کہ یہ مجنون ہے غرض جو جسکے دل مین آتا وہ کہتے مگر حضور کسی کا جواب نہ دیتے چنانچہ ایک مرتبہ یہ اتفاق ہوا کہ ولید ابن مغیرہ بڑا قابل اور طویل العمر تہا قریش سے کہنے لگا کہ موسم حج مین کہ جسکا زمانہ اب قریب ہے قبایل عرب اطراف وجوانب سے سمٹ کر زیارت بیت اللہ کو آوینگے اور آوازہ لیاقت محمد ابن عبد اللہ سُن چکے ہین بے شبہہ وہ لوگ ایمان لاوینگے ایسی کوئی بات تجویز کرنی چاہیے جسمین اونکے دل پہر جائین مگر ایک ہی بات تجویز کرو اور وہ ایسی بات ہو کہ جسمین پہر اختلاف نہ واقع ہو سارے قریش نے کہا کہ اے عبد الشمس تو ہی کچھ فکر کر ولید نے کہا تم لوگ اول تجویز کرو پہر مین بہی اپنی عقل کے موافق بتلا دونگا تو ایک شخص نے کہا کہ محمد کو کاہن کہنا چاہیے اوسنے کہا کہ واللہ مینے بہت کاہن دیکھے ہین مگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کلام ہرگز کاہنون کے

سجع اور موزون سے مناسبت نہین رکھتا کیونکہ کاہن کبھی سچ کہتا ہے اور کبھی جھوٹ لیکن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہرگز جھوٹ نہین بولتے اگر یہ تجویز کروگے تو عرب کے لوگ تمکو جھوٹا کہینگے تو ایک دوسرا نامعقول بولا کہ اچھا تو یہ کہین کہ یہ مجنون ہین ولید ابن مغیرہ بولا کہ یہ اوس سے زیادہ کم فہمی کی بات ہے کہ ایک اعلی درجہ کے دانشمند کو دیوانہ کہدین کیا وہ لوگ اوس سے ہمکلام ہونگے سلسلہ کلام ہی تو وہ معیار ہے کہ عاقل و دیوانہ کا فرق ظاہر کردیتی ہے واللہ مین تو اسمین جنون کا کوئی شعبہ نہین پاتا یہ تو وہ شخص ہے کہ تمام دنیا کے عاقل اسکی صحبت سے فیض اوٹھائین دیوانون کا کلام ہذیان ہوتا ہے اور سلسلہ کلام دیوانون کا جابجا سے منقطع اور ناتمام اور بےمعنی ہوتا ہے ایک جملہ کو دوسرے جملہ سے ربط نہین ہوتا اسکا کلام تو وعظ ونصایح اور حکمی مسایل سے بھرا ہوا ہے - کچھہ اور عقل کے اندھے بول اوٹھے کہ ہم شاعر کہین گے ولید ابن مغیرہ نے کہا کہ شاعر بھی نہین ہے مین نے عبد ابن الابرص اور امئیہ ابن الصلت اور دیگر شعراے متقدمین کے اشعار سنے ہین اور خود بھی فن شعر سے خوب ماہر ہون اوسکے کلام کا سیاق اصلا شعرا سے مناسبت نہین رکھتا اور نہ اوسکو شاعری کی طرف توجہ ہے - کچھہ اور مجانین مادرزاد یہ بڑہا نکلنے لگے کہ بس یہ بات تحقیقی ہے کہ اسکو ساحر کہین ولید ابن مغیرہ نے کہا کہ واہ یہ بات سب سے زیادہ مہمل ہے مینے بہت ساحرون کو دیکھا ہے اور اون سے ہم صحبت رہا ہون اسمین اونکی سی کوئی بات نہین ہے اسواسطے کہ کلمات سحر بےمعنی اور مہمل ہوتے ہین اور ساحر ہمیشہ اپنے سحر کے ذریعہ سے کسب معیشت دنیوی کرتا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کلام پُراز معنی ہے اور اسکو مال کی ہرگز پروا نہین ہے اس تقریر کے بعد اوسکو ایک سکوت ہوگیا اور بہت دیر تک وہ حالت اوسپر طاری رہی قریش اوسکی یہ حالت دیکھکر گھبراے اور کہنے لگے کہ اچھا تو ہی بتلاکہ کیا کہین ولید ابن مغیرہ بولا - جو کلام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بولتے ہین اوسمین عجیب حلاوت وفصاحت و نور وقبول ہے کہ کسی کلام مین یہ باتین نہین پائی جاتین اور وہ خود

بذات خاص ایسا نہین ہے کہ اوسے کوئی پہچانتا نہو کیونکہ نسب مین سب سے افضل ہے یعنی
عبدالمطلب کا پوتا ہے اور فصاحت و بلاغت مین بے نظیر ہے پہر جو بات تم تجویز کروگے
وہ اوسکی ملاقات کے بعد بے اصل ثابت ہوگی مگر اصل حقیقت یہ ہے کہ یہ سحر بابل ہے جو محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بسند صحیح کہین سے پہونچا ہے - اور سحر بابل اس سحر سے
جدا ایک چیز ہے اور دلیل قوی اوسکے سحر ہونے پر یہ ہے کہ محمد صلعم کے کلام مین ایک خاص
تصرف ہے اور وہ ظاہر ہے کہ اوسکے حکم سے باپ بیٹے اور زن وشو مین جدائی ہوجاتی
ہے اس حیثیت سے فی الجملہ سحر سے مشابہت ہے ناگزیر اگر کچہہ کہا چاہتے ہو تو ساحر ہی کہو
اگرچہ یہ بہی تمہارے مطلب کے واسطے کافی نہین ہے - غرضکہ اسی پر سب لوگ متفق ہوے
اور تمام شہر مین منادی کروادی کہ اب محمد صلعم کو ساحر کہا کرو اور کوئی شخص شاعر اور مجنون اور
کاہن نکہے پہر موسم حج مین جو شخص حضور کے پاس آتا اوس سے یہی کہتے کہ محمد صلعم ساحر
ہین چنانچہ اسی ولید کے حال مین سورۂ مدثر مین ارشاد ہوا ہے اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝
فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ
وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝ فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝
اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ۝
لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۝ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝ **ترجمہ** اوسنے سوچا اور دل مین ٹہرایا
پس لعنت کیا گیا ہو جیو کیسا اندازہ کیا پہر ملعون ہو جیو (وہی ولید) کیسا اندازہ کیا - پہر نگاہ کیہہ -
پہر تیوری چڑہائی اور منہ تو تہا یا پہر پیٹھہ پہیری اور غرور کیا پہر بولا نہین یہ جادو ہے جو چلا آتا ہے اگلون
مین سلسلہ بسلسلہ - اور نہین یہ آدمی کا سا - اب اوسکو مین ڈالونگا آگ مین اور تو کیا بوجہا کیسی
ہے وہ آگ - نہ باقی رکہے نہ چہوڑے نقل آتی ہے پنڈے یعنی بدن پر **عجب** اتفاق
ہے کہ ولید ابن مغیرہ کے عناد کا سبب یہہوا کہ ایک دن ولید مسجد کعبہ مین بیٹہا تہا اور حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بہی وہین بدونق افروز تہے کہ سورہ حم سجدہ نازل ہوا آنحضرت

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حسب عادت شریف اوسکو باواز بلند تلاوت فرمایا
تو ولید نے بھی توجہ سے اوسے سنا جب حضور نے دیکھا کہ یہ شخص بہت توجہ سے سن رہا ہے
تو دوبارہ اوسکی تلاوت فرمائی اوسنے تامل کر کے اپنی قوم سے کہا کہ انصاف تو یہ ہے کہ یہ جو کچھ محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے سُنا ہے وہ ہرگز آدمی کا سا کلام نہین ہے اور اسمین
ایسی شیرینی ہے جو کسی کلام مین پائی نہین جاتی اور یہ کلام ضرور سب کلام پر غالب رہیگا
پھر جب وہ اوس مجلس سے اوٹھا تو یہ خبر ابوجہل کو پہونچی کہ ولید آج محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے کلام معجز نظام پر شیفتہ ہوگیا لہذا وہ مردود ازلی بہت گھبرایا اور قریش کے رئیسون کو
ہمراہ لیکر ولید کے گھر گیا اور اوس سے کہا کہ تجسے سخت تعجب ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کا اثر تجپر پڑگیا اور تجھکو بھی رغبت اون کھانون کی ہوئی جو ابوبکر
رضی اللہ عنہ اپنے صاحب کے لیے لاتا ہے ولید اس بات پر نہایت برافروختہ
ہوا اور کہنے لگا کہ تو میرا عیش اور تنعم جانتا ہے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور پسر
ابوقحافہ اب تک میرے دروازے کے فقیر کے برابر بھی نہین ہین مجکو اونکے کھانے
کی کیا پروا ہے - ابوجہل مردود نے کہا کہ اگر یہ بات ہے جو تو کہتا ہے تو مسجد حرام مین چلکر
قبایل قریش کو بلوا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے معاملات مین مشورہ کر - ولید
مسجد حرام مین آیا اور سب سردار قریش کے جمع ہوئے - ابوجہل - ابولہب - ابوسفیان - نضر
بن الحارث - امیہ ابن خلف - عاص ابن وایل سب کے سب ولید کی طرف متوجہ ہوئے اور
کہنے لگے کہ سخت مشکل درپیش ہے یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم دعوی نبوت
کرتے ہین اور جو کلام وہ پڑھتے ہین اوسکو خدا کا کلام بتاتے ہین اور موسم حج قریب ہے
بہت آدمی جمع ہونگے اور جو اون سے ملیگا وہ اونکا کلمہ پڑھنے لگیگا لہذا کچھ انتقام کرنا چاہیے
ولید نابکار کفر مین بہت شدید تھا اسلیے کہ وہ حقیقت قرآن اور نزول قرآن اور اوسکی
فصاحت و بلاغت سے خوب واقف تھا یعنی یہ سمجھتا تھا کہ یہ فصاحت و بلاغت حد معجزہ

کو پہونچی ہوئی ہے اور خود اقرار کرتا تھا کہ بشر کا کلام نہین ہے اور باوجود اسکے ابطال حقیقت
مین کوشش کرتا تھا اور اس کافر شدید الکفر کی بہت سی اولاد ذکور تھین لیکن سات آدمی
بہت مشہور ہین اوّلؔ ولید ابن الولید دوؔم حضرت خالد ابن الولید سیف اللہ یا اللہ
تو پاک ہے اور تیری قدرت کاملہ تک عقل بشر کو رسائی نہین کہان ولید سا کافر اور اسکا بیٹا
خالد سیف اللہ۔ اے پروردگار تو قادر علی الاطلاق ہے جو چاہا وہ کیا اور جو چاہے گا وہ کریگا
تعالیٰ اللہ شانہٗ سوؔم عمارہ ابن الولید چہارؔم ہشام ابن الولید پنجؔم عاص ابن الولید ششؔم
قیس ابن الولید ہفتؔم عبدالشمس ابن الولید انہین سے چار شخص مشرف باسلام ہوئے۔ ولیدؔ۔
خالدؔ۔ عمارہؔ۔ ہشامؔ اور تین شخص کافر مرے۔ لیکن عمارہ کا اسلام باسناد صحیح ثابت نہین
ہے۔ خالد رضی اللہ عنہ انکی شجاعت کے کارنامون سے اسلامی فتوحات کی کتابین بھری ہوئی
ہین آفتاب نیمروز کی طرح انکی بہی روایتین مشہور عالم ہین۔ یہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ
وآلہ و اصحابہ وسلم ہی کے حکم سے منصب امیر الامرائی پر مقرر ہوئے اور حضور سرور عالم صلی اللہ
علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے آپکو خطاب **سیف اللہ** سے مخاطب فرمایا اور بعد تشریف بری
حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم خلافت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین بھی
یہ عہدہ آپ کی ذات پاک سے مشرف یا نامہ فتوحات شام وعراق کے **فاتح** آپ ہی ہین
اور بیشتر مہم مرتدین کو آپ ہی نے انجام دیا ہے۔ مسیلمہ کذاب کے قاتل اگرچہ وحشی ہین جو حضرت
امیر حمزہؓ کے قاتل ہین زمانہ کفر مین مگر اوس لشکر کے امیر حضرت خالدؓ ہی تھے **ولید بن الولید**
یہ حضرت خالدؓ کے دوسرے بھائی ہین انکو انکے باپ ولید بن مغیرہ نے اسلام لانے کی
خبر سنکر مکہ معظمہ مین قید کیا تھا اسلئے کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم کے
حضور مین حاضر ہونے پائین حضور پرنور نے انکی خلاصی کے واسطے نماز صبح مین قنوت فرمائی
اور بآواز بلند کہ جملہ حاضرین نماز نے سُنا مگر انکی رہائی کے بعد اوسے حضرت سرور عالم صلی اللہ
علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے ترک فرمایا اور یہ شخص داعیان اسلام کے اوّل مین تھین اور بعد

شیوع اور غلبہ اسلام کے ثابت نہین اور وہ قنوت یہ ہے اَللّٰھُمَّ اَنجِ الولید بن الولید وعباس ابن
ابی ربیعہ وسلمۃ ابن ہشام والمستضعفین من المومنین یہانتک کہ یہ لوگ اون ظالمونکے
ہاتہہ سے رہا ہوکر فیض یاب صحبت بابرکت ہوئے۔ **ولید ابن مغیرہ** کو اللہ تعالیٰ شانہ نے
مال بہی بہت دیا تہا یعنی مال زراعت۔ مال مواشی۔ مال تجارت۔ کہ ان قسمون کے مال
سے جو کچہہ حاصل ہوتا خرچ سے بہت زیادہ پس انداز ہوتا تہا اسکے سوا قابلیت اور لیاقت
شعر وسخن و تبحر و کمال ہر فن اللہ تعالیٰ شانہ نے اوسے عنایت کیا تہا اسی جامعیت کے سبب
سے وہ ریحانۂ قریش کہلاتا تہا باوصف ان امور کے ایسا ناشکر گذار تہا کہ کبھی کلمہ شکر زبان پر
نہ لایا اور سوا ے بت پرستی یعنی عبادت لات وعزیٰ کے کسی اچھے کام مین مصروف نہوا
آخر کار یہ نوبت پہونچی کہ پے درپے نقصان مال وجاہ لاحق ہونے لگا یہانتک کہ فقیر ہوکر
مرا اور آخرت مین کندۂ دوزخ بنا اور ان شبہات واہیہ کو اللہ جل شانہ نے رفع کیا ہے
اس واقع کو سورۂ **ذاریات** مین اوس پاک پروردگار تعالیٰ شانہ نے ارشاد فرمایا ہے
کَذٰلِکَ مَآ اَتَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ اَتَوَا
صَوْا بِهٖ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ یعنی اسیطرح ان سے پہلون کو جو رسول آیا ہے کہا کہ جادوگر
ہے یا دیوانہ آیا ہی کہہ مرے ہین ایک دوسرے کو کوئی نہین پر یہ لوگ شریر ہین اور سورہ
طور مین ارشاد ہوتا ہے فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ اَمْ يَقُوْلُوْنَ
شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ۔
ترجمہ یعنی اب تو سمجہا کہ تو رب کے فضل سے نہ کاہن ہے۔ نہ مجنون کیا کہتے ہین یہ شاعر
ہے ہم راہ دیکہتے ہین اسپر گردش زمانہ کی تو کہہ کہ تم راہ دیکہو کہ مین بہی تمہارے ساتہہ تمہاری
راہ دیکہتا ہون **روایت** صحیح ہے کہ عروہ ابن زبیر نے عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص سے
پوچہا کہ مجہکو خبر دے اوس سخت تکلیف سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو
قریش سے پہونچی تہی اوسنے کہا کہ ایک دن قریش صحن کعبہ مین تہے اور مین بہی وہین تہا

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ذکر آیا تو کہنے لگے کہ واللہ ہمنے کبھی ایسا صبر نہین
کیا جیسا اب کرتے ہین یعنی جو کچھ چاہتے ہین محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہمکو ہمارے
باپ دادا کو کہتے ہین اور ہمارے دین کو برا جانتے ہین استنے مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم تشریف لائے اور طواف کعبہ مین مشغول ہو گئے تو اثنائے طواف مین قریش نے یہی کہنا قریش
ایک بات سخت ایسی کہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ کا چہرۂ مبارک مین نے متغیر دیکھا پھر دوسرے اور تیسرے
طواف مین بھی وہی کلام کیا تیسری مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کھڑے ہو کر ارشاد کیا کہ اے
قریش سُنو اور خوب متوجہ ہو کر سُنو مین تمپر ذبح لایا ہون اگر میرا کلام نہین سنتے اور میری متابعت نہین کرتے
تو مین تمکو بکری کیطرح ذبح کردنگا اور تم آگاہ ہو جاؤ کہ میری لڑائی مین تم سب برباد اور خانہ خراب ہو جاؤ گے
اس کلام کے سنتے ہی سب کی آوازین بند ہو گئین اور بدن پر لرزہ پڑ گیا آخر بمعذرت پیش آئے۔ دوسرے دن پھر سب
جمع ہوئے تو اوسوقت بھی مین موجود تھا پھر آنحضرت تشریف لائے اور طواف مین مشغول ہوئے کہ یکایک سب کا فر ہو کر کے حضور
پُرنور پر کتون کی طرح دوڑ پڑے اور کہنے لگے کہ تو ہی ہمارے اور ہمارے بتون کے
حق مین بدزبانیان کرتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ ہان ہان وہ
مین ہی ہون اوسوقت ایک کافر نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چادر مبارک کا کنارہ پکڑا
اور گردن مبارک پر ڈالکر کھینچنے لگا کہ حضور پُرنور کی سانس رُکنے لگی حضرت **سیدنا**
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ یہ حال دیکھتے ہی دوڑ پڑے اور کافرون سے حضور پُرنور کو چھوڑایا
وہ لوگ حضرت صدیق اکبر سے لپٹ گئے اور مارنے لگے یہانتک کہ حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ
بیہوش ہو گئے اور آپ کے سر مبارک کے بال ٹوٹ گئے اور بہت چوٹ آئی تو بنو تمیم نے چھوڑایا
جب تھوڑی دیر مین ہوش آیا تو کہنے لگے اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ
جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ۔ یعنی تم ایسے شخص کو قتل کیا چاہتے ہو جو کہتا ہے میرا رب
اللہ ہے اور تمہارے پاس خدا کی نشانیان لایا ہے **صحیح بخاری** مین روایت ہے ابن عمر
سے کہ وہ کافر عقبہ ابن معیط تھا اور تکلیف مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو غش آگیا

تہا اور حضرت صدیق نے حالت بیہوشی مین چہوڑ ایاہے **فضیلت صدیق اکبر** ارباب **تحقیق** فرماتے ہین کہ مومن آل فرعون سے حضرت صدیق اکبر افضل تہے اِس لئے کہ اوسنے زبان ہی سے حضرت موسیٰ کی خدمت کی تہی اور حضرت صدیق اکبر نے زبان اور ہاتہہ سے کی اور قول اور فعل سے نصرت کی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو جو فوقیت کی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتہہ تہی وہ انہین جان نثاریون سے ظاہر ہے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ بہی واقعات اپنی چشمان مبارک سے ملاحظہ فرماکر سیدنا صدیق اکبر کی اشجعیت کے قایل تہے۔ عبداللہ ابن مسعود سے روایت ہے کہ ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بیت اللہ کے نزدیک نماز مین مشغول تہے اور اس امت کا فرعون یعنی ابوجہل ملعون ایک جماعت قریش کے ساتہہ بیٹہا ہوا تہا اوسنے قوم سے کہا دیکہو یہ کیا کرتا ہے کوئی ایسا ہے کہ فلان مقام سے اونٹ کا شکنبہ یعنی اوجہ اوٹہا لائے اور جب یہ مرد سجدے مین جائے تو اسکے شانون پر رکہدے عقبہ علیہ اللعنۃ گیا اور اونٹ کا شکنبہ اوٹہا لایا جب حضور پُر نور سجدے مین گئے تو اوس ملعون نے وہ شکنبہ حضور پُر نور کے دونون شانون کے بیچ مین رکہدیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سجدے ہی مین رہگئے اور سر مبارک نہ اوٹہایا اور جماعت قریش تمسخر کرنے لگی ایک دوسرے کو کہتا کہ یہ کام اسنے کیا ہے یہانتک کہ حضرت **خاتون قیامت** سیدۃ النسا فاطمہ زہرا علیہا السلام کو خبر ہوئی وہ تشریف لائین تو اوسی حال مین حضور پُر نور کو سجدے مین پایا اور اوس آلایش کو جدا کرکے کافرون کو ملامت کی جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے اونکے واسطے دعاے بد فرمائی۔ اَللّٰھُمَّ عَلَیْکَ بِقُرَیْشٍ اس کلمہ کو حضور پُر نور نے تین بار فرمایا پہر نام لیکر فرمایا اللھم علیک بابی جہل ابن ہشام وعتبہ ابن ربیعہ وشیبۃ ابن ربیعہ وولید ابن عقبہ وامیہ ابن خلف وعقبہ ابن معیط وعمارہ ابن الولید رواہ الشیخان عن عبداللہ ابن مسعود۔ پس عبداللہ ابن مسعود فرماتے ہین کہ واللہ جس جس کا نام حضرت نے دعا مین لیا تہا

وہ جنگ بدر مین مارا گیا اُمیّہ ابن خلف مردود حضور کے دست مبارک سے زخمی ہوکر کے
مین آیا اور مر گیا - عمّارہ کے نام مین شک ہے - مولف مشارق الانوار کے نزدیک یہی شخص
تھا جسکو راوی بھول گیا مگر اس قول پر وثوق نہین کیونکہ عمارہ بن ابو لید کی موت مورخین نے
حبش مین بیان کی ہے شاید کوئی اور کافر ہوگا جسکا نام حضور پُرنور نے لیا مگر راوی بھول گیا
ابن اسحٰق فرماتے ہین کہ جب قریش کو حضرت پر کچھ دسترس نہوئی تو باہم یہ عہد وپیمان
کیا کہ جو کوئی مسلمان بے قوم وقبیلہ اور درماندہ وعاجز ہو اوسکو ایذائین دو تاکہ اوروں کو عبرت ہو
چنانچہ حضرت عمار ابن یاسر اور اونکی والدہ اور ہمشیرہ کی تکلیف دہی مین مشغول ہوئے
ایک دن گرم ریت پر لٹائے مار رہے تھے اور وہ مظلوم آہ دبکا اور گریہ وزاری کر رہے تھے
اتفاقاً حضور پُرنور شفیع المذنبین رحمۃٌ للعالمین سیدنا ومولنا **محمد مصطفٰے** صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کا گذر اوسطرف سے ہوا آپ کی خاطر مبارک بہت غمگین ہوئی آپ نے
فرمایا اِصْبِرُوا یَا آلَ یَاسِرٍ فَاِنَّ مَوْعِدَکُمُ الْجَنَّۃ آخرکار ابوجہل مردود نے یاسر
وسُمیّہ کو مارتے مارتے مارڈالا کہ ابتدا سے اسلام مین درجہ شہادت انہین کو نصیب ہوا یہ سُمیّہ
دختر حباط مُعتقہ ابوحذیفہ تھین اور مہاجرین اولین کے ساتھ حبش کو تشریف لیگئین تھین
جب وہان سے مراجعت کی تو اس مردود نے ہلاک کیا - اور ایک روایت یہ ہے کہ آپکے
قُبل یعنی پیشاب گاہ مین نیزہ مارا لعنۃ اللہ علیہ وعلی من تبعہ - اور انکے سوا حضرت بلال رضؓ
کو بڑی تکلیفین دین - **حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے دردناک**
حالات حضرت بلال رضؓ عاشق خدائے ذوالجلال - اُمیّہ ابن خلف کے غلام تھے
اور مخفی طریقہ سے زیور ایمان اور لباس ایقان سے آراستہ وپیراستہ ہوچکے تھے اور عبادت
حق حسب فرمودۂ رسول برحق کیا کرتے تھے - جستہ جستہ یہ خبر ابن خلف ناخلف کو پہونچی اوسنے
اپنی خدمت سے آپ کو جدا کیا اور کلید خزانہ وبتخانہ آپ سے چھین کر دوسرے غلام کے
سپرد کی اور بلال رضؓ سے پوچھنے لگا کہ تو کس کی پرستش کرتا ہے حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے

فرمایا کہ مین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے خدا پر ایمان لایا ہون وہ یہ سنتے ہی شعلہ آتش کی طرح بھڑک اوٹھا اور بلال رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تو اس مذہب سے دست بردار ہو نہین تو مارا جائیگا حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مرنا گوارا ہے مگر یہ نہین ہوسکتا کہ مین اس پاک مذہب سے توبہ کرون بس پھر کیا تھا یہ جواب سنتے ہی حضرت بلالؓ کی تعذیب پر آمادہ ہوگیا اور غلامون کو حکم دیا کہ ہر صبح بلالؓ کو ببول کی خاردار چھڑیون سے خوب مارا کرو کہ تمام بدن اوسکا مجروح ہوجاے اور جب آفتاب خوب گرم ہوجاے تو اسکو دہوپ مین چت لٹاکر تمام بدن کو تپھر کے گرم ٹکڑون سے چھپا دو تاکہ زخم پر اوس کے چھنکے لگین اور گرداگرد آگ روشن کردیا کرو کہ حرارت بالاے حرارت پہونچتی رہے اور جب شام ہوجاے تو ہاتھ پاؤن باندہ کر اندھیری کوٹھری مین بند کردیا کرو جب تک یہ اس سنئے مذہب سے توبہ نکرے اسی عذاب مین مبتلا رکھو ؎

عاشقی پیچ است مردان را بسینہ راحتے	سلسلہ بندہست شیران را بگردن زیور است

یہان دل مین وہ حرارت عشق موجود ہے کہ سب حرارتین اوسکے سامنے برف آب سے زیادہ ٹھنڈی ہین حضرت بلال رضی اللہ عنہ پکار پکار کر فرما رہے ہین **اَحَدٌ اَحَدٌ** یعنی میرا معبود ایک ہے وہی تمام جہان کا پیدا کرنے والا ہے اوسکا کوئی شریک نہین اوسکے مثل کوئی شے نہین نہ کوئی تشبیہ اوس تک پہونچے نہ کوئی صفت ۔ کچھ عرصہ تک یہ ایذادہی قایم رہی مگر عشق خدا سے لایزال اونکے دل مین ایسا جاگزین تھا کہ اوسنے اپنی جگہ نچھوڑی وہ اپنے خدا کے عشق مین محو تھے کہان کی حرارت آتش اور کہان کی زخمون کی ایذا جس قادر علی الاطلاق نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر وہ آتش گلزار کردی تھی اوسی قادر توانا نے انکی آگ کو بھی انکے بدن پر سرد کردیا تھا ایک روز شب کے وقت **حضرت صدیق اکبر** رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گذر اوس گھر کی طرف سے ہوا جسمین حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ بند تھے اور اَحَدٌ اَحَدٌ پکار رہے تھے آپکے گوش مبارک مین جو یہ آواز ایک سچے عاشقِ خدا

کی پہونچی تو اوسنے آپکے دلِ مبارک کو بیقرار کر دیا ایک تو پہلے عاشق کی آواز دوسرے ایسے صدمہ کے وقت کی جو کچھ اوسکا اثر ہو سکتا ہے ہر آدمی اسکو جانتا ہے آپ وہان ٹھیر کر اوس آواز کو سننے لگے اور لوگون سے پوچھا کہ اس گھر مین کیا ہوتا ہے جو واقف راز تھے اونہون نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا دردناک واقعہ مفصل کہہ سنایا حضرت صدیق رضی سے عاشق کا دل اور بیتاب نہو جاے اسکے کیا معنی جتنی چیزین دنیا مین نازک پیدا کی گئی ہین اون سب سے بہت زیادہ نازک عاشق کا دل ہے اور اون نازک دلون مین اور سب سے زیادہ حضرت صدیق اکبر کا دل تھا رضی اللہ تعالی عنہ ایک عاشق کا شعر ہے اوس نے ایک مصرعہ اپنے واسطے کہا ہے اور ایک مصرعہ اپنے محبوب خوش اسلوب کے واسطے ؎

سراپا مین صعوبت کش مگر نازک ہے دل میرا	وہ سر سے پاؤن تک نازک مگر اک دل ہی پتھر ہے

اوسوقت تو آپ اپنی دولت سرا مین تشریف لاے مگر تمام رات حضرت بلال رضی اللہ تعالی عنہ سے دس حصہ زیادہ بیقرار رہے صبح ہوتے ہی آپ اوس بیدرد بے بہبود لعینی اُمیہ بن خلف کے مکان پر تشریف لاے اور اوس خدا ناشناس کو نصیحت فرمائی کہ او سنگدل خدا سے ڈر اور اللہ کے بندون پر ناحق ظلم نکر اوسنے سچا دین اختیار کیا ہے اسکو غنیمت سمجھ اور اوسکے ساتھ باحسان پیش آ کیا کہ یہ احسان آخرت مین تیرے کام آئے گا اور قیامت کی سختیون سے بچائے گا اوس مردود نے یاوہ گوئی کی کہ آخرت کہان ہے اور کیونکر معلوم ہوا کہ یہ دین سچا ہے اور اگر ہم مان ہی لین کہ یہ دین سچا اور آخرت مین یہان کی نیکیون کا اجر ملے گا تو مجکو یہین کس چیز کی کمی ہے جو وہان کی محض خیالی وہمی چیزون پر فریفتہ ہو جاؤن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا کہ سُن ہر شے کے واسطے ظاہر و باطن ہے یہ مسئلہ مسلم ہے یا تجھے اسمین کچھ اختلاف ہے اس حکیمانہ تقریر کا اوسکے پاس سواے اقرار کے اور کیا جواب تھا اوسنے کہا ہان ہے آپنے فرمایا کہ یہ عالم شہادت جو ہمارے پیش نظر ہے عالم ظاہر

ہے یا باطن اوسنے کہا کہ ظاہر ہے حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اسکا کوئی باطن ہونا چاہیئے یا نہین بس سکوت کے سوا کیا جواب تہا آپ نے فرمایا کہ تجہے اب یہ بہی ماننا پڑیگا کہ اوس عالم باطن کے بہی دنیا مین دیکھنے والے موجود ہین یہ باتین خیالی نہین ہین تو بلالؓ ہی کی حالت کو دیکہہ اور غور کر کہ اسکی عقل کا اندازہ کتنا ہے ایسا آدمی خیالی باتون پر فریفتہ نہین ہوا کرتا جب تک وہ کچہہ نہ کچہہ آنکہون سے دیکہہ نہ لے اقرار نہین کرتا آخر کو جب وہ نامعقول معقول ہوگیا تو جل کر کہنے لگا کہ مجہے ترے حکمی مسائل سے کچہہ غرض نہین تیرا دل اسکے مصایب دیکھنے کا متحمل نہین ہے تو تو اسے خرید لے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اچہا مین طیار ہون اسکے عوض مین تو جو طلب کرے گا مین دونگا اوسنے کہا کہ تو اسکو نہ خرید سکے گا آپ نے فرمایا کہ اللہ میری مدد فرمائے انشاء اللہ تعالیٰ مین اسے ضرور خرید دون گا۔
اوسنے کہا کہ اچہا تو اپنا نسطاس غلام رومی جسکے پاس دو ہزار کا سرمایہ بہی ہے مجہے دو اور اس حبشی غلام کو لے لو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فوراً رضامندی ظاہر کر کے بیع کامل کر لی کہ مبادا یہ اپنے قول سے پہر نہ جائے یا بلال رضی اللہ عنہ اوس قید و ضرب کے صدمہ سے مر جائین جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بلالؓ کو اپنے ہمراہ لیکر چلے ہین تو وہ کافر ہنستا تہا اور کہتا تہا کہ صدیقؓ باوجود اس فطانت و زیرکی کے اس مقام پر دہوکا کہا گیا مین تو بلالؓ کو ایک دانق کے بدلے بہی نہ لیتا دانق درم کا چہٹا حصہ ہے۔ اوسکا یہ کلام سنکر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اے بے وقوف اس غلام کا یہ رتبہ ہے کہ اگر تو اسکے بدلے مین تمام یمن کی بادشاہی مانگتا اور وہ میرے قبضہ مین ہوتی تو مین بے تکلف بے سوچے سمجہے دیدیتا اور اسے لیتا **صدیقؓ اکبر** کو اسی تصدیق نے صدیق اکبر کیا یہ بلالؓ کے ایمان کی تصدیق نہین ہے بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی رسالت کی تصدیق ہے اور آپکے ارشادات کا ایقان ہے ۵

	تصدیقِ نستین زدلِ صدیق است	. .

الغرض حضرت صدیق اکبرؓ بلال رضی اللہ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے
حضور مین حاضر لائے اور تمام احوال گذشتہ عرض کیا اور پہر حضور پُرنور مین دست بستہ عرض کی
کہ آپ گواہ رہیئے کہ مینے بلالؓ کو اللہ تعالیٰ شانہٗ کی رضامندی کے واسطے آزاد کیا۔

بلال رضی اللہ عنہ کی آزادی اور حضور پُرنور کی مسرت جب حضرت
بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین آزاد کیے گئے
ہین تو سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بہت خوش ہوئے اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ
فارغ البال ہوکر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت کرنے لگے سُبحان اللہ
وَبِحمدِہٖ **مالدار ہو تو ایسا ہو اور مال ہو تو ایسا ہو۔ مکہ معظمہ کے
دو مالدار آدمی اور اونکی دولت کا صرف** مکہ معظمہ کے رئیسون مین سے
دو آدمی بڑے مالدار تھے ایک حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اور دوسرا آدمی
اُمیّہ ابن خلف یہ وہی شخص ہے کہ حضرت بلالؓ جسکے غلام تھے ان دونون کا معاملہ مال
کے صرف کرنے مین مختلف ہوا۔ اُمیّہ نے بارہ غلام لیے اور ہر ایک کو تربیت کرکے ایک
ایک کام مین لگا دیا کسیکو کاشتکاری کی تعلیم کی اور کسیکو باغبانی اور میوہ جات کی حفاظت اور
کسیکو قیمتی اموال کی تجارت۔ کسیکو فن تعمیر۔ غرضکہ اسی طریقہ سے اوسنے بہت مال جمع کرلیا تھا
مگر اس ثروت کے ساتھہ بھی محتاج اور فقیر کو ایک حبہ بھی نہ دیتا تھا اور اگر اوسکا غلام کسی محتاج کو کچھہ
دیتا تو وہ اوس سے ناراض ہوکر اوسکے عہدہ سے معزول کردیتا۔ اور اگر قوم کا آدمی اوسے
کچھہ نصیحت و پند کرتا اور آخرت کا ذکر آتا تو کہتا کہ اوّل تو آخرت کا وجود نہین ہے اور اگر بفرض محال
ہے بھی تو مجھکو اوسکی ضرورت نہین لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم **حضرت صدیق اکبرؓ
کا مال اور اوسکا صرف** یا اللہ تو مجیب الدعوات ہے تیرے آگے کوئی مشکل
مشکل نہین ہے اگر تو ہم مسلمانون کو دولت عنایت فرمائے تو ایسی ہی پاک دولت عطا
فرما کہ جیسی حضرت صدیق اکبرؓ کو دی تھی اللھم آمین تاکہ اوس کا بھی صرف ایسا ہی ہو۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابتداے زمانہ اسلام سے کہ مسلمان نہایت ضعیفی اور شکستگی کی حالت مین تھی اپنے مال کو اللہ تعالیٰ شانہ کی رضامندی مین صرف کیا یعنی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے مصارف مین اور مسلمانون کی آزادی مین یا اور کسی نیک کام مین صرف کیا اور ذخیرہ آخرت کا جمع کرلیا جیسا کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے معاملہ مین ظاہر ہوا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی **کُنیت** ابو عبداللہ ہے اور بعض کے نزدیک ابو عبداللہ کی اور بعض کے نزدیک ابو عبدالکریم ہی اور بلال رضی اللہ عنہ کے باپ کا نام رَباح ہے اور انکی والدہ کا نام حمامہ ہے اور انھین کے ہاتھ اُمیّہ بن خلف جمحی غزوہ بدر مین مارا گیا اور حضرت بلالؓ سخت گندمی رنگ طویل القامت اور کثیر الشعر تھے ساٹھ برس برواےتے ستر برس کی عمر مین **سنہ ۲۰ بستم** ہجری مین مقام دمشق مین **وفات** پائی انکے فضائل یہ ہین اور بڑی تعریف انکی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ سابقین چار ہین۔ یعنی سابق عرب ہون اور بلالؓ سابق حبشہ اور صہیب سابق روم اور سلمان سابق فرس اور یہبھی حضرت نے فرمایا کہ بلالؓ کو مینے اپنے آگے بہشت مین دیکھا۔

حضرت مولناے روم قدس سرہٗ نے حضرت بلالؓ کا واقعہ مثنوی شریف مین نظم فرمایا۔ ناظرین کتاب کے ملاحظہ کے لئے یہان درج ہوتا ہے

مثنوی

تن فداے خار میکرد آن بلال — خواجہ اش میزد براے گوشمال
کہ چرا تو یاد احمد میکنی — بندۂ بد منکر دین منی
میزد اندر آفتابش او بخار — او احد میگفت بہر افتخار
تاکہ صدیق آن طرف میگشت تفت — ان احد گفتن بگوشش اوبرفت
چشم او پر آب شد دل پر عنا — زان احد می یافت بوی آشنا
بعد از ان خلوت بدید و پند داد — کز جہود ان خفیہ میدار اعتقاد

عالم السر اوست پنہان دار کام ۔۔۔ گفت کردم توبہ پیشت اے ہمام

حضرت صدیق اکبرؓ کا دل مبارک جو اس واقعہ سے دردآگین ہوا تو آپ نے حضرت بلالؓ کو خلوت مین نصیحت کی کہ اے بلال اللہ تعالیٰ شانہ عالم السر ہے وہ باطن کے حالات کو جانتا ہے جب تک تیرے واسطے کشود کار کا وقت نہ آلے تو اپنے اعتقاد کو مخفی رکھ حضرت بلالؓ نے آپکے ارشاد کو قبول کیا لیکن جب عشق عاشق کے دل کے پردون مین گھر کر لیتا ہے پھر اوس سے پردہ نشینی محالات سے ہے اگرچہ زبان حضرت بلالؓ کی اقرار کر چکی تھی مگر دل چپکے سے یہ کہہ رہا تھا ؎

عاشق سے بھی ہوتا ہے کہین صبر و تحمل ۔۔۔ وہ بات تو کہتا ہے جو آتی نہین مجھکو

روز دیگر از پے صدیق تفت ۔۔۔ ؎ آن طرف از بہر کارے می برفت
باز احد بشنید و زخم ضرب خار ۔۔۔ بر فروزید از دلش شور و شرار
باز پندش داد و باز او توبہ کرد ۔۔۔ عشق آمد توبہ او را بخورد
توبہ کردن زین نمط بسیار شد ۔۔۔ عاقبت از توبہ او بیزار شد
فاش کرد اسپرد تن را در بلا ۔۔۔ کاے محمد اے عدوے توبہ ہا
اے تن من و اے رگ من پر ز تو ۔۔۔ توبہ را اینجا کجا باشد درو
توبہ را زین پس ز دل بیرون کنم ۔۔۔ از حیات خلد توبہ چون کنم
عشق قہار است و من مقہور عشق ۔۔۔ چون قمر روشن شدم از نور عشق
برگ کاہم پیش تو اے تند باد ۔۔۔ من چہ دانم تا کجا خواہم فتاد
گر ہلالم ور بلالم میدوم ۔۔۔ مقتدی بر آفتابت مے شوم
ماہ را با زفتی و زاری چہ کار ۔۔۔ در پے خورشید پوید سایہ دار
کاہ برگے پیش باد آنگہ قرار ۔۔۔ رستخیزے وانگہانے فکر کار
گر بہ درا بنالم اندر دست عشق ۔۔۔ یکدمے بالا و یکدم پست عشق

او همی گرداندم برگرد سر — نے بزیر آرام دارم نے زبر
عاشقان در سیل تند افتاده اند — بر قضائے عشق دل بنهاده اند
باز آمد شاه در کوے ما — باز آمد آب جان در جوے ما
می خرامد بخت و دامن میکشد — نوبت توبه شکستن میرسد
توبه را بار دگر سیلاب برد — فرصت آمد پاسبان را خواب برد
هر غبار مست گشت و باده خورد — رخت را امشب گرو خواهیم کرد
زان شراب لعل و لعل جانفزا — لعل اندر لعل اندر لعل ما
باز خرم گشت و مجلس دلفروز — خیز دفع چشم بد اسپند سوز
نعرهٔ مستانه خوش مے آیدم — تا ابد جانان چنین مے بایدم
نمک ہائے بابلائے یار شد — زخم خار او گل گلزار شد
گر ز زخم خار تن غربال شد — جان و جسم گلشن اقبال شد
تن به پیش زخم خار آن جهود — جان من مست و خراب آن ودود
بوے جانے سوے جانم میرسد — بوے یار مهربانم میرسد

المختصر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بلال رضؓ کی توبہ سے ہاتھ دہویا اور ان کا سب مفصل حال حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے حضور مین عرض کیا اور اونکو اوس یہودی سے خرید کرکے آزاد کردیا حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے اپنی مسجد مبارک کا موذن انکو مقرر فرمایا اور اونکے ساتھ ایسا سلوک کیا جاتا تھا جیسا کہ اپنی اولاد سے کرتے ہین مسلمانون کے مذہب مین یہ حکم بڑی تاکید کا ہے کہ غلامون کو تکلیف ندو اور غلامون کے آزاد کرنے کا بہت بڑا ثواب ہے عرب بات بات مین لونڈی غلام آزاد کیا کرتے تھے جب اون غلامون کو جو حیوانی حالت مین خریدے جایا کرتے تھے مہذب ہوکر حیوان سے آدمی ہوئے تو آزاد کردیا یہ تو اونکے ساتھ کمال احسان ہوا کرتا تما عرب کی غلامی سے ہزارون حبشی آدمی

ہو گئے ۵

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم		چشمۂ آفتاب را چہ گناہ	

الغرض اسی طرح کے سات نفر غلام وکنیز اور بھی مبتلا ے بلا تھے اونکو بھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے کافرون سے خرید کر کے آزاد کر دیا از انجملہ عامر بن فہیرہ ستھے کہ انکو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے ایک رطل سونا دیکر بنی جذعان سے مول لیا اور اللہ کے واسطے آزاد کیا یہ ہجرت کے روز حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہمراہ تھے اور بیر معونہ کے روز شہید ہوئے یہ بڑے اولیا اللہ سے تھے اور انہین مین سے زہیرہ تہین کہ بڑی ایمان داری مین کافرونکی تکلیف دہی مین بسر کرتی تہین جب انکو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے مول لیکر آزاد کیا ہے تو انکی آنکہین جاتی رہین تو ان کے سابق مالکون نے طعنہ دیکر کہا کہ لات وعزیٰ کا کرشمہ دیکہہ لیا آپ نے فرمایا کہ تمہارا خیال ہے اور غلط خیال ہے ان بتون کو نفع وضرر پہونچانے کی طاقت نہین ہے یہ تو اپنی جگہہ سے حرکت نہین کر سکتے انمین روح نہین ہے چل پہر نہین سکتے ہاتہہ پاون حرکت نہین کرتے جو انکو پوجتے ہین وہی جہان چاہین اوٹہا کر رکہدین آدمی کے ہاتہہ کے بنائے ہوئے ہین آدمی ہے جو ذی شعور ہے یہ بات کس قدر حیرت ناک ہے کہ ایک پتہر پر ہزارون چوٹین مار کر ایک صورت درست کرین اور پہر اوسکے آگے ناک رگڑنے لگین مین ان تراشیدہ پتہرون کی مورتونکی معتقد نہین ہون میرا خدا تو واحد لاشریک ہے پرستش کے قابل وہی ہے اوسکو بقا ہے اور تمام جہان فانی ہے خداوند تعالی شانہ نے انکو صحت دی اور بصارت انکی عود کر آئی اور انہین مین سے نہدیہ اور اونکی بیٹی ہین یہ دونون بنی عبدالدار کی ایک عورت کی لونڈیان تہین وہ عورت ان دونون کو نہایت ایذا دیتی تہی حضرت ابو بکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ یہ خبر سنکر اوس عورت کے پاس گئے اور اوس کو بہت نصیحت کی اور کہا کہ جو کچہہ قیمت ہو مجہسے لے اور ان دونون کو مجہے دیدے چنانچہ جو کچہہ قیمت اوس نے مانگی آپ نے

سبب عذر دیدی اور حضرت صدیقؓ نے اون دونون عورتون سے کہا کہ خوشخبری ہو تمہین ہمنے تم دونون کو مول لیکر اللہ کی راہ مین آزاد کیا او ٹھو چلو وہ آٹا پیس رہی تہین کہنے لگین کہ ہمنے ایک مدت تک اس بی بی کا نمک کہایا ہے ہم اسکا کام ادہورا چہوڑینگے حضرت صدیق اکبرؓ نے اونکی بہت تعریف کی اور اجازت دی سُبحَانَ اللہِ وَبِحَمدِہٖ دنیامین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا سا نبی پیدا ہوا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا سا جان نثار صحابی پیدا ہوا حق تو یہ ہے کہ ایسے نبی کو ایسے ہی صحابی کی ضرورت تہی اے پروردگار تو سچا اور تونے اپنے رسولون کو خصوصاً حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو سچا پیدا کیا اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو تونے وہ آل پاک عنایت کی کہ جنکا سلسلہ نسب قیامت تک منقطع نہوگا اور اصحاب وہ بخشے کہ جو آسمان اسلام کے روشن ستارے ہین خصوصاً حضرت صدیق اکبرؓ جنکی مردون مین تصدیق پہلے اور جنکے پاکیزہ مال نے اسلام کو ہر زمانہ مین مدد دی چنانچہ ابتدا زمانہ اسلام مین جو مدد پہونچی وہ اسی مقام پر موجود ہے اور اکثر جہاد مین جو اپنی مالی مدد فرمائی ہے پوشیدہ نہین تعمیر مسجد نبوی زادہا اللہ شرفاً وتعظیما کے وقت جو مدد فرمائی ہے وہ بہی اسی کتاب کے پہلے حصہ مین موجود ہے انہین مین سے ایک عورت بنی موئل کی لونڈی تہی یہ بہی بنی عدی کا ایک فرقہ ہے اوس عورت کو لوگ بہت اذیتین دیتے تہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اوسے بہی خرید کرکے آزاد کیا حضرت ابو عبیدہ کو بہی خرید کرکے آزاد کیا اور سوا اسکے جنکا مذکور ہوا ہے اور بہی بہت غلامون کو آزاد کرایا ہے روایت ہے کہ جب آپ کا بہت مال غلامون کے آزاد کرانے مین صرف ہوا تو آپکے والد بزرگوار حضرت ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اے ابوبکر ان لوگون کے آزاد کرنے سے کیا فائدہ ہے اگر جیسے دہالاک غلام لیکر آزاد کرتے تو کسی وقت ہماری یہ معین ومددگار ہوتے حضرت صدیق اکبر نے فرمایا کہ اِنَّمَا اُرِیدُ مَا اُرِیدُ یعنی مین جو آپ

قرآن شریف مین نازل ہوئی فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُہٗ
لِلْیُسْرٰی ترجمہ پس جس نے دیا اور ڈر رکھا اور سچ جانا بھلی بات کو تو ہم رفتہ رفتہ پہونچا دینگے
اوسکو آسانی مین اور یہ آیت بھی نازل ہوئی وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَہٗ مِنْ نِّعْمَۃٍ تُجْزٰۤی اِلَّا
ابْتِغَآءَ وَجْہِ رَبِّہِ الْاَعْلٰی وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ترجمہ اور کسیکا نہین اسپر
احسان جسکا بدلا دے مگر رضامندی اپنے پروردگار کی جو سب سے اوپر اور آگے ہی وہ راضی
ہوگا۔ **تفسیر**۔ پہلی آیت کی۔ پس جس شخص نے دیا اپنا مال راہ خدا مین اور پرہیز کیا
شرک اور کبیرہ گناہون سے اور بہت تصدیق کی نیک کلمہ کی کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہے مفسرین فرماتے ہین کہ یہ سورت کچھہ تو حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ کی شان
مین ہے اور کچھہ اُمیّہ بن خلف یا ابوجہل کی کیفیت مین ہے **کشف الاسرار** مین ہے
کہ دو آدمیون کی شان مین یہ سورت ہے ایک **اتقی** جو صدیقون کا پیشرو ہے اس
امت مین سے یعنی **ابوبکر صدیق** رضی اللہ تعالی عنہ۔ دوسرا **اشقی** یعنی بڑا
شقی کہ پیشوا زندیقون کا ہے اہل ضلالت مین سے یعنی ابوجہل اور ابتداے سورہ
مین خداوند تعالی شانہ نے جوراتون اور دنون کی قسم کھائی ہے اومین اشارہ ہے اشقی کی ظلمت
اور اتقی کی نورانیت کی طرف یعنی شب ضلالت مین کسی کو وہ گمراہی نہ تھی جو ابوجہل کذاب
شقی کو تھی۔ اور روز دعوت مین کسی کو وہ نور ہدایت ظاہر نہوا جو **خلیفہ اول صدیق
اکبر** رضی اللہ تعالی عنہ کو ہوا لکھا ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اُمیّہ بن خلف کے غلام
تھے وہ کافر انکو طرح طرح کی تکلیفین پہونچاتا تھا اور کہتا تھا کہ اسلام سے پھر جا مگر ہر وقت حضرت
بلال رضی اللہ عنہ کے دل مین محبت کی آگ بھڑکتی ہی جاتی تھی ایک روز خلیفہ اوّل صدیق اکبر
رضی اللہ تعالی عنہ نے دیکھا کہ اُمیّہ نے بلال رضی اللہ عنہ کو جلتی ہوئی ریگ پر ڈالدیا ہے
اور گرم پتھر اونکے سینہ مبارک پر رکھدیے ہین اور وہ اس حالت مین بھی اَحَدٌ اَحَدٌ کہہ
رہے ہین یہ واقعہ دیکھکر حضرت صدیق اکبر بیقرار ہوگئے اور کہا اے اُمیّہ افسوس ہے

تجھپر اس خدا کے دوست کو کیا تنگ عذاب کرے گا اُمیّہ نے کہا کہ اے ابو بکر اگر تمکو
اوس سے محبت اور دلسوزی ہے تو اوسکو مجھسے خرید لو آپ نے اوس سے پوچھا
کہ کتنے کو فروخت کرے گا اوس نے کہا کہ نسطاس رومی سے بدلتا ہون یہ شخص
حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا غلام تھا اور دس ہزار دینار قیمت مل سکتی تھی اور حضرت
ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اوس سے کہہ دیا تھا کہ اگر تو ایمان لائے گا تو جو مال کہ تیرے
پاس ہے اور تو اوس سے تجارت کرتا ہے تجھے بخشدونگا گروہ مسلمان نہین ہوتا تھا
حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا دل اوس سے رنجیدہ تھا جب حضرت صدیق رضی اللہ عنہ
نے یہ کلمہ اُمیّہ سے سُنا آپ نے فوراً نسطاس رومی کو مع اوسکے سب مال کے اُمیّہ
کے حوالہ کیا اور حضرت بلالؓ کو لے لیا اور اوسیوقت اللہ کی راہ مین آزاد کر دیا تو اللہ تعالیٰ
شانہ نے یہ سورت نازل فرمائی اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی سیرت سے خبر دی -
بعض کفار کہتے تھے کہ بلالؓ کا کچھ حق ابو بکرؓ کے ذمہ تھا اس سبب سے حضرت صدیقؓ
نے اونکو خرید کر کے آزاد کیا اسکی پروردگار تعالیٰ شانہ نے نفی فرمائی کہ کافر جھوٹے ہین
اوسکے ذمہ کسیکا حق نہین ہے وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۝ اِلَّا
ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝ اور نہین کسیکا اوسپر احسان
جسکا بدلا دے مگر چاہ کر موُنہ اپنے رب کا جو سب سے اوپر اور آگے ہے وہ راضی ہوگا -
القصہ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا اکثر مال ایسے نیک کامون مین صرف ہوچکا
تو اب فقط چالیس ہزار درم سرمایہ رہا اوسکو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور دوسرے
مسلمانون پر حسب ارشاد فیض بنیاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر نثار کر دیا
اب تک چھ ہزار درم باقی رہے ہے اوسکو سفر ہجرت اور تعمیر مسجد نبوی مین صرف کیا یہی
وجہ تھی کہ حضور پُر نور فرماتے تھے کہ جیسا ابو بکرؓ کے مال نے مجھے فائدہ دیا ایسا کسیکے
مال نے مجھے فائدہ نہین دیا کیونکہ حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا اور ابو طالب

اور عبدالمطلب کا مال تو حضرت کی خاص ضرورتون اور صلہ رحم اور مہمانون کی ضیافت اور محتاجون
کی اعانت مین صرف ہوا اور حضرت ابوبکرؓ کا مال خاص شوکت اسلام اور اعانت و خلاصی
اہل اسلام مین صرف ہوا پس ان دونون مصرف مین فرق بین ہے۔ **حضرت**
صدیق اکبرؓ کی فضیلت اور انکا تواجد رضی اللہ عنہ سبحان اللہ وجد
ایمان والے اللہ اس شان سے تہیدست ہوتے ہین جب سب مال حضرت صدیقؓ
اکبر کا صرف ہوچکا تو اب کچھ انکے پاس نرہا تو ایک روز آپ کمل کا کرتہ پہنے حضور سرور عالم
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوئے اوسوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام
حاضر مجلس تھے آپنے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے پوچھا کہ صدیقؓ تو بڑا مالدار تھا اسکا کیا حال
ہوگیا حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ نے ارشاد فرمایا کہ اسنے اپنا سب مال مجھپر صرف کیا جبرئیلؑ نے
فرمایا کہ اللہ جل جلالہ وعم نوالہ نے ابوبکر کو سلام کہا ہے کہ اس کینی محتاجی مین بھی مجھسے راضی ہو حضرت صدیقؓ اکبر
یہ کلام سُنکر وجد مین آئے اور تواجد کیا اور بار بار یہ فرماتے تھے کہ اَنَا عَنْ رَبِّیْ رَاضٍ
اَنَا عَنْ رَبِّیْ رَاضٍ - اسیکا اشارہ کلام پاک مین ہے وَلَسَوْفَ یَرْضٰی -
یہ پہلا تواجد ہے جو اسلامی دنیا مین واقع ہوا ہے اور اس سے پہلے جو تواجد پایا جاتا
ہے وہ **تواجد ابراہیمی** ہے فرشتے اللہ کا نام خوش الحانی سے پڑھتے تھے اور
حضرت ابراہیم علیہ السلام تواجد فرماتے تھے جب فرشتے چُپ ہوجاتے تو فرمایش ہوتی کہ ایک
بار تو میرے مالک کا نام ارشاد ہو فرشتے طالب انعام ہون اور ادہر بخشش کا دروازہ کھلجاے
چند بار مین تمام گھر بار دیدیا اور تواجد کا سلسلہ کم نہوا آخر بڑی مشکل سے غریب فرشتے اپنی
جان بچا کر بھاگے ورنہ **خلیل اللہ** کا سلسلہ تواجد تا بقیامت ساکن نہوتا خلیل اللہ کی سُنت
حضرت صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کو پہونچی اور حضرت صدیقؓ اکبر کی سنت تمام اولیاے امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کو پہونچی اور انشاء اللہ تعالی یہ سنت تا قیام قیامت باقی رہے گی۔
الغرض جب کفار ناہنجار نے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو حد سے

زیادہ تکلیف دی تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حکم دیا کہ تم لوگ حبشہ کو
سے چلے جاؤ وہان کا سلطان مرد عادل ہے وہ تمہاری خاطرداری کرے گا **ہجرت اوّل**
جانب حبشہ چنانچہ ماہ رجب نبوت کے پانچوین سال گیارہ یا بارہ مرد اور چار عورتین پوشیدہ
روانہ ہوئے اونکی فہرست یہ ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ حضرت رقیہ
بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔ زبیر ابن العوام۔ عبداللہ ابن مسعود۔
عبدالرحمن ابن عوف۔ مصعب ابن عمیر۔ ابوسلمہ ابن عبدالاسد۔ ام سلمہ ابوسلمہ کی زوجہ۔
عثمان ابن مظعون۔ عامر ابن ربیعہ۔ لیلیٰ زوجہ عامر۔ طالب ابن عمر۔ سہل ابن بیضا۔
ابوحذیفہ ابن ربیعہ قرشی۔ سہلہ بنت سہیل ابن عمر زوجہ اونکی مشہور یہ ہے کہ ابوحذیفہ کا نام
ہشام ہے ذوقبلتین اور ذوہجرتین ہین اور قبل دار ارقم اسلام لائے اور بدر مین حاضر ہوئے
اور بروز یمامہ شہید ہوئے عمر چون یا ترپن برس کی ہوئی جب یہ لوگ حبشہ مین پہونچے تو اواخر
رمضان سال مذکور مین یہ خبر مشہور ہوئی کہ مشرکون سے صلح ہوگئی تو مہاجرین نے
بہ مقتضائے حب وطن مراجعت فرمائی اور شوال مین ام القریٰ کے قریب آ گئے وہان
ایک قافلہ ملا اوسنے اوس خبر کو غلط کہا ناچار مہاجرین بہ امان داخل ہوئے چنانچہ عثمان
ابن مظعون جوار ولید ابن مغیرہ مین اور سلمہ ابن برہ بنت عبدالمطلب جوار ابیطالب مین اسیطرح
اور لوگ بھی اپنے شناسا کے امان مین داخل ہوئے مگر عبداللہ ابن مسعود بلا طلب
جوار خدمت حضرت سید ابرار صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین حاضر ہوئے پھر دوسری مرتبہ
بعدم تحمل ایذائے قریش جانب حبشہ گئے اور اس بار اور اصحاب بھی ہمراہ مہاجرین اولین
کے ہوئے چنانچہ **جعفر ابن ابیطالب** رضی اللہ عنہ بھی اونہین مین تھے اور بروایات
صحیحہ ثابت ہے کہ اس ہجرت ثانیہ مین اسی نفر سے زیادہ مرد تھے اور گیارہ عورات قرشیہ
اور سات اور بھی لڑکون کے سوا۔ اور جو حبشہ مین پیدا ہوئے وہ اس سے علاوہ **فائدہ** یہ دونون
ہجرتین پہلی ہجرتین ہین انکے بعد **ہجرت کبریٰ** ہے جو مدینہ منورہ مطہرہ کی طرف ہوئی اور یہ حکم

باقی ہے اور یہ حکم اور اسکا ثواب قیامت تک باقی رہے گا جب اوسکی وجہ پائی جائے
یعنی فرار بالدین وعجز از مقاومت مشرکین وملحدین یعنی بہاگنا دین کی خرابی کے سبب سے
کہ دینی احکام جاری ہونے پاوین نماز وروزہ وحج وزکات کے ادا کرنے مین روک ٹوک ہو
یا مشرکین وملحدین کے ہاتہون سے ایذا پہونچتی ہو اور مفصل وجوہ ہجرت کتب فقہ وحدیث
مین تحریر ہین شایقین ملاحظہ فرماوین **الغرض** مہاجرین حبشہ بامن وامان گوزران کرنے
لگے یہ خبر قریش مکہ کو پہونچی - ابن اسحق کی روایت سے ثابت ہے کہ قریش مکہ نے
براہ حسد وبغض عمارہ ابن الولید - اور عمرو ابن عاص سہمی کو تحف وہدایا دیکر شاہ حبشہ کے پاس
اس غرض سے روانہ کیا کہ مہاجرین کو وہان سے نکلوا دین - عمارہ کے بارہ مین اختلاف ہے
بعضنے عمارہ کی جگہہ پر عبداللہ ابن ربیعہ کا نام لیا ہے اور کچھہ لوگ یہ کہتے ہین کہ یہ تینون گئے
تہے اور صحیح یہ ہے کہ ایک بار عبداللہ عمرو کے ہمراہ گیا اور دوسری بار عمارہ گیا اور وہان ایک
عورت سے متہم ہوکر نجاشی نے کسیطرح پیتے سے اوسے ہلاک کردا اولاخیر جسطرح پر ہو عمارہ
وہین مرا جب یہ لوگ حبشہ مین داخل ہوئے تو اول نجاشی کو سجدہ کیا اور قریش کے تحایف
دکھایا پیش کئے اور وزرا کو بہی رشوتین دیکر اپنا معین ومددگار کرلیا اور اون سے کہا کہ ہمارے
بنی اعمام اپنا وطن قدیم چھوڑکر یہان آئے ہین اور عقیدہ اونکا یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کو غلام کہتے ہین اور یہ عقیدہ اونکے بادشاہ کا بہی ہے لہذا انکو ہمارے ساتہہ کردیجیے
نجاشی بادشاہ اگرچہ اوسوقت تک نصرانی تہا مگر اس تقریر سے نہایت ناخوش ہوا اور
قریش سے کہا کہ یہ امر میری شان کے لایق نہین ہے کہ جو لوگ میری پناہ مین آئے ہین اونکو
مین دشمنونکے حوالے کردون پہر مسلمانونکو طلب کیا وہ سب حاضر ہوئے اور برسم **اسلام**
بادشاہ کو سلام کیا اہل دربار نے کہا کہ تم لوگون نے سلام کیا مگر آداب شاہی بجانہ لائے تمکو
بادشاہ کو سجدہ کرنا تہا جیسا کہ دربار کا دستور ہے **جعفر ابن ابیطالب** رضی اللہ عنہ نے
فرمایا کہ ہم لوگ سواے اپنے معبود حقیقی کے کسی آدمی کو سجدہ نہین کرتے اور نہ ہم کسیکو اس

لائق سمجھتے ہین کہ اوسکو سجدہ کیا جاوے ہمارے پیغمبر حضرت **محمد رسول اللہ** صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کی یہ نصیحت ہے کہ سوا اللہ جل جلالہ کہ معبود بحق وہی ہے اور کسی کو
سجدہ کرنا گناہ عظیم ہے بعد ازان اپنے دین مقبول یعنی اسلام کے اکثر احکام بیان کئے اور
کفار قریش کی شرارتین اور خباثتین ظاہر فرمائین کہ ان لوگون نے اسطرح کی تکلیفین مسلمانون
کو دی ہین کہ بیان اونکا بادشاہ کے دل کو بہت دردناک کرے گا اور ہمکو فی الحال کفار قریش
سے مقابلہ کی طاقت نہین ہے اسی وجہ سے ہم بادشاہ کے شہر مین بھاگ کر آئے ہین اور
آپ کو عادل اور با انصاف سمجھتے ہین **نجاشی** نے بہت خوف کہایا اور کہا اے **جعفر**
جو کچھہ کلام الٰہی تمہارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر نازل ہوتا ہے اوسمین سے
کچھہ میرے سامنے پڑہو تا کہ مین اوسکی حقیقت سے آگاہ ہوجاؤن چنانچہ حضرت جعفر ابن ابیطالب
رضی اللہ عنہ نے سورہ مریم کا شروع پڑہا بسم اللہ الرحمن الرحیم کٓھٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ رَحْمَةِ
رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي
وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ
مِن وَرَائِي وَكَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِرًا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا يَرِثُنِي وَيَرِثُ
مِنْ آلِ يَعْقُوبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا **ترجمہ** یہ مذکور ہے تیرے رب کی مہربانی کا
اپنے بندے ذکریا پر جب پکارا اپنے رب کو چھپی پکار بولا اے میرے رب بوڑہی ہوگئین
ہڈیان اور دہک نکلی سر سے بڑہاپے کی اور تجھسے مانگ کر اے رب مین محروم نہین رہا اور
مین ڈرتا ہون بھائی بندون سے اپنے پیچھے اور عورت میری بانجھ ہے تو بخش مجھکو اپنے
پاس سے ایک کام اوٹھانے والا جو میری جگہ بیٹھے آل یعقوب سے اور کر اوسکو اے
رب مین مانتا **نجاشی** فصاحت کلام سے رونے لگا اور اوسکے آنسو اوسکی ڈاڑہی پر
بہنے لگے اہل دربار متحیر ہوئے **نجاشی** نے کہا واللہ یہ کلام اور توریت کا کلام ایک ہی مقام
کا ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے ہمکو اسی طرح پہونچا ہے مجھکو کسیطرح شبہ اور

شک نہین بخاشی کا ایمان مین گواہی دیتا ہون کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم رسول برحق ہین اور عیسیٰ روح اللہ نے انہین کی خبر دی تہی بعد اسکے نقد جنس
دہدایا قریش واپس کیا اور عمرو عاص اور عمارہ کو صاف جواب دیا کہ واللہ مین مسلمانون کو تمہارے
سپرد نکرونگا اور یہ امور بادشاہی اگر مجہسے متعلق نہوتے تو مین خود اونکی خدمت مین حاضر
ہوکر شرف نعلین برداری حاصل کرتا اور مسلمانون سے کہدیا کہ تم بخوشی خاطر یہان رہو کوئی
تمہارا مزاحم نہوگا کافرون نے کہا کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو برا کہتے ہین بخاشی نے
اہل اسلام سے پوچہا۔ جعفر ابن ابیطالب نے کہا کہ ہم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق مین
یہ کہتے ہین کہ وہ خدا کے بندے ہین اور صرف کلمہ کُن کے ذریعہ سے حضرت مریم
علیہا السلام کے بطن مبارک سے پیدا ہوئے بغیر باپ کے اور وہ پیغمبر والا قدر ہین
بخاشی نے کہا کہ انجیل مین صفت اونکی یہی ہے تم سچے ہو الغرض ایلچی قریش کے دربار
بخاشی سے مردود ہوے اور خائب وخاسر وروسیاہ پہر گئے اور اہل اسلام وہین رہے
جب حضرت سرور عالم صلی اللہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مدینہ کو باسکینہ کو رونق بخشی تو تینتیس
مرد اور اٹہ عورتین داخل اُم القریٰ ہوئین یعنی مکہ معظمہ مین ازانجملہ دو شخص فوت ہوئے
اور سات آدمی قید رہے اور چوبیس غزوہ بدر مین حاضر ہوئے اور بقایا سے مہاجرین
بروز فتح خیبر ہمراہ حضرت جعفر ابن ابی طالب تشریف لائے اور حضور اقدس صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین حاضر ہوئے روایت ہے کہ دوسری ہجرت مین حضرت
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بہی شریک تہے مگر مالک ابن لدغنہ سردار قبیلہ قارہ برک الغماد
سے اپنی پناہ مین لیکر واپس لایا فائدہ دُغُنّہ اہل لغت کے نزدیک بضم دال مہملہ وغین
معجمہ وتشدید نون ہے وہو المشہور۔ اور بخاری مین بفتح دال مہملہ وکسر غین معجمہ ونون مفتوحہ
اور نام اسکا حارث ابن زید اور عند البعض مالک ہے اور دغنہ نام اسکی مان کا ہے اور
قارہ بفتح قاف اور تخفیف راے مہملہ ایک قبیلہ ہے قبائل مضر سے اور برک الغماد بفتح با موحدہ

وسکون راے مہملہ وکسر غین معجمہ ومیم خفیفہ ایک موضع ہے ام القری سے پانچ میل کے فاصلہ پر یمن کی راہ پر اور بعض نے بکسر موحدہ وضم غین معجمہ بھی پڑہا ہے الغرض ابن دغنہ نے حضرت صدیق اکبرؓ کو اپنی پناہ مین لیا اور اونکے مکان پر پہونچا دیا اور خبر اپنی پناہ دہی کی شرفاے قریش سے کہلا بہیجی اون لوگون نے کہا کہ ہمین اس شرط پر پناہ منظور ہے کہ یہ قرآن گہر سے باواز بلند نہ پڑہا کرین اسلیے کہ اوسکو سنکر ہمارے لڑکے بالے فریفتہ ہوتے ہین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے چند روز ایسا ہی کیا **اسلام کی تمام مسجدون سے پہلی مسجد دنیا بہ مین یہی ہے** پہر بیرون صحن خانہ ایک مسجد بنائی اور نماز تہجد اور دوسری نمازون مین بہی قرآن مجید باواز بلند پڑہنا شروع کیا اور عادت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی یہ تہی کہ جب قرآن شریف پڑہتے تو بے اختیار روتے تہے ہمسایہ کی عورتین اور لڑکے مجتمع ہوکر سننے لگے کافرون نے ابن الدغنہ سے کہلا بہیجا اوسنے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ عہد کے خلاف کرتے ہین میری پناہ قایم نرہے گی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجہے سواے خدا کے کسیکی پناہ مین رہنا منظور نہین ہے وہ اپنی پناہ توڑکر چلا گیا اور حضرت صدیق اکبر بامان خدا محفوظ رہے **عینی شرح صحیح بخاری** مین ہے کہ اول مسجد اسلام مین یہ ہے کہ جسکو صدیق اکبر نے تعمیر کیا۔ **جب سال ششم نبوت کا آیا تو حضرت امیر حمزہ ابن عبد المطلب** ایمان لاے لقب آپ کا **سید الشہدا اور اسد اللہ** بہی آیا ہے یہ حضرت بڑے شجاع اور بہادر وغیور قوی جوان تہے آپکی والدہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی والدہ بی بی آمنہ خاتون کی بہن تہین تو آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے چچا بہی ہین اور خالہ زاد بہائی بہی ہین آپکی والدہ ماجدہ کا نام ہالہ بنت وہب تہا

حضرت امیر حمزہ کا ایمان لانا

راویان راست گفتار یون بیان کرتے ہین کہ ایک دن ابوجہل ملعون نے حضرت سرور عالم

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین بہت کچھ بے ادبانہ کلمات استعمال کئے مگر حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نہایت تحمل فرمایا اور کچھ جواب ندیا لیکن عبداللہ جدعان
کی لونڈی نے حضرت امیر حمزہ سے یہ واقعہ بیان کردیا کہ ابوجہل تمہارے بھتیجے کو بہت سخت
و درشت کہہ رہا ہے حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اوسوقت شکار سے آئے تھے اور طواف
کعبہ کررہے تھے سنتے ہی غصہ مین بھر گئے اور ابی جہل پاس آئے اور اس زور سے
کمان اوسکے سر پر ماری کہ سر اوس ملعون کا پھٹ گیا اور کہا کہ اے نامعقول تو محمد صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو گالیان دیتا ہے تجھے معلوم نہین کہ مین اونکے دین مین ہون اور
اوسی وقت حضور اقدس مین حاضر ہوکر مشرف باسلام ہوئے حضرت کو بڑی خوشی ہوئی
اور اب اونتالیس ۳۹ اہل اسلام حضرت سرورعالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتھ ہوئے
اوسوقت حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ارقم کے گھر مین تھے اور اصحاب باصفا
بھی کفش برداری مین حاضر تھے مگر پوشیدہ رہتے تھے اور قریش مین دو آدمی بڑے سردار تھے
ایک ابوجہل ابن ہشام اور دوسرے عمر ابن الخطاب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے دونون کے لئے دعا فرمائی کہ یا اللہ دین اسلام کو عزت دے اسلام عمر ابن الخطاب
یا ابوجہل ابن ہشام سے لہذا یہ دعا آپکی حضرت **عمر** رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق
مین قبول ہوئی **حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اسلام لانا** دعا حضرت کی حضرت
عمر رضی اللہ عنہ کے حق مین قبول ہوئی **راوی** یون بیان کرتا ہے کہ حضرت امیر حمزہ
رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے دوسرے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لائے
ہین اور وہ نبوت کا شروع چھٹا سال تھا اور صورت اسلام اسنے کی یون بیان کی ہے
کہ جب آیہ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ اَنْتُمْ لَهَا وَارِدُوْنَ
نازل ہوا تو ابوجہل لعین نے ایک مجمع مین جسمین حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے متصل خانہ
کعبہ کے کھڑے ہوکر کہا کہ جو کوئی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا سر کاٹ کر لادے

مین سنو اونٹ اور چالیس ہزار درہم دون حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ کام
مین کر سکتا ہون ابوجہل نے لات وعزیٰ کی قسم کہائی اور کعبہ مین جا کر ہبل کو گواہ کیا
حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسی قصد سے مسلح ہو کر روانہ ہوئے راہ مین ایک شخص نعیم ابن عبداللہ
ابن النحام سے ملاقات ہوئی وہ مسلمان تہے اونہون نے پوچہا یا عمر کہان جاتے ہو آپ نے
کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا سر کاٹنے نعیم نے کہا کہ بنی ہاشم کے قبیلہ سے
کیونکر بچو گے حضرت عمرؓ نے کہا کہ شاید تو نے اونکا دین اختیار کیا ہے اگر ایسا ہے تو پہلے
تیرا ہی کام تمام کردون نعیم نے کہا کہ مین آبائی دین پر ہون اور نیت یہ رکہی کہ دین ابراہیمی پر ہون
پہر دونون باہم ملکر چلے کہ آگے سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ تعالے عنہ ملے اونہون نے
کہا کہ یا عمرؓ کہان جاتے ہو اونکو بہی وہی جواب دیا حضرت سعدؓ ابن ابی وقاص نے کہا
اونکی قوم سے کسطرح نجات ملے گی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تلوار کہینچی قریب تہا کہ
باہم محاربہ واقع ہو سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پہلے اپنی بہن فاطمہ خواہ آمنہ اور اپنے بہنوئی
سعید کو جو اسلام لا چکے ہین قتل کر لو پہر اور کو دیکہنا حضرت عمرؓ نے کہا کہ کیونکر معلوم ہو کہ
وہ اسلام لا چکے ہین کہا کہ وہ تمہارے ہاتہہ کا ذبیحہ نہ کہائینگے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کمال
غضب کی حالت مین اپنی ہمشیر کے گہر مین گئے اوسوقت اونکے گہر مین خبابؓ ابن الارث
صحابی تہے اور سورہ طٰہٰ کہ اونہین دنون مین نازل ہوئی تہی سعید و فاطمہ کو پڑہا رہے تہے اور
کیواڑ دروازے کے بند تہے حضرت عمرؓ نے کان لگا کر سُنا اور آواز دی خواہ دستک دی
خبابؓ صحابی تو مع صحیفہ چہپ رہے کیواڑ کہولدئے حضرت عمرؓ گہر مین آئے اور پوچہا کہ کیا
پڑہتے تہے اونہون نے کہا کہ باتین کرتے تہے پہر حضرت عمرؓ نے ایک بکری ذبح کی اور اوسکا
گوشت بہون کر بہن اور بہنوئی کو دیا اون لوگون نے نہ کہایا حضرت عمرؓ نے سمجہ لیا کہ سعد کی بات
درست ہے اور غصہ ہو کر بہن کو ایسا مارا کہ تمام سر اور مُنہ خون آلود ہو گیا اور بہنوئی کو بہی مارا آخر کو
اون لوگون نے صاف کہدیا کہ چاہے ہمارے ٹکڑے کر ڈالو ہم تو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ

واصحابہ وسلم پر ایمان لائے ہین اور اونکی نبوت کی تصدیق کر چکے ہین حضرت عمرؓ نے دین اسلام
مین ان لوگون کو مضبوط پایا اور بہن کے سر اور مُنہ کو خون آلودہ دیکھکر رحم کیا اور الگ ہو بیٹھے
تھوڑی دیر کے بعد کہا کہ جو تم پڑہتے تھے میرے پاس لاؤ تو اوس صحیفہ کو جسمین سورہ طٰہٰ تھی
نکالا حضرت عمر نے چاہا کہ ہاتھہ مین لیکر پڑہین اونکی خواہر معظمہ نے فرمایا کہ تم نجاست شرک سے
آلودہ ہو اور صحیفہ مقدس کے واسطے یہ حکم ہے لَا يَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ترجمہ نہین ہاتھہ
لگاتے اوسکو مگر پاکیزہ لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اوٹھے اور غسل کیا **محدثین** علیہم الرحمہ
فرماتے ہین کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سورہ طٰہٰ ہاتھہ مین لیکر شروع سے پڑہا جب یہانتک پہونچے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى تو بے طاقت ہو گئے اور بولے کہ جس خدا کا یہ کلام ہے
اوسکی پرستش مین تقصیر کرنا گناہ ہے اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اب حضرت **خباب** رضی اللہ عنہ تکبیر کہتے ہوئے باہر نکلے
اور فرمانے لگے کہ بیٹے سُنا تہا کل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے اَللّٰهُمَّ اَيِّدِ
الْاِسْلَامَ بِاَبِي الْحَكَمِ ابْنِ هِشَامٍ اَوْ بِعُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ فَاللّٰهَ اللّٰهَ يَا عُمَرُ حضرت
عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین لے چلو حضرت
خبابؓ نے کہا کہ حضور پُرنور حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے گھر مین جلوہ افروز ہین **فائدہ**
روایات صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپکے اصحاب کبار یا خود حضور
پُرنور کی شان مین کسی طرح کا کلمہ خلاف شان ایام جاہلیت مین استعمال نہین کیا اور نہ کسیطرح
کی ایذا دی **ہے**

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر میخواست		آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر برون

حضرت عمرؓ خباب صحابی اور اپنی بہن اور بہنوئی کے ساتھہ بعزم اسلام حاضر ہوتے ہین
اور اللہ تعالیٰ شانہٗ کی رحمت آپ کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے حضور پُرنور کی
اجابت دعا حضرت عمرؓ ابن الخطاب کا مبارک ہاتھہ پکڑے ہوئے ہے اور آپ حضرت

امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آستانہ فیض کاشانہ پر پانچوں ہتیار سے آراستہ حاضر ہین
کسی صحابی رضؓ نے دروازے کے شگاف سے آپ کو مسلح دیکھکر کہا کہ عمرؓ مسلح آئے ہین یہ سنکر
سب ڈر گئے مگر حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دروازہ کھول دو اگر بارادۂ خیر آئے
ہین تو چشم ما روشن دل ما شاد اور اگر دوسرے قصد سے آئے ہین تو ہم بنی ہاشم ہی تلوار کے
سایہ ہی مین پلے ہین چنانچہ دروازہ کھول دیا اور خود بنفس نفیس حضور سرور عالم خواجہ کائنات
مفخر موجودات شفیع المذنبین خاتم المرسلین حضرت سیدنا و مولٰنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بطور پیشوائی باہر تشریف لائے اور حضرت عمرؓ کو معانقہ سے
مشرف فرمایا اور خوب دبایا کہ اونکا یعنی حضرت عمرؓ کا بند بند ہل گیا اور فرمایا کہ یا عمرؓ
اگر بہ نیت خیر آیا ہے تو خیر ہے ورنہ جیتا نہ جائیگا حضرت عمرؓ نے عرض کی کہ مین جان نثارون کی
فہرست مین نام لکھوانے آیا ہون اور تلوار اپنے ہاتھ سے ڈالدی اور بآواز بلند کہا
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ترجمہ مین اقرار کرتا ہون
اور اس بات کی گواہی دیتا ہون کہ یہ تمام بت باطل ہین اور ہرگز سوائے اوس واحد لاشریک
کے جو سب کا خالق ہے پرستش کے قابل نہین ہین وہی اللہ ہے جو تمام جہان کا
مالک وخالق ہے اور لاشریک ہے اور بے شک وشبہ آپ اوسکے برگزیدہ رسول ہین
اور آپ ہی کی ذات پاک پر نبوت کا خاتمہ ہوا۔ سب مسلمانون نے تکبیر بآواز بلند کہی حضرت
عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ اب تک کتنے آدمی مسلمان ہوئے ہین حضور پُرنور سرور عالم
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یا عمرؓ تمسے چالیس کا عدد کامل ہوا ہے
حضرت عمرؓ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ جب عمرؓ نے حضور کے جان نثارون کی فہرست مین
نام لکھوایا ہے تو مسلمان چھپ کر عبادت کیون کرین اوسیوقت حضور پُرنور صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کو لیکر باہر نکلے داہنی طرف حضرت امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ
عنہ اور بائین طرف حضرت سید الشہدا امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آگے آگے

اسد اللہ الغالب امیرالمومنین علیؑ ابن ابیطالب کرم اللہ وجہٗ اور اونکے آگے
امیرالمومنین فاروق اعظم عمرؓ ابن خطاب سلح اور تیار اور پیچھے پیچھے اور اصحاب
سید ابرار رضوان اللہ علیہم بیت اللہ شریف کی طرف متوجہ ہوئے اوسوقت مشرکین
قریش حضرت عمرؓ ابن خطاب رضی اللہ عنہ کے انتظار مین حجر کے پاس بیٹھے تھے
کہ ناگاہ حضرت عمرؓ نظر آئے مشرکین نے پوچھا کہ تمہارے پیچھے کیا ہے آپ نے فرمایا
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اگر کسی نے اس مقام سے جنبش کی تو تہ تیغ ہوگا چنانچہ
کفار ناہنجار فوراً وہان سے اوٹھے اور دبے پاؤن چلدیے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کعبہ شریف مین داخل ہوکر دو رکعت نماز پڑھی اوسی روز وحی آئی
یا ایُّھا النبی حسبک اللہ ومن اتبعک من المومنین الغرض حضرت
عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے دن سے غلبۂ اسلام شروع ہوا ۔
صحیح بخاری مین عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے مازلنا اعزۃ منذ اسلم عمر
ترجمہ یعنی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ ہم ہمیشہ باعزت
رہے جب سے عمرؓ اسلام لائے رضی اللہ تعالی عنہ اب جو اسلام کو غلبہ ہوا اور کفار
قریش نے جان لیا کہ حبشہ اصحاب کا ہجرت گاہ ہوا تو یہ مشورہ کیا کہ سب اہل مکہ اتفاق
کرکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر حملہ کرین مگر بنی ہاشمیون کے خوف سے
کوئی تدبیر اونکی کارگر نہوتی تھی وہ جانتے تھے کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو
نصیب دشمنان کوئی چشم زخم پہونچا تو بڑا کشت وخون ہوگا اور ہزارہا آدمیون کے قتل پر
بھی اہل اسلام کا جوش فرو نہوگا تو آخرکار ایک روز جملہ کفار قریش نے جمع ہوکر خواجہ ابوطالب سے
کہا کہ اب ہم تم سے لڑینگے نہین تو اپنے بھتیجے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو
ہمارے حوالے کرو خواجہ ابوطالب نے یہ بات قبول نکی لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم کو اپنے ساتھ لیکر مع بنی ہاشم و بنی مطلب واصحاب ایک پہاڑ کی گھاٹی یا اپنے احاطہ

یمن پوشیدہ ہوگئے اور بحفاظت رہنے لگے۔ کفار نے برادری قطع کردی اور یہ کوشش
کی کہ بنی ہاشم اور بنی مطلب سے کوئی شخص کسی طرح کا سلوک نکرے بلکہ بنیون اور
سوداگرون کو منع کردیا کہ ان لوگون کو سودا سلف ندین اور کسی قسم کا لین دین نکرین اور بنی ہاشم
سے رشتہ و قرابت قطع کرنیکا ایک عہدنامہ لکھکر اور سب نے اوسپر دستخط اپنے اپنے کرکے
خانہ کعبہ مین آویزان کردیا کاتب اسکا منصور ابن عکرمہ تہا اوسکے ہاتھ شل ہوگئے یہ سال
ہفتم نبوت کا واقعہ ہے اور جنگ بعاث بھی اسی سال مین واقع ہوئی بعاث ایک
قلعہ ہے جسکے مالک اوس تھے اون سے اور خزرج سے لڑائی ہوئی یہ لڑائی آخری تھی
پھر آٹھوین برس نبوت کے مابین فارس و روم عراق پر لڑائی ہوئی۔

رومیون اور مجوسیون کی جنگ اور قرآن پاک کا معجزہ پیشین گوئی اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ابی ابن خلف سے سو اونٹ کی شرط جیتنا اور اونکو خیرات کردینا۔

فارسی مجوسی تھے اور
رومی نصاریٰ تھے اہل اسلام نصاریٰ کی فتح چاہتے تھے اور قریش مجوسیون کی مگر خبر آئی کہ فارس
روم پر غالب آئے کافر خوش ہوئے مسلمان رنجیدہ کافر کہنے لگے کہ آج ہمارے بھائی
تمہارے بھائیون پر غالب ہوئے ہین کل ہم بھی غالب ہونگے خدائے تعالیٰ شانہ نے یہ
آیت نازل فرمائی۔ الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّومُ ۝ فِیْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ
مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۝ فِیْ بِضْعِ سِنِيْنَ ط لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ
وَمِنْۢ بَعْدُ ط وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ط يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَ
هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ترجمہ دب گئے ہین روم لگتے ملک مین یعنی جس ملک کی سرحد
اونکے ملک سے ملتی ہے اور وہ اس دبنے کے پیچھے پھر غالب ہونگے کئی برس مین
اللہ کے ہاتھ مین ہین کام پہلے اور پیچھلے اور اوس دن خوش ہونگے مسلمان اللہ کی مدد سے
مدد کرتا ہے وہ جسکی چاہتا ہے اور وہی ہے زبردست رحم والا۔ وَعْدَ اللّٰهِ ط لَا يُخْلِفُ

اللّٰهِ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ اللہ کا وعدہ ہوا لیکن بہت
لوگ نہین جانتے ۔ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ
غٰفِلُوْنَ ○ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ط وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ
لَكٰفِرُوْنَ ○ ترجمہ جانتے ہین ظاہری باتون کو دنیا کا جینا اور وہ لوگ آخرت سے
خبر نہین رکھتے ۔ کیا فکر نہین کرتے اپنے جی مین اللہ نے بنائے آسمان و زمین اور جو
کچھ او نمین ہے مگر حق کے واسطے یعنی حکمت کے ساتھ یعنی پروردگار نے انکو عبث
نہین پیدا کیا ہے ہر شے کی آفرینش مین بڑی بڑی حکمتین ہین کہ عقل انسانی اونکے
سمجھنے سے عاجز ہے لیکن اوسیقدر کہ جتنا پروردگار نے سمجھا دیا ہے اور سمجھا دے
اور وہ سب ایک وعدے پر ٹھیرے ہوے ہین اور بہت لوگ اپنے رب کا ملنا نہین
مانتے ۔ **تفسیر** ابو الجوزا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہین کہ حروف
مقطعہ آیت ربانیہ مین ہر حرف اشارہ ہے ایک صفت کیطرف کہ اوسکے ساتھ خدا کی
ثنا کرتے ہین چنانچہ ان کلمات مین الف کنایہ ہے الوہیت سے اور لام لطف سے
اور میم ملک سے اور بعض کے نزدیک الف اشارہ ہے نام پاک اللہ سے کہ اسم ذات
ہے واحد لاشریک کا ۔ اور لام طرف جبریل کے اور میم طرف محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے یعنی اللہ تعالی شانہ نے وحی بھیجی جبریل ع کے واسطے سے طرف حضرت
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے غُلِبَتِ الرُّوْمُ مغلوب ہوے روم اور فارسی
اونپر غالب آئے فِیْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ اوس زمین مین جو بہت نزدیک ہے عرب سے
زمین روم کی بہ نسبت اور وہ شہر اردن یا فلسطین تھا یا کشکر یا اذرعات اور بصرے کا
درمیان اور وہ غلبہ اسطرح پر تھا کہ خسرو پرویز نے شہریار اور فرخان کو کہ اوسکے دو امیر تھے
اونکو بڑے لشکر کے ساتھ بھیجا اور ولایات روم مین سے اون دونون نے کچھ فتح کرلیا اور روم

کی فوج کو شکست ہوئی اور بقول احسن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم کے
مبعوث ہونیکے **نوین ۹ برس** یہ خبر مکۂ معظمہ مین پہونچی کفار خوش ہوئے اور مسلمانون
سے بدخواہی کے طور پر کہنے لگے کہ تم اور نصاریٰ دونون اہل کتاب ہو اور ہم اور فارسی
دونون اُمّی ہین پس فارس جو روم پر غالب ہوا تو ہم اس سے یہ فال نکالتے ہین کہ ہم بھی
تم پر غلبہ پائینگے حق سبحانہٗ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اوس آیت مین ظاہر کیا
کہ وَهُمْ اور روم والے مِّنۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ بعد اپنے مغلوب ہونیکے سَيَغْلِبُونَ ۝
قریب ہے کہ غالب ہونگے فِي بِضْعِ سِنِينَ ۵ تھوڑے برسون مین کہ تین ۳ اور نو ۹ برس
کے درمیان ہوتے ہین حضرت صدیق اکبرؓ نے بعد نزول اس آیت کے مشرکون سے کہا
کہ تمہاری آنکھین روشن نہون قسم ہے خدا کی روم کے لوگ فارس پر غالب ہونگے
چند سال مین اُبیّ ابن خلف نے کہا ایسا نہین ہے اور ہم تمسے شرط کرتے ہین بس مدت
تین سال کی مقرر کرکے دس جوان اونٹونکی شرط لگائی اور پھر حضرت صدیق اکبرؓ نے یہ
حال حضور مین عرض کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ بضع سنین درمیان
تین اور نو کے ہے تم جاؤ اور مال اور مدت بڑھاؤ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پھر گئے
اور نو ۹ برس کی مدت مقرر کرکے سو اونٹ پر شرط کی اور باہم ضمانت کی جنگ بدر کے دن
جب مسلمان کفار قریش پر غالب ہوئے تو فارسیون پر رومیون کے غالب ہونے کی خبر
بھی پہونچی - اور بعض کا قول ہے کہ یہ خبر جنگ حدیبیہ کے دن تحقیق ہوئی ہے اور حضرت
صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سو اونٹ موافق قول اوّل کے اُبیّ ابن خلف سے لیئے
اور موافق قول ثانی کے اوسکے ضامن سے لیے کیونکہ اُبیّ جنگ احد مین مارا گیا تھا -
حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اے صدیقؓ ان اونٹون کو صدقہ
دیدو خدا کی راہ مین یہ آیت شریفہ **معجزۂ پیشینگوئی** ہے جو اہل تاریخ کے سچے
راویون اور صحیح اسناد سے ثابت ہے لِلّٰهِ الْاَمْرُ اللہ ہی کے واسطے ہے حکم اور فرمان

مِنْ قَبْلُ قبل غالب ہونے فارس کے روم پر وَ مِنْ بَعْدُ ہ اور بعد غالب ہونے روم کے فارس پر یعنی ہر وقت حکم اوسکا جاری ہے اور سب کام اوسکے قبضۂ قدرت مین ہین **کشف الاسرار** مین ہے کہ قبل سے مراد ازل ہے اور بعد سے مراد ابد ہے یعنی امر ازلی وابدی اوسی کے واسطے ہے کہ وہ خداوند تعالیٰ ازلی وابدی ہے فَ يَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ہ بِنَصْرِ اللّٰهِ ہ اور جب روم والے فارسیون پر غلبہ کرینگے تو خوش ہونگے مومن اللہ تعالیٰ شانہ کی مدد کے سبب سے کہ وہ اہل کتاب کو مدد دے گا اور فتح اوس قوم پر جو کتاب نہین رکھتے کیونکہ اس صورت مین اولٹ جانا فارس کی فتح کا نیک فال ہی مسلمانون کے واسطے اور ایمان والون کی دی ہوئی خبر کا صدق ظاہر کرتا ہے اور کی ہوئی شرط کا ظاہر لیتا ہے اور یقین صحابہ رضی اللہ عنہم کا زیادہ ہوتا ہے پس البتہ مومنین خوش ہون گے **حضرت صدیق اکبر** رضی اللہ عنہ کی تصدیق اور یقین۔ اسی یقین نے تو حضرت ابوبکر ابن ابو قحافہ رضی اللہ عنہما کو عام وخاص کی زبان پر **صدّیق کردیا** اور پروردگار تعالیٰ شانہٗ نے اپنے کلام مین فرمادیا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ہ ترجمہ بے شک عزت اللہ کے ہان اوسکی بڑی ہے جسکو ادب بڑا اللہ سب جانتا ہے اور سب سے خبردار **تفسیر تحقیق** کہ بہت بزرگ تمہارا اللہ کے نزدیک بڑا پرہیز گار تمہارا ہے اسواسطے کہ پرہیز گاری سے نفسون کو کمال رتبہ حاصل ہوتا ہے جو پرہیز گاری مین بہت بڑکر ہو اوسکا قدم مرتبہ کمال مین بہت بڑا ہوا ہے کہ الشرف بالعلم والادب لا بالاصل والنسب تحقیق کہ اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے تمہاری اصل اور تمہارا نسب آگاہ ہے تمہارے علم وادب سے **مفسرین** کا مذہب یہی ہے کہ اتقیٰ سے یہان حضرت صدیق اکبر ہی مراد ہین جیسا سورۃ اللیل مین وارد ہوا ہے وَ سَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى اور دور کیا جائیگا اوس آگ سے وہ بڑا پرہیز گار یعنی ابوبکر کہ دیتا ہے مال اپنا اور چاہتا ہے اوس سے پاکی اور نیکنامی چنانچہ اسکی مفصل تفسیر اوپر تحریر ہوچکی ہے غرضکہ ان دونون مقام مین

النقی سے مراد حضرت صدیق اکبر ہی کی ذات پاک ہے سورہ روم کی پانچوین
آیت کی تفسیر بنصر اللہ ط ینصر من یشاء وھو العزیز الرحیم ○ اللہ کی
مدد سے مدد کرے جسکی چاہے وہی ہے زبردست رحم والا غلبہ دیتا ہے ایک گروہ
کو دوسرے گروہ پر وعد اللہ ط لا یخلف اللہ وعدہ ولکن اکثر الناس
لا یعلمون ○ وعدہ کیا ہے اللہ تعالی نے غلبہ روم کا یا مسلمانوں کی خوشی کا وعدہ
اور وعدہ خلاف نہین کرتا اللہ اپنا وعدہ کے لیے جھوٹ اوس پر ممتنع ہے وہ ہمیشہ اپنا وعدہ سچ ہی کرتا ہے
ولیکن اکثر آدمی نہین جانتے اوسکے وعدے کی صحت اور سچائی کو یعلمون ظاہرا من
الحیوٰۃ الدنیا ج وھم عن الاخرۃ ھم غفلون جانتے ہین چیزین ظاہر کی دنیا
کی زندگانی سے یعنی دنیا کے مال ومتاع جاہ ودولت یا اسباب معیشت وتجارت اور
کتاب تیسیر اور وسیط مین لکھا ہے کہ دنیا سے مراد مکان بنانا ہے اور
کھیتی کرنا اور نہرین جاری کرنا اور کھیت اور باغ سے پانی لاتا ہے کہ اکثر دنیا کے لوگ
اسکے تو اعد جانتے ہین وھم عن الاخرۃ ھم غفلون ○ اور وہ امور آخرت سے
کہ غایت مقصود ہے ھم غفلون وہ غافل ہین یہان ھم کی ضمیر جو مکرر واقع ہوئی
ہے تاکید کے لئے ہے اور اسمین کمال فصاحت ہے اسکا لطف کچھ فصحاے عرب
ہی جانتے ہین سبحان اللہ بحمدہٖ وہ پاک پروردگار غافل بندون کو ہوشیار
کرکے ارشاد فرماتا ہے اور وہ بات فرماتا ہے جو تزکیہ نفوس کی جڑ ہے اور کس مہربانی سے
فرماتا ہے اے میرے مالک اے میرے خالق میری جان تجھپر فدا
تو بڑا مہربان مالک ہے میری جملہ امیدون کو برلا اور مجھے اپنا دیدار دکھا
یا رب ارنی - یا رب ارنی - یا رب ارنی ارشاد خداوندی اولم یتفکروا
فی انفسھم قف ما خلق اللہ السمٰوٰت والارض وما بینھما الا بالحق
واجل مسمی ط وان کثیرا من الناس بلقاء ربھم لکفرون

تفسیر آیا تفکر نہین کرتے اپنے دلون مین کہ مرایاے ممکنات یعنی جو چیزین کہ نظر آتی ہین اور وہ آفاق مین ہین اور اونکی نمود نفسون مین پا سکتے ہین یا یہ معنی ہین کہ اپنے کامون مین کیون تفکر نہین کرتے تاکہ اپنے پہلے پہل پیدا ہونے سے دوبارہ قیامت کے دن اوٹھنے پر دلیل پکڑین یعنی جو لوگ اسکے منکر ہین کہ قیامت مین آدمی اپنی قبرون سے کیونکر نکلینگے گوشت پوست سب سڑ کر نیست و نابود ہوگیا ہوگا استخوان ریزہ ریزہ ہوکر خاک کے ذرون مین مل گئے ہونگے پھر دوبارہ پیدا ہونے کی کیا صورت ہے اونکو اپنی پہلی خلقت پر نظر کرنی چاہیئے کہ پہلے انکا مادہ کہان تھا اور اوس خالق نے انکو پیدا کیا اور کیسے تنگ و تاریک مکان مین یعنی شکم مادر مین نو مہینے رکھا اور ایسے آرام سے کہ نہ کبھی درد سر ہوا نہ بخار آیا نہ آنکھین دکھین نہ کسی قسم کی شکایت ہوئی اب تو کسیکو ایسے تنگ مکان مین بند کردیجئے دیکھیے تو ایک منٹ مین مرجاتا ہے کہ نہین یہ باتین پیش نظر رکھے اپنی نظر سے اور اللہ پاک کے وعدون اور احکام کو سچا اور واجب الادا سمجھے اور یہ خیال کرے کہ اوسنے اتنا بڑا آسمان اور ایسی وسیع زمین جسمین ہزارون بڑے بڑے سربلند پہاڑ اور دریا اور سمندر اور سرسبز باغات اور ہرا بھرا جنگل پھر اوسمین طرح طرح کی خوبصورت مخلوقات کہ ہر مخلوق اپنے حسن و جمال مین ایک جدا شان رکھتی ہے پیدا کین کیا یہ کام کسی آدمی کا ہے پھر ستارون کی طرف نظر کرو اونکی روشنی اونکی رفتار اونکی تاثیرین پہچانو کیا یہ حیرت ناک مشاہدہ ہمکو یہ بات نہین بتاتا کہ بالیقین جسمین کسی طرح کا شک و شبہہ نہین ہے ضرور ان تمام مخلوقات کا ایک خدا ہے کہ دارا ے **خلق** اوسیکا نام پاک ہے اور عربی زبان مین اوسیکو **اللہ** کہتے ہین اور ہر چیز پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسکی قدرت کاملہ نے کیا کیا صناعیان کین ہین ابو العلائی طریقہ مین دو چیزین ہین اور اشغال و اکساب کے سوا ایک تو **فکر** ہے - اور دوسری چیز **توجہ عینی** ہے فکر کرنے کے اور توجہ عینی لینے اور دینے کے طریقے جدا جدا ہین توجہ عینی شب کے وقت نہایت

تخلیہ مین ہوتی ہے اور ہنگر ہوتی ہے اور بدن کو ایسا ساد ہنا ہوتا ہے کہ ذرا بھی جنبش نہو
توجہہ دینے کے لئے اور لینے کے لئے تین روز پہلے سے تیار ہونا ہوتا ہے اور یہی حالت ہے
طریقہ کلمۃ الحق کی اور یہ طریقہ اتنا چھپایا گیا ہے کہ اسمین ندرت آگئی ہے
اور اسکو بھی ابو العلائی طریقہ والون نے بہت مشق کیا ہے اگرچہ روز بروز اسلام کو ضعف
ہوتا جاتا ہے مگر اللہ کا شکر ہے کہ کچھ تھوڑے سے لوگ ایسے باقی رہ گئے ہین کہ جنکی زبان
سے یہ تذکرے سننے جاتے ہین واللہ اعلم ان حضرات کے بعد پھر ان باتون کا زندہ کرنے والا
کون پیدا ہوگا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ تفسیر وَاَجَلٌ مُّسَمًّی ط اور واسطے
نام رکھے ہوے وقت کے کہ جب وہ زمانہ آوے گا تو یہ سب چیزین نہایت کو پہونچ
جاوینگی اس سے قیامت کا دن مراد ہے وَاِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ اور تحقیق کہ
بہت لوگ آدمیون مین سے یعنی کفار بِلِقَاءِ رَبِّھِمْ اپنے پروردگار کی لقا یعنی دیدار سے
منکر ہین لَکٰفِرُوْنَ یعنی نہین مانتے یعنی قیامت کے دن کہ وہ دیدار الٰہی کا وقت
البتہ کافر سخت منکر ہین انتہی۔ الغرض نبوت کا یہ نوان برس ہے
نبوت کے نوین برس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنے اہل کے ساتھ
محاصرے سے نکلے اور عہدنامہ توڑا گیا اور اوسکے ٹوٹنے کی یہ صورت ہوئی کہ ہشام
ابن عمر عامری اور زبیر ابن ابی امیہ مخزومی۔ اور والدہ اوسکی مسماۃ عاتکہ
بنت عبد المطلب اور مطعم ابن عدی نوفلی۔ اور ابو البختری ابن ہشام
اور زمعہ ابن اسود اسدی یہ پانچون سردار قریش کے رات کو ایک جگہہ جمع ہوئے
اور باخود ہا مشورہ ہوا کہ بنو ہاشم اور بنو مطلب پر حد سے زیادہ تکلیف ہے حمیت قومی اسکی
مقتضی نہیں کہ ہمارے خاص قرابتی ایسی سخت تکلیف مین رہین اور ہم راحت و آرام سے
گھر مین پاؤن پھیلا کر سوئین اور خوب آسودہ ہوکر کھانا کھائین اب اس عہدنامہ کو توڑ دینا چاہیے
غرضکہ یہ پانچون سردار باہم ہم قسم ہوئے کہ صبح کے وقت عہدنامہ چاک کرینگے جب صبح ہوئی

تو زہیر ابن ابی امیہ بیت اللہ شریف مین آیا **عہدنامہ کا چاک ہونا اور ابوجہل سے اور ان پانچون سردارون سے مخالفت کا ہونا** زہیر ابن ابی امیہ بیت اللہ شریف مین آیا اور طواف کر کے کہنے لگا کہ ہم اہل مکہ بعیش و نشاط کہانا کہاتے ہین اور بنو ہاشم ہلاک ہوتے ہین واللہ مین یہان نہ بیٹھونگا جب تک وہ عہدنامہ نہ توڑا جاوے اور عہدنامہ چاک نہ کیا جاوے ابوجہل نے کہا واللہ تو کاذب ہے یہ عہد کبھی نہ ٹوٹیگا زمعہ ابن اسود نے کہا اے ابوجہل تو بڑا کاذب ہے یہ صحیفہ جس وقت لکھا جاتا تھا ہم رضامند نہ تھے پھر مطعم ابن عدی نے کہا کہ تم دونون سچے ہو جو شخص تمہارے خلاف ہے وہ جھوٹا ہے ہم بہی اس قول و قرار اور عہدنامہ سے بیزار ہین پس مطعم ابن عدی نے دوڑ کر وہ عہدنامہ اوتار لیا تو کیڑے اوسے سب کا سب کہا گئے تھے صرف اللہ کا نام باقی رہ گیا تہا اوسنے اوس بقیہ کرم خوردہ کو مل دل کر پہینک دیا ابوجہل نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مشورہ رات کو ہوا ہے اب قریش مین خصومت اور نزاع پڑی **فائدہ** قبل اس معرکہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے از روے وحی ابوطالب سے فرمایا تہا کہ اس صحیفہ مین سواے اللہ کے نام کے جو باتین ظلم و جور کی لکہی ہین کچہ بہی باقی نرہینگی کیڑے کہا جائینگے چنانچہ جس دن وہ پانچون سردار کعبہ مین آئے ہین اتفاقاً ابوطالب بہی کچہ احباب اپنے ہمراہ لیکر گہاٹی سے باہر نکلے تہے اور کعبہ مین آکر بیٹھے اور قریش سے کہا کہ اے قوم قریش یہ صحیفہ تمہاری ہے قریش نے کہا ہان تمہاری ہے ابوطالب نے کہا کہ مجہسے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہا ہے کہ از روے وحی کہ اس عہدنامہ مین سواے اللہ کے نام کے اور کچہ باقی نرہیگا پس اس صحیفہ کو دیکہو اگر یہ قول اونکا سچ ہے تو مضمون اس صحیفہ کے درگذر و اور اگر اونکا قول غلط ثابت ہو تو اونکو مین تمہارے سپرد کر دونگا قوم کا ہر فرد اسپر متفق ہوا اور کہنے لگا کہ نحن النصافت یہی ہے جو ابوطالب نے کہا ہی چنانچہ جب عہدنامہ کہولا گیا تو حضرت مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خبر مین سر مو فرق نہ تہا کافر سرنگون ہوگئے اور بیان

ہو گئے مگر ابو جہل اور اوسکے ہمخیال ہمراہی اوسی عہد پر ہے خواجہ ابو طالب اون لوگون کے حق مین دعا سے بدفرما کر چلے آئے - الغرض اون پانچون سردارون نے وہ عہد توڑا اور مطعم ابن عدی نے عہدنامہ چاک کیا اور بنو ہاشم و بنو مطلب حصار سے باہر نکلے - اب عمر شریف حضور پُر نور سرور عالم صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی اونچاس برس کی ہے -

ابو طالب کا انتقال پر ملال اور ایمان

روایت ہے کہ نبوت کے دسویں برس بعد گذرنے نو مہینے اکیس روز کے ابو طالب نے وفات پائی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو بڑا غم ہوا پھر اس واقعہ کے تین دن بعد حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سفر جنت اختیار فرمایا - آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو ملال بالائے ملال ہوا آپ نے اس سال کا نام عام الحزن رکھا خواجہ ابیطالب کی عمر ستاسی برس کی ہوئی اور حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ کی پینسٹھ ۶۵ برس کی ہوئی تھی آپ بعد نکاح پچیس ۲۵ برس زندہ رہین صحیحین مین سعید ابن مسیب سے روایت ہے کہ جب ابو طالب کو مرض موت لاحق ہوا تو حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم تشریف لائے - ابو جہل اور عبد اللہ ابن ابی امیہ دونون کافر وہان موجود تھے **کیفیت انتقال خواجہ ابو طالب** روایت ہے کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے فرمایا اے چچا ایک بار لا الہ الا اللہ کہہ لو اسکے ذریعہ سے قیامت کے دن مین تمہارے واسطے اللہ تعالیٰ شانہ کے عرض معروض کرون گا اور شفاعت کو میری میرا مالک منظور کرے گا مجھے اوسکی ذات پاک سے امید ہے ابو طالب نے کہا اے میرے بھائی کے بیٹے اگر مجھے قریش کی طعنہ زنی کا خوف نہ ہوتا کہ وہ کہین گے کہ موت کے خوف سے کلمہ پڑھا تو مین بے تامل یہ کلمہ پڑھ لیتا اور تمکو خوش کر دیتا

اور وہ شقی ابوجہل اور عبداللہ ابن ابی امیہ ابوطالب کو روک رہے تھے اور کہہ رہے تھے
کہ اے ابوطالب تو اپنے باپ عبدالمطلب کے دین سے پہرے گا روایت ہے
کہ ابوطالب نے اوسوقت کچھ شعر پڑہے جنکے مضمون سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم کی رسالت کی تصدیق اور دین اسلام کا حق ہونا ظاہر ہوتا تھا اور یہ مضمون بہی
تھا کہ اگر مجھکو خوف طعنہ قریش کا نہوتا تو مین ضرور اس دین کو قبول کرتا یہ سنتا تھا کہ کفار قریش
چلائے کہ اے ابوطالب تو دین ابائی سے پہر گیا ابوطالب نے کہا کہ نہین مین دین آبائی
پر ہون خلاصہ یہ ہے کہ ابوجہل وغیرہ کے روکنے سے اونکے منہ سے یہ نکلا علی ملۃ عبدالمطلب
اوسوقت حضور پرنور خاتم المرسلین شفیع المذنبین سیدنا ومولانا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ مین بخشاونگا اگر منع نہ کیا گیا چنانچہ بعد موت ابوطالب کے حضرت
نے اونکے لئے استغفار کیا صحابہ کرام نے بہی اپنے آباواجداد کے لئے استغفار
کرنا شروع کیا اوسپر یہ آیت اوتری سورہ توبہ مین مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا
أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَى مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ
أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ترجمہ یعنی نہین پہونچتا ہے نبی کو اور ایمان والون کو کہ بخشش
مانگین مشرکین کی اگرچہ وہ ہون قرابتی جب کہ کھل چکا اونپر کہ وہ دوزخی ہین تفسیر نظم الجواہر
مین مفتی ولی اللہ فرخ آبادی لکہتے ہین کہ سدی سے روایت ہے کہ جب ابوطالب کی
وفات قریب ہوئی تو قریش نے مشورہ کیا کہ چلو اوس شخص سے درخواست کرین کہ اپنے
برادرزادے کو منع کردے اور ہمکو حیا آتی ہے کہ ابوطالب کی موت کے بعد اوسکو قتل
کرین اسلئے کہ اہل عرب کہینگے کہ جب ابوطالب کی حمایت نرہی تو مار ڈالا۔ چنانچہ ابوسفیان
وابوجہل ونضر ابن حارث وامیہ وابی پسران خلف وعقبہ ابن معیط وعمرو بن عاص
واسود بن بختری ابوطالب کے پاس آکر کہنے لگے کہ تو ہمارا بزرگ ہے اور محمد صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ہمکو اور ہمارے بتون کو ایذا دی بہتر ہے کہ اوسکو فہمایش کر

کہ ہمارا اور ہمارے بتون کا ذکر نہ کیا کرے ابوطالب نے حضرت کو بلوایا اور کہا کہ یہ لوگ تمہاری قوم او رچچیرے بہائی ہین حضور نے ارشاد فرمایا کہ کیا چاہتے ہین حاضرین نے کہا کہ تم ہمکو اور ہمارے بتون کو چہوڑدو اور ہم تمکو اور تمہارے خدا کو چہوڑدین - ابوطالب نے کہا یہ بات تو انصاف کی ہے قبول کرو فرمایا کہ پہر کہو جب ان لوگون نے مکرر کہا فرمایا کہ اگر مین ایسا کرون تو مجکو تم ایک کلمہ کہدوگے ابوجہل نے کہا قسم تمہارے باپ کی دین کی دس تم بہی دو مانند اوسکے اور کہو وہ بات فرمایا تم کہو لا الہ الا اللہ وہ سب اوٹہے سب بگڑ گئے ابوطالب نے کہا کچہہ اور کہو حضرت نے فرمایا کہ اگر لائین آفتاب کو اور رکہین میرے ہاتہہ پر رکہون مین مگر یہی کلمہ - اور صحیحین مین عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہون نے کہا اے محمدؐ ابوطالب تمہارا چچا تہا تمہارے واسطے قریش سے لڑتا تہا اور تمہاری حمایت مین سعی وافر بجالاتا تہا تم بہی کچہہ اوسکو نفع پہونچاؤگے آپ نے فرمایا کہ وہ ضحضاح آتش مین ہے کہ دونون ٹخنون تک پہونچتا ہے جس سے ام الدماغ کہولتا ہے اور جو مین نہوتا تو وہ درک اسفل دوزخ مین ہوتا فائدہ - ضحضاح آب قلیل کہ زمین مغاک مین جمع ہو اور ستنا لنگ تک ہو یا اوس سے بہی قلیل المختصر اور روایات سے بہی ابوطالب کی موت ملت آبائی پر ثابت ہے فقیر محمدؐ اکبر ابو العلائی دانا پوری عرض کرتا ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین عرض کی اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ابوطالب تمہارا چچا تہا تمہارے واسطے قریش سے لڑتا تہا تمہاری حمایت مین سعی وافر بجالاتا تہا تم بہی کچہہ اوسکو نفع پہونچاؤگے - حضرت کی اس عرض پر قربان جواب تو وہی تہا جو کونین کے بادشاہ نے ارشاد فرمایا اس سے بڑہکر کوئی کیا جواب دے سکتا ہے مگر مین بہی عرض کرتا ہون کہ خواجہ ابوطالب کے چہوٹے فرزند حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو آپ نے اپنی دختر نیک اختر حضرت سیدۃ النساء خاتون قیامت فاطمہ الزہرا علیہا السلام عنایت فرمائی اس سے زیادہ حسن سلوک کیا ہوسکتا تہا خود حضرت کو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دعا دی کہ اونکی اولاد مین سلطنت آگئی اور

کئی پشت تک قایم رہی حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سید الشہدا کا درجہ پایا وہ کون تہا کہ جسنے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے تجکے کے برابر سلوک کرکے ہزار گونہ اوسے زیادہ بدلہ نپایا ہو ہم اہلسنت کا یہ عقیدہ ہے کہ نبی کے بعد درجہ صحابہ کا ہے اور صحابہ کے بعد تابعی کا اور تابعی کے بعد تبع تابعی کا پہر انکے بعد سب امت برابر ہین ہمکو نہین پہونچتا کہ ہم صحابہ کے اقوال پر نظر کرین ایک بات تہی جو زبان قلم پر آگئی بعض اہل تاریخ نے خواجہ ابو طالب کا ایمان بہی نقل کیا ہے چنانچہ ابن اسحاق نے کہا ہے اِنَّہٗ اَسْلَمَ عِنْدَ الْمَوْتِ روایت ایک روایت مین یون بیان ہوا ہے جب وفات ابو طالب قریب ہوئی تو عباس ابن مطلب نے دیکھا کہ دونون لب ابو طالب کے ہلتے ہین تو لگاے دونون کان اوسکی طرف اور کہا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے کہ اے بیٹے میرے بہائی کے قسم خدا کی کہا میرے بہائی نے اوس کلمہ کو جو تلقین کیا تہا تمنے کما فی اللآلی لیکن اہل تحقیق اس قول کی تضعیف کرتے ہین - اور ظاہرا یہ قول اوس قول کے خلاف ہے جو صحیحین سے پہلے اسی قول کے اوپر بیان کیا گیا ہے اور طایفہ اثنا عشری کہتے ہین کہ ابو طالب مسلمان تہے و اللہ اعلم بحقیقۃ الحال - جو کچہہ عنایت و حمایت و محبت و شفقت طرفداری و جان نثاری حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خواجہ ابو طالب نے کی ہے وہ سب کتب سیر مین مفصل مذکور ہین اور جو کچہہ نزع کے وقت خواجہ نے حضور کی شان مین اشعار پڑہے ہین وہ بہی اون کتابون مین ہین ہمکو اس کے باب مین بحث کرنا مناسب نہین معلوم ہوتا اسکا کون انکار کرسکتا ہے کہ وہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے جان نثار نہ تہے اور ضرور تہے لَا شَکَّ فِیْہِ الغرض بعد وفات خواجہ ابو طالب کے کفار قریش نے طرح طرح کی ایذائین دینی شروع کین کہ ابو طالب کی زندگی مین یہ نوبت کبہی نہ پہونچی تہی چنانچہ ایک دن کسی کافر نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پہ مٹی ڈالی آپ نے

صبر کیا اور اپنی دختر پاکیزہ گہر کے گہر مین تشریف لے گئے اون جنت کی بی بی نے حضرت کو غسل کرایا اور پدر مہربان کی حالت پر بہت روئین آپ نے فرمایا کہ صبر کرو اللہ تعالیٰ شانہٗ اونکی شر سے مجھے محفوظ رکہے گا جب تک ابو طالب زندہ رہے کسی نے حضرت کو علانیہ اسطرح ایذائین نہین دین بعد ابو طالب کے کچہہ دن ابو لہب نے بہی حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حمایت و اعانت کی مگر کفار قریش نے ابو لہب کو اپنی طرف ملالیا اوسنے اپنی حمایت و اعانت اوٹہالی یہ عجب اتفاق تہا کہ سب تحلیف دہیروا حضور کے جوار ہی مین رہتے اور کوئی اونمین سے مسلمان نہوا مگر حکم ابن ابی العاص اور وہ بہی مضطرب ہوکر فائدہ یہ سب ایذائین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوٹہاتے تہے اور صبر فرماتے تہے اور حکمت الٰہی یہ تہی کہ جو مرتبہ آپ کو عطا کیا جاوے وہ پورا ہو ناقص نہو تو نفس مبارک حضور کا صبر کا بہی خوگر کیا گیا لہذا جسقدر ایذائین قوم نے دین اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے صبر فرمایا تو مرتبہ و مقام صبر کامل ہوتا گیا اور ایسا کامل ہوا کہ اپنی پوری حد کو پہونچ گیا چنانچہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے جگر پارہ سیدنا حسین علیہ السلام نے جو ترکہ اپنے نانا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے وراثتاً پایا تہا دنیا کو دکہا دیا کہ انبیا علیہم السلام کا ترکہ مال و زر - زمین و جائداد نہین ہے یہ ترکہ ہے جو ہمین ملا ہے اور یہ وہ مقام صبر تہا کہ کوئی صابر اولیا اللہ مین سے ایسا نہین گذرا کہ جسنے اس استقامت کے ساتہہ اس مقام مشکل کو طے کیا ہو بے شک و شبہہ حضرت سیدنا امام حسین ؑ سید الصابرین والشاکرین ہین اللّٰہمّ صل وسلم علی سیدنا و مولٰنا محمد سید الصابرین و امام الکاظمین الغرض بعد وفات ابو طالب کے کئی طریقہ سے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دعوت اسلام فرمائی لیکن کسی نے قبول نکی بلکہ بے انتہا ایذا دی ناچار مجبور ہوکر حضور پُر نور نے یہ قصد فرمایا کہ اب بیگانون کو اسلام کی طرف بلاؤن گا چنانچہ ابو طالب کے انتقال کے تین مہینے بعد قبیلہ بنی بکر مین تشریف

لیجا کر دعوت اسلام فرمائی لوگون نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اپنے یہان
ٹہیر نے ندیا تو آپ نے قبیلہ قحطان کا قصد کیا یہ قوم بہی بہ شرارت پیش آئی پہر حضور
پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم طائف - اور ثقیف کی طرف متوجہ ہوئے اور زید
ابن حارثہ حضور کی خدمت مین تہے اسوقت بنی ثقیف مین تین سردار تہے ۔
عبدیالیل مسعود ۔ وحبیب یہ تینون عمرو ابن عمرو کے بیٹے تہے انکو اور اس قوم کے
جملہ اکابر کو دعوت فرمائی ہر ایک بدسلوکی سے پیش آیا اور مہمان کے طریقے پر بہی کسی نے
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دعوت نفرمائی اور ایسی ایسی ایذائین حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو دین کہ وہ دن حضور پرنور پر یوم احد سے زیادہ سخت تہا
صحیحین مین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ مینے
حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے پوچہا یا حضرت یوم احد سے بہی سخت دن
کوئی آپ پر گذرا ہے آپ نے فرمایا سخت ترین ایام یوم عقبہ تہا جب مین نے ابن
عبدیالیل ابن کلال کو دعوت کی اوسنے قبول نکی لہذا مین رنجیدہ ہو کر چلا اور ہوش مین
نہ آیا مگر اوس مکان مین میرے حواس درست ہوئے جب موضع قرن الثعالب مین پہونچا
اور وہان مینے آسمان کی طرف سر اوٹہایا تو ایک ٹکڑا ابر کا مجہپر سایہ کیے ہوئے نظر آیا وہان
سے حضرت جبرئیلؑ نے کہا اے محمدؐ صلی اللہ علیہ واصحابہ وسلم اللہ تعالی شانہ نے
تمہاری قوم کے حالات ملاحظہ فرماکے ملک الجبال کو بہیجا ہے آپ جو حکم اوسے دیگے وہ بجا لائیگا ملک الجبال نے
سلام کرکے عرض کی کہ اگر آپ حکم فرمائین تو مین ان دونون پہاڑون کو جنکے بیچ مین کہ ہی اس جفا کار قوم
پر لاکر ڈال دون کہ انکے استخوان تک پس کر سرمہ ہوجائین حضور پرنور نے ارشاد فرمایا کہ یہ بات مجہے
منظور نہین مین اپنے مالک وخالق سے امید کرتا ہون کہ انکی پشت سے ایسی اولاد کا ظہور
ہو کہ جو خدا سے لاشریک کو واحد لاشریک سمجہین یا وہی سمجہکر اوسکی عبادت کرین نہ ظلم کرین اور مین
صبر کرون کبہی تو یہ اپنی خطا کو خطا سمجہینگے باوجود اسکے اون تکالیف شاقہ کے آپ نے اپنا

رحم وکرم نہ چھوڑا اس آیت شریفہ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ نے حضور پرنور کے کرم ورحم کی غایت بتادی ہے

عذرخواہ چون محمد جرم بخش چون الٰہ		گر بتر سند از گنہ روے گنہگاران سیاہ

عُقْدَہ اَلرَّسُوْلُ خیر خواہ دشمنان اسی مقام سے حل ہوتا ہے تواریخ سے ثابت ہے کہ سرداران بنی ثقیف نے بڑی بڑی شرارتین کی ہین یعنی لڑکون اور غلامون اوباشون کو اشارہ کردیا اونہون نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ناز یبا باتین کہین اور پتہرون سے حضرت کی ساق مبارک کو مجروح کردیا مگر حضرت سید الصابرین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکے واسطے بھی دعا سے بد نفرمائی علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ مواہب لدنیہ مین تحریر فرماتے ہین کہ حضرت سید الصابرین خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم دس دن طایف مین رہے بعد اسکے مکہ معظمہ کو روانہ ہوئے پہرتے وقت آپ کو نہایت تشویش ہوئی اور زید ابن حارثہ اس سفر مین ہمراہ رکاب تھے اثنا سے راہ مین ایک باغ عتبہ وشیبہ پسران ربیعہ کا ملا اوسمین حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ٹھہرے عتبہ وشیبہ دونو موجود تھے ان دو لوگون نے آپکو پریشان خاطر دیکھکر بلحاظ قرابت وخویشی رحم کہا کر عداس نام غلام نصرانی المذہب کے ہاتھ انگور کے خوشے طبق مین رکھ کے بھیجے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑہکر تناول فرمائے عداس غلام نے کہا کہ مینے یہ کلمہ اس بستی مین آج کے سوا کبھی نہین سُنا حضور پرنور نے فرمایا کہ تو کہان کا رہنے والا ہے اور کس دین مین ہے اوسنے عرض کی کہ مین نینوی کا رہنے والا ہون اور دین میرا نصرانی ہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تو یونس ابن متی کے گانون کا ہے وہ بولا کہ آپنے یونس کو کیونکر جانا حضرت نے فرمایا کہ وہ میرا بہائی تھا یعنی وہ پیغمبر تہا اور مین بھی پیغمبر ہون اور جملہ انبیا آپس مین علاتی بہائی ہین عداس نے پوچھا آپ کا اسم شریف کیا ہے حضرت نے فرمایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

اوسنے کہا کہ مین زمانہ دراز سے انجیل مقدس مین حضرت کے اوصاف حمیدہ پڑہتا ہون اور
توریت مین لکھا ہے کہ آپ کو خدائے تعالیٰ پیغمبر کریگا مگر قوم کے لوگ قبول نکرینگے
اور اپنے شہر سے ہجرت کرنی پڑے گی آخر کار نصرت الٰہی شامل حال ہوگی اور تمام
روے زمین پر آپ کا دین شایع ہوگا چونکہ فضل الٰہی عداس کے شامل حال تہا وہ حضرت پر
ایمان لایا اور قدمبوس ہوا عتبہ و شیبہ نے جو عداس کی یہ کیفیت دیکہی تو کہا اس شخص نے
تجہکو فریب دیا اوسنے کہا کہ نہین آپ پیغمبر ہین اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مکہ معظمہ
کی طرف روانہ ہوئے راہ مین ایک باغ یعنی بطن نخلہ ملا جو مکہ معظمہ سے رات بہر کی راہ
ہے وہین منزل فرمائی آدہی رات کو جب آپ نماز پڑہنے لگے تو اوسوقت سات نفر جن
اور برواے نو نفر جن آپکی قرات سنکر حضور پر نور کے پاس آئے اور پہچانا اور اپنی قوم میں جاکر اسکا
چرچا کیا۔ **مقام بطن نخلہ مین آدہی رات کو قوم جن کا نماز مین قرات سنکر آپ کو پہچاننا اور اپنی قوم مین جاکر اسکا ذکر کرنا اور ایمان**
لانا۔ مورخ محتاط اس روایت کو تحریر کرکے یہ لکہتا ہے کہ روایت ابن اسحاق اور اونکے
توابع کی ہے **اور صحیحین** سے ثابت ہے کہ یہ معاملہ بازار عکاظہ کا ہے
جب حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اصحاب کے ساتہہ نماز صبح پڑہتے تہے
اور کیفیت اوسکی یہ ہے کہ جب حضور طائف شریف سے چلے تو بازار مذکور مین جلوہ فرما ہوئے
اور یہ بازار ایسا تہا کہ اسمین ہر جنس کے تاجر موجود ہوتے تہے بیسوین شوال سے دسوین
ذیقعدہ تک وہان قیام کرتے تہے اسی سبب سے چند اصحاب حضور پر نور صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کو وہان مل گئے اونکے ساتہہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وہان
شب باش ہوئے وہ مقام مکہ معظمہ سے رات بہر کی راہ ہے جب صبح ہوئی تو حضور پُر نور
اصحاب کے ساتہہ نماز مین مشغول ہوئے اوس حال مین **نو نفر جن** شہر نصیبین متعلقات
شام کے رہنے والے **فرقہ بنی شیصان** سے کہ سادات قوم مذکور سے تہے

اوس طرف گذرے اور قرات حضور پُرنور کی سُنی از انجملہ ربیعہ و عمرو و نفر سردار عظیم الشان تہے اونہون نے اپنی قوم کی دعوت اسطرح شروع کی کما قال اللہ تعالی شانہ فی سورۃ الاحقاف یاقومنا انا سمعنا کتابا انزل من بعد موسی مصدقا لما بین یدیہ یہدی الی الحق والی طریق مستقیم یاقومنا اجیبوا داعی اللہ وآمنوا بہ یغفر لکم من ذنوبکم ویجرکم من عذاب الیم ومن لا یجب داعی اللہ فلیس بمعجز فی الارض ولیس من دونہ اولیاء اولئک فی ضلال مبین ترجمہ اے ہماری قوم ہمنے سُنی ہے ایک کتاب جو اُتری موسیٰؑ کے بعد سچا کرتی ہے سب اگلون کو سوجہاتی ہے سچا دین اور ایک راہ سیدہی اے ہماری قوم مانو اللہ کی طرف بلانے والے کو اور اوسپر یقین لاؤ کہ بخشے تمکو کچہہ تمہارے گناہ اور بچادے تمکو ایک دکہہ کی مارسے اور جو نہ مانے گا اللہ کے بلانے والے کو تو وہ نہ تہکا سکے گا بہاگ کر زمین مین اور کوئی نہین اوسکو اوسکے مددگار وہ لوگ صریح گمراہ ہین۔ جب یہ باتین قوم جن نے سُنین اور بہت لوگ ایمان لائے مگر اس مرتبہ جنون سے ملاقات نہین ہوئی جیسا مواہب لدنیہ اور روضۃ الاحباب مین لکہا ہے کہ ملاقات ہوئی یہ بات ہے کہ قوم جن مین بہی مومن اور کافر ہین کافر کو عذاب نار ہے بالاتفاق مگر مومن مین اختلاف ہے مالک۔ و ابن ابی لیلیٰ و ابو یوسف۔ و محمد کہتے ہین جسطرح مسلمان آدمی کو جنت مین ثواب ملے گا اسیطرح جن کو بہی۔ قاضی۔ اور صاحب کشاف کا مختار یہی قول ہے۔ اور ضحاک کہتے ہین کہ جن بہشت مین کہائینگے پئین گے۔ مختار اکثر مشائخ کا یہی ہے اور ایک جماعت کہتی ہے کہ جسطرح آدمی نعمت سے لذت پائینگے وہ یعنی قوم جن تسبیح و ذکر سے لذت اوٹہائینگے۔ علما سے باخبر فرماتے ہین کہ کئی دن حضور پُرنور نے اوس مقام مین اقامت فرمائی پہر عازم مکہ ہوئے زید ابن حارثہ نے عرض کی کہ یا حضرت جن لوگون نے آپکو نکالا ہے اونہین لوگون مین آپ پہر تشریف لئے جاتے ہین حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و

آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا ناامید ہو اللہ تعالیٰ شانہ مدد کرے گا الغرض مکہ مکرمہ کے
قریب جاکر ایک صحابی کو قریش کے پاس بطلب جواب روانہ فرمایا اور بلا تامل اس وجہ
سے داخل نہو سکے کہ شاید اہل مکہ طائف کے حالات سنکر اوسی طرح پیش آوین۔کسی
مشرک نے حضور کا جوار پسند نکیا مگر معطم ابن عدی نے تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کعبہ مین تشریف لائے اور طواف فرمایا اور حجراسود کو بوسہ دیا اور دو رکعتین ادا کرکے
دعا مانگی کہ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب ایسا سبب کر کہ ایسی قوم ایمان لائے جو تیرے
دین صادق کی مدد کرے بعد اوسکے باعانت ظاہری معطم ابن عدی کی اپنی منزل خاص
مین جلوہ فرما ہوے اور معطم مع اپنے توابع و لواحق کے مشغول بحراست و حمایت ہوا اور
لوگون کو بنا بر متابعت دین اسلام لانے لگا اور ابولہب اوسکے پیچھے ہوا ہر جگہ کہتا جاتا کہ معطم
جھوٹا ہے اپنے دین آبائی سے پھر گیا ہے **اُسی سال طفیل ابن عمرو دوسی کہ**
اشرافِ قوم سے تہا حاضر ہوکر **مشرف باسلام** ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ مین چاہتا ہون
کہ اپنی قوم کو اسلام کی دعوت کرون لیکن کوئی نشان ایسا ہو کہ اوسکے سبب سے قوم مین صورت
امتیاز پیدا ہو جاوے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دعا فرمائی اللہ تعالیٰ شانہ نے
ایک نور چراغ کیطرح دونون آنکھون کے بیچ مین روشن کر دیا یہ نشان لیکر طفیل دوسی قوم
کیطرف روانہ ہوا پھر اوسکے دل مین یہ خطرہ پیدا ہوا کہ شاید اس علامت کو قوم کے لوگ کوئی
بڑی بیماری خیال کرین اور کہین کہ اسلام لانے سے اس بیماری مین مبتلا ہوا ہے لہذا دعا
مانگی کہ یا اللہ یہ نشان متغیر ہو جائے اوس مجیب الدعوات نے اوس نشان کو اوس کے
تازیانے کی نوک پر چمکا دیا وہ قندیل کیطرح چمکنے لگا طفیل اس نشان کے ساتھ قوم مین داخل
ہوا اور دعوت اسلام شروع کی چند نفر ایمان لائے طفیل ناخوش ہوکر حضور پُرنور مین حاضر ہوئے
اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم میری قوم ہلاک ہونے کے قابل ہے
آپ اوسکے واسطے دعائے ہلاکی فرمایئے حضور نے دعا فرمائی الٰہی دوس کی قوم صراط مستقیم

اختیار کرے اور طفیل سے کہا کہ تو قوم مین نہایت نرمی اور تواضع سے بسر کر۔ طفیل رخصت
ہوئے اوس دعا کی برکت سے ستر یا اسی خاندان کے آدمی ایمان لائے۔ اور بعد فتح خیبر
اور بروایتے قبل فتح داخل مدینہ طیبہ ہوئے اور جب تین مہینے دخول مکہ پر گذرے تو
نوے (۹۰) نفر جن شہر نصیبین و نینوا کے رہنے والے مع لواحق بنابر ملازمت حضور پُر نور بیرون
مکہ حاضر ہوئے ازانجملہ روبعہ سردار جن نے حضور رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
مین حاضر ہو کر عرض کی کہ یا رسول اللہ جنات ملازمت کو حاضر ہین جسوقت حکم ہو شرف پابوس
حاصل کرین فرمایا کہ **شعب الحجون**[۵۱] مین جمع ہون اگر یہان آوینگے تو شہر کے لوگ ڈرینگے
چنانچہ روبعہ نے اسی مقام مین سب جنات کو جمع کیا اور بعد ادائے صلوٰۃ عشا مع عبداللہ
ابن مسعود حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تشریف لے گئے تو حضور پُر نور کو ایک فوج
نظر آئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ابن مسعود رضی اللہ تعالے عنہ کو
شعب حجون کے دروازہ پر کھڑا کر دیا اور ایک خط محیط اونکے گرد کھینچ دیا اور فرمایا اسی مین
قایم رہ اور آنحضرت صلعم خود بنفس نفیس درہ کوہ مین داخل ہوئے اور جنات نے آنحضرت صلعم
کے شوق دیدار مین ازدحام کیا حضرت عبداللہ ابن مسعود فرماتے ہین کہ مین نے جنات کو
دیکھا بعض بصورت کرگس اور بعض بصورت قرط یعنی میمون - بوزنیہ جو متصل بصرہ کے رہتے
ہین اور سب برہنہ سر اور برہنہ پا اور سیاہ رنگ اور ایک پارچہ سفید بطور لنگ ستر عورت کے
واسطے باندھے ہوئے تھے اسی طرح اس فرقہ کے لوگ مختلف صورتون مین نظر آئے اونکی
تلقین مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تا سحر مشغول رہے۔ اوسی عرصہ مین قوم
جن مین ایک قتل واقع ہو گیا اوس قوم نے اپنی رضا و رغبت سے آنحضرت صلعم کو حَکَم مقرر
کر دیا حضور پُر نور نے خدا کے حکم کے موافق فیصلہ کر دیا کہ سب قوم رضامند ہو گئی۔
عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ بارہ ہزار جن جزیرہ موصل کے رہنے
والے جراپہاڑ مین کہ جسکو اب جبل نور کہتے ہین جمع ہوئے اور حضور پُر نور تن تنہا وہان

[۵۱] یہ مقام قریب مکہ واقع ہے ۱۲

تشریف لے گئے اور تمام شب اوسی جگہہ مقیم رہے وقت صبح اصحاب رسول اللہ نے
آثار اونکے دیکھے اور جو کچھہ اسباب کی قسم مین سے چھوڑ گئے تھے ملاحظہ فرمایئے یہ قصہ
صحیح مسلم مین موجود ہے۔ اسی طرح احادیث **صحیحہ** سے حاضر ہونا جنات کا کئی بار حضور پر
رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین ثابت ہے اور یہ بھی ثابت ہے کہ قوم جن
نے حضور سرور عالم سردار بنی آدم ہادی کونین رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
سے امور دینیہ مین تحقیقات کی ہے اسمین کچھہ شک نہین ہے۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم جسطرح عالم انسان پر مبعوث برسالت ونبوت تھے اسی طرح عالم جنات پر بھی
تھے۔ ازروے **حدیث صحیح** متواتر ثابت ہے کہ جب حضرت رحمۃ للعالمین
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سورۂ رحمن فرقۂ جن پر تلاوت فرمائی تو اس قوم نے نہایت
ادب سے سنی اور آیت فَبِاَیِّ اٰلَاۗءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن کو سنکر عرض کرنے لگے کہ اے
پروردگار ہم تیری کسی نعمت کے ساتھ ناشکری نہین کرتے **فائدہ** اول باقصۂ جنات
کے حاضر ہونے کا حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین یہ سبب تہا کہ جب
حضور پرنور صلعم نبی ہوئے تو نزول وحی کا شور تمام عالم مین پڑ گیا اور شیاطین وجنات کا آسمان
پر جانا اور اخبار غیبیہ کا سننا قطعاً بند ہوا ابلیس اور اوسکے توابع جو آدمیون کو گمراہ کرتے پہرتے
تہے سخت ذلیل وخوار ومجبور ہوئے اونکے سب مکر اور حیلے جو اونکے گمراہ کرنے کے ذرایع
تہے بیکار ہوگئے تو اوس قوم نے باہم یہ مشورت کی کہ تمام دنیا کی سیاحت کرو اور پتہ لگاؤ کہ دنیا
مین ایسی کون سی بات ظاہر ہوئی ہے جسکے سببسے ہم اخبار غیبیہ کے سننے سے منع کر دیے
گئے اگر کچھہ بھی معلوم ہو جاوے تو درصورت امکان اوسکا تدارک کیا جاوے چنانچہ قوم شیاطین
اور جنات نے عالم کا گشت شروع کیا۔ ازانجملہ نونفر جن قبیلۂ بنو شیصبان کے جو قبایل جن
سے عمدہ قبیلہ ہے اور شہر نصیبین کے رہنے والے تہے وادی تہامہ سے پہرے ہوئے
وادی نخلہ مین وارد ہوئے اور وہان حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا قرآن پڑھنا سنکر

یقین لائے کہ بےشک یہ کلام معجز نظام ملک علام کی طرف سے اوترتا ہے اسکی ہوشیاری
وخبرداری ہورہی ہے کہ اسکو کوئی چرانے نپاوے پہر اوس قوم نے اپنے لوگون مین اسکا
تذکرہ کیا اور اوس قوم کے اشراف جماعت کثیر کے ہمراہ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم مین حاضر ہوئے اور ایمان لائے اور بے تامل بآواز بلند سنادی کردی کہ اب
قوم جنات عہدہ خبررسانی اور سفارت سے معزول ہوئی اور خاتم المرسلین پیغمبر اولوالعزم
پیدا ہوئے سب کے سب چلکر اونکی پیروی کرو چنانچہ اکثر جنات نے جو عرب کے جزائر مین
رہتے تھے یہی وتیرہ اختیار کیا کہ خود حاضر ہوکر ایمان لاتے تھے کہ اکثر حکایات انکی کتب
حدیث مین منقول ہے از انجملہ **صحیح بخاری** وغیرہ مین حضرت امیرالمومنین عمر ابن الخطاب
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہین کہ مین ایکدن اپنے بتون کے پاس
بیٹھا تھا اوسوقت ایک آدمی گاے کا بچہ لایا اور بت کی نذر کے واسطے ذبح کیا ایک بت کے پیٹ
سے آواز بہت سخت نکلی کہ ایسی آواز مینے کبھی نہین سنی تھی اور ہر خاص وعام نے اوس
آواز کو سنا۔ یا جلیح امر نجیح رجل فصیح یقول لا الٰہ الا اللہ ترجمہ اے
زور آور آدمی ایک کام کی بات ہے ایک شخص پکار کر کہتا ہے لا الہ الا اللہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ
فرماتے ہین کہ جتنے لوگ وہان موجود تھے سب بھاگے لیکن مین کہڑا رہا کہ دیکھون یہ آواز کسکی
ہے چنانچہ مین نے دوسری تیسری بار بھی وہی آواز سنی مجکو نہایت حیرت ہوئی اس بات کو
کچھ تھوڑا ہی زمانہ گذرا تھا کہ حضرت کی نبوت کی خبر عام ہوئی اور لوگون کو حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے لا الہ الا اللہ کی تلقین فرمائی ہے۔ اور اسیطرح ایک بوڑھے آدمی سے
مجاہدؒ روایت کرتے ہین کہ وہ کہتا تھا کہ ایکدن مین ایک گاے ہانکے لیے جاتا تھا دفعۃً مینے
ایک آواز سنی کہ یا ذریح قول فصیح رجل یصیح ان لا الہ الا اللہ یعنی اے ذریح بات اچھی کہلی ہے
کہ ایک شخص پکارکے کہتا ہے کہ لا الہ الا اللہ پہر مین مکہ مین آیا وہان سنا کہ ایک پیغمبر مبعوث ہوئے
ہین وہ یہ کلمہ فرماتے ہین **فائدہ** ذریح یعنی بدر قبیلہ لیعنی کا پشتہا تھا لکھا بھی آتا ہے اسیطرح بیہقی

نے سواد بن قارب سے روایت کی ہے کہ وہی کہتے تھے کہ ایام جاہلیت مین ایک جن میرا آشنا تھا کہ اخبار آیندہ سے وہ مجھے مطلع کرتا رہتا تھا اور وہی مین لوگون سے کہتا تھا اور نذر و نیاز بھی لیتا تھا ایک دن رات کو مین سوتا تھا وہی جن آیا اور کہنے لگا کہ اوٹھہ اور سمجھہ اگر عقل ہے ایک نبی لوی بن غالب کی اولاد مین سے ظاہر ہوا ہے اور اسی بیان کے چند شعر پڑھے حاصل اون اشعار کا یہ ہے کہ ہمارے قوم کے سردار مکے کو جاتے ہین ایمان لانے کو تو بھی چلکر مسلمان ہو سواد کہتا ہے کہ مین چونک پڑا اور تمام شب مشوش رہا پہر دوسری اور تیسری رات کو بھی یہی معاملہ گذرا بس خیال اسلام کا شوق میرے دل مین پیدا ہوا اور مین سامان سفر کرکے مکہ معظمہ کو روانہ ہوا وہان پہونچکر مجھے آپکا حال معلوم ہوا اور مین حضرت کے حضور مین حاضر ہوا آپنے مجھے دیکھتے ہی فرمایا مرحبا سواد بن قارب مجھے معلوم ہے جو امر تیرے آنے کا سبب ہوا ہے مینے عرض کی یا رسول اللہ مینے چند بیتین آپکی مدح مین موزون کی ہین اول اونکو سن لیجے سوا نے قصیدہ بائیہ یعنی جسکے قافیہ کا حرف روی حرف بے ہے جیسے قارب کی ب پڑھا جسکا آخر شعر یہ ہے ؎

فکن شفیعا یوم لا ذو شفاعۃ		سواک بمغن عن سواد بن قارب

یعنی ہو جا میرا شفیع اوس دن کہ نہوگا تیرے سوا کوئی کام آنے والا سواد ابن قارب کا

از انجملہ امام احمد نے جابر سے اور ابو نعیم نے ضمرہ سے روایت کی ہے کہ اول خبر آنحضرت کی بعثت کی مدینہ مین اسطرح ہوئی کہ ایک جن ایک عورت پر جو مدینہ ہی مین رہتی تھی عاشق تھا وہ جن شب کو اوسکے پاس آیا کرتا تھا ایک روز وہ آیا اور اوس عورت سے دور آکر بیٹھا اوسنے کہا تو میرے پاس کیون نہین آتا اوسنے کہا کہ اب ہماری تمہاری جدائی ہوئی اوس عورت نے سبب پوچھا جن نے جواب دیا کہ مکہ مین ایک پیغمبر پیدا ہوا ہے اوسنے زنا کو حرام کیا ہے اور بیہقی نے بطور ارسال حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے روایت کی ہے اور حضرت عثمان نے رضی اللہ تعالی عنہ اسی طرح کا ماجرا شام مین

دیکھا تھا چنانچہ ابونعیم نے اون سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے تھے کہ ہم ایک مرتبہ ملک شام کو گئے تھے وہان ایک کاہنہ فن کہانت مین سرآوردہ تھی ہم بھی اوسکے پاس اپنے سفر کا حال پوچھنے گئے اوسنے کہا کہ اب مجھے کچھہ نہین معلوم ہوتا وہ جن جس سے مجھے رابطہ محبت تھا اور اوسکے ذریعہ سے اخبار آیندہ کی اطلاع ہوا کرتی تھی ایک دن میرے دروازہ پر آکر کہہ گیا کہ ہم رخصت ہوتے ہین مینے سبب پوچھا اوسنے کہا کہ ظاہر ہوئے محمد مکہ مین جنکے مقابلہ کی طاقت ہم مین نہین ہے اور وہ حکم خدا کا لیکر آئے ہین اور وہ فوراً چلا گیا جب سے پھر نہین آیا از انجملہ اسحق بن شاہین وغیرہ محدثین نے وناب بن حارث سے روایت کی ہے وہ کہتا ہے کہ مجھسے اور ایک جن سے ملاقات تھی اور رابطہ اتحاد بڑھ گیا تھا وہ مجھسے اخبار غیبیہ کہا کرتا تھا ایک دن وہ آیا مینے حسب معمول اوس سے خبر آسمانی دریافت کی اوسنے حسرت سے میری طرف دیکھکر کہا محمد نبی موعود مکہ مین پیدا ہوئے ہین وہ صاحب کتاب ہین مخلوق کو اللہ کی طرف بلاتے ہین اور اونکی بات کوئی نہین سنتا وناب کہتا ہے کہ مینے کہا کہ تو کیا کہتا ہے اوسنے کہا تھوڑے دنون مین میری بات سمجھ مین آجائیگی اور یہ کہکر وہ چلا گیا چندروز کے بعد حضرت کی پیغمبری کی خبرین متواتر مینے سُنین از انجملہ فاکہی نے تاریخ مکہ مین عامر بن ربیعہ سے اور ابونعیم نے ابن عباس سے روایت کی ہے ایک دن جبل ابوقبیس پر ایک جن نے سخت آواز سے چند اشعار دین اسلام کی ہجو مین پڑہے اور یہ مضمون بھی تھا کہ اہل اسلام کو جلد قتل کرنا چاہیے اور شہر سے باہر نکال دو اور بت پرستی بدستور سابق جاری رکھو کفار مکہ اس مضمون کے شعر سنکر بہت خوش ہوئے اور مسلمانون سے کہنے لگے کہ دیکھو تمھارے قتل اور شہر بدر کرنے کا حکم غیب سے بھی آیا مسلمانون کو بہت رنج ہوا حضور پُرنور کی خدمت مین حاضر ہوئے اور یہ واقعہ عرض کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ تم سب مطمئن رہو یہ آواز ایک شیطان کی تھی کہ اوسکا نام مسعر ہے اوسکو بہت جلد اللہ تعالیٰ شانہ سزا دے گا تیسرے دن حضور پُرنور نے فرمایا کہ آج ایک جن

کہ جسکا نام شمحج ہے مسلمان ہوا اور بیٹے اوسکا نام عبد اللہ رکہا اوسنے مجھسے اجازت لیکر شعر
کو قتل کیا اور شام کے وقت اوسی پہاڑ سے ایک سخت مہیب آواز سنی گئی ان لفظون سے
کہ مین وہ ہون کہ جسنے مسعر کو قتل کیا اسلئے کہ اوسنے غرور کیا اور حق کی تکذیب کی اور ہمارے
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ہجو کی **ازانجملہ** ابن سعد نے **کتاب شرف المصطفے**
مین جندل بن ثعلبہ سے روایت کی ہے کہ جندل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور پرنور سے
عرض کی کہ یارسول اللہ ایک جن میرا دوست تہا غیب کی خبرین مجھسے کہا کرتا تہا ایک رات
کو وہ مضطرب الحال میرے پاس آیا اور مجھے سوتے سے جگایا اور آپ کے حضور مین حاضر
ہونے کو موکد ہوا **الغرض** اس قسم کی بہت سی سچی روایتین کتابون مین درج ہین تطویل
کتاب کے خیال سے وہ قلم انداز ہوئین۔ اسی سال کے ماہ شوال مین حضور پرنور نے حضرت
ام المومنین **سودہ** بنت زمعہ اور حضرت ام المومنین **عایشہ صدیقہ** رضی اللہ عنہما سے نکاح
فرمایا اور اسی سال مین کہ سال **یازدہم نبوت** تہا موضع عقبہ مین ایک جماعۃ خزرج مدینہ
سے آئی اون مین سے چند مرد ایمان لائے۔ ابوامامہ[1] اسعد ابن زرارہ۔ عوف[2] ابن حارث
ابن عفرا۔ رافع[3] ابن مالک ابن العجلان۔ قطبہ[4] ابن عامر۔ عقبہ[5] ابن عامر۔ جابر[6] ابن عبداللہ
ابن رباب یہ چہہ بزرگ اہالیان مدینہ سے ہین یہ حضرات **سباق اسلام** کے
جاتے ہین انہین کے سبب سے مدینہ مین ذکر حضور پرنور کا مشہور ہوا اور ایسا مشہور ہوا کہ ہر گلی
کوچہ مین اسلام کا چرچا ہونے لگا یہانتک کہ کوئی گہر باقی نہ تہا جسمین روزانہ حضور پرنور کا ذکر
شریف نہوتا ہو یہی لوگ **انصار** ہین اور اس بیعت کو **بیعت عقبہ اولی** کہتے ہین اسلئے
کہ عقبہ کے نزدیک جو منا کے متصل واقع ہے اول ہی بیعت واقع ہوئی ہے اب یہان
اوسپر ایک چہوٹی سی مسجد ہے ٥

سالہا سجدہ صاحب نظران خواہد بود		برزمینے کہ نشان کف پای تو بود

زمین نے تو تبنے انتہا سرمایہ سعادت اور شرف عظمت حاصل کرلیا غریب وبیچارہ آسمان

اس غم مین ایسا غمگین ہوا کہ بار غم سے کمر خم ہو گئی پروردگار سے عرض کی کہ یارب تو تو اپنی کُل مخلوقات کا کارساز ہے مخلوق ہونیکی حیثیت سے نظر مین سب برابر ہونے چاہئیں زمین کو تو نے یہ عزت بخشی کہ اپنے حبیب کو تو نے وہین پیدا کیا اور جس شہر مین تیرا حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پیدا ہوا اوسکو یہ شرف حاصل ہوا کہ تو نے اوسکی قسم کھائی لا اقسم بھذا البلد میری کیا تقصیر ہے کہ مین اس شرف سے محروم رکھا جاتا ہون التجاے آسمان قبول ہوئی۔

ذکر معراج شریف حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ

وسلم معراج شریف کی روایتین ہر قرن اور ہر زمانہ مین اسقدر کی گئی ہین کہ حد تواتر سے گذری ہوئی ہین اور معراج کی حدیث کے راوی بڑے بڑے ثقہ حضرات ہین اور صحابی جلیل الشان حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سب سے پہلے معراج کی تصدیق فرمائی ہے ؎

تصدیق نخستین ز دل صدیق است

راہ معراج شاہ باریک تراست	رباعی	پرسید ز صدیق کہ او باخبر است
از منزل غار تا مقامات دنی		واللہ کہ با صاحب خود ہمسفر است
از نکتۂ معراج عقول است جہول	رباعی	این عقدہ شد است حل بعشاق رسول
زین آمد و رفت ہست سالک آگاہ		چون شد بعروج و چون در آمد بنزول
گویند بشب رفت برافلاک رسول	رباعی	زان سان کہ ز نقش فرو ماند عقول
گویم من آنکہ بہر معراج دارس		خود عرش خداے اکبر آمد بنزول

معراج اسم آلہ ہے یعنی بلندی پر چڑھنے کی شے جسے زربان فارسی مین کہتے ہین اور ہندی مین سیڑھی اوسکا نام ہے مگر اب محاورے مین اوس مبارک سفر کو کہتے ہین جو حضور پُرنور

سرور عالم حضرت سیدنا و مولنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے نبوت کے
گیارہوین سال رجب شریف کی ستائیسوین تاریخ رات کے وقت مکہ معظمہ سے
بیت المقدس تک اور قدس شریف سے عرش تک گیا ہے اور اوسی رات کو مراجعت فرمائی
چنانچہ خود پروردگار تعالےٰ شانہ اپنے کلام پاک مین ارشاد فرماتا ہے قال اللہ تعالیٰ شانہ سبحان
الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ ترجمہ پاک ہے
وہ اللہ جسنے سیر کرائی اپنے بندے کو ایک شب مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ کی طرف
یہانتک کی سیر کا منکر تو کافر ہے اسلئے کہ یہ سفر تو آیت محکم سے ثابت ہے جسمین کوئی تاویل
نہین ہے اور جو شخص بیت المقدس سے عرش تک جانے کا منکر ہے وہ فاسق ہے اسلئے
کہ وہ احادیث صحیحہ کا منکر ہے اور یہ نیچری معراج کے بالکل منکر ہین وہ کہتے ہین کہ ہماری
عقل مین یہ بات نہین آتی کہ آدمی آسمان پر جاوے اور طرفۃ العین مین واپس آئے ۵

برین عقل و دانش بباید گریست

واقعی عقل بہت تھوڑی اور بات بہت بڑی کیونکر سمجھ مین آنے یہ مسئلہ وہی آدمی سمجھے گا جسے
اللہ تعالیٰ شانہ اپنی طرف سے سمجھ عطا فرمائے گا مین اون حضرات سے پوچھتا ہون کہ آفتاب زمین
سے کتنی دور ہے لاکھون کوس کا شمار ہے مگر اوسکی روشنی روزانہ دنیا مین آسمان چہارم سے
چند منٹ مین پہونچتی ہے جو قادر و توانا آفتاب کو زمین تک اتنی جلدی پہونچاتا ہے اوسی کا
حکم زمین سے عرش برین تک آپ کو بھی لے گیا اسمین تعجب ہی کیا ہے یہ مسئلہ بھی مانا ہوا
ہے کہ آسمان پر ایک مخلوق بستی ہے یعنی ملائکہ جو محض نوری ہے اور وہ فرشتے آسمان سے
زمین پر آن واحد مین چلے آتے ہین اور طرفۃ العین مین چلے جاتے ہین وہی نوری فرشتہ
اگر اللہ کے کسی برگزیدہ بندے کو وہان تک لیجاسے تو کیا تعجب ہے یہ خوب بات ہے
کہ صاحب یہ بات ہماری عقل مین نہین آتی - مان کے پیٹ مین ایک قطرہ آب سے اتنا
دراز قد آدمی بنجاتا ہے اب اونکے بدن کی ساخت اعضا کا جوڑ بند رگون کا جال استخوان کی

ساخت اور آپسمین اونکا جوڑ توڑ کیونکر ہوا یہ نظم بدن بعین مادرمین درست ہوئی گیا کسی آدمی کی سمجھہ مین آسکتی ہے ہرگز نہین پہر اسکا انکار کیونکر کروگے تم کیا تمہاری عقل کیا ابہی بے انتہا علوم ایسے ہین جنکا ظہور دنیا مین ابہی ہوا ہی نہین کسی زمانہ مین ضرور ہوگا۔ تاربرقی ریل۔ ٹیلیفون۔ فوٹوگراف۔ فانوگراف۔ جب تک یہ خبرین ایجاد نہین ہوئی تہین کبہی عقل مین آنے کی قابل تہین اگر کسی سے کہا جاتا ایک منٹ مین دلی سے لندن کو خبر پہونچتی ہے اور تم ہندوستان مین بیٹھے بیٹھے لندن والون سے باتین کرلو تو اوسوقت کے لوگ یہی کہتے کہ بھئی انکی ذرا فصد کہلوا دو انہین جنون ہوا جاتا ہے اور اب تو بچہ بچہ کہہ رہا ہے کہ یہ بات کیا مشکل ہے یہ حیرت انگیز ایجادین اب حیرت انگیز ہین ہم اہل مذہب خصوصاً اہل اسلام کہتے ہین کہ اللہ تعالی شانہ ہمارے دلون کے حالات کو جانتا ہے تو لامذہب اس بات کو سنکر ہنستے ہین اب ایک آلہ امید کے بندے نے ایجاد کیا ہے کہ صندوق مین سیکڑون چیزین رکہدو اور اوسے مقفل کردو اور وہ آلہ لگاکر دیکہہ لو ایک ایک چیز نظر آجائیگی چنانچہ یورپ مین محکمہ چنگی اسی آلہ کے ذریعہ سے مال کے صندوقون کی تلاشی لیتی ہے سبحان اللہ جن لوگون نے یہ ایجادین ظاہر کین ہین اونہین کے سمجھہ مین خداوند تعالی شانہ کا علم اور قدرت نہین آتی یہانتک کہ وجود باریتعالی شانہ کے منکر العلم حجاب الاکبر دنیا مین جتنے آدمی بستے ہین انمین لامذہبون کی نسبت مذہبی آدمی بہت زیادہ ہین اونکو اس مسئلہ سے انکار نہین مذہبی عیسائی بہی بہت ہین وہ خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مرفوع ہونے کو مان رہے ہین ہندو بہی ایسے محالات عقلی سے نہین جانتے جن لامذہبون کو خدا کی نشانیان نہین سوجہتین وہی گمراہیون کی باتین کرتے ہین لہذا ہمین اس قلیل جماعت کے انکار کی کچہہ پروا نہین ہے ہم خداپرستون اور دوسرے مذہبی آدمیون کی بڑی جماعت ہے جس سے تمام دنیا بہری پڑی ہے وہ لوگ اپنے خدا کو اپنے اپنے لغت مین پکار رہے ہین ؏

ندانم آن گل خندان چہ رنگ و بو دارد	کہ مرغ ہر چمنے گفتگوے او دارد

آدمی اللہ تعالیٰ شانہٗ کی مخلوقات مین سب سے اعلیٰ و افضل ہے اور اشرف ہے جتنے علوم و فنون اسوقت تک دنیا مین ظاہر ہو چکے ہین وہ سب آدمی ہی کے دل سے نکلے ہین اور جو ایجادین آیندہ کو نکلین گی وہ بھی اس مشت خاک کے دل سے نکلین گی بجلی کی قوت کس نے ظاہر کی اسی آدمی نے ہوا کی قوت کو کسنے قید کیا اسی آدمی نے مقناطیسی قوت کا کسنے پتا لگایا اسی ادمی نے ہوا پر تخت کسکا اڑا اسی آدمی کا اتنا بھاری تخت بلقیس کا طرفۃ العین مین اسی آدمی کا علم لے آیا الغرض جتنی قوتین ہین سب انسان ہی مین ہین اور اس انسان کا دل اون قوتون کا خزانہ ہے اور پروردگار تعالیٰ شانہ نے اون قوتون کو دل انسان مین جمع کر رکھا ہے جب جس قوت کے ظہور کی ضرورت ہوتی ہے وہ اپنے کسی بندہ کے دل سے نکالکر اپنی مخلوقات مین اونکی رفع ضرورت کے لیے ظاہر کر دیتا ہے حضور پر نور سرور عالم صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم مین وہی قوت موجود تھی جو جسم نازنین حضرت محبوب خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو زمین سے آسمان اور آسمان سے عرش تک لیگئی لمولفہ غزل

آدمی جان جہان ہے مجھے معلوم ہوا	خاک مین گنج نہان ہے مجھے معلوم ہوا
مینے پہچانا ارے خاک کے پتلے تجھکو	لامکان تیرا مکان ہے مجھے معلوم ہوا
ہے شجر دانے مین مخفی تو شجر مین دانہ	یونہین ترکیب جہان ہے مجھے معلوم ہوا
کوئی ظاہر نہین ایسا نہو جس کا باطن	بے نشان کا یہ نشان ہے مجھے معلوم ہوا
پیرہن جسکا ہے یہ جسم وہ ہے اور کوئی	یار پردے مین نہان ہے مجھے معلوم ہوا
ادہی جانب سے سکون و حرکت ہے اپنی	وہی رشتہ رگ جان ہے مجھے معلوم ہوا

شکل انسان مین نہ ڈہونڈ ون اوسے کیون اے اکبر
معنی صورت مین نہان ہے مجھے معلوم ہوا

لمولفہ ابیات۔

کیا کہون مین کیا ہے اکبر آدمی
مظہرِ اسرار ہے ہر آدمی

آدمی ہے بادشاہِ کائنات
ہے پناہ خلق و عالم اسکی ذات

آدمی کا جلوہ ہے خورشید مین
لطفِ نظارہ ہے اسکی دید مین

شاہی اسکی ہے نبوت اسکی ہے
حسن اسکا ہے وجاہت اسکی ہے

ہے یہ دنیا مین شریفون کا شریف
نازپروردہ طبیعت ہے لطیف

آدمی ہے سب فرشتون کا امام
اس سے بڑھکر کون ہے عالی مقام

ہے جو مسجودِ ملک انسان ہے
خاک ہے لیکن سراپا جان ہے

دیکھ لو تم ساکنِ افلاک کو
کر رہے ہین سجدہ مشت خاک کو

نورِ احمد سے منور ہے یہ خاک
ذرہ ذرہ اسکا اب ہے تابناک

اب تو یہ اللہ کا محبوب ہے
سب سے بہتر ہے یہ سب سے خوب ہے

آدمی مورد ہے صلی اللہ کا
ہے یہ تمغا احمدِ ذیجاہ کا

چومے نعلین اوسکے عرش پاک نے
کیا ترقی کی ہے مشت خاک نے

معراج شریف

خوابِ نوشین مین تھے شاہِ انبیا
پر مقدر آپ کا بیدار تھا

آئے جبریل امین لیکر براق
خوبیان تھین جتنی سب مین تھا وہ طاق

دست بستہ عرض کی جو مین زمین
ہو جیے بیدار خیر المرسلین

یا محمد مصطفے بیدار ہو
یا نبی الانبیا بیدار ہو

یا شفیع المذنبین بیدار ہو
رحمۃ للعالمین بیدار ہو

صاحبِ جود و کرم بیدار ہو
ماحیِ ظلم و ستم بیدار ہو

صاحبِ صدیقؓ اکبر جاگئے	آپ پر ہے فضلِ داور جاگئے
مالکِ فاروقؓ اعظم جاگئے	رات کم ہے جانِ عالم جاگئے
حضرتِ عثمانؓ کے مالک جاگئے	عرش کی منزل کے سالک جاگئے
مرتضیٰؑ کے مصطفیٰ بیدار ہو	خلق کے مشکل کشا بیدار ہو
آپ کا جبریلؑ ہون آیا ہون مین	آبِ کوثر غسل کو لایا ہون مین
حُلّۂ خلدِ برین موجود ہے	دیکھیے یہ خلعتِ معبود ہے
ہو گئے بیدار شاہِ انبیا	آبِ کوثر غسل کو حاضر کیا
غسل کر کے حُلّہ زیبِ تن کیا	پیکِ حق نے سامنے توسن کیا
کونسا توسن براقِ باد پا	دونون عالم جسکا جولانگاہ تھا
طے ہوئی دم بھر مین دوریِ فلک	اب ہوے خدمت سے رخصت ملک
بیٹھے رفرف پر جنابِ مصطفیٰ	وہ وہان سے برق بنکر اوڑگیا
پہونچے فوراً آپ عرشِ پاک پر	مرحبا کا شور تھا افلاک پر
حق کو دیکھا آپنے بے حجاب	کُھل گئے علم لدن کے جملہ باب
علم جتنے تھے وہ حاصل ہو گئے	کاملون کے آپ کامل ہو گئے
مانگا جو کچھ آپ نے سب مل گیا	انتہی اس پر ہوئی رب مل گیا
واہ امت کی بھی قسمت جاگ اُٹھی	اوسکو بھی معراجِ خمسہ مل گئی
تحفہ لائے بہرِ امت یہ نبیؐ	مومنون کے گھر مین شادی رچ گئی
پہونچا ہر مومن کو خالق کا سلام	مومنون کا گھر ہوا دار السلام
ہر نمازی کے لئے آیا سلام	مین ترے قربان اے خیر الامام

اپنی امت کو نہ بھولا تو کہین
آفرین صد آفرین صد آفرین

معراج شریف کی روایتین

روایت ہے کہ جب بارہوان سال نبوت کا ہوا اور عمر شریف حضور پُر نور کی اکاون برس نوماہ کی ہوئی تو اکثر محدثین کے نزدیک حضور پُر نور اُم ہانی کے گھر مین رونق افروز تھے اور وہ گھر صفا و مروہ کے بیچ بیچ مین واقع تھا نماز عشا ادا فرما کر آپ مصلے پر بیٹھے تھے اور آرام فرمانے کا تہیہ تھا کہ ناگاہ اوس مکان کی چھت شق ہوئی اور جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور بہت ادب سے عرض کی کہ حق تعالی شانہ طلب فرماتا ہے چلئے شرف لقاے پروردگار تعالی شانہ سے سرفرازی حاصل فرمائیے آپ کو اللہ تعالی شانہ وہ بزرگی دیا چاہتا ہے جو آج تک کسی نبی کو نہین ملی اور نہ کسیکے کانون نے سُنی نہ کسیکی آنکھون نے دیکھی نہ کبھی کسیکے دل مین اسکا خطرہ گذرا حضور والا ارشاد فرماتے ہین کہ مینے طہارت کی اور دو رکعت نماز پڑہی اور باہر آیا اور ایک **روایت** مین ہے کہ مینے طہارت کا ارادہ کیا تھا کہ رضوان بہشت دو ابریق یاقوت آب کوثر سے بہرے ہوئے لایا کہ اوس سے حضور پُر نور نے غسل کیا بعد اسکے حُلّۂ نور زیب جسم نازنین فرمایا اور عمامہ سر مبارک پر رکہا اور جبریلؑ نے چادر نور اوڑہائی اور نعلین سبز زمرد کی پہنائی اور پٹکا یاقوت سرخ کا کمر سے باندہا اور تازیانہ زمرد کا دست مبارک مین دیا اور حضور پُر نور کا ہاتہ پکڑ کر بیت الحرام مین لائے وہان حضورؐ نے پہر تازہ وضو کیا آب زمزم سے اور سات مرتبہ طواف الوداع ادا فرمایا پہر مقام حجر مین کہ حطیم کے پاس ہے تہوڑی دیر توقف فرمایا یا آرام کیا وہان جبریلؑ نے آپ کو لٹایا اور طشت سونے کا لائے جسمین اور انبیا کے دل دہوئے گئے تھے اور صدر مبارک کو ناف تک چاک کیا اور دل مطہر کو باہر نکالا اور میکائیل نے طشت زرین مین آب زمزم سے اوسکی شست و شو فرمائی اور دل مبارک کو شق کر کے اوسمین انوار حکمت و عرفان بہر دئیے پہر اوسے اپنے مقام پر جسطرح تہا اوسی طرح رکہدیا یونہین ہے صحیحین مین بعد اسکے

جبرئیلؑ دست مبارک تہام کر مسجد حرام سے بطحاے مکہ مین لاے وہان میکائیل و
اسرافیل فرشتگان مقرب ایک بہت بڑی فوج کے ساتہ کہڑے تہے حضور پرنور
ارشاد فرماتے ہین کہ انہون نے مجہے سلام کیا اور تعظیم بجالاے مین نے جواب سلام کا دیا پہر
اونہون نے مجہے انعام الٰہی سے بشارت دی وہان مینے ایک مرکب کہڑا ہوا دیکہا میانہ قد
گہوڑے کے برابر اوسکے اعضا مختلف حیوانون کی صورت کے تہے مگر ایک حدیث مین
براق کی تعریف اتنی ہے کہ ایک دابہ تہا گہوڑے سے چہوٹا خچر کے برابر اور رنگ اوسکا
سفید تہا مگر نہایت رخشان کہ اوسکے دیکہنے سے نگاہ خیرگی کرتی تہی برق کی تصغیر براق ہے
مینے وہ تعریف براق کی قلم انداز کی جو کتاب حیرت الانسان مین ہے وہ اس کتاب کے
شان کے لایق نہین اوسکی پیشانی پر بخط نور لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکہا تہا پہر جبرئیلؑ
نے رکاب تہامی اور میکائیل نے براق کی باگ پکڑی اور حضور پرنور کو سوار کرایا اور مسجد اقصیٰ
کی طرف لیچلے اور بہت بڑی جماعت فرشتونکی حضور پرنور کے یمین و یسار تہی روایتاً
بیان ہے کہ آپ اوسکی دونون باگین کہینچتے تہے حضرت جبرئیل نے کہا یا حبیب اللہ
اسکی باگین ڈہیلی رکہیے یہ مامور ہے جہان جانا ہے اوس مقام کو جاتا ہے حضرت نے
باگین ڈہیلی کردین وہ ایسا جلد چلا کہ حضرت نے فرمایا ان ترکتہا سارت وان حرکتہا
طارت جب باگین چہوڑدین تو زمین کو چشم زدن مین طے کرتا تہا اور جہان اوسے حرکت
دی تو اوڑنے لگتا تہا اور حضرت جبرئیلؑ نے عرض کی کہ یا محمدؐ اگر راہ مین کوئی پکارے تو
التفات نہ فرمائیے گا اور نہ جواب دیجئے گا اور مین آگے چلتا ہون بیت المقدس مین
لیونگا القصہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرماتے ہین کہ جب مین تہوڑی
سی راہ چلا تو کسی نے داہنی طرف سے آواز دی یا محمدؐ لا تعجل فانک اخطات الطریق
یعنی اے محمدؐ جلدی نکرو تم راہ بہولے ہو ٹہیرو تو مین رہبری کرون مین ملتفت نہوا پہر بائین طرف
سے بہی یہی آواز آئی مگر مین نے التفات نکیا پہر ایک عورت عمدہ لباس اور انواع زیورات سے

آراستہ سامنے آئی اور بولی کہ یا محمد ذرا ٹھیرو تو راز کی بات آپ سے کرون مینے نظر نہ ڈالی اور
براق کو جلد آگے بڑہا دیا جب جبریلؑ ملے تو انکا حال پوچھا جبریل علیہ السلام نے کہا پہلا پکارنے
والا تو یہود تہا اگر آپ جواب دیتے تو بعد آپکے امت یہود ہو جاتی اور دوسرا پکارنے والا
نصرانی تہا اگر آپ اوسکو جواب دیتے تو امت آپکی آپ کے بعد نصرانی ہو جاتی اور وہ
عورت دنیا تھی اگر آپ اوسکی طرف توجہ فرماتے تو امت آخرت کو چھوڑ کر دنیا اختیار کرتی -
روایت ہے کہ فرمایا حضرت رسول کریم نے جبریل علیہ السلام سے کہ بعد اسکے
مینے ایک پتہر دیکھا اوسمین ایک باریک سوراخ تہا اوس سے پانی نکلتا پہر وہ پانی اوسی سوراخ
مین جانا چاہتا تہا مگر وہ جا نہ سکتا تہا جبریل علیہ السلام نے کہا اسکی یہ مثال ہے کہ جیسے آدمی کا مُنہ
اور سوراخ آدمی کی زبان اور پانی نشانِ سخن اسمین یہ اشارہ ہے کہ جو بد بات آدمی کے مُنہ
سے نکلی پہر بعد پشیمانی وہ ہٹ نہین سکتی - پہر فرمایا کہ تین شخص آگے آئے ایک جوان ایک
بوڑہا ایک ادہیڑ عمر کا مینے جوان کی طرف دیکہا اور کہل اور بوڑہے کو نہ دیکہا جبریل علیہ السلام
نے عرض کی یا رسُول اللہ انقضت یہ مطلب رسیدی یعنی دولت و بخت پر آپ نے
نظر نہ فرمائی عاقبت کو اختیار کیا بہت خوب کیا دولت دنیا کی بے اعتبار ہے اور بخت ناپائدار
ہے اور عاقبت کو قرار ہے آپ کو خوشخبری ہو کہ آپکی امت کو عاقبت ہی پسند رہے گی
پہر فرمایا کہ دو پیالے آگے لائے ایک مین دودہ تہا اور ایک مین شراب - مینے دودہ کا پیالہ
اختیار کیا اور اوسمین سے کچہ مینے پیا جبریل علیہ السلام نے کہا آپ نے راہ مستقیم بتائی
اپنی امت کو اور شراب کو حرام کیا - پہر دو پیالے اور پہرے سامنے لائے ایک مین پانی
دوسرے مین شہد مینے دونون مین سے تہوڑا تہوڑا پیا - جبریل علیہ السلام نے کہا خوب کیا
شہد مین شفا ہے اور پانی پائدار ہے امت کے واسطے قیامت تک اور پانی سبب ہے
امت کی طہارت اعمال بد کا آپ فرماتے ہین پہر مین تہوڑی دور آگے چلا تو جبریلؑ نے کہا کہ یا محمد
یہ یثرب یعنی مدینہ ہے آپکی **ہجرت گاہ** آپ یہان اوتر کر نماز پڑہیے چنانچہ مینے

وہان نماز پڑہی حضور فرماتے ہین کہ مین پہر سوار ہوا اور چلا اور مدین کے نواح مین بمقام طورسینا جو تجلی گاہ حضرت موسی علیہ السلام ہے اور بیت اللحم جو مقام مولد عیسی علیہ السلام ہے پہونچا تو وہان بہی جبریل علیہ السلام کے اشارہ سے نماز پڑہی پہر بیت المقدس مین پہونچا تو ایک جماعت ملائکہ کرام میرے استقبال کو حاضر تہی اوس جماعت نے مجہہ ان لفظون سے سلام کیا السلام علیک یا اول یا آخر یا حاشر پہر جبریل نے مجہے براق سے اتارا اور براق کو رسن حریر بہشت سے میدان مسجد اقصی مین جہان اور انبیا کے مرکب بندہے تہے باندہ دیا ایک روایت کے موافق مسجد کے حلقۂ در سے باندہا پہر جبریل مجہے مسجد مین لائے تو ارواح مقدسہ انبیا علیہم السلام کہ استقبال کے واسطے آئی ہوئی تہین شرف و ادب کے شرایط بجالائین اور رسم تحیۃ و سلام ادا کی مینے دوگانہ شکرانہ ادا کیا اور انبیا اور ملائکہ مقتدی ہوئے مینے اول رکعت مین فاتحہ اور الم ترکیف اور دوسری رکعت مین فاتحہ اور لایلاف پڑہا جب نماز سے فراغت ہوئی تو خواص انبیا نے پروردگار کی ثنا کی اول حضرت آدمؑ علیہ السلام نے کہا۔ الحمد للہ الذی اتخذنی صفیا وجعل خلیفۃ وللملائکۃ مسجوداً وجعل حوا زوجتی صالحۃ وعفیفاً واباح لنا الجنۃ انہاراً وقصوراً ونعیماً وطرد عناوی شیطاناً رجیما۔ ترجمہ تعریف ہے اوس خدا کو جسنے مجکو برگزیدہ کیا اور اپنا خلیفہ بنایا اور فرشتون سے سجدہ کروایا اور حوا نیک بخت پاکیزہ کو میرا جفت کیا اور مباح کیا مجہپر بہشت کی نہرون اور بہشت کے محلون کو اور مردود کیا میرے دشمن شیطان رجیم کو پہر حضرت نوحؑ علیہ السلام نے کہا کہ حمد و سپاس اوس خدا کو جسنے مجکو نبی کیا اور دعوت کی مینے اپنی قوم کو ہزار برس رات دن لیکن میرے بلانے سے وہ اور زیادہ بہاگتے رہے اور ایمان نہ لائے وہ قوم مجہپر اور ابعد پر مگر تہوڑے اور قبول کیا خدا نے میری دعا کو اور بہیجا اونپر طوفان اور غرق کر دیا اونکو پہر حضرت ابراہیمؑ علیہ السلام نے کہا حمد ہے اوس خدا کو جسنے مجکو اپنی دوستی مین قبول کیا اور پیشوا اور امام بنایا اور میری ذات واحد کو امت کیا اور ملک عظیم

ارزانی فرمایا اور نمرود کی آگ سے بچایا۔ پہر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا حمد و سپاس
اوس خدا کو جسنے مجھے کلیم اپنا کیا اور سات معجزے ظاہر عطا فرمائے۔ ایک پتھر سے بارہ چشمے
پانی کے نکالے۔ دوسرا میری امت پر من وسلوی بہیجا۔ تیسرا ابر سے سایہ کیا۔ چوتھا دریا نے
راستہ دیا۔ پانچواں فرعون اور اوسکی قوم کو ہلاک کیا۔ چھٹا مجھپر توریت نازل فرمائی
ساتواں میری امت کے حق مین نازل فرمایا یہدون بالحق و بہ یعدلون۔ پہر
حضرت داؤد علیہ السلام نے کہا حمد و سپاس اوس خدا کو جسنے مجکو علم زبور کا دیا اور
احسانمند کیا اپنے کرم سے اور آواز خوش عطا فرمائی اور نرم کیا آہن سخت کو میرے ہاتھہ مین
اور مسخر کیا میرا پہاڑون اور جانورون کو اور ہلاک کیا میرے ہاتھہ سے جالوت کو اور فضل و خلافت و
حکومت اور خطاب عنایت کیا۔ پہر حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا کہ حمد و سپاس
اوس خدا کو جسنے ہوا کو میرا مسخر کیا اور لشکر دیو و پری کو میرا فرمان بردار کیا اور زبان طیور مجھے سکھائی
اور ملک عظیم عنایت فرمایا بے حساب۔ پہر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ حمد و
سپاس خدا کو جسنے مجکو کلمہ اپنا کہا اور روح اپنی فرمایا اور آدم کی طرح بے پدر پیدا کیا اور
بطن مادر مین اپنی کتاب سکہلائی اور خزانہ حکمت جو توریت و زبور اور انجیل مین مخفی تہا مجکو دیا اور میرے
دم مین تاثیر دی کہ جب مٹی سے صورت مرغ بناکر اوسمین اپنا دم پہونکون جان پڑجاے
اور میرے ہاتھہ مین شفا دی کہ میرے چہونے سے کوڑہی اندہے لنگڑے لولے اچھے
ہوتے تھے اور مجکو آسمان پر بلا کر سب آلایشون سے پاک کیا اور میری مان کو اور مجھکو
شر شیطان سے پناہ مین کہا۔ پہر ہمارے حضور پر نور سرور عالم شفیع المذنبین خاتم
المرسلین سیدنا و مولانا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و صحابہ
وسلم نے اظہار احسانات خداوندی مین یون گہر افشانی فرمائی کہ جب سب انبیا
محامد کبریائی جل شانہ و جل جلالہ سے فارغ ہوئے میں نے بہی حمد الٰہی اور ثنا سے بادشاہی
اسطرح شروع کی۔ حمد و سپاس اوس خدا کو جسنے مجکو تمام عالم کا رحمت لکہا اور مجموع

خلایق کی ہدایت پر مامور فرمایا اور سب کے واسطے بشیر و نذیر کیا اور قرآن جسمین ہر چیز کا بیان
ہے مجھپر نازل فرمایا اور میری امت کو بہترین امم کیا اور سب کے لئے مجھے وسط عدل کیا
اول و آخر صفت میری بیان فرمائی۔ سینہ میرا کھول دیا خطرات دل کے دور کئے۔
میرے نام کو بلندی بخشی مجکو فاتح اور خاتم کہا اور سپاس خاص اوس جناب کبریا کو ہے
جسنے تمام زمین کے میدانون کو میرے واسطے مسجد کیا اور تمام زمین کی خاک کو حکم پانی
کا دیا اور فتوحات و ہدایا و غنایم مجکو کرامت فرمائی اور خواتیم سورہ بقر سے مکرم کیا اور سبع مثانی
یعنی سورہ فاتحہ ارزانی فرمائی اور مجھپر علم توحید اور بیان قرآن کا بہت آسان کیا اور ملایک میری
مدد کو بھیجے اور قیامت تک توبہ کا دروازہ میری امت پر کھلا رکھا اور حوض کوثر مجھے دیا مجکو
گناہ کبیرہ کی شفاعت مین ذخیرہ قبولیت دعا کا عنایت کیا۔ حضور پر نور نے فرمایا کہ جب مین
نے یہ خطبہ تمام کیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اور انبیا کی طرف اشارہ فرماکر کہا بھذا
افضلکم محمد حضرت فرماتے ہین کہ پھر پیغمبرون نے مجھسے کہا اے محمد حق تعالی نے
آج کی رات تمکو وہ شرف دیا ہے کہ ہرگز انبیا سے اولین و آخرین کو نصیب نہین ہوا
اب آپ کو لازم ہے کہ جہان تک ہو سکے امت کیواسطے تخفیف و رفاہت
طلب کیجیے گا پھر جبریل نے دست مبارک حضرت کا اپنے ہاتھ مین لیا اور صخرے
پر لائے وہ ایک سنگ معلق مابین آسمان و زمین بیت المقدس ہے۔ ابوبکر ابن عربی
شرح موطا ے حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ مین لکھتے ہین کہ یہ سنگ اعجوبہ قدرت
الہی سے ہے غبار وگرد آلود درمیان مسجد بیت المقدس بے سہارے معلق ادہر مین
ہے کسی طرف سے اوسکو علاقہ نہین ہے وہی اوسکو ٹھیرائے ہوئے ہے جسنے
آسمان کو زمین پر گرنے سے روک رکھا ہے اوسمین اوپر کیطرف جانب جنوب نشان
قدم حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم کا ہے جب آپ معراج کی شب
مین وہان براق پر سوار ہوئے تھے اور وہ حضرت کی تعظیم کے واسطے جھکا تھا اور دوسری

طرف اوسکے فرشتون کی انگلیون کا نشان ہے کہ جہکتے وقت اوسکو تہام لیا تہا۔
سیرت حلبی مین لکہا ہے فقد اثر فی صخرۃ بیت المقدس لیلۃ الاسری وان ذالک الاثر
موجود الی الآن۔ اور اسیکے موافق حافظ شمس الدین ناصر الدین دمشقی نے بہی معراج نامہ
مین تحریر فرمایا ہے اور فتح المتعال مین لکہا ہے۔ قد رایت حجر فیہ اثر قدم بقیہ
الصخرۃ الشریفہ بالبیت المقدس والناس یعظمونہ و یبرکونہ یعنی مینے
دیکہا پتہر اوسمین نشان تہا آپکے قدم مبارک کا صخرہ شریف مین بیچ بیت المقدس کے
اور آدمی تعظیم کرتے تہے اوسکی اور تبرک سمجہتے تہے اوسکو المختصر حضور محبوب خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم بروایت صحیحہ براق پر سوار ہوکر **معراج** کے راستے سے
آسمان پر تشریف لے گئے اور جبریل علیہ السلام ہمراہ تہے۔ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ و اصحابہ وسلم نے کہ جب مین معراج سے آگے بڑہا تو ایک دریا بہت گہرا جس کا
نام فاضہ تہا ہوا مین معلق نظر آیا ایک قطرہ اوس دریا کا زمین پر نہین گرتا اور رنگ اوس کا
بہت زیادہ گہرا ہونے کے سبب سے نیلا ہے اور اوسکے عکس سے آسمان بہی نیلا نظر
آتا ہے پہر وہان سے بڑہا تو خزانہ ہوا پر پہونچا وہان سے فلک پردہ ایک دریا ہے آسمان
پر کہنچا ہوا دامن اوسکا سراپردہ کے مانند زمین مین ہے اور ہر آسمان کا ایسا ہی ایک
فلک ہے ستارے اوسمین تیرا کرتے ہین کما قال اللہ تعالی شانہ کل فی فلک یسبحون
یعنی تیرتے ہین ستارے فلک مین۔ پہر زمان آلہی پہونچا اوس فرمان کے پہونچتے ہی
میری تمکین کے لیئے فلک حرکت دوری سے ٹہرا تو براق اوس پر قدم رکہکر آگے چلا
یہانتک کہ آسمان دنیا کے دروازے پر جسکا نام **باب الحفیظ** ہے پہونچا اوس کے
دربان کا نام **اسمعیل** ہے اور ایک بہت بڑی فوج فرشتون کے لیئے ہوئی وہان مقیم
ہے اور یہ فوج صرف شوکت کی وجہ سے ہے کسی غنیم کے خیال سے نہین ہے اوس
مقام پر کسی غنیم کو کب دخل ہوسکتا ہے اور وہ دروازہ ایک دانہ یاقوت سرخ کا ہے اوسپر مروارید کا

قفل لگا تھا جبرئیلؑ نے پکارا اوسنے کہا کون جبرئیل علیہ السلام نے کہا مین جبرئیلؑ ہون اوسنے جبرئیلؑ سے پوچھا تیرے ساتھ کون ہے اوسنے کہا محمد رسول اللہ اوسنے دروازہ کھول دیا اور کہا کیا خوب آئے آپ اور کیا ہی اچھا آنا ہے آپنے تشریف لائیے۔ اسمٰعیل اور توابع اسمٰعیل کی تسبیح یہ ہے سبحان الملک الاعلی سبحان العلی الاعلی سبحان من لیس کمثلہ شی **فائدہ** جبرئیلؑ کو اسمٰعیل نے پوچھا اور یہ کہا کہ تیرے ساتھ کون ہین اسکا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ آسمان کے بہت دروازے ہین جبرئیل کے آنے جانے کا دوسرا دروازہ ہوگا اور یہ دروازہ خاص حضرتؐ ہی کے تشریف لانے کے واسطے ہوگا۔

روایت ہے کہ آسمان زمرد سبز کا ہے نام اسکا **رقیعا** ہے الغرض دروازہ کھولا گیا اور حضور پرنور اوسمین داخل ہوئے تو حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی حضور نے حسب ایما سے جبرئیل علیہ السلام رسم سلام وتحیۃ ادا کی حضرت آدم علیہ السلام نے کمال مسرت سے جواب سلام دیا اور شکر کیا اور کہا مرحبا یا ابن الصالح والنبی الصالح الحمد للہ الذی اکرمنی وجعلنی من نسلی اور تسبیح حضرت آدمؑ کی یہ تھی سبحان الجلیل الاجل سبحان الواسع الغنی سبحان اللہ وبحمدہ سبحان العظیم وبحمدہ استغفراللہ پھر آپ نے دروازے دیکھے ایک داہنی طرف دوسرا بائین طرف۔ حضرت آدم علیہ السلام جب داہنی طرف دیکھتے تھے تو ہنستے تھے اور جب بائین طرف دیکھتے تھے تو روتے تھے۔ حضور فرماتے ہین کہ مینے جبرئیل علیہ السلام سے استفسار کیا کہ اس مسرت وحزن کا کیا سبب ہے جبرئیلؑ نے عرض کی دست راست کی طرف بہشت کا دروازہ ہے کہ آپ کی نیک اولاد کی روحین اودھر سے بہشت برین مین جاتی ہین جنکو دیکھکر آپ خوش ہوتے اور بائین ہاتھ کی طرف دوزخ کا دروازہ ہے اودھر سے آپکی اولاد بدکردار کی روحین دوزخ کو جاتی ہین اون لوگون کو دیکھکر حضرت کو صدمہ ہوتا ہے اور آپ گریہ فرماتے ہین **فائدہ** حضرت آدم علیہ السلام آسمان اوّل پر اس سبب سے ہین کہ آپ انبیا مین سے پہلے شخص ہین

اور اول کو اول سے نسبت ہے یہ ظاہر ہے دوسری بات یہ ہے کہ اس آسمان کا نام آسمان دنیا ہے اور دنیا مین آپکی اولاد بستی ہے اوسکی محبت نے آگے نہ جانے دیا۔ **سیر آسمان دوم** حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرماتے ہین کہ جب مین آسمان **دوم** پر پہونچا تو اوسکو نہایت نورانی پایا **فقیر مولف محمد اکبر** ابوالعلائی داناپوری عرض کرتا ہے **ع**

ترک دنیا گیر تا سلطان شوی		ورنہ ہمچون چرخ سرگردان شوی

اسی دنیا مین مشاہدہ کر لو دور کیون جاؤ جو لوگ اللہ والے ہین اور دنیا کو ترک کیے فرش خاک پر گرد و غبار مین بیٹھے ہین اونکے نورانی جمال کو دیکھیے کہ دیکھنے والون کی آنکھین خیرگی کرنے لگتی ہین اور نور جمال کے ساتھ جلالت کی وہ شان ہے کہ اون سے آنکھین نہین ملائی جاتین اور وہ بادشاہ جو لاکھون روپیہ کا تاج جواہر ین سر پر رکھے ہوئے کروڑون روپیہ کے **تخت** پر جلوس کر رہا ہے اون خاک نشینون کی غلامی کر رہا ہے **ع**

اے ہما پیش فقیری سلطنت کیا مال ہے		بادشاہ آتے ہین پابوس گدا کے واسطے

(**اکبر بادشاہ** نور اللہ مرقدہٗ حضرت خواجہ ہند الولی غریب نواز اجمیری قدس سرہ کے مزار پر حاضر تھا اور بادشاہ کے ساتھ حضرت **شیخ سلیم چشتی** قدس سرہٗ بھی تھے اور فیضی بھی تھا اسنے اکبر بادشاہ سے کہا کہ حضور حضرت شیخ سے دریافت فرمائین کہ **حضرت خواجہ** کا کیا مرتبہ ہے آپ نے برجستہ جواب دیا کہ خواجہ کا مرتبہ ظاہری تو یہ ہے کہ اکبر سا بادشاہ جنکی خاک بوسی کے واسطے آگرہ سے پیادہ پا حاضر ہوا ہے اور باطنی مرتبہ یہ ہے کہ سلیم غریب اس تربت شریف کو اللہ تعالیٰ شانہ کے حضور مین اپنی نجات کا واسطہ گردانتا ہے) لہٰذا آسمان دنیا کی شوکت بسبب قربت دنیا کم ہے اور آسمان دوم کی نورانیت دنیا کی دوری کی وجہ سے زیادہ ہے اور دوسری وجہ فقیر مولف کے خیال مین یہ بھی گذرتی ہے کہ آسمان دوم کو دنیا سے دوری ہے اور عرش سے نزدیکی ہے **المختصر** ایک روایت مین یہ ہے کہ یہ آسمان زر سرخ کا ہے اور نام اوسکا قیدوم ہے اور دربان اوسکا اسرافیل ہے دو لاکھ فوج ملایکہ کی اوسکی

مطیع ہے جبریل علیہ السلام نے بڑھکر دروازہ کھولا تو اوسی فرشتے نے جو دربان ہے کہا کون ہے جبریل ؑ نے کہا مین جبریل ؑ ہون اور میرے ساتھہ محمدؐ ہین اوسنے پوچھا کہ محمدؐ پیدا ہو گئے جبریل ؑ نے کہا کہ ہان دربانون نے کہا الحمد للہ مرحبا اہلاً وسہلاً آپ داخل ہوئے۔ حضرتؐ ارشاد فرماتے ہین کہ جب مین آگے بڑہا تو مجھے دو جوان ملے یحییٰ ؑ و عیسیٰ ؑ اور یہ دونون خالاتی بہائی ہین آپ نے یہ ایما ے جبریل علیہ السلام انکو سلام کیا اون دونون نے جواب سلام کا دیا اور کہا مرحبا یا ابن الصالح و نبی الصالح ایک روایت مین ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام نے مجھسے مصافحہ کیا اور خوشخبری سنائی اور تسبیح اونکی یہ تہی۔ سبحان الحنان المنان سبحان الابد الابد سبحان المبد المعید **فائدہ** حضرت عیسیٰ ؑ اور حضرت یحییٰ علیہما السلام دونون خالاتی بہائی ہین اور درحقیقت ایک ہی شعبہ سے ہین اسی سبب سے ایک مقام مین دونون ملے اور چونکہ من حیث الزمان عیسیٰ علیہ السلام حضورؐ سے قریب تہے اور بشارت یاتی من بعدی اسمہ احمد کی دی تہی اور زمانہ آخر مین قواعد شریعت محمدیہ پر دعوت بہی فرماینگے اس لئے آسمان دوم پر ملے **فائدہ** حضرت یحییٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام ایشاعہ ہے اور وہ دختر فاقودا کی ہین اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مادر محترمہ مریم ہین وہ بیٹی حنہ کی ہین اور حنہ بیٹی ہین فاقودا کی لہذا دونون حضرات برادر خالاتی ہوئے **سیر آسمان سوم** فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے کر پہر مین آگے بڑہا مین اور آسمان سوم پر پہونچا حسب معمول سابق جبریل ؑ نے دروازہ کھلوایا اور مین دروازہ مین داخل ہوا یہ آسمان آسمان دوم سے بہی زیادہ روشن اور تابان ہے اور مروارید درخشان کا ہے نام اسکا زیلون ہے اور دربان اسکا نہایت مقتدر ہے اسکے تحت مین وہان سے زیادہ فوج ہے تین لاکہہ فرشتے ہین تسبیح اونکی یہ ہے سبحان المعلی الوہاب سبحان الفتاح العلیم سبحان المجیب لمن دعاہ حضرتؐ ارشاد فرماتے ہین کہ وہان بہائی یوسفؑ سے ملاقات ہوئی اونکو ملا تہا پارہ حسن اور عابد اونکی امت کے اونکے ساتھہ تہے مینے اونکو سلام کیا

یوسفؑ نے جواب سلام دیکر کہا مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح یعنی کیا ہی اچھا نیک
بھائی اور نیک پیغمبر آیا ۔ اور مجھسے معانقہ کیا اور کرامت الٰہی سے بشارتین دین تسبیح
اونکی یہ ہے سبحان الجلیل الاجل سبحان الفرد الوتر سبحان الابد الابد ایک روایت مین ہے
آگے بڑہکر حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام ملے اونہون نے میرے
سلام کا جواب دیکر بشارتین دین اور کہا کہ آج کی رات امت کی شفاعت خواہی مین کوتاہی
نکرنا تسبیح حضرت داؤد علیہ السلام کی یہ تہی سبحان الخالق النور سبحان التواب الوہاب سبحان الشدید
العقاب اور تسبیح حضرت سلیمان علیہ السلام کی یہ تہی سبحان المالک الملوک سبحان القاہر الجبار
سبحان من الیہ تصیر الامور **روایت** ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جب آگے بڑہا مین
تو ایک دریا سے عظیم ملا اسی کو **بحر النقم** کہتے ہین تہوڑا سا پانی اسکا زمانہ نوح علیہ السلام
مین زمین پر پہونچا تہا طوفان برپا ہوا اور جب اوس دریا سے آگے بڑہا تو آسمان چہارم پر پہونچا ۔
سیر آسمان چہارم یہ آسمان مروارید سے زیادہ سفید ہے نام اسکا ازیلون ہے
موکل عزرائیل ۔ اور دروازے تے موضیائیل دربوا تے مومیائیل ہے تسبیح اسکی سبحان الخالق
الظلمات والنور سبحان الشمس والقمر المنیر سبحان الرفیع الاعلیٰ ۔ چار لاکہ فرشتے اوسکے تابع ہین
اور کلیہ اوسکے تفویض ہین ۔ اور یہ آسمان اتنا بڑا ہے کہ ہفت طبقۂ اور ہر سہ آسمان اوسکے
مقابلہ مین ایک طبقہ کے برابر ہین وہان ادریس علیہ السلام سے ملاقات ہوئی اونکو مینے سلام
کیا اونہون نے جواب دیکر کہا مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح ۔ اور بعض لوگون نے ملاقات
موسیٰ علیہ السلام بہی اسی آسمان پر بیان کی ہے **فائدہ** حضرت ادریس علیہ السلام کا محل موت
بقول بعض آسمان چہارم ہے اسی سبب سے یہان ملاقات ہوئی بعد اسکے اسی آسمان پر
حضرت عزرائیل علیہ السلام سے ملاقات ہوئی جبریلؑ نے کہا کہ یہ جدا کرتا ہے دوست کو
دوست سے اور بیٹے کو باپ سے اور باپ کو بیٹے سے اور ویران کرتا ہے گہرون کو اور
اوجاڑتا ہے شہرون کو روایت ہے کہ حضور نے فرمایا کہ عزرائیل مجہے دیکہکر مسکرایا اور تعظیم کو

اوٹھا اور کہا مرحبا بک حق تعالی نے تمہارے برابر کوئی بزرگ اور عزیز خلق پر نہین بھیجا اور امت تمہاری بہترین امم ہے اور مین اونپر اونکے مادر و پدر سے زیادہ رحم کرتا ہون پھر بعد ملاحظہ عجائبات چہارم مین آسمان پنجم پر آیا ایسا یقون اسکا نام ہے سیر آسمان پنجم دربان اسکا سقطائیل ہے تسبیح اُسکی قدوس قدوس رب الارباب سبحان ربی الاعلی الاعظم قدوس قدوس رب الملایکۃ والروح اور پانچ لاکھہ فرشتے اوسکے زیر حکم ہین اوسنے خوشخبری کرم حق کی سنائی بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ اس آسمان پر حضرت ہارون علیہ السلام ملے اور بعض روایت مین ہے کہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسمعیل اور حضرت اسحق اور حضرت لوط اور حضرت یعقوب علیہم السلام کو بھی دیکھا حضرت ہارون علیہ السلام نے فرمایا مرحبا بک اور دعا سے خیر کی - پھر آپ وہان کے عجائبات ملاحظہ کرکے آسمان ششم پر رونق افروز ہوئے - سیر آسمان ششم فرمایا حضرت نے کہ دربان اسکا روعائیل ہے اوسسے مینے سلام کیا اوسنے جواب دیا اور دعا دی - بارک اللہ فی حسنا تک وزادنی کراماتک و وزک نیک مین نے آمین کہی چہہ لاکھہ فرشتے اوسکے فرمانبردار ہین تسبیح اوسکی یہ ہے سبحان اللہ الکریم سبحان اللہ النور المبین سبحان اللہ من فی السموات ومن فی الارضین بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جب مین اوسکے آگے بڑہا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی اونکو مینے بہ ایماے جبرئیلؑ سلام کیا موسیٰؑ نے جواب دیا اور معانقہ کیا اور میری پیشانی پر بوسہ دیکر کہا - الحمد للہ الذی ارانی وجہک بہ کرامت الہی سے خوشخبری دی اور کہا کہ آج کی رات اپنی امت کو نہ بہولنا اور جو کچھہ خدمت امت پر فرض ہو اوسمین تخفیف چاہنا اور تسبیح اونکی مینے یہ سُنی - سبحان اللہ یہدی من یشاء ویضل من یشاء وہو الغفور الرحیم روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب مین آگے بڑہا تو موسیٰ علیہ السلام رونے لگے اون سے رونے کا سبب ملایکہ مین سے کسی نے پوچھا تو کہا مین روتا ہون اس بات پر کہ ایک کم عمر صاحبزادہ میرے بعد نبی ہوا یا یون کہا کہ ایک جوان کو نبی کیا اور پیدا کیا

میرے سے بعد اور داخل ہوگی اوسکی امت بہشت مین میری امت سے بہت زیادہ اور ایک روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے سُنا مین نے کہ موسیٰ علیہ السلام کہتے تہے اکرمتہ وفضلتہ بزرگ کیا اوسکو تو نے اور فضیلت دی اوسکو سب پر کہا مین نے کہ جبرئیلؑ موسیٰ علیہ السلام کسپر غصہ اور عتاب کر رہے ہین جبرئیلؑ نے کہا آپ کے پروردگار پر آپکی بزرگی کے سبب سے کہا مینے کہ جہڑک جہڑک کر بولتے ہین اپنے رب سے کہا جبرئیل علیہ السلام نے کہ خداوند تعالیٰ شانہ نے اسکو معاف کیا ہے اجتک انکو یہ گمان تہا کہ مین سب انبیا مین بزرگ تر ہون اب انکو معلوم ہوا کہ آپ سب سے افضل ہین **فائدہ** گریہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا از روے حسد نہ تہا معاذ اللہ منہا اسلئے پیغمبر صغیرہ اور کبیرہ سے پاک ہین وہ معصوم ہین اونکو اپنی امت پر افسوس تہا اور یہ گریہ امت کی حالت پر کمال شفقت کا سبب تہا جب آپ کو یہ معلوم ہوا کہ آپکی امت خیر امم ہے اور انکی عمرین تہوڑی ہین مگر فضل الٰہی جو انکے شامل حال ہے تو بہشت مین انہین کی تعداد بہت زیادہ ہوگی اور حضور کو جو لڑکا کہا معاذ اللہ وہ از روے حقارت نہ تہا بڑے لوگ کم عمرون کو پیار کے سبب سے یونہین کہا کرتے ہین اور فی الحقیقت یہ جملہ تعریف کا ہے کہ ایک کم عمر نبی اس مرتبہ بلند کو پہونچا کہ سب پیغمبرون سے افضل ہوا القصہ حضرت آسمان ششم کے عجائبات ملاحظہ فرماکر آسمان ہفتم پر تشریف لے گئے **سیر آسمان ہفتم** فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ یہ آسمان پانسو برس کی راہ ہے اور ہر ایک آسمان کو دوسرے آسمان سے اتنا ہی تفاوت ہے یہ آسمان جوہر سفید یا نور تابان سے بنا ہے نام اسکا اسحافائیل ہے اور اسکے دربان کا نام روحائیل ہے تو ابع اسکے سات لاکہ ہین تسبیح اسکی یہ تہی سبحان الذی بسط السموات فرفعہا سبحان الذی سطح الارض فرشہا سبحان الذی اطلع الکواکب وازہرہا سبحان الذی ارسی الجبال فیہا۔ حضرت فرماتے ہین کہ اوسکو مینے سلام کیا اوسنے جواب دیا اور خوشخبری کرامت کی سنائی اور بعد معاینہ عجائبات

آسمان ہفتم جبریل ع مجکو آگے لے گئے مینے ستر ہزار پردے طے کیے کہ جو آتشین تھے پہر ستر ہزار حجاب سونے کے پہر ستر ہزار حجاب ابرق کے پہر ستر ہزار حجاب یاقوت سرخ کے پہر ستر ہزار حجاب ظلمت کے اور ہر حجاب مین پانچسو برس کی راہ کا فاصلہ تھا پہر ستر ہزار حجاب نور کے پہر ستر ہزار حجاب پانی کے طے کیے پہر داخل ہوا مین حجب سلطانی مین پہر پہونچا حجب قربت مین پہر حجب عظمت مین پہر حجب کبریا مین پہر حجب ملکوت مین پہر حجب جلال مین پہر حجب عزت مین پہر حجب فردانیت مین پہر سایہ سدرۃ المنتہی مین یعنی نشیمن جبریل مین

فائدہ سدرہ - بیری کے درخت کا نام ہے یہ درخت نہایت بلند ہے اور بیر ایسے بڑے ہوتے ہین جیسے ہجر کے مٹکے عرب مین ہجر ایک مقام کا نام ہے جسکے مٹکے بہت بڑے بڑے ہوتے ہین اور اوسکے پتے ایسے بڑے ہوتے ہین جیسے ہاتھی کے کان اور جڑ اوسکی آسمان ششم مین ہے وہی درخت تحت و فوق کی حد واقع ہوا ہے کہ نیچے کی مخلوق اوپر نہین جاسکتی اور اوپر کی مخلوق نیچے نہین آسکتی اور اوس درختون پر فرشتون کا ہجوم ہے جدا جدا سب کے آشیانے ہین اور اس کثرت سے ہین کہ شمار اونکا سواے خدا کے کسیکو نہین معلوم اوسکے وسط مین حضرت **جبریل کا آشیانہ** ہے اور اوسکو سدرۃ المنتہیٰ اس سبب سے کہتے ہین کہ علوم خلق اللہ وہین تک پہونچتے ہین اوس سے آگے کوئی نہین گیا سواے **حبیب خدا حضرت سیدنا و مولٰنا محمد مصطفےٰ** صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اور اوسیکے پاس بہشت ہے اور بعض کا قول ہے جو تحت سے فوق کو جاتا ہے وہان منتہی ہوتا ہے - اور بعض کا یہ قول ہے کہ شہیدون کی روحین وہان تک پہونچتی ہین اور یہ مقام شہیدون کی ارواح کی سیر کا منتہیٰ ہے اور سدرہ کی وجہ تسمیہ شارع کے علم پر موقوف ہے - کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ سدرہ ایک درخت ہے بیر کا کہ بیر اوسکے زر سرخ کے ہین اور شاخین مروارید کی جڑ سے شاخون تک پچاس ہزار برس کی راہ ہے ایک پتہ اوسکا سایبان تمام خلق پر

حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اوس درخت کی جڑ مین چار ندیان ہین دو
ظاہر دو پوشیدہ جبریل علیہ السلام نے کہا کہ پوشیدہ نہرین سلسبیل وکوثر ہین کہ بہشت کو جاتی
ہین اور دو نہرین ظاہر ہین نیل مصری اور فرات کوفہ ان دونون نہرون کا پانی
اون دونون نہرون کا نمونہ ہے یہ دونون نہرین وہین سے بہکر دنیا مین آئی ہین یا یہ بات
ہے کہ فرات ونیل کو اون سے مدد پہونچتی ہے ہمکو نظر نہین آتا - مسلم شریف مین روایت
ہے کہ چار نہرین دنیا کی بہشت سے ہین - نیل - فرات - سیحان - جیحان - اور طرق صحیح
یہ ہے کہ جڑ سدرہ کی بہشت مین ہے پہر جب نہرین اوس سے نکلین تو بہشت سے ہوئین
اور جو شریک نام راوی نے کہا ہے کہ آسمان دنیا مین حضرت کو دو نہرین ملین اور حضرت
جبریلؑ نے کہا کہ یہ نیل مصر و فرات کوفہ ہین تو یہ امر بلحاظ کمال اشتہار اون نہرون کے
تہا اور سوا اسکے اور بہی نظر آئی ہین - فرمایا حضرت صلعم نے ثم رفع الی البیت المعمور
یعنی پہر اوٹہایا گیا طرف بیت المعمور کے یہ گہر فرشتون کا کعبہ ہے کہ ہر لحظہ اون سے بہرا
رہتا ہے اور وہ مقابل کعبہ معظم کے آسمان ہفتم پر کہا ہے اگر بیت المعمور اپنی جگہ سے
نزول کرے تو ٹہیک کعبہ پر آکر ٹہیرے وہان حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت المعمور
سے تکیہ لگائی ہوئے بیٹہے تہے اور بعض روایت مین ہے کہ دروازۂ بہشت مین کرسی پر جلوہ فرما
تہے بیٹہے اونکو سلام کیا آپ نے جواب سلام کا دیکر مصافحہ کیا اور فرمایا کہ اے محمدؐ آج کی رات
امت کو یاد رکہیو اور جہانتک ہوسکے تخفیف طلب کیجیو اور تسبیح اونکی یہ تہی سبحان من لا یصف
الواصفون عظمتہ ذو مناہ وسبحان من خضعت لہ الرقاب ذلت لہ للصواب - بعد اوسکے
حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بہت وصیتین فرمائین منجملہ اوسکے یہ
ہین کہ اے محمدؐ زمین بہشت کی پاک اور قابل زراعت ہے اپنی امت سے فرماؤ کہ اوسمین
درخت بودین حضورؐ نے پوچہا کسطرح بودین حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ
العلی العظیم بہت پڑہا کرین - روایت ہے کہ بیت المعمور کے پاس تین پیالے

لائے گئے ایک مین شراب دوسرے مین دودہ تیسرے مین شہد حضرت صلی اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم نے کسی قدر شہد پیا اور شراب کو نہ دیکھا اور دودہ کو اختیار کیا جسطرح پہلے دودہ لیا تھا حضرت جبرئیل ع نے کہا دودہ پیدایشی دین اسلام کی صورت ہے جسپر آپ ہین اور آپکی امت - بعض روایت مین چار پیالے بیان ہوئے ہین اونمین سے ایک پیالہ پانی کا تھا مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دودہ کو اختیار کیا فرشتون نے بہت آفرین کی اور کہا اگر آپ پانی اختیار فرماتے تو آپکی امت غرق ہوجاتی اور اگر شہد اختیار فرماتے تو امت لذت دنیا مین مبتلا ہوجاتی اور اگر شراب آپ قبول فرماتے تو امت تمامتر فتنہ باز ہوجاتی دودہ کے اختیار کرنے مین آفات وبلیات سے بچی لیکن چونکہ تھوڑا دودہ حضور نے چھوڑ دیا تھا اس سے امت پر تھوڑا گناہ باقی رہا تو حضور نے فرمایا کہ اب مین اسے پی لون جبرئیل علیہ السلام نے کہا تقدیر پلٹتی نہین چونکہ حضور کو اپنی امت سب کی سب پیاری ہے نہایت رنج ہوا فقیر **مولف عرض** کرتا ہے وہ گناہ جو امت پر باقی رہا وہ نہایت بکار آمد ہے حضور کو جو مرتبہ شفاعت عطا ہوا ہے اوسکا نفاذ کس پر ہوتا اور حضور کے اس مرتبہ سے اہل حشر کو کیا خبر ہوتی دوسری بات یہ ہے کہ ارباب کرم کا دستور ہے کہ اپنے حصہ مین سے اپنے خدام کے لئے ضرور چھوڑ دیا کرتے ہین یہ حضور نے اپنی عادت کریمہ کے موافق عمل فرمایا اور دستور ہے خواجگان بندہ نواز کا ۵

خواجہ آنست کہ باشد غم خدمتگارش

فائدہ دودہ کا اختیار کرنا فال نیک ہے اس بات کی کہ آپ کی **امت** علم وہدایت کو کہ اوس سے **اسلام** مراد ہے اختیار کرے گی اس قیاس سے کہ عرب کو دودہ نہایت مرغوب ہے اور وہ محبوب ترین اشیا سمجھتے ہین اونکو اسمین بہت نفع اور اونکی اولاد کی پرورش اور مہمانون کی تواضع اسی پر منحصر ہے لہذا جو کوئی خواب مین دیکھے کہ اوسنے دودہ پیا ہے تو از روے احادیث صحیحہ کے اوسکی تعبیر حصول علم وحکمت ہے الغرض حضور پرنور فرماتے ہین

کہ جبرئیل نے میرا ہاتھ پکڑا اور اپنے مقام سے سدرہ پہ لایا اور مجھے رخصت کیا مینے اوسوقت
کہا کہ مجھے تنہا کیون چھوڑتا ہے کہا یارسول اللہ مجھے یہان سے آگے بڑہنے کی طاقت نہین
ہے یہانتک مین آپکے ساتھ تھا اب آپ تشریف لیجائیے خواجہ عالم سیاح لامکان
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمنے اقرار کیا تھا میرے ساتھ رہنے کا اور کہا تھا انا حاملات
الی اللہ پھر کیون یہان ٹھیرتے ہو یہ کہکر حضور پُر نور نے جبرئیل کا ہاتھ پکڑا اور ایک قدم اپنی طرف
کو کھینچا تو مشاہدہ تجلیات عظمت الٰہی سے متغیر اور بدن اونکا عصفور کی مانند چھوٹا ہوگیا
اور وہ کمال مضطرب الحال ہوکر رونے لگے اور کہنے لگے کہ یارسول اللہ مجھکو میرے
مقام پر رہنے دیجیے اگر مین یہان سے ذرا بھی آگے بڑہا تو جلال عظمت کبریائی سے جلکر
خاکستر ہوجاؤن گا اور ایک روایت مین یون ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جب سدرہ
سے مین آگے بڑہا تو جبرئیل نے کہا کہ آپ آگے چلین مینے کہا کہ تم چلو جبرئیل نے کہا کہ یا محمد
تقدم فانک اکرم عند اللہ منی پس مین آگے بڑہا اور چلا اور جبرئیل پیچھے پیچھے چلے پھر مین پہونچا
حجاب زربفت تک پھر اوسکو ہلایا تو آواز آئی کون ہے کہا جبرئیل نے کہ مین ہون جبرئیل
اور میرے ساتھ محمد ہین فرشتہ نے حجاب کے اندر سے کہا اللہ اکبر اللہ اکبر حجاب کے اودہر
سے آواز آئی صدق عبدی انا اکبر انا اکبر۔ پھر فرشتہ نے اشھد ان لا الہ الا اللہ کہا حجاب کے
اودہر سے آواز آئی صدق عبدی انا اللہ لا الہ الا انا پھر فرشتہ نے کہا اشھد ان محمد رسول اللہ
پھر حجاب کے اودھر سے آواز آئی صدق عبدی انا ارسلت محمدا پھر فرشتے نے کہا حی علی الصلوٰۃ
حی علی الفلاح حجاب کے اودہر سے آواز آئی صدق عبدی ودعا الی عبادی پھر سنا مینے کہ
آواز آئی یا محمد اکمل اللہ بک الشرف علی الاولین والآخرین پھر اُس فرشتے نے پردے کے اندر سے
میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اوٹھالیا جبرئیل وہین کھڑے رہگئے حضرت نے فرمایا کہ اے جبرئیل تم ایسے
مقام مین مجھسے کیون جدا ہوتے ہو جبرئیل نے کہا یارسول اللہ وما منا الا لہ مقام
معلوم اس سبب سے کوئی فرشتہ اپنے مقام سے بڑہ نہین سکتا مگر آج کی رات آپکے سبب سے مین

یہان تک پہونچا ہون نہین تو کبھی سدرہ سے آگے نہین بڑہا **فائدہ** جبرئیل کے قول سے معلوم ہوا کہ ہر فرشتہ کے لیے مقام معلوم و معین ہے لیکن افضل ترین بشر کو مقام معین کی قید نہین ہے اسلئے کہ حضرت سرور انبیا حبیب خدا حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو مقام معلوم پر حصر نہین رہا فرمایا حضرت نے پہر مین وہان سے تنہا روانہ ہوا اور ہزارون حجاب نور و ظلمت طے کیئے اب براق بہی تہک کر رہ گیا اور رفرف نورانی سرآیا اوسپر بیٹھکر مین عرش کے نیچے تک گیا۔ ایک **روایت** یہ ہے کہ بعد جبرئیل کے میکائیل آئے حضرت اونکے پرون پر بیٹھ کر چلے اور کئی دریا میکائیل نے اپنے بازو کے زور سے طے کیئے پہر پردے آئے ہر پردہ پانچسو برس کی راہ تہا اونکو بہی طے کیا پہر حجاب آئے ہر حجاب ہزار برس کی راہ تہا پہر میکائیل بہی تہکے یا یہ بات تہی کہ وہ اونکا مقام تہا اب اسرافیل حاضر ہوے اور اپنے پرون پر بٹہا کر حضرت کو لیچلے اسرافیل نے چند حجابات طے کیے پہر حجاب قدرت آیا وہ بہی طے ہوا پہر حجاب عظمت آیا اور اسرافیل بہی تہکے یہ انکا مقام معلوم ہوتا ہے یہ بہی عذر شایستہ کرکے لوٹ گئے پہر ایک اور **رفرف** آیا حضرت فرماتے ہین کہ وہ گوہر تابندہ درخشان سے بنا ہوا تہا اوسنے سلام کیا اور اوسکی تسبیح و تہلیل کا آوازہ ملکوت مین پڑا ہوا تہا رفرف فرش کا نام ہے حضرت فرماتے ہین کہ مینے اوسپر قدم رکہا اوسنے ایک حرکت مین ساق عرش پر پہونچا دیا اور اُسنے حجاب زمرد و یاقوت و نور و ظلمت بہت سے طے کرائے اور پردہ داران عرش مین پہونچایا وہان پردے دیکھے بعض یاقوت کے بعض مروارید کے بعض اور جواہرات کے جب ایک پردہ رہگیا تو رفرف قدم کے نیچے سے غایب ہوگیا اور ایک گہوڑا اسفید موتی کا نظر آیا مین اوسپر سوار ہوا اوسنے وہ حجاب طے کرایا جب **حجاب کبریا** آیا تو وہ بہی غایب ہوا اب کوئی سواری میرے پاس نہی مین اوس نور کے میدان مین حیران تہا خطاب ہوا اے میرے حبیب آ اور اس پردے کو طے کر اس طرف نگاہ کی مینے وہ حجاب طے ہوا اور کئی قدم پیچھے رہا

پھر خطاب آیا **اُدْنُ مِنّی** میرے پاس آ پھر مین اسی خطاب سے مشرف ہوتا تھا
اور قدم آگے رکھتا تھا جسقدر دوری زمین سے وہان تک تھی وہ دوری یہان ہر قدم مین طے
ہوتی تھی حضرت فرماتے ہین کہ مین ہزار بار خطاب ادن منی سے مشرف ہوا **فائدہ** -
اُدْنُ امر کا صیغہ لہذا بکسر نون پڑھنا چاہیئے دنٰی سے ہے - حضرت فرماتے ہین کہ
آخر مینے اوس مقام سے ترقی کی اور مرتبہ او ادنی پر پہونچا اور وہان سے فیاض ازل نے
مجھے فتدلی کے مقام پر شرف عروج بخشا اور وہان خلوتخانہ وحدت کا شانہ نکان قاب
قوسین اَوْ اَدْنیٰ سے کامیاب ہوا - پھر محرم اسرار فاوحی الی عبدہ ما اوحی سے شرف
اختصاص حاصل ہوا **تنبیہ** اون فقرا کے لئے کہ جو اپنا شمار صف ارباب تصوف مین
فرماتے ہین اتباع **شرع شریف** سے محروم ہین اب اس مقام بالاتر کوئی مقام
نہین ہے یعنی جبرئیلؑ - میکائیلؑ - اسرافیلؑ سب کے سب تہک رہگئے تو جب ان حضرات
کا وہان گذر نہین تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سوا دوسرا کون اوس مقام پر پہونچ سکتا
ہے مگر اس کتاب کے اس مقام کے سیر کرنے والے اس لفظ کو نہایت غور سے پڑھین
اور سمجھین قال اللہ تعالیٰ شانہ فاوحی الی **عَبْدِہٖ** ما اوحی جل جلالہ وتعالیٰ شانہ اوس
پروردگار نے اپنی شان سلطانی کا اظہار جیسا وہ بلند مقام تھا اوسی بلندی اور عظمت کے ساتھ
ظاہر فرمایا الی عبدہ ما اوحی جب تک عبد کا مرتبہ ہے وہ دایرہ **شرع شریف** کے
اندر ہے کوئی شرع کا حکم ایسا نہین ہے کہ عبد کی ذات پر جو صادق نہ آتا ہو **اب فقیر**
نیازمند محمد اکبر ابو العلائی داناپوری عرض کرتا ہے کہ الی عبدہ تو مقام رسالت ہے
اور ما اوحی مقام محبوبیت ہے اور یہ مرتبہ حضرت ہی کی ذات مبارک پر ختم ہوا اب باوجود اس
مقام بلند **محبوبیت** کے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے افعال پر نظر کی جائے
کہ کبھی نماز حضرت کی فوت ہوئی ہرگز نہین تا دم وصال حضور نے اپنے یار غار **صدیق اکبر**
کی امامت سے نماز ادا فرمائی اے **مسلمان بھائیو** یہ جو مینے عرض کیا ہے اسکو

اسکو تحقیق کرلو اگر یہ صحیح نکلے تو مانو اور نہین تو تمہین اختیار ہے میرے اعتقاد مین کوئی بے نماز مرد فقیر نہین ہو سکتا بے شک وہ جوگی یار اہب کے لقب کا سزاوار ہے میری اس عرض ومعروض کا برا مانو تو انصاف کرو **قرآن** پاک اسیواسطے نازل ہوا ہے کہ ہمکو اللہ کی سیدہی راہ بتاوے اور گمراہی سے بچاوے اور پیر اور مرشدان **طریقت** اس واسطے ہین کہ ہمکو قرآن کے احکام کے غوامض واسرار سمجہادین اور وہ اسطرح سمجہادین کہ جمہور کے خلاف نہو صرف ایک اونہین کی راے نہو بلکہ تمام صوفیہ کرام کی اور یہ مسلم الثبوت ہے کہ جو احکام فرض ہین اونپر سب کا اتفاق ہے علماے ظاہر اور دانندۂ اسرار باطن سبکو اوس سے خلاف نہین اور جو فرض کی فرضیت کا منکر ہے وہ باتفاق جمہور کافر ہے جس فقیر نے اپنے شیخ کا شرف **صحبت** حاصل کیا انشاء اللہ تعالی وہ ان گمراہیون سے محفوظ رہے گا اسلیے کہ اولیا اللہ معصوم تو نہین ہین مگر محفوظ ضرور ہین اللہ کا فضل اونکا **حافظ** ہے اور جو فقیر صورت اتباع شرع سے محروم ہے اوسکے ہاتہ مین ہرگز ہاتہ نہ دینا چاہیے مولنا **روم**ی قدس سرہٗ فرماتے ہین ؎

اے بسا ابلیس آدم روے ہست ۔۔۔ پس بہر دستے نباید داد دست

مضمون تنبیہ کا تمام ہوا اب اصل مطلب معراج کیطرف عنان قلم پہرتی ہے **روایت** آخر حضور ایسے مقام پر پہونچے جہان جہات ستہ کا نشان تہا یعنی تحت فوق جنوب و شمال مشرق ومغرب کا پتہ نہ ملتا تہا وہان اللہ تہا اور اوسی اللہ کے محبوب بندے جو شرف رسالت سے مشرف تہے اوس مقام مین جو ابین عبد ومعبود کلمہ وکلام وحروف وحکایات واقع ہوئی اوسکا بیان نہ زبان سے ہو سکتا ہے نہ قلم لکہ سکتا ہے **فاوحی الی عبدہ ما اوحی** حضور نے خواہش ظاہر فرمائی کہ اسی مقام پر مجہے مداومت ہو اور دنیا کی طرف میری مراجعت نہو حکم ہوا **یا محمد** تو اپنی امت کی غمخواری اور ہدایت کیواسطے واپس بہیجا جاتا ہے اور جب تجہے خلق سے ملال ہو نجہے تو روے نیاز قبلہ گاہ نماز کی طرف کر

اوسوقت تو اسی مقام پر ہوگا چنانچہ جب کبھی حضور کو کچھ رنج ہوتا تو آپ نماز کے لیے کھڑے ہوجاتے یعنی صلواۃ خمسہ کے سوا **روایت** ہے کہ جب حضرت عرش معلی کے نیچے پہونچے تو کچھ خوف لاحق ہوا اوسی وقت ایک قطرہ شیرین با مزہ عرش سے آپ کے دہن مبارک مین ٹپکا کہ علم اولین و آخرین حضرت پر منکشف ہوگیا - **روایت** ہے کہ فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے کہ مین نے ایک روز حضرت سے پوچھا کہ اللہ تعالی شانہ نے آپ سے کیا کیا کلام فرمائے آپ نے ارشاد کیا کہ اللہ نے میری امت کی چند شکایتین کین کہ مین اونکے رزق کا ضامن ہون اور وہ میری اس ضمانت پر اعتماد نہین کرتے دوسری یہ کہ تیری امت کے واسطے مینے جنت بنائی ہے مگر وہ اسطرف رغبت نہین کرتی - تیسری یہ کہ دوزخ اونکے دشمنو نکے واسطے ہے مگر وہ خود دوزخ مین جانے کی کوشش کرتے ہین - چوتھے یہ کہ خلوت مین گناہ کرتی اور مجھسے نہین ڈرتی اور بندون سے بخوف ملامت ڈرتی ہے - پانچوین مین کل کا کام اون سے آج نہین لیتا اور وہ ہفتون اور مہینون اور برسون کا رزق مجھسے طلب کرتی ہے - چھٹے مین اوسکی روزی دوسرے کو نہین دیتا اور وہ میری عبادت و طاعت غیر کو دیتی ہے یعنی ریا کے طور پر عبادت کرتی ہے اور میری بندگی و طاعت مین دوسرے کو شریک کرتی ہے - ساتوین تیری امت غیر سے عزت چاہتی ہے حالانکہ عزت دینے والا مین ہون - آٹھوین نعمت دینے والا مین ہون اور شکر اورکا کرتی ہے - نوین مین انکی نافرمانی کی شکایت اپنے فرشتون سے نہین کرتا اور تیری امت ذراسا بھی رنج پہونچنے سے میری شکایت لوگون سے کرتی پھرتی ہے **روایت** ہے کہ ایک دن حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم سے التماس کیا کہ یا رسول اللہ معراج کے سخنان پوشیدہ سے کوئی بات ارشاد فرمائیے حضرت نے فرمایا اللہ تعالی شانہ نے فرمایا کہ اے محمد امت سابقہ جو گناہ کرتی تھی مین انپر عذاب نازل کرتا تھا اور تیری امت جو گناہ کرتی ہے تو مین اسکی پردہ پوشی کرتا ہون -

روایت ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ شانہ نے اے محمد تیری امت دو قسم کی ہے مطیع اور عاصی مطیعون کی طاعت میری رضا سے ہے اور عاصیون کی معصیت قضا سے پہر جو میری رضا سے ہے مقبول ہے کہ مقتضا ے کرم یہی ہے اور جو قضا سے ہے وہ لایق عفو ہے کہ یہی مقتضا ے رحمت ہے **ابن عباس** رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے فرمایا کہ اے محمد کچھہ طلب کر کہ مین عنایت کرون حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے عرض کی الٰہی تو میرے طلب سے واقف ہے فرمایا تو تقصیرات امت سے غمگین رہتا ہے لہذا تقصیرات فرایض مین تو شفیع ہے اور تقصیرات سنن مین مین شفیع ہون **روایت** بعض ثقات سے مروی ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے کہ مجھے وحی ہوئی کہ اے محمد مجھہ مین اور تیری امت مین کئی شرطین ہین۔ اوّل جو کوئی اطاعت کرے گا وسے رو نکرونگا اور بقدر استطاعت اوس سے اطاعت چاہونگا نہ اپنی شان کے لایق اور جزا اوسکی اپنے کرم کے موافق دونگا۔ دوسری جو کوئی گناہ سے توبہ کرے گا قبول کرونگا۔ تیسری ہفت اندام پر نظر کرونگا اگرچہ عضو گناہ سے ملوث ہو گئے اور ایک مشغول بہ طاعت تو عضو مطیع کے طفیل سے سب کو بخشدونگا۔ چوتھی مین دل کو دیکتا ہون اگر گناہ کر کے پشیمان ہوتا ہے تو عفو کرتا ہون۔ پانچوین جب میرا بندہ گناہ پر اصرار نہین کرتا اور نادم ہوتا ہے تو اوسکو دردو بیماری دیتا ہون تاکہ کفارہ گناہ ہو جاے۔ چہٹی تیری امت کے افعال کا شمار اپنے فضل سے کرتا ہون نہ عدل سے اگر طاعت زیادہ ہوتی ہے تو اوسکی جزا دیتا ہون اور جو معصیت زیادہ ہوتی ہے تو اوسکے ظلم کرنے والے پر رکہتا ہون۔ ساتوین تیری امت کا حساب کرم سے کرونگا اور گناہ اُنکے اپنے فضل سے بخشونگا اور جنت مین رحم سے لیجاونگا **روایت** مین ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے فرمایا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم اپنی امت کو میرے پانچ پیغام پہنچا دو۔ **پیغام اول** اگر تم کسی کو کسی احسان کے سبب سے دوست

رکھنا تو مجھی کو دوست رکھنا کیونکہ میں تم پر بہت احسان کیے ہین - **دوسرا پیغام** اگر کسی سے
خوف کرو تو مجھی سے خوف کرو کہ مین اوس سے زیادہ قدرت رکھتا ہون **تیسرا پیغام**
اگر کسی سے امید رکھو کہ تم اوسکی وجہ سے مراد کو پہونچو تو میری ہی امیدواری کرنا کہ مرادین دینے والا
مین ہون اور حاجتین برلانے والا مین ہون اگر دعا مانگو تو مجھی سے مانگو اور التجا کرو تو مجھہ سے
مین تمھاری سب حاجتین اور مرادین اور التجائین برلاؤنگا **چوتھا پیغام** اگر کسی سے
شرم رکھو جفا کرنے مین تو بہتر ہے کہ مجھسے رکھو کہ تمسے جفا کاری ہوتی ہے اور مجھہ سے
وفاداری **پانچوان پیغام** اگر کسی کی خدمت کرو جان ومال سے تو بہتر ہے کہ مال
کو میری راہ مین صرف کرو اور جان و تن کو میری خدمت مین حاضر کرو کہ مین خلف وکذب سے
منزہ اور طمع اور غرض سے مبرا ہون **حدیث شریف مین وارد ہے** کہ فرمایا
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دیکھا مینے اپنے اللہ کو نہایت اچھی صورت
مین اور مجھسے حق تعالی نے پوچھا کہ کس بات مین ملائکہ جھگڑتے ہین مینے عرض کیا کہ یا
الہ العالمین تو عالم الغیب ہے تو ہی جملہ آشکارا ونہان سے خبردار ہے تو رکھی پھیر اللہ نے اپنی کف
مبارک میرے دونون شانون کے درمیان یعنی بین الکتفین بس پھر پایا مینے اثر رحمت
وراحت کا درمیان دونون پستانون کے اور جو کچھہ آسمان وزمین کے مغیبات تھے مجھپر
کھل گئے پھر پوچھا مجھسے میرے خالق نے کہ اے محمد کچھہ جانتا ہے تو فرشتے کیا کہتے
ہین مینے کہا کفارات یعنی عبادت مین کلام کرتے ہین فرمایا حق تعالی شانہ نے کیا ہین کفارات
مین نے عرض کیا الکفارات اسباغ الوضوء فی المکارہ والمشی بالاقدام الی الجماعات وانتظار
الصلوٰۃ بعد الصلوٰۃ یعنی پوشیدہ کرنے والی گناہونکی تین چیزین ہین پہونچانا وضو کے پانی کا
مقامات وضو مین جاڑے کے موسم مین اور شداید نفس کے وقت اور مسجد مین جماعت
کی شرکت کے لئے پاپیادہ جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا جو کوئی
ان تین چیزون پر قیام کرے زندگانی اوسکی بوجہ احسن بسر ہو اور اس عالم ناپائدار سے

نیکنامی کے ساتھ عالم پایدار کو جاے اور گناہوں سے بچے اور پاک رہے۔
تنبیہ - کیون بے نماز فقیر و کیا کہتے ہو ان روایتون کی نسبت یہ تو وہ باتین ہین جو شب معراج مین اللہ تعالیٰ شانہ سے اور اوسکے حبیب اکرم سے ہورہی ہین یا اس روایت کے ملاحظہ کے بعد بھی **جوگی** اور راہب بنے رہوگے اگر تم حضرت محمد مصطفےٰ کو سچا رسول اللہ کا سمجھتے ہو تو اس ڈہکوسلے کی ساڑہی کو جو ہندؤنکی عورتین پہنتی ہین اوتار کر پہینکدو اور اہل اللہ جو مردان خدا کہے جاتے ہین اونکا لباس پہنو تاکہ جو انعام بہشت کے ساتھ اوٹھاے جاؤ یا روکنا ہمارا کام ہے ماننا نہ ماننا تمہارا کام ہے خدا نے تمہین مرد بنایا ہے بڑے شرم کی بات ہے کہ تم عورت بنتے ہو اے بہادرو شیرون کا شکار کرو اس پردے مین عورتون کا شکار مت کرو۔ ایک اور روایت مین ہے کہ جب کف دست پروردگار تعالیٰ شانہ نے حضور کے بین الکتفین رکھدیے تو جملہ مغیبات ارض و سما حضور پر منکشف ہوگئے تو حضرت حق نے آپ سے پوچھا فیم یختصم الملاء الاعلی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عرض کی فی الکفارات والمنجیات والدرجات والمہلکات حق تعالیٰ شانہ نے ارشاد فرمایا صدقت یا محمد سچ کہا تمنے اے محمد پہر فرشتون کو خطاب ہوا کہ اے ملایکہ تمنے حلال مشکلات کو پایا اب پوچہو اس سے جو مشکل ہو اسرافیل ؑ نے پوچھا کہ اے محمد کیا ہین کفارات حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اسباغ الوضو الخ جیسا کہ اوپر بیان ہوچکا ہے فرمایا حضرت حق نے سچ کہتے ہو اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔ پہر میکائیل ؑ نے پوچھا کیا ہین درجات یعنی جس سے بندون کے درجہ بلند ہوتے ہین جواب دیا حضور نے اطعام الطعام وافشاء السلام والصلوٰۃ باللیل والناس نیام یعنی کھانا کھلانا اور سلام ظاہر کرنا اور نماز تہجد پڑہنا کہ لوگ سوتے ہون حق تعالیٰ نے فرمایا صدقت یا محمد پہر جبریل ؑ نے پوچہا کیا ہین منجیات یعنی نجات دینےوالی چیزین عذاب الہی سے کہا حضرت صلی اللہ

علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خشیۃ اللہ فی السر والعلانیۃ والقصد فی الفقر والغناء والعدل فی الغضب والرضاء یعنی ڈرنا اللہ سے پوشیدہ اور ظاہر اور میانہ روی درویشی و تونگری مین اور راستی غضب وخوشی مین یا یہ مطلب ہون کہ ظاہر و باطن مین اللہ سے اور تنگی و فراخی مین رضامند رہنا اور غصہ مین حد سے تجاوز نکرنا فرمایا حق تعالیٰ نے صدقت یا محمد۔ پہر عزرائیل نے پوچھا کیا ہین مہلکات اے محمد فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے شحّ مطاع و ھواء متبع واعجاب المرء بنفسہ یعنی بخیلی اطاعت کی گئی کہ جو کہے اوسپر عمل کرے یا شیطان کے کہنے پر چلنا اور ہواے نفس کی پیروی کرنا اور اپنے نفس کو اچھا جاننا حق تعالیٰ شانہ نے فرمایا صدقت یا محمد نقل ہے کہ مدت ہاے درازسے یہ چار فرشتے ان چار مسلون مین گفتگو کر رہے تھے اور درست جواب نہ دے سکتے تھے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اس شب ان چارون کی تسکین کردی۔ **حضور پرنور کا عرش مجید پر پہونچنا اور پروردگار کی ثنا کرنا** - روایت ہے کہ جب حضور سید المرسلین عرش مجید پر پہونچے تو پروردگار تعالیٰ شانہ نے فرمایا کہ اے محمد میری ثنا کر حضرت نے عرض کی التحیات للہ والصلوات والطیبات حق تعالیٰ شانہ نے فرمایا السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ پہر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عرض کیا السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین جب ملائکہ ملکوت نے یہ رتبہ ملاحظہ کیا تو ایکبارگی سب کے سب پکار اوٹھے اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمداً عبدہ ورسولہ اوسوقت حضرت کا التحیات آخر تک کہنا گویا حضور بادشاہی مین تعظیمی سلام کرنا ہے اور خداوند تعالیٰ کا سلام تا آخرت ایسا ہے جیسے ایک مہربان بادشاہ اپنے مقرب بارگاہ کا سلام نہایت مہربانی سے عزت کے لفظون مین لیتا ہے۔ پہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا السلام علینا آخر تک فرمانا ایسا ہے جیسے عالی ہمت مقربان بارگاہ بادشاہی

جب حضرت سلطان کی مہربانی اپنے حال پر مشاہدہ کرتے ہین تو وہ اپنے خدام کو بہی مورد مراحم سلطانی بنادیتے ہین اور ملایکہ کا اشہد ان لا الہ کہنا گویا حضرت سلطان کے مراحم خسروانہ کی تعریف ہے اور مقرب بارگاہ کے عالی حوصلگی کی تعریف ہے کہ وہ حضور سلطانی کی توجہ کے وقت اپنے خدام کو نہ بہولا اور اسکا پڑہنا قعود نماز مین اسواسطے مقرر ہوا کہ یہ رکن جملہ ارکان مین زیادہ عزت و توقیر کا رکن ہے اور ان خدام پر بہی نماز کی حالت مین فیضان معراج طاری ہو - روایت ہے کہ پہر حضرت پر پچاس وقت کی نماز فرض ہوئی اور پہر عرض معروض کے بعد پانچ وقت کی رہگئی مگر پروردگار تعالی شانہ نے اپنے کمال فضل و کرم سے فرمایا کہ اگرچہ نماز مین تخفیف ہوئی مگر اپنے بندون کو ثواب پانچ وقت مین پچاس ہی وقت کا دونگا - **مواہب صوفیہ** مین ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تین صورتین تہین - بشری - ملکی - حقی کما قال اللہ تعالی - انما انا بشر مثلکم وقال علیہ السلام - انی لست کاحدکم ابیت عند ربی وھو یطعمنی ویسقینی ولی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل - اور حق تعالی شانہ نے ہر صورت مین حضرت سے کلام کیا ہے - صورت بشری مین کلمات مرکبہ جیسے قل ہو اللہ احد اور صورت ملکی مین بحروف مفردہ جیسے کہیعص اور حمعسق - اور صورت حقی مین بطریق ابہام جیسے فاوحی الی عبدہ ما اوحی اور دلیل صورت ثالثہ پر ایک یہی ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے من رانی فقد راء الحق **الحاصل** حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جبریل ع کے ہمراہ ام ہانی بنت ابی طالب ع کے گہر تشریف لائے حضرت عمار کی روایت مین تین ساعتین اس سفر مین گذرین اور وہب ابن منبہ وابن اسحق کے قول پر چار ساعتین گذرین ارباب سیر فرماتے ہین کہ حضرت نے وقت معاودت صحرا سے ذی طوی مین جبریل ع سے کہا کہ قریش اس واقعہ کا انکار کرینگے جبریل ع نے کہا کچہ ڈر نہین ہے ابو بکر صدیق رض تصدیق کرے گا **حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ**

کی فضیلت اِس مقام سے اس بات کا پورا ثبوت ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے یہ
سب حالات صدیقؓ اکبر کو مشاہدہ کرا دیے تھے چنانچہ مواہب صوفیہ مین ہے
فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی رب اول مین جلال کبریائی سے متوحش تھا
جب آواز ابو بکرؓ کی اسطرح آئی کہ قف یا محمد فان ربک یصلی تو مجھے اطمینان
ہوا اللہ تعالیٰ شانہ نے فرمایا کہ مینے اسی واسطے تجھے آواز ابو بکرؓ کی سنائی تھی کہ وہ تیرا پرا
دوست ہے تو اوسکی آواز سنکر مطمئن ہوجائے گا - اور مراد صلواۃ سے اس جگہہ رحمت خدا
ہے روایت اُم ہانی سے روایت ہے کہ صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی شب کو میرے
گھر مین تھے صبح ہوئی تو ارشاد کیا کہ جبریلؑ رات کو مجھے بیت المقدس مین لے گئے وہان
سے افلاک پر اور صبح ہونے سے پہلے مجھے واپس لائے - اُم ہانی کہتی ہین کہ مینے کہا
یا رسولؐ اللہ اس راز کو منکرون کے سامنے بیان نکیجیے گا وہ جل کر اور دشمنی کرینگے حضورؐ
نے فرمایا واللہ اے ام ہانی مین کہونگا - روایت حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ صبح کو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم موضع حجر مین جلوہ فرماتے تھے کہ ابوجہل
لعین آیا اور از روے تمسخر و مضحکہ بولا کہ کچھہ نیا استفادہ ہوا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ
وسلم نے فرمایا ہان رات کو مینے سفر کیا اوسنے کہا کہان کا سفر کیا حضرتؐ نے بالتفصیل
معراج کا حال بیان فرمایا اوسنے کہا رات کو گئے صبح پھر آئے بھلا اورون سے بھی بیان
کروگے حضرت نے فرمایا ہان سب سے کہونگا ابوجہل نے بنی کعب بنی لوی کو آواز دی
وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو حاضر ہوے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسی تقریر
کو مفصل دوبارہ بیان کیا اون لوگون نے سر اپنے پیٹے اور ہاتھہ ملے بعد اسکے ابوجہل اور
بنی کعب و بنی لوی حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور تمام احوال جو حضرت کی زبان
مبارک سے سنا تھا بیان کیا حضرت صدیقؓ اکبر نے فرمایا کہ جو کچھہ حضرت نے ارشاد کیا ہے
سب سچ ہے سر مو تفاوت نہین خدا کی قدرت سے ہرگز بعید نہین ہے دیکھو جبریلؑ آسمان ہفتم

سے چشم زدن مین آتے ہین اور پہر جاتے ہین وہ مردود شرمندہ ہوکر چپ ہورہا بعد اوسکے
بعض قریش جوکہ بیت المقدس دیکہہ چکے تہے وہ وہان کے مقامات پوچہنے لگے
حضرت نے باعانت حضرت رب العزت وہ تمام مقام بتفصیل بیان کردیے پہر قریش
نے پوچہا کہ قافلے راہ مین ہین کسیکو دیکہا فرمایا حضرت نے کہ آیا مین روحا مین ایک
قافلے پر گذرا تو اوسکا اونٹ کہو گیا تہا اوسے ڈہونڈتے تہے اور منزل پر پانی کا پیالہ
بہرا رکہا تہا مین نے اوسکا پانی پیا جب وہ تلاش کرکے پہرے تو پیالہ ویسا ہی پڑا ملا وہ
سب آوین تو پوچہ لینا - اور فرمایا کہ جب پہونچا مین ذی مر مین ایک قافلہ پر تو دو مرد ایک
اونٹ پر سوار ملے اونکا اونٹ میرے براق کو دیکہکر بہڑکا ایک آدمی گر پڑا اوسکا ہاتہہ ٹوٹ
گیا وہ آجائین تو اون سے دریافت کرلینا پہر قریش نے پوچہا کہ ہمارے گہر کا قافلہ کہان
دیکہا فرمایا تنعیم مین اور جتنا اونکے پاس اسباب تہا اور جتنے آدمی تہے ایک ایک کا نام
بتا دیا اور فرمایا دو اونٹ خاکستری رنگ کے تہے مخطط عزارے لدے ہوے وہ دونون
قافلے کے آگے آگئے تہے - اور فرمایا کہ یہ قافلہ پرسون طلوع آفتاب کے وقت آجاویگا
پہر وہ لوگ حضرت کے پاس سے گئے اور کہا واللہ لقد قص محمد شیئا نبیۃ
یعنی قسم ہے خدا کی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بیان کی ٹہیک بات مگر باہم
دل مین پیچ وتاب کہاتے تہے اور کہتے تہے جہان تک ہوسکے ان سب باتون کو تحقیق
کرنا ضرور ہے کوئی بات تو خلاف نکلے گی اوسی کو ذریعہ تکذیب ٹہیراوینگے چنانچہ بروز موعود
بعض سنکر فجر کے وقت گہر سے نکلکر راہ مین بیٹہے اور طلوع شمس کے منتظر ہوئے اور
قافلے کو تاکنے لگے اور اپنے ٹہاکرون کے نام لیکر دعا مانگنے لگے کہ قافلہ نہ آوے
اتنے مین کسی نے آواز دی کہ وہ قافلہ آیا سب نے اودہر دیکہا تو قافلہ آرہا ہے جب پہونچ گیا
تو وہ باتین پوچہین جو حضرت نے فرمائین تہین سب ٹہیک تہین قریش مغموم ہوئے لیکن
پہر بہی اپنی شرارت سے باز نہ آئے اور کہنے لگے ھذا سحر مبین -

تعلیم نماز روز اوّل

روایت ہے کہ جس شب حضور سفر مبارک معراج شریف سے واپس تشریف لائی
ہین علی الصباح جبریل علیہ السلام آئے اور صبح سے عشا تک پانچ وقت کی نماز حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو تعلیم فرمائی اور جمہور صحابہ کے ساتھ اول وقت بہ امامت
جبریلؑ ادا کی دوسرے دن ہر نماز کے آخر وقت آئے اور اسی طرح آخر وقت بہ امامت نماز
پڑھی تو حضور کو اول و آخر وقت ہر نماز کا معلوم ہو گیا اور ہر نماز مین سوائے مغرب کے دو دو
رکعتین فرض ہوئی تہین پھر ظہر و عصر و عشا مین دو دو رکعتین شکرانہ کی اور زیادہ ہوئین اسیواسطے
سفر مین قصر کا حکم آیا اور چونکہ مغرب مین تین رکعتین فرض ہوئی تھین وہ سفر مین اپنی حالت
پر رہین یعنی صبح کی فرض جو دو رکعتین تہین اونہین بہی قصر نہین ہے اور مغرب کی تین رکعتون
مین بہی قصر نہین ہے ظہر اور عصر اور عشا مین فرض چار رکعتین ہوئین ان مین دو رکعتین قصر
کی گئین **مسئلہ** جب کوئی مقیم کسی مسافر کا مقتدی ہو تو مسافر امام اپنی قصر کی دو رکعتین
پڑہکر سلام پہیر دے اور مقتدی مقیم اپنی دو رکعتین پوری کرلے اور جب کہڑا ہو تو سورہ فاتحہ
کے مقدار سے کہڑا رہے مگر سورہ فاتحہ نہ پڑہے اور رکوع و سجود اور قعدہ مین جو پڑھتا ہے وہ
پڑہے - **فائدہ** حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ تفسیر آیۃ کریمہ دنی
فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی - یون فرماتے ہین کہ دنی یعنی نزدیک ہوئے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنے پروردگار سے بے کیف - فتدلی - پس اونٹہا
حجاب کو اور حضرت اوس حجاب کے اندر گئے پہر اوس حجاب کو بدستور چہوڑ دیا وہان کسی
ملک مقرب کی گنجائش نہ تہی اور حضرت کو پہر کسی نے نہین دیکہا اور حضرت نے حجاب
بے نہایت طے کیے حتی کہ کان مین الحبیب والمحبوب قاب قوسین یعنی یہانتک کہ فرق
تہا درمیان حبیب و محبوب کے بقدر دو قوس کے - اور شرح تعرف مین لکہا ہے کہ جب

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جبریل سے جدا ہوئے تو سات مقام اور طے کئے کہ ان مقامات
مین سے جبریلؑ کو ایک مقام سے بھی خبر نہ تھی پس آیۃ کریمہ کے معنی مشکل ہین نکتۂ
ارباب اسرار۔ بعض ارباب حال فرماتے ہین کہ قوسین سے مراد حاجبین ہین
یعنی دونون ابرو جسطرح ابرو پیوستہ کو باہم اتصال ہوتا ہے اس سے بھی زیادہ اور ادنی
سے عبارت ہے آنکھونکی سفیدی وسیاہی سے یعنی قرب حضرت کا جناب الٰہی مین ایسا
تھا جسطرح قرب دونون ابرون کا باہم بلکہ اس سے بھی نزدیک تر جسطرح آنکھ کی سفیدی و
سیاہی ملی ہوتی ہے اور بعض اہل اسرار نے کہا ہے۔ ترك نفسه فی السماء
فتدلی۔ وترك قلبه فی سدرة المنتهی۔ وترك روحه ۔ بقاب قوسین
او ادنی۔ فبقی سره وربه ترجمہ یعنی چھوڑا آپنے اپنے نفس کو آسمانون پر پھر آگے
بڑہے اور چھوڑا دل مطہر کو سدرۃ المنتہی پہ پھر آگے بڑہے اور چھوڑا روح مبارک کو قاب قوسین
اور ادنی کے مقام پر باقی رہا سر اوسکا اور پروردگار اوسکا۔ تو کہا نفس نے کہان ہے دل۔ اور
کہا دل نے کہان ہے روح۔ اور کہا روح نے کہان ہے سر۔ اور کہا سر نے کہان ہے
دوست۔ فرمایا پروردگار نے اے نفس تیرے واسطے نعمت ہے اور مغفرت۔ اور اے
دل تیرے واسطے عشق ہے اور محبت ہے۔ اور اے روح تجھکو بزرگی ہے اور نزدیکی
ہے اور اے سر تیرے واسطے مین ہون اور میرے واسطے تو فذالك قوله او ادنی
یہ اسواسطے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا قرب دریافت ہو۔ حضرت
ابو الحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے معنی دنی فتدلی کے پوچھے آپ نے
فرمایا جسمین جبریل کو گنجایش نہین ہے پھر بیچارہ نوری کی کیا حقیقت ہے اور کیا ہستی ہے نوری
کی جو اس سر کا انکشاف کرے پھر آپ یون گوہر فشان ہوئے سبحان اللہ وبحمدہ
دنی بُعد کے پیچھے ہوتا ہے وہان بُعد کہان اور تدلی مکان مین ہوتا ہے مکان کا
وہان کیا امکان۔ اور فکان زمانہ سے عبارت ہے زمانہ وہان کہان۔ اور قاب اشارہ

مقدار کا ہے مقدار کا وہان کیا شمار ہے۔ اور قوسین کنایہ ہے مثال سے وہان مثال کا
کیا خیال۔ او کلمہ ہے شک کا شک خود وہان معدوم ہے۔ اور ادنی مبالغہ ہے دنو
مین یعنی نزدیک تر یہان نزدیک تر کی کیا گفتگو ہے۔ یہ مقام اظہار و بیان سے دور ہے
اور علم جمیع خلایق اس آیت کی تفسیر مین معترف بقصور ہے۔ اور بعض حضرات تفسیر اس آیتہ
کی یون فرماتے ہین دنی عبداً یعنی گیا پروردگار تعالی شانہ کے پاس حالت عبودیت
مین۔ فتدلی فرداً آیا وہان سے مالک مقام فردانیت ہوکر دنی مکیاً مکہ کا رہنے والا۔
فتدلی ملکیاً۔ دنی قرشیاً۔ فتدلی عرشیاً۔ دنی مجاھداً۔ فتدلی مشاھداً
یعنی آیا وہان سے فرشتہ خو ہوکر۔ جاتی دفعہ قرشی تہا آتی دفعہ عرشی ہوا۔ گیا تو مجاہد تہا آیا تو مشاہد
۔ دنی طالباً فتدلی واصلاً۔ یعنی گیا اہل طلب کی حالت مین اور آیا اہل وصل ہوکر
دنی ومعہ الرحمۃ۔ فتدلی ومعہ الرحمۃ یعنی گیا تو اوسکے ساتہ شفقت تہی اور آیا
تو اوسکے ساتہ رحمت تہی۔ دنی افتقاراً فتدلی افتخاراً یعنی گیا حالت فقر مین اور
آیا مفتخر ہوکر۔ دنی منادیاً فتدلی مناجیاً یعنی گیا ندا کرتا ہوا اور آیا نجات پاکر۔ دنی
مادحاً فتدلی ممدوحاً یعنی گیا مدح کرتا ہوا اور آیا ممدوح ہوکر۔ دنی شاکراً فتدلی
مشکوراً گیا شکر کرتا ہوا اور آیا مشکور ہوکر۔ **حکمت ذکر قوسین** اہل عرب
جب باخودہا کسی سے اتحاد قایم کرتے تہے تو اونکا معاہدہ کرنے کا یہ طریقہ تہا کہ عہد
باندہنے والے دونون آدمی اپنی اپنی کمانین لاتے اور کمانون کو ملاتے اور ایک دفعہ
ایک ہی ساتہ اونکے قبضے پکڑتے اور ایک ہی ساتہ اونکے قبضے کہینچکر تیر چلاتے چونکہ
عرب ہمیشہ سے ایک بہادر قوم ہے اونکے خیالات بہی بہادرانہ تہے اور باخودہا عہد کرنیکا
طریقہ بہی بہادرانہ طریقہ پر قایم ہوا کرتا تہا پس جب ان دونون نے ایک ساتہ برابر تیر چلا لئے
تو یہ بات مستحکم ہوگئی کہ تمہارا دوست ہمارا دوست اور تمہارا دشمن ہمارا دشمن پس یہ عہد
پشت ہا پشت قایم رہتا تہا اور یہی لوگ حلیف یعنی ہم قسم ہین اور اس قسم کے بہی اقسام ہین

چنانچہ اس حصہ کے اول مین اسکا بیان ہو چکا ہے الغرض اس آیتہ کریمہ مین قوسین کا
اشارہ اسی عہد کی طرف ہے یعنی خدا تعالیٰ سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اسقدر قرب ہے
بلکہ اس عہد سے زیادہ جسے رسول نے قبول کیا وہ اللہ تعالیٰ کا بھی مقبول ہے اور جو بارگاہ
رسالت کا مردود ہے وہ بارگاہ خداوندی کا بھی مردود ہے **بعض اہل اسرار یون فرماتے**
ہین کہ دنیٰ اشارہ ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدس کے مقام کا - اور فتدلیٰ
اشارہ ہے مقام قلب سے - اور قاب قوسین اشارہ ہے مقام روح سے - اور او ادنیٰ
اشارہ ہے سر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے - ان چار مقام پر ذات اور دل
اور روح اور سر ہر ایک اپنے مطلب کو پہونچے - مثلاً ذات مطہر آپ کی مقام خدمت
مین - اور دل نورانی مقام محبت مین - اور روح شریف مقام قرب مین - اور سر لطیف
مقام مشاہدہ مین -

بیان بعض عجائبات آسمان اوّل

جو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے آسمان اول پر ملاحظہ فرمائے - اونمین سے
ایک یہ ہے کہ ایک گروہ فرشتون کا نظر آیا صفین باندھے اور سر جھکائے ادب سے کھڑے
ہوئے یہ تسبیح پڑھتے تھے - سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح - مینے
جبریل سے پوچھا کہ عبادت ان فرشتون کی یہی ہے جبریل نے کہا کہ ہان جس دن سے
آسمان بنا ہے اوس دن سے قیامت تک انکی عبادت یہی ہے حق تعالیٰ شانہ سے
آپ بھی سوال کیجئے تا یہ طریقہ آپکی امت پر بھی لازم ہو لہذا مینے سوال کیا خداوند تعالیٰ شانہ
نے اوسی وقت یہ عبادت قیام بطور بخشش میری امت کو عنایت فرمائی اور قیام نماز مین فرض
ہوا ہر مسلمان پر لازم ہے کہ قیام کو نماز مین خوب اچھی طرح ادا کرے اور تعہد اسکا یاد رکھے
یعنی آسمان اول کے فرشتون کی یہی نماز ہے حضرت نے جبریل سے پوچھا کہ یہ فرشتے شمار مین
کتنے ہونگے جبریل نے کہا کہ انکا شمار اللہ ہی کو معلوم ہے وما یعلم جنود ربک الا ھو

یعنی نہین جانتا کوئی تمھارے رب کے لشکر کا شمار لیکن وہی اللہ۔ بعد اسکے حضرت آدمؑ سے ملاقات کرکے آپ آگے بڑھے تو ایک مرغ سفید عظیم الشان نظر آیا کہ ایک بازو اوسکا شرق مین اور دوسرا مغرب مین پاون اوسکے تحت الثرا مین اور سر عرش سے لگا ہے سر یاقوت کا اور پر نور کے وظیفہ اوسکا حمد خدا ہے حضرت نے جبریل علیہ السلام سے اوسکی نسبت سوال کیا جبریلؑ نے اوسکا نام بتایا کہ یہ طاؤس الملایکہ ہے یہ وہ فرشتہ ہے کہ جب رات آخر ہوتی ہے تو یہ فرشتہ مرغ صورت پھڑپھڑا کر کہتا ہے سبحان الملک القدوس الکبیر المتعال لا الہ الا ھو الحی القیوم اسکی آواز سے تمام دنیا کے مرغ ہوشیار ہوکر آواز دیتے ہین **فائدہ** اس زمانہ مین جو اہل عقل کہے جاتے ہین وہ مذہب کے پابند نہین ہین لہذا مذہبی روایتون پر تمسخر کرتے ہین چنانچہ ایک صاحب فرمانے لگے اتنا بڑا مرغ بیٹ کتنی کرتا ہوگا پھر اوسے صاف کون کرتا ہوگا سینے عرض کیا کہ جناب من آپ کو اس مرغ کی روایت پر تعجب ہوا آسمان پر تو اور بہت سے جانور ہین۔ شیر ہے جسکے نام سے برج اسد مشہور ہے۔ سرطان ہے اسکے نام سے برج سرطان مشہور ہے بیل ہے جسکے نام سے برج ثور مشہور ہے علی ہذا القیاس اور بھی جانور ہین جو انکا فضلہ اور بول و براز صاف کرتا ہوگا وہی اسکی بیٹ بھی صاف کرتا ہوگا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پھر حضرت نے ایک فرشتے کو دیکھا کہ وہ نصف بدن سے آگ کا ہے اور نصف بدن سے برف کا ہے آگ برف کو نہین گلاتی اور برف آگ کو نہین بجھاتی۔ میرے بھولے دوست کو اسپر بھی تعجب ہوا مینے عرض کی کہ یہ تو وہی جز سے مرکب ہے اور آپکو اتنا تعجب ہے آپ کو اپنی ترکیب بدن سے خبر نہین اسمین تو چار عنصر ہین **قطعہ**

مردنِ ما چہ عجب زندگیِ ما عجب است	زانکہ جمعیتِ ما از سببِ اضداد است
خانۂ خاکیِ ما بر سرِ آب است بنا	چون چراغِ سحری منتظرِ یک باد است

دوست نے اس قطعہ کو پسند کیا اور لکھ لیا مینے بھی اسکے مسودہ کو جب صاف کیا تو اپنے

دوست کے خدشات اور اپنی ٹوٹی ہوئی تقریر کو اسمین اضافہ کردیا الغرض جبریلؑ نے کہا
یا رسولؐ اللہ اس فرشتہ کا نام رعد ہے اللہ تعالیٰ شانہ نے اسے ابر پر موکل کیا ہے جب
یہ ابر کو چلاتا ہے اور وہ آپسمین ٹکرا جاتے ہین تو آواز مہیب پیدا ہوتی ہے جب اظہار غصہ
کرتا ہے برف پیدا ہوتی ہے طبرانی اور بزار نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے
کہ جب حضور پرنور آگے بڑہے تو ایک جماعت کھیتی کرتی ہوئی نظر آئی وہ اسیوقت تخم افشانی کرتے
ہین اور فوراً کاشت اونکی پیدا ہوئی اور سبز ہو کر پختہ ہوئی اور کھیتی کرنے والون نے
کاٹ لی اور ایک ایک دانے مین سات سات سو دانے حاصل ہوئے جبریل علیہ السلام
نے حضور سے عرض کی کہ یہ لوگ مجاہد فی سبیل اللہ ہین اور منفقین للہ ہین کما ورد فی القرآن
العظیم فی سورۃ البقرہ مثل الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللہ کمثل حبۃ
انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ مائۃ حبۃ یعنی مثال اونکی جو خرچ کرتے ہین اپنے
مال اللہ کی راہ مین جیسے ایک دانہ اوس سے اوگین سات بالیان ہر بالی مین سو سو دانے
پھر کچھ لوگ نظر پڑے کہ فرشتے اونکے سر پتھرون سے کچلتے تھے حضرت جبریلؑ نے کہا
کہ یہ وہ لوگ ہین کہ نماز مین سستی کرتے تھے اور رکوع و سجود کو باطمینان ادا نہین کرتے تھے
اور نماز بیوقت پڑہتے تھے قال اللہ تعالیٰ شانہ فویل للمصلین الذین ھم عن صلوتھم
ساھون یعنی پھر خرابی ہے اون نمازیون پر جو اپنی نماز سے بیخبر ہین - پھر حضور ایک
اور جماعت پر گذرے کہ بھوکے پیاسے ننگے دوزخ کے کھانے پینے کی طرف چارپایون
کی طرح جاتے ہین فرشتے اونکو ہانک رہے ہین جبریلؑ نے کہا یہ وہ لوگ ہین جنہون
نے زکوٰۃ نہین دی فقیر پر رحم نہین کہایا اور صدقہ فطر اور قربانی سے انکار کیا کما ورد فی
القرآن العظیم والذین یکنزون الذھب والفضۃ ولا ینفقونھا فی سبیل اللہ
فبشرھم بعذاب الیم یعنی جو لوگ جمع کرتے ہین سونا اور چاندی اور نہین خرچ کرتے اللہ
کی راہ مین پس بشارت دے اونکو عذاب سخت کی - پھر حضور ایک اور جماعت پر گذرے

کہا دنکے آگے اچھی اچھی نعمتین رکھی ہین وہ نہین کہاتے ایک دیگ مین گوشت پختہ اور لطیف
رکھا ہے اور دوسری دیگ مین گوشت خام اور مردار ہے وہ اوسی مردار گوشت کو کہاتے
ہین جبریل ؑ نے حضور سے عرض کی کہ یہ وہ مرد ہین کہ اپنی منکوحہ بی بی کو چھوڑ کر غیر منکوحہ عورات
کی طرف رغبت کرتے ہین اور یہ وہ عورتین ہین کہ اپنے شوہرون کو چھوڑ کر غیر مردون سے
تعلق پیدا کرتی ہین یہ وہ ہین کہ باوجود اسکے کہ مال حلال انکے پاس موجود ہے مگر خیانت
پر کمربستہ ہین الخبیثات للخبیثین والخبیثون للخبیثات یعنی گندی عورتین گندے
مردون کے لئے ہین اور گندے مرد گندی عورتون کے لئے ہین **روایت** ہے کہ
ایک عورت حضور کو نظر آئی کہ زبان اوسکی نکلی ہوئی ہے اور وہ اوسی سے بندھی لٹک رہی ہے
اور ایک عورت چھاتی سے بندھی ہوئی ہے اور ایک عورت کے ہاتھ بند ہے ہین اور
ایک کے پاون اور وہ لٹک رہی ہین حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی کہ اول عورت
زبان دراز ہے اور دوسری وہ کہ جسنے بغیر حکم شوہر کے کسی کے بچہ کو دودھ پلایا - اور تیسری
وہ ہے کہ جسنے اپنے شوہر کا مال اپنے ہاتھون سے بے ضرورت کے تلف کیا اور
چوتھی وہ کہ جو بغیر حکم اپنے شوہر کے کسیکے گھر مین گئی - پہر اور ایک شخص نظر آیا کہ جسکی پشت پر
اسقدر بوجھ رکھا تہا کہ ہل نہ سکتا تہا مگر وہ کہتا تہا کہ اور بوجھ لاکے رکھدو جبریل ؑ نے کہا کہ یہ وہ
شخص ہے جو امانت مین خیانت کرتا ہے اور باوجود اسکے کہ لوگونکے حقوق اسکی گردن
پر ہین گر ظلم کئے جاتا ہے - پہر اور ایک قوم نظر آئی کہ ایک آگ کی قینچیون سے اونکے لب و
زبان تراشی جاتی ہین اور پہر فوراً وہ بدستور سابق درست ہوجاتی ہین اور پہر تراشی جاتی ہین
جبریل ؑ نے کہا کہ یہ لوگ خطیب فتنہ پرداز ہین - اور ایک روایت مین ہے کہ یہ وہ لوگ
ہین جو دربارشاہی مین جاتے ہین اور اونکی جہوٹی باتون کی تصدیق کرتے ہین اور امر بالمعروف
نہین کرتے اور منکرات سے روکتے نہین سورہ ہود مین فرمایا پروردگار تعالی شانہ نے ولا
ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار یعنی مت جہکو اونکی طرف جو حد سے گذر گئے

ہین کہ چہوسے نکلو آگ - پہر ایک چہوٹا سا پتہر نظر آیا اوسمین سے ایک گائے نکلی جو بہت بڑی تہی پہر
اوسنے پتہر مین جانے کا قصد کیا جسمین سے نکلی تہی مگر اوس پتہر مین نہ داخل ہوسکی جبریل ع نے
کہا یہ وہ آدمی ہے جسنے بڑی بات مُنہ سے نکالی اور اوسکی وجہ سے پشیمان ہے اب
چاہتا ہے کہ اوس بات کو پہر دل مین چہپا رکہے مگر اب وہ دل مین نہین جا سکتی جو نکلی سو نکلی -
پہر ایک جنگل مین گذر ہوا وہ جنگل نہایت خوش آیند خوشبو سے معطر ہے اور نہایت دلکش
آوازین وہان سے آرہی ہین حضرت جبریل ع نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم یہ بوے خوش اور آواز دلکش جنت کی ہے وہ کہہ رہی ہے یا الٰہی اپنا وعدہ وفا کر
اور اپنے نیک بندون کو میرے قصرون مین رہنے کو اور میرے باغات مین سیر کرنیکو
بہیجدے اونکے واسطے مینے ہر طرح کی عمدہ عمدہ نعمتین مہیا کر رکہی ہین پروردگار تعالیٰ شانہ فرماتا
ہے کہ اے بہشت تیرے ہی واسطے ہین مسلمان مرد اور مسلمان عورتین بہشت کہتی ہے
یا اللہ مین راضی ہوئی تجہسے ارشاد پروردگار تعالیٰ شانہ - انا اللہ لا الٰہ الا انا اخلف
المیعاد و قد افلح المومنون و تبارک اللہ احسن الخالقین - پہر ایک اور جنگل ملا
وہان بوے بد اور آوازہاے ناخوش محسوس ہوئی جبریل ع نے کہا کہ یا حبیب اللہ یہ دوزخ
کی آواز ہے وہ کہہ رہی ہے کہ پروردگار تعالیٰ اپنا وعدہ وفا کر اور اون نافرمانون اور اشقیا
لوگون کو بہیج جن لوگون نے تیرے حکم کی عزت نہین کی اور تیری توحید سے انکار کیا تیرے
برگزیدہ بندے جو تیری طرف سے اونپر رسول ہوکر گئے تہے اونکی تکذیب کی اور اون
سے استہزا اور تمسخر کیا اونکے لئے عذاب الیم موجود ہے اوسکے سوال کے جواب مین
پروردگار تعالیٰ شانہ ارشاد فرماتا ہے کہ تیرے ہی واسطے ہے ہر مشرک اور مشرکہ اور ہر کافر
وکافرہ اور وہ جبار جو منکر قیامت ہے دوزخ نے کہا پروردگار مین راضی ہوئی - بعض
روایات مین ہے کہ بوے بہشت و دوزخ حضرت کو آسمان ششم پر معلوم ہوئی تہی -
رسالہ معراجیہ مین ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ایک جماعت پر گذرے

کہ وہ لوگ آگ کی سولیون پر چڑہے ہین اور وہ سولیان ایسی ہین جیسے خار دار درخت کہ راہ
چلنے والون کے دامن جسمے اولجھہ کر پہٹ جاتے ہین جبریل ع نے کہا کہ یہ وہ لوگ ہین جو
راہون مین بیٹھہ کر مسافرون کو ایذا ئین ہونچاتے ہین اور اشارون اور کنایون مین گالیان
دیتے ہین کما قال اللہ تعالی شانہ نے ۔ ویل لکل ھمزۃ یعنی عذاب ہے واسطے
ہر سخن چین اور بدزبان کے اور فرماتا ہے پروردگار تعالی شانہ ۔ ولا تقعدوا بکل صراط
توعدون وتصدون عن سبیل اللہ یعنی مت بیٹھو جس راہ مین ڈراتے ہوا ور
باز رکھتے ہو خدا کی راہ سے اور واذا مروبھم یتغا مزون یعنی جب مسلمان کافرون
کے پاس نکلتے ہین تو کافر انکی طرف بحقارت ابرو سے اشارہ کرتے ہین روایت
ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ایک جماعت ایسی دیکھی کہ اونکے منہ سیاہ
اور آنکہین ازرق اوپر کے ہونٹھہ سرون پر اور نیچے کے ہونٹھہ پانون پر اور پیپ لہو اون سے
بہہ رہا ہے اور گدہون کی طرح چیخ رہے ہین جبریل علیہ السلام نے کہا یہ حضور کی امت کے
میخوار ہین پہر ایک گروہ پر گذر ہوا کہ زبانین اونکی سرون کی طرف کہنچتی ہین اور صورت
مانند خوک کے ہے اوپر سے عتاب نیچے سے عذاب ہو رہا ہے جبریل ع نے کہا یہ لوگ جہوٹی
گواہی دینے والے ہین ۔ اور بیہقی نے ابوسعید خدری سے روایت کی ہے کہ
ایک قوم حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دیکھی جنکے پیٹ پہولے ہوئے رنگ زرد
ہتکڑیان ہاتہون مین طوق گردنون مین اوٹہتے ہین تو اوندہے منہ گر پڑتے ہین جبریل ع نے
کہا یہ لوگ سود خوار اور مرتشی ہین یعنی رشوت لینے والے ہین کما قال اللہ تعالی
شانہ الذین یا کلون الربوا لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان
من المس یعنی جو لوگ سود کہاتے ہین نہین کہڑے ہوتے مگر جیسا کہڑا ہوتا ہے وہ شخص
جسکو دیوانہ کردیا ہے شیطان نے مسلط ہو کر فائدہ اس آیت سے تسلیط شیاطین اور
تصرف قوم جن بدن آدمی مین روح ہوا پر جایز و ممکن ہے اسیکو صرع الجن اور آسیب کہت

مین بولتے ہین اور نزدیک اہل سنت وجماعت کثرہم اللہ۔ زیادہ کرے اللہ تعالے اونکی جماعت کو بلکہ نزدیک اکثر فرق اسلام کے مسلم ہے بلکہ تفسیر نیشاپوری وغیرہ مین اسی آیت کی تفسیر مین مذکور ہے کہ واکثر المسلمین علی ان الشیطان قادر علی الصرع والقتل ولا یذاء بتقدیر اللہ تعالی اور سواے فرقہ معتزلہ کے کوئی مخالف نہین اور معتزلہ نے کچھہ رکیک سی توجیہین اپنی تفسیر وٕنمین لکھی ہین اونکا ذکر کرنا اس مقام پر بیفائدہ ہے اور اناجیل اربعہ مین دس پندرہ قصے آسیب جن کے لکھے ہین اور احادیث مین قدر کثیر اس مقدمہ کا مذکور ہے ہرگز جاے انکار نہین مگر علماے اہل سنت اس باب مین مختلف ہین کہ آدمی بعد مرگ یہ کام کرسکتا ہے یا نہین اکثر اہل تحقیق قائل بجواز ہین اور بعض منع کرتے ہین دلیل صاحبان انکار کی یہ ہے کہ انسان تین حال سے خالی نہین یا صالح ومتقی ہے یا فاسق وفاجر یا کافر ہے پس اگر انسان صالح ومتقی ہے تو توایذا واضرار کی اوس سے توقع نہین کہ خلاف صلاح وتقوی ہے۔ اور فاسق وکافر ہے تو موکلین عذاب کے ہاتھہ سے اونکو فرصت کہان کہ یہ عمل کرسکین ولہذا مجوزین کے دوگروہ ہوگئے۔ ایک جماعت اسطرف گئی ہے کہ یہ بات از باب انقلاب نہین ہے بلکہ از قسم مسخ اخروی ہے کہ اصل اوسکی آخرت مین ؤ ما بعد الموت احادیث کثیرہ سے ثابت ہے اور جب یہ معاملہ از قسم مسخ اخروی ہوا تو خلاصی عذاب سے نسبت فاسق وکافر کے کسطرح لازم آتی ہے بلکہ یہ بھی از قسم تعذیب ہے کہ اوسمین گرفتار رہے علماے ماترید یہ کا یہی مسلک ہے ملا معین شرح برزخ مین فرماتے ہین کہ انسان کیون جن ہوجاتا ہے عالم برزخ مین بالمسخ اور یہ تعذیب وغضب ہے خدا کی طرف سے جیسے روہ جاتا ہے جسطرح کرے امم سابقہ وقرون ماضیہ مین سور اور بندر ہوجاتے تھے مگر اللہ تعالی نے عالم شہادت مین اس عذاب سے امت مرحومہ محمدیہ کو محفوظ رکھا ہے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دعا کی برکت سے لیکن یہ ثابت ہے کہ

قیامت سے قریب اس امت مین بھی مسخ وخسف واقع ہوگا فقیر محمد اکبر ابوالعلائی
داناپوری مولف کتاب ہذا عرض کرتا ہے کہ بے شک آثار قیامت مین سے یہ
بات ثابت ہے مگر یہود و نصاری کا وجود باقی رہے گا معدوم نہوگا اوسی قوم مین سے وہ
لوگ ہونگے جو مسخ ہوجاینگے یا اسی امت کے بعض لوگ ایسے گنہگار ہو نگے جو اپنے
شامت اعمال کے سبب سے اُس امت سے خارج ہو جاینگے لہذا وہ اس امت
مرحومہ مین شمار نکیے جاینگے جسطرح بعض روایت سے ثابت ہے کہ خلفاے راشدین
رضی اللہ عنہم کے سبّ کی وجہ سے بعض آدمی بندر کی صورت مین مسخ کردیے گئے
یا یہ **قوم نیچری** جو آپ کو مسلمان ظاہر کرتی ہے مگر وہ حقیقت مین مسلمان نہین ہے جو
اُنکی زندگی کا اصول ہے وہ صرف اتباع خواہشات نفسانی پر مبنی ہے وہ شرم کی وجہ سے
اپنے عقاید کا اظہار نہین کرتے ورنہ اُنکا اصول زندگی بہایم کی مطلق العنانی سے کم نہین ہے
اگر کوئی ایسا ملک ہوکہ اس قوم کے سوا دوسرے مذہب کا کوئی آدمی نہو تو یہ کسی حلال وحرام
مین فرق نکرین اور بالکل وہی طرز معاشرت ہو جو حیوانوں کا ہے اگرچہ بعض مصلحت سے
اپنے آپ کو یہ مسلمان کہین مگر فی الحقیقت مسلمان نہین ہین اور کیا عجب ہے کہ رفتہ رفتہ
یہ کھلے بندون ویسے ہی آزاد ہوجایئن جیسے بعض یورپ مین ہین۔ **الغرض**
اسکے بعد فرماتے ہین کہ انسان کا عالم برزخ مین جن کی صورت مین مسخ ہونا غالباً کفار کے
واسطے ہو یا جو مومنین ظالمین اور زانئین ومغلمین مرے ہون مارے گئے ہون حالت
جنابت مین اسی طرح مرتدین غیر تائبین یعنی جن لوگوں نے توبہ نہین کی مگر یہ ضروری امر
نہین ہے اسلیے کہ اسکی کہین خبر نہین ہے کہ ایسے لوگ ضرور مسخ کیے جایئن گے۔ اور
صلحا اور اولیا مین مسخ کو دخل نہوگا اگرچہ وہ کسی وجہ سے ناپاک مرے ہون رحمت حق
اُنکی طہارت فرمائیگی مگر یہ ثابت ہے کہ مسخ قیامت مین ہوگا ضرور۔ چنانچہ روایت ہے کہ
اصحاب کہف کا کتا بلعم باعور کی صورت مین داخل بہشت ہوگا اور بلعم باعور سگ اصحاب کہف

کی صورت مین داخل دوزخ ہوگا - اور یہ روایت ہے کہ جو نمازی سجدے کی حالت مین اپنا
سر امام سے پہلے اُٹھاے قیامت مین اُسکا سر گدہے کا ہوگا - اور اسی قبیل سے رشوت
لینے والون کا اور جہوٹی احادیث بنانے والون کا مسخ انتہی - اور **دوسری جماعت**
اسطرف گئی ہے کہ یہ صورت نہ از باب انقلاب ہے نہ قسم مسخ اخروی سے ہے بلکہ بطور
تشبیہ کے ہے اور ہر قوم کی بلاغت و فصاحت اُسکے طریقہ علم ادب یعنی انشاپردازی پر منحصر
ہے جس آدمی کی حرکات و سکنات جس حیوان سے ملتی ہوتی ہے اُسکی تشبیہ اُسی سے
دی جاتی ہے جیسے مرد قوی و دلیر کو شیر کہتے ہین اور آدم بسیار خوار کو بیل سے نسبت کرتے
ہین اور انسان کم عقل کو گدہا کہتے ہین انتہی - **الغرض** منجملہ عجائبات آسمان اول کے
ایک قوم حضور پُر نور کو ایسی نظر آئی کہ لب اُنکے اونٹون کے سے ہین اور آگ اُنکی غذا
ہے جبریل علیہ السلام نے کہا یا رسول اللہ یہ وہ لوگ ہین جنہون نے یتیمون کا مال ناحق
کہایا ہے یہ بیہقی کی روایت ہے ابی سعید خدری سے - از انجملہ ایک اور قوم دیکھی گئی کہ
اُنکے بدن کا گوشت کاٹ کر اُنکو کہلاتے ہین جبریل علیہ السلام نے کہا یا رسول اللہ یہ
چغلخور اور نمام اور غمّاز اور غیبت گو اور عیب جو ہین **حدیث شریف** میں ان باتون کی
مذمت بہت آئی ہے پروردگار تعالی شانہ کتاب مجید و فرقان حمید مین فرماتا ہے ایۃ شریفہ
سورۃ الحجرات ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرھتموہ یعنی تم لوگون مین سے
کوئی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اپنے برادر مردہ کا گوشت کہاے اور پہر اسکو برا جانے -
از انجملہ ایک قوم نظر آئی کہ ما بین دنیا و آخرت کے قید تھی اور معلق ہوا مین لٹک رہی تھی جبریل
علیہ السلام نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ لوگ منافق ہین کما قال اللہ تعالی شانہ
ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار - بعد حساب و کتاب جہنم مین بہیج دئے جائینگے
اور منافقین کے لئے دوزخ مین جو طبقہ سب طبقون کے نیچے ہے اور اُسمین سب سے
زیادہ عذاب ہے وہ ہے **از انجملہ** ایک گروہ حضور کو نظر آیا دوزخ کے جنگل مین اونہر

ایسا شدید عذاب ہوتا تہا جسکے صدمہ سے اُنکی روح فنا ہو جاتی تہی اور پہر وہ از سر نو زندہ کیے جاتے تہے اور اُسی عذاب مین مبتلا کیے جاتے تہے جبریل علیہ السلام نے کہا کہ یہ لوگ مان باپ کے نافرمان ہین - **ازانجملہ** ایک گروہ عورتون کا نظر آیا کہ اُنکے مُنہ سیاہ اور آنکہین کرنجی آگ کا لباس پہنے ہوئے ہین اور گرز آتشین سے وہ ماری جاتی ہین اور اور مانند سگ و خوک کے وہ شور کرتی ہین جبریل ع نے کہا یہ وہ عورتین ہین جو اپنے شوہرون کی نافرمان بردار ہین اور اُنکو ایذائین دیتی ہین - ازانجملہ ایک گروہ نظر آیا کہ اُنکو فرشتگان عذاب آگ کی چہریون سے مار رہے ہین اور خون سیاہ اُنکے بدن سے جاری ہے اور ہر بار مرتے ہین اور پہر زندہ ہوتے ہین جبریل علیہ السلام نے کہا کہ یہ وہ لوگ ہین جنہون نے خون ناحق کیے ہین اور مسلمانون کو قتل کیا ہے بغیر کسی بدلہ کے - **فائدہ** یہ امور عجیبہ جو حضور نے ملاحظہ فرمائے ہین اُنکا ذکر کتب تاریخ مین ہے مگر احادیث مین مذکور نہین ہے - **کتاب الرویا مشکوٰۃ المصابیح** مین بروایت بخاری ایک احادیث ہے جس سے یہ بات ثابت ہے کہ یہ مشاہدات خواب ہین جنکا کسی وجہ سے بعض نے شب معراج مین ذکر کر دیا ہے -

عجائبات آسمان دوم

ازانجملہ ایک جماعت ملائکہ کی نظر آئی کہ صف بستہ رکوع مین مشغول تہی اُنکی تسبیح یہ تھی - سبحان الوارث الوسع سبحان الغنی الذی یدرک الابصار ولا یدرکہ الابصار سبحان العظیم العلیم جبریل علیہ السلام نے کہا یا رسول اللہ آپ بھی طلب کیجیے حضرت نے دعا کی تو رکوع نماز مین فرض ہوا - ازانجملہ ایک فرشتہ نظر آیا کہ اُسکے ستر سر ہین اور ستر مُنہ ہین اور ہر مُنہ مین ستر زبانین ہین اور ہر زبان سے اللہ تعالی شانہ کی تسبیح پڑہ رہا ہے - سبحان الخالق العظیم سبحان العظیم الاعظم جبریل ع نے کہا کہ اس

فرشتہ کا نام قاسم ہے اسکو اللہ نے بندونکی رزق رسانی پر معین کیا ہے ہر ایک کو رزق پہونچاتا ہے حدیث شریف مین ہے کہ جس بندے کو رزق کی تنگی ہووہ اس تسبیح کو نماز فجر کی فرض وسنت کے درمیان مین پڑھ لیا کرے ایک تعداد مقرر کرکے اللہ تعالیٰ شانہٗ اُسکے رزق مین کشایش وفراخی عطا فرمائے گا۔

عجائبات آسمان سوم

اس آسمان کے عجائبات بھی بہت ہین منجملہ اُنکے یہ ہے کہ متعدد صفین فرشتون کی نظر آئین کہ سب سجدہ مین اور یہ تسبیح پڑھ رہے ہین سبحان الخالق الذی لامفر ولاملجاء الا الله سبحان العلی الاعلی جبریلؑ نے عرض کی کہ انکی ازل سے ابد تک یہی عبادت ہے یا رسول اللہ آپ بھی اللہ تعالیٰ شانہٗ سے یہ عبادت طلب کیجیے آپ نے درخواست فرمائی اللہ تعالیٰ شانہ نے قبول کی سجدہ نماز مین فرض ہوا اور چونکہ ان فرشتون نے جواب سلام کا سر اُٹھا کر حضرت کو دیا تھا اور پھر سجدہ مین گر پڑے تھے اسلیئے دوسرا سجدہ فرض ہوا۔

عجائبات آسمان چہارم

اس آسمان کے عجائبات بھی بہت ہین اُنمین سے بعض بیان کیئے جاتے ہین منجملہ اُنکے یہ ہے کہ حضور نے ایک گروہ فرشتون کا دیکھا کہ سب کے سب قعدہ مین تھے اور یہ تسبیح اُنکی تھی سبحان الروف الرحیم سبحان النور المبین سبحان الذی لایخفی علیہ شی سبحان رب العالمین جبریلؑ نے حضرت سے کہا کہ ان فرشتون کی یہی عبادت ہے آپ بھی اپنی امت کیواسطے طلب کیجیے حضور نے یہ عبادت بھی مانگی اور مل گئی قعدہ نماز مین فرض ہوا۔ از انجملہ حضرت بی بی مریم پاک دامن والدہ حضرت

عیسی علیہ السلام ۔ اور حضرت نوخاندرو اپنے نوخاند مادر موسی علیہ السلام ۔ اور حضرت آسیہ
بنت مزاحم زوجہ فرعون اُنہون نے استقبال کیا حضرت مریم کے ستر ہزار محل مروارید سفید کے
تھے ۔ اور بی بی نوخاند مادر موسی علیہ السلام کے ستر ہزار محل زمرد سبز کے تھے ۔ اور آسیہ
خاتون کے ستر ہزار محل یاقوت سرخ کے تھے اور ستر ہزار مرجان کے تھے ۔ حضور نے ایک
فرشتہ کو کُرسی پر بیٹھے ہوئے دیکھا نہایت غمگین اور آزردہ اُس کرسی کے چار گوشے تھے
اور ساٹھ لاکھ پاسے اور اُسکے گرداگرد فرشتے کھڑے ہوئے تھے داہنی طرف کے فرشتے
نہایت خوبصورت اور لباس سبز پہنے ہوئے اور بائین طرف کے فرشتے بدصورت اور خشمگین
گرز آتشین ہاتھ مین لیے کھڑے ہوئے تھے اور ایک دفتر عظیم اُسکے سامنے رکھا
تھا اور ایک لوح اُسکے ہاتھ مین تھی اُسی پر نظر جمائے ہوئے تھا اور سامنے کرسی کے ایک
درخت تھا نہایت عظیم الشان اور اُسمین بے شمار پتے تھے اور ہر ایک پتے پر نام لکھا ہوا تھا
اور ایک طشت سامنے رکھا ہوا تھا وہ کرسی نشین فرشتہ بہت جلد جلد اُس طشت کیطرف
اپنا ہاتھ دراز کرتا تھا اور کچھ اُسمین سے لے لیتا تھا کبھی داہنے ہاتھ سے نورانی فرشتون کو دیدیتا
تھا اور کبھی بائین ہاتھ سے ظلمانی فرشتون کو دیدیتا تھا جبریل ؑ نے کہا یا رسول اللہ یہ کرسی نشین
فرشتہ عزرائیل ہے جو موکل قبض ارواح ہے پھر اُسنے حضرت کی تعظیم کی حضور نے پوچھا
کہ تو مغموم اور اندوہگین کیون ہے اُسنے کہا یا رسول اللہ خدا نے مجکو قبض ارواح کا عہدہ
دیا ہے لہذا مین سیاست کبریائی سے نہایت مخوف ہون حضور نے پوچھا کہ یہ طشت کیا ہے
کہا یہ مثال تمام دنیا کی ہے اس سرے سے اُس سرے تک میرا تصرف ہے پھر حضور نے
پوچھا کہ یہ لوح کیسی ہے اُسنے کہا اسمین سب کی اجل لکھی ہے اور یہ دفتر روزنامچہ ہے بندون
کا پھر حضور نے استفسار فرمایا کہ یہ درخت کیا ہے کہا کہ یہ نشان ہے نیک و بد کی زندگی کا اسکے
پتون پر ایک طرف نام لکھا ہے اور دوسری طرف سعادت و شقاوت لکھی ہے جب کوئی بندہ
مرض الموت مین مبتلا ہوتا ہے تو اُسکے نام کا پتہ زرد ہوجاتا ہے اور جب اجل آ پہونچتی ہے

تو وہ پتہ درخت سے جہڑکر لوح پر گرپڑتا ہے اور نام اُسکا لوح سے مٹ جاتا ہے یہان سے مین ہاتہہ بڑہاکر روح اُس بندہ کی قبض کرلیتا ہون اگرچہ وہ کسی مقام پر ہو جو نیک بخت ہے اُسکی روح تو ابعین اہل رحمت کو دیتا ہون اور جو بدبخت ہے تو اُسکی روح فرشتگان عذاب کے حوالہ کرتا ہون پہر حضور نے پوچہا کہ کتنے فرشتے تیرے ماتحت ہین اُسنے کہا کہ مین نہین جانتا اللہ کو اسکا علم ہے حضرت نے پوچہا کہ اے ملک الموت تو خود جاکر روح قبض کرتا ہے یا تیرے توابع اُسنے کہا کہ مین اپنے توابع کو بہیجتا ہون جب وہ روح قبض کرکے حنجرہ حلق تک لاتے ہین تو مین یہین سے ہاتہہ بڑہاکر اُس روح کو قالب سے باہر لاتا ہون پہر حضور پُر نور نے ملک الموت کا ہاتہہ پکڑا اور اپنی امت کیواسطے سفارش فرمائی -

حضرت محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ العزیز نے فتوحات مکیہ مین لکہا ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ ایسا کوئی گہر نہین جسمین موت کا فرشتہ دن مین پانچ وقت نہ آتا ہو جسکی موت آتی ہے اُسکی روح کو قبض کرتا ہے اور اُسکے گہر والے روتے ہین اور واویلا کرتے ہین اور وہ موت کا فرشتہ کہتا ہے کہ افسوس ہے تمہاری گریہ وزاری پر مینے تمہارا رزق نہین کم کیا اور کسیکو اُسکے عوض نہین مارا اور بغیر حکم خدا یہان نہین آیا اور یاد رکہو کہ مین پہر آؤنگا پہر اونگا یہانتک کہ کسیکو نچہوڑونگا - پہر آپ نے دریاے برف ملاحظہ فرمایا اسکا ذکر اور بحر النقم کا ذکر اوپر معراج مین گذرچکا ہے - ازانجملہ آپ نے آفتاب کو ملاحظہ فرمایا ابن عباس سے روایت ہے کہ میدان آفتاب کا اسی ہزار برس کی راہ ہے - اور بعض مفسرین نے قرارگاہ خورشید زیر عرش لکہی ہے کذافی العرایس

فائدہ عجایب آسمان پنجم

آسمان پنجم کے عجائبات بہی بہت ہین منجملہ اُنکے ایک یہ ہے کہ ملایکہ کا بہت بڑا گروہ مصروف عبادت نظر آیا کہ وہ قیام مین ہین اور پشت پا پر نظر جمی ہوئی ہے اور تسبیح اُن کی یہ ہے

سبحان القاضی لا اکبر سبحان العدل الذی لا یجور۔ حضرت جبریلؑ نے
کہا انکی عبادت یہی ہے یا رسول اللہ آپ بھی اپنی امت کیواسطے طلب کیجئے تو آپ کو اور
آپکی امت کو عنایت فرمائی جاسے حضرت نے دعا مانگی اور ملی لہذا نماز مین حضور قلب اور
عجز و نیاز لازم ہوا فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے۔ لا صلوٰۃ الا بحضور القلب۔
ازانجملہ حضور نے ایک دریا آگ کا ملاحظہ فرمایا اور گرد اُسکے فرشتگان تندخو و بدمزاج تھے
جبریلؑ نے کہا یہ بحر الصعق ہے کہ برق سوزندہ و جہندہ اسی سے نکلتی ہے۔

عجائبات آسمان ششم

جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مشاہدہ کئے بے انتہا ہین منجملہ اُنکے کچھ بیان
کئے جاتے ہین ایک گروہ فرشتون کا حضور نے ملاحظہ کیا کہ کمال عجز و نیاز سے عبادت مین
مشغول تھے اور اُنکی تسبیح یہ تھی سبحان من یسبح لہ اللہ امر فی امکنہ سبحان من
یسبح لہ الانعام فی صحاریها سبحان من یسبح لہ الوحوش فی براسیها سبحان
من یسبح لہ الدیدان فی ضیفها وفنکها۔ ازانجملہ ایک دروازہ کافور کا نہایت عظیم الشان
نظر آیا اُسمین دو کواڑ تھے اُسمین قفل لگا تھا جبریل علیہ السلام نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم یہ **باب الامان** ہے اور وجہ تسمیہ اسکی یہ ہے کہ جب دوزخ کو باریتعالے
شانہ نے پیدا کیا تو ایک دن اُسکی آگ بھڑکی کچھ پتنگے اُس آگ کے جھڑے تو جو مخلوق کہ
اُسوقت دنیا مین بستی تھی وہ سب جلکر خاک ہوگئی ملایک افلاک اور باقیماندگان ساکنان
کرۂ خاک مین الامان الامان کا شور برپا ہوا اُسوقت پروردگار تعالیٰ شانہ نے اس دروازے
کو درمیان دوزخ اور کائنات کے کھڑا کر دیا بس کائنات مین امن ہوگیا پھر حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنی انگشت مبارک کے اشارے سے اُسے کھولا جب دروازہ
کھلا تو دھوان اور اندھیرا اور غبار دوزخ کا ظاہر ہوا پھر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے

دوزخ مین نظر کی تو دیکھا کہ ایک فرشتہ نہایت طویل القامت عظیم الجثہ سیاہ لباس پہنے ہوئے لوہے کے منبر پر بیٹھا ہے اور اُسکی صورت نہایت خوفناک ہے اور اُسکے سامنے بہت سے فرشتے ویسے ہی ترش رو اور ہیبت ناک گرز آتشین ہاتون میں لئے کھڑے ہین اور وہ سر جھکائے یہ تسبیح پڑھ رہا ہے۔ سبحان الذی لا یجور ھو ملک جبار سبحان المنتقم من اعدائہ سبحان المعطی من یشاء سبحان من لیس کمثلہ شئی اور اُسکے مُنہ سے آگ کے شعلے نکل رہے ہین اور ناک کے دونون نتھنے بھی آتش بار ہین اور دونون آنکھون سے بھی آگ بھڑک رہی ہے جبریلؑ نے عرض کی کہ یا رسولؐ اللہ اس فرشتے کا نام مالک ہے اور یہ نگہبان دوزخ ہے یہ جس دن سے پیدا ہوا ہے کبھی ہنسا نہین نہ کبھی خوش ہوا ہے حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُسے سلام کیا اُسنے کچھ جواب نہ دیا اور وہ اپنی تسبیح مین ایسا مشغول تھا کہ اُسے بالکل خبر نہوئی جبریلؑ نے کہا کہ اے مالک یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہین اُسوقت اُسنے سر اُٹھایا اور جواب سلام کا دیکر تعظیم کو اُٹھا اور حضرتؐ کا دست مبارک پکڑا اور کہا یا محمد صلی اللہ علیک وسلم اللہ جل جلالہٗ وتعالیٰ شانہ کے کرم و رضا کی آپ کو بشارت ہے اور آتش دوزخ آپ پر حرام کی گئی ہے۔ جو شخص آپ کی اطاعت کرے گا آتش دوزخ سے پناہ مین رہے گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ دوزخ کے فرشتے ہزار برس دوزخ کی پیدائش سے پہلے پیدا ہوئے ہین اور ہر روز اُنکی قوت بڑھتی رہتی ہے۔ ازانجملہ ایک فرشتہ کرسی پر بیٹھا ہوا نظر آیا اور اُسکے سامنے بہت بڑی ترازو استادہ ہے اور اعمال نامے بے شمار اُسکے پاس رکھے ہوئے ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پوچھا کہ یہ کون فرشتہ ہے جبریل علیہ السلام نے کہا یہ میکائیلؑ ہے حضرت نے اُسے بڑھکر سلام کیا اُسنے جواب دیا اور معانقہ کیا اور کہا زادک اللہ کرامۃً وفرحاً پھر کہا یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم آپ کو بشارت ہو کہ آپکی امت کی برابر خیر وبرکت کسی امت کو نصیب نہین ہوئی اور اُنکے

عمل کا پلہ سب اُمتون کے پلہ سے بہاری ہے زہے نصیب اُسکے جسنے آپکی شریعت
کی پیروی کی اور آپ کا حکم مانا اور دوستدار ہوا اور افسوس ہے اُسپر جسنے آپ کی اتباع نکی
اور آپ کی نافرمانی کے سبب سے آپ کا دشمن قرار پایا اور میکائیل ؑ کے بہت خادم تہے اُسنے
عرض کی یا رسول ؐ اللہ یہ سب آپ کے خادم ہین **آدم** علیہ السلام کی پیدائش سے پچیس
ہزار برس پہلے سے آپ پر درود بہیج رہے ہین اُنہین خادمون مین سے ایک فرشتہ
موکل ہے مینہ کی بوندون پر اور برف پر اور گہاس پر جو زمین سے اُگتی ہے اور تسبیح میکائیل
کی یہ ہے سبحان رب کل مومن و کافر سبحان من یضیع من هیبتہ
ما فی البطون الحوامل **ازانجملہ** ایک دریا نظر آیا کہ اُسمین بے شمار فرشتے ہین اور اُنکی
تسبیح یہ تہی سبحان القادر المقتدر الکریم الاکرم سبحان رب العلی الاعظم
جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ بحر اخضر ہے۔ **ازانجملہ** پہر ایک اور دریا نظر آیا کہ اُسکا پانی نہایت
سیاہ اور تاریک تہا اور اُسمین بہی بہت فرشتے تہے اور وہ یہ تسبیح پڑہ رہے تہے۔ سبحان
من علی قصر سبحان المطلع علی من ضاقت وجہہ جبرئیل ؑ نے کہا کہ مین نہ ان فرشتون
کو جانتا ہون نہ اس دریا کو اسکی حقیقت خدا ہی کو معلوم ہے **ازانجملہ** ایک میدان نظر آیا
جو نہایت معطر تہا جبرئیل علیہ السلام نے عرض کی کہ یا رسول ؐ اللہ یہ سب خوشبو جنت کی ہے
اور بہشت سے آواز آتی تہی۔ یا رب آتنی بما عدتنی فقد کثر عبقری و استبرقی
و حریری و سندسی یعنی اے پروردگار میرے عنایت کر مجکو جنکا تو نے وعدہ فرمایا ہے
بڑہ گئے ہین فرش نفیس میرے اور لباس دیبا و حریر کے جو نفیس اور نازک ہین جبرئیل علیہ السلام
نے کہا یا حبیب اللہ یہ آواز بہشت کی ہے پہر اُسکا جواب پروردگار تعالیٰ شانہ نے دیا ولک
کل مسلم و مسلمۃ و مومن و مومنۃ یعنی تیرے لئے ہین سب ایماندار زن و مرد نہین
ہے خدا سوا میرے اور مین جہوٹا وعدہ نہین کرتا بہشت نے عرض کی قد رضیت
ازانجملہ ایک صحرا حضور نے ملاحظہ فرمایا نہایت بدبو اُسمین تہی جبرئیل ؑ نے عرض کی یا رسول ؐ اللہ

یہ جہنم کی بو ہے اور اُسمین سے یہ آواز آتی تھی کہ یا خدا جو شخص میرے لایق ہے اور جسکا
تو نے وعدہ کیا ہے اُسکو میرے پاس پہونچا میری زنجیرین میرے طوق میرا گرم پانی میری
خار و اگھاس وغیرہ طیار ہین - پروردگار نے جواب مین ارشاد کیا تیرے واسطے ہین سب مشرک
و مشرکہ و کافر و کافرہ دوزخ نے عرض کی مین راضی ہوئی -

عجائبات آسمان ہفتم

بہت ہین کتاب مختصر مطالب کثیر اکثر عجائبات قلم انداز ہوئے **ازانجملہ** ایک عظیم الشان
کمال نورانی فرشتہ کرسی پر بیٹھا ہوا نظر آیا تسبیح اُسکی یہ تھی **سبحان المتحجب من خلقہ**
سبحان السمیع العلیم - سبحان ربنا وتعالیٰ - جبرئیل علیہ السلام نے عرض کی یہ
اسرافیلؑ صاحب صور ہے - **ازانجملہ** ایک گروہ عابدون کا نظر پڑا کہ با ادب کھڑے ہوئے
پکار پکار کر پڑہ رہے تھے - **سبحان الجلیل الکریم الحلیم من لا یصف الوصفون**
کنہ عظمتہ وصفتہ عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احداً - **ازانجملہ** ایک فرشتہ
نظر آیا کہ اُسکے بہت سے سر تھے اور ہر سر مین بہت سے چہرے اور ہر چہرے مین بہت سے
مُنہ اور ہر مُنہ مین بہت سے زبانین اور ہر زبان مین جداگانہ لغات اور ہر لغت مین یہ تسبیح
پڑہ رہے ہے **سبحان ما اعظم شانک سبحان یا سیدی ما اعلیٰ مکانک سبحان**
یا سیدی ما ارحم بخلقک -

غرایب سدرۃ المنتہیٰ

سدرۃ المنتہیٰ کے عجائبات بھی بے شمار ہین **ازانجملہ** ایک یہ ہے کہ حضور نے ایک نہر
دیکھی جسکے کنارے پر یاقوت و مروارید و زمرد کے خیمے کھڑے تھے اور سبز پرندون کا
جسکے گرد اگرد خوشنما جُھرمٹ تھا جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ حوض کوثر یہی ہے جو آپ کو

ملا ہے اسکے سنگ ریزے یاقوت و زمرد کے ہین پانی اسکا جیسا سفید ہے ویسا ہی
شیرین ہے شہد سے بہت زیادہ شیرین اور لطیف ہے اور اسپر جو بے شمار ستارے
چمک رہے ہین یہ آبخورے ہین ہر مومن کے نام پر جُدا جدا رکھے ہین حضرت سرورعالم
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ایک آبخورہ اُٹھایا اور اُس مبارک حوض سے جو آپ کو
پروردگار کے حضور سے عطا ہوچکا تھا پانی لیکر پیا واقعی وہ ایسا ہی تھا جیسی اُسکی تعریف
حضرت جبریل علیہ السلام نے کی تھی ازانجملہ اُسی سدرۃ المنتھی کی جڑ سے نکلا ہوا ایک اور
چشمہ حضور نے ملاحظہ فرمایا جسکا نام **سلسبیل** تھا **فائدہ** وہ عجائبات آسمانی جو حضور نے
معراج سے مراجعت کے وقت ملاحظہ فرمائے ہین کتب حدیث مین مفصل مذکور ہین مگر یہان
بطور مختصر بیان ہوتے ہین **ازانجملہ** فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ جبرئیل مجکو
بہشت مین لے گئے منازل و درجات بہشت کے دکھلائے حور وقصور وغلمان ودرخت
ومیوہ وباغ وسبزہ ونہر وحوض اور جو کچھ بہشت مین ہے مینے دیکھا حضرت فرماتے ہین
کہ جب مین بہشت کی سیر کرچکا تو جبرئیل نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے مالک کے پاس لایا اور
کہا اپنے قیدیون کو دکھلا اُسنے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کی کہ آپ
اپنے قدم مبارک کے نیچے نظر کیجیے حضور فرماتے ہین کہ مینے نظر کی تو آسمان وزمین شق
ہوے اور بیت المقدس نظر آنے لگا وہان ایک شخص ہیبت ناک نظر آیا مالک نے اُسکو پکارا
اُسنے باواز سخت لبیک کہا حضرت جبرئیل نے عرض کی کہ یہ خازن دوزخ ہے اس کا
نام صرحائیل ہے دوزخیون پر سختی کرنا اور اُنکو سزا دینا اسکا کام ہے پھر اُسنے درکات دوزخ
کے دکھلائے مفصل بیان اسکا کتب احادیث مین ہے طوالت کا خیال مانع تفصیل ہے
اوّل طبقہ دوزخ پر لکھا ہے فویل للمصلین الذینھم عن صلوتھم ساھون
اسے تارک الصلوۃ مسلمانون یہ حضور پرنور سرور عالم صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ
وسلم کی چشمان خدابین کا مشاہدہ ہے اب آپ حضرات نماز کے نسبت کیا کہتے ہین اب

بھی نماز آپ پر فرض ہوئی یا نہیں ۵

سر نوشت وار گون را راست میساز د نماز عکس معکوس نگین در سجده میگردد درست

طبقہ دوم دوزخ پر لکہا ہے ویل للمشرکین **طبقہ سوم دوزخ** پر لکہا ہے ویل للمکذبین **طبقہ چہارم دوزخ** پر لکہا ہے ویل للمطففین **طبقہ پنجم دوزخ** پر لکہا ہے ویل للقاسیۃ قلوبھم عن ذکر اللہ **طبقہ ششم دوزخ** پر لکہا ہے ویل لکل ھمزۃ لمزۃ **طبقہ ہفتم دوزخ** پر لکہا ہے ویل للذین یکتبون الکتاب بایدیھم ویقولون ھذا من عند اللہ **فائدہ** معراج اسم آلہ ہے عروج سے مراد اس سے نردبان ہے کہ اُسکے ذریعہ سے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عروج کیا اور ساتون آسمانون سے گذر گئے اُس معراج کے دو عارض تھے یعنی بانس جو وہ بڑے بڑے بانس ہوتے ہین جنپر زینہ قایم کیا جاتا ہے ایک یاقوت سرخ کا اور دوسرا زمرد سبز کا اور اُسکے پر تھے زمرد سبز کے بہت عریض وطویل یہ معراج راستہ ہے اُن فرشتونکا جو آسمان پر زمین پر آتے ہین اور جاتے ہین۔ روایت ہے کہ حضرت عزرائیل کے توابع اسی راہ سے انسانون کی قبض ارواح کے لئے آتے جاتے ہین آلغرض یہ معراج وہ ہے کہ جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عروج فرمایا اور مکہ معظمہ سے بیت المقدس تک تو براق زمین پر گیا اور بیت المقدس سے اسی معراج پر براق پر سوار حضرت تشریف لے گئے۔ مکہ معظمہ سے بیت المقدس تک کے مبارک سفر کا نام **اسرا** ہے جو شخص اسرا کا منکر ہے وہ کافر لنزول القرآن فیہ اسلئے کہ قرآن اسپر ناطق ہے اور بعض محققین یون فرماتے ہین کہ ہمارے نزدیک جنت الماوی اور عرش وکرسی تک حضور کا تشریف لیجانا قرآن سے ثابت ہے اور وہ آیت کریمہ قال فما خطبکم کے چوتھے رکوع مین ہے محقق علام صاحب تفریح الاذکیا فرماتے ہین کہ میرے نزدیک اس سفر مبارک کا منکر بھی کافر ہے اور جو کچھ اس باب مین احادیث مشہورہ سے ثابت ہے اُسکا منکر مبتدع اور خیال ہے اور جو کچھ احادیث غریبہ مین وارد ہے

اُسکا منکر جاہل ہے۔ **تنبیہہ** بعض عیسائی کہتے ہین کہ **مسجد بیت المقدس** چھہ سو برس پیشتر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے نیست ونابود ہوچکی تھی پھر وہان حضرت کسطرح تشریف لے گئے **جواب** اُسکا یہ ہے کہ نہ توکسی تفسیر اور نہ **حدیث** اور نہ تاریخ سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ بیت المقدس نیست ونابود کیا گیا تھا عمارت موجود تھی مگر خاک سے مٹی بھردی گئی تھی اور بیت المقدس کی بےحرمتی اوّل تو بخت نصّر مجوسی نے بنی اسرائیل کے مقابلہ کے وقت کی تھی مگر کورنش ہمدانی نے بعد اس خرابی کے تیس ہزار معمارون سے ولایت ایلیا کو آباد کیا اور عمدہ طرح سے اُسکی ترمیم کی بعد اسکے پہر طیطوس رومی نے اس مبارک مقام کی تخریب کی اور بنی اسرائیل کو قتل کیا اور لوٹا مگر عمارت مسجد کا نیست ونابود کرنا کہین ثابت نہین ہوتا اور نہ یہ ثابت ہے کہ عرصہ چھہ سو برس مین پہر اس مسجد کو کسی نے باوصف اسکے کہ قبلہ سلاطین اور امراے بنی اسرائیل تھی درست نہین کیا اور یہ بھی ظاہر ہے کہ بیت المقدس مکہ معظمہ سے بہت دور کے فاصلہ پر نہ تھا عرب تجارت کے ذریعہ سے ہمیشہ آتے جاتے رہتے تھے اور پھر جب معجزہ معراج شریف واقع ہوا تو وہ تمام شکوک رفع ہوگئے اور یہ بات ثابت ہوگئی کہ بیت المقدس موجود تھا کفار مکہ کو اسکا بڑا خیال تھا جو قافلہ شام سے آتا تھا وہ بیت المقدس کے آثار وعلامات اُن سے پوچھتے تھے اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بیان کے مطابق پاتے تھے اور بعض نے تو مزید تحقیق کے لئے اپنے اپنے قاصد روانہ کئے تھے جس سے اُنکا اطمینان ہوگیا تھا۔ ولیم پیل انگریز کی ایک کتاب ہے جس کا نام مفتاح التواریخ ہے اور وہ فارسی زبان مین ہے اُسکی عبارت یہ ہے۔

مسجد اقصیٰ در شہر اورسلیم است کہ آنجا بیت المقدس در ایام سلف استادہ بود چون یکے از قیاصرہ روم کہ اصنام پرست بود در سنہ ہفتاد عیسوی بیت المقدس را از بیخ وبن برکندہ مسمار ساخت بعد ازین سہ سال قیصر روم بسبب آنکہ آن مکان مولد حضرت عیسیٰؑ است مسجد اقصیٰ را تعمیر ساختہ بود حضرت عمر بن خطاب در ایام خلافت خود ۶۳۷ عیسوی آن شہر را تسخیر نمود

انتہی بلفظہ اس عیسائی مورخ کی شہادت سے ثابت ہوتا ہے کہ بناے جدید مسجد اقصی تین سو برس معراج شریف سے پہلے ہوئی ہے **بعض حضرات** نے یہ بیان کیا ہے کہ واقعہ معراج شریف نبوت کے بارہوین سال واقع ہوا اور سال و ماہ و یوم و تاریخ مین بھی کچھہ اختلاف ہے مگر مین اُن اختلافات کو چھوڑتا ہون کہ ناظرین کتاب ہذا کی طبیعت پریشان نہو اُسی قول کو لکھتا ہون کہ جسپر اب علماے حرمین شریفین کا عمل ہے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح سفر السعادت شب بست و ہفتم ماہ رجب حسب قول مشہور لکھی ہے اور یون معراج کی نسبت ابن دحیہ کا قول ہے کہ انشاء اللہ شب دوشنبہ ہی ہوگی تاکہ موافق مولد و مبعث و ہجرت و وفات کے پڑے اور بعض نے شب جمعہ بھی بیان کی ہے۔ کچھہ لوگ شب شنبہ کی روایت بھی کرتے ہین۔ اس مقام پر بہت ضروری بات یہ ہے کہ کن کن بزرگون نے معراج کی روایت کی ہے اُنکے اسماے گرامی کیا ہین اور یہ اسما یاد رکھنے کے قابل ہین۔

راویان معراج کے اسماے گرامی

۱ مصدق اول حضرت خلیفہ اول خیر البشر بعد الانبیاے بالتحقیق سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ۲ حضرت امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ۳ حضرت جامع القرآن سیدنا عثمان ابن عفان ذی النورین رضی اللہ عنہ ۴ حضرت مشکلکشا سیدنا علی مرتضی رضی اللہ عنہ ۵ حضرت عبداللہ ابن عباس ۶ عبداللہ بن عبدالمطلب۔ ۷ عبداللہ بن عمر ابن الخطاب ۸ عبداللہ بن زبیر۔ ۹ عبداللہ ابن مسعود۔ ۱۰ عبداللہ بن اوفی۔ ۱۱ عبداللہ بن عامر۔ ۱۲ ابوہریرہ انصاری۔ ۱۳ انس ابن مالک ۱۴ جابر ابن عبداللہ انصاری۔ ۱۵ بلال ابن سعید۔ ۱۶ بلال حبشی مولاے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔ ۱۷ مالک ابن صعصعہ۔ ۱۸ حذیفہ بن الیمان۔ ۱۹ ابوسلمہ۔ ۲۰ ابوایوب انصاری۔ ۲۱ ابوامامہ باہلی۔ ۲۲ عمران ابن الحصین۔ ۲۳ اسامہ ابن زید۔ ۲۴ ابوذر غفاری۔ ۲۵ ابی ابن کعب۔

[26] ابوسعید خدری [27] ابو درداء [28] عبدالرحمن بن عوف [29] حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا [30] ام ہانی بنت ابی طالب - [31] ام کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم -

حضرت مولنا شاہ عبدالعزیز قدس سرہٗ فرماتے ہین کہ جناب سرور انبیا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو دو معراجین علم ازلی مین مقدر تہین ایک معراج علوی دوسری معراج سفلی معراج علوی مین تن تنہا **تشریف** لے گئے اور حضرت صدیق اکبر کی آوازسے مانوس ہوئے اور معراج سفلی مین جو غار ثور ہے اپنے یار غار کی رفاقت مین رہے اور مکہ معظمہ سے ڈہائی کوس کے فاصلہ پر ہے معراج علوی مین براق پر سفر کیا اور اس معراج مین صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دوش پر اللہ تعالی شانہٗ نے صدیق اکبر کو کیسا خوش قسمت پیدا کیا تہا سبحان اللہ وبحمدہٖ یہ معراج حضرت کو چہارشنبہ کے دن ماہ صفر کی انتیسوین تاریخ کو حاصل ہوئی اُسی دن مہتاب ظاہر ہوا اور صبح غرہ ربیع الاول قرار پایا **رویت باری تعالی شانہ** تفسیر شاہی مین ہے کہ آیتہ لاتدرکہ الابصار وہو یدرک الابصار یعنی نہین دیکہہ سکتین اُسکو آنکہین اور وہ دیکہتا ہے آنکہون کو اس آیت سے نفی ادراک ہے رویت کی نفی نہین ہے ادراک کے معنی ہین واقف ہونا اور جوانب وحدود شئے مرئی کے اور رویت صرف دریافت کرنا ایک شئے کا بینائی کے ذریعہ سے نفی ادراک سے نفی رویت لازم نہین آتی اور ابصار سے کافرون کی آنکہین مراد ہین جو یہان اور وہان دونون جگہہ رویت حق سے بے نصیب ہینگی - انس اور ابن عباس اور حسن اور عکرمہ رضی اللہ عنہم اس مسئلہ کے قائل ہین کہ حضرتؐ نے اپنے رب کو اپنی چشمان مبارک سے دیکہا چنانچہ ترمذی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ ابن عباس نے کہا کہ دیکہا محمدؐ نے اپنے پروردگار کو چشم سر سے مین نے کہا کہ لاتدرکہ الابصار کے کیا معنی ہین ابن عباس نے کہا کہ افسوس ہے تجہپر یہ اوسوقت فرمایا ہے کہ جب حضرت حق بنور ذات تجلی فرماوے اور حضرت ابن عمرؓ نے حضرت ابن عباسؓ سے کہلا بہیجا کہ حضرت محمد رسول اللہؐ نے معراج مین اپنے رب کو دیکہا یا نہین آپ نے کہا کہ ہان دیکہا اور یہ فرمایا کہ اللہ تعالی شانہ نے **خلت** ابراہیم علیہ السلام کو دی اور **کلام** موسی علیہ السلام کو اور **رویت** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو - **قاضی عیاض نے شفا** مین لکہا ہے

کہ نقاش نے امام احمد سے حکایت کی ہے کہ وہ فرماتے تھے مین بلاحظہ حدیث ابن عباس
کہتا ہون کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو چشم سر سے دیکھا اور اس کلام کو اتنا تکرار سے
فرمایا کہ اُنکی سانس رُکنے لگی - اور امام ابو الحسن اشعری اور امام حسن بصری سے منقول ہے
کہ قسم کھائی اور کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے اکثر صحابہ
اس پر متفق ہین اور یہی مذہب ہے عروہ ابن زبیر اور کعب احبار اور زہری اور صحابہ وتابعین
اور تبع تابعین کا رضوان اللہ علیہم - اور مسلم نے ابو العالیہ سے اور اُسنے ابن عباس سے
تفسیر آیت کریمۂ ما کذب الفواد ما رأی مین بیان کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
حضرت حق کو دو مرتبہ دیدۂ دل سے اور طبرانی نے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ دیدۂ دل سے اور
دوسری مرتبہ چشم ظاہر سے دیکھا - لیکن سعید ابن جبیر کہتے ہین کہ اس مقام مین توقف اولیٰ
ہے اسلیے کہ دلائل فریقین باہم متعارض ہین اور یہ عملیات مین نہین ہے کہ دلیل ظنی پر اکتفا
کیجاے فافہم الغرض بعد اس واقعۂ عجیبہ کے اسی سال **یعنی نبوت کے بارہوین**
سال بیعت عقبہ ثانیہ واقع ہوئی بارہ آدمی قبیلۂ اوس و خزرج کے اُن چھ نفر مسلمانون
کے ساتھ آئے جو عقبہ **اولیٰ** مین بیعت کر گئے تھے اور اُسی مقام مین حاضر ہوئے اُنکے
اسماے گرامی یہ ہین - اسعد ابن زرارہ و عوف و معاذ پسران عفرا و رافع ابن العجلان
وذکوان ابن عامر وعبادہ ابن صامت و یزید ابن ثعلبہ و عباس ابن عبادت و عقبہ ابن عامر
از قبیلۂ خزرج و ابو الہیثم ابن التیہان و عویم ابن ساعدہ اور ایک شخص اور جسکا نام کتب حدیث
و سیر مین صحیح بے اختلاف نہین ملتا یہ قبیلہ اُس سے تھے ان حضرات نے اس طریقہ
سے بیعت کی کہ ہم کسیکو اللہ تعالیٰ شانہ کا شریک نہ ٹھیرائینگے اور چوری اور زنا نکرینگے اور اولاد
کو قتل نکرینگے اور کسی پر بہتان نہ باندھین گے یعنی کسی پر جھوٹا دعویٰ نہ کرینگے اور جھوٹی گواہی
نہ دینگے یا کسی معاملہ مین جھوٹی قسم نہ کھائین گے اور آپ کی نافرمانی نکرینگے اور اسی طریقہ پر عورات
مومنات کی بیعت واقع ہوئی جسکا ذکر پروردگار تعالیٰ شانہ نے سورہ ممتحنہ مین فرمایا ہے اور اس

اور اس بیعت مین اقرار جہاد اس سبب سے نہین لیا گیا کہ اس وقت تک جہاد فرض نہین ہوا تھا بیعت کے بعد ان حضرات نے عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ ایک شخص ہمارے ساتھ کر دین جو ہمین قرآن کی تعلیم کرے اور احکام **شرع** بتلاسے حضور نے مصعب ابن عمیر عبدری کو رخصت کرتے وقت اونکے ہمراہ کر دیا انہین لوگون نے مصعب کا نام مقری یعنی قرات سکہانے والا رکہا تہا اور انہین مصعب نے اول مدینہ طیبہ مین نماز **جمعہ** پڑہی اور انہین نے دعوت اسلام مدینہ منورہ مین جاری کی اور کلمہ اسلام انہین کے سبب سے بعنایت حق مدینہا سکینہ مین شایع ہوا کہ اشراف و اکابر سب ایمان لاے اور سب نے اپنے اپنے **بت توڑ** ڈالے اور ہر گہر مین کوئی نہ کوئی مرد یا عورت مسلمان ہو گئے **بیان وعظ مصعب ابن عمیر** ایک دن مدینہ پاک مین مصعب ابن عمیر بنی عبد الاشہل کے باغ کے دروازہ پر قرآن شریف پڑہ رہے تہے کہ سعد ابن معاذ کو جو اسعد ابن زرارہ کے خالاتی بہائی تہے خبر ہوئی وہ نیزہ لیکر غصہ کی حالت مین آئے اور کہا کہ یہان سے چلے جاؤ نہین تو مین تمکو بہت سخت سزا دونگا مصعب ابن عمیر وہان سے اوٹہ گئے دوسرے دن پہر اسعد ابن زرارہ کے ساتہ اوسی جگہہ آکر وعظ فرمانے لگے پہر کسی نے یہ خبر معاذ کو پہونچائی وہ پہر آ پہونچے مگر بہ نسبت روز اول کے کچہہ نرمی سے گفتگو کی سعد ابن زرارہ نے کہا کہ اے بہائی یہان بیٹہہ کر سنو تو کہ یہ کہتے کیا ہین اگر انکا کلام تمہین پسند نہ آئے تو تم اس سے بہتر کہکر ہمین سناؤ اور جو انکے کلام مین ہدایت ہو تو مانو سعد ابن معاذ نے مصعب ابن عمیر سے کہا کہ اچہا آپ کیا فرماتے ہین مصعب نے کہا کہ یہ جو مین پڑہتا ہون اللہ تعالیٰ شانہٗ کا کلام ہے آپ بیٹہہ جائین اور اطمینان سے سنین وہ بیٹہہ گئے حضرت مصعب نے سورہ حم کی اول آیت اونکو پڑہ کر سنائی بسم اللہ الرحمن الرحیم حم والکتاب المبین انا جعلنا قرانا عربیا لعلکم تعقلون وانہ فی ام الکتاب لدینا لعلی حکیم آخر تک سعد ابن معاذ سنکر کمال محظوظ ہوئے اور متغیر الحال ہو گئے اگرچہ اونہون نے اوسیوقت کلمہ شہادت

نہین تو ہاں مگر اونکا دل نور ایمان سے روشن ہوگیا اور اپنی قوم مین آکر بنی عبد الاشہل کو بلایا اور خود مسلمان ہوکر اونکو دین اسلام کی دعوت کی اور کہا کہ اے صغیر وکبیر جسکو اس امر مین شک ہو وہ اس سے بہتر کہہ کے آئے بنی عبد الاشہل تم لوگون مین میرا مرتبہ کیسا ہے اون لوگون نے جواب دیا کہ انت سیدنا وافضلنا فرمایا کہ مجھے تمسے کلام کرنا حرام ہے جبتک تم ایمان نہ لاؤ گے چنانچہ اوسیوقت سب کے سب ایمان لائے۔

یہ عبارت جو مینے اوپر تحریر کی ہے تفریح الاذکیا کے مصنف علام کی ہے اور یہ جواب لکھتا ہون بتحقیق محقق کامل ابن الاثیر الجزری رحمۃ اللہ علیہ کی ہے وہ یون تحریر فرماتے ہین۔

مدینہ والون کا مکہ معظمہ مین آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم سے اپنے ملک لیجانے اور حمایت کرنے کے واسطے بیعت کرنا

جب انصار مین اسلام پہیل گیا تو کچہہ لوگون نے جمع ہوکر یہ ارادہ کیا کہ اسطرح چُہپ کر حضور رسالت پناہ مین حاضر ہون کہ کسیکو خبر نہو چنانچہ یہ پاک جماعت موسم حج یعنی ذی الحجہ کے مہینے مین اپنی قوم کے کفار کے ساتھ مکہ کو آئی اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین حاضر ہوئے اور آپ سے وعدہ کیا کہ ایام تشریق کے وسط مین ہم آپکے جمال باکمال کی زیارت عقبہ کے مقام پر کرینگے جب اوس وعدہ کی شب ہوئی تو دو ثلث شب گذرنے کے بعد ایک ایک آدمی فرداً فرداً اپنی جماعت سے نکلا اور عقبہ مین جاکر سب جمع ہوئے یہ سب ستر آدمی تھے اور اون مین دو عورتین تہین نسیبہ بنت کعب عمارہ کی مان اور اسماء عمرو بن عدی کی مان جو بنی سلمہ سے تہی۔ حضور پرنور بہی وہان رونق افروز ہوئے

اور آپ کے ہمراہ حضرت عباس آپکے چچا تھے اگرچہ اوسوقت تک آپ ایمان نہین لائے
تھے مگر حضرت کے ساتھہ عہد و پیمان کی توثیق کرنے کو گئے تھے - اور اسی وجہ سے اوس
مجلس مین سب سے اوّل حضرت عباس ہی نے کلام کیا اور کہا - یا معشر الخزرج - (عرب
کا قاعدہ تہا کہ جب ان دونون قبیلونکے آدمی ایک مجلس مین جمع ہون تو خزرج ہی کا نام لیکر
خطاب کیا کرتے تھے اور مخاطب دونون سمجھے جاتے تھے) اسی واسطے خزرج ہی کے
نام سے خطاب کیا حالانکہ اونمین اوس بہی شریک تھے) جیساکہ تم جانتے ہو محمد ہم مین بعزت
وبحفاظت تمام رہتے ہین مگر تمہاری خوشی کیواسطے یہ چاہتے ہین کہ تمہارے پاس چلے
جائین اسلئے اگر تم اوس وعدہ کو پورا کرو جو اون سے کرتے ہو اور آپ کی حمایت اچھی طرح کرو تم
اور وہ خوش رہو فہو المراد بس یہی ہمارا مقصد ہے اور اگر تم اونمین کسیوقت چھوڑ دو تو اسی وقت
چھوڑ دو کہ وہ ہمارے پاس بعزت وحرمت رہین گے اور ہم بہت اچھی طرح حفاظت کرین گے -
مگر انصار نے انکی باتون پر بہت توجہ نہ کی بلکہ کہا کہ ہان ہان جو تمنے کہا وہ ہمنے سُن لیا اور
حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے مخاطب ہو کر عرض کی کہ یا رسولؐ اللہ آپ ارشاد
فرمائین جو آپ چاہتے ہین اور جو حکم خدا کا ہے اوس سے ہمین مطلع کیجئے پہر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہہ فشانی فرمائی اور قرآن سُنایا اور اُنہین اسلام کی ترغیب
دی پہر ارشاد فرمایا کہ میری ایسی حفاظت کرنا جیسے تم اپنی عورتون اور بچون کی کرتے ہو -
پہر براء بن معرور نے رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا دست مبارک پکڑا اور
کہا قسم ہے اوس ذات پاک کی جس نے آپ کو سچا نبی کر کے بہیجا ہے آپ کی ایسی
حفاظت کرینگے جیسی ہم اپنی بچون کی کرتے ہین یا رسولؐ اللہ ہمسے آپ بیعت لیجئے ہم لوگ
اہل حرب ہین اور جنگ وجدال کے عادی ہین - اسی اثنا مین ابو الہیثم بن التیہان درمیان
مین بول اوٹھا اور کہا یا رسولؐ اللہ ہمارے قبیلے سے اور دوسرے قبائل سے یہودیون کے
سے بندہن بندہے ہوئے ہین اور اون سے یعنی یہود سے معاہدے ہین آپ سے بیعت کرنیکے

بعد اون سب کو توڑنا پڑے گا اگر اللہ تعالیٰ آپ کو فتح عنایت فرمائے اور اوسوقت آپ
اپنی قوم کی طرف پہر تشریف لیجائین تو پہر ہم لوگون کو سخت دقتین پیش آئین گی اوسکا چارہ کار
کیا ہوگا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا اور تبسم ہوکر فرمایا بل الدم الدم
والہدم الہدم انتم منی وانا منکم اسالم من سالمتم واحارب من
حاربتم یعنی ایسا ہرگز نہو گا بلکہ میرا خون تمہارا خون ہے اور میرے کپڑے تمہارے کپڑے
ہین تم میرے ہو مین تمہارا ہون جس سے تم صلح کروگے مین بھی صلح کرونگا جس سے تم لڑوگے
اوس سے مین بھی لڑونگا - پہر حضور پرُنور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے فرمایا کہ
تم اپنے لوگون مین سے بارہ نقیب منتخب کروکہ وہ اپنی قوم کی نگرانی کرین اسلیئے اون سبنے
نو آدمی تو خزرج سے اور تین آدمی اوس مین سے نکالے - عباس بن عبادہ بن نضلۃ الانصاری
نے کہا یا معشر خزرج تمہین معلوم ہے کہ آپ سے جو تم بیعت کرتے ہو وہ بیعت احمر واسود
یعنی عرب وعجم کی لڑائی کے لئے ہے اگر تم اوسوقت جب تمہارے اموال پر مصیبت آئے اور
تمہارے اشراف قتل ہوجائین تو آپ کو چھوڑ دو تو ابھی چھوڑ دینا بہتر ہے کیونکہ اوس وقت چھوڑ دینا
دنیا و آخرت کی خرابی ہے - اور اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم اپنے عہد و پیمان کو پورا کرینگے تو بیشک
آپ کا ہاتھ پکڑلو اور آپ کو اختیار کرلو یہی دنیا و آخرت کی سب سے اچھی نعمت ہے - اون سبنے
کہا کہ کچھ ہو ہمارے اموال جائین ہماری جانین جائین ہمنے آپ کو لے لیا - پہر حضور
سے مخاطب ہوکر عرض کی یا رسول اللہ ہمین اسکے عوض مین کیا ملے گا - حضور پرُنور نے
ارشاد فرمایا جنت - سب نے بالاتفاق التجا کی کہ دست مبارک ہماری طرف دراز فرمایئے
اور ہماری بیعت قبول کیجئے - یکے بعد دیگرے سبنے اوس جلسہ واحد مین بیعت کرلی - عباس
بن عبادہ کی تقریر نہایت پرُمعنی تھی اوسکا مقصد تھا کہ عہد و پیمان کمال استحکام کے ساتھ
ہو گویا قوم کو اوسنے عہد و پیمان کے استحکام پر تشویق دلائی تھی اور بعض نے کہا ہے
کہ وہ یہ چاہتا تھا کہ عبداللہ بن اُبی بن سلول بھی آجائے تاکہ قوم کو اوسکے آنے سے قوت زیادہ

حاصل ہوجاوے۔ اسمین اختلاف ہے کہ اِن لوگون مین سے سب سے اول کس نے بیعت کی بعض تو ابو امامہ اسعد بن زرارہ کا نام لیتے ہین اور ایک جماعت ابو الہیثم بن التیہان کو لکھتے ہین تیسرا گروہ برار بن معرور کی اولیت کا مقر ہے آنکی بیعت کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اب آپ لوگ اپنی منازل مین چلے جائین۔ عباس بن عبادہ نے عرض کی یا رسول اللہ اگر آپکی مرضی ہو تو ہم صبح ہی اہل منا پر اپنی تلوارین کھینچین حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ ابھی مین مامور بالجہاد نہین ہون لہذا سب کے سب اپنی اپنی جگہون مین چلے گئے اور مجلس برخاست ہوئی۔

براء کا کعبہ شریف کی طرف نماز پڑہنا اور قریش کا مسلمانون کو ایذائین دینا

جب یہ پاک جماعت بیعت کے بعد اپنے اپنے مقام پر گئی اور اوس متبرک شب کی صبح ہولی تو دو آدمی قریش کے مدینہ والون کے پاس آئے اور کہا ہمنے سُنا ہے کہ تم لوگ ہمارے آدمی کے پاس آئے ہو کہ تم اوسکو ہمارے شہر سے اپنے ہمراہ لیجاؤ اور تمنے اوس سے ہماری لڑائی کے واسطے بیعت کی ہے جتنے قبایل عرب کے ہین اونمین سے کسی کی لڑائی ہمکو اس قدر بری نہین معلوم ہوتی جتنا ہم تم سے لڑنے کو بُرا سمجھتے ہین وہان انصار کے ساتھ کچھ مشرکین بھی تھے اون لوگون نے کہا کہ یہان تو اس قسم کا کوئی معاملہ نہین ہوا۔ جب انصار مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ مین واپس ہوکر پہونچے تو براء بن معرور نے کہا کہ اے بنی خزرج میرے نزدیک تو یہ بہتر ہے کہ مین اپنی نماز مین کعبہ کی طرف پشت نکرون لوگون نے کہا کہ رسول اللہ تو شام کی طرف مُنہ کیا کرتے ہین ہم آپ کے خلاف نہین کرسکتے مگر براء نے نہین مانا اور کعبہ ہی کی طرف نماز پڑہتے ہے

جب وہ مکہ مین آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا کہ
ہان وہی قبلہ تھا تو اوسی پر صبر کرتا تو بہتر ہوتا پہر وہ رسول اللہ کے قبلہ کی طرف نماز پڑہنے لگے
مگر آخرکار کعبہ ہی قبلہ ہوگیا اور عین نماز مین آپ کو کعبہ کیطرف پہر جانے کا حکم ہوا جب آپ
کعبہ کیطرف پہر گئے تو اور لوگ متوقف ہوئے مگر دس اصحاب آپ کے ساتھ فوراً پہر گئے
وہی **عشرہ مبشرہ** ہین یعنی یہ دس اصحاب قطعی جنتی ہین حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ حضرت
عثمانؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت زبیرؓ۔ حضرت طلحہؓ۔ حضرت ابوعبیدہؓ۔ حضرت سعدؓ۔ حضرت
سعیدؓ۔ حضرت عبدالرحمن ابن عوف رضی اللہ عنہم الغرض جب انصار نے آپ سے بیعت کرلی
اور مدینہ کو لوٹ گئے تو ذی الحجہ ہی کے مہینے مین وہان ہوپنچے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم بقیہ ایام ذی الحجہ اور محرم وصفر تک مکہ مین رہے اور ربیع الاول کے مہینے مین
مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ کو ہجرت فرمائی اور بارہوین تاریخ ربیع الاول کو داخل مدینہ طیبہ ہوئے۔
جب قریش کو یہ امر بتحقیق معلوم ہوگیا کہ انصار مسلمان ہین تو انکی عداوت اہل اسلام سے بہت بڑہ گئی
اور جو مسلمان مکہ معظمہ مین تھے اونپر انتہا سے زیادہ جفائین کرنے لگے اور طرح طرح کی ایذائین
دینے لگے اور اس ایذا دہی سے قریش کا مطلب یہ تھا کہ یہ لوگ گہبرا کر اسلام سے پہر جائین
لیکن یہ حضرات تو آفتاب نبوت کی روشنی اپنی آنکھون سے دیکھ رہے تھے بہلا تاریکی
کفر مین کب آنے والے تھے ہر طرح کی تکلیف برداشت کی اور رسول اللہ کا دامن مبارک
ہاتھ سے نہ چھوڑا یہ غریب مسلمانون کے لئے آخری فتنہ تھا اور انکی مصیبت کی راتون کی صبح
صادق تہی اور پہلا وہ فتنہ تھا کہ جسمین بعض اصحاب نے حبشہ کی طرف ہجرت کی تہی۔ یہ جو عقبہ
ثانیہ کی بیعت تہی اسکی وہ شرطین نہ تہین جو عقبہ اولیٰ کی شرطین تہین عقبہ اولے
کی بیعت عورتونکی سی بیعت ہوئی تہی اور بیعت عقبہ ثانیہ احمر واسود عرب وعجم کی جنگ کے لئے
ہوئی تہی

اصحاب رسول اللہ کی ہجرت مدینہ منورہ کیطرف

جب اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر بے انتہا جفائین ہونے لگین تو
حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے صحابہ کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت
کرجانے کا حکم دیا اصحاب نے ہجرت کا ارادہ مصمم کرلیا سب سے اول **ابوسلمہ** بن عبدالاسد
روانہ ہوے یہ اس بیعت سے ایک سال پہلے ہی چلے گئے تھے انکے بعد **عامر**
بن ربیعہ حلیف بنی عدی نے اپنی زوجہ مسماۃ لیلیٰ بنت ابی حشمہ کے ساتھ ہجرت کی
پھر **عبداللہ** بن جحش اور اونکے بھائی ابواحمد اور اونکا کنبہ کا کنبہ ہجرت کرگیا انکے بعد
پے درپے کے بعد دیگرے اصحاب رسول اللہ مدینہ کو روانہ ہونے لگے۔ پھر حضرت
عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عباس بن ابی ربیعہ بھی روانہ ہوگئے **صاحب**
تفریح الاذکیا رحمۃ اللہ علیہ واقعہ ہجرت حضرت **عمر** رضی اللہ عنہ یون تحریر فرماتے ہین
کہ اسی سال یعنی **نبوت کے تیرہوین سال** بعض اصحاب جانب مدینہ روانہ
ہوئے مثل عمر ابن الخطاب زید ابن خطاب عباس ابن ربیعہ حمزہ ابن عبدالمطلب ۔
عبدالرحمن ابن عوف طلحہ ابن عبداللہ عثمان بن عفان زید بن حارثہ عمار بن یاسر ۔
عبداللہ ابن مسعود صہیب رومی بلال حبشی سعد ابن ابی وقاص مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہم
اب کبار صحابہ مین سے حضور پُر نور کے ساتھ سوا ے حضرت صدیق اکبر اور حضرت
علی مرتضیٰ کے اور کوئی باقی نہ رہا **صاحب معارج** تحریر کرتے ہین کہ اکثر اصحاب کی
ہجرتین پوشیدہ ہوئین مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یون ہجرت کی کہ آپ مسلح ہوکر کعبہ مین
آئے اور سات طواف کئے اور مقام ابراہیم مین دو رکعتین واجب الطواف کی ادا فرمائین اور
باواز بلند فرمایا کہ اونکے اوقات ضایع ہون جو پتھر و سنکے ٹکڑون کو خدا جانتے ہین اور قریش
مجتمع تھے کسی نے کچھ جواب ندیا۔ اسی سال حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
حضور باریتعالیٰ شانہ مین ہجرت کی اور ہجرت کے مقام دریافت ہونے کی التجا کی تو تین مقام
آپ کو دکھائے گئے ایک مقام بلاد بحرین سے دوسرا مقام ارض شام مین سے تیسرا

مقام یثرب زمین حجاز مین مگر یہی تیسرا مقام پسند خاطر شریف ہوا لیکین تعین وقت اور میعاد
تشریف بری ابہی مین تامل رہا اب جو پے درپے صحابہ کی ہجرتین ہونے لگین تو قریش نے
سمجھ لیا کہ یہ پروانے شمع حرم قدس سے جدا ہو کر جس طرف گئے ہین اونکا جاذب عشق
شمع کو بھی اپنے ہی پاس بُلا لے گا اونکو معلوم ہو گیا کہ بہت جلد سرزمین مکہ مکرمہ فراق
حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین ہجرت زدہ ہو کر صف ماتم قایم کرنے والی ہے
اس خیال سے کفار قریش ابو جہل وغیرہم نے **دار الندوہ** مین جو خانہ کعبہ کے پاس
عرب کے مشورہ کرنے کا ایک گھر بنا ہوا تھا نشست کی اور اونکے سربرآوردہ اشخاص
جمع ہوئے اور دروازہ مکان کا بند کر کے مشورہ کرنے لگے ایک شخص جو نجد کے شیخ
کے لباس مین تھا اور کہا جاتا ہے کہ وہ شیطان علیہ اللعن تھا اور اس لباس مین متمثل ہو کر
آیا تھا اوس مکان مین داخل ہوا وہ لوگ اوسے دیکھکر متعجب اور مشوش ہوئے اور اوسے
اپنی انجمن کا مخالف سمجھے اوسنے اُن لوگون کو تشفی دی اور کہا کہ تم پریشان نہو مین بھی تمہاری
ہی جماعت اور خیال کا آدمی ہون اور نجد کا رہنے والا ہون جو بات میری سمجھ مین آئیگی
مین بھی کہونگا اگر تمہین اچھی معلوم ہو قبول کرنا ورنہ سمجھیے یہ آدمی ہمین مشورہ دینے کیلیے غیب سے آیا ہے
اور اوسکا شکریہ ادا کر کے اوس انجمن مین داخل ہونے اور راے دینے کی اجازت دی
اور بڑی گرمجوشی سے مرحبا واہلاً وسہلاً کہہ کر بٹھایا - قریش نے اوسکے سامنے تقریر کی کہ
ہمین **محمدؐ** نے بہت تنگ کیا ہے ہمنے اونکے واسطے کوئی بات سوچنے کو یہ انجمن قایم کی
ہے ہمارے معبودون نے ہمپر بڑی عنایت کی کہ آپکو ہمارے پاس مشورہ دینے کو بھیجدیا
ہم آپکے شکریہ کے ساتھ اپنے معبودون کا بھی شکریہ ادا کرتے ہین اب آپ ہمین مشورہ
دیجیے کہ ہم اس شخص کو کیونکر اپنے ملک سے جدا کرین اوسنے کہا کہ تمہاری جماعت مین
بھی بڑے دانشمند لوگ ہین پہلے آپ اپنی راے ظاہر کیجیے اگر وہ ماننے کے قابل ہوگی
تو بیشک وہ مانی جاسکیگی نہین تو اوسکی اصلاح کیجائیگی پہلے قریش مین سے جسنے کلام کیا ابو

شاید وہ ہشام بن عمر تہا یون اوس موذی نے زہر اگلا کہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کو ایک تنگ و تاریک مکان مین قید کرو شیخ بخدی نے کہا کہ آخر محمد صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم تنہا نہین ہین اونکا جتہا ہے اونکے ہمراہ مطیع اور فرمان بردار لوگ ہین وہ بغیر جدال وقتال کے کیونکر تمہارے ہاتہہ مین قید ہو نے دینگے ایک آدمی کے قابو مین کرنیکے لئے اتنی خونریزی قرین مصلحت نہین ہے۔ پہر دوسرا شخص بولا اس مین بہی راوی کو شک ہے کہ شاید وہ ابو النجری تہا کہ انکو یہان سے دوسرے ملک مین پہونچا دو کہ اس شہر کے لوگون کو تو پناہ ملجائیگی بخدی نے جواب دیا کہ یہہ راے بہی پسندیدہ نہین ہے یہہ بات سب کو معلوم ہے کہ یہہ سحر بیان آدمی ہین جس ملک مین جائینگے وہین لوگ انکے دام تقریر مین اسیر ہوکر انکا کلمہ پڑہنے لگین گے پہر انکو بہت قوت ہوجائیگی پہر یہہ ایک بڑی فوج لیکر تم پر چڑہ آئینگے اور تمکو ان سے مقابلہ کرنیکی قوت نہوگی آخر ابوجہل مردود نے تقریر کی کہ عرب کے جتنے قبیلے ہین ہر قبیلے سے ایک ایک آدمی لے لیا جاے اور وہ سب ملکر محمد صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کو قتل کرین بنی ہاشم کو تنہا سب قبیلون سے لڑنیکی قوت نہوگی ناچار یہہ لوگ دیت پر راضی ہوجائینگے بس دیت دیدی جائیگی شیخ بخدی نے اسی راے کو پسند کیا اور یہی راے قایم رہی چنانچہ پانچ قبیلو نکے پانچ نوجوان سردار اس کام کے واسطے مقرر ہوے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام آستانہ ملایک آشیانہ حضرت محبوب رب العالمین پر حاضر ہوے اور یہہ سب سرگذشت عرض کردی جیسا کہ قرآن پاک مین وارد ہوا ہے واذ یمکر بك الذین کفروا لیثبتوك او یقتلوك او یخرجوك ویمکرون ویمکر اللہ واللہ خیر الماکرین یعنی جب فریب بنانے لگے آپس مین مشورہ کرکے

کہ تجھکو نظر بند کرین یعنی قید کر کے اپنے نگرانی مین رکھین یا قتل کرین یا شہر مکہ سے جدا کر دین اور مکر یعنی داؤن کر رہے ہین اور اللہ ان مکارون کے مکر کو خوب سمجھتا ہے ۱۲ اور یہہ بہی حضرت جبرئیل نے عرض کیا کہ آپ **مدینہ منورہ** کو ہجرت فرمائین **صحیح بخاری شریف** اور **مسلم شریف** مین ہے کہ جب سب اصحاب ہجرت کر گئے تو حضرت **صدیق اکبر** رضی اللہ عنہ نے بہی ہجرت کی اجازت چاہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ٹھہر جاؤ جلدی نکرو مین امید رکھتا ہون کہ مجھے بہی ہجرت کی اجازت ہوا چاہتی ہے لہذا حضرت **صدیق اکبر** رضی اللہ عنہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ہمرکابی کے منتظر رہے اور آپ نے دو اونٹ چار ماہ پہلے سے خوب اچھی طرح سے کھلا پلا کر طیار کر رکھے تھے چنانچہ حضور پر نور کو بہی اجازت ہوئی آپنے اوسی روز دوپہر کے وقت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مطلع فرمایا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ مین بہی ہمرکابی کی دولت سے بہرہ اندوز رہون حضور نے اجازت دی اور حضور پر نور نے بہی ایک ناقہ جسکا نام قصوی تہا چار سو درم کو مول لیا اور عبد اللہ ارلیقط دیلی کو نوکر رکہا تا کہ تین روز بعد دونون اونٹ ہمراہ لیکر **جبل ثور** مین حاضر ہو یہہ شخص اگرچہ امام نووی کی تحقیق مین مسلمان نتہا مگر امین تہا۔

بیان ہجرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جو ہشتم ربیع الاول وبقول صحیح بست وہفتم صفر بروز دوشنبہ سنہ چہار دہم نبوت کو واقع ہوئی

الغرض جب ابوجہل کی راے پر شیخ نجدی متفق ہوا تو اور لوگون نے بہی یہی

رائے پسند کی رات کے وقت ابوجہل ابن ہشام حکم ابن ابی العاص عقبہ ابن معیط نضر ابن حارث اُمیہ ابن خلف طلحہ بن عدی حکیم ابن خرام وغیرہ ہم سب کے سب ہتہیاروں سے مرتب ہوکر آستانہ فیض کاشانہ پر حاضر ہوے۔ جبرئیل علیہ السلام آپ کو ان واقعات سے مطلع کر گئے تہے اور یہہ بہی عرض کر دیا تہا کہ آج شب کو آپ اپنے بستر پر آرام نفرمایئں لہذا حضور پرنور نے اپنی ردائے مبارک جو سبز رنگ کی تہی حضرت شیر خدا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کو عنایت فرمائی اور کہا کہ تم اسکو اوڑہکر سو رہنا کافر تمکو کچہہ ایذا نہ پہونچا سکینگے اور تم سب اسباب امانت جن لوگون کے میرے پاس رکہے ہین وہ سب اون لوگون کو سپرد کر کے مدینہ کو چلے آنا حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہٗ وہ چادر مبارک اوڑہکر سو رہے اور حضور پرنور بہ نفس نفیس ایک چادر اوڑہکر دروازے سے باہر آئے اور سورہ یسین شریف کا پہلا رکوع لایبصرون تک پڑہ کر ایک مٹہی خاک اوٹہا کر کفار کی جماعت پر پہینک ماری وہ خاک ہر کافر کے سر اور منہ اور آنکہونپر پڑی اور حضور پرنور وہان سے تشریف لے گئے جب حضور اونکی حد نظر سے بہت دور نکل گئے اور ان کفار نے حضور پرنور کو ندیکہا اور ہنوز منتظر تہے کہ ایک شخص قریش کے پاس آیا اور اوسنے پوچہا کہ تم کسکے انتظار مین کہڑے ہو وہ بولے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اوسنے کہا کہ تمہین خدا غارت کرے وہ تو تمہارے سامنے سے ابہی ابہی چلے گئے ہین کیا تم نے نہین دیکہا اوسنے اونکی طرف دیکہکر کہا کہ تمہارے سرونپر خاک کیسی پڑی ہوئی ہے اون لوگون نے دیکہا تو واقعی اونکے سر اور چہرے بالکل خاک آلود ہو رہے تہے جب وہ لوگ حضرت کی دولتسرا مین داخل ہوے تو ایک شخص کو سبز چادر اوڑہے ہوے سوتا پایا جب اوٹہانے گئے تو کہنے لگے یہہ تو علی ابن ابیطالب

ہین پہر اون لوگون نے حضرت علیؓ سے پوچھا کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کہان ہین آپ نے کہا مجھے معلوم نہین پہر اون لوگون نے حضرت علیؓ کو پکڑا اور بہت سخت تکلیفین دین آخر کو چھوڑ دیا اسطرح اللہ تعالی شانہ نے اپنے حبیب کو دشمنون سے بچایا پہر حضرت علیؓ نے وہ سب امانتین جو آپ کے پاس لوگون کی رکھی ہوئی تہین جُن کی تون جنکی تہین اونکو پہونچا دین۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ساتھہ لیکر ہجرت کرنا اور غار ثور مین تین روز رہکر مدینہ طیبہ کو روانہ ہونا

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم صبح یا شام کیوقت روزانہ میرے باپ کے مکان پر ایک مرتبہ تشریف لایا کرتے تہے لیکن جس روز آپ کو ہجرت کا حکم ہوا ہے تو آپ دوپہر کو تشریف لائے میرے باپ نے آپ کی تشریف آوری خلاف عادت دیکہکر عرض کی کہ میرے مان باپ آپ پر فدا ہون اسوقت کسوجہ سے تشریف لانا ہوا جب آپ مکان کے اندر تشریف لائے اور چوکی پر بیٹہے تو فرمایا کہ اگر یہان کوئی غیر آدمی ہو تو اوسے جدا کردو میرے باپ نے عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یہی میری دونون لڑکیان ہین انکے سوا کوئی اور دوسرا آدمی نہین ہے حکم ہو تو انکو جدا کردون۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالی شانہ نے مجھے ہجرت کا حکم دیدیا حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کی کہ مجھے کیا حکم ہوتا ہے فرمایا کہ تم بہی میرے ساتھہ چلو۔ حضرت ام المومنین

عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہین کہ میرے باپ کو اسقدر خوشی ہوئی کہ فرط مسرت سے رونے لگے اور عبداللہ بن اریقط کو جو قبیلہ بنی الدیل بن بکر سے تھا اور وہ مشرک تھا اوسے اُجرت پر راستہ بتانے کے لئے ہمراہ لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ہجرت فرمانیکا حال سوائے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے اور اونکی آل یعنی دخترونکے اور کسیکو معلوم نتھا۔ آپ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان کی کھڑکی سے جو اوس مکان کی پشت کی طرف واقع تھی تشریف لے گئے تاکہ کسیکو خبر نہو اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمراہ تھے دونون خادم و مخدوم **جبل ثور** کے غار مین رونق افروز ہوئے اس ایک برج مین آفتاب و ماہتاب کا قران ہوا ہمارے علامہ ابن اثیر نے اکثر مقامات مین اختصار کیا ہے لہذا مجھے اور کتابونکی طرف بھی رجوع کرنی پڑی **روایت** معتبر روایتون سے ثابت ہے کہ جو خاک حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سورۂ یٰسین کا پہلا رکوع پڑھکر اون کافرونکی طرف پھینکی تھی اور وہ اون لوگون کے سرونپر اور چہرون پر پڑی تھی اوسکا یہہ معجزہ ہوا کہ جس جس کافر پر وہ خاک پڑی وہ غزوہ بدر مین بحالت کفر مارا گیا سوائے حکیم ابن حزام کے کہ وہ مشرف باسلام ہوئے اور ایک سو بیس برس زندہ رہے ساٹھہ برس کافر رہے اور ساٹھہ برس اسلام کی حالت مین یہہ صحابی ہین اور اونکا بیٹا تابعی ہے **حزام** بکسر حاء حطی و فتح زاء معجمہ **روایت** ہے کہ جب حضور پرنور اپنی دولتسراسے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر پر تشریف لائے جیساکہ اوپر گذر چکا ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پانچ ہزار دینار لئے اور حضور کے ہمراہ ہوئے اور دونون خادم و مخدوم پاپیادہ روانہ ہوئے نعلین بھی حضورؐ نے پائے مبارک سے نکال ڈالین تھین تاکہ زمین پر نشان رفتار معلوم نہو

اونگلیون کے بہل حضور چلتے تہے جب پاے مبارک پر اثر جراحت کا پہونچا تو حضرت صدیق اکبر نے حضور پر نور کو اپنے دوش پر سوار کرلیا اور غار ثور تک لیگئے یہہ سیدنا صدیق اکبر کی معراج تہی۔ یہہ غار مکہ معظمہ سے تخمیناً دو کوس کے فاصلہ پر ہے۔ چونکہ پہاڑون کے غار مین اکثر حشرات الارض کا مسکن ہوتا ہے لہذا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت کو اوسمین داخل ہونیسے روکا اور خود اوسمین داخل ہوے اور اوسے خوب صاف کر ڈالا اور اوسمین کئی سوراخ تہے اپنی چادر کو پہاڑ پہاڑ کے سب سوراخ بند کر دیئے صرف ایک سوراخ باقی رہگیا تہا اوسمین اپنے پاون کا انگوٹہا لگادیا اور بعض روایت مین ایڑی ہے حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زانو پر سر رکھکر سوگئے جس سوراخ مین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ایڑی یا انگوٹہا لگایا ہوا تہا اوسمین سانپ تہا اوسنے انگوٹہے مین کاٹا مگر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس خیال سے کہ حضرت بیدار نہوجائین جس سے آپکے آرام مین خلل واقع ہو اپنے پاون کو ذرا جنبش ندی لیکن شدت تکلیف سے آپکے آنسو نکل آے اور کچہہ قطرے اشک کے حضور کے رخسار مبارک پر ٹپکے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے آنکہین کہول دین حضرت صدیق اکبر نے عرض کی کہ میرے پاون مین سانپ نے کاٹ لیا حضور نے آب دہن مبارک اوس مقام پر مل دیا جسکے سبب سے اثر زہر دفع ہوگیا تین شبانہ روز حضرت نے اسی غار مین قیام فرمایا۔ القصہ کفار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے در دولت سے پلٹ کر حضرت صدیق اکبر کے گہر پر آئے دروازہ پر حضرت اسماء یعنی حضرت صدیق اکبر کی دختر کہڑی تہین اونسے مردود ابوجہل نے پوچہا کہ تیرا باپ کہان ہے آپ نے کہا کہ مین نہین

جاتی اوس شقی نے ایک طمانچہ زور سے حضرت اسما کے چہرہ پر مارا کہ جسکے صدمہ سے آپکے کانون کے گوشوارے نکل پڑے پہر اون کفار نے ایک راہبر کو اپنے ساتہہ لیا اور نشان قدم پر چلے اور جبل ثور تک پہونچگئے راہبر نے کہا کہ تمہارا مطلوب یہان سے آگے نہین گیا ہے اور یہہ لوگ غار کے کنارہ پر کہڑے تہے حضرت صدیق اکبر نے کہا کہ یارسول اللہ اگر یہہ لوگ اپنی قدم پر نظر ڈالین گے تو ہمین دیکہہ لینگے حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا یا ابا بکر ماظنك باثنين الله ثالثهما یعنے اے ابا بکر تو کیا گمان کرتا ہے اون دو کی نسبت جنکا تیسرا خدا ہے یعنی ہم دونون تنہا نہین ہین ہمارے ساتہہ خدا ہے جو تیسرا ہے وہ ہمین انکے شر سے محفوظ رکہیگا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا لا تحزن ان الله معنا یعنی غمگین نہو اللہ ہمارے ساتہہ ہے اوس غار کے منہ پر کبوتر نے انڈے رکہے تہے اور وہ بیٹہا ہوا انڈے سے رہا تہا کہ ان لوگون کو دیکہہ کر کبوتر اوڑا اور مکڑی کا جالا بہی اوس غار کے منہ پر اون کافرونکو نظر آیا اون لوگون نے کہا یہان ہرگز کوئی آدمی نہین آیا اگر کوئی شخص اسمین داخل ہوتا تو مکڑی کا جالا بالکل ٹوٹ جاتا اور یہہ جنگلی کبوتر بہی یہان نہ ہوتے بعض کفار نے کہا کہ ہمنے یہہ مکڑی کا جالا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی پیدایش سے پہلے دیکہا ہے ناچار کفار نگونسار بے نیل ومرام وہان سے واپس گئے **سبحان اللہ وبحمدہ** اللہ کے خاص بندے جو صرف اوسی پر بہروسا کر لیتے ہین وہ ہر طرح اونکا معین اور مددگار رہوتا ہے اور اون کو کسیطرح کسی آفت مین مبتلا نہین ہونے دیتا یہہ لوگ تو دنیا کے منتخب لوگون مین ہین انکا تو ذکر ہی کیا اگر آپکی ذات پاک محفوظ نرکہی جاتی تو اوس

پاک پروردگار تعالیٰ شانہ کے کلمہ پڑہنے والون کا زمین پر نشان نرہنے پاتا خیر جو فضائل اور بزرگیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ہین وہ تو ہم کیا جانتے ہین ؎

محمد سے صفت پوچھو خدا کی	خدا سے پوچھیئے شان محمد

ہمین صرف اتنا ہی معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے دنیا اور ما فیہا کو تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے واسطے پیدا کیا اور آپ کی ذات پاک کو اپنے واسطے پیدا کیا پہر جسقدر حفاظت وہ پاک پروردگار آپکی فرماتا وہ کم ہی وہ مالک حقیقی اون گناہگارون کی جان و مال وایمان وآبرو کی حفاظت کرتا ہے جو اوسپر پورا بہروسا کر لیتے ہین چنانچہ اسی سنہ ۲۲ ہجری کا واقعہ ہے جو مجہپر اس شہر اکبر آباد مین گذرا ہے اور میرے مالک نے میری مدد کی ہے ۱۲ **فقیر محمد اکبر** ؎

پوچھنا کیا ہے جو ہی مرتبہ ابرار انکا	سامنا ہوگا پر اک روز گنہگارونکا
اپنی معصومی پر افسوس ملک کرتے ہین	ناز اوٹہاتا ہے جب اللہ گنہگارونکا
یہہ وہ ہین جنکے سبب سے ہی نزول رحمت	ایک عالم پہ ہے احسان گنہگارونکا
ہوگی گلگونۂ رخسار شفاعت اکدن	کیون ہوا جاتا ہی منہ زرد گنہگارونکا
ہاتہہ مین لیکے وہ گیسوی رسا کہتا ہون	یہہ وسیلہ ہی قیامت مین گنہگارونکا
جا بجا ذکر ہی قرآن مین انکا واعظ	بے وضو ہو تو نہ لی نام گنہگارونکا
جتنے اوصاف ہین سب تجہہ مین ہین اے زاہد لیکن	دل ہی دیکے تجہے اللہ گنہگارونکا
حشر مین پوچھے گئے پہلے ہمین اے اکبر	ہی مقدم ہی رہا سب سے گنہگارونکا

پہر وہی ہجرت کا بابرکت واقعہ اس ہجرت کے واقعہ مین اللہ جل جلالہ وتعالیٰ شانہ نے اس اُمت مرحومہ مین سے دو بزرگون کو وہ فضیلت

عنایت فرمائی کہ سوائے اونکے اور کسیکو یہہ شرف حاصل نہوا حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو غار ثور مین تین دن ملے اور حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو ایک شب جو آپنے بستر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر استراحت فرمائی ہے اور مرتبہ وقدر مین یہہ دونون شرف برابر ہین زیاتی وکمی کا ذکر نہین ہے اگرچہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شانمین بہت وضاحت کے ساتھہ نزول اس آیت کا ہے اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا اور حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی شان پاک مین جو آیت نازل ہے اوسکو بہی مفسرین نے آپ ہی کی شان مین سمجہا ہے ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ واللہ رؤف بالعباد۔ ترجمہ اور بعض آدمی بیچتے ہین اپنی جان خدا کی رضامندی کی تلاش مین اور اللہ بہت مہربان ہے اپنے بندون پر ۱۲ **حضرت سیدنا صدیق اکبر** رضی اللہ عنہ نے اس سفر ہجرت مین جو حق رفاقت ادا کیا ہے کسیطرح وہ شایگان خدمت نظر انداز کرنیکی قابل نہین ہے یہہ ضرور ہی کہنے والا یہہ کہیگا کہ یہہ خدمت جو آپ بجالائے تو کسی پر احسان کیا جو کچہہ کیا اپنی ذات کے واسطے کیا اور اوسکا فائدہ اوٹہایا صدیق اکبر ہوگئے بعد وفات حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم آپ کے خلیفہ ہوگئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پہلو مین دوش بدوش دفن ہوے بے شبہ ہر انسان جو کوئی نیک کام کرتا ہے اوسکی غرض یہی ہوتی ہے کہ مجہے اسکا اچہا بدلہ ملے اور ضرور حضرت صدیق اکبر رض کی بہی یہی خواہش تہی مگر یہہ تفصیلی حالات اونکو نہین معلوم تہے کہ اس خدمت کے صلہ مین مین حضرت کا خلیفہ ہوجاونگا اور بعد انتقال حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پہلوے مبارک مین دوش بدوش مجہے جگہہ ملجائیگی کوئی شخص کوئی نیک کام کرے اوسکو کیا معلوم ہے اللہ تعالی شانہ نے وہ نیکی اوسکی قبول کی یا نہین حضرت صدیق اکبر رض جو خدمت حضرت

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی بجالائے وہ اوس سبب سے تھی کہ جو اللہ تعالیٰ شانہٗ نے روزازل سے تخم محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اونکی مزرعۂ ذہین بو دیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی عنایتون نے جب اوس مزرعۂ دل کی آب پاشی فرمائی تو اوس نخل مبارک نے یہہ برگ و بار پیدا کئے الحمد للہ

اے عشاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

دل خوش رکھو کہ عشق رسول اللہ زینہ ہے اللہ کی عشق کا اور عشق مرشد زینہ ہے عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا اور ان تینون عشق کی معیار یعنی کسوٹی **شریعت غرا** ہے اگر کوئی سالک اپنے مرشد کے عشق کا دعویٰ کرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا فرمان مبارک یعنی **شریعت مصطفوی** اوسکے پاس نہو تو دعوی عشق مرشد غلط اور یہہ دعویٰ اوسکا گمراہی ہے اور جس سالک نے دعویٰ عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کیا اور **اللہ جل جلالہ وعم نوالہ** کے احکام کی بجا آوری کا اوسے خیال نہین ہے تو دعویٰ عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم غلط ہے **مرید - سالک - صوفی** - وہی سمجھا جائیگا جو ان اصول کا پابند ہو اب یہہ بات رہی کہ پیر کون اور کیسا ہونا چاہیئے مولنائے روم فرماتے ہین ؎

پیر تابستان و خلقان تیر ماہ	خلق مانند شب اند و پیر ماہ
کردہ ام بخت جوان را نام پیر	کو ز حق پیر است نہ از ایام پیر
ہر کہ در رہ بے قلاوزی رود	ہر دو روزہ راہ صد سالہ شود
پیر را بگزین کہ بے پیر این سفر	ہست بس پُر آفت و خوف و خطر

بعض حضرات یہہ کہتے ہین کہ پیر کے حکم کی اطاعت ہمپر واجب ہے ہمنے اپنے پیر کو نماز پڑہتے نہین دیکھا نہ ہمین ہمارے پیر نے نماز کا حکم دیا جن باتو نکا

حکم دیا ہے وہ کر رہے ہین شریعت غرائے مصطفوی اسکا جواب دیتی ہی
کہ تمہارا پیر پیر نہین ہے اسلیئے کہ دفتر رسول اللہ صلعم مین اوسکا کہین نام نہین ہے
اور نہ تمہارے پیر کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا مہری فرمان
ہے لہذا تمہاری بیعت اوسکے ہاتھہ پر درست نہوئی نہ تم اوس کے مرید نہ وہ
تمہارا پیر ہ

اے بسا ابلیس آدم روے ہست	پس بہر دستے نباید داد دست

پھر وہی ہجرت کا بابرکت واقعہ مشکواۃ شریف مین حضرت
عمر رضی اللہ عنہ کی یہہ روایت ہے **روایت** حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے
تہے کہ اگر ابوبکر صدیق میری ساری عمر کی اعمال حسنہ لے لین اور اوسکے بدلے مین
ایک شب اور ایک دن اپنا مجھے دیدین مین بہت راضی ہون رات تو شب
ہجرت کی اور دن حضور کی وفات کا۔ سبحان اللہ کیا شان ہے **اصحاب**
رسول اللہ کی یہہ بزرگوار ایک ہی گلبن کے پہول ہین جو انکی رنگت وہی
اونکی جو انکی خوشبو ہے وہی اونکی مگر اپنی بزرگی اور فضیلت کا کوئی مقر نہین ہر صحابی
اپنے سے اچھا دوسرے کو سمجھہ رہا ہے جب تو اللہ تعالی شانہ نے یہہ مرتبہ بلند
انکو عنایت فرمایا کہ بڑے بڑے الوالعزم اور فاتحان ملک کے نام ونشان مٹگئے
مگر انکی نام پاکیزہ کتابون مین اور قبرین طاہر ومطہر زمینون مین باقی ہین اور قیامت تک
یہہ نام ونشان باقی رہینگے انشا اللہ تعالی **راویان پاک سرشت** بیان
کرتے ہین کہ ابوجہل بدبخت نے منادی کرادی کہ جو کوئی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کو زندہ یا مردہ گرفتار کرکے لائیگا
اوسے دو سو اونٹ انعام مین ملینگے اور جو ان دونون مین سے کسی ایک کو لائیگا
اوسے ایک سو اونٹ ملینگے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تین روز

غار مین رونق افروز رہے عامر بن فہیرہ تو آپ کو دودہ پلا جاتے تہے اور حضرت
اسما بنت ابی بکر کہانا کہلا جاتی تہین اور عبداللہ ابن ابی بکر کہ اوسوقت جوان تہے
شب کو آتے تہے اور قریش کے اخبار بیان کر جاتے تہے جب تیسری رات کی
صبح ہوئی تو پنجشنبہ کا دن تہا اور صاحب مدارج النبوۃ کے قول کے موافق
غار مین تشریف آوری تو بست ہفتم صفر کو ہوئی اور تشریف بری یکم ربیع الاول کو
عبداللہ ابن اریقط دیلی دونون اونٹ موافق قرارداد روز و تاریخ کے لایا **ناقہ
قصوا** پر حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق اکبر
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سوار ہوے اور دوسرے اونٹ پر عبداللہ اور عامر سوار
ہوکر سواحل کے راستہ سے تاریکی مین روانہ مدینہ منورہ ہوے اثنا راہ مین ایک
سنگ کلان کے سایہ مین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا پوستین
بچہا کر حضرت کو بٹہایا اور خود صحرا مین گشت کرنے لگے قریش کا ایک چرواہہ جو
حضرت صدیق اکبر رضی کا شناسا تہا ملگیا وہ دودہ کے دو پیالے بہر لایا حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پانی ملا کر تہوڑا سا دودہ نوش فرمایا اور وہان سے
روانہ ہوے اور منزل قدید مین ام معبد عاتکہ خزاعیہ بنت خالد کے خیمہ پر پہونچے
معجزہ آپ نے اُم معبد سے کہا کہ تہوڑا دودہ چاہیے ام معبد نے کہا کہ خیمہ مین
ذرا بہی دودہ نہین ہے جو بکریان دودہ دیتی ہین وہ چرنے کو گئی ہین اوس خیمہ
کے گوشے مین ایک بکری بندہی ہوئی تہی حضور نے فرمایا کہ اگر تم اجازت دو تو
ہم اسکا دودہ لے لین اُم معبد نے عرض کی کہ یہہ بکری تو بہت بوڑہی ہوگئی ہے
اسکا دودہ خشک ہوگیا ہے حضور نے فرمایا کہ ہم اسمین سے دودہ نکال لینگے
اوسنے عرض کی بہت خوب بکری حاضر ہے حضور نے بسم اللہ کہکر اوسے دوہنا
شروع کیا حضور کے ہمراہ جو ظروف تہے وہ سب بہر گئے اُم معبد کے گہر مین

جو برتن تھے وہ سب بھر گئے **مشکوٰۃ شریف** مین ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم غار مکہ سے مع صدیق اکبر رضی اللہ عنہ وعامر ابن فہیرہ اور
عبداللہ لیثی جانب مدینۂ باسکینہ تشریف لیچلے راہ مین خیمہ اُمّ معبد خزاعیہ پر گذرے
یہہ عاقلہ کہن سالہ قویہ عورت تہی اور اپنے خیمہ مین تکیہ لگا کر بیٹھتی اور فقیرون کو کہانا
دیتی تہی جس روز حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وہان پہونچے ہین
تو وہ اپنے دستور کے موافق وہان بیٹھی تہی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے اوسکو دیکھکر فرمایا کہ اگر تیرے پاس گوشت اور خرمے ہون تو ہم کو بقیمت
دے اوسنے **قحط سالی** کا عذر کیا تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے ایک بکری اوسکے خیمہ مین بندہی ہوئی دیکھی اوس سے ارشاد فرمایا کہ اس بکری کا
کیا حال ہے کیون چراگاہ مین نہین گئی اوسنے کہا یہہ بہت لاغر ہے اس سے
چلا نہین جاتا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پوچھا کہ یہہ دودہ دیتی
ہے اُمّ معبد نے کہا اسکے تہن تو سوکہے پڑے ہین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے فرمایا اگر تو اجازت دے تو مین اسکے تہنون سے دودہ نکالون
اوسنے کہا میرے مان باپ آپ پر فدا اگر اسکے تہنومین دودہ ہو تو آپ نکال لین
حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دعا فرمائی اور اپنا
دست مبارک اوسکے تہنون سے لگا دیا بکری نے دودہ دینا شروع کیا ایک بڑا برتن لبریز ہوگیا
آپنے اُمّ معبد کو پلایا پہر اپنے ہمراہیونکو اور سب کے پیچھے آپ نے نوش فرمایا پہر دوبارہ اوسی
دوہا اور ام معبد کی سب برتن بہر دئے اور بیعت اسلام لی اور وہان سے جانب مدینہ تشریف لیچلے
کذا فی شرح السنۃ البغوی روایت ہے کہ تہوڑی دیر کے بعد اکتم ابن ابی الجون ابومعبد
شوہر ام معبد کا آیا اور گہر کے برتنومین دودہ بہرا ہوا دیکھکر حیران ہوا اور اپنی عورت سے پوچہا کہ اسقدر
دودہ کہان سے آگیا اوسنے وہ تمام قصہ بیان کرکے رسول صلعم کی اخلاق حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ بہی ظاہر

اور کہاکہ اونکے ہاتہہ کی برکت سے اس بکری کے دودہ پیدا ہوا ہے اوس نے
کہاکہ واللہ یہہ مرد قریش کا صاحب تہا جسکو وہ تلاش کرتے ہین اور جسکا شہرہ
تمام عالم مین ہو رہا ہے اگر مین اوسوقت ہوتا تو اونکی ہمراہی کی درخواست کرتا
بعد اوسکے ابو معبد اور اُمّ معبد نے ہجرت کی اور اپنا اسلام اوسے دن سے شمار کیا
روایت ہے کہ وہ بکری اٹھارہ برس جیتی رہی اور صبح وشام دودہ دیتی تہی
زمانہ قحط مین کہ ایک بڑا قحط حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت مین ہوا تہا
صبح وشام دودہ دیتی تہی اور تمام عرب کے شیر دار جانورون کے تہن سوکہہ گئے
تہے۔ الغرض جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اُمّ معبد کے خیمہ سے
تشریف لیچلے تو **سُراقہ ابن مالک** کا معاملہ پیش آیا روایت صحیح سے یہ
واقعہ یون بیان کیا گیا ہے **بخاری** مین عبد الرحمن ابن مالک مُدلجی سے روایت
ہے کہ سراقہ ابن مالک ابن جعشم کا بہتیجا تہا کہا اوسنے کہ میرے باپ نے مجہسے
تذکرہ کیا کہ سراقہ کہتا تہا کہ قریش کے ایلچی ہمارے قبیلہ مین آے اور حضرت
کی تشریف بری مدینہ منورہ سے ہمکو مطلع کیا اور کہا کہ جو شخص اونکو گرفتار کرے
اوسکو اتنا انعام ملیگا چنانچہ اس معاملہ کو مُستند المحدثین جناب مفتی محمد عنایت احمد
بعثہ اللہ فی زمرۃ الصالحین اپنی کتاب **تاریخ حبیب الہ** مین یون تحریر
فرماتے ہین **سراقہ بن مالک کا واقعہ**۔ سراقہ بن مالک بن جعشم سرداران
عرب مین سے ایک شخص تہا اوسکا گہر ایک جہیل کے کنارے پر تہا اوس نے
مضمون شہرہ کفار قریش سنا تہا کسی نے اوسسے جاکر کہا کہ ابہی چند آدمی اونٹونپر
سوار ادہر سے گئے ہین شاید یہہ وہی ہون جنکی قریش کو تلاش ہے **سُراقہ**
نے بطمع انعام قریش ارادہ اونکے تعاقب کا کیا اور اس خیال سے کہ کوئی اور
انکی گرفتاری مین پیش قدمی نکرے قوم کے دہوکا دینے کو کہا کہ یہہ لوگ

وہ نہین ہین فُلان قبیلے کے آدمی ہین بعد اسکے گھوڑا طلب کرا کے ایک ٹیلے
کے نیچے منگوایا اور کمان و ترکش سے مسلح ہوکر روانہ ہوا اور گھوڑا جھپٹا کر
حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے قریب پہونچا حضرت سیدنا ابوبکر
رضی اللہ تعالی عنہ کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حفاظت کے
خیال سے ہر طرف نظر کرتے ہوے جا رہے تھے آپکی نظر مبارک سُراقہ پر پڑی
عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وآلک واصحابک وسلم ایک سوار آ پہونچا
آپ نے اوسے دیکھا اور سراقہ کے لئے بد دعا کی فوراً زمین نے سراقہ کے
گھوڑیکو اوسکے پیٹ تک نگل لیا گھوڑا چارون پاؤن سے زمین مین گھس گیا
سراقہ نے کہا کہ مین سمجھ گیا کہ آپ دونون صاحبونکی بد دعا سے میرے گھوڑیکا
یہہ حال ہوا ہے آپ مجھے اس بلا سے بچاوین اب مین عہد کرتا ہون کہ جو شخص
مجھے آپ کی تلاش مین آتا ہوا ملیگا مین اوسے پھیر دونگا تاکہ وہ آپ تک نہ پہونچے
آپ نے دعا کے لئے اپنے دست مبارک بلند فرمائے زمین نے فوراً گھوڑی کو
چھوڑ دیا سُراقہ کہتا ہے کہ مجھے اوسیوقت یہہ خیال ہوا کہ اللہ تعالی شانہ آپکو غلبہ
اور ظفر عنایت فرمائیگا مین آپکے قریب گیا اور مینے عرض کی کہ آپ مجھے امان نامہ
لکھدیجئے کہ جب اللہ تعالی شانہ آپکو قوم پر فتحمند کرے تو مین محفوظ رہون آپنے
حضرت عامر بن فہیرہ کے ہاتھہ سے امان نامہ لکھوا دیا سُراقہ اگرچہ اوسوقت
مسلمان نہوے لیکن اسکے بعد وہ ایمان لاے اور اصحاب کے زمرہ مین داخل
ہوے سراقہ نے جب مراجعت کی تو حسب وعدہ جو شخص اونکو آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تلاش مین جاتا ہوا ملا اوسکو پلٹا دیا اوس سے کہا کہ
مین دیکھہ آیا ہون اب تمہارے جانیکی ضرورت نہین ہے **معجزہ** یہہ معجزہ
حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا معجزۂ **موسوی** کا ہم پہلو ہے

فرق دونون معجزون مین رحمت و غضب کا ہے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا معجزہ سراپا رحمت ہے کہ وہ سراقہ کے لئے سبب ایمانکا ہوا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ قارون کے واسطے سبب ہلاکت کا ہوا اور باوجود اقرار اسلام اوسکا اسلام رد کردیا گیا۔ ؎

ببین تفاوتِ رہ از کجا ست تا بکجا + ہم گنہگاران دل شکستہ عرض کرتے ہین یہہ اللہ تعالےٰ شانہ کا قول ہے اور ہم اسی قول محکم کو اپنا ذریعہ شفاعت قرار دیتے ہین۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ؎

یا رسول اللہ انظر حالنا	یا حبیب اللہ اسمع قالنا
اننی فی بحر غم مغرق	خذ یدی سہل لنا اشکالنا

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم آپ رحمۃ للعالمین ہین ہم گنہگار ہین اور گنہگارونکی صفت مین اپنے قصور طاعت پر ماتم نشین ہین اگر آپ کی شانِ رحمت نے دستگیری نفرمائی تو ہمارا کہین ٹھکانا نہین آپکا معبود و مقصود اور ہمارا خالق و رازق فرماتا ہے وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ

نظم

زجہوری برآمد جانِ عالم	ترحم یا نبی اللہ ترحم +
نہ آخر رحمۃ للعالمینی	زمحرومان چرا غافل نشینی
زخاک اے لالہ سیراب برخیز	چو نرگس خواب چند از خواب برخیز
ادیم طایفی نعلینِ پا کن ::	شراک از رشتۂ جانہاے ما کن
برون آور د سر از بردِ یمانی	کہ روے تست صبح زندگانی
شبِ اندوہِ ما را روز گردان	ز رویت روز ما فیروز گردان
بہ تن در پوش عنبر بوے جامہ	بسر بربند کافوری عمامہ

فرود آویز از سر گیسوان را
فگن سایه بپا سروروان را

جهانے دیده کرده فرش راهند
چو فرش اقبال پابوس تو خواهند

زحجره پائے در صحن حرم نه
بفرق خاک ره بوسان قدم نه

بده دستے زپا افتاده گان را
بکن دلداری دل داده گان را

اگرچه غرق دریاے گناهم
فتاده خشک لب برخاک راهم

تو ابر رحمتے آن به که گاهے
کنی برحال لب خشکان نگاهے

خوشا کز گرد ره سویت رسیدیم
بدیده گرد از کویت کشیدیم

بمسجد سجدهٔ شکرانه کردیم
چراغت را زجان پروانه کردیم

بگرد روضه ات گشتیم گستاخ
دلم چون پنجره سوراخ سوراخ

زدیم از اشک ابر چشم بیخواب
حریم آستان روضه ات آب

گهے رفتیم زان ساحت غبارے
گهے چیدیم زو خاشاک وخارے

ازان نور سواد دیده دادیم
وزان برریش دل مرهم نهادیم

بسوے منبرت ره برگرفتیم
زچهره پایه ات در زر گرفتیم

زمحرابت بسجده کام جستیم
قدم گاهت زخون دیده شستیم

بپاے هر ستون قد راست کردیم
مقام راستان درخواست کردیم

زداغ آرزویت بادل خوش
زدم از دل بهر قندیل آتش

کنون گر تن نه خاک آن حریم است
بحمد الله که جان آنجا مقیم است

بخود درمانده ام از نفس خودرای
به بین درماندهٔ چندین ببخشائے

اگر نبود چو لطفت دستیارے
زدست ما نیاید هیچ کارے

قضای افگند از راه مارا
خدارا از خدا درخواه مارا

چو هول روز رستاخیز خیزد
به آتش آبروے ما نریزد

کند با اینہمہ گمراہی ما	ترا اذن شفاعت خواہی ما
چو چوگان سر فگندہ آوری رو	بمیدان شفاعت امتی گو
بحسن اہتمامت کار جامی	طفیل دیگران یابد تمامی

رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ شانہ
قرآن شریف مین ارشاد فرماتا ہے وما ارسلناك الا رحمۃ للعالمین اے
رسول اے حبیب ہمنے تمکو دنیا مین تمام عالم کیواسطے رحمت مجسم کر کے
بہیجا ہے یہہ خطاب تو حضور پر نور کیطرف ہے اللہ تعالیٰ شانہ نے آپ کے
مرتبہ سے آپ کو اسی آیت کے ذریعہ سے مطلع فرمایا کہ آپ خود بہی اپنی بزرگی
و شرافت سے مطلع ہو جاوین کہ آپکی کیا شان ہے جل شانہ وجل جلالہ
وعم نوالہ اور اپنی امت کو بہی آگاہ فرماوین پہر امت پر یہہ بات واجب ہے
کہ وہ اپنے اون بہائیون کو جو اس بشارت سے مطلع نہین ہین اطلاع بخشین
اور یہہ امت مرحومہ بہی اپنی بزرگی و شرافت سے واقف ہوجاے اور اس
نعمت کا شکریہ بطور وجوب بجا لایا کرے چنانچہ جیسا خطاب مستطاب
محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف ہے ویساہی حکم اظہار احسان
امت مرحومہ کیطرف ہے قال اللہ تعالیٰ شانہ فی القرآن العظیم
لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم
یتلوا علیھم آیتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتب والحکمۃ وان کانوا من
قبل لفی ضلل مبین اللہ جل جلالہ وعم نوالہ اپنے مومنین بندونکو
مخاطب کر کے فرماتا ہے کہ بہ تحقیق احسان کیا اللہ نے مومنین بندون پر
جبکہ اوٹہایا اون مین سے ایک رسول کہ جو اونہین کے قبیلہ مین سے ایک
نہایت برگزیدہ بندہ ہے اور وہ کیسا برگزیدہ بندہ ہے کہ تلاوت کرتا ہے

ہمارے مومنین بندون پر ہماری آیتین اور سکہاتا ہے کتاب اور حکمت اور
اونکے قلوب کا تزکیہ کرتا ہے اور اونکے نفوس کو اخلاق رذیلہ سے پاک کرتا ہے
اور آراستہ کرتا ہے اوصاف حمیدہ سے اور یہہ لوگ اسکے پہلے نہایت گمراہی
کی حالت مین پہنسے ہوے تہے **احسان کا بدل بجز احسان کے
نہین** چنانچہ یہہ ارشاد فیض بنیاد موجود ہے احسن کما احسن اللہ
الیک نیکی کر جیسی نیکی اللہ نے تیرے ساتہہ کی اللہ تعالی شانہ نے مومنین
بندونکے ساتہہ یہہ احسان کیا کہ اونکے آراستہ کرنے کے لئے اپنا رسولؐ بہیجا
اوس رسولؐ نے اپنی جان مبارک کو ہزارون خطرونمین ڈالا بڑی بڑی مصیبتین
اوٹہائین قوم سے ناگوار باتین سنین قوم کی جفا سہی دندان مبارک شہید ہوگیا
ایسی پتہر برسائے طایف کے نخلستان مین وہان کے لوگون نے کہ ساق مبارک
خون آلود ہوگئی اور وہان کے باغ مین ٹہرنے نہ دیا یہہ وطن سے جدا کیا اعوان
وانصار کو طرح طرح کی ایذائین دین مگر اوس اولوالعزم رسولؐ نے سوائے اسکے
اور کچہہ نہ فرمایا کہ یا اللہ اس قوم کی ہدایت فرما اور انکے صلب سے ایسی اولاد
پیدا کر کہ جو تیری توحید کا اقرار کرین۔ لہذا ہمکو ایسے رحیم نبی کریم صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کے احسان کا **شکریہ واجب ہے** اور وہ شکریہ
یہہ ہے کہ ہم ہمیشہ اپنی قوم کو کسی پاک گہر مین جمع کرکے جو کچہہ ماحضر موجود ہو اوسکی
اونکی دعوت کرین پہر اوس برگزیدہ رسولؐ کے سچے سچے حالات جو ہمارے
برے اخلاق کو سنوارین اوس جماعت اخوان الصفا کے سامنے پڑہین اور
جس مبارک روز وہ امین بطن مادر سے زمین پر اوس نے قدم ناز رکہا ہے
اوس سے اپنے بہائیون کو مطلع کرین کہ ایمان اونکا تازہ ہوتا رہے اور اوس
رسولؐ مکرم کی امانت دیانت تقوی اور اخلاق کریمہ کے بیان ہمارے

کانون مین پڑے رہین تاکہ وہ ہمکو بُری باتون سے ہمیشہ بچایا کرین اور یہہ بھی
اللہ جل جلالہ کے کلام مین موجود ہے کہ انبیا کی زندگی اور موت اور مصایب
کا بیان سب ہمارے واسطے سلامتی اور رحمت کا سبب ہے کما قال اللہ تعالیٰ
شانہ فی سورۃ المریم + والسلم علی یوم ولدت ویوم اموت ویوم ابعث حیًّا
یہہ قول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہے جو اپنے قوم کے سامنے فرمایا تھا کہ میرے
واسطے وہ دن سلامتی اور مبارکی کا ہے جسدن مین پیدا ہوا اور وہ دن بھی میرے
سلامتی اور مبارکی کا ہے جس دن مین دنیا سے رحلت کرونگا اور وہ دن بھی
جسدن مین اپنی آرامگاہ سے پہر زندہ ہوکر اوٹھونگا سلامتی کا ہے پروردگار
تعالیٰ شانہ نے یہہ قول حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا اپنی کتاب کریم مین بیان فرمایا
اور پہر اوسکی تصدیق فرمائی کہ یہہ قول سچا ہے جسکو شبہ ہو وہ سورہ مریم مین
اس مسئلہ کو دیکھ لے ہمارے میلادخوان اس آیت کو اپنی نظر کے سامنے
رکھین مگر اسکا خیال ضرور رہے کہ ایسی پاک مجلس مین جھوٹی مَن گڑھت روایتین
نہ پڑہی جائین اور جب ولادت کا بیان ختم ہوجاے اور سلام پڑہ چکین تو حضور
کے اخلاق کریمہ اور اوصاف حمیدہ کا بیان کیا جاے جو سیر کی
معتبر کتابون سے اور علماے متقدمین کی تصنیفات سے منتخب کئے ہوے
ہون اور مجلس کو بہت طول ندین کہ جو سُننے والونکی گرانی طبیعت کا سبب ہو
اور اگر سُننے والے شوقین ہون اور وہ فرمایش کرین تو مضایقہ نہین جبتک
اہل مجلس کا دل نگھبراے پڑہین اور جب دیکھین کہ اب لوگون کو بیٹھنا گران
ہے فورًا بیان کو تمام کرکے فاتحہ پڑہ دین پروردگار تعالیٰ شانہ کا
ارشاد ہے وما ارسلناك الا رحمة للعالمین عرب اور ملک
عرب کی آپکی تشریف آوریکے پہلے جو حالت تھی اہل تاریخ پر مخفی نہین ہے

کعبہ شریف کے اندر تین سو ساٹھہ بت رکھے ہوے تھے اور جو بت کہ فضای
حرم مین تھے وہ اسکے علاوہ تھے اور جو بت کہ اپنے گھرون مین تھے وہ فضای
حرم کے بتون سے جدا تھے غرض یہہ کہ عربستان جو اب ملک اسلام ہے حضور
پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی رونق افروزی سے پہلے ہندوستان
سے بہت زیادہ وسیع ٹھاکردوارہ تہا اوسکو ملک اسلام اوسی برگزیدہ نبی
نے بنایا جسکو اوسی برگزیدہ نبی کے خدا نے رحمۃ للعالمین کہکر پکارا
اہل انصاف اپنے اپنے دلونمین انصاف فرمائین کہ ایام جہالت مین عیسیٰ
علیہ السلام کے مرفوع ہونیکے بعد سے آپکے ظہور تک کسی اور کی بہی صدا
توحید اور نعرہ اللہ اکبر بلند ہوا تہا تمام دنیا اللہ کو اسطرح بہول گئی تہی
کہ جیسے کبہی کسی نے یہہ نام پاک سنا ہی نہ تہا تمام دنیا کو اپنے اپنی ہاتہون کے
ترشے ہوے بتون سے سروکار تہا معاذ اللہ منہا اونکے خیال مین وہی اونکے
ہاتہون کی گڑہی ہوئی مورتین قاضی الحاجات تہین معاذ اللہ منہا مارین وہ
جلائین وہ پانی وہ برسائین قحط وہ ڈالین غرض یہہ کہ ہر شے پر وہی پتہر کی
مورتین جنکو اونکے پجاری ادہر سے اودہر اوٹھاکر رکھدیا کرتے تہے قادر
تہین اونکو سجدے ہوتے تہے اونپر قربانیان چڑہائی جاتی تہین اوس
اللہ کے پہچاننے والے نے بہت تہوڑے دنون مین اللہ
کو پہنچوا دیا اور پہر صرف عرب نے ہی نہین پہچانا تمام دنیا نے پہچان لیا دیکہہ لو
دنیا کے اس کنارے سے اوس کنارے تک کونسا ملک ایسا ہے جس مین کسی
خداشناس کا گہر نہین ہے پہر آپ رحمۃ للعالمین نہین ہین تو کون ہے
قتل نفس ہر مذہب مین اس سے بڑہ کر کوئی گناہ نہین عرب اور ہندوستان
وغیرہ مین یہہ گناہ عام طور پر شایع تہا کہ لوگ اپنی دخترون کو قتل کرڈالتے تہے

اسلام کی برکت نے اس بلا کو تمام دنیا سے دفع کر دیا عہد شاہجہانی
مین اسکا انتظام ہوگیا تہا اور ستی ہونیکا جو ہندون مین دستور تہا اوسکا بہی
انتظام شاہجہان بادشاہ نے کر دیا اکثر عیسائی مرد و عورت کوارے رہا
کرتے تہے اور اب بہی عیسائیون مین ایک قوم کیتہولک ہے جو اس شعار سے
باز نہین آئی مگر اسلام نے اونکی برائیان اونیز ثابت کر دین مخبر صادق صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمادیا کہ اسلام کی پاک وصاف چپادر مین
رہبانیت کا داغ یا دہبا نہین ہے شراب جوام الخبائث ہے
اسلام نے اوسکی برائیون کو روز اول ہی سمجہ لیا تہا اور عیسائیت نے اب
اٹہارہ سو برس بعد اوسے سمجہا ہے پہر بہی ویسا نہین سمجہا جیسا اسلام نے
روز اول سمجہا تہا اور یہہ بہی اسلام ہی کی برکت ہے جتنا کچہہ سمجہا ہے سبحان اللہ
وبحمدہ کیا سچا قول ہے حضرت مخبر صادق صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا
الاسلام یعلوا ولا یعلی یعنی اسلام خود بلند شان رکہتا ہے کسیکے بلند
کرنے سے وہ بلند نہین ہوتا یا اللہ تیرا شکر ہے کہ تو نے ہمین
مسلمان پیدا کیا الحمد للہ اب مین اس کتاب کے اصل مطلب کیطرف
رجوع کرتا ہون یعنی بیان ہجرت جب حضور پر نور مدینہ منورہ کے
قریب پہونچے تو بریدہ بن الخصیب اسلمی ستر سوار ونکی جماعت سے آپ کو
ملے آپنے اون سے پوچہا کہ تم کون ہو اونہون نے جواب دیا بریدہ بن الخصیب
آپ نے تفاول کیطرح فرمایا برد امرنا خنك اور ٹہنڈا ہوا کام ہمارا اور
اونکے قبیلہ کا نام اسلم سنکر حضور نے ارشاد فرمایا سلمنا سلامت رہے
ہم پہر حضور نے دریافت کیا قبیلہ اسلم مین سے کس قوم کے ہو اونہون نے
کہا بنی سہم کی قوم سے آپ نے فرمایا خرج سھمك یعنی حاصل ہوا حصہ

تیرا یعنی اسلام سے تجھے حصہ ملا بریدہ آے تو تھے دوسرے ارادہ سے کہ حضرت کو مکہ معظمہ کفار قریش کے پاس لیجائین اور انعام موعودہ اون سے حاصل کرین لیکن جمال مبارک سے جو مشرف ہوے خود اسیر کمند الفت ہوگئے اور گویا بزبان حال یون عرض کرتے تھے ؎

غلام نرگس مست تو تاجداران اند	خراب بادۂ لعل تو ہوشیاران اند
تو دستگیر شو اے خضر پے خجستہ کہ من	پیادہ میروم وہمرہان سواران اند

بریدہ نے عرض کی کہ میرا اور میرے ہمراہیون کا اسلام قبول ہو سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر لیجئے کس کام کو آئے تھے اور کیا ہوگئے پہر بریدہ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مدینہ مین داخل ہونیکے وقت آپکے آگے نشان ہو بریدہ نے اپنے عمامہ مین سے کپڑا پہاڑ کر ایک نیزہ مین باندہ کر نشان بنایا حضور نے اونہین کو نشان برداری کا حکم دیا حلیمہ سعدیہ کے گہر سے جب آپ مکہ معظمہ آے تھے تو شہر مین داخل ہونیکی دوسری شان تہی جیسا کہ اسی کتاب مین اوپر بیان ہو چکا ہے شائقین کتاب ہذا مین ملاحظہ فرمالین **مدینہ منورہ** مین داخل ہونیکی یہ شان ہے آپ ہین بہی تو خاتم الانبیا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم **مدینہ طیبہ** کے لوگون کو جو حضور کی تشریف آوری کی خبر پہونچ چکی تہی تو روزانہ بخیال استقبال مکہ معظمہ کے راستہ پر آتے اور دوپہر تک انتظار کرکے واپس چلے جاتے چنانچہ رونق افروزی مدینہ کے روز بہی ایک جماعت کثیر استقبال کو حاضر ہوئی تہی دیر ہو جانیکے سبب سے واپس ہونیکا ارادہ کر رہے تھے کہ ایک یہود کی نظر جو ایک ٹیلہ پر سے دیکھہ رہا تہا پرچم نشان رسالت پر پڑی جو بریدہ کے ہاتھہ مین تہا چلایا اور واپس ہونے والی جماعت کو روکا اور کہا

یا معاشر العرب ھذا جدکم یعنی اے گروہ عرب یہہ مطلب تمہارا ہے
یہہ سنتے ہی وہ جماعت مشتاقان لقاے حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کمال جوش مسرت مین یکبارگی پلٹ پڑی اور گویا بزبان حال اون مشتاقان
جمال کی زبان پر یہہ ترانہ تہا غزل

سایۂ رحمت گیسوے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
جان جہان یہہ نورکی صورت صلی اللہ علیہ وسلم

فرض ہے ہمپر عشق نبی کا شغل ہی یہہ ہر ایک ولی کا
آپکی الفت عین عبادت صلی اللہ علیہ وسلم

سرو کی ہستی کیا ہو وہان پر خاک قدم طوبی ہو جہان پر
عرش سے اونچی رفعت قامت صلی اللہ علیہ وسلم

جلوۂ موسی نام ہے جسکا حال ہمین معلوم ہی اسکا
تہا وہ فروغ عارض حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

حسن محمد حسن ازل ہے آپکی الفت حسن عمل ہے
پڑہ یہہ وظیفہ تا ہو زیارت صلی اللہ علیہ وسلم

یہہ مرا سر ہے پاے نبی پر کہتی ہین عاشق اسکو مقدر
کیون نہ پڑہو نمین آپکی مدحت صلی اللہ علیہ وسلم

کہتے ہین سب دنیا کو ضعیفہ نام ہی اس مردار کا جیفہ
پڑہ تو اسے چہوڑ اُسکی محبت صلی اللہ علیہ وسلم

عشق نبی نے کام کیا ہی گرتے ہوی کو تہام لیا ہی
سیدہی ہی اکبر اب تو یہہ قسمت صلی اللہ علیہ وسلم

سب کے سب حضور کے ہمراہ مدینہ با سکینہ مین داخل ہوی انصار

کی لڑکیان حضور کی جلوہ افروزی کی خوشی مین یہہ شعر گا رہی تہین اور دف بجا رہی تہین حضرت نے اون لڑکیون سے کہا واللہ مین تمکو دوست رکہتا ہون یہہ دختران بنی نجار یعنی انصار کی تہین شعر

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ	وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعٍ

ترجمہ چودہوین رات کا چاند طالع ہوا ہم لوگون پر ثنیات الوداع کی طرف سے ۔ واجب ہوا شکر ہمپر جب تک دعا کرے اللہ سے کوئی دعا کرنے والا ۔ **فائدہ** ثنیات الوداع کے معنی ہین رخصت کرنیکی گہاٹیان اہل مدینہ کا یہہ دستور تہا کہ مکہ جانے والے مسافرکو ان گہاٹیون تک پہونچانیکو جایا کرتے تہے اور جو کسی مکہ سے آنے والے کی خبر ہوتی تو اوسکے لینے کو یہانتک آیا کرتے تہے ۔ قاموس مین یونہین ہے اور بعض اہل لغت او رمحدثین نے لکہا ہے کہ ثنیات الوداع مدینہ سے شام کیجانب ہے نہ مکے کی جانب اور یہہ شعر مدینہ کی لڑکیون نے اوس وقت گایا ہے جب آپ نے غزوہ تبوک سے معاودت فرمائی تہی اور صحیح بخاری سے ثنیات الوداع کا شام کی ہی جانب ہونا ثابت ہے فقیر محمد اکبر عرض کرتا ہے کہ گہاٹیان پہاڑونکی مکہ معظمہ کے ہرطرف ہین مسافر اس طرف سے بہی پہاڑون کی گہاٹیون تک پہونچاے جاتے ہین اور اوسطرف سے بہی

رونق افروزی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ طیبہ مین

حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم **بارہوین ربیع الاول دوشنبہ** کے دن دہم ماہ ایلول رومی سنہ ۹۳۳ اسکندری مین رونق افروز مدینہ طیبہ ہوے اور **محلہ قبا** منازل بنی عمرو بن عوف مین ٹہرے اور بخانہ سعد بن خثیمہ قوم بنی عمرو بن عوف بن کلثوم بن الہدم کہ والدہ عبدالمطلب اسی قوم سے تہین جلوہ فرما ہوے اور حضرت **ابوبکر** رضی اللہ تعالیٰ عنہ عوالی مدینہ محلہ

شیخ قبیلہ بنی الحارث بن الخزرج بن حبیب بن نساف مین فروکش ہوی روایت
صحیحہ ہے کہ حضرت ایک درخت کے سایہ مین خاموش بیٹھے تھے اور حضرت صدیق اکبرؓ
آنے جانے والونکی تعظیم کے لئے کہڑے تھے وہ انصار جن لوگون نے حضرتؐ کا
جمال جہان آرا اسّے پہلے نہین دیکہا تہا اونکی آمد شروع ہوئی اونکو حضرت صدیق اکبرؓ
پر رسول اللہؐ کا دہوکہا ہوا وہ حضرت صدیق اکبرؓ کو سلام علیک کرتے تھے اور جانتی
تھے کہ رسول اللہؐ آپ ہی ہین جب درخت کا سایہ ڈہلا اور دہوپ آگئی تو حضرت
صدیقؓ اکبر نے اپنی چادر آپ پر تان دی اور دہوپ کا بچاو کیا اب انصار نے
حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پہچان لیا سبحان اللہ اس ادب کے
قربان خدام با ادب آقا اور مالک کو یون پہچنوایا کرتے ہین ہ

کردم از عقل سوالے کہ بگو ایمان چیست	عقل در گوش دلم گفت کہ ایمان ادب است
بے ادب را بسموات بقا منزل نیست	بسموات بقا منزل پاکان ادب است
چند روزے تو درین خانۂ تن مہمانی	با ادب باش کہ خاصیت مہمان ادب است

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ کو صدیق اکبر کا خطاب کسنے دلوایا
اسی ادب نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مرتبہ صحابیت
کسنے بخشا اور ممدوح مدح لا تحزن ان اللہ معنا کسنے کیا اسی ادب نے
حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلیفہ اول رسول مقبول کسنے کیا
اسی ادب نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بعد وفات
رسول اللہؐ کے پہلو مین کسنے جگہ دی اسی ادب نے ہ

ادب تاجے است از فضل آلہی	بنہ بر سر برو ہر جا کہ خواہی

کتب معتبرہ مین یون مرقوم ہے کہ پہلی نصیحت جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے انصار کو فرمائی وہ یہہ ہے ظاہر کرو اسلام کو اپنے اوپر بیگانون مین

اور کہانا کہلاؤ یعنی مواسات فقرا کرو - اور صلہ رحم ادا کرو یعنی پیوند کرو اہل قرابت سے اور رات مین نماز پڑہو یعنی کثرت کرو نوافل کی جسوقت آدمی سوتے ہون داخل ہو گے جنت مین سلامتی کے ساتہہ **کیون بے نماز بہائیو** کیا ارشاد فرماتے ہو یہہ وہ نصیحت ہے کہ جب آپ مدینہ طیبہ مین داخل ہوے ہین اوسوقت جو کلمات طیبات آپکی زبان مبارک سے پہلے نکلے ہین وہ یہہ ہین راوی فرماتے ہین کہ **عبد اللہ ابن سلام** بہی اس نصیحت کے سامعین مین سے تہے اس جگہہ حضور نے چودہ روز قیام فرماکر **مسجد قبا** باعانت خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم تعمیر کراکے اسمین **نماز پڑہی** نماز کے جو اسرار ہین وہ تو مجہپر کہلے نہین ہین مگر مجہے یہہ تعلیم روز اول ہوئی جب مینے اپنے **پیر و مرشد حضرت مولٰنا سید شاہ محمد قاسم قدس سرہٗ دانا پوری** کے حضور مین بتاریخ ۱۹ شعبان المعظم ۱۲۸۷ھ حاضر ہوکر غلامی کا شرف حاصل کیا ہے **ارشاد فیض بنیاد** حضرت پیر و مرشد قدس سرہٗ اے نور نظر نماز معراج المومنین ہے جس صوفی فقیر سالک نے نماز کی حفاظت نکی خوب سمجہہ لو کہ نور ایمان اوسکے دل مین نہین ہے اسوقت تمہاری استعداد کے مناسب یہہ بات ہے کہ نماز پنجگانہ تمہارے مہربان مالک کے دربار کا پنج وقتی سلام ہے اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارے مالک کے دربار مین تمہاری حاضری پانچون وقت ہو پنجگانہ نماز کا اہتمام کرو اور اگر یہہ چاہتے ہو کہ **شاہی دربار** مین اُمرا و وزرا کی صف پر کہڑے ہو **تہجد** ناغہ نکرو والحمد اللہ علی احسانہ **یا اللہ** نہ مجہے اپنی نماز پر بہروسا ہے نہ تہجد پر مجہے اگر امیدواری ہے تو تیرے **فضل** کی اور فی الحقیقت یہی چیز بہروسے کی ہے

بر کریمان کارہا دشوار نیست

مینے اپنے ایمان کی پہٹی پرانی چادر کے کونے مین کوئی چیز گرہ باندہ کر رکہی ہے
اور وہ یہی شے ہے یعنی تیرا **افضل** یا اللہ مین تیرے **عدل** کے سامنے
لرزہ بر اندام اور سربسجود ہون مجہے تو تیرا **افضل** درکار ہے جو میرے ایمانکی
چادر کے کونے مین بندہا ہوا ہے **یا اللہ** اس چادر کے کونے کی گرہ قیامت
کے دن تیری سامنے کہلے اور تو اپنے ہاتہہ سے کہولکر نقد فضل وکرم مجہے عطا فرماکر
یہہ ارشاد کرے کہ ہمارے فضل نے تجہے بخشا اللھم آمین اللھم آمین اللھم
آمین **الغرض** یہہ آیت سورہ توبہ کی اسی **مسجد قبا** کی شان مین نازل ہے
لمسجد اسس علی التقوی من اول یوم احق ان تقوم فیہ **ترجمہ** یعنی
بے شک وہ مسجد جسکی بنیاد ہوئی تقوی پر پہلے ہی دن سے لایق ہے اسبات کے
کہ تم اوسمین نماز پڑہو۔ قبا مین یہہ مسجد شریف ہی اور جب تک آپ وہان رہے
اوسمین نماز پڑہتے رہے۔ اسی مسجد قبا کی تعریف ہے فیہ رجال یحبون
ان یتطہروا یہہ **اول مسجد ہے کہ عہد اسلام مین بنائی گئی**
اسکے فضائل احادیث مین بہت ہین اور بڑی فضیلت یہہ ہے کہ حضور پرنور
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم دوشنبہ اور پنجشنبہ کو وہین نماز پڑہتے تہے
اسی مسجد کے مقابلہ مین منافقین نے ایک مسجد بنائی تہی جسکی مذمت سورہ **توبہ**
مین ہے قصہ اوسکا یہہ ہے کہ ابو عامر راہب ایک بڑا مفسد قوم خزرج مین سے
تہا اوسنے پہلی کتابین پڑہی تہین اور وہ نصرانی ہوگیا تہا اوّل حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خبر اہل مدینہ سے بیان کرتا تہا جب آپ
رونق افروز مدینہ ہوسے تو اوسکا مادہ حسد جوش زن ہوا جسنے اوسے ایمان
لانے سے روکا اب وہ سرگرم عداوت ہوگیا وہ **غزوہ بدر** کے بعد مدینہ سے
بہاگ گیا اور قریش کے ہمراہ **جنگ احد** مین آیا اور سب سے پہلے تیر

لشکر ظفر پیکر اسلام پر اوسنے چلایا غزوہ حُنین مین شریک قوم ہوازن رہا پھر
روم کو چلا گیا کہ لشکر روم کو چڑہا لاوے یہہ اوسکا خیال خام خام ہی رہا پہنچنے
نہ پایا اوسنے پھر مدینہ مین آنیکا قصد کیا اور منافقان مدینہ کو کہلا بھیجا کہ ایک مسجد
مسجد قبا کے قریب بناوین مین اوسمین بیٹہہ کر تعلیم وتلقین کرونگا اور مشورت
کے لئے بھی ایک خاص جگہہ ہوجائیگی چنانچہ منافقون نے مسجد قبا کے قریب
مسجد ضرار بنائی اور نفاق کے چھپانے کے لئے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم مین حاضر ہوکر مستدعی ہوئے کہ آپ اوسمین چلکر نماز پڑہین
آپ نے فرمایا کہ ابتو ہم تبوک کیجانب جہاد کو جاتے ہین جب وہان سے مراجعت
کرینگے تو دیکہا جائیگا جب حضور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مراجعت
فرمائی تو کچہہ لوگ حاضر خدمت ہوے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
مین عرض کرین اور مسجد ضرار کی رونق کے لئے اوسمین لائین اللہ تعالی شانہ
نے یہہ آیت نازل فرمائی والذین اتخذوا مسجداً ضراراً اور اون کے
فریب سے حضور کو مطلع فرمایا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یعنی حضور نے
اوس مسجد کو کہدوا ڈالا اور جلادیا۔ اس مقام سے علما رحمہم اللہ نے استنباط
کیا ہے کہ جس مسجد کی بنا مین ریا وسمعہ یا اور کوئی غرض اللہ تعالی شانہ کی خواہش
کے سوا یا مال حرام مثل سود اور رشوت وغیرہم سے تعمیر کی گئی ہے وہ مسجد
ضرار مین داخل ہے اوسمین نماز پڑہنا درست نہین ہے حضرت مولٰنا شاہ
عبد العزیز محدث دہلوی کا فتوی ہے کہ مسجد زنان رقاصہ
مین نماز ذمہ سے ساقط ہوجاتی ہے مگر مسجد کا ثواب نہین ہوتا اسلئے کہ وہ مسجد
مال حرام سے تعمیر کی گئی ہے اور آیۂ کریمہ فیہ رجال یحبون ان یتطہروا
سے علمانے استنباط کیا ہے کہ استنجا کرنا پانی سے افضل ہے مگر اوّل

کلوخ سے کرنا چاہیئے کیونکہ مسجد قبا کے لوگ اسی طرح کرتے تھے کہ ممدوح
حق ہوے علماے اصول نے اخذ کیا ہے کہ مسّ ذکر سے وضو نہین جاتا اسواسطے
کہ اللہ تعالی شانہ نے مستنجی بالما کو موصوف طہارت سے فرمایا اگر مسّ ذکر
ناقض وضو ہوتا تو طہارت سے کبھی موصوف نہوتا **الغرض** حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم محلہ قبا مین تشریف فرما تھے کہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ
تیسرے دن بروایت صحیحہ تشریف لاے اور چودہ روز محلہ قبا مین قیام فرماکر
شہر کے اندر اقامت کا ارادہ فرمایا شہر کے لوگ اسبات کی تمنا کرتے تھے کہ
آپ ہماری محلہ مین ٹھرین جب آپ سوار ہوے تو ہر قبیلہ کے لوگ ہمراہ رکاب
تھے اور یہی درخواست زبان پر تھی آپنے فرمایا کہ میری اونٹنی مامور ہے جہان
وہ بیٹھے گی وہین ٹھرونگا اونٹنی جب وہان پر پہونچی کہ جو مقام مسجد نبوی
کے دروازہ کے محاذی ہے اور وہان خانقاہ شمامہ ہے اور صحیح یہہ ہے
کہ منبر مسجد شریف کی جگہہ بیٹھہ گئی پھر حضرت نے اوٹھایا پھر اوٹھی چند قدم
چلکر حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے دروازے پر بیٹھی پھر اوٹھی
اور مقام اول پر آکر بیٹھہ گئی اوسوقت حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
فرمایا ہذا المنزل انشاء اللہ **فایدہ** یہہ ابوایوب انصاری آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دادی صاحبہ سے قرابت قریبہ رکھتے تھے اور تبع
حمیری بادشاہ یمن کا مکتوب بنام حضور جو ایمان نامہ تھا وہ ابوایوب
انصاری ہی کے گہر مین پشت ہا پشت سے چلا آتا تھا قصہ مختصر حضرت ابوایوب
انصاری نے حضرت کا اسباب اوتارا اور گویا بزبان حال یون فرماتے جاتے
تھے۔ **شعر**

ہماے اوج سعادت بدام ما افتد	اگر ترا گذرے بر مقام ما افتد

حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یہی چاہتے تھے کہ مین بنی نجار مین اوترون
تو اللہ تعالی شانہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خواہش کے
موافق آپکے ناقہ کو یہین بیٹھنے کا حکم دیا حضرت اونکے گہر مین اوسوقت تک جلوہ
افروز رہے جبتک مسجد نبوی اور حجرات شریفہ تعمیر ہوے **درج الدرر**
مین ہے کہ حضرت سات مہینے اونکے گہر مین رہے اور صحیح یہہ ہے کہ اوّل
ابوایوب رضی اللہ عنہ نے حضور پر نور کو نیچے کے مکان مین اوتارا اور خود مع
اہل وعیال بالاخانہ مین رہنے لگے پہر سوء ادب کا خیال ہوا تو حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بالاخانہ پر لے گئے اور آپ نیچے اوتر آے

حال آبادی مدینہ طیبہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام

بنا اس بقعہ متبرکہ کی یون واقع ہوئی ہے کہ بعد طوفان حضرت نوح علی نبینا
وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اہل کشتی نواح بابل مین اوترے اور اولاد احفاد کی
کثرت ہوئی **نمرود** ابن کنعان بن حام بن نوح نے اپنی ذات کو یعنی اپنے تئین
امیر اور رئیس قرار دیا اور اپنی شوکت وحشمت ظاہر کرنے لگا نہایت ظلم
خلق اللہ پر کئے کفر وفسق کا بازار گرم ہوا۔ اولاد سام بن نوح کی ایک جماعت
اس ظلم وستم سے تنگ دل ہوکر وہان سے جدا ہوئی اور وہ اس زمین مین آکر
آباد ہوئی اور اس مقام کے اطراف وجوانب مین اپنا تصرف کیا اور زراعت
کرنے لگے اسی گروہ کو عمالقہ کہتے ہین یعنی عملاق بن ارفخشد بن سام بن نوح
ہین اور جابرہ شام اور فراعنہ مصر انہین سے ہوے ہین انکے بعد یہود زمین
مدینہ پر متصرف ہوے اسکی دو صورتین ہوئین ایک صورت یہہ کہ ابن زبالہ
نے عبداللہ ابن حنظلہ اور عمار ابن یاسر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے
اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے کتاب جذب القلوب الی دیار المحبوب مین

ہوا کہا ہین خدا نے ایک فوج بہیجی اوسنے آکر شہرون کو ویران کیا اور پانی ایسا برساکہ
تمام مکانات گر گئے یہان تک سد لقمان اکبر عادی بہی ٹوٹ گئے سب لوگ ڈوب کر
مر گئے صرف چند آدمی نسل سبا سے اور ایک عمرو ابن عامر رئیس اولاد کہیلان کا اپنی
تیرہ۱۳ بیٹیون سمیت بچا سو یہہ بہی قبل نزول عذاب شہر سے نکل گیا تہا اور اوسنے
اپنی اولاد سے کہا کہ جس جگہہ تم چاہو سکونت اختیار کرو **ازانجملہ** ثعلبہ عمرو ابن عامر کا
بڑا بیٹا جو اوس اور خزرج کے قبیلہ کا مورث اعلی ہے کہنے لگا ہمکو زمین حجاز پسند
ہے وہ اپنی اولاد و اتباع کو لیکر یثرب مین آیا کہ اسوقت یہہ نام **مدینہ طیبہ** کا تہا
اون دلون قوم یہود یہان رہتی تہی اونہین کے پاس یہہ بہی مقیم ہوا اور اللہ تعالے
شانہ نے اسے ثروت عطا کی تہی یہود تو قدیم سے حاسد قوم ہے وہ اسکی ثروت
کو دیکہہ نہ سکے آتش رشک مشتعل ہوئی اور باخود ہا مقدمہ جنگ قایم ہو گیا یعنی
بنو قریظہ و بنو نضیر کہ قبائل یہود سے تہے لوٹ مار کرنے لگے اور یہہ مرتبہ جور و ظلم کا
پہونچا کہ ہرگز کوئی عورت نوعروس اپنے شوہر کے پاس نہ جانے پاتی جبتک یہہ
کمبخت قوم اوسکو بے آبرو نہ کرلیتی ناچار اوس و خزرج نے **ابو جبلہ** سلطان
شام کو لکہا اور استغاثہ کیا اوسنے ایک لشکر غدار بہیجکر اونکو اس سرزمین سے
نکلوا دیا اور اونکا سب مال و متاع اور خانہ باغ و زراعت اوس و خزرج کے ہاتہہ
آیا چند روز یہہ دولون بہائی میل جول کے ساتہہ رہے آخر بمقتضائے اصول
زمانہ انمین بہی نزاع و فساد کی بنیاد پڑ گئی اور آپس مین ایک سو بیس۱۲۰ لڑائیان ہوئین
جنکے مقتولین کی لاشون سے ساری زمینین جو آباد ہو کر ہزارون من میوہ جات
اور غلہ پیدا کرتین مُردونکی بستیان بنگئین مگر **عہد کرامت عہد حضرت**
سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین یہہ بیسون۲۰ ن
برس کی اُلجہی ہوئی گتہی سلجہہ گئی اور وہ خونخوار و خونریز قبائل باخود ہا شیر و شکر ہو گئے

ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ اوسی عالم کی اولاد مین سے تھے اور آپ نے تبع بادشاہ یمن کا عریضہ حضور مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے گذرانا تھا اور نامہ شریف مین یہہ شعر بھی لکھا ہوا تھا شعر

شہدت علی احمد انہ رسول من اللہ باری النسم

فلو مد عمری الی عمرہٖ لکنت وزیرًا لہٗ وابن عم

ترجمہ یعنی مین گواہی دیتا ہون احمد پر کہ وہ خدا کے رسول ہین ایسا خدا کہ وہ پیدا کرنے والا ہے آدمیون کا + پس اگر دراز ہوتی میری عمر اونکی عمر تک تو مین اونکا وزیر ہوتا اور ابن عم معارج النبوۃ مین ہے کہ یہہ نامہ شریف حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابی لیلیٰ کے واسطہ سے اوسوقت حضور مین پیش کیا ہے کہ جب آپ قبیلہ بنی سلیم مین جلوہ فرما ہوئے ہین اور عبارت اوس نامہ مبارک کی یہہ تھی۔

ایمان نامہ تبع ابن حمیر بادشاہ یمن کا بنام گرامی حضور پرنور سرور عالم محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جو اس بادشاہ نے حضور پرنور کی بعثت سے ہزار برس پہلے حسب ہدایت علمای توریت لکھا تھا اور وہی نامہ مبارک پشت بہ پشت ابوایوب انصاری کے گھر مین چلا آتا تھا

امابعد یا محمد فانی آمنت بک وبکتابک الذی انزل اللہ علیک

وانا علی دینك وسنتك وامنت بربك ورب کل شی وبکل ماجاء من ربك من شرایع الایمان والاسلام وانا قبلت ذالك فان ادرکتك فیها وان لم ادرکك فاشفع یوم القیامة ولا تنسی فان من امتك الاولین وبایعتك قبل مجیئك وقبل ارسال الله تعالی ایاك وانا علی ملتك وملة ابیك ابراهیم خلیل الله علیه السلام اور اوس نامه پر اپنی مهر کی اور مهر مین یه کنده تها لله الامر من قبل ومن بعد یومئذ یفرح المومنین۔ تفسیر حسینی مین سوره دخان کی تفسیر کی تحت مین هے که جب حضرت ابو ایوبؓ نے نامه تبع پیش کیا تو حضرت نے تین مرتبه فرمایا مرحبا بالاخ الصالح اور یه نامه لکها هوا ایکهزار چالیس برس قبل نبوت کا تها دُرج الدرر سے بهی یهی معلوم هوتا هے اس مقام سے ظاهر هوتا هے کہ انصار رضی الله عنهم اولاد اونهین عالمونکی هین جو تبع کے ساتهه سے مدینه مین بس گئے تهے اور اوسنے بهت خوشی سے اون علما کو مدینه مین بسنے کی اجازت دی تهی مکانات رهنے کو بنوا دیئے خرچ کافی دیا جیسا که هم اسکے اوپر لکهه چکے هین۔ **تفسیر معتبره** سے ثابت هے که تُبَّع حمیری کا نام اسعد بن ملکی کرب هے اور کنیت اوسکی ابو کرب هے کثرت توابع کے سبب سے تُبَّع اسکا لقب هو گیا جیسا که تفسیر ابن عباس مین هے بعض تبع کو نبی کهتے هین اور بعض مرد صالح جیسا که تفسیر جلالین مین بحث کریمه اهم خیرٌ ام قوم تبع سوره الدخان مین لکها هے۔ اوسکا اسلام مشکوک نهین هے **موضح القران** مین هے که تبع بادشاه یمن تها اوسکی قوم بت پرست تهی اوسکو توریت پر یقین آیا اپنی قوم کے سامنے آزمایا که سچا دین کونسا هے آگ جلوائی دو عالم توریت اپنی کتاب توریت کو بغل مین لیکر اور دو بت پرست اپنے بتون کو لیکر آگ مین گهسے عالم توریت آگ کے اندر سے

سلامت نکلے بت پرست جل گئے یا آگ کی سوزش کی تاب نہ لاسکے اولٹے قدم
بہاگ آئے **فائدہ** پہلا نام مدینہ طیبہ کا یثرب۔ اثرب۔ اثارب تہا حضور پرنور
نے اسکا نام مدینہ رکھا بعضے کہتے ہین یثرب نام اوس زمین کا ہے جو احد کے
غربی سمت کیطرف واقع ہے اور وہان نہرین اور نخلستان بکثرت ہین **ابن بالہ**
جو اصحاب امام مالک سے ہین اور اہل تاریخ کے سرحلقہ سمجھے جاتے ہین روایت
کرتے ہین کہ اب مدینہ کو یثرب کہنا منع ہے۔ اور امام بخاری اپنی تاریخ مین لکھتے
ہین کہ جو شخص ایک مرتبہ یثرب کہے تو اداے کفارہ کے لئے دس بار مدینہ کہہ لے
اور امام احمد و ابویعلیٰ سے روایت ہے کہ استغفار کرے کیونکہ حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اسکا نام طابہ وطابہ رکھا ہے اور اس نام کی کراہت
کی وجہ یہہ ہے کہ یثرب مشتق ہے یثرب سے کہ بمعنی فساد لغت مین آیا ہے
یا تثریب کہ بمعنی عقاب ہے یا نام ایک کافر کا ہے اولاد نوح علیہ السلام سے
کہ اول وہی اسجگہہ رہا تہا جب اللہ تعالیٰ شانہ نے عہد اسلام مین اسے خس و
خاشاک کفر و فساد سے پاک کر دیا تو اب یہہ نام اوسپر صادق نہین آتا اور کلام
آلہی مین جو یا اهل يثرب لا مقام لكم وارد ہے وہ بطریق حکایت ہے جیسے
اکثر کفار کے نام قرآن مین آئے ہین اور جو حدیث مین آیا ہے وہ قبل از نہی ہے
کذا فی جذب القلوب القصہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ابو ایوب
انصاری کے گھر مین رونق افروز ہوے تو **عبداللہ ابن سلام** سب سے
پہلے حاضر خدمت ہوئے اور کلمات ہدایت آیات سنکر چلے گئے چونکہ اسلام کا
ذائقہ زبان پر آچکا تہا تخلیہ کے وقت پہر آئے اور عرض کی یا حضرت میرے
تین سوال ہین اور سوائے پیغمبر کے کوئی اوسکا جواب نہین دے سکتا اوّل
یہہ ہے کہ علامت قیامت کی کیا ہوگی دوسرا بہشت مین اول طعام کیا ملے گا

تیسرا کیا سبب ہے کہ لڑکا کبھی باپ کی صورت پر پیدا ہوتا ہے اور کبھی ماں کی صورت پر آن حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرماتے ہین کہ اوسنے پوچھا جو کچھہ پوچھا اور مجھکو علم تھا لیکن اللہ تعالی شانہ نے علم دیا پھر فرمایا اول علامت قیامت کی آگ ہوگی جو لوگون کو شرق سے غرب کو لائیگی۔ اور بہشتیون کو اول مچھلی کے کلیجہ کا گوشت ملیگا۔ اور جب منی مرد کی غالب ہوتی ہے لڑکا باپ کی صورت پر ہوتا ہے اور اگر مان کی منی کو غلبہ ہوا تو بچہ مانکی صورت قبول کرتا ہے۔ **عبداللہ ابن سلام کا اسلام** یہہ جواب سنکر عبداللہ بن سلام نے کہا اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وانک رسول اللہ ۵

مدتے بود کہ مشتاق لقایت بودم	لاجرم روے ترا دیدم واز جا رفتم

عبداللہ ابن سلام نے عرض کی یا رسول اللہ قبل اسکے کہ میرے اسلام لانیکی خبر کو شہرت ہو آپ یہودیون کو بلاکر اونکی اعتقاد کا امتحان لیجئے کہ آپ کی نسبت اونکا خیال کیسا ہے مین علحدہ ایک گوشہ مین ہوجاونگا چنانچہ حضور نے یہود کو بلایا اور فرمایا کہ تم خوب جانتے ہو اور اچھی طرح پہچانتے ہو کہ مین رسول خدا ہون پھر ایمان کیون نہین لاتے وہ کمبخت کہنے لگے کہ واللہ ہم آپ کو رسول نہین جانتے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگون مین عبداللہ بن سلام کا کیا رتبہ ہے یہود نے کہا ہو سیدنا وابن سیدنا واعلمنا وابن اعلمنا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اگر وہ مسلمان ہوجاوے اور میری رسالت ونبوت پر گواہی دے تو تم اسلام قبول کروگے یا نہین یہود بولے خدا نکرے کہ وہ مسلمان ہو اللہ اوسکو اسلام سے بچاتا رہے تین بار حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہی کلام فرمایا اور وہ اپنی شقاوت ازلی سے ایک ہی جواب دیتے رہے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبداللہ بن سلام کو

آواز دی وہ کلمہ پڑہتے ہوئے نکل آے اور اپنی قوم کے لوگون سے متوجہ ہوکر فرمانے لگے کہ تم خوب جانتے ہو کہ آپ رسول برحق ہین کیون انکار کرکے ہاویہ شقاوت مین داخل ہوتے ہو وہ بولے کہ تو جہوٹا ہے ہم انکو کاہنون مین کا ایک شخص جانتے ہین پہر کہا ھو اشرنا و ابن اشرنا و اجھلنا و ابن اجھلنا پہر یہہ معاملہ اتنا بڑہا کہ رد و بدل کی نوبت آگئی اور عبد اللہ بن سلام کے دشمن ہوگئے اور حضرت سے نہایت دشمنی اس قوم کو ہوگئی نصاریٰ سے پہلے اللہ تعالیٰ شانہ نے اپر لعنت فرمائی ہے ابن سلام نے عرض کی یا رسول اللہ انکو دفع کیجیے مجہے ان سے ڈر معلوم ہوتا ہے حضرت نے اونکو نکلوا دیا۔ **تفسیر ابن جریر و ابن حاتم** و کتب طبرانی و بیہقی و مسند امام احمدؒ و مسند ابن حمید مین **روایت** ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم مدینہ طیبہ مین جلوہ فرما ہوے تو عبد اللہ ابن صوریا جو احبار فدک سے تہا مع ایک جماعہ یہود حضور رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم مین حاضر ہوا اور بطور امتحان حضور سلطان الانبیا صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم مین عرض کی کہ آپ اپنے خواب سے مجہکو مطلع فرمائین کہ ہم نے پیغمبر آخر الزمان کی علامات اپنی کتاب مین دیکہی ہین حضرت شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے فرمایا کہ میری آنکہین سوتی ہین اور میرا دل جاگتا ہے اگر یہی علامت ہے تو مجہہ مین موجود ہے اوس نے کہا سچ ہے پہر اوس نے کہا کہ اور کئی سوال ہم کرتے ہین انکا جواب وہی دیگا جو پیغمبر ہوگا آپ نے کہا کرو لیکن وہ اقرار کرو جو یعقوب نے اپنے بیٹون سے کیا تہا کہ اگر مین تمہارے سوالات کا جواب دون تو بعذر تمہین ایمان لانا ہوگا اور میری متابعت اختیار کرنی پڑیگی سب نے کہا کہ ہمین یہہ شرط منظور ہے اوسنے پوچہا کہ اسکا کیا سبب ہے کہ بچہ کبہی باپ سے مشابہ ہوتا ہے اور

کبھی مان سے آپنے اسکا وہی جواب دیا جو عبد اللہ ابن سلام کو دیا تھا پھر اونے
پوچھا کہ کون عضو مرد کی منی سے بنتا ہے اور کون عضو عورت کی منی سے حضرت
نے فرمایا کہ استخوان و پٹے یعنی پٹھے و غضروف باپ کی منی سے بنتے ہین اور
گوشت و خون و بال و ناخن مان کی منی سے یہود نے کہا بہت درست ہے
پھر سوال کیا کہ اہل جنت کی مہمانی جنت مین داخل ہونیکے وقت کس کہانیسے
ہوگی حضرت نے فرمایا کہ مچھلی کے دل کے کباب سے اونے کہا درست ہے پھر
سوال کیا کہ حضرت یعقوب اسرائیل نے کونسا کہانا اپنے نفس پر حرام کیا تھا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اونٹ کا دودہ اور
گوشت اور اسکا سبب یہہ ہوا کہ آپ کو مرض عرق النسا عارض ہوا تو آپنے
نذر مانی کہ اگر مجھے صحت ہوجای تو جو کہانا مجھے مرغوب ہے اوسکو مین اپنی
ذات پر حرام کر دونگا اللہ تعالی شانہ نے آپ کو صحت عطا فرمائی تو آپ نے
یہہ دونون چیزین جو آپ کو مرغوب تھین ترک کر دین بعد اسکے آپ کی اولاد پر بھی
حرام ہوگیئن اونے کہا بہت درست ہے آپ نے فرمایا اب ایمان کیون
نہین لاتے اونے کہا کہ ایک بات اور باقی ہے یہہ فرمائیے کہ آپ پر وحی کون
فرشتہ لاتا ہے آپ نے فرمایا کہ جبرئیل جو ہر نبی اور پیغمبر کے پاس وحی لاتے
تھے تو وہ بدبخت جماعت کہنے لگی کہ ہمین آپکی متابعت منظور نہین اگر کوئی اور فرشتہ
وحی لاتا تو ہم آپ پر ایمان لاتے یہہ فرشتہ تو ہمارا دشمن ہے اسنے بخت نصر کو
بچا لیا تھا **فائدہ** قوم یہود دنیا بھر کی قومون مین نہایت **شقی** اور خبیث
قوم ہے جب تو انکے لئے حضرت موسی علیہ السلام سے صاحب جلال پیغمبر
بھیجے گئے تھے وہ چند روز اس قوم سے جدا ہوے اور اپنے بڑے بھائی
حضرت ہارون کو انپر اپنا وصی کر گئے تھے بس یہہ ناپاک قوم گوسالہ پرست ہوگئی

جب موسی علیہ السلام تشریف لاے تو قوم کا یہہ حال دیکھکر غضب ناک ہو گئے جب ایک دن مین اسّی ہزار آدمی قتل ہو گئے تو توبہ و فریاد ہونے لگی آخر اللہ جل جلالہ نے توبہ قبول کی چند روز کچہہ ٹہیک طور پر رہے اور پہر اکڑ گئے یہہ لوگ اچھی طرح حضرت کو جانتے تہے کہ آپ نبی ہین مگر اونکا حسد اتنا بڑہا ہوا تہا کہ راہ ہدایت پر آنے نہ دیتا تہا **الغرض** ایسی ایسی شرارتین اور خباثتین یہود نامسعود کی بہت ہین حق پوشی انکا خلقی شعار ہے **واضح ہو** کہ مشاہیر مہاجرین رضی اللہ عنہم یہہ حضرات ہین مصعب ابن عمیر عبدری عبد اللہ ابن ام مکتوم۔ ابو عبد الرحمن بلال ابن رباح۔ سعد ابن ابی وقاص جو عشرہ مبشرہ مین سے ہین۔ عمار ابن یاسر عمر ابن خطاب۔ عثمان ابن عفان۔ غراب۔ بنو جحش۔ زبیر ابن العوام۔ اسما بنت ابی بکر زوجہ زبیر۔ عبد الرحمن ابن عوف۔ طلحہ ابن عبد اللہ۔ ابو سلمہ ام سلمہ زوجہ ابو سلمہ۔ عیاش ابن ابی ربیعہ۔ عثمان ابن مظعون۔ زوجہ عثمان مذکور زید ابن خطاب۔ حمزہ بن عبد المطلب عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زید ابن حارثہ ابو بکر صدیق۔ عتبہ ابن غزوان۔ عبیدہ ابن الحارث ابن المطلب۔ طفیل حصین برادر طفیل۔ مسطح ابن اثاثہ۔ علی ابن ابیطالب۔ غزوان برادر عتبہ۔ انہین حضرات کے فضائل مین یہہ آیہ کریمہ قرآن مین نازل ہوئی للفقراء المہاجرین الذین اخرجو من دیارھم و اموالھم تا اولئک ھم الصادقون اور انہین حضرات کو انصار نے اپنی حویلیون مین رکہا چنانچہ اوس ابن ثابت برادر حسان ابن ثابت نے حضرت عثمان رض کو اپنے گہر مین اوتارا اور نہایت خاطر کی اور تازیست اونسے ویسی ہی محبت رکہی بہجۃ المحافل مین ہے کہ بعد شہادت حضرت عثمان اوس ابن ثابت اونکے وارث بہی ہوے۔ غراب رضی اللہ تعالے عنہ سعد ابن خیثمہ کے گہر مین رہے اور بنو جحش عاصم ابن ثابت کی حویلی مین ٹہہرے

زبیر مع اسما بنت ابی بکر سفیان ابن حارث کے گھر مین اوترے۔

عبداللہ ابن زبیر کی ولادت مہاجرین کے بچون مین یہہ پہلی ولادت ہے جو مدینہ مین ہوئی

وہین عبداللہ ابن زبیر پیدا ہوئے انہین کے منہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنا لعاب دہن ڈالا ہی اور یہہ مہاجرین کی اول اولاد ہین جو مدینہ مین پیدا ہوے اور سب مسلمانون کو نہایت خوشی ہوئی اسلئے کہ یہہ بات مشہور ہوئی تہی کہ یہودی نے سحر کیا ہے ان مہاجرین کے کوئی اولاد نہوگی۔ اور مصعب ابن عمیر اسعد ابن زرارہ کے پاس فروکش ہوے۔ اور عبدالرحمن ابن عوف سعد ابن ربیع کے گہر مقیم ہوے۔ اور سعد ابن ابی وقاص سعد یمانی کے پاس اوترے۔ اور طلحہ ابن عبداللہ عمیر ابن معبد کے گہر مین رہے۔ اور ابوسلمہ مع اپنی زوجہ ام سلمہ کے عیادت کے مکان مین سکونت پذیر ہوے۔ اور عیاش نے ابولبابہ کے مکان مین قیام کیا۔ اور عثمان ابن مظعون معہ زوجہ خود ابن جبیر کی حویلی مین رہے۔ اور عمر ابن خطاب مع زید اور اپنی توابع کے ساتہہ رفاعہ ابن رافع انصاری کے گہر مین جلوہ فرما رہے۔ اور حمزہ و زید ابن حارثہ مع توابع و لواحق کلثوم ابن الہدم کے پاس اوترے اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ مع توابع خارجہ ابن زید کے گہر مین رہے علی مرتضی عویم ابن ساعدہ کی حویلی مین رونق افروز رہے۔ اور عتبہ ابن غزوان معہ پدر عباد ابن بشر کے گہر مین رہے۔ عبیدہ بن الحارث مع طفیل وحصین برادران اور مسطح ابن اثاثہ وغیرہ عبداللہ ابن سلمہ کے مکان مین رہے انہین انصار کی شان مین یہہ آیۃ جلیل الشان سورہ حشر مین نازل ہوئی ہی

والذین تبوء الدار والایمان من قبلھم یحبون من ھاجر الیھم ولا یجدون فی صدورھم حاجۃ مما اوتو ویوثرون علی انفسھم ولوکان بھم خصاصۃ یعنی جو گھر پکڑ رہے ہین اس گھر مین اور ایمان مین ان سے پہلے محبت کرتے ہین اوس سے جو وطن چھوڑ آئے اونکے پاس اور نہین پاتے اپنے دل مین غرض اوس چیز سے جو اونکو ملا اور مقدم رکھتے ہین اونکو اپنی جان پر اگرچہ وہ خود بھوکے ہون۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اس قوم کا نام دین کی نصرت دہی کے سبب سے انصار رکھا اور یہہ حدیث انکی شان مین فرمائی

انصار رضی اللہ عنہم کی فضیلت حدیث شریف کا ترجمہ

انصار کی محبت ایمان کی نشانی ہے اور نفاق کی علامت انصار کی دشمنی ہے بخاری و مسلم نے اس حدیث کو روایت کیا ہے اور مسلم نے زید ابن ارقم سے روایت کی ہے کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے الٰہی بخش انصار کو اور اونکے بیٹون اور پوتون کو چنانچہ پہلے درجہ والے اصحاب ہوے اور دوسرے درجہ والے تابعین اور تیسرے درجہ والے تبع تابعین لفظ حدیث کے یہ ہین اللھم اغفر للانصار ولابناء ابناء الانصار بعید نہین ہے کہ مراد حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اولاد ابنا رانصار ہو قیامت تک۔

فضیلت مھاجرین رضی اللہ تعالیٰ عنہم

یہہ جو اوپر کی آیت انصار کی شان مین ہے وہ انصار کی علوی شان اسلامی دنیا کے بسنے والون کو دکھا رہی ہے اس آیت کے اوپر کی ایک اور آیت ہے

اس سے نہایت مفصل فضیلت مہاجرین کی ظاہر ہوتی ہے ایسے ہی اگر کوئی شخص
ان حضرات کی فضیلت کا خیال نکرے تو ایسا خیال اوسکے واسطے مبارک رہے
وہ آیت کریمہ یہ ہے للفقرآء المہاجرین الذین اخرجوا من دیارہم
واموالہم یبتغون فضلا من اللہ ورضوانا وینصرون اللہ ورسولہ
اولئک ہم الصدقون ترجمہ از تفسیر حسینی قسمت برائے یتیمان ومسکینان
وابناے سبیل است و درویشان ہجرت کنندہ آنانکہ بیرون کردہ شدہ اند
از سراہاے ایشان کہ در مکہ داشتند و دور افتادند از مالہاے خودمی طلبند
بخشش وبخشایش از خداوند خود وخشنودی حضرت او یعنی ہجرت ایشان براے
تجارت واغراض دنیوی نبودہ بلکہ طلب رحمت ورضاے حق بود وبدوستی
خدا ورسول ترک دیار واموال خود نمودند ویاری میکنند دین خداے را
بنفس ومال خود ونصرت می نمایند پیغمبر او را بیاری وہوا داری آن گروہ مہاجران
ایشانند راستان ودر دین اسلام ہم بقول وہم بفعل فقیر محمد اکبر ابوالعلائی
غفر اللہ ذنوبہ عرض کرتا ہے مہاجرین کے سردفتر حضرت صدیق اکبر
رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہین آپ کو سردفتر اسلئے کہا گیا ہے کہ ایک تو آپنے ہجرت کا
ثواب پایا دوسرا بہت بڑا شرف اور ثواب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم کی شرف ہم رکابی کا حاصل کیا پروردگار تعالےٰ شانہ نے جملہ مہاجرین
کی شان مین یہ آیت نازل فرمائی ہے چنین بروایت صحیحہ حضرت عمر اور حضرت
عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہی ہین انکی ایمان کی تصدیق مین شہادت اللہ
کافی ووافی ہے۔ ٥

آنکس کہ شد متابع راے تو قد نجا	وانکو خلاف امر تو ورزید قد ہلک

یا اللہ مین تیری شہادت پر ایمان لایا اور مہاجرین وانصار کی بزرگی اور

اور اونکے ایمان کی دل سے اور زبان سے تصدیق کرتا ہون جیسا تونے ارشاد
فرمایا ہے بے شک و شبہ یہہ حضرات ایسے ہی ہین انکی قبرین ہمیشہ تری رحمت
کے باغ کے پھولون سے بھری رہین یا اللہ اوسی باغ رحمت کے پھول
میرے پیران طریقت اور اجداد کرام کے مزارون پر بھی برسا دے رضی اللہ عنہم
فائدہ اوپر والی آیت شریفہ مین جو جملہ تبوؤ الدار والایمان واقع ہے یعنی
جگھہ پکڑی اون مہاجرین نے سرائے ہجرت اور دار ایمان مین یعنی **مدینہ**
مین صاحب تفسیر حسینی سورۂ حشر کی تفسیر مین تحریر کرتے ہین کہ تفسیر امام ابی بکر
نقاش مین ہے کہ مدینہ کا نام **ایمان** ہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے یہہ نام رکھا ہے پس معنی اس آیت کے یہہ ہوے کہ اقامت
اختیار کی مہاجرین نے مدینہ مین **فائدہ** حضور پر نور کی **ہجرت** کی مصلحتون
مین سے ایک بات فیاض ازل نے اس گنہگار کے دل پر یہہ بھی کھول دی کہ
اگر اللہ کے پاس ہی اوسکے محبوب کا گھر ہوتا تو ایک ہی سفر مین دونون برکتین
حاصل ہوجایا کرتین زایرین کو وہ شوق اور ولولہ نہوتا جو اب پیدا ہوتا ہی
اور ایک ہی مقام پر دونون سلام ہوجاتے اور اب پہلا سلام تو خالق و مالک
جو تمام شاہان روے زمین کا پیدا کرنے والا ہے اوسکے دربار مین حاضر ہوکر
بجالاے یہان اوس سلام کے صلہ مین کیا درجہ اور کیا انعام ملا کہ پروردگار سے
کہا مرحبا تمہاری حاضری لکھی گئی اب ہماری خوشنودی کی سند تمکو ہمارے محبوب
کی سرکار سے ملیگی اگر بندے اپنے مالک کے محبوب کے دربار مین حاضر ہوکر
اپنی سند کو طغراے قبولیت سے مسجل کرالاے بس پروانہ خوشنودی و نجات
حاصل ہوگیا اب سے قیامت تک سب راہین نجات کی اوسپر کھلی ہوئی ہین
اور توفیق ازلی ہر جگھہ اس کے ساتھہ ہے وہ **توفیق ازلی** کیا ہے

اتباع شرع اب بندہ سچا نمازی بہی ہوگیا اور بے ریا روزہ دار بہی اپنے مالک سے ڈرنے لگا کہ اب اسسے کوئی گناہ سرزد ہوتا ہی نہین ہر وقت اوس مالک الملک کی جلالت پیش نظر ہے جہان خطرات نفسانی نے کسی گناہ کی جرات دلائی اور مالک کی جلالت نے تنبیہ فرمائی اور یہہ بندہ ہوشیار ہوگیا اور اسکی سند مین کوئی دہبہ نہ لگنے پایا بس معلوم ہوگیا اس بندہ کو کہ میری سند محکمہ وزارت کے طغراے سجل ہے الحمد اللہ علی احسانہ **مہاجرین وانصار کے ملی جلے فضایل** قال اللہ تعالیٰ شانہ ولا یجدون فی صدورھم حاجة مما اوتوا ترجمہ اور نہین پاتے اپنے دلون مین حسد یا حقد یا دغدغہ اوس سبب سے جو انہیں بخشش کی گئی۔ مراد اس سے یہہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے انصار کو طلب فرمایا اور اونکی اعانت وامداد اور احسان واسعاد کا ذکر فرمایا یعنی جو انصار نے مہاجرین کے ساتھہ حسن سلوک کئے تھے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے گروہ انصار تم چاہتے ہو کہ بنی نضیر کی غنیمت تم سب لوگون کو مین تقسیم کردون اور اگر وہ مہاجرین اوسی دستور کے موافق تمہارے گہرون مین رہین۔ یا تم اس مین راضی ہو کہ یہہ سب مال مہاجرین کو دیدیا جاے اور وہ لوگ تمہارے گہرون سے باہر آجائین اور اپنے امور معیشت مین مشغول ہون۔ بیان کر و سعد ابن وقاص۔ سعد بن معاذ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہم نے جو پیشوایان اہل مدینہ تھے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہمارا دل یہہ چاہتا ہے کہ اموال غنیمت تو حضور مہاجرین کو تقسیم فرمائین اور یہہ بزرگوار حسب دستور سابق ہمارے گہرون مین رہین کہ انکے سبب سے ہمارے گہر کی رونق اور برکت ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے انصار کے واسطے دعاے برکت فرمائی اللہ تعالیٰ

شانہ انکی شان مین فرماتا ہے کہ ایثار کرتے ہین اور مقدم رکھتے ہین مہاجرین کو
اپنے نفس پر یعنی خود نہین لیتے اور اونکو دیتے ہین اگرچہ یہہ خود محتاج ہین
قال اللہ تعالے شانہ ویوءثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ
اس آیت کے نازل ہونیکا سبب حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے
یون بیان کیا ہے کہ ایک شخص بکری کا بھنا ہوا سر کسی صحابی کے واسطے کہ جو
مساکین صحابہ مین سے تھے لایا اون صحابی نے ایک دوسرے صحابی کو جو
اون سے زیادہ حاجتمند تھے وہ سر بریان بھیجدیا اون حضرت نے رضی اللہ
تعالی عنہ ایک تیسرے صحابی کیخدمت مین پیش کیا اسی طرح اوس بریان کو
نو صحابی نے ایک دوسرے پر ایثار کیا لہذا پروردگار تعالی شانہ نے اس
آیت شریفہ مین اونکا ذکر فرمایا حکما اسبات پر متفق ہین کہ وہ چھ خصلتین کہ مشتمل جو
ہین اون مین سے صفت ایثار اکمل وافضل ہے۔ **ایثار** یہہ ہے کہ کوئی
شخص کسی شے کا حاجتمند ہوا اور وہ شے اوسے حاصل ہو گئی اور ہنوز اوسکے
صرف مین نہین آئی کہ اوسنے دوسرے شخص کو اوسی شے کا محتاج پایا اور فورًا
اوسے دیدیا یعنی اوسکی حاجت کو اپنی حاجت پر مقدم رکھا **قطعہ**

کریم کامل آنرا میشناسم اندرین دوران	کہ گر نانے رسد از آسیائی چرخ گردانش
زاستغنائے ہمت باوجود فقر وبی برگی	زخود واگیرد و سازد نثار بے نوایانش

پروردگار تعالے شانہ اب جملہ مومنین کو انصار ومہاجرین کے طریقہ
تعلیم فرماتا ہے اے **سالکان راہ طریقت** اس تعلیم کو سمجھو اور اس پر
عمل کرو نور چشم محمد محسن مد اللہ عمرک تمہارے سمجھنے اور عمل کرنیکی یہہ
بات ہے قال اللہ تعالی شانہ ومن یوق شح نفسہ اور جو شخص کہ
نگاہ رکھا جاوے نفس اوسکا بخل سے ھم المفلحون وہی گروہ ہے جسنے فلاح

پائی اس آیت مین جو منؔ کا لفظ واقع ہے عمومیت کے واسطے ہے جو شخص ان افعال حسنہ کا عامل ہوا زمرہ مہاجرین و انصار مین داخل ہوگیا یہہ نہ سمجھا کہ باب فیض بند ہوگیا ؎

ہنوز آن ابر رحمت دُرفشان است	خم و خمخانہ با مُہر و نشان است

والذین اور وہ لوگ جو آے اور آینگے من بعدھم مہاجرین اور انصار کے بعد مراد اس سے تابعان صحابہ ہین قیامت تک یقولون کہتے ہین ربنا اغفرلنا اے پروردگار بخش ہمکو ولاخوننا اور ہمارے بہائیون کو جن لوگون نے دین مین ہم سے سبقت کی ہے ایمان لانے مین الذین سبقونا بالایمان وہ لوگ جو سبقت لے گئے ہین ہمپر ایمان مین ولاتجعل اور نہ رکہہ فی قلوبنا ہمارے دلون مین غلاً کینہ و حسد و خیانت للذین امنوا ان لوگون کو کہ ایمان لاے ہین ہمسے پہلے یعنی اصحاب پیغمبر ربنا اے ہمارے پیدا کرنے والے انک رءوف بیشک تو مہربان ہے ہماری دعاؤن کو قبول فرما رحیم تو ہمارا بخشنے والا ہے اپنی رحمت سے ہمکو زمرہ سابقین مین داخل فرما علما رحمہم اللہ علیہم فرماتے ہین کہ جسکو کسی صحابی سے بغض اور کینہ ہے وہ اس آیت کا اہل نہین ہے اور اس دعا سے محروم ہے صاحب انوار فرماتے ہین کہ اللہ تعالی شانہ نے مومنین کے تین درجہ کئے ہین مہاجرین و انصار و تابعین اور یہہ موصوف ہین سادگی دل اور پاکی طینت کی صفت سے پس جو شخص کہ ان صفات سے متصف نہین ہے وہ مومنین کے زمرہ سے خارج ہے **بیان مہاجرین کا جن لوگون نے پہلے ہجرت کی ہے مدینہ کی طرف** صحیح بخاری شریف مین براء ابن عازب سے روایت ہے کہ اول ہمارے گہر مصعب ابن عمیر و ابن ام مکتوم آئے پھر بلال و

وسعد و عمار ابن یاسر اور انکے آنے سے بیس۲۰ دن بعد حضرت عمرؓ ابن خطاب
آئے اور انکے بعد جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم رونق
افروز ہوئے تو مینے اہل مدینہ کو کبھی ایسا خوش نہ دیکھا تھا جیسا اوس دن
دیکھا الحاصل بعد تشریف فرما ہونے رسول مقبول صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ
وسلم کے ہوا مدینہ منورہ کی ردی ہوگئی جس کی وجہ سے اکثر مہاجر بیمار ہوگئے
بلکہ حضرت صدیق اکبر اور عامر بن فہیرہ اور بلال رضی اللہ عنہم کو اتنا ضعف ہوگیا
کہ نماز مین قیام نہ کرسکتے تھے یہہ حال دیکھکر حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ
وسلم نے دعا فرمائی کہ اللہ تعالی شانہ نے ہوائی روایت کو مدینہ سے جحفہ مین
بدل دیا۔ جحفہ ایک موضع ہے مدینہ سے چھ۶ کوس وہان یہو درہتے تھے اوسی
دن سے مدینہ طیبہ ہوائے وبائی سے آجتک محفوظ ہے مصابیح مین حضرت
عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ
و اصحابہ وسلم مکہ سے مدینہ مین آئے تو بلال اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہما عارضہ
تپ مین مبتلا ہوئے اور بلالؓ مکہ جانیکے اشتیاق مین اشعار پڑہنے لگے یہہ
حال مینے حضرتؐ سے عرض کیا حضرتؐ نے یہہ دعا فرمائی اللھم حبب الینا
المدینة کحبنا مکة او اشد اللھم صححھا و بارک لنا فی مدھا و صاعھا
وانقل حماھا فاجعلھا بالجحفة ترجمہ یا اللہ محبوب کردے ہمارے
مدینہ کو جسطرح مکہ کو دوست رکھتے ہین یا اوس سے زیادہ اللہ صحت بخش کردے
مدینہ کی ہوا کو اور برکت عطا کر ہمارے لئے اوسکے مُد اور صاع مین اور بدل
اوسکی تپ کو یہان سے جحفہ مین **فائدہ** آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ
وسلم کی ہجرت کرنے کے بعد کسیکا اسلام بے ہجرت قبول نہوا مگر انکا جو معذور
تھے عیاش ابن ابی ربیعہ کہتے ہین کہ مین مع والدہ کے معذورین مین

معدود تھا چنانچہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قنوت مین یون
فرماتے تھے اللھم انج عیاش ابن ابی ربیعہ والولید وسلمہ
ابن ھشام اللھم انج المستضعفین من المومنین مگر جب مکہ فتح
ہوا تو یہہ حکم منسوخ ہوگیا اور ارشاد ہوا۔ لا ھجرۃ بعد الفتح لیکن مہاجرین
کو رخصت رجوع نہ دی بلکہ یون فرمایا کرتے تھے اللھم امض لاصحابی
ھجرتھم ولا تردھم علی اعقابھم عیاش ماں کی طرف سے ابوجہل ملعون
کے بہائی تھے قدیم الاسلام اور مہاجرین حبشہ اور مدینہ مین انکا شمار ہے جب
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھہ مدینہ مین آئے تو ابوجہل انکو منانے آیا اور
کہا کہ تیری ماں نے قسم کہائی ہے کہ مین سایہ مین نہ بیٹھونگی جب تک عیاش کو
نہ دیکھون عیاش مکہ کو اوسکے ہمراہ گئے جب یہہ مکہ مین پہونچے تو ابوجہل مردود
نے انکو قید کرلیا پہر بہاگ کر مدینہ مین آگئے اور جنگ یرموک مین شہید ہوے
ولید ابن الولید۔ خالد ابن ولید کے بہائی ہین قوم مین قریشی مخزومی ہین
انکو عبد اللہ ابن جحش نے جنگ بدر مین گرفتار کیا تو خالد اور ہشام دونون
بہائی چار ہزار درہم فدیہ دیکر مدینہ سے چھڑا لیگئے پہر وہ بلا دعوت مسلمان
ہوگئے لوگون نے ان سے کہا کہ تم قبل اداے فدیہ کیون نہ ایمان لائے
فرمایا کہ تم لوگ کہتے کہ بے صبری سے ایمان لایا ہے چنانچہ اسلام لانیکی وجہ سے
انکے دونون بہائی یعنی خالد بن الولید اور ہشام بن الولید انپر ظلم کرنے لگے
یہانتک کہ انکو قید کردیا جب حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
انکے واسطے دعا کی اللہ تعالیٰ شانہ نے اپنے پیغمبر اپنے حبیب صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کی دعا قبول فرمائی اور انکو حضور کے پاس بہیجدیا۔ سلمہ
یہہ ابوجہل ملعون کے برادر حقیقی تھے قدیم الاسلام اور اخیار صحابہ مین انکا شمار ہے

ان کو بہی کافرون نے قید کیا تہا وہ بہی بہاگ کر حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے آملے اور خلافت حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ مین جہاد ملک روم مین شہید ہوے۔

سال اول ہجری کے وقایع مین سے تعمیر مسجد مدینہ منورہ ہے

حدیث شریف مین وارد ہے۔ حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی شانہ نے مجکو حکم دیا ہے کہ مین ایک عریش حضرت موسی کے عریش کی مثل بناؤن کہ اوسکی بلندی سات گز سے زیادہ نہو عریش اوس مکان کو کہتے ہین کہ جسکی پوشش کہجور کے پتون اور لکڑی سے ہو اور اس عریش مبارک یعنی مسجد نبوی کی طیاری کے قبل یہہ دستور تہا کہ جس مقام پر نماز کا وقت کسی نمازی کو ہوجاتا تہا وہ وہین نماز پڑہ لیا کرتا جب حکم آلہی تعمیر عریش کیواسطے جاری ہوا تو حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکی تعمیر اوس مقام پر تجویز فرمائی جہان ناقہ حضور پر نور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا پہلی بار بیٹہا تہا اور پہر اوٹہا اور چند گام چلا اور پہر پلٹ کر اوسیجگہہ پر آیا وہ مقام ایک روایت کے موافق مشرکین کا گورستان یا خرابہ نخیل کا تہا اور دوسری روایت یہہ ہے کہ ایک میدان تہا مخوط قبیلہ بنی نجار کا مالک اوسکے دو یتیم تہے اون لوگون نے اوسکو مربد بکسر میم وبائے موحدہ مفتوح جائے نشانیدن شتر وجائے جمع کردن خرما بنایا تہا مربد وہ مقام ہے جہان خرما کا خرمن ہوتا ہے یعنی خرما خشک کر کے تمر بناتے ہین الغرض حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اون دونون یتیمون سے جنکا نام سہیل اور سہیل تہا اور

اونکی پرورش کرنے والون سے جنکانام اسعد ابن زرارہ اور دوسری روایت کے موافق معاذ ابن غفرا ہے کہا کہ اگر تم یہہ زمین بیچو تو ہم خرید لین اور اسمین مسجد بنالین وہ بولے کہ ہم بغیر قیمت کے یہہ زمین نذر کرتے ہین حضرت نے انکار فرمایا مگر بہت کچھہ عرض ومعروض کے بعد وہ زمین دس اشقال طلا پر بکی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ نے وہ قیمت اپنے خاص جیب سے ادا کی بعد اسکے درخت کہود کر زمین کو ہموار کیا اور گورستان کو پست کردیا اور اصحاب رضی اللہ عنہم کو ارشاد فرمایا کہ اینٹین طیار کرو اصحاب نے حکم کی تعمیل کی وہ جانب بقیع ابتک موجود ہے پہر دیوارین کچی خشتون سے بنائین اور چہت خرمے کی شاخون اور ستون چوب خرما سے مرتب ہوئے **فائدہ** اس مقام سے معلوم ہوا کہ تعمیر مسجد کے واسطے قبرستان کو ہموار کردینا جائز ہے **شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ** فرماتے ہین کہ یہہ حکم مشرکین کی قبرون کیواسطے مخصوص ہے صاحب تفریح الازکیا کا قول ہے کہ یہہ تاویل اوسوقت کرنی پڑتی ہے کہ اوس مقام کو خرابہ اور گورستان قرار دین جب اوسے مربد قرار دیا جاے تو اس تاویل کی ضرورت نہین بلکہ صاحب بہجۃ المحافل نے اس مقام کو میدان یا نخلستان روایت کیا ہے۔

بیان قبلہ سابق جو شمال کی طرف تھا

جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ طیبہ مین رونق افروز ہوے تو نماز بیت المقدس کیطرف پڑہتے تھے تو اوسوقت خرمے کی لکڑیون سے ایک بلند مقام عرش کی مانند بنالیا تہا پندرہ یا سولہ مہینے کے بعد جب تحویل قبلہ کا حکم جناب احدیت جل جلالہ سے صادر ہوا تو اوس مکان کو بطور خود

چہوڑکر اوسکے مقابلہ مین جنوب کی جانب مسجد تعمیر فرمائی اوس مکان کا نام صُفّہ ہوا اوس مکان مین اصحاب بے خانمان جو دن کو فکر قوت مین بسر کرتے اور شب کیوقت استراحت کرتے تھے اور بعد تشریع جہاد اکثر غازیونکے ساتھہ تشریف لیجاتے تھے یہی بزرگوار اصحاب صفہ کے لقب سے مشہور تھے بعض راویونکی نزدیک یہہ شمار مین ستر ہین اور باختلاف روایت زیادہ بھی شمار کیئے گئے ہین اور مدارج النبوۃ مین ہے کہ بہ تحقیق ثابت ہوا ہے کسیوقت **اصحاب صُفّہ** کی تعداد چار سو تک ہوجاتی تھی اور کبھی کم اور پہر کبھی زیادہ ہوجاتی تھی چنانچہ **غزوہ معونہ** مین ستر آدمی ان مین سے شہید ہوے بالجملہ اصحاب صُفّہ کی تعداد پر بخوبی اطلاع نہین ہوئی چند اسما تفسیر **نظم الجواہر** مین ہین وہ اس مقام پر درج کیئے جاتے ہین۔

اسماے گرامی اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم

اوس بن اوس ثقفی براء بن مالک انصاری بشیر بن معید اسلمی ابو برزہ اسلمی ثابت بن ضحاک خزرجی ثابت بن ودیعہ خزرجی ابو ثعلبہ انصاری حارثہ بن جمیل اشجعی جعیل بن سراقہ ضمیری حذیفہ بن اسید غفاری حبیب بن زید انصاری حارثہ بن نعمان انصاری حازم بن حرملہ غفاری حنظلہ بن عامر غسیل ملایکہ حکم بن عمر یمانی حرملہ بن ایاس نمیری حنیس بن حذافہ قرشی خالد بن زید انصاری حرم بن مالک اساری خریم بن اوس طائی خبیب بن اساف انصاری دکین بن سعید مزنی رفاعہ بن عبد اللہ انصاری ربیعہ بن کعب اسلمی ابو ذر بن عقلی ابو کبشہ مولی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم زید بن خطاب عدوی سفینہ مولی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سعید بن مالک

ابو سعید خدری سالم بن عبید اشجعی سالم بن عمیر بن ثابت سائب بن خلاد انصاری
شقران مولی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم شداد بن اسید
صفوان بن بیضا فہری طخفہ بن قیس غفاری طلحہ بن عمرو بصری عبداللہ بن اسود
سدوسی عبداللہ بن حوالہ ازدی عبداللہ بن ام مکتوم عبداللہ بن عمرو بن حرام
سلمی عبداللہ بن حبشی خثعمی عبداللہ ابن انس جہنی عبداللہ بن بدر جہنی
عباد بن خالد غفاری عمرو بن عوف انصاری عمرو بن طلق سلمی عمرو بن ثعلبہ
انصاری عویم بن ساعدہ عبید مولی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم عکاشہ بن محصن اسدی عرباض بن ساریہ سلمی عیینہ بن المنذر سلمی عبادہ
بن قرص لیثی عیاض بن حمار مجاشعی ابو عبید مولی رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ابو عیب قرات بن حبان عجلی فضالہ بن عبید انصاری
ابو فراس اسلمی قرہ بن ایاس مزنی کنانہ بن حصین غنوی ابو کبشہ مولی رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم معاویہ سلمی مسعود بن الربیع قاری
مسطح بن اثاثہ قرشی ابو موہبہ مولی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم بلال مولی مغیرہ بن شعبہ ابو ہریرہ دوسی وائلہ بن شفع لیثی والفقہ بن
معبد جہنی یسار مولی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم روایت ہے
کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وقت تعمیر مسجد نبوی فرماتے تھے اللہم فارحم
الانصار والمهاجرہ یا اللہ رحم کر انصار اور مہاجرین پر الغرض بلندی مسجد شریف کی
اوسوقت سات گز کی تھی اور طول قبلہ سے شمال تک چودہ گز اور مغرب سے مشرق
تک تریسٹھ گز **مسجد نبوی کا ابتدا مین اتنا عرض وطول تھا**
جو اوپر تحریر ہوا اور اوسمین کسی طرح کا تجمل وتکلف نتھا یہانتک کہ ستون
بھی چوب خرما کے تھے اور چھت کا پٹاؤ بھی اوسیکی لکڑی سے تھا جب پانی برستا تھا

چست ٹپکتی تہی اور پانی سے ملی ہوئی مٹی گرتی تہی اور تین در تہے فتح خیبر تک
اسی قدر طول مسجد رہا بعد اسکے از سرنو تعمیر ہوئی تو آنحضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اور زمین لیکر داخل مسجد فرمائی کہ دونون
طرف سے صد در صد ہوگئی الحاصل ابتدًا تو اسمین تکلف نتہا حضرت
موسیٰ علیہ السلام کے عریش کے مثل تہی اور یہہ وہ زمین ہے جسکو حضرت
عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ نے دس ہزار درم کو خرید اتہا اور
قصر جنت کے بدلہ مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہاتہہ
فروخت کیا طبرانی نے یہہ حدیث نقل کی ہے ایک انصار مسجد کے ہمسایہ
تہے اون سے حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ
تو اپنا گہر دیکتا ہے کہ ہم اسے مسجد مین داخل کردین اور اسکے بدلہ مین اللہ
تعالیٰ شانہ تجہے جنت مین ایک قصر عنایت فرماے وہ انصار بہت غریب تہے
اور عیال دار تہے اونکی محتاجی نے اونکو اس سعادت کے حاصل کرنے سے
روکا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ کی قسمت مین یہہ سعادت تہی آپنے
فورًا دس ہزار درم کو یہہ زمین خریدی اور حضور پرنور مین بطور نذر پیش کی حاصل
کلام اس مسجد مبارک مین اول اینٹ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے رکہی پہر حضرت ابوبکر صدیق پہر حضرت عمر فاروق پہر حضرت عثمان غنی رضی
اللہ عنہم نے ۔ امام احمدؒ ابوہریرہ سے روایت کرتے ہین کہ ایک مرتبہ مینے دیکہا کہ
حضرت کے آگے بہت سی اینٹین رکہی ہین مینے عرض کیا یارسول اللہ آپ
مجہے دین تو مین پہونچادون حضور نے فرمایا تو بہی لا یہہ میرے واسطے چہوڑ
یا اباھریرۃ لا عیش الا عیش الاخرۃ ۔ کتب حدیث مین وارد
ہے کہ مسجد شریف کی تعمیر مین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ایک

پتھر رکھکر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ سے ارشاد کیا کہ ایک پتھر تم بھی اس پتھر سے ملاکر رکھدو اور ایک پتھر حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ کے پتھر کی برابر رکھوایا اسیطرح ایک پتھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالے عنہ سے حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کے پتھر کے برابر رکھوایا اور فرمایا ھؤلاء الخلفا من بعدی **بیان قبلہ سابق** بعد بنا مسجد سولہ یا سترہ مہینے قبلہ بیت المقدس کیطرف رہا جب **تحویل قبلہ** کا حکم ہوا تو جبریل علیہ السلام نے جبال و اشجار جو مسجد شریف اور بیت اللہ کے بیچ مین مدینہ سے مکہ معظمہ تک حایل تھے اونھین دور کر دیا اور بنا مسجد جانب میزاب رحمت ٹھیک درست کر دی اور چودہ یا پندرہ روز تک حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم امامت کیواسطے مختلف اسطوانہ کے پیچھے قیام فرماتے تھے کہ جسکو اب **اسطوانہ عایشہ** رض کہتی ہین پھر وہان محراب قرار دی لیکن محراب کی کوئی علامت نہ تھی ابتدا اسکی عمر ابن عبد العزیز کے وقت مین ہوئی اور ممبر شریف ہجری کے سال ہفتم یا ہشتم مین رکھا گیا اس سے پہلے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم غربی جانب سے ملے ہوے محراب کے قریب کھڑے ہوتے تھے۔ **استن حنانہ کا بیان** اوسی مقام پر ایک لکڑی گڑی تھی جب طول کے قیام کے سبب سے حضور کو تکلیف ہوتی تو اوس سے ٹیک لگا لیا کرتے تھے ایک روز کسی مدنی نے عرض کی کہ اگر حکم ہو تو یہان منبر بنجاے حضور نے قبول فرمایا اوسنے تین درجہ کا منبر طیار کیا اور اوسپر خطبہ فرمانے لگے

گریہ وزاری استن حنانہ کی فراق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین

روایت ہے ایک روز وہ لکڑی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اوسوقت رونق افروز منبر تھے اور خطبہ فرما رہے تھے یہہ صدا سے حزین ایسی دردناک تھی کہ تمام صحابہ سنکر بیقرار ہوگئے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم منبر شریف سے اوترے اور اوسپر دست مبارک رکھا اور فرمایا کہ اگر تیری مرضی ہو تو تجھے اسیطرح اپنی مسجد مین رہنے دون اور اگر پہلنا پہولنا منظور ہو تو تجھے بہشت برین مین جگہہ اللہ تعالی شانہ سے عرض کرکے دلوا دون اوسے اس دنیاے فانی کی آب وہوا پسند نہ آئی جنت کے باغ مین رہنا پسند کیا اور باغ ارم کے پیڑون مین ملگیا **قاضی عیاض** کہتے ہین کہ یہہ حدیث مشہور بلکہ متواتر ہے کہ صحابہ کی جماعت کثیر نے اسکی روایت کی ہے حضرت **حسن بصری** رحمت اللہ علیہ جب اس حدیث کو سنتے تو بہت روتے تھے اور فرماتے تھے کہ اے خدا کے بندو چوب خشک تو فراق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین شق ہوگئی اور شور گریہ وزاری اوس سے بلند ہوا یہانتک کہ صحابہ کی ایک جماعت اکثیر نے سنا تم انسان ہوکر اوس چوب خشک سے معرکۂ عشق مین بازی ہارے جاتے ہو۔

حکایت ستون حنانہ

استن حنانہ از ہجر رسولؐ
نالہ میزد ہمچو ارباب عقول

درمیان مجلس وعظ آنچنان
کزوے آگہہ گشت ہر پیر وجوان

درتحیر ماند اصحاب رسولؐ
کزچہ مینالد ستون باعرض وطول

گفت پیغمبر چہ خواہی اے ستون
گفت جانم از فراقت گشت خون

از فراق تو مرا چون سوخت جان
چون ننالم بیتو اے جان جہان

مسندت من بودم از من تاختی
بر سر منبر تو مسند ساختی

پس رسولش گفت کای نیکو درخت — ای شده با سر تو همراز بخت
گر همیخواهی ترا نخلی کنند — شرقی و غربی ز تو میوه چنند
یا در آن عالم حقت سروی کند — تا تر و تازه بمانی تا ابد
گفت آن خواهم که دایم شد بقاش — بشنو ای غافل کم از چوبی مباش
آن ستون را دفن کرد اندر زمین — تا چو مردم حشر گردد یوم دین
تا بدانی هر کرا یزدان بخواند — از همه کار جهان بیکار ماند
هر کرا باشد ز یزدان کار و بار — یافت بار آنجا و بیرون شد ز کار
وانکه او را نبود از اسرار داد — کی کند تصدیق ناله از جماد
گوید آری نی ز دل بهر وفاق — تا نگویندش که هست اهل نفاق
گر نیندی واقفان امر کن — در جهان رد گشته بودی این سخن
صد هزاران ز اهل تقلید و نشان — افگندشان نیم وهمی در گمان
گر بظن تقلید و استدلال شان — قایم است و جمله پر و بال شان
شبهه می انگیزد آن شیطان دون — در فتند این جمله کوران سرنگون
پای استدلالیان چوبین بود — پای چوبین سخت بی تمکین بود
غیر آن قطب زمان دیده ور — کز ثباتش کوه گردد خیره سر
پای نابینا عصا باشد عصا — تا نیفتد سرنگون او بر حصا
آن سواری کو سپه را شد ظفر — اهل دین را کیست سلطان بصر
با عصا کوران اگر ره دیده اند — در پناه خلق روشن دیده اند

یعنی خلق رسول الله صلی الله علیه وسلم

گر نه بینایان بدندی و شهان — جمله کوران خود بمردندی عیان

نی ز کورا کشت آید نه درود — نی عمارت نی تجارتها و سود
گر نکردی رحمت و افضال تان — در شکستی چوب استدلال تان
این عصا چه بود قیاسات و دلیل — آن عصا که دادشان بینا جلیل
او عصاتان داد تا پیش آمدید — آن عصا از خشم هم بر وی زدید
چون عصا شد آلت جنگ و نفیر — آن عصا را خورد بشکن ای ضریر
حلقهٔ کوران بچه کار اندرید — دیده بان را در میانه آورید
دامن او گیر کو دادت عصا — درنگر کادم چها دید از عصی
چون عصا شد مار و استن باخبر — معجز موسی و احمد درنگر
از عصا ماری و از استن حنین — پنج نوبت میزنند از بهر دین
گر نه نامعقول بودی این مزه — کی بدی حاجت بچندین معجزه
هر چه معقول است عقلش میخورد — بی بیان معجزه بی جزر و مد
این طریق بکر نامعقول بین — در دل هر مقبلی مقبول بین
آنچنان کز بیم آدم دیو و دد — در جزائر در رمیدند از حسد
هم ز بیم معجزات انبیا — سر کشیده منکران زیر گیا
تا بناموس مسلمانی زیند — در تسلس تا ندانی که کیند
همچو قلابان بر آن نقد سیاه — نقره می مالند و نام پادشاه
ظاهر الفاظشان توحید و شرع — باطن آن همچو در نان تخم صرع
فلسفی را زهره نی تا دم زند — دم زند دین حقش برهم زند
دست و پای او جماد و جان اوست — هر چه گوید آن دو در فرمان اوست

باز بان گرچه که تهمت می نهند
دست و پا هاشان گواهی میدهند

معجزه دیگر حضرت رسول الله صلی الله علیه و آله و اصحابه وسلم که سنگ ریزون نے ابوجہل کے ہاتھہ مین حضرت کی رسالت کی شہادت دی اور وه کافر پہر بہی دولت ایمان سے بے نصیب رہا

حکایت

سنگها اندر کف بوجہل بود — گفت ای احمد بگو این چیست زود
گر رسولی چیست در دستم نہان — چون خبر داری ز راز آسمان
گفت چون خواہی بگویم کان چہاست — یا بگویند آن که ما حقیم وراست
گفت بوجہل آن دوم نادر تراست — گفت آری حق ازان قادر تراست
گفت شش پاره حجر در دست تست — بشنو از ہر یک تو تسبیحی درست
از میان مشت او ہر پاره سنگ — در شہادت گفتن آمد بی درنگ
لا اله گفت و الا الله گفت — گوہر احمد رسول الله سفت
چون شنید از سنگها بوجہل این — زد ز خشم آن سنگها را بر زمین
گفت بنود مثل تو ساحر دگر — ساحران را سر توئی و تاج سر
چون بدید آن معجزه بوجہل تفت — گشت در خشم و بسوی خانه رفت
ره گرفت و رفت از پیش رسول — او فتاد اندر چه آن زشت سغول
معجزه آن دید و شد بدبخت و زفت — سوی کفر و زندقه سر تیز رفت
خاک بر فرقش که بد کور و لعین — چشم او ز ابلیس آمد خاک بین

روایت ہے کہ وہ شاخ باذن آنجناب صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوسی جگہہ دفن کردی گئی حضرت شیخ عبدالحق محقق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ شرح سفر السعادت مین اور کتاب جذب القلوب مین تحریر فرماتے ہین کہ منبر شریف کا طول بقول صحیح دو گز تہا اور عرض ایک گز اور ہر درجہ ایک بالشت کا یہہ منبر تا زمان حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اوسی مقام پر رہا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اوس منبر شریف کو جامہ قبطیہ پہنایا تہا آثار باقیہ سے یہہ ہے کہ امیر معاویہؓ نے اپنی امارت وسلطنت کے زمانہ مین چاہا تہا کہ اوس منبر شریف کو شام مین لیجائین جب اوسے اپنے مقام سے جنبش دی تو آفتاب منکسف ہوا یہانتک کہ ستارے نظر آنے لگے آپ نے اوسی جگہہ اوسکو رہنے دیا آخر کار چہہ درجہ اوسکے اور زیادہ کرکے اوسکو اون درجونکے اوپر رکہدیا بعد اسکے خلیفہ مہدی نے اوسے اور زیادہ کرنا چاہا حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ نے منع فرمایا پہر ۶۵۴ھ مین یہہ منبر جل گیا تہا بادشاہون نے منبر بنائے حتی کہ سلطان مراد ابن سلطان سلیم نے ۹۹۸ ہجری مین کہ حضرت محقق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ وہان موجود تہے پتہر کا منبر بنوایا بروایت صحیح ثابت ہے کہ بنائے مسجد نبوی کے ساتہہ ہی دو حجرے بہی بنائے گئے ایک حجرہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا دوسرا حضرت ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا کا پہر جب حضور پر نور نے اور ازواج طیبات سے نکاح فرمایا تو اونکے لئے جدید حجرے تعمیر ہوے

فائدہ اکثر ناواقفان فن تاریخ یہہ بات کہتے ہین کہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی تاریخ وفات اور قبر مبارک کا مقام نہین معلوم ہے

لہذا اس مقام پر اوسکا درج کرنا بطور اختصار مناسب معلوم ہوتا ہے۔

حضرت ام المومنین عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مزار اور تاریخ وفات اور مختصر حالات ناظرین کتاب ملاحظہ فرمائین

جب حضرت صدیقہ ام المومنین رضی اللہ عنہا کی عمر شریف چھ ۶ برس کی تھی تو آپ کو محبوب خدا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا شرف زوجیت حاصل ہوا پانچسو درہم دین مہر قرار پایا اور حضور پر نور نے ادسیوقت قرض لیکر ادا کیا مگر قول صحیح یہہ ہے کہ مہر ساڑھے بارہ اوقیہ تہا جسکو حضرت صدیق اکبر نے خود حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف سے ادا کیا اور حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا کو شرف ہم بستری سال اول یا دوم ہجری مین واقع ہوا اوسوقت عمر حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا کی نو ۹ برس کی تہی جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی وفات مدینہ مین ہوئی ہے تو حضرت ام المومنین رضہ کی عمر شریف اٹھارہ برس کی تھی حضرت ام المومنین رضہ نے شب سہ شنبہ ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ ہجری مین پینسٹھ ۶۵ یا چہیاسٹھ ۶۶ برس کی عمر مین مدینہ منورہ مین رحلت فرمائی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑہی اور محمد ابن قاسم ابن ابی بکر اور عبداللہ ابن عبدالرحمن ابن ابی بکر رضی اللہ عنہما نے قبر شریف مین اوتارا البقیع شریف مین جو قبہ ازواج ہے اوسی مین آپکا مزار ہے آپ اجلہ فقہا مین شمار کی جاتی ہین اور نہایت فصیحہ و بلیغہ تہین بعض سلف سے

منقول ہے کہ احکام شرع کا چہارم حصہ آپ سے معلوم ہوا ہے حضرت
عروہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ مینے حضرت ام المومنین عائشہ
صدیقہؓ سے زیادہ عالمہ معانی قرآن اور حافظ احکام حلال وحرام کسیکو
نہین پایا۔ کتب صحاح مین دو ہزار حدیثین آپ سے مروی ہین اور اونمین
سے متفق علیہ ایکسوچوہتر ہین اور فرد بخاری مین چوّن اور فرد مسلم مین
اٹھائیس اور باقی دوسری کتابون مین ہین روایت صحیحہ سے ہے کہ
آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ دوست
ترین مردم آپ کے نزدیک کون ہے فرمایا عائشہ رضی اللہ عنہا پھر
سایل نے سوال کیا مردون مین آپ نے ارشاد کیا اوسی کا باپ ان دونون
قولونکی تصدیق یون ہوتی ہے کہ آپ نے مرض موت کی حالت مین جو آپ کا
آخری وقت دنیا مین تشریف رکھنے کا تھا یعنی وفات سے دو روز قبل آپ
کسی دوسری بی بی صاحبہ کے حجرہ مین رونق افروز تھے پوچھا کہ مین کل کسجگہہ
رہونگا ازواج مطہرات رضی اللہ عنہم نے سمجھ لیا کہ مقصود آپکا حجرہ عائشہؓ
صدیقہ مین آرام فرمانیکا ہے ازواج مطہرات نے متفق ہوکر عرض کیا کہ کل
آپ حجرۂ عائشہؓ مین ہونگے چنانچہ آپ وہین رونق افروز ہوے اور قیامت
تک وہین رونق افروز رہینگے اور اوسی حجرہ شریفہ سے میدان قیامت مین
تشریف فرما ہونگے اور دوسرے قول کی تصدیق یون ہوتی ہے کہ آپ نے
اپنی آخری نماز حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کے اقتدا مین ادا فرمائی
اور عملی طریقہ پر اپنا جانشین کردیا اور اس صحیح جانشین کو پورا اختیار دیدیا کہ
اب وہ اپنا جانشین جسے چاہین اوسے کردین افسوس افسوس
ہزار افسوس کہ وحشی قومین مہذب ہوتی جاتی ہین مگر یہہ تہذیب

یافتہ قوم جسکے اکابر نے تیرہ و تار زمانہ مین تہذیب کی شمع کافوری روشن کرکے دنیا بھر کو تہذیب کے راستہ پر لگا دیا اب خود اوسی قوم کے اخلاف جہالت کی میدان مین سرگشتہ و پریشان ہین اور خانہ جنگیون کے بازار گرم ہین انا للہ وانا الیہ راجعون

مذہب اور۔ اکابر قوم کی نذر و نیاز دشنام مغلظہ پر مسلمان قوم اور اونکی عید مین ابولولو مجوسی کا سانگ اور۔ دوسرا ناگفتہ بہ مرثیہ یعنی ہر ثیہ

اللھم اھدنا الصراط المستقیم آمین مین دست بستہ باادب تمام عرض کرتا ہون کہ اگر کوئی قوم سزاوار عذاب۔ پروردگار کے علم مین ہے توکیا آپ کا عذاب اللہ تعالیٰ شانہ کے عذاب سے سخت تر ہے اور اگر جسکو آپ خطاکار اور غاصب سمجھ رہے ہین اور وہ اللہ کے علم مین ان جرمون سے بری اور پاک ہے تو پھر اونکی بدگوئی کے مکافات کدھر جائینگے رسول اللہ کی پیاری بی بی اوسکا سانگ بنایا جاے

صلاح کار کجا و من خراب کجا	ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا		

اونکی روحین جنت مین ہم لوگ دنیا کے دوزخ مین جو آپکا دل چاہے فرمائیے نہ اونکا دل دکھتا ہے نہ کچھ ایذا پہونچتی ہے آپکی پاک زبان مفت بے فائدہ آلودہ ہوتی ہے اور اگر آپ کو دشنام دہی کی عادت ہی ہوگئی ہے تو اونتی دور جانیکی کیا ضرورت ہے غریب خانہ پر تشریف لائیے آپکی جوتیان میری آنکھون پر میرے سر پر مین اچھے اچھے شربت پلاؤن اچھی اچھی مٹھائیان

آپکے غلامون کو کہلاؤن اور کلمات طیبات خوش ہوکر سنون اور آپکے نیک چلن نیک دل بچون کو دعائین دون

دشنام بمن وادی شکر بدہان تو		از ناز بدم گفتی قربان لبان تو

بعض حضرات یہہ فرماتے ہین کہ ہم اونکی خلافت اور سلطان عبدالحمید خان سلطان روم کی خلافت کو برابر مانتے ہین سبحان اللہ وبحمدہ کیا خوب فرماتے ہین تو اونکو یہہ بہی ماننا پڑیگا کہ جہان اصحاب ثلاثہ کے دوش بدوش یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے سلطان عبدالحمید خان کہڑے ہین تو حضرت مرتضی علی کرم اللہ وجہہ کب سلطان عبدالحمید خان خلد اللہ ملکہ کی مساوات سے علیحدہ رہ سکتے ہین **خلافت کی عزت** وقیمت تو حضرت مولی علیہ السّلام نے ہی بڑہادی نشتر ہزار مسلمانون کے خون بہا کر خریدی ہے خلفاے ثلاثہ کی خلافت نشینی مین توکسیکو خبر بہی نہوئی کہ کون خلافت سے جدا ہوا اور کون بیٹہا حضرت مولی علیہ السلام نے تو دنیا بہر کو پہچنوا دیا کہ خلافت ایسی گران بہا شے ہے اور خود اوسی قضیہ مین آپ نے اپنی جان مبارک جو دو عالم کی قیمت سے زیادہ گران تر تہی نذر کردی **کون کہتا ہے** کہ خلفاے ثلاثہ کی خلافت کو امور باطنیہ سے کوئی تعلق نہین حضرت مولی کی امامت تو درجہ اول مین مسلمہ فریقین ہے پہر جو **اول درجہ کا امام** اور نفس نبی ہو وہ بقول اعدا پست درجہ کی خلافت کے لئے اپنا گوہر جان اوسپر نثار کردے اگر یہہ خلافت اتنی گران قیمت نہوتی تو آپ اسکے حاصل کرنے مین اتنی جان فشانی کیون فرماتے چنانچہ اوسکا بین ثبوت حضرت امام حسن علیہ السلام کی دست برداری بعد تمام ہونے عمر خلافت کے موجود ہے آپ نے خطبہ مین فرما دیا کہ اس خلافت کی عمر

تئیس برس تہی ساڑہے اونتیس برس خلفاے اربعہ نے اوسکی بزرگی حاصل کرلی چند مہینے باقی رہے تہے یہہ شرف اللہ تعالی شانہ نے مجہے بخشا آخری دن وہ بقیہ عمر بہی خلافت کی تمام ہوئی دو اماموں کی شہادت کیا خلافت کی بزرگی پر کافی نہین ۱۲

ناظرین کتاب ہذا اس مقام کو ملاحظہ فرمایئن اور سوچین کہ خلفاے ثلاثہ کے زمانہ مین کوئی اس خلافت کی بزرگی سے اتنی معرفت رکہتا تہا اگر جانتے تہے تو خلفاے ثلاثہ ہی جانتے تہے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی کوشش نے اوس پردہ کو جو اسکی عظمت پر پڑا ہوا تہا اوٹہا دیا اور تمام عالم نے جان لیا کہ خلافت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ایسی گران قیمت شے ہے **الحمد اللہ ثم الحمد اللہ**

مصلحت نیست کہ از پردہ برون افتد راز	ورنہ در مجلس رندان خبری نیست کہ نیست

الغرض مسجد نبوی کے پچہم طرف کوئی گہر نہ تہا البتہ اکثر دروازے مسجد کی جانب تہے اور کچہہ گہر بہی تہے جو خرما کی لکڑیون سے بنے ہوے تہے مگر بعض مکان خشت خام سے بنے ہوے تہے جنکی بلندی قد آدم سے ایک ہاتہہ زیادہ تہی اوسی جگہہ حضرت سیدۃ النسا علیہا السلام کا مکان بہی تہا اوسکی کہڑکی حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گہر سے ملی ہوئی تہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوسی راہ سے آتے جاتے تہے اور مزاج پرسی حضرت بتول زہرا اور جناب علی مرتضی اور حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہم السلام کی فرماتے تہے۔

فضایل مسجد شریف مدینہ طیبہ

اس مسجد کی بزرگیان بہت ہین بخاری مین ہے کہ فرمایا رسول اللہ

صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ ایک نماز اس مسجد مین ہزار نمازون سے افضل ہے جو اور مسجدون مین پڑہی جاوے مگر مسجد حرام - اور صحیحین مین ہے ما بین بیتی ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ اور یہہ بھی فرمایا ہے منبری علی حوضی - اور طبرانی معجم کبیر مین نقل کرتا ہے کہ ارقم بیت المقدس کو جانے لگا تو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس رخصت ہونیکو آیا تو حضور نے اوس سے پوچھا کہ تجارت کا قصد ہے یا کوئی اور خیال ہے اوسنے عرض کی کہ نماز پڑہنے کی غرض سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ ایک نماز میری مسجد مین بہتر ہے وہان کی ہزار نمازون سے اور بعض حدیثون مین ہے کہ ایک نماز مسجد بیت المقدس مین ہزار نمازونکی برابر ہے پس نماز مسجد مدینہ لاکھہ نمازون کے برابر ہوئی جو اور مساجد مین ادا کی جاوے اور استثناے مسجد حرام یا بنا بر مساوات ہے جیسا بعض علما قائل ہین یا بنا بر زیادتی کہ اسکا قایل کوئی نہین ہے یا بنا بر قلت عدد ہے کہ حضرت امام مالک اسی کو منظور کر کے فرماتے ہین کہ فضل نماز مسجد مدینہ سایر مساجد پر بہ تعداد ہزار ہے اور مسجد مکہ پر کم از ہزار ہے - اور تشبیہ اس بقعہ شریفہ کی بہشت سے درباب نزول رحمت ہے یا من قبیل اطلاق سبب بر مسبب یعنی یہہ موضع کثرتِ عبادت سے سبب وصول جنت ہے - مگر صحیح یہہ ہے کہ فرمودۂ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم محمول برحقیقت ہے یعنی یہہ موضع ایک قطعہ ہے بہشت برین کا کہ آخرت مین جب تمام دنیا فنا ہو جائیگی تو یہہ قطعہ بہشت مین ملا دیا جائے گا جس جگہہ سے جدا کر کے یہان لایا گیا ہے جسطرح مقام ابراہیم **فرضیت نماز صبح وظہر وعصر ومغرب وعشا اور اوسکے اسرار**

اور اسی سال کے ربیع آخر مین رکعات نماز فرض مغرب وفجر کی بدستور رہین اور ظہر اور عصر اور عشا حضر مین چار رکعتین فرض ہوئین اول مین دو ہی تہین اور سفر مین دو رہین دو قصر ہوئین مگر سنت ونفل اپنی حالت پر رہین اوسمین قصر نہین **حلبی** نے **حاشیہ شرح وقایہ** مین لکھا ہے کہ **صلوٰۃ فجر** اول حضرت سیدنا آدم علیہ السلام نے ادا فرمائی ہے یعنی حضرت آدم علیہ السلام جب زمین پر آئے تو اندہیرا تہا اور تمام دنیا تیرہ وتار تہی اور پہر شب ہوئی تو تیرگی اور بڑہگئی آپ چونکہ عالم انوار سے اس عالم خاک مین تشریف لائے تہے اسکی کثافت اور ظلمت دیکہہ کر ڈرنے لگے جب صبح ہوئی تو اس دنیا کے نظام کے موافق کچہہ روشنی معلوم ہوئی آپ نے اوسی روشنی کو غنیمت سمجہکر دو رکعت نفل شکرانہ ادا فرمائی وہی نماز صبح اوسی مقدار سے ہمپر فرض ہوئی **صلوٰۃ ظہر** اول حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بعد زوال شمس ادا کی جب قربانی فرزند کا حکم ہوا اول رکعت برائے شکرانہ رفع الم ذبح فرزند رکعت دوم برائے نزول فدا رکعت سوم برائے شکرانہ رضائے حق حتی اکہ ارشاد ہوا قد صدقت الرویا رکعت چہارم برائے صبر اسمعیل یہ چارون رکعتین نفل تہین اس امت پر فرض ہوئین۔ **صلوٰۃ العصر** اول حضرت یونس علیہ السلام نے ادا کی جب ظلمات اربعہ سے نکلے ہین ایک ظلمت زلت یعنی لغزش قدم کی تاریکی اوسکے شکرانہ مین ایک رکعت دوسری تاریکی شب سے نکلنے کے شکرانہ مین دوسری رکعت تیسری پانی کی تاریکی سے نکلنے کے شکرانہ مین تیسری رکعت۔ چوتہی ظلمت بطن حوت یعنی شکم ماہی سے باہر آنے کے شکرانہ مین چوتہی رکعت فرض ہوئی اور نیز یعنی حضرت یونس کی نفل تہی جو ہمپر فرض ہوئی۔ **صلوٰۃ المغرب** اول حضرت عیسی علیہ السلام

نے ادا فرمائی بعد غروب آفتاب جب خطاب ہوا ءَ انت قلت اول براے
نفی الوہیت اپنی ذات سے اس شکرانہ مین پہلی رکعت دوم نفی الوہیت اپنی
والدہ مکرمہ کی ذات سے تیسرے براے شکرانہ اثبات الوہیت خداوند تعالے
شانہ یہہ تینون رکعتین مغرب کی اونکی نفل ہمپر فرض ہوئین **صلوٰۃ العشا**
اول حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ادا فرمائی جسوقت مدین سے نکلے اور
اندھیرا ہوا اور غم والم زوجہ و ہارون و فرعون لاحق تہا نجات پائی ان چار سے
پہر ارشاد ہوا یاموسیٰ انی انا ربك فاخلع نعليك انك بالوادی
المقدس طوی اوسوقت چار رکعت نفل ادا فرمائی وہی ہمپر فرض ہوئی۔

وظیفہ بعد ہر نماز کے

عبادات مین نماز سے بڑہکر قرب خدا کسی عبادت مین نہین ہے پس بندے
کو چاہیئے کہ جب ایسے قرب مین اللہ تعالے شانہ اوسے جگہہ عنایت فرمائے
تو بندہ کچہہ عرض و معروض بہی کرلے وہ بندہ نواز ہے نکتہ نواز ہے ضرور
یقین ہے کہ وہ قبول فرمائیگا مگر دعا ایسی ہو کہ جسمین جائز طریقہ پر دنیا کے
واسطے بہی مفید ہو اور دین کیواسطے **روایت** حضرت معاذ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ سے بطریق مرفوع روایت ہے یعنے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسولؐ اللہ نے کہ ہمیشہ اللہ کا
ہاتہہ پہیلا ہوا ہے اس امت پر جبتک کہ نرمی نکرین اونکے نیک آدمی
بدون پر اور نہ تعظیم کرین اونکی نیک آدمی بدکارونکی اور مدد نکرین اونکے
قاری اونکے امراکی اللہ تعالیٰ شانہ کے گناہ پر اور اگر یہہ لوگ ایسا کرین تو
کہینچ لیگا اللہ تعالے شانہ اونکی طرف سے اپنا ہاتہہ۔ مغیرہ بن شیبہ سے

روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہر نماز کے بعد یہہ پڑہتے تہے لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریك لہ الملك ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منك الجد ترجمہ نہین کوئی معبود مگر اللہ جو واحد لاشریک ہے اوسیکے واسطے ہے بادشاہی اور وہی شایان ہے ہر تعریف کا اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ یا اللہ اوسے کوئی روک نہین سکتا جسکو تو عطا فرمائے اور اوسے کوئی دینے والا نہین جسکو تو نہ دے اور کوئی دولتمند بچ نہین سکتا تیرے عذاب سے اپنی دولتمندی کے سبب سے ۱۲

الغرض اسی سال مین جب مسجد مطہرہ ومنورہ نبوی کی بنا شروع ہوئی ہے تو زید ابن حارثہ اور ابو رافع بندگان آزاد مکہ کو روانہ کیے گئے کہ حضرات فاطمہ وام کلثوم وسودہ وعائشہ رضی اللہ عنہن کو مع اسامہ ابن زید وام ایمن وعیال حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کو مدینہ مین لائے طلحہ ابن عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ بہی ہمراہ آئے اسی ضرورت سے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پانچسو درہم اور دو اونٹ بہیجے تہے اگرچہ طلب تو فی الحال حضرت کی صاحبزادیونکی اور ام المومنین حضرت سودہ کی تہی مگر عبداللہ ابن ابی بکر بہی مع ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا چلے آئے اسی زمانہ مین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حضرت ابوایوب انصاری کے گہر سے اپنی دولت سرائے اقبال مین چلے آئے

اسلام حضرت سلمان فارسی

اسی سال اول کی جمادی الاولی مین **حضرت سلمان فارسی** حسب

وصیت عموریہ راہب مدینہ مین آکر اسلام لائے۔

عقد مواخات بین المہاجرین والانصار

اسی سال مین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عقد مواخات یعنے مہاجرین اور انصار کے درمیان قایم کردیا پینتالیس مہاجر اور پینتالیس انصار تہے اور ایک روایت مین ڈیرہ ڈیڑہ سو دونون کی تعداد تہی اور توریث بہی آپسمین قایم کردی مگر یہہ میراث بعد غزوہ بدر منسوخ ہوگئی۔ اسی طرح مہاجرین مین بہی خاصتہً معہ اخات قرار دی حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ مین اور حضرت طلحہ اور حضرت زبیر مین اور حضرت عثمان اور عبدالرحمٰن مین اور حضرت حمزہ اور حضرت زید بن حارثہ مین رضی اللہ عنہم حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ باقی تہی حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونسے ارشاد فرمایا کہ تیرا بہائی مین ہون۔

حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہا کی رونق افروزی کاشانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین

حضرت نے اسی سال کے شوال مین حضرت صدیقہؓ کا ولیمہ دیا مگر کہانا نہین پکا یا صرف ایک کاسہ دودہ کا حضرت سعد ابن عبادہ کے گہر سے آیا تہا اوسمین سے کچہہ حضرت نے نوش فرمایا اور باقی حضرت عایشہ صدیقہ کو دیا اوسوقت عمر حضرت ام المومنین کی نو برس کی تہی حضرت صدیقہ فرماتی ہین کہ حضرت نے

مجھسے عقد کیا شوال مین اور گھر مین داخل فرمایا شوال مین اور کوئی عورت حضرت کو مجھسے زیادہ محبوب نتھی۔

اذان کا بیان

اسی سال مین اذان شروع کی گئی اور وجہ اسکی یہہ ہوئی کہ جب جمعہ اور جماعت قایم ہوئی تو اہل اسلام علامت کے خواستگار ہوے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے صحابہ سے مشورہ کیا کسی نے صداے بوق تجویز کی کسی نے آگ جلانا حضرت نے ان تجویزون کو رد کیا اول تجویز مین اتباع یہود پائی گئی دوسری تجویز سنکھہ کی تہی یہ نصاریٰ کا فعل ثابت ہوا تیسری تجویز آگ روشن کرنیکی تہی یہہ مجوس کا شعار تہا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی کہ صرف **یا رسول اللہ** کوئی پکار دیا کرے بس معلوم ہو جائیگا کہ نماز کا وقت آگیا ہے یہہ بات قبول فرمائی گئی اور حکم ہوا کہ **بلال** رضؓ ندا کردیا کرین یارسولؐ اللہ الصلوٰۃ جامعۃً بعد چندے حضرت عمر و عبداللہ بن زید انصاری نے خواب مین اذان واقامت سنی پہر حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لاے اور طریقہ اذان تعلیم کیا اس تقریر سے صیغہ اذان امور توفیقیہ مین تہی کیونکہ اول عبداللہ کو فرشتہ نے خواب مین تعلیم کیا پہر حضرت عمر رضؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب مین سُنا اور حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا انہا رویاء حقؑ پس یہہ حکم وحی مین داخل ہوا پہر چند اشارات قرآنیہ سے حکم تنزیل مین درآیا اور آخر اذان مین دعاے تامہ کی صفت فرمائی پس یہہ ترتیب خالی از حکمت نہوگی بلکہ کوئی نکتہ معتد ہوگا اور کلمۂ الصلوٰۃ خیر من النوم اسطرح زیادہ ہوا کہ ایک دن صبح

صبح کے وقت حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حجرہ شریف کے دروازہ پر ندا کی کہ الصلوٰۃ یا رسول اللہ لوگون نے کہا حضور آرام مین ہین بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے باواز بلند پکارا **الصلوٰۃ خیر من النوم** حضور بیدار ہوی اور اس کلمہ کو بہت پسند فرمایا **فائدہ** فیض صحبت کیا چیز ہے اگر اچھی صحبت ہو تو آدمی فرشتو نکا ہمنشین ہو جاتا ہے یہ وہی **بلال** رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہین جو ایک ناپاک یہود کے غلام تھے اور اوسنے انکو آب کشی وغیرہ کی خدمت مین رکھا تھا اوسکے غلامون مین نہایت ذلیل غلام تھے انکو دنیا کا کوئی کام نہ آتا تھا اب انکو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خریدا اور آزاد کر دیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی صحبت نے انکو بزرگ اور مقدس بنا دیا کہ انکے کلمہ کو جی کے پہلو مین جگہہ ملی سبحان اللہ وبحمدہ

میر ولایت شود بندہ کہ سلطان خرید

نکات متعلقہ اذان - اسلامی دنیا مین جو شے کہ مقصود اصلی اور راس الطاعات والعبادات ہے وہ توحید ہے

اسکی دو قسمین ہین توحید فی العبادت یعنی جتنی عبادتین ہین اوسی یکتا اور یگانہ کے واسطے سزاوار ہین دوسری توحید فی الاستعانت یعنی سوای اوس ذات پاک کے اون امور مین جو خاص اوسکی ذات پاک کے واسطے ہین کسی دوسرے سے اُمید حاجت روائی نہ کرے خاص اپنے خالق اور مالک اور خداوند نعمت سے عرض کرے اور ایک وقت نہین بلکہ پانچ وقت اور عرض

مختصر نہین نہایت اطمینان کے ساتھ جسقدر چاہو اور جو کچھ چاہو کہو اوس دربار عالی شان کی حاضری کی ندا اور اعلان **اذان** ہے **موذن** اوس دربار باجلالت وشان کا **نقیب** ہے جو مشتاقانِ دربار کو ندا کر رہا ہے کہ مالک الملک دربار مین جلوہ فرما ہے اور اذن عام ہے کہ **سلام کرنیوالے حاضر ہون** المختصر اذان مین جو پہلے ارشاد ہوا اوسکو یون سمجھنا چاہیئے اللہ اکبر علماً یعنی اللہ تعالی شانہ بڑا ہے از روے علم کے علم اوسکا ایسا وسیع ہے کہ تمام کائنات کے ہر ذرہ کا علم حضوری اوسیکو ہے اسی طرح سمجھنا چاہیئے اللہ اکبر قدرتاً۔ اللہ اکبر رحمۃً اللہ اکبر شرفاً پھر نقیب نے ندا کی۔ اشھد ان لا الہ متصرفاً فی الوجود الا اللہ۔ اشھد ان لا الہ مستحقاً للمعبودیۃ الا اللہ پھر جب عابد نے اپنے معبود کو بوصف علم وقدرت ورحمت وشرف بخوبی پہچان لیا تو اوسکو یقین ہو گیا کہ ایسے معبود جلیل الشان کے دربار مین بغیر اوسکے دربار کے آداب یاد کئے ہوے حاضر ہونا آداب کی شان سے نامناسب معلوم ہوتا ہے یہہ خیال آتے ہی بندہ درگاہ مالک الملک تعالے شانہ مین متوقف ہوا کہ اب کیا کرنا چاہیئے اور اس آداب کی تعلیم کس سے حاصل کرنی چاہیئے کہ جس سے مرضی ونامرضی معبود برحق دریافت ہو اور اوسکے احکام کی بجاآوری کا طریقہ مفصل اور صحیح طریقہ سے معلوم ہو جاے کہ نقیب باادب نے ہدایت فرمائی اشھد ان محمداً رسول اللہ یعنی محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تمہارے معبود برحق جسکے دربار مین تم سلام کرنیکو حاضر ہوے ہو اوس صاحب دربار کا رسول ہے ابلاغ کے قواعد بتادئے گئے ہین اوس سے سیکھ لو یہہ حکم عوام کے واسطے ہوا۔ اشھد ان محمد رسول اللہ

ایصالاً وہ رسول طالبان وصال کے لئے بہی مامور ہے اونکو بہی اوسی رسول ؐ سے وصل معبود کے آداب سیکہنے چاہئین اور اس کی تعلیم کیواسطے اوسکی طرف رجوع کرنی چاہیئے۔ وصل یعنی قرب کے مقامات سے ؎

قرب او را وصال میگویند

جب ان عوام وخواص کو سمجہا دیا گیا اور یہہ لوگ اوس آداب سے مطلع ہوکر سلام کے لئے طیار ہوگئے تو نقیب باادب نے پکارا حی علی الصلوٰۃ بابا جسامکم یعنی اوٹہو عبادات بدنی کے واسطے حی علی الصلوٰۃ بقلوبکم اوٹہو اور مستعد ہوجاؤ عبادت قلبی کے لئے یعنی حضوری دل سے بعد اوسکے ثمرہ عمل بیان کیا تاکہ طالب وسالک خلوص علم وعمل مین اخلاص کے پیدا ہونیکی کوشش کرے وہ کیا تعلیم ہے حی علی الفلاح فی الدنیا بعصمۃ النفس والمال۔ للعوام یہہ عوام الناس کے واسطے حکم ہوا حی علی الفلاح للذۃ المناجات والمشاہدات للخواص وفی العقبیٰ بتنسیم کرب العرصات والنجات من الدرکات والفوز بنعم الجنات ورویۃ فاطر السموٰت والارض اب طالب کو فیض نبوی حاصل ہوا اوران مراتبات سے آشنائی پیدا ہوگئی لہذا میدان ترقی مین اوس سالک کے قدم مردانہ وار بڑہنے لگے اور معاملات سری کچہہ اور سے اور ہوگئے اول حالت مین طلب حاجات تہی اور اب خواستگاری خلوص واتحاد ہے اب سالک کے گوش دل مین یہہ آواز آئی اللہ اکبر علوا فی ذاتہ من حیث کونہ فی اعلیٰ طبقات الوجود اکملہا۔ اللّٰہُ اکبر فی احاطہ ظہورہٖ من جہۃ سریان کمالاتہ فی المظاہر المعقولۃ والمشہودۃ باسرہا اور خلاصہ اس معرفت کا نفی حجبت اور محو ظلمتات کثرت وجہہ قدیم سے

ازراہِ انکشاف قیومیت ہے اسلیئے نقیب باادب نے تاکیداً ارشاد فرمایا
لا الٰہ الا اللہ یعنی کوئی موجود نہین نہ خارج مین نہ باطن مین بحیث الحقیقۃ
اور نہ ظاہر مین بجمیع کمالات بالاصالۃ مگر **اللہ جل جلالہ وتعالیٰ**
شانہٗ وعم نوالہٗ کہ محیط ہے جملہ کمالات ومراتب کو

بدریاے شہادت چون نہنگ لا برآرد	تیمم فرض گردد نوح را در عین طوفانش

بلکہ اس سے بہی زیادہ آب وخاک وآتش وہوا کسیکا بہی وجود باقی نرہے

موجود بہر وجود وہ ہے	ہر شے کی ہی جس سے بود وہی

مگر اللہ کہ محیط بجمیع کمالات ومراتب ہے اور اس مقام مین وسایط وکلائی
گنجایش نہین ہے اس لیئے اذان کے آخر کلمہ مین ذکر رسالت کی حاجت
بخلاف توحید فی العبادت کے نہوئی کہ انتظام اوسکے سلسلہ کا بواسطہ
رسالت ہے اور اسی لیئے لفظ **اشہدُ** کہ حکایت نفس متکلم سے باظہار
شہادت تہا متروک ہوا اس ترتیب سے کلمہ اذان وتر ہوا **اللہ وتر**
ویحب الوتر اور فردیۃ بکلمہ توحید متحقق ہوئی تاکہ لفظ ومعنی مطابق ہون
اور انقطاع کلام اسم ذات پر ہوا کہ المبتدا ہو المنتہیٰ اگرچہ کلمہ محمدؐ رسول اللہ
مین بہی ظاہراً آخر مین اسم ذات ہے لیکن بحیثیت معنی مجموع رسولؐ اللہ ہے
فافہم اور تفسیر احمدی مین ہے کہ صیغہ اذان نص قرانی سے ثابت ہے صرف
حدیث خواب ہی سے اذان ثابت نہین ہے بلکہ قرآن ناطق ہے کما قال
اللہ تعالیٰ شانہ واذا نادیتم الی الصلوٰۃ اتخذوھا ھزواً ولعباً
ذالك بانھم قومٌ لا یعقلون **ترجمہ** یعنی جسوقت پکارو نماز کے لئے
تو اوسکو مذاق اور تمسخر قرار دیدیتے ہین اور یہہ فعل اونکا اونکی بیوقوفی کی
علامت ہے **روایت** ہے کہ ایک نصرانی جب اذان مین کلمہ اشہدان

محمدؐ رسول اللہ سنتا تو وہ کہتا کہ جلا دے اللہ جھوٹے کو ایک روز رات کیوقت
اوسکا غلام آگ لایا اور گھر کے سب آدمی خواب غفلت مین تھے ہوا نے آگ
کی چنگاری کو اوڑا کر اون لوگو نپر ڈالدیا تمام گھر اور گھر کے سب آدمی جلکر خاک کا
ڈھیر ہو گئے۔ **تفسیر ابو طالب مین ہے** کہ جب حضرت صلے اللہ
علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے بلالؓ کو اذان کا حکم دیا اور اذان قبل الصلوٰۃ ہونے
لگی تو ایک روز حضور پر نور صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم بستم محرم بروز
جمعہ پیش از نماز مسجد مین تشریف لائے اور ستون سے ملکر مسجد مین بیٹھے اور
بلالؓ اذان دینے لگے **اذان مین انگوٹھونکے چومنے کی
حدیث** روایت ہے کہ جب کہ اشہد ان محمدًا رسول اللہ پر پہونچے تو تبھی
حضرت **صدیق** اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنی آنکھونپر اپنے دونون ہاتھو
انگوٹھے پہیرے اور کہا قرۃ عینی بك یا رسول اللہ جب اذان تمام
ہوگئی تو حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے فرمایا ای
ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ جو کوئی اسطرح انگوٹھے آنکھونپر پہیرے اور یہہ
کہے قرۃ عینی بك یا رسول اللہ شوق و محبت سے جسطرح تو نے کیا
اور کہا اللہ تعالی شانہ اوسکے قدیم و جدید سب گناہ بخشیگا عمدًا و خطائً سرًا
و علانیۃً اور مین اوسکا شفیع ہونگا یہہ روایت ابن عینیہ نے کی ہے پیغمبر خدا
صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم سے اور دوسرا راوی جسکا نام رویانی ہے
وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتا ہے کہ وہ بہی اسی طرح کرتے
اور کہتے تہے رضیت باللہ ربا و بالاسلام دینا و بمحمد نبینا اور چومتے
تہے اپنے دونون انگوٹھونکی شکم کو اور رکہتے تہے اپنی دونون آنکھون پر
اور فتوح الاوراد مین ملا فتح محمد محدث نے لکھا ہے کہ اسوقت دونون انگشت

اپنی دونون آنکھو نپر رکھے اسلئے کہ علی علیہ السلام وقت شہادت ثانیہ یونہین کرتے تھے اور مقاصد حسنہ مین ہے حدیث من قبل عند سماعہ من المؤذن کلمۃ الشہادۃ ظفری ابہامیہ ومسہما علی عینیہ وقال عند المس اللہم احفظ حدقتی ونورہما ببرکۃ حدقتی محمد ونورہما لم یعم یعنی جو کوئی موذن سے اذان کہنے کیوقت کلمہ شہادت سُنے اور دونون ناخن اپنے دونون انگوٹھون کے اپنی دونون آنکھو نپر ملے اور کہے اللہم احفظ الخ انشاء اللہ وہ نابینا نہوگا۔ اور کتاب مفتاح السعادت مین ہے کہ جو ہمیشگی رکھے اس عمل پر محفوظ رہینگی اوسکی آنکھین ضعف بصر سے یعنی نابینا نہوگا انشاء اللہ تعالی۔ اور شیخ زادہ نے وقایہ کی شرح مین لکھا ہے کہ یہہ فعل سنت ہے اور طریقہ ہے خلفاء کا اور انگوٹھونکو چومتے وقت کہے اللہم احفظ عینی ونورہما اور مسعودی اور مضمرات مین ہے کہ وضع الابہامین علی العینین سنۃ ہے اور روایت کی ہے حسن طیبی نے اپنی سند سے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم من سمع اسمی فی الاذان ووضع ابہامیہ علی عینیہ غفر اللہ ذنوبہ یعنے جسنے اذان مین میرا نام سُنا اور دونون انگوٹھے اپنے اپنی آنکھو نپر رکھے بخشیگا اللہ تعالے شانہ اوسکے گناہ۔ اور کنز العباد مین ہے کہ جو شخص اذان مین اشہد ان محمداً رسول اللہ سنے کہے صلی اللہ علیک یا رسول اللہ اور جو دوسری بار سنے کہے قرۃ عینی بک یا رسول اللہ اور دونو انگوٹھے اپنی آنکھو نپر پھیرے اور کہے اللہم متعنی بالسمع والبصر کذا فی المقدمۃ الصلوۃ۔ اور صلوۃ بخشی مین ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ

والہ واصحابہ وسلم من سمع اسمی فی الاذان ووضع ابہامیہ
علی عینیہ فانا طالبہ فی صفوف القیامۃ وقایدہ الی الجنۃ
یعنی جسنے سنا میرا نام اذان مین اور رکہے دونون انگوٹہے اپنے ہاتہون کے
اپنی آنکہونپر پس تلاش کرونگا مین اسکو صفوف قیامت مین اور لیجاؤنگا
اوسکو جنت مین کتاب **احادیث قدسیہ** مین ہے روی ان
ادم علیہ السلام اشتاق الی لقاء محمد صلے اللہ علیہ والہ واصحابہ
وسلم حین کان فی الجنۃ فاوحی اللہ الیہ ھو من صلبک ولظہر
فی آخر الزمان فاظہر اللہ تعالیٰ صورۃ محمد صلی اللہ علیہ والہ
واصحابہ وسلم فی صفاء ظفری ابہامیہ فمسح علی عینیہ فصار
اصلا لذریۃ فلما اخبر جبرئیل النبی صلے اللہ علیہ والہ واصحابہ
وسلم ھذہ القصۃ قال من سمع اسمی فی الاذان فقبل ظفری
ابہامیہ ومسح علی عینیہ لم یعم یعنی **روایت** ہے تحقیق آدمؑ
مشتاق ہوے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی لقاکے جن
دنون بہشت مین تہے سو اللہ صاحب نے وحی کی آدم علیہ السلام کیطرف
کہ یہہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تیری پشت سے پیدا ہوگا آخر
زمانہ مین پس ظاہر کیا اللہ صاحب نے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کی صورت مبارک کو دونون انگوٹہونکے ناخن کی صفا پر پس ملا آدم علیہ السلام
نے اون ناخنونکی صفا کو اپنی آنکہونپر وہی سنت ہوئی اونکی اولاد کیواسطے
جب حضرت جبریل علیہ السلام نے یہہ قصہ بیان کیا حضور پر نور کے روبرو
تو حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے سنا
میرا نام اذان مین اور چومے اپنے انگوٹہونکے دونون ناخن اور اپنی آنکہونپر ملے

انشاء اللہ تعالیٰ وہ اندھا نہوگا چونکہ ہم پیروان حضرات صوفیہ کرام علیہم الرحمۃ صاحبانِ صلح کل کے نعلین بردار ہین اور اونکی تصانیف ان روایتون سے مالامال ہین لہذا ہمارے عمل کے لئے یہہ اسناد کافی و وافی ہین ہم محبت کے لئے پیدا کئے گئے ہین لڑائی جھگڑے سے ہمین سروکار نہین ہے۔

ازما بجز حکایت مہر و وفا مپرس		ما قصۂ سکندر و دارا نخواندہ ایم

ملا علی قاری اپنی کتاب مختصر المضبوع مین فرماتے ہین کہ جو بات صحیح ہوئی عمل صدیق سے تو کفایت کرتا ہے ہم لوگون کے عمل کے واسطے بمقتضائ علیکم بسنتی وسنۃ خلفاء الراشدین اور اصول محدثین یہہ ہے کہ حدیث ضعیف فضایل نبوی مین مقبول ہے باتفاق علما باوجود اسبات کے کہ اسکو امتحان کیا ہے محدثین اور فقہا نے اور تجربہ قوت دیتا ہے حدیث کو باتفاق ایمہ معرفت **اسی سال مین** اسعد ابن زرارہ اور برار ابن معرور اور کلثوم ابن الہدم مسلمانان مدینہ منورہ نے اور عثمان ابن مظعون مہاجر نے سفر جنت الفردوس فرمایا۔ اور عاص ابن وایل سہمی اور ولید ابن مغیرہ کہ سرداران قریش سے تھے داخل نار ہوے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے برار ابن معرور کی قبر پر اصحاب کے ساتھہ نماز جنازہ پڑہی۔

سال دوم ہجری کے منتخب واقعات

اسی سال دوم کے محرم مین بروز عاشورہ یعنی تاریخ دہم کو **آنحضرت** صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خود بنفس نفیس روزہ رکھا اور اصحاب کو

روزہ رکہنے کا امر کیا اور وجہ اسکی یہہ ہوئی کہ مدینہ کے یہود اوسدن روزہ
رکہتے تہے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پوچہا کہ یہہ کون
روزہ ہے یہود نے کہا آج کے دن اللہ تعالیٰ شانہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام
اور اونکی قوم کو فرعون کے ظلم سے نجات بخشی اور فرعون اور اوسکی قوم کو دریا مین
غرق کیا اوسکے شکرانہ مین حضرت موسیٰ علیہ السلام یہہ روزہ رکہتے تہے ہم بہی
اونکی پیروی کرتے ہین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا
نحن احق واولیٰ باَختیار سنۃ اخی موسیٰ پہر جب روزے رمضان کے
فرض ہوے تو اس روزے کا اہتمام نرہا صرف استحباب باقی ہے مگر آخر عمر
مین حضور پرنور فرماتے تہے کہ اگر سال آیندہ کے محرم تک مین زندہ رہا تو
دہم کے ساتہہ نہم کا بہی روزہ رکہونگا تاکہ یہود کی مخالفت ہوجاے لیکن
اسکی نوبت نہ پہونچی۔ اسی سال مین بعد اطمینان کلی عقد مواخات وغیرہ
امور لابدیہ سے۔ حضور پرنور نے بحکم رب جلیل جل جلالہ وعم نوالہ اصحاب سے
ارشاد فرمایا کہ اب مشرکین سے اپنا انتقام لو اور اپنی محافظت کا انتظام کرو حکم
جہاد اور اوسکے مصالح جو اللہ تعالیٰ شانہ کو منظور تہے لئے اوسے قتل کرو
مگر اپنی طرف سے جنگ مین سبقت یعنی پیش دستی نکرو اگر کوئی تم پر چڑہ کر آے
تو اوسے دفع کرو لہذا ایک نشان عظیم الشان تیار کرایا اور تجہیز سرایا (یہ سریہ
کی جمع ہے) اور بعوث اور اہتمام لشکر اور درستی سامان حرب مین مشغول ہوے
جہاد جنگ مدافعت کا نام ہے یعنی جو ہم سے لڑنیکو آے اوسکو
ہم اپنی مجموعی قوت سے دفع کرین اگر ہمکو یہہ اطمینان ہوجاے کہ یہہ اب ہمسے
نہ لڑے گا تو اپنا ہرجہ لیکر اوس سے صلح کرلین اور اگر یہہ اطمینان نہو تو اوسکا
پورا استیصال کردیا جاے اور یہہ لفظ جہاد جو ہندوستانی جاہلونکی زبان پر ہے

یہہ وہ جہاد نہین ہے جو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اون کے
صحابہ نے کیا ہے یہہ جو ہندوستان کے غیر مقلد اور سرحد کے وحشی پٹہان
بات بات مین جہاد کا نشان کہڑا کر دیتے ہین اسیکا نام فتنہ ہے جہاد تو امن
عام کا حکم ہے جہاد کیواسطے امام کی ضرورت ہے اور وہ امام ایسا ہو کہ بہت بڑا گروہ
علما کا اوسکی امامت اور اجتہاد کا مقر ہو اور وہ امام صرف اللہ کیواسطے موافق حکم رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے جہاد پر کمربستہ ہو اور جس کافر بادشاہ کی وہ رعیت ہو اوسکے
خلاف مین جہاد نہین کرسکتا ہان اوسکی حکومت سے نکلجای اور کم سے کم اوسکی قوت سے نصف
قوت تو رکہتا ہو جب وہ اوس قوم سے جہاد کرسکتا ہی جو اوس پر چڑہکر آئی ہو ہندوستانکی جو خودمختار
حکومتین انگریزونکی ماتحت ہوچکی ہین اگر اونکے پاس جہاد کو اسباب مہیا بہی ہوجائین تو میرے
راے مین وہ انگریزون پر جہاد نہین کرسکتین آخر جو سچے اور بیریا علما تہے
اون لوگون نے امیر کابل کو انگریزون پر جہاد کا حکم ندیا ہان کالے کافر ونپر
جہاد کا حکم دیا اون پر امیر نے جہاد کیا اور کامیاب ہوے۔ **اسلام نے**
ہمکو فریب اور دغا کی تعلیم نہین دی ہے اسی سے اسلام کی
شان بلند ہے **الاسلام یعلو ولا یعلی**۔ اسلام کی شان خود بلند ہے وہ
کسیکی مدد سے بلند نہین ہوا ہے ہم کسی ہندو رئیس کے نوکر ہون اور کوئی
مسلمان صاحب حکومت اوسپر جہاد کرے اپنی سچی شرطونکے ساتہہ تو ہمین کبہی
زیبا نہین ہے کہ ہم اپنے رئیس جسکا ہمنے برسون نمک کہایا ہے اوس سے
دغا کرین اسلئے کہ ہمین اسلام نے دغا کا سبق نہین پڑہایا ہان جب وہ رئیس
ہمین اپنے پاس سے جدا کردے اور جب تک ہم اوسکی سلطنت مین سفر کرتے
رہین تو کوئی رازِ سلطنت اوسکا ہم فاش نکرینگے ہمین یہی اسلام کی تعلیم ہے
اس فقیر مولف کتاب اشرف التواریخ کے پاس اکبر آباد کے

مقام مین کابل کے ایک بوڑھے ملا صاحب تشریف لاے اور مجھسے جہاد
کے مسئلہ مین کچھہ پوچھا مینے اون سے کہا کہ مین مفتی نہین ہون مگر میرے
خیال مین یہہ بات آتی ہے وہ اس تقریر کو جو مینے اس کتاب مین درج کی
ہے سنکر خاموش ہوگئے اور پہر اوٹھکر چلے گئے دوسرے روز وہ کچھہ میوہ
تر و خشک لیکر آئے اور کہنے لگے کہ میرے ساتھہ ایک اور ملا صاحب ہین
وہ تمہاری تقریر سے بہت خوش ہوئے واقعی **اسلام کی شان یہی**
ہے اسلام ہرگز دغاباز نہین ہرگز دغاباز نہین ہرگز دغاباز نہین یہہ جو کالی
گورے عیسائی فرماتے ہین کہ مسلمانونکا مذہب تلوار کے زور سے پہیلا ہی
وہ اپنے گریبانو مین مُنہ ڈالکر دیکھین کہ موسیٰ علیہ السلام کے وقت سے
اسوقت تک کتنا قتل عام ہوا اور رہنوز **روس و جاپان** کی جنگ کا
محرک اول کون تہا وہ تہا جو یورپ مین تہذیب یافتہ بادشاہونکا سرتاج
سمجھا جاتا تہا لڑائی کس لئے ہوئی ملک کے لئے اسیکا نام عیسائیت ہی
حضرت عبد الحمید خان غازی خلد اللہ ملکہ کی طرز سلطنت پر نظر کرو کہ باوجودیکہ
وہ تمام دنیا کے مسلمانون کے خلیفہ ہین اور خود بہی فوجی قوت مین کسی سے
کم نہین ہین اور ملک حجاز و عراق مین یورپین قوتین کیا کیا ریشہ دوانیان
کر رہی ہین مگر وہ کہانتک بندگان خدا کا خون بچا رہے ہین کیا وہ مسلمانون
کے بادشاہ نہین ہین کب **سلطان روم خلد اللہ ملکہ** نے تلوار سے
کام لیا مگر جب گلے گلے تک پانی آگیا مجبور ہوکر **جنگ مدافعت** کی
ملک عرب کے بہادرون نے بڑا شور مچایا کہ نشان جہاد بلند کیجئے مگر سبحان اللہ
سلطان کو اللہ تعالیٰ شانہ نے کیسا صلح کل مذہب عطا فرمایا ہے کہ جہانتک
ہوسکا اپنی ہی فوج سے کام لیا بولو پادری صاحبو کون سی قوم خونخوار ہے

عیسائی یا مسلمان۔

حضور پر نور جو اپنے سر لشکرون کو جہاد پر جانے کے وقت نصایح فرماتے تھے وہ یہہ ہین معترضین جہاد اسے غور سے ملاحظہ کرین کہین ظلم و ستم کا اثر ہے

سچے راویونکا بیان ہے کہ جب کسی قوم کا قصد حضرت پر ظاہر ہوتا کہ ہمپر یہہ لوگ چڑہ آئینگے اور ہمارے ملک کو پامال کر ڈالینگے تو پہلے اونکی حالت کے دریافت کرنیکو قوم مین سے دانشمندون کو چن کر خبر لانیکو روانہ کرتے اور جب اونکا قصد پایا جاتا کہ وہ ضرور ہمپر چڑہ آئینگے تو آپ خود اونکے روکنے کو آگے بڑہ جاتے اسمین مصلحت یہہ تہی کہ اپنا غلبہ دشمن پر ظاہر ہوتا اور یہہ بات بہی دشمن پر ثابت ہو جاتی کہ یہہ ہمارے ارادہ سے آگاہ ہو گئے لامحالا ارادہ پورا کر کے جنگ کے لئے آئے ہین یہہ اعلیٰ درجہ کا طریقہ ہے جنگ مدافعت کے لئے اور جب دشمن اپنے ملک مین آپہونچا اور کہین روکا نگیا تو جنگ مدافعت والا کم زور سمجہا جاتا ہے اور یہہ قاعدہ دوسرا ہے کہ جب حملہ آور کو مدافعت والے نے خوب کم زور دیکہہ لیا تو اپنے ملک مین اوسے لگا لائے تاکہ اوسکا سب سامان یہین رہجاے الغرض جب حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جہاد کا ارادہ کسی ملک پر فرماتے تو سب سے پہلے آپ اپنے اصحاب رضی اللہ عنہم سے مشورت فرماتے پہر لشکر کو آراستہ و پیراستہ کر کے روانہ فرماتے اور خود بنفس نفیس لشکر کے پیچھے

تشریف لیجاتے اور تمام لشکر کی نگرانی فرماتے اور خود بھی سلاح جنگ سے آراستہ و پیراستہ ہوتے شمشیر آبدار حمایل فرماتے نیزہ دست مبارک مین ہوتا اور کمان بازوے شریف مین لٹکاتے اور کبھی ایک زرہ بدن مبارک پر ہوتی اور کبھی دو زرہین اور خود سر اقدس پر اور سپر پشت مبارک پر اور لشکر اعدا کے اخبار دریافت کرنیکے لئے جاسوس مقرر فرماتے اور اونکی خبرین تنہائی مین آپ خود سنتے اور لشکر کی تقسیم فرماتے اور مقدمات اور طالع بنیل بنیل آدمی مقرر فرماتے اور گرد لشکر کے پاسبان ہوشیار آدمی جو فن جنگ سے خوب ماہر ہوتے نگہبانی کے لئے جابجا قایم کرتے اور ہمیشہ اپنے لشکر ظفر پیکر کو ملا ہوا اوتارتے کہ اگر اونپر ایک چادر ڈالدین تو سب کے سب اوسمین چھپ جائین اور لشکر کی صفین آپ خود بہ نفس نفیس آراستہ فرماتے اور جسوقت لشکر کا مقابلہ ہوتا اور نوبت قتال وجدال کی پہونچتی تو اپنے لشکر کے بہادرون اور افسرون کو جرات دلاتے اور مناسب موقع پر اونکو صف جنگ کی دیکھہ بھال کے لئے معین فرماتے اور فوج اعدا کی نگرانی کے واسطے اپنے فوجی افسرون سے آگے بڑہکر صف اعدا کے قریب ہوجاتے اور اونکے انتظام اور مردمان فوج کے بشرے کو دیکھکر اونکے استقلال اور عدم استقلال کی حالت دریافت فرماتے اور اصحاب کو فوجی پہچان کی بولیان تعلیم فرماتے جسکے ذریعہ سے معلوم ہوتا کہ یہہ لوگ اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہین اپنی فوج اپنے سپاہیون کو پہچان لیتی کبھی تو کلمہ **امت امت** مقرر کردیا جاتا اور کبھی **یا منصور** اور حضرت کو جنگ گاہ مین چلنا پھرنا بہت پسند تہا اور جب نوبت جدال وقتال کی پہونچ جاتی تو اللہ تعالیٰ شانہ کے حضور مین **نصرت** کی دعا اپنی فوج کے لئے فرماتے اور یارون سے

جدا ہو کر ذکر حق مین مشغول ہوتے اور باواز بلند پکار کر فرمادیتے تھے کہ
عورتون اور بچونکو قتل نکرنا اور مقتول کے کان ناک نہ کاٹنا اور جب کسی قوم پر
غالب آتے تو وہان تین روز سے زیادہ نہ ٹہرتے اور غنیمت کو جمع کرواتے
اور جامہ ورخت مقتولون کا قاتلون کو عنایت فرماتے اور باقی ماندہ مین
اول پانچوان حصہ حق اللہ نکالتے اور اوسکو مصالح اسلام مین صرف کرتے
بعد اسکے تہوڑی مقدار عورتون اور لڑکون اور غلامون کو لطف فرماتے
اور بقیہ لشکر مین تقسیم کردیتے سوار کو تین ۳ حصے اور پیادے کو ایک حصہ
کذا فی الاسفار المعتبرہ یہہ تو وہ صورت ہے جو حضور پر نور خود جنگ مین شریک
ہوے اور جب حضور تشریف نہ لیجاتے اور کسی صحابی کی سرگروہی مین لشکر
اسلام روانہ ہوتا تو اوس لشکر کے سردار سے یون نصیحت فرماتے تھے کہ
بسم اللہ لڑو خدا کی راہ مین اور مارو جو خدا کو نہ مانے اور لوٹو تو غنیمت مین
چوری نکرو اور قول وقرار کو نہ توڑنا اور دشمن کے مقتولون کے ناک کان نہ
کاٹنا اور عورت اور لڑکون کو نہ مارنا اور جب دشمن سے مقابلہ ہوجاے تو
اوس سے تین باتون کی درخواست کرنا اوس مین سے دشمن جس بات کو
مانلے اوسے قبول کرنا اور قتال سے باز رہنا ایک بات تو یہہ ہے کہ اونسے
اسلام کی درخواست کرنا اگر وہ مانین تو قبول کرنا اور قتال سے باز رہنا پھر
اون سے کہنا کہ اپنے وطن کو چہوڑ کر مہاجرین کے مقام مین یعنی **مدینہ**
مین آرہین اور یہہ اون سے کہدیجیو کہ اگر اسبات کو وہ کرینگے تو اونکو وہی
ملیگا جو مہاجرین کو ملتا ہے یعنی ثواب اور غنیمت اور اون پر واجب ہوگا
جو مہاجرین پر ہے یعنی **جہاد** اور اگر اس بات کو وہ قبول نکرین تو اون سے
کہدینا کہ وہ جنگلی مسلمانون کی طرح ہونگے اونپر حکم خدا جاری ہوگا جسطرح

مومنون پر جاری ہوتا ہے مگر غنیمت اور صلح کے مال سے کچھہ حصہ نہ ملیگا
مگر اوس صورت مین کہ مسلمانون کے ساتھہ ہوکر جہاد کرین اور جو وہ لوگ اسلام
سے انکار کرین تو جزیہ دین اگر وہ جزیہ دینا قبول کرین تو اونکے قتال سے
باز رہنا اور اگر وہ جزیہ دینا بھی قبول نکرین تو اونپر تلوار اوٹھانا خدا سے
مدد مانگ کر **فایدہ** جزیہ موافق تصریحات علی اختلاف الروایات فی نفر چند
روپیہ سالانہ ہے حسب استطاعت یا سب سے جو بصلح مناسب ہو یا اونکی
رئیس سے مگر تیرہ روپیہ چند آنے سالانہ سے زیادہ نہین اور جو کسب وعمل
کی طاقت نہ رکھتا ہو اوس سے کچھہ نہین ۱۲ اور جب تو قلعہ والے دشمنون کو
محاصرہ کرے اور وہ چاہین کہ تو اُنسے خدا اور رسول کا عہد کرے تو یہہ نکرنا
مگر اپنا قول اور اپنے لشکریون کا قول کر لینا کیونکہ اگر اپنی اور اپنے لشکریون کی
عہد شکنی ہو جائیگی تو خدا اور خدا کے رسول کی عہد شکنی سے گناہ مین کمتر
اور آسان تر ہے اور اگر وہ چاہین کہ تو اونکو خدا کے حکم پر اُتارے تو ایسا نکرنا
اپنے ہی حکم پر اُتارنا اسواسطے کہ تو اونکے مقدمہ مین خدا کی مرضی و نامرضی کو
نہ جان سکیگا یہہ جو تحریر ہوا لفظ بلفظ **حدیث مسلم** کا ترجمہ ہے کہ بریدہ
ابن حبیب سے مروی ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ **اسلام** کی یہہ
غرض نہی کہ کسیکو زبردستی مار مار کر مسلمان کرین اگر یہہ غرض اسلام کی ہوتی
تو اکثر یہود جو بلاد عرب مین بطور رعایا جزیہ قبول کر کے مسلمانون کے زیر
قناعت رہتے تھے مار مار کر مسلمان کر لیتے جیسا کہ یورپ کی شایستہ ترین سلطنت
روس نے یہود کی جان پر ظلم توڑ رکھا ہے العیاذ باللہ اور شاہان یورپ
مین سے کسیکے موہنہ مین زبان نہین ہے کہ ہمدردی کا اظہار کرکے اوسکا ہاتھہ
پکڑے اور سلطنت ترک کے مقابلہ مین ناشدہ باتوں پر اعتراض کرنے کو

طیار ہین ارباب عقل متفق الراے کہتے ہین کہ انصاف اگرچہ ہر فردبشر کے واسطے ہے
لیکن شاہان روے زمین سے بروز قیامت اول یہی سوال ہوگا خیر ہم اس
معاملہ مین صرف اتناہی کہتے ہین کہ مسلمانون پر یہہ اعتراض عیسائی پادریونکا
سراسر غلط ہے کہ مسلمانون نے اپنا مذہب بزور شمشیر پہلایا بلکہ مسلمانونکی
اخلاق وصداقت نے کفار کا دل کفر سے ناخوش کردیا اور وہ ایک سچے مذہب
کی سچائی کو دیکہکر مسلمان ہوگئے دیکہہ لو آج بہی پادری مشن کتنے روپیہ خرچ
کررہی ہے مگر کامیابی جو کچہہ ہوئی وہ معلوم ہے ہان اگر ہندوستانکا قحط سلامت
رہا تو دس بیس ہزار یتیم بچے عیسائی ہوکر مال غنیمت سمجہے جاینگے مگر عاقل
وبالغ آدمی کا نام تو عیسائیونکی فہرست مین نہ پہلے نظر آیا نہ اب آیندہ نظر آئے
اسلام کی **حقانیت** کا تو یہہ حال تہا کہ سیکڑون کافر صرف حضور پرنور
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا جمال جہان آرا دیکہکر اسلام لائے اور اپنی
خویش واقارب مال ودولت گہربار چہوڑکر خدمت بابرکت مین حاضر رہے
وطن کی محبت بہی بڑی سخت محبت ہے مگر وطن بہی چہوڑدیا بعض صحابہ کو تو
کفار نے گرفتار کرلیا اور بڑی بڑی ایذائین دین مگر اسلام سے منہ نہ موڑا اسلام
کی برکت سے اونکو ایسا روحی حظ حاصل ہوا کہ فاقون پر فاقے کئے پیٹ پر
پتہر باندہے مگر وہ قدم جو راہ خدا مین جما ہوا تہا اوسے لغزش نہوئی اور خود
حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو وہ وہ ایذائین دین کہ سننے
والیکا حال متغیر ہوجاے آخر کو آپنے مجبور ہوکر وطن چہوڑا اور مدینہ مین ہجرت
فرمائی مدینہ کے لوگون نے حق خدمت ورفاقت جیسا چاہیئے ویسا اداکیا
لہذا اللہ تعالی شانہ نے اونکو انصار کے لقب سے مشرف فرمایا جب مکہ
کے کفار نے یہان بہی چین سے نہ بیٹہنے دیا تو پروردگار تعالی شانہ نے

آپ کو مامور بالجہاد کیا اول مشرکین عرب سے مقابلہ کی نوبت آئی کسی جنگ مین تو حضرت خود تشریف لے گئے اور کسی جنگ مین کسی صحابی کو سرلشکر کرکے روانہ فرمایا **غزوات اور سرایا وغیرہ کی تفصیل** جس جنگ مین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خود بنفس نفیس شریک رہے اوسکا نام غزوہ ہے اور جسمین کوئی صحابی لشکر کے سردار ہوکر گئے اوسے سریہ اور بعث کہتے ہین اور قید عدد مین اختلاف ہے اور معتبر نہین مگر یہہ امر باعتبار اصطلاح ہوسکتا ہے وگرنہ از روے لغت عدد کا بہی اعتبار ہے جیساکہ قاموس مین ہے کہ سریہ پانچ نفر سے پانچسو تک کو کہتے ہین اور مجمع البحار مین چارسو تک بیان کیا ہے اور صاحب مواہب نے لکھا ہے کہ سریہ لشکر یعنے جیش کے ایک قطعہ کا نام ہے جو لشکر سے نکلے ایک سو سے پانچسو تک اور پانچسو سے زیادہ ہو تو اوسے میسرہ کہتے ہین اور اگر زیادہ ہوجاے اٹھہ سو سے تو اوسکا نام جیش ہے اور اگر چار ہزار سے زیادہ ہو تو وہ جحفل بتقدیم جیم بر حاے حطی بروزن جعفر کہا جاتا ہے اور جیش اوس لشکر عظیم کو کہا کرتے ہین جسمین پانچ تفریقین ہون مقدمہ وقلب ومیمنہ ومیسرہ وساقہ اور کتیبہ وہ لشکر ہے جو مجمع ہوا ومنتشر نہوا اور صاحب تفریح الاذکیا یہہ کہتے ہین کہ کبہی سریہ کا اطلاق اوسپر بہی ہوتا ہے جسمین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خود بنفس نفیس شریک رہے ہین جیساکہ مشکوٰۃ شریف مین بروایت احمد ابن اثامہ جہاد کے باب مین وارد ہے کہ مین نکلا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتہہ سریہ مین اور سریہ مشتق ہے شے سری سے یعنی نفیس اسلئے کہ اہل سریہ لشکر کے منتخب لوگ ہوتے تہے۔ سید جمال الدین محدث روضۃ الاحباب مین بیان فرماتے ہین کہ مجموع غزوات جسمین حضور پرنور بنفس نفیس شریک رہے ہین بعض اہل سیر کے

نزدیک اکیس[۲۱] اور بقولے چوبیس[۲۴] اور بقول صاحب مواہب لدنیہ ستائیس[۲۷]
ہین اور صحیح بخاری سے بروایت زید ابن ارقم انئیس ہی معلوم ہوتے ہین اور
سرایا و بعوث پنجاہ و شش کم یا بیش اور بقولے چہل و ہفت اور صاحب تفریح
الاذکیا تحریر فرماتے ہین کہ ملاحظہ کتب سیر و احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سرایا
اور بعوث کا حصر نہین ہے چنانچہ وہ کہتے ہین کہ مین اپنی کتاب مین ساٹھہ بعث
اور اٹھائیس غزوات لکھونگا انشا اللہ تعالی **واضح ہو** کہ نصف آخر سال اول
یا اول سال دوم ہجرت مین حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو
خبر پہونچی کہ قریش اور قبیلہ بنی حمزہ مقام ابوا مین جمع ہوے ہین اور ارادہ رکھتے
ہین کہ مسلمانون کو ایذا پہونچائین لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم
نے سعد ابن عبادہ کو مدینہ باسکینہ مین خلیفہ فرمایا اور بذات خاص باجماعہ صحابہ
رضوان اللہ علیہم موضع ابوا مین کہ مدینہ منورہ کے اطراف مین واقع ہی تشریف
لیگئے تو مخشی ابن عمرو ضمیری نے ہیبت و جلالت حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ
و اصحابہ وسلم مشاہدہ کر کے بمقتضاے وقت صلح کی استدعا کی حضور پرنور نے
صلح منظور فرمائی اور مدینہ منورہ مین واپس تشریف لائے اور نوبت قتال و
جدال کی نہ پہونچی اسی غزوہ کو **غزوہ ودان** کہتے ہین اسواسطے کہ ابوا اور
ودان قریب قریب واقع ہین **محمد ابن اسحاق رحمتہ اللہ علیہ** اس
غزوہ کو غزوہ اولی اور بواط کو غزوہ ثانیہ اور عُسیرہ کو غزوہ ثالثہ کہتے ہین اور
حافظ ابن حجر رحمتہ اللہ علیہ نے اسی قول کو ترجیح دی ہے حاصل کلام اس واقعہ
کے بعد ماہ ربیع الاول مین حضور پرنور صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو معلوم
ہوا کہ ایک جماعت کفار قریش کی مکہ معظمہ سے مسلح ہو کر نکلی ہے اور عکرمہ ابن
ابی جہل یا ابوسفیان ابن حرب یا مکرز ابن حفص اس جماعت کا سردار ہے

حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہہ خیال فرمایا کہ ایسا نہو کہ مدینے
مین غفلت پڑے اور کفار فرصت وقت پاکر اہل اسلام پر دست اندازی کرین
یا کسی طرح کا گزند پہونچائین لہذا عبیدہ ابن الحارث ابن المطلب ابن عبد
مناف کو سردار کیا اور ساٹہہ یا اسّی مہاجرین کے ساتہہ کہ اونمین کوئی انصار
نتہا روانہ فرمایا اور ایک نشان سفید بہی طیار فرماکر عنایت کیا چنانچہ کفار
نگونسار سے زمین حجاز مین مقابلہ ہوا پر نوبت مقاتلہ کی نہین پہونچی مگر سعد
ابن ابی وقاص رضی اللہ تعالے عنہ نے ایک تیر جانب کفار چلایا یہہ پہلا
تیر تہا کہ اہل اسلام نے کفار قریش پر چلایا تہا الغرض جماعت کفار نگونسار
بلقدر دو سو سوارون کی تعداد سے ہیبت وجلالت شان اسلام دیکہہ کر راہ گریز
اختیار کی اہل اسلام نے بہی اونکا تعاقب نہین کیا فائدہ اس سریہ کا یہہ ہوا
کہ مستضعفین مکے سے دو شخص ایک مقداد ابن اسود عمرو البہرانی اور دوسرے
عتبہ ابن غزوان المازنی کہ برسم تجارت مکے سے نکلے تہے فرصت وقت
غنیمت جانکر لشکر اسلام مین آکر ملگئے بعض کہتے ہین یہہ سریہ اوسوقت ہوا
ہے کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے غزوہ ابوا سے مراجعت
فرمائی ہے اور ہنوز مدینہ باسکینہ مین داخل نہوے تہے اور بعضے کہتے ہین کہ
قبل غزوہ ابوا واقع ہوئی بالجملہ عبیدہ ابن حارث ہنوز مدینہ مین نہ آئے تہے
کہ دفعتاً یہہ خبر آئی کہ ابوسفیان با جماعہ قریش شام سے پلٹا ہوا مکہ کو جاتا ہے
تو مسلمانون نے اپنی پہلی ایذائین یاد کین جو قریش نے دی تہین اور بدلہ لینے
پر مستعد ہوگئے اسوقت حضرت رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے حمزہ ابن عبد المطلب رضی اللہ تعالی عنہ کو جانب سیف البحر کہ ناحیۂ عیص
مین واقع ہے سردار کرکے روانہ فرمایا اور تیس نفر مہاجرین اونکے ہمراہ کئے

اور ایک نشان سفید آراستہ فرما کر ابو مرثد غنوی کو عنایت فرمایا۔ ابو جہل کہ جماعہ کفار مین تہا اور تین سو۳۰۰ سوار اوسکے ساتہہ تہے ساحل دریا پر ملاقی ہوا اہل اسلام باوصف قلت جماعت مدد خدا پر توکل کرکے جدال و قتال پر مستعد ہوگئے مُجدی ابن عمرو جہنی کہ حلیف فریقین تہا درمیان مین آگیا اور باخودہا صلح کرادی کہ نوبت جدال و قتال کی نہ پہونچی حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پلٹ کر مدینہ طیبہ کو چلے آئے اور کفار قریش مکہ کو چلے گئے۔ پہر سعد ابن ابی وقاص کو آٹہہ یا بیس نفر مہاجرین کے ساتہہ قریش کے دوسرے کاروان پر بہیجا اور علم مقداد ابن اسود کو عطا ہوا اور ارشاد ہوا کہ موضع خرّار تک جانا یہہ جماعت وہان تک گئی تو مگر قافلہ آگے جاچکا تہا پہر آخر ماہ ربیع الاول مین **غزوہ بواط** ہوا اور سبب یہہ ہوا کہ امیہ ابن خلف جمجی دو ہزار یا پانسو۵۰۰ اونٹ لئے جاتا تہا آپ کو اندیشہ ہوا تو سائب ابن عثمان ابن مظعون کو خلیفہ کیا اور سعد ابن ابی وقاص کو علمدار کیا اور خود بنفس نفیس معہ دو سو صحابی حضور پرنور روانہ ہوئے اور موضع بواط مین کہ ناحیہ رضوی ہے اور مدینہ طیبہ سے تین منزل ہے پہونچے مگر ملاقات نہوئی لہذا حضور پرنور اسی مقام سے بے جدال و قتال مدینہ منورہ مین واپس تشریف لائے اور بقیہ ایام ماہ ربیع الثانی اور جمادی الاول تہوڑے دنون تک مدینہ منورہ مین رونق افروز رہے پہر خبر پہونچی کہ ابو سفیان تیس اونٹ غلہ کے لئے ہوے مع جماعت کثیرہ قریش برسم تجارت شام کیطرف جاتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حمزہ ابن مطلب کو علمدار کیا اور ابو سلمہ مخزومی کو خلیفہ کیا اور دو سو۲۰۰ اصحاب اور بیس۲۰ اونٹ ساتہہ لئے اور موضع عشیرہ تک کہ اسے دار العشیرہ بہی کہتے ہین اور متعلقات بنی مدلج سے ہے اور مدینہ سے اٹہارہ فرسخ ہے تشریف لے گئے وہان دریافت ہوا کہ قافلہ نکل گیا حضور نے وہان

کئی دن توقف فرمایا اور بنی مدلج اور بنی حمزہ سے معاہدہ فرماکر مدینہ مین تشریف
فرما ہوے **فائدہ** صحیح بخاری مین زید ابن ارقم سے روایت ہے کہ اول غزوہ
عشیرہ واقع ہوا ہے اگرچہ یہہ سخن خلاف مشہور ہے لیکن طریق جمع یہہ ہے کہ اول
غزوہ جسمین زید ابن ارقم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتھہ تھے
یہی تہا پھر خبر پہونچی کہ کرز ابن جابر فہری نے اونٹ حضور پرنور کے نواحی مدینہ
سے ازراہ بغض وعداوت نکال دیئے اگرچہ اوسکا ارادہ تہا کہ ساربانون سے
چھین لے مگر اور لوگون نے ساتھہ ندیا اوس مردود نے وہان اون اونٹون کو
چرنے ندیا لہذا حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے زید ابن
حارثہ کو مدینہ کا خلیفہ مقرر کیا اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو علمدار کیا اور
خود موضع صفوان تک کہ ناحیۂ بدر مین واقع ہے کچہہ لوگ اپنے اصحاب سے
ہمراہ لیکر تشریف لے گئے معلوم ہوا کہ کرز ابن جابر فہری بہاگ گیا لہذا حضور
پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وہان سے واپس تشریف لاے اگرچہ مال
ومتاع از قسم شیر وغیرہ وادی مین اوس موذی کا بہت کچہہ تہا اہل اسلام چاہتے
توسب لوٹ لیتے مگر منشار غزوہ یہہ نہتا اسی غزوہ کو بدر اولی اور صغری کہتی ہین
اور اوس شخص کا نام تہا جسنے اوس سرزمین مین کنوان بنایا تہا اوسی کے نام سے
یہہ موضع مشہور ہوگیا بعد اسکے جمادی الثانی مین عبد اللہ ابن جحش اسدی کو
کہ حضور عالی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پہوپی زاد بہائی تھے بارہ یا
آٹہہ نفر اصحاب کے ساتھہ جسمین سعد ابن عتبہ ابن ابی وقاص اور عکاسہ ابن
محصن اسدی اور عتبہ ابن غزوان اور ابوحذیفہ ابن عتبہ ابن ربیعہ اور عامر ابن
ربیعہ اور سہیل ابن بیضا اور واقد ابن عبد اللہ تمیمی اور خالد ابن بکر بہی تھے
بطن نخلہ کیجانب امیر المومنین کا لقب عنایت کر کے روانہ فرمایا اور ایک فرمان عنایت

کیا اور تاکید فرمائی کہ اسے دو دن بعد کھولنا اور اوسپر عمل کرنا چنانچہ عبد اللہ
روانہ ہوے اور دو دن کے بعد فرمان شریف کو کھول کر پڑہا تو اوسمین تحریر تہا کہ
بطن نخلہ مین باین طائف اور مکہ اوترنا اور کاروان کے انتظار مین ٹہرجانا اور
کسی آدمی کو جبر و اکراہ سے اپنے ساتھہ نہ لیجانا اس سے صاف ثابت ہے کہ
صرف خبر لانے کو بہیجا تہا نہ کہ لڑنیکی غرض سے عبد اللہ بطن نخلہ مین پہونچے
اور سعد ابن ابی وقاص اور عتبہ ابن غزوان کے پاس ایک اونٹ تہا جسپر
دونون نوبت بنوبت سوار ہوتے تہے وہ گم ہوگیا تو یہہ دونون عبد اللہ سے
اجازت لیکر اوسے تلاش کرنے چلے گئے اور دفعتہً قافلہ قریش طایف سے
مویز طایفی وغیرہ لیکر وارد ہوا اور اوس قافلے مین عمرو ابن الحضرمی اور حکم
ابن کیسان اور عثمان ابن عبد اللہ ابن مغیرہ اور نوفل ابن عبد اللہ مخزومی
بہی تہے ان لوگون نے اہل اسلام کو دیکہکر جانا کہ عمرے کے واسطے یہان
ٹہرے ہوے ہین لہذا اطمینان سے اونٹ اپنے جنگل مین چھوڑ دئے اور
کہانا پکانے مین مصروف ہوے تو مسلمانون نے قافلہ پر ریزش کی اور واقد
ابن عبد اللہ نے عمرو ابن الحضرمی کو تیر سے مارا اور حکم اور عثمان کو قید کرلیا اور
نوفل بہاگ گیا اور سارا سامان اونکا لے لیا یہہ اول قتل اور اول غنیمت اور
گرفتاری مشرکون کی ہے اور یوم واقعہ تاریخ اول رجب ہے اور مسلمانون نے
سلخ جمادی الثانی سمجھی تہی یعنی یہہ معاملہ نادانستگی مین واقع ہوا نہ بقصد
جب مدینہ مین لوٹ کر آئے تو مشرکون نے مکہ مین مسلمانون کو طعنے دئے کہ محمدؐ
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ماہ حرام بہی حلال کردیا حضور نے اس
واقعہ سے عبد اللہ پر عتاب فرمایا اور تقسیم غنیمت مین بہی تامل ہوا اور اسیرونکے
حق مین کچہہ حکم نہ دیا غریب اصحاب سریہ سخت پریشان ہوے لہذا پروردگار

تعالی شانہ نے انکی تشفی فرمادی اور یہہ آیت نازل فرمائی یسئلونک عن الشہر الحرام قتال فیہ قل قتال فیہ کبیر حاصل اسکا یہہ ہے کہ ان مہینون مین ناحق کی لڑائی اشد گناہ ہے اور جن کافرون نے مسلمانون کو ایذا دین دین اور جنگ کی اونسے لڑنا منع نہین ہے اوسوقت عبد اللہ اور اونکے ہمراہی خوش ہوے پہر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مال غنیمت تقسیم فرمایا اور خمس بہی مقبول ہوا اور اہل مکہ نے دونون قیدیونکے واسطے فدیہ بہیجا حضور پرنور نے فرمایا کہ جب تک سعد اور عتبہ خود نہ آئینگے فدیہ منظور نہوگا آخر وہ دونون حاضر ہوے تو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حکم کو دعوت اسلام فرمائی وہ ایمان لایا اور بروز بیر معونہ شہید ہوا اور عثمان حالت کفر مین جانب مکہ معظمہ روانہ ہوا اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکا فدیہ قبول فرمایا پہر وہ بے ایمان مرا یہہ واقعہ کتب سیر وتاریخ مین مختلف طرق پر بیان ہوا ہے **فائدہ** اس سریہ مین جو عبد اللہ ابن حجش **امیر المومنین** کہلاتے تہے اور مشہور یہہ ہے کہ اول یہہ خطاب حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے پایا ہے اوس سے مراد یہہ ہے کہ خلفا مین اول یہہ خطاب حضرت عمر ہی کو ملا ہے۔ **اسی سال** کے رجب مین اور دوسرے قول کے موافق رمضان مین **حضرت سیدة النسا خاتون قیامت فاطمہ علیہا السلام کا نکاح حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے** ہوا اوسوقت عمر شریف حضرت خاتون قیامت رضی اللہ عنہا کی سولہ برس کی تہی اور ایک روایت کے موافق اٹہارہ برس کی تہی اور حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی عمر مبارک اکیس ۲۱ برس پانچ مہینے کی تہی انشاء اللہ تعالی مفصل حال حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا کا ذکر اولاد

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین کیا جائیگا اسی سال کے
نصف شعبان مین اور بقول صحیح نصف رجب روز دوشنبہ حضور پرنور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مسماۃ اُم بشر کے گھر کہ منازل بنی سلمہ مین واقع تھا تشریف
فرما ہوے اوسنے آپ کے واسطے کھانا پکایا ہنوز خاصہ تناول فرمانے کی نوبت
نہ پہونچی تھی کہ نماز ظہر کا وقت آگیا تو حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
بنی سلمہ کے لوگون کی مسجد مین اپنے یارونکے ساتھہ نماز مین مشغول ہوے ایک
رکعت پڑھ چکے تھے دوسری رکعت کے رکوع مین تھے کہ حکم تحویل قبلہ
بیت الحرام کیطرف ہوا اور یہہ آیت نازل ہوئی قد نرٰی تقلب
وجهك فی السمآء فلنولینك قبلة ترضٰها فول وجهك شطر المسجد
الحرام ترجمہ ہم دیکھتے ہین بار بار تیرے مونہہ کا پھر جانا آسمانکی طرف تو بیشک
پھیرینگے ہم تجھکو جس قبلہ کیطرف تو راضی ہے اب پھیر تو مُنہ اپنا مسجد حرام کیطرف
حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوسیوقت نماز کی حالت مین کعبہ شریف
کیطرف پھر گئے اور سب مقتدی بھی پھر پھر پڑے کہ مرد عورتونکے مقام پر ہوے
اور عورتین مردونکی جگہہ ہوگئین اور بقیہ نماز ظہر اوسی طرف ادا فرمائی اس مسجد کا نام
جامع القبلتین ہوا اور اہل قبا کو نماز صبح کے وقت خبر ہوئی وہ بھی
جس حال مین تھے جانب کعبہ پھر گئے بعد اوسکے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم قبا مین تشریف لے گئے اور دیوار مسجد متغیر فرمائی اور قبلہ اوسکا کعبہ
کی سمت درست فرمایا اور اپنے دست مبارک سے اوسکی بنیاد ڈالی اسی مقام
سے شافعیہ نے یہہ مسئلہ نکالا ہے کہ ایک نماز جہات متعددہ مین بالاجتہاد
درست ہے اور یہہ تحویل قبلہ ہجرت سے سترہ مہینے کے بعد ہوئی ہے اسکے
بعد صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم لوگ تو زندہ ہین اون نمازون کی قضا

جانب کعبہ کر سکتے ہین اون لوگون کا کیا حال ہوگا جو انتقال کر گئے ہین حضور پر نور
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے مردے اور زندے
اون نمازون مین جو بیت المقدس کیجانب پڑہ چکے ہین مُثاب ہین ارشاد ہوا وما
کان اللّٰہ لیضیع ایمانکم کیونکہ حکم منسوخ اپنے وقت مین حق تہا جسطرح حکم
ناسخ اپنے وقت مین حق ہے اور حقیقت یہہ ہے کہ ترتب ثواب ایمان پر ہے
کہ صورت عمل مین ظاہر ہوتا ہے نہ صرف صورت عمل پر اور اوسوقت حکم استقبال
بیت المقدس ہی بمقتضاے ایمان تہا اور اب استقبال کعبہ اور بعض ضعیف
العقاید مسلمان یہود کے بہکانے سے شبہ مین پڑ گئے کہ بیت المقدس سب
پیغمبرون کا قبلہ تہا اور حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بہی سوا برس
اوسی طرف نماز پڑہی اب کیا باعث ہوا جو اوسکو ترک کیا کیا وہ گمراہی تہی مگر پروردگار
تعالیٰ شانہ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پہلے ہی سے مطلع
فرمادیا تہا کہ سیقول السفہاء من النّاس ما ولّھم عن قبلتھم التی
کانوا علیھا ترجمہ یعنی بیوقوف لوگ کہینگے کہ کس سبب سے پہر گئے مسلمان
اپنے قبلہ سے جسپر یہہ تہے اوسکا جواب پروردگار تعالیٰ شانہ خود دیتا ہے۔
للّٰہ المشرق والمغرب یعنی اللہ ہی کا پورب ہے اور اللہ ہی کا پچہم ہے
وہ جسطرف چاہے اپنے بندونکو جہکادے رسول صلعم تو اللہ کے فرمانبردار بندے
ہین اونکو تو حکم بجالانے سے مطلب ہے مالک سے سبب پوچہنے کی ضرورت
اور مالک بہی کون جو تمام جہان کا خالق خواجہ میر درد رحمۃ اللہ علیہ فرماتی ہین۔
ہم جانتے نہین ہین ای درد کیا ہی کعبہ — جیدہر بہرین وہ ابرو ادہر نماز کرنا
اور کفار عرب یہہ کہتے تہے کہ یہہ قبلہ ہے انبیا کا تو کیا اونکو یہہ بات نہین
معلوم تہی کہ بیت المقدس تعمیر حضرت سلیمان علیہ السلام سے ہے اور کعبہ تعمیر حضرت

ابراہیم علیہ السلام سے ہے دوسری بات یہہ ہے دنیا مین بہی ایک مقام تو ہے
جو اللہ کا گہر بننے کی عزت پا چکا تہا یعنی وہی مقام آدم علیہ السلام کے لئے مسجد بنا
تہا پہر طوفان نوح علیہ السلام کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بتایا گیا اور
حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمعیل علیہما السلام نے ملکر اللہ کا گہر فرشتونکی مدد
سے تیار کیا بیت المقدس کے معمار اگر دیوزادہین تو اسکے معمار پیغمبر اور اللہ کے
فرشتے ہین پہر کفار عرب کو تعجب کیون ہوا کہ کعبہ قبلہ کس سبب سے قرار پایا ان
سب وجہون پر غالب اللہ کا حکم ہے پہر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے فرمایا انما الھدیٰ ما امر اللہ بہ والضلالۃ ما نھی عنہ یعنی ہدایت
وہ ہے کہ جو اللہ کا حکم ہو اور ضلالت وہ ہے کہ جو اللہ کی مرضی کے خلاف کام
کیا جاے کفار قریش بولے کہ قبلہ سابق سے کیون پہرے آیا اوسمین کچہہ نقصان
تہا اور اس نئے قبلہ مین کچہہ اوس سے زیادہ بزرگی ظاہر ہوئی اگر یہہ بات تہی
تو پہلے ہی سے اس قبلہ کو اختیار کیا ہوتا یہہ تو نا عاقبت اندیشی تہی اور اگر یہود
کے تعصب سے قبلہ سابق کو ترک کیا یا اہل مکہ کی محبت سے اوسے قبلہ بنایا ہی
تو تعصب وجانبداری مقدمات دین مین نہین چاہیئے جب حضور پر نور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے گوش مبارک تک یہہ سخنان ناموزون پہونچے تو حضور
والا نے ارشاد فرمایا کہ یہہ باتین اس امر کا سبب نہین ہوئی ہین ہمارا مذہب تو
فرمانبرداری مالک الملک جل جلالہ وتعالیٰ شانہ ہے اس قبلہ کے اختیار کرنیسے
اوس قبلہ کی بزرگی تو ہمارے دل سے گئی نہین جتنی تہی اوتنی ہی موجود ہے پہر
تعصب کہان باقی رہا ہم جسکے بندے ہین جب تک اوسنے ہمین اودہر جہکایا اودہر
جہکے رہے اب اوسنے ادہر کا حکم کیا ہم در و دیوار کو سجدہ نہین کرتے ہمارا مسجود تو
وہ مالک ہے اوسکے حکم پر ہمارا سجدہ ہے وہ ذات پاک کسی جہت اور مکان کی

محتاج نہین فاینما تولوا فثم وجہ اللہ حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسکی وجہہ پوچہنی دلیل سفاہت ہے جب بیت المقدس قبلہ مقرر کیا گیا تہا تو کسی نے اوسوقت کے نبی سے پوچہا تہا کہ خاص اسی سمت کے قبلہ مقرر ہونیکی کیا وجہہ ہے اور سمتون سے اس سمت مین کیا بزرگی ہے جو جواب اونکا ہوگا وہی جواب ہمارا ہے اور یہہ امور اسراری ہین تم اتنا ہی سمجہ لو کہ خداوند تعالے شانہ نے تمکو ایک سمت بتادی تاکہ سبکی ہمت مجتمع ہو کر ایک ہی مالک کی طرف متوجہ ہو اور اتحاد دل سب کا ایک ہو اور اگر ایسا نہوتا تو دس بیس تو مشرق کیطرف جہکے پڑے ہوتے اور دس بیس مغرب کیطرف کچہہ لوگ شمال کیطرف سجدہ مین ہوتے اور کچہہ لوگ جنوب کیطرف یکتائی اور یکجہتی کا لطف باقی نرہتا اللہ تعالے شانہ کی مخلوق مخلوق ہونیکی حیثیت سے سب برابر ہین اور سب کو اپنی اپنی ترقی کرنیکا خیال ہے اس نئے قبلہ کو بہی تمنا ہوئی ہوگی کہ مین بہی ترقی کرون اور وہ اللہ کا گہر پہلے ہی سے قرار پاچکا تہا اوسکی التجا قبول ہوئی اسمین قباحت کیا لازم آئی مین عرض کرتا ہون کہ کیا عجب ہے کہ اس دنیا کے فنا ہونیکے بعد اگر پہر کوئی نئی دنیا قائم ہوئی تو اور بقیہ سمتونکی بہی آرزو پوری ہوجاے اور کعبہ کے اندر داخل ہونیکے بعد تو اسی دنیا مین چارون سمتونکی امیدین پوری ہوجاتی ہین اور یون بہی جو کعبہ سے پورب ہین وہ مغرب کیطرف سجدہ کرتے ہین اور جو کعبہ سے پچہم بستے ہین وہ پورب کو سجدہ کرتے ہین چنانچہ مدینہ طیبہ مین دکن کیطرف سجدہ ہوتا ہے خاص بیت اللہ کے صحن مین گول دایرہ مین جماعت ہوتی ہے یہہ سب جہگڑے قریش کے کفار کے بد باطنی کے سبب سے تہے بنظر اختصار اسقدر بیان ہوا ہے اس سے بہت زیادہ اور مقدس مصنفین نے اپنی اپنی کتابون مین بیان کیا ہے شایقین کتب سیر مین ملاحظہ فرمائین مگر یہان ایک مختصر سی تقریر عوام الناس کے ملاحظہ کے لئے لکہے

دیتا ہون ملاحظہ فرمائین۔ تحویل قبلہ کی حقیقت بطور اختصار
حقیقت اس تبدیل و تحویل کی اول یہہ ہوئی تہی کہ اکثر توابع حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے قریشی نژاد تہے اور پشت ہاپشت سے وہ لوگ تعظیم کعبہ شریف کے خوگر ہو رہے تہے اور اوسی بقعہ متبرکہ کو قبلہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جانتے تہے اور اوسکی مجاورت کو اپنا فخر سمجھتے تہے بلکہ تمام عرب کے لوگ جو غیر قریشی تہے وہ بہی کعبہ کی عظمت اور اعتقاد مین کسیطرح قریش سے کم نتہے اور اس مکان کی تعظیم مین جان و دل سے مصروف تہے پس ترک استقبال اس مکان کا اور امر استقبال بیت اللہ شریف کا گویا امتحان تہا تاکہ مخلصین اون لوگون سے جو متردد دین ہین علٰحدہ ہو جائین ہرچند علم الٰہی تو ازل سے جمیع وقائع کلیہ وجزیہ کا محیط ہے حاجتِ امتحان مخلوق کے لئے تہی جیسے ملایکہ وغیرہ کہ کارخانہ عالم اونسے متعلق کیا گیا ہے وہ اس ظہور اور امتیاز کے محتاج تہے تاکہ بحسب مرتبہ ایمان اور درجہ امتحان ہر آدمی کو سمجھین اور اوسکے ساتھہ اوسکے حال کے مناسب معاملہ کیا کرین حاصل کلام یہہ ہے تحویل قبلہ بحکم حق واقع ہے اور مالک الملک سے مخلوق کو ذرا ذرا باتا مین سبب کا دریافت کرنا آداب بندگی سے بہت دور ہے تم مالک کے بندے ہو تمکو اوسکے حکم مین کیا دخل ہے کیا تم یہہ چاہتے ہو آسمان و زمین چاند سورج ہزارون کرورون تارونکا پیدا کرنے والا ذرا ذرا سی بات مین تم سے مشورہ لیا کرے اور تمام دنیا کے اسرار تمپر کہولدے تم بندے ہو یا اوسکے شریک دسہیم ہو اگر بندہ بنکر رہنا ہے تو رہو نہین تو اپنا چلتا دہندا کرو جب بادشاہ کوئی حکم اپنے وزیر کے معرفت جاری کرتا ہے تو کیا رعیت اوسسے ہر حکم کو پوچھا کرتی ہے دنیا کے بادشاہون کے ہزارون احکام ایسے جاری ہوتے ہین کہ رعایا پر اونکی وجہہ مخفی رکہنی ضرور ہے جو وزرائے سلطنت تمہارے سوال کرنے سے پہلے تمہین کسی

حکم کے جاری ہونیکی وجہہ بتادین تم سُن لو اور اوسپر عمل کرو اور اگر وہ کچھہ نہ بتاین تو سکوت کرو اور سمجھہ لو کہ اس حکم کیو جہہ دریافت کرنا تمھارے حال کے مناسب نہین ہے ٥

بدرد وصاف ترا حکم نیست دم درکش	هرانچہ ساقی ما ریخت عین الطاف است

محمد اکبر سُن اور سمجھہ اگر تجھکو اللہ تعالیٰ شانہ کے ملک مین اہل نجات کی طرح زندگی کرنا منظور ہے تو ان آنکھون سے اوسکی **قدرت کاملا حظہ** کر اگر اوسکی صنعت بقدر طاقت و استعداد بشری تیری سمجھہ مین آجاے تو اوس سے لطف اُٹھا اور عشاق خدا کی طرحسے بے اختیار ہو کر اوسکی طرف دوڑجا اور اگر فہم اور قوت درک قصور کرے تو اوسی عالم الغیب کے حضور مین سر بسجدہ ہو کر بزبان بیزبانی عرض کر اور سجدہ مین پڑا رہ اگر تیرے حال کے مناسب ہوگا تو تیری عقل روشن کردیجائیگی اور اگر تیرے حال کے مناسب نہین ہے تو **شکر گذاری** کے ساتھہ سر کو اوٹھالے کوئی بندہ کسی امر مین مالک پر جبر نہین کرتا اے محمد اکبر اگر تو بادشاہ ملک دل بنا چاہتا ہے تو کم سے کم ایاز کی استعداد تو پیدا کرلے پہر تو محمود کے لئے ہے اور محمود تیرے لئے ہے ٥

عشق است کہ ہم بندۂ وہم بندہ نواز است	این حاصل افسانہ محمود و ایاز است

جو شخص بادشاہ ہونیکی تمنا مین ہے وہ پہلے آداب غلامی سے آراستہ و پیراستہ ہو اگر مالک نے اوسکی بندگی پسند فرمائی تو اوسے ہر ذرۂ کائنات بادشاہ ہونیکی مبارکباد دینے لگتا ہے یہانتک کہ ان خطابات بیحد و نہایت کے نشہ مین سرشار ہو کر اسکی روح پکارنے لگتی ہے کیا پکارنے لگتی ہے **بندگان فرمان بردار سنین اور اپنے مقام سے ترقی کرکے**

آگے بڑہین اور بڑہتے جائین جہانتک بڑہ سکین

مگر مین اپنی ہی زبان مین نغمہ سنجی کرونگا سننے والے چاہے جو مطلب لگائین (میری نغمہ سنجی) قال اللہ تعالی شانہ مین کچہہ نہین کہتا میرا خالق میرا مالک فرماتا ہے مگر اسوقت میری زبان کہہ رہی ہے اور وہی کہہ رہی ہے جو اوسنے فرمایا ہے آیت اللہ۔ کلام اللہ رسول کا فرمایا ہوا رسول کا لایا ہوا رسول کا پہنچایا ہوا برادران طریقت سُنو اور سمجہو اور اپنے قبلہ کیطرف سجدہ کرو اننی انا اللہ لا الہ الا انا فاعبدنی واقم الصلواۃ لذکری

رسول وہ ہی جو اکبر ہمین خدا نے دیا	خدا وہی ہے بتایا رسول نے جسکو

اے اکبر پہلے قیس ہو کر اپنی معرفت حاصل کر غایت مقصد تیرا لیلی بننا ہی لہذا عشق کے زینہ پر قدم رکہہ اوسوقت مجنون ہوجائیگا یہانتک کہ تو اوس بام بلند کے سب زینے طے کرلیگا اور بام کے صحن مین خرام ناز کہنے لگیگا اوس بام پر ایک آئینہ خانہ ہے جسے خلوت محبوب کہتے ہین خلوت محبوب کے یہہ معنی نہین ہین کہ کسی محبوب نازنین کے آرام کرنیکی خلوت بلکہ محبوب بننے کا مقام جو اوسمین داخل ہوا محبوب بنگیا فقیر مولف کے موزون الفاظ۔ ؎

یعنی کل مجنون تہا مین اور آج لیلی ہوگیا	دیکہہ کر آئینہ سجدے شکر کی کرتا ہی قیس

دیگر

حسن این قصۂ عشق است در دفتر نمیگنجد	قلم بشکن سیاہی ریز کاغذ سوز دم درکش

فائدہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بحکم الہی جانب کعبہ پہرے تو حجاب ناسوتی آپ کی نظر مبارک کے سامنے سے دور کردئے اور میزاب رحمت آپکو بے حجاب نظر آگیا اور سمت کعبہ درست ہوگئی۔ اسی سال کے شعبان

مین روزے ماہ رمضان کے فرض ہوے اور سورۂ بقر کی یہہ آیت نازل ہوئی یا
ایہا الذین امنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم
تتقون ایاما معدودات ترجمہ اے ایمان والو حکم ہوا تمپر روزے کا جیسے
حکم ہوا تہا تم سے اگلونپر شاید تم پرہیزگار ہوجاو گنی دن ہین گنتی کے تفصیل اس
اجمال کی یہہ ہے کہ اے ایمان والو مقتضاے ایمان یہہ ہے کہ اپنے نفس کے
مارنے مین کوشش کرو اور روح کے زندہ رکہنے کا طریقہ اختیار کرو کیونکہ
نفس سخت موذی ہے اور روح بیگناہ ہے راہ دین کے موذی کو مارنا اور بیگناہ
کی زندگی مین سعی کرنا بہت بڑی نیکی یہہ ہے اور ترکیب قتل نفس کی یہہ ہے کہ
یہہ کہانے پینے اور صحبتِ نساء سے روکا جاے دن کے وقت اور رات کا
آخر حصہ عبادات مین بسر کیا جاے اور مسائل صوم فقہ کی کتابون مین موجود ہین
شایقین اونمین ملاحظہ فرمائین۔

اسی سال دوم ہجری مین روز جمعہ یا دوشنبہ ۱۷ ار رمضان کو غزوہ بدر کبریٰ واقع ہوا

سببِ وقوع اس واقعہ کا اہل سیر یون بیان فرماتے ہین کہ پہلی بار مدینہ منورہ
مین خبر پہونچی کہ ابوسفیان ابن صخر اور عمرو عاص مخرمہ ابن نوفل چالیس ۴۰ آدمیونکی
جماعت سے تجارت کی غرض سے شام کو جاتے ہین لہذا خود حضور پرنور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بنفس نفیس موضع عشیرہ تک تشریف لے گئے لیکن اون
لوگون کا مقابلہ نہوا وہ آگے جاچکے تہے لیکن جب وہ جماعت شام سے واپس
ہوئی تو حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو یہہ خبر ہوئی کہ وہ جماعت آتی
ہے آپ نے طلحہ ابن عبید اللہ اور سعید ابن زید قریشی عدوی کو بطور جاسوس

مقرر کرکے روانہ فرمایا تاکہ قافلے کا حال دریافت کرکے خبر کرین یہہ دونون
موضع خیار مین کہ اراضی حوراءمین واقع ہے کشدہ جہنی کے گہر مین پوشیدہ ہورہے
اور یہہ خبر ابوسفیان کو بہی پہونچی اوسنے ضمضم ابن غفاری کو اجرت دیکر مشرکین مکہ
سے کہلا بہیجا کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس قافلہ کی واپسی کے منتظر
ہین مالکان اسباب تجارت یہان آئین اور اپنے مال کی حفاظت کرین نہین تو
بڑا نقصان اوٹہانا پڑیگا الغرض قافلہ موضع خیار مین آکر گذر گیا اور طلحہ اور سعید
راتون رات چلکر مدینہ طیبہ مین داخل ہوے یہان آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم اون دونونکی روانگی کے دس روز بعد واپسی قافلہ کی خبر پاکر مدینہ
سے تشریف لیجاچکے تہے اور حال یہہ ہوا کہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے عبداللہ ابن مکتوم کو مدینہ مین خلیفہ کیا اور تاریخ دوازدہم یا ہشتم رمضان
شریف چاہ ابوعقبہ پر کہ مدینہ سے ایک میل کے فاصلہ پر واقع ہے خیمہ ڈالا اور
عبداللہ ابن عمر وزید ابن ثابت اور برار ابن عازب وغیرہ اصحابون کو بسبب
خوردسالی کے واپس فرمایا او حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالی عنہ کو
بعذر علالت اونکی زوجہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے
پاس حضور نے مدینہ مین چہوڑ دیا اور دو مہاجر اور پانچ انصار وہ بہی کسی عذر کے
سبب سے حسب الحکم حضور مدینہ مین رہے اور طلحہ ابن عبداللہ وسعید ابن
زید جاسوسی کے واسطے شام کیطرف گئے تہے اور عاصم عجلانی کو اہل عالیہ پر خلیفہ
فرمایا اور ابولبابہ کو موضع روحا سے بجاے عبداللہ ابن ام مکتوم خلیفہ مدینہ کیا
اور اونکو یعنی عبداللہ ابن ام مکتوم کو امام مسجد مقرر فرمایا اور اس مقام سے حارث
ابن حاطب کو عمر ابن عوف کی مہم پر بہیجا تہا اور عازب ابن الصمہ اور خوات ابن
جبیر راہ مین گر پڑے اور بہت چوٹ لگی کہ وہ راہ سے واپس گئے روایت ہے

کہ لشکر حضرت سید البشر صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین ستر یا اسی اونٹ
اور دو یا تین گھوڑے تھے ایک گھوڑا مقداد ابن عمر وکندی کا بلا اختلاف اور دوسرا
ابی مرثد غنوی کا اور تیسرا زبیر کا اور چھہ زرہین اور آٹھہ تلوارین اور دو دو تین تین
آدمیونمین ایک ایک اونٹ کہ نوبت بنوبت سوار ہوتے تھے اور حضرت کے شریک
حضرت علی رضی اللہ عنہ ہوتے تھے اور زید ابن حارث اور جب حضور پرنور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پیادہ ہوتے تو اصحاب عرض کرتے کہ یا رسول اللہ آپ سوار
ہون ہم پیادہ چلینگے تو حضور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ارشاد فرماتے کہ تم
مجھسے قوی نہین ہو اور مین تم سے اجر مین بے نیاز نہین یعنی مین اجر اس کا
خدا سے چاہتا ہون جیسا تم چاہتے ہو اور اس غزوہ مین سب **تین سو**
تیرہ آدمی تھے اونمین سے ستر مہاجرین اور دو سو چھتیس انصار اور ایک روایت
مین تراسی مہاجر اور باقی انصار اور انمین آٹھہ آدمی حاضر نتھے جنکے نام اوپر ذکر کردئے
گئے ہین جو شریک جنگ تھے وہ تین سو پانچ تھے یہہ اول سفر انصار کا حضور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتھہ تھا چونکہ عزم بالجزم نتھا اس سبب سے فراہمی
لشکر مین کوشش نہین ہوئی تھی اور تعداد لشکر مشرکین کی ایک ہزار تھی اور دوسری
روایت مین نو سو پچاس اور اسی یا سو گھوڑے تھے اور بڑے بڑے سردار قریش
مثل ابوسفیان ابن صخر ابن حرب اور ابوجہل وغیرہ ہمراہ تھے **فائدہ** واضح ہو کہ اہل
بدر کی تعداد مین اختلاف ہے بعض کے نزدیک تین سو پندرہ چنانچہ ابی داؤد
نے ابن عمر سے روایت کی ہے اور ایک جماعت نے تین سو تیرہ اور کچھہ لوگون نے
تین سو سترہ کہے ہین اور تین سو چودہ کی بھی روایت ہے چنانچہ براء ابن عازب
سے صحیح بخاری مین روایت ہے کہ اصحاب بدر شمار مین اصحاب طالوت کے برابر
تھے اسی مہاجرین اور باقی انصار منجملہ اونکے قبیلہ اوس ابن خارجہ کے اکسٹھہ

اور بطون خزرج کے ایک سو سترہ اور وہ بہی اصحاب بدر تہے جنکو حضرت نے حصہ دیا اگرچہ وہ لڑائی مین شریک نتہے چنانچہ **استیعاب** مین اس قول ثالث کو ترجیح دیگئی ہے اور صاحب تفریح الاذکیا نے جو اسماے اصحاب بدر اپنی کتاب مین تحریر فرماے ہین وہ استیعاب سے لکہے ہین مین اپنی کتاب مین وہی اسما نقل کرتا ہون وباللہ التوفیق وہو الرفیق۔

اسمار اصحاب بدر رضی اللہ عنہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم اسألك [1] بسیدنا محمد ن المہاجر مکی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم [2] وبسیدنا عبد اللہ ابن عثمان ابی بکر ن الصدیق القریشی [3] وبسیدنا عمر بن الخطاب العدوی [4] وبسیدنا عثمان بن عفان القرشی خلفہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم علی ابنتیہ وضرب لہ بسہمہ [5] وبسیدنا علیؓ بن ابیطالب الہاشمی [6] وبسیدنا ایاس بن البکیر [7] وبسیدنا بلال بن رباح مولی ابی بکر الصدیق القرشی [8] وبسیدنا حمزۃ بن عبد المطلب الہاشمی [9] وبسیدنا حاطب بن ابی بلتعۃ حلیف لقریش [10] وبسیدنا ابی حذیفہ بن عتبہ بن ربیعۃ القرشی [11] وبسیدنا حارثۃ بن ربیع الانصاری قتل یوم بدر وہو حارثۃ بن سراقۃ وکان فی النظارۃ [12] وبسیدنا خنیس بن حذافۃ السہمیؓ [13] وبسیدنا رفاعۃ بن رافع الانصاری [14] وبسیدنا رفاعۃ بن عبد المنذر ابی لبابۃ الانصاریؓ [15] وبسیدنا الزبیر بن العوام القرشیؓ [16] وبسیدنا سعید ابن زید بن سہل [17] ابی طلحہ الانصاری وبسیدنا ابی زید الانصاری [18] وبسیدنا سعد بن مالک الزہری [19] وبسیدنا سعد بن خولۃ القرشی [20] وبسیدنا طہیر بن رافع الانصاری واخیہؓ [21] وبسیدنا عبد اللہ بن مسعود الہذلیؓ [22] وبسیدنا عتبۃ بن مسعود الہذلیؓ [23] وبسیدنا عبد الرحمن بن عوف الزہری [24] وبسیدنا عبیدۃ بن الحارث القرشیؓ

[25] وبسیدنا عبادة بن الصامت الانصاریؓ [26] وبسیدنا عمرو بن عوف حلیف بنی عامر
بن لویؓ [27] وبسیدنا عقبہ بن عمرو الانصاریؓ [28] وبسیدنا عامر بن ربیعۃ العنزیؓ [29] وبسیدنا عاصم
بن ثابت الانصاریؓ [30] وبسیدنا عویم بن ساعدۃ الانصاریؓ [31] وبسیدنا عتبان بن مالک
الانصاریؓ [32] وبسیدنا قدامہ بن مظعونؓ [33] وبسیدنا قتادہ بن النعمان الانصاریؓ [34] وبسیدنا
معاذ بن عمرو بن الجموحؓ [35] وبسیدنا معوذ بن عفرا واخیہ مالک بن ربیعہؓ [36] وبسیدنا ابی اُسید
الانصاریؓ [37] وبسیدنا مسطح بن اثاثہ بن عباد بن المطلب بن عبد منافؓ [38] وبسیدنا مرارة
بن ربیع الانصاریؓ [39] وبسیدنا معن بن عدی الانصاریؓ [40] وبسیدنا مقداد بن عمرو الکندی
حلیف بنی زہرة [41] وبسیدنا ہلال بن امیۃ الانصاریؓ [42] وبسیدنا ابی عمرو بن سعد بن معاذ
الاشہلی الانصاریؓ [43] وبسیدنا اُسید بن حضیر الانصاری الاشہلی [44] وبسیدنا اُسید بن ثعلبۃ
الانصاریؓ [45] وبسیدنا اُنیس بن قتادة الانصاریؓ [46] وبسیدنا انس بن معاذ البخاریؓ [47] وبسیدنا
بن اوس الانصاری الاشہلیؓ [48] وبسیدنا اوس بن ثابت البخاری الانصاریؓ [49] وبسیدنا
اوس بن خولی الانصاریؓ [50] وبسیدنا اوس بن الصامت الخزرجیؓ الانصاری [51] وبسیدنا
اسعد بن زراة البخاری الخزرجیؓ [52] وبسیدنا اسود بن زید بن غنم الانصاریؓ [53] وبسیدنا ایاس بن
ودفتہ الانصاری من بنی سالم بن عوف الخزرجیؓ [54] وبسیدنا الارقم بن ابی الارقم الہاشمیؓ
[55] وبسیدنا براء بن عازب الخزرج الانصاریؓ [56] وبسیدنا بشر بن البراء بن معرور الانصاری الخزرجیؓ
[57] وبسیدنا بشر بن سعد الخزرجی الانصاریؓ [58] وبسیدنا بشر بن ابی زید بن الانصاریؓ [59] وبسیدنا
بُجیر بن ابی بجیر الجہنی البخاری [60] وبسیدنا بشعش بن عمرو الخزرجی الانصاریؓ [61] وبسیدنا بحاث
بن ثعلبۃ الانصاری الخزرجیؓ [62] وبسیدنا تمیم بن یعار الانصاریؓ [63] وبسیدنا تمیم الانصاری
مولی بنی غنم [64] وبسیدنا تمیم مولی خراش بن الصمۃؓ [65] وبسیدنا ثابت بن الجذع الانصاری
الاشہلیؓ [66] وبسیدنا ثابت بن ہزال بن عمرو الانصاری العوفیؓ [67] وبسیدنا ثابت بن عمرو بن
زید البخاری الانصاریؓ [68] وبسیدنا ثابت بن خالد بن عمرو بن النعمان البخاری الانصاریؓ

(٦٩) ولسیدنا ثابت بن خالد بن عمرو بن النعمان البخاری الانصاری رضؓ (٧٠) ولسیدنا ثابت بن خنشار
البخاری الانصاری رضؓ (٧١) ولسیدنا ثابت بن اقرم انصاری حلیف بنی عمرو بن عوف رضؓ (٧٢) ولسیدنا
ثابت بن زید الاشہلی الانصاری رضؓ (٧٣) ولسیدنا ثابت بن ربیعۃ الانصاری الخزرجی رضؓ (٧٤) ولسیدنا
ثابت بن عامر الانصاری رضؓ (٧٥) ولسیدنا ثابت بن عبید الانصاری رضؓ (٧٦) ولسیدنا ثابت بن الحارث
الانصاری رضؓ (٧٧) ولسیدنا ثعلبۃ بن غنیمۃ الانصاری رضؓ (٧٨) ولسیدنا ثعلبۃ بن ساعدۃ الساعدی رضؓ
الانصاری رضؓ (٧٩) ولسیدنا ثعلبۃ بن عمرو البخاری الانصاری رضؓ (٨٠) ولسیدنا ثعلبۃ بن حاطب الانصاری رضؓ
(٨١) ولسیدنا ثقف بن عمرو اسلمی رضؓ (٨٢) ولسیدنا جابر بن خالد بن مسعود انصاری البخاری الاشہلی رضؓ
(٨٣) ولسیدنا جابر بن عبد اللہ الحرامی الانصاری رضؓ (٨٤) ولسیدنا جبار بن صخر الانصاری رضؓ (٨٥) ولسیدنا
جبیر بن ایاس الانصاری الزرقی رضؓ (٨٦) ولسیدنا حارثۃ بن النعمان البخاری الانصاری رضؓ (٨٧) ولسیدنا
حارثۃ بن مالک الانصاری الزرقی رضؓ (٨٨) ولسیدنا حارث بن حمیر الاشجعی الانصاری رضؓ (٨٩) ولسیدنا
حارثۃ بن حمیر الانصاری رضؓ (٩٠) ولسیدنا حارث بن ہشام المخزومی القرشی (٩١) ولسیدنا الحارث
بن عتیک البخاری رضؓ (٩٢) ولسیدنا الحارث بن قیس الانصاری رضؓ (٩٣) ولسیدنا حارث بن اوس
الانصاری رضؓ (٩٤) ولسیدنا الحارث بن انس الاشہلی الانصاری رضؓ (٩٥) ولسیدنا الحارث بن النعمان
القیسی رضؓ (٩٦) ولسیدنا الحارث بن النعمان بن خزمۃ الخزرجی الانصاری رضؓ (٩٧) ولسیدنا حریث
بن زید الخزرجی الانصاری رضؓ (٩٨) ولسیدنا الحلم بن عمرو الثمانی رضؓ (٩٩) ولسیدنا حبیب مولی الانصاری رضؓ
(١٠٠) ولسیدنا الحصین بن حارث المطلبی رضؓ (١٠١) ولسیدنا حاطب بن عمرو الاوسی رضؓ (١٠٢) ولسیدنا حرام بن
ملحان البخاری رضؓ (١٠٣) ولسیدنا الحباب بن المنذر الانصاری الاسلمی رضؓ (١٠٤) ولسیدنا خالد بن البکیر رضؓ
(١٠٥) ولسیدنا خالد بن العاصی قتل یوم بدر رضؓ (١٠٦) ولسیدنا خالد بن قیس الانصاری رضؓ العجلانی
(١٠٧) ولسیدنا خلاد بن سوید الانصاری الخزرجی رضؓ (١٠٨) ولسیدنا خلاد بن عمرو الانصاری السلمی رضؓ (١٠٩) ولسیدنا
خزیمہ بن ثابت الانصاری رضؓ (١١٠) ولسیدنا خارجۃ بن زید الانصاری الخزرجی رضؓ (١١١) ولسیدنا خارجۃ بن
حمیر الاشجعی رضؓ (١١٢) ولسیدنا خباب بن الارت الخزاعی رضؓ (١١٣) ولسیدنا خباب مولی عتبۃ بن غزوان رضؓ

وسیدنا[114] خزیم بن فاتک الاسدیؓ وسیدنا[115] خراش بن الصمۃ الانصاری السلمیؓ وسیدنا[116] خولی
بن خولی العجلی والجعفیؓ وسیدنا[117] خبیب بن اساف الانصاریؓ وسیدنا[118] خوات بن جبیر الانصاریؓ
وسیدنا[119] خثیمۃ بن حارث الانصاریؓ وسیدنا[120] خلیفۃ بن عدی الانصاریؓ وسیدنا[121]
خلیدۃ بن قیس الانصاری وسیدنا[122] ذکوان بن عبد قیس الانصاریؓ وسیدنا[123] ذی مخبر الحبشیؓ
وسیدنا[124] ذی الشمالین الخزاعی وسیدنا[125] رافع بن مالک الانصاریؓ الخزرجی وسیدنا[126] رافع
بن الحارث الانصاریؓ وسیدنا[127] رافع بن المعلی الانصاریؓ وسیدنا[128] رافع عنجدۃ الانصاری
العوفیؓ وسیدنا[129] رافع بن سہل الانصاریؓ وسیدنا[130] رافع بن زید الانصاریؓ وسیدنا[131]
رافع بن سہل الانصاریؓ وسیدنا[132] رافع بن زید الانصاریؓ **واضح ہو** کہ یہ دو نام
جو مکرر لکھے گئے ہین **قرۃ العیون شرح سرور المحزون** مین یونہین لکھے ہوئے ہین
جس کو نواب محمد علیخان مرحوم والی ٹونک نے مطبع مفید عام آگرہ مین طبع کرایا ہے
اور کتاب تفریح الاذکیا مین بھی اس مقام پر اسما مین اختلاف ہے۔ ضیق وقت نے
زیادہ تحقیق کرنے کی مہلت نہ دی بجنسہ کتاب سرور المحزون کی نقل کردی گئی۔
وسیدنا[133] رفاعۃ بن عمرو الانصاریؓ وسیدنا[134] رفاعت بن رافع الانصاریؓ وسیدنا[135]
رفاعۃ بن الحارث الانصاریؓ وسیدنا[136] رفاعۃ بن عمرو الجہنیؓ وسیدنا[137] ربیعۃ بن اکثم
الانصاریؓ وسیدنا[138] ربیع بن ایاس الانصاریؓ واخیہؓ وسیدنا[139] رحیلۃ بن ثعلبۃ
الانصاری البیاضیؓ وسیدنا[140] زید بن الخطاب العدویؓ وسیدنا[141] زید بن حارثۃ الکلبیؓ
وسیدنا[142] زید بن اسلم العجلانی الانصاریؓ وسیدنا[143] زید بن الدثنۃ الانصاری البیاضیؓ
وسیدنا[144] زید بن عاصم المازنی الانصاریؓ وسیدنا[145] زیاد بن لبید الانصاریؓ وسیدنا[146]
زید بن عمرو الانصاریؓ وسیدنا[147] زیاد بن کعب الانصاریؓ وسیدنا[148] زیاد بن حرام
الاشجعیؓ وسیدنا[149] طلیب بن عمرو القرشیؓ وسیدنا[150] الطفیل بن الحارث المطلبی واخیہ
قتل یوم بدرؓ وسیدنا[151] الطفیل بن مالک الانصاریؓ وسیدنا کعب بن عمرو الانصاریؓ

السلمی رض و[۱۵۳] سیدنا کعب بن زید البخاری الانصاری رض و[۱۵۴] سیدنا کعب بن جماز الانصاری رض
و[۱۵۵] سیدنا کناز بن حصن الانصاری رض و[۱۵۶] سیدنا محمد بن مسلمۃ الانصاری رض و[۱۵۷] سیدنا معاذ بن
عفراء الانصاری رض و[۱۵۸] سیدنا عوف بن العفرا قتل یوم البدر رض و[۱۵۹] سیدنا معوذ رض و[۱۶۰] سیدنا معاذ
بن ماعص الانصاری رض و[۱۶۱] سیدنا مالک بن عمیلۃ العبدری رض و[۱۶۲] سیدنا مالک بن قدامۃ
الانصاری رض و[۱۶۳] سیدنا مالک بن رافع العجلانی رض و[۱۶۴] سیدنا مالک بن عمرو السلمی رض و[۱۶۵] سیدنا
مالک بن امیۃ بن عمرو السلمی رض و[۱۶۶] سیدنا مالک بن ابی تولی العجلانی رض و[۱۶۷] سیدنا مالک بن
نمیلۃ الانصاری رض و[۱۶۸] سیدنا معمر بن الحارث الجمحی رض و[۱۶۹] سیدنا محرز بن نضلہ الاسدی رض
و[۱۷۰] سیدنا محرز بن عامر الانصاری رض و[۱۷۱] سیدنا معن بن یزید السلمی رض و[۱۷۲] سیدنا معبد بن قیس
الانصاری رض و[۱۷۳] سیدنا المنذر بن عمرو الانصاری الخزرجی رض و[۱۷۴] سیدنا المنذر بن اوسی الانصاری رض
و[۱۷۵] سیدنا المنذر بن قدامۃ الانصاری رض و[۱۷۶] سیدنا معب بن الحمراء الانصاری رض و[۱۷۷] سیدنا
معتب بن بشیر الانصاری رض و[۱۷۸] سیدنا مصعب بن عمیر القرشی رض و[۱۷۹] سیدنا مبشر بن عبد المنذر
الاوسی رض و[۱۸۰] سیدنا ملیل بن ویدۃ الانصاری رض و[۱۸۱] سیدنا مہجع بن صالح مولی عمر بن الخطاب رض
و[۱۸۲] سیدنا مدلاج بن عمرو السلمی رض و[۱۸۳] سیدنا نوفل بن ثعلبۃ الانصاری رض و[۱۸۴] سیدنا النعمان
بن عبد البخاری رض و[۱۸۵] سیدنا النعمان بن عصر الانصاری رض و[۱۸۶] سیدنا النعمان بن عمرو الانصاری رض
و[۱۸۷] سیدنا النعمان بن ابی خزمۃ الانصاری رض و[۱۸۸] سیدنا النعمان بن سنان الانصاری رض و[۱۸۹] سیدنا
نضر بن الحارث الانصاری الظفری و[۱۹۰] سیدنا نجات بن ثعلبۃ الانصاری رض و[۱۹۱] سیدنا نعمان
بن عمر البخاری رض و[۱۹۲] سیدنا صہیب بن سنان الرومی رض و[۱۹۳] سیدنا صفوان بن امیۃ بن عمرو السلمی
واخیہ مالک بن امیۃ رض و[۱۹۴] سیدنا الضحاک بن حارثۃ الانصاری رض و[۱۹۵] سیدنا الضحاک بن
عبد الانصاری البخاری رض و[۱۹۶] سیدنا عبد اللہ بن ثعلبۃ الانصاری رض و[۱۹۷] سیدنا عبد اللہ بن
جبیر الانصاری رض و[۱۹۸] سیدنا عبد اللہ بن الحمیر الاشجعی رض و[۱۹۹] سیدنا عبد اللہ بن رواحہ الانصاری رض
و[۲۰۰] سیدنا عبد اللہ بن رافع الانصاری رض و[۲۰۱] سیدنا عبد اللہ بن ربیع الانصاری رض و[۲۰۲] سیدنا

عبداللہ بن الطارق الانصاریؓ و[۲۰۳]سیدنا عبداللہ بن کعب الانصاریؓ و[۲۰۴]سیدنا عبداللہ
بن مظعون الجمحیؓ و[۲۰۵]سیدنا عبداللہ بن النعمان الانصاری و[۲۰۶]سیدنا عبداللہ بن عبداللہ
بن سلول الانصاریؓ و[۲۰۷]سیدنا عبداللہ بن عمرو بن حرام الانصاریؓ و[۲۰۸]سیدنا عبداللہ بن
عامر الانصاریؓ و[۲۰۹]سیدنا عبداللہ بن عمیر الانصاریؓ و[۲۱۰]سیدنا عبداللہ بن عبس الخزرجیؓ
و[۲۱۱]سیدنا عبداللہ بن سلمۃ العجلانیؓ و[۲۱۲]سیدنا عبدالرحمٰن بن کعب المازنیؓ و[۲۱۳]سیدنا
عبدالرحمٰن بن جبیر الانصاریؓ و[۲۱۴]سیدنا عبدالرحمٰن بن عبداللہ الانصاریؓ و[۲۱۵]سیدنا عبدالرحمٰن
بن سہل الانصاریؓ و[۲۱۶]سیدنا عبید بن اوسؓ و[۲۱۷]سیدنا عبید بن زید الانصاریؓ
و[۲۱۸]سیدنا عبدربہ بن حق الانصاریؓ و[۲۱۹]سیدنا عبید یا لیل بن ثابت اللیثیؓ و[۲۲۰]سیدنا
عباد بن عبید التیہانؓ و[۲۲۱]سیدنا عباد بن قیس الانصاریؓ و[۲۲۲]سیدنا عُمیر بن حرام الانصاریؓ
و[۲۲۳]سیدنا عمرو بن قیس الانصاریؓ و[۲۲۴]سیدنا عمرو بن ثعلبۃ الانصاریؓ و[۲۲۵]سیدنا سفیان
بن بشیر الانصاریؓ و[۲۲۶]سیدنا سالم بن عُمیر الانصاریؓ و[۲۲۷]سیدنا سنان بن سنان
الاسدیؓ و[۲۲۸]سیدنا سماک بن خرشۃ الانصاریؓ و[۲۲۹]سیدنا سہل بن عتیک الانصاریؓ
و[۲۳۰]سیدنا سہل بن رافع الانصاریؓ و[۲۳۱]سیدنا السائب بن مظعون الجمحیؓ و[۲۳۲]سیدنا ابی
کعب الانصاری البخاریؓ و[۲۳۳]سیدنا ابی معاذ البخاریؓ و[۲۳۴]سیدنا اسیرۃ بن عمرو الانصاریؓ
و[۲۳۵]سیدنا عبداللہ بن عامر الانصاریؓ و[۲۳۶]سیدنا عائذ بن ماعض الانصاریؓ و[۲۳۷]سیدنا
عبس بن عامر الانصاریؓ و[۲۳۸]سیدنا عکاشہ بن محصن الاسدیؓ و[۲۳۹]سیدنا عتیک بن التیہان
الانصاریؓ و[۲۴۰]سیدنا عشترۃ السلمیؓ و[۲۴۱]سیدنا عاقل بن البکیرؓ و[۲۴۲]سیدنا قروۃ بن عمرو
الانصاریؓ و[۲۴۳]سیدنا عتام بن اوس الانصاریؓ و[۲۴۴]سیدنا الفاکہ بن بشر الانصاریؓ
و[۲۴۵]سیدنا قیس بن مخلد الانصاریؓ و[۲۴۶]سیدنا قیس بن محصن الانصاریؓ و[۲۴۷]سیدنا
قیس بن ابی صعصعۃ الانصاریؓ و[۲۴۸]سیدنا قطبۃ بن عامر الانصاریؓ و[۲۴۹]سیدنا سعد بن
خیثمۃ الانصاریؓ و[۲۵۰]سیدنا سعد بن الربیع الانصاریؓ و[۲۵۱]سیدنا سعد بن عبادۃ الانصاریؓ

۲۵۲ وسیدنا سعد بن عثمان الانصاری الزرقی ۲۵۳ وسیدنا سعد بن زید الانصاری الاشہلی ۲۵۴ وسیدنا
سفیان بن بشر الانصاری ۲۵۵ وسیدنا سالم بن عمیر العوفی ۲۵۶ وسیدنا سلیم بن عمرو الانصاری
۲۵۷ وسیدنا سلیم بن الحارث الانصاری ۲۵۸ وسیدنا سلیم بن قیس بن فہدی الانصاری
۲۵۹ وسیدنا سلیم بن ملحان الانصاری ۲۶۰ وسیدنا سلمۃ بن سلامۃ الانصاری الاشہلی ۲۶۱ وسیدنا
سلمۃ بن ثابت الانصاری الاشہلی ۲۶۲ وسیدنا سہیل بن عمرو الانصاری ۲۶۳ وسیدنا سہیل
بن بیضاء القرشی الفہری ۲۶۴ وسیدنا سوید بن مخشی الطائی ۲۶۵ وسیدنا سلیط بن عمرو العامر
القرشی ۲۶۶ وسیدنا سلیط بن قیس الانصاری ۲۶۷ وسیدنا سراقہ بن کعب الانصاری النجاری
۲۶۸ وسیدنا سراقۃ بن عمرو الانصاری النجاری ۲۶۹ وسیدنا سلیع بن حاطب الانصاری ۲۷۰ وسیدنا
سواد بن غزیۃ الانصاری السلمی ۲۷۱ وسیدنا سعید بن سہیل الانصاری الاشہلی ۲۷۲ وسیدنا
شماس بن عثمان المخزومی ۲۷۳ وسیدنا شجاع بن ابی وہب الاسدی حلیف عبد شمس
۲۷۴ وسیدنا ہانی بن نیار الانصاری ۲۷۵ وسیدنا ہمام بن الحارث ۲۷۶ وسیدنا وہب بن
ابی شرح الفہری القرشی ۲۷۷ وسیدنا ودیعۃ بن عمرو الانصاری ۲۷۸ وسیدنا یزید بن الحارث
الانصاری ۲۷۹ وسیدنا یزید بن ثابت الانصاری ۲۸۰ وسیدنا ابی ایوب الانصاری ۲۸۱ وسیدنا
ابی الحمراء مولی آل عفراء ۲۸۲ وسیدنا ابی الخالد الحارث بن قیس الانصاری ۲۸۳ وسیدنا ابی
خذیمۃ بن اوس الانصاری ۲۸۴ وسیدنا سلیم ابی کبشہ مولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم دوسی ۲۸۵ وسیدنا ابی ملیل الضبعی ۲۸۶ وسیدنا ابی المنذر بن یزید بن عامر الانصاری
۲۸۷ وسیدنا نملۃ الانصاری ۲۸۸ وسیدنا ابی عبیدۃ بن الجراح الفہری القرشی ۲۸۹ وسیدنا ابی
عبد الرحمن یزید بن ثعلبۃ الانصاری ۲۹۰ وسیدنا ابی عیش الحارثی الانصاری ۲۹۱ وسیدنا
یزید بن الاخنس السلمی ۲۹۲ وسیدنا ابی اسید الساعدی ۲۹۳ وسیدنا ابی اسرائیل الانصاری
۲۹۴ وسیدنا ابی الاعور بن الحارث الانصاری النجاری ۲۹۵ وسیدنا سعد بن سہیل الانصاری
۲۹۶ وسیدنا سعد بن خولۃ من المہاجرین الاولین ۲۹۷ وسیدنا سعد بن خولی مولی حاطب بن

ابی بلتعۃ رضؓ وبسیدنا سالم مولیٰ ابی حذیفہ رضؓ ۲۹۸ وبسیدنا سلمۃ بن حاطب الانصاری رضؓ ۲۹۹ وبسیدنا ۳۰۰
ابی مرثد الغنوی رضؓ وبسیدنا ابی مسعود الانصاری رضؓ ۳۰۱ وبسیدنا ابی فضالۃ الانصاری رضؓ ۳۰۲ وبسیدنا ۳۰۳
عمار بن یاسر المہاجری رضؓ ۳۰۴ وبسیدنا طلحہ بن عبید اللہ القرشی رضؓ ۳۰۵ وبسیدنا سماک بن سعد الخزرجی
رضی اللہ عنہم اللّٰہم لاتدع لنا ذنوبنا الّا غفرتہٗ ولا ہماً اِلّا فرجتہٗ ولا دیناً الّا قضیتہٗ ولا حاجۃ
من الحوائج الدنیا والآخرۃ الّا قضیتہا یا ارحم الراحمین۔ حضور نے جب اِس غزوہ سے
مظفر ومنصور معاودت فرمائی تو مدینہ شریف میں سات روز رونق افروز رہے اِس کے
بعد غزوہ بنی سلیم کو تشریف لے گئے جس کا ذکر اس غزوہ بدر مین ہوگا۔

حالات جنگ بدر کتاب قرۃ العیون شرح سرور المحزون

مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی قدس سرہٗ

یہ اسماے مبارک جو اوپر تحریر ہوئے ہین ان کی تعداد مین کچھ اختلاف ہے صرف دوچار ناموں کا ان اسماکے ساتھ اہل حاجت کو توسل کرنے کا بہت بڑا فائدہ ہے بزرگان دین نے ہمیشہ ان اسماے گرامی کے توسل سے دعائین مانگی ہین اور اللہ تعالیٰ شانہ نے قبول فرمائی ہے **چنانچہ** برہان حلبی نے اپنی سیرت مین ذکر کیا ہے۔ اور دوانی کہتے ہین کہ سنا گیا ہے مشائخ حدیث سے کہ اہل بدر کے اسماکے توسل سے دعا قبول کی جاتی ہے۔ اور تجربہ کیا گیا ہے اور شیخ عبد اللطیف نے اپنے رسالہ مین ذکر کیا ہے کہ اکثر صلحاے المسلمین کو ان کے اسما کی برکت سے مرتبہ ولایت حاصل ہوا ہے اور بے شبہ اکثر مریض ان اسماے مبارک کے توسل سے شفایاب ہوئے ہین۔ اور کہا ہے بعض عارفین نے کہ جب مین نے کسی مریض کے سر پر ہاتھ رکھکر یہ اسماے گرامی پڑھے تو ضرور اللہ تعالیٰ شانہ نے اُس مریض کو شفا عنایت فرمائی۔ اور بعض عرفا فرماتے ہین کہ مین نے ان اسماے مبارک کا تجربہ کیا ہے کہ جب کسی امر اہم کے واسطے ان اسماکو

لکھا یا پڑھا تو قادر مطلق نے اُس مشکل کو آسان کر دیا۔

روایت کی گئی جعفر بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے وہ فرماتے ہین کہ وصیت کی مجھے میرے والد نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اصحاب کی محبت کی اور امور مہمہ مین اصحاب اہل بدر کے اسما کے ساتھ توسل کرنے کی اور کہا مجھ سے کہ اے میرے بیٹے جب کوئی مصیبت زدہ اللہ تعالیٰ شانہ اہل بدر کے نامون کے وسیلہ سے دعا کرتا ہے تو وہ دعا قبول کی جاتی ہے اور اللہ تعالےٰ شانہ کی مغفرت اور رحمت اور برکت اور رضا اور رضوان اوس مصیبت زدہ کو گھیر لیتے ہین اور اس کے آداب مین سے یہ ہے کہ ہر نام کے بعد رضی اللہ عنہ کہے انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہو گی۔

ہجرت کے ۲ سنہ ۱۷ رمضان مبارک کو غزوۂ بدر واقع ہوا

اس غزوہ کو بدر کبریٰ کہتے ہین اور یہی غزوہ ہے جو مشرکین عرب کی ذلت اور اسلام کی عزت کا سبب ہوا ابو جہل لعین خود اور اُس کے ساتھ ستر سردار قریش کے مارے گئے اور ستر آدمی اسیر ہوئے اور عباس ابن عبد المطلب اور عقیل بن ابی طالب بھی اسیرون مین سے تھے مگر ابولہب مکے کو بھاگ گیا وہان پہونچکر سات دن کے بعد مرض عدسہ سے واصل بجہنم ہوا عدسہ ایک قسم کے دانون کا نام ہے جو بطور چیچک نکلتے ہین۔

لشکر اسلام مین سے آٹھ انصاری اور پانچ مہاجر شہید ہوئے اور لشکر اسلام مین تین سو تیرہ ۳۱۳ آدمی تھے ستر مہاجرین اور دو سو چھتیس ۲۳۶ انصار اور ستر اونٹ اور دو ۲ گھوڑے اور چار ۴ زرہین آٹھ تلوارین اور مشرکین کی تعداد نو سو پچاس ۹۵۰ تھی اور اُن مین سو گھوڑے تھے اور بروایت مدارج النبوت سات سو اونٹ تھے اور یہ دنیا مین کفر و اسلام کا پہلا مقابلہ ہے اور اسی مقابلہ سے حق و باطل کا فرق ظاہر ہو گیا **لشکر خدا** ہمیشہ کم ہی ہوتا ہے

مگر اُسی کو غلبہ ہوتا ہے اور لشکر کفار مین سے جس قدر مال غنیمت ہاتھ آیا اُس مین سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے واسطے **ذوالفقار** کو پسند فرمایا اور اُسی روز جو روز فتح بدر تھا رومیون کو فارسیون پر فتح ہوئی ہے اہل اسلام کو دوچند خوشی ہوئی - **بدر** ایک کنوئین کا نام ہے یہ مدینہ سے تین منزل ہے - اسے بدر بن قریش نے کھُدوایا تھا - اور مواہب اور مدارج کی روایت ہے کہ بدر بن حارث نے اس کنوئین کو کھُدوایا تھا دوسرے سال ہجرت مین اوّل لڑائی اسلام کی کفار قریش سے وہان ہوئی سبب اس کا یہ ہوا کہ ایک قافلہ قریش کا مکہ سے شام کی طرف سوداگری کے واسطے جاتا تھا اُس کا سردار ابوسفیان تھا جب یہ خبر آپ کو پہونچی آپ نے اس قافلہ کا قصد فرمایا اور اُس کے واپس ہونے کے منتظر رہے جب قافلہ کے واپسی کے دن قریب ہوئے تو آپ نے غزا کا قصد فرمایا اور تین سو کئی آدمی مہاجرین اور انصار سے حاضر خدمت ہوئے اور یہی پہلا غزوہ ہے کہ جس مین انصار رضی اللہ عنہم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہمراہ ہوئے - القصہ ابوسفیان نے یہ خبر شام مین سنی تو فوراً ایک قاصد مکہ کو روانہ کیا اور قریش کو لکھا کہ اگر اپنے مال کی سلامتی چاہتے ہو تو جلد انتظام کرو ورنہ سب متاع قافلہ مال غنیمت ہوجائیگا جب قریش کو یہ خبر پہونچ گئی تو یہ لوگ بھی ایک پوری فوج مہیا کرکے آمادہ پیکار ہوگئے - اودھر ابوسفیان قافلہ لیکر شام سے روانہ ہوا اور اُس راستہ کو جدھر سے آنا مقصود تھا چھوڑدیا اور دوسرے راستے سے قافلہ کو صحیح وسلامت لیکر مکہ معظمہ مین پہونچ گیا یہان سے قریش کو کہلا بھیجا کہ یہ فوج کشی قافلہ کی حفاظت کی غرض سے تھی قافلہ تمہارا سلامتی کے ساتھ اپنے مقام پر پہونچ گیا ہے میرے خیال مین اب جنگ کا کوئی فائدہ نہین ہے مگر ابوجہل لعین کے پاس تو اجل کا پیادہ حکم قضا و قدر لیکر آچکا تھا کہ اپنے اتباع کو لیکر بدر کے مقام پر حاضر ہو تیرے واسطے وہین سے دوزخ کا ایک راستہ کھول دیا گیا ہے بہت جلد

جہنم مین داخل ہو فرشتگان عذاب نے تیرا مقام اسفل السافلین مین درست کر رکھا ہے یہ ملعون ابوسفیان کا پیام سنکر بہت خفا ہوا اور قسم کھا کر کہنے لگا کہ ہم ہرگز نہ پھرین گے جب تک بدر کے نزدیک جا کر چند روز مقام نہ کرین اور داد عیش و عشرت نہ دین اور ہمین تمام ملک پر اپنا دبدبہ بٹھالنا مقصود ہے ہماری قوم مین سے جس کو ہمارا ساتھ دینا منظور ہو وہ آئے اکثر نے تو خوشی سے اس بات کو قبول کیا اور بعض کسی مصلحت سے مجبور ہو کر شریک ہوئے جیسے عباس ابن عبدالمطلب اور عقیل ابن ابی طالب اور ابوسفیان بھی شریک ہوا مگر ان کی قسمت ویسی بُری نہ تھی زخمی ہو کر وہان سے رفو چکر ہوئے اور پھر فتح مکہ کے دن ایمان لائے اور عباس و عقیل دونون اسیران بدر مین تھے فدیہ دیکر رہا ہوئے اور ایمان لائے۔ الغرض حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ منورہ سے تین سو تیرہ ۳۱۳ اصحاب کے ساتھ روانہ ہوئے جب یہ خبر مکہ مین پہونچی تو وہان سے ساڑھے بارہ سو ۱۲۵۰ آدمی قافلہ کی حفاظت کے واسطے چلے پھر جب اون لوگون نے اپنے قافلہ کو سلامت پایا تو تین سو ۳۰۰ آدمی اُن مین سے واپس ہوئے اور نوسو پچاس ۹۵۰ آدمی جنگ کے واسطے بدر پر آئے پھر جب مقابلہ ہوا بھگا دیا اللہ تعالےٰ شانہ نے مشرکون کو اور فتح دی اپنے فرمان بردار بندون کو اور مارے گئے مشرکون سے ستر آدمی اور قید ہوئے ستر آدمی - روایت ہے کہ جب حضرت حسن بصریؒ سورہ انفال کی تلاوت فرماتے تو ارشاد کرتے طُوبیٰ لجیشٍ قائدھم رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم وجاسوسھم امین اللہ تعالےٰ ومُبارزھم اسد اللہ تعالےٰ و جھادھم طاعۃ اللہ تعالیٰ ومددھم ملائکۃ اللہ تعالیٰ وثوابھم رضوان اللہ تعالیٰ ترجمہ یعنی خوشی ہو اُس لشکر کو کہ پیشرو جس کے رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تھے اور جاسوس اُن کا امانت دار اللہ تعالیٰ کا

تھا یعنی جبرئیل علیہ السلام اور شجاع اُن کا شیر خدا کا یعنی علی ابن ابی طالب اور جہاد
اُن کا فرمان برداری اللہ تعالیٰ کی اور مددگار اُن کے فرشتے اللہ تعالیٰ کے اور ثواب
اُن کا رضامندی اللہ تعالیٰ کی تھی۔ مواہب لدنیہ مین ہے کہ علما رحمہم اللہ علیہم فرماتے
ہین کہ فرشتون نے جنگ بدر کے سوا اور کسی جنگ مین قتال نہین کیا اور صرف حاضری
ملائکہ کی اور جنگ مین بھی ثابت ہے اور اس کی تصریح کی ہے عماد بن کثیر نے اپنی تفسیر
مین بعد اُس کے نقل کیا ہے قول ابن عباس رضی اللہ عنہما کا کہ کہا اُنہون نے کہ قتال
نہین کیا فرشتون نے سوا ے بدر کے اور اسی طرف گئے ہین ابن مرزوق وغیرہ۔
اور نہایت البیان فی تفسیر القرآن مین یَوْمَ حُنَیْنٍ کی تفسیر کے تحت مین بیان کیا ہے
کہ اس مین اختلاف ہے کہ فرشتون نے قتال کیا ہے یا نہین۔ یہان پر دو قول ہین جمہور کا
قول تو یہ ہے کہ قتال نہین کیا انتہیٰ۔ اور رد کیا ہے قول منکرین قتال ملائکہ کو غیر جنگ
بدر مین حدیث مسلم نے کہ روایت کی اُنہون نے اپنی صحیح مین سعد بن وقاص رضی اللہ
عنہ سے کہ دیکھا اُنہون نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے یمین و
یسار دو مردون کو سفید کپڑے پہنے ہوے کہ اس سے پہلے کبھی نہین دیکھا تھا اُن کو
اُحد کے روز اور نہ پھر بعد اس کے کبھی دیکھا اور وہ جبرئیل و میکائیل تھے علیہما السلام
اور وہ سخت جنگ کر رہے تھے۔ حضرت امام نووی فرماتے ہین کہ اس حدیث مین
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اکرام کا بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے
آپ کے ساتھ ہو کر کفار سے ملائکہ کو قتال کرنے کے لئے نازل فرمایا۔ اور بیان اس کا
کہ قتال فرشتون کا مخصوص ساتھ بدر کے نہین ہے اور کہا امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے
کہ یہی ٹھیک ہے بخلاف اوس شخص کے کہ گمان کیا اُس نے اختصاص اُس کا ساتھ
بدر کے اور اس حدیث سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ فرشتون کا دیکھنا انبیا علیہم السلام
ہی کے واسطے مخصوص نہین ہے بلکہ بعض صحابہ نے بھی ملائکہ کو دیکھا ہے اور اسی طرح

اولیاءاللہ نے بھی ملائکہ رحمت کو دیکھا ہے۔ اور انوار ملائکہ رحمت جو مجالس صلحا و اتقیا مین نظر آتے ہین اس کا بیان تو اکثر بزرگانِ دین سے سُنا ہے اور یہ نزول ملائکہ حضرت حضرت کی تعظیم کے واسطے تھا نہ اس لئے کہ لشکر کفار کا بڑا سخت جنگ جو تھا اور مسلمان اُس کے مقابلہ کرنے سے معذور تھے۔

آغاز جنگ بدر علما فرماتے ہین کہ جب لشکر اسلام جمع ہوا تو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بہ نفس نفیس لشکر کی صفون کو برابر آراستہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ جب تک مین نہ کہون لشکر کفار پر حملہ نہ کرنا۔ **عجب بات ہے ایک ذات واحد ہے** جو پیغمبری کا کام بھی کر رہی ہے اور واعظ بھی ہے اور حکیم بھی اور فوج کی سرداری بھی اور شعراے عرب کی مسکّت بھی اور غربا و مساکین کی ملجا و ماوی بھی اور بڑے اشرار قوم کی سرشکن بھی اور صفت تو یہ ہے کہ دونون جہان کے بادشاہ مگر بوریا نشین۔ فقیر محمد اکبر دانا پوری مولّف کتاب ہذا ؎

تخت زرین بادشاہون کے لئے ۔۔۔ بوریا عالم پناہون کے لئے

محتاجون کی غنی کرنے والی مگر خود خالی ہاتھ ؎

دیتے ہین اورون کو اپنے پاس کچھ رکھتے نہین ۔۔۔ دوجہان کی نعمتین ہین اُن کے خالی ہاتھ مین

بھوکون کو پیٹ بھر کر کھانا کھلانے والی اور خود تین تین دن کی فاقہ کش اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد ؎

توبدین جمال و خوبی سرِ طور اگر خرامی ۔۔۔ ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

؎ ہمہ شہر پرز خوبان منم و خیال ماہے ۔۔۔ چکنم کہ چشم بدخو نہ کند بہ کس نگاہے

الغرض لشکر اسلام کی صفین بھی آراستہ ہوگیئن بہشت برین سے حورین غازیان شیر دل اور شہیدانِ گلگون قبا کے جمال کے نظارے کے لئے فرش خاک پر آکر بیٹھ گیئن۔ پہلے لشکرِ کفار اشرار سے عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ صف سے

آگے بڑھے اور اپنے ہم نبرد طلب کئے لشکر ظفر پیکر اسلام سے تین بہادر بحکم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم باہر آئے۔ عوف اور معاذ دونون بیٹے حارث کے اور عبداللہ بن رواحہ۔ اُن سے کفّار نے پوچھا کہ تم کون لوگ ہو اُنہون نے کہا ہم انصار ہین کفار نے کہا کہ ہم تم سے کچھ کام نہین رکھتے ہم اپنے چچازاد بھائیون کو بُلاتے ہین پھر ایک نے اُن مین سے آواز دی کہ اے محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہمارے کفو کے لوگون کو ہمارے لئے بھیجو یہ عرب کی غیرت تھی کہ اگر ہم مارے بھی جائین تو ہماری قوم کو یہ ننگ نہ ہو کہ ہمارے بہادر غیر قوم کے ہاتھ سے مارے گئے چنانچہ بحکم حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حضرت حمزہ اور حضرت عبیدہ بن حارث اور حضرت علی رضی اللہ عنہم میدان مین آئے۔ عبیدہؓ کہ مرد دیرینہ سال تھے غنیم عتبہ کے ہوئے اور حمزہؓ غنیم شیبہ کے ہوئے اور علیؓ غنیم ولید کے ہوے پہلے حمزہ اور علی رضی اللہ عنہما نے اپنے دشمنون کو قتل کیا اور عبیدہؓ نے اپنے دشمن کو زخمی کیا اور خود وہ بھی زخمی ہوئے اُن کی ساق پر زخم کاری لگا پھر یہ دونون مرد میدان جُرأت یعنی حمزہؓ اور علیؓ نے عبیدہؓ کی مدد کی اور اُن کے دشمن کو قتل کیا اور عبیدہؓ کو اُٹھا لائے اُن کی پنڈلی کی ہڈی کا گودا نکل آیا تھا ابو عبیدہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے پوچھا کہ حضور مین شہید نہین ہون حضور نے فرمایا کہ تو شہید ہے اور عبیدہؓ نے جنگ بدر سے مراجعت کے وقت مقام صفرا وادی یا روحا مین انتقال فرمایا اور وہین دفن ہوئے حضور پرنور نے اُن کو شہید فرمایا ہے اور اُسی میدان مین عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے دو انصاریون نے پوچھا کہ وہ دونون عفرا کے بیٹے تھے اور نام ان دونون کا معاذ اور معوذ تھا کہ ابوجہل کو جانتے ہو وہ کون ہے عبدالرحمن بن عوفؓ نے کہا کہ ہان مین جانتا ہون مگر تمہارا مطلب اُس سے کیا ہے اُن دونون بھائیون نے کہا ہمنے سُنا ہے کہ وہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بہت ایذا دیا کرتا تھا

ہمنے قسم کھائی ہے کہ اگر اُس کو ہم دیکھین گے تو اُس سے جدا نہ ہونگے جب تک کہ ایک دوسرے کو مار نہ ڈالے یہ باتین ہوہی رہی تھین کہ ناگاہ ابوجہل ظاہر ہوا اپنے اونٹ پر سوار اُسے جولان کرتا ہوا - عبدالرحمن بن عوف رضی نے کہا کہ دیکھو یہ ہے ابوجہل بس وہ دونون اُس کی طرف دوڑے اور تلوارین مارنے لگے اور اُسے اونٹ سے گرا دیا اور پاؤن اُس کے قلم کر ڈالے پھر عکرمہ نے کہ ابوجہل کا بیٹا تھا ایک تلوار معاذ کے ہاتھ پر ماری ہاتھ اُن کا کندھے سے لٹک گیا اور یہ اُسی طرح ایک ہاتھ سے لڑتے تھے آخر تنگ ہوکر اُس ہاتھ کو اپنے پاؤن کے نیچے دبا کر جدا کر دیا پھر معاذ نے ابوجہل کے ایک تلوار اور ماری اُس وقت اُس مین کچھ حیات باقی تھی پھر یہ دونون حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوئے اور ابوجہل کے قتل کی خبر سنائی - آپ نے فرمایا کہ تم دونون مین سے کس نے اُس کو مارا ہے ہر ایک نے اپنا دعویٰ بیان کیا آپ نے پوچھا کہ تم نے اپنی تلوارین پاک کی ہین یا نہین پھر حضرت نے اُن کی تلوارین دیکھین اور فرمایا کہ تم دونون نے اُس کو مارا ہے اور سلب یعنی کپڑے اور ہتیار اُس کے معاذ کو ملے - مظاہر حق ترجمہ مشکوٰۃ شریف مین یہی ہے کہتے ہین کہ معاذ باوجود ایسے زخم کے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت تک زندہ رہے اور معوذ اُس روز لڑتے لڑتے کہ شہید ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ مَاتَ فِرعَونُ هٰذِهِ الاُمۃ یعنی اس امت کا فرعون مرا

منقول ہے کہ لشکر اسلام مین تین نشان تھے ایک اُن مین سے بڑا تھا وہ مہاجرین کا تھا وہ مصعب بن عمیر کو دیا گیا تھا وہ اُسے اُٹھائے ہوئے تھے - اور دوسرا نشان خزرج کا تھا جس کو حباب بن المنذر اُٹھائے ہوئے تھے - اور تیسرا نشان قبیلۂ اوس کا تھا وہ سعد بن معاذ کو عطا ہوا تھا اور بدر کے دن کا مہاجرین کا شعار یعنی لقب بنی عبدالرحمن تھا - اور خزرج کا شعار بنی عبداللہ تھا اور قبیلہ اوس کا شعار بنی عبید اللہ تھا -

اور ایک روایت مین ہے کہ سب کا شعار منصور است تھا اور مشرکون کے ساتھ
بھی تین نشان تھے۔ ایک طلحہ بن ابی طلحہ کے پاس تھا۔ اور دوسرا ابو عزیر بن عمرو کے
پاس تھا اور تیسرا النضر بن الحارث کے پاس تھا اور یہ تینون بنی عبد الدار سے تھے
مدارج النبوۃ مین روایت کی ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم اپنے صحابہ کی
صفین سیدھی فرما رہے تھے اور آپ کے دست مبارک مین ایک لکڑی تھی سواد بن
غزیہ ایک صحابی خوش مزاج اور ظریف الطبع تھے آپ اُن کے پاس پہونچے تو وہ صف
سے آگے نکلے ہوئے تھے آپ نے وہ لکڑی اُن کے سینہ پر ماری اور فرمایا استویا سواد
یعنی صف کے برابر ہو جا اے سواد۔ سواد نے عرض کی یا رسول اللہ آپ نے بڑی
دردناک چوٹ مجھے ماری اور اللہ تعالےٰ شانہ نے آپ کو حق کے واسطے بھیجا ہے
مجھ کو عوض اس چوٹ کا دیجئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جامہ مبارک
سینہ نورانی سے جدا کیا اور فرمایا کہ اپنی چوٹ کا بدلہ لے سواد نے فوراً اپنے لب اور
آنکھین سینہ مبارک سے ملین اور عرض کی کہ جو حال اس وقت پیش نظر ہے حضور
ملاحظہ فرما رہے ہین مین اپنے مارے جانے سے بیخوف نہین ہون اس لئے مین نے
چاہا کہ آخر وقت میرا بدن آپ کے جسد اطہر سے ملجائے جو میری نجات کا سبب ہو آپ نے
اُن کے واسطے دعائے خیر کی اور سب کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ جب تک مین حکم ندون
اعدا پر حملہ نہ کرنا اور اگر وہ تم سے نزدیک ہو جائین تو تیر مارنا مگر تھوڑے سے کہ
ترکش تمہارا خالی نہ ہو جائے پھر حضور اپنے عریش یعنی کھجورون کے پتون کے چھپر مین
تشریف لے گئے۔ اور حضرت ابوبکر اور سعد بن معاذ رضی اللہ عنہما انصار کی ایک جماعت
ہمراہ لئے ہوئے باہر سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حفاظت مین سرگرم تھے
روایت ہے کہ جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے لشکر ظفر پیکر
کی قلت پر نظر فرمائی تو عریش مین رو بقبلہ ہو کر اور دست مبارک بلند فرما کر اپنے پروردگار

تعالیٰ شانہ کے حضور مین دعائی کہ اے اللہ اپنا وعدہ پورا کر جو تو نے مجھ سے کیا ہے اور
تین بار اس کی تکرار فرمائی - پھر عرض کیا اے اللہ ہلاک کر اس گروہ کو اہل اسلام کے
ہاتھ سے جو تیری عبادت نہین کرتے اور اس عرض والتجا مین اتنا مبالغہ فرمایا کہ ردائے
مبارک آپ کے دوش مبارک سے گر پڑی حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے حضور پر نور
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے لپٹ کر عرض کی کہ میرے مان باپ آپ پر قربان
کافی ہے جو کچھ کہ طلب کیا آپ نے اپنے پروردگار سے بہت جلد وہ اپنا وعدہ آپ پورا
کریگا - اسی حالت مین حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر خواب طاری ہوا
اور پھر جلد بیدار ہوئے اور فرمایا اے ابو بکر رضی اللہ عنہ دیکھا مین نے کہ جبرئیلؑ آئے
اپنے گھوڑے کی باگ پکڑے ہوئے اور اُن کے اگلے دانتون پر غبار جما ہوا تھا اور لشکر
اسلام کے لئے اللہ تعالےٰ شانہ کی طرف سے مدد پہونچی اور یہ آیت پڑھتے ہوئے
سیھزم الجمع ویولون الدبر آپ عریش سے باہر تشریف لائے اور حضرت علی رضی اللہ
عنہ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا مین تین بار معرکہ جنگ سے نکل کر عریش مین گیا
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خبر دریافت کرون ہر بار آپ کو
سجدے ہی مین پایا اور آپ یہ فرما رہے تھے یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ
تیسری بار کے بعد مین نے فتح کے آثار دیکھے - ابوجہل لعین اپنی قوم کے دل بڑھا رہا
اور کہہ رہا تھا کہ عتبہ اور شیبہ اور ولید کے مرنے سے اندیشہ نہ کرنا یہ اپنی رائے پر
مغرور تھے لڑائی مین بے موقع جلدی کر گئے قسم ہے ہم کو ہم یہان سے نہ پھرین گے
جب تک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اُن کے یارون کو رسی مین باندھ لین
تم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اُن کے یارون سے قتال نہ کرو بلکہ اُن کو زندہ
پکڑ لو پھر ہم اُن کے ساتھ وہ معاملہ کرین گے کہ تمام دنیا کو جس سے عبرت ہو یہ خلاصہ
ہے اُس کا جو کچھ مواہب لدنیہ اور معارج النبوۃ اور مدارج اور روضۃ الاحباب مین ہے

منقول ہے کہ جب لڑائی شروع ہوئی ہے تو عاصم بن عوف سہمی صف قتال مین
درندون کی طرح پھر رہا تھا اور کہتا تھا کہ لے معشر قریش ہرگز اُس شخص کو نہ چھوڑنا جو قاطع
ارحام اور توڑنے والا جماعت کا ہے مین نجات نہ پاؤن گا اگر وہ نجات پائیگا مُراد اُس کی
اس بیان سے ذات پاک حضرت ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تھی وہ
مردود اپنی اسی ہذیان سرائی مین تھا کہ ابو دجانہ انصاری رضی اللہ تعالی عنہ نے اُسکو
واصل جہنم کیا اور وہ چاہتے تھے کہ اُس کے کپڑے اُتارلین کہ معبد نے آکر ایک تلوار ابو دجانہ
پر چلائی ابو دجانہ نے گھٹنے کے بل بیٹھ کر اُس کا وار بچایا اور اُٹھ کر کئی ہاتھ اُس کو مارے
مگر کوئی وار اُس پر کارگر نہ ہوا پھر وہ ابو دجانہ کے سامنے سے بھاگا اور ایک گڑھے مین
جاکر گر پڑا ابو دجانہ نے وہان جاکر اُسے ذبح کیا۔ **زہری** رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے
کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو یہ بات معلوم ہوئی کہ نوفل بن خویلد
لشکر قریش مین ہے تو آپ نے اُس کو دعا سے بد کی اَللّٰھُمَّ اَکْفِنِیْ نوفل بن خویلد
یعنی اے اللہ تو کافی ہے میرے لئے نوفل بن خویلد کے شر سے اُس روز وہ معرکہ مین
ہر طرف نعرہ مارتا پھرتا تھا کہ اے قریش آج کا دن مردون کے لئے عزت ورفعت کا ہے
جب کفار بھاگے تو فریاد کرنے لگا کہ اے انصار تم کو ہمارے مارنے سے کیا فائدہ ہے
کیا تم کو قیدیون کی حاجت نہین ہے یعنی ہم کو قید کرلو اور فدیہ لے لو آخر الامر جبار بن
صخر بن امیہ انصاری اُسے قید کرکے اپنے مکان پر لاتے تھے کہ حضرت سیدنا علی رضی اللہ
عنہ راہ مین ملے اور اُس کے مارنے کو متوجہ ہوئے اُس نے جبار رضی اللہ عنہ سے
پوچھا کہ یہ کون ہین جبار نے کہا کہ ان کا نام علی ہے وہ کہنے لگا کہ کوئی آدمی اپنی قوم کے
مارنے مین مین نے ان سے زیادہ حریص نہین دیکھا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُسے
ایک تلوار ماری وہ اُس کے سر مین گڑ گئی پھر آپ نے تلوار اُس کے سر سے نکال کر پنڈلیون
پر ماری پنڈلیان قلم ہوگئین تیسری تلوار مار کر اُس کا کام تمام کیا پھر جب حضور پر نور

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مین آپ حاضر ہوے تو حضور پُرنور نے دریافت
فرمایا کہ نوفل کی کچھ خبر معلوم ہے آپ نے عرض کی کہ مین نے اُسے قتل کیا حضور پرنور
نے فرمایا الحمد للہ الذی اجاب دعوتی ترجمہ سب تعریف ہے اللہ کے
واسطے جس نے میری دعا قبول کی حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے
مارے ہوئے قریش کے چوبیس ۲۴ آدمی تھے منجملہ اُن کے زمعہ بن اسود اور حارث بن
زمعہ اور عمر بن عثمان بن کعب اور مالک وعثمان دونون بھائی طلحہ کے۔ عبدالرحمن
بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ امیہ بن خلف سے میری دوستی تھی اور لوگ مجھے
عبد عمرو کہتے تھے جب مین مشرف باسلام ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے میرا نام عبدالرحمن رکھا بعد ازان اُمیہ نے ایک روز مجھ سے کہا کہ جو نام تیرے
باپ نے رکھا تھا اُس سے تو نے اعراض کیا مین تجھ کو عبدالرحمن نہ کہونگا اس لیے کہ یمامہ
مین مسیلمہ کو رحمن یمامہ کہتے ہین مین تجھ کو اَور نام سے پکارونگا تو مجھے جواب دیا مین نے کہا اے
ابا علی جس نام پر تیری خاطر قرار پکڑے اُس نام سے پکاریو اُس نے کہا کہ مین تجھ کو عبداللہ کہونگا
مین نے اُسے قبول کیا وہ اس وقت سے مجھے عبداللہ کہنے لگا تقدیر الٰہی سے جب بدر مین مشرکون کو
ہزیمت نصیب ہوئی تو مین دو زرہین غنیمت کی لیے ہوئے آتا تھا اُمیہ کی نگاہ وہان مجھ پر پڑی
اور اُس کا بیٹا علی بھی اُس کے ساتھ تھا اُس نے مجھے عبدالرحمن کہکر پکارا
مین نے جواب نہ دیا پھر اُس نے مجھ کو عبداللہ کہکر پکارا تو مین نے اُسے جواب دیا اُس نے کہا
مجھ کو اپنی امن مین لے لے اور مارنے سے بچا کہ مین ان زرہون کی قیمت سے زیادہ
مال دونگا مین نے اُن زرہون کو ہاتھ سے ڈال دیا اور اُن دونون باپ بیٹون کا
ہاتھ پکڑ لیا اور لیچلا یکایک بلال رضی اللہ عنہ کی نظر مجھ پر پڑی چونکہ امیہ نے اُن پر بڑی
جفائین کین تھین اس لئے کہ وہ دین اسلام سے پھر جائین چلا کر بولے کہ اے انصار
اللہ وائے انصار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یہ رئیس المشرکین اُمیہ

بن خلف زندہ رہا جاتا ہے اگر اس لئے رہائی پائی تو مین اس سے رہائی نہ پاؤنگا کی مسلمان
بلال رضی اللہ عنہ کی آواز سنکر دوڑ پڑے مین نے ہرچند کہا کہ یہ میرے قیدی ہین مگر
کچھ مفید نہ ہوا آخر الامر امیہ کو اوندھا گرا دیا مین نے اپنے تئین اُس کے اوپر ڈال دیا
حباب بن منذر نے تلوار سے اُس کی ناک کاٹ لی اُس وقت اُمیہ نے کہا کہ اب مجھ کو
چھوڑ دے مجبور مین اُس کی حمایت سے باز رہا۔ حبیب بن یساق انصاری نے تلوار
کے ایک وار سے اُسے واصل جہنم کیا اور حباب بن منذر نے اُس کے بیٹے کا پاؤن
تلوار سے کاٹ ڈالا اُس وقت اُس نے ایسی مہیب اور سخت آواز کی کہ مین نے کبھی
ایسی آواز نہین سُنی تھی۔ عمار بن یاسر رضی اللہ تعالے عنہ نے اپنی تلوار مار کر اُسے فی النار
والسقر کیا۔ عبد الرحمن بعد اس واقعہ کے کہتے تھے کہ رحمت نازل کرے اللہ تعالے
بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کہ میری زرہون کو ضایع کیا اور میرے قیدی بھی مروا ڈالے۔
اور حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے اسی جنگ مین اپنے ماموں عاصم بن ہشام بن
مغیرہ کو مارا کذا فی معارج النبوۃ۔ اور روضۃ الاحباب مین ہے کہ ابو الیسر انصاری
رضی اللہ عنہ نے عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو قید کیا تھا حالانکہ ابو الیسر
بہت دبلے پتلے آدمی تھے اور حضرت عباس بہت قوی و توانا تھے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ابو الیسر سے پوچھا کہ تو نے عباس کو کیونکر پکڑا اُنھون نے
کہا کہ اس کام مین ایک ایسے آدمی نے میری مدد کی کہ اُسے مین نے کبھی نہین دیکھا تھا
وہ ایک مہیب صورت کا آدمی تھا حضور نے فرمایا کہ وہ اللہ کا فرشتہ تھا کہ اُس نے تیری
مدد کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے یارون سے فرمایا کہ مین جانتا
ہون کہ مشرکین مکہ بنی ہاشم کے بعض لوگون کو زبردستی اپنے ساتھ لائے ہین جو کوئی
تم مین سے بنی ہاشم خصوصاً عباس کو پائے تو قتل نہ کرے۔ ابو حذیفہ بن عتبہ بن
ربیعہ نے کہا کہ ہم تو اپنے باپ بھائیون کو قتل کرین اور عباس کو چھوڑ دین قسم اللہ کی اگر مین

اُس تک پہونچون تو اُس کے مُنہ پر تلوار مارون یہ اُن کا کہنا تھا کہ حضور پُر نور رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا مزاج مبارک متغیر ہو گیا۔ آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے ابو حفص سنتا ہے تو کہ ابو حذیفہ کیا کہتا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ اگر اجازت ہو تو مین ابھی اِسے قتل کرون یہ منافق ہو گیا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ یہ پہلی بار تھی کہ حضور پُر نور نے مجھے کنیت سے مخاطب فرمایا۔ ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ مین اپنے اس قول سے ہمیشہ پشیمان ہوتا ہون اور مین نے سمجھ لیا ہے کہ اس گناہ کا کفارہ اگر ہے تو شہادت ہے چنانچہ وہ جنگ یمامہ مین شہید ہوئے۔

منقول ہے کہ مسلمانون نے بدر کے قیدیون کو بند کیا رات کے وقت حضرت عباس رضی اللہ عنہ چلاّتے تھے اِس لئے کہ اُن کی قید بہت شدید تھی بند نہایت سخت بندھے ہوئے تھے حضور رحمۃ للعالمین محب الفقرا انیس الغریبین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جو حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے رونے کی آواز سُنی بیقرار ہو گئے آپ کو نیند نہ آتی تھی صحابہ رضی اللہ عنہم نے بیخوابی کا سبب پوچھا آپ نے فرمایا کہ مجھے میرے چچا عباس کی صدائے دردناک نے بیخواب کر دیا ہے۔ ایک صحابی نے جا کر اُن کے بند ڈھیلے کر دئے عباس رضی اللہ عنہ سو گئے پھر حضرت سرور عالم رحمت مجسم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ اب میرے چچا کے رونے کی آواز نہین آتی اُن صحابی نے عرض کی کہ مین نے اُن کے بند سبک کر دئے ہین آپ نے فرمایا کہ سب قیدیون کی قید سبک کر دو؎

کہدو مجنون سے کہ بیتاب ہی لیلی رات تیری زنجیر کی جھنکار نے سونے نہ دیا

اور چوبیس صنا دید قریش جو مارے گئے تھے اُن کے واسطے حکم ہوا کہ بدر کے کسی کنوئین مین ڈال دو۔ اُمیہ بن خلف کو بھی چاہتے تھے کہ کنوئین مین ڈال دین وہ زرہ پہنے ہوئے

تھا اور نعش اُس کی پھول گئی تھی اُٹھ نہ سکتی تھی اُس کو وہین گڑھا کھود کر دبا دیا
جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم نے مشرکون کی لاشون کو کنوئین
مین ڈالنے کا حکم فرمایا تو عتبہ بن ربیعہ کو پکڑ کر خاک پر گھسیٹتے تھے ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ
اُس کے بیٹے تھے یہ اُن کو مکروہ معلوم ہوتا تھا حضور پرنور نے اُن سے پوچھا کہ تیرے
دل مین تیرے باپ کے حال سے کیا خیال گزرا ہے ابو حذیفہ نے عرض کی یارسول اللہ
قسم ہے اللہ تعالیٰ کی کہ اسلام مین کچھ شک نہین ہے مگر میرا باپ مرد ذی راے تھا
اور حکمت وفضیلت اور آداب و اخلاق اچھے رکھتا تھا مین اُمیدوار تھا کہ اُن صفتون
کے سبب سے شاید مسلمان ہوجاے اب دیکھتا ہون کہ اس دولت سے محروم رہا۔
آپ نے ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کے لئے دعاے خیر کی۔

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جنگ بدر کے روز لشکر
اسلام کی تین تقسیمین تھین ایک گروہ دشمن سے مقابلہ کرتا تھا اور ایک گروہ قیدیون
کو گرفتار کررہا تھا اور مال ومتاع اور سلاح جنگ اور اونٹ گھوڑے جمع کررہا تھا۔
اور ایک گروہ عریش کے گرداگرد حضور پرنور کی حفاظت مین سرگرم تھا اور اس گروہ
مین اخص الخاص لوگ تھے ۔ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر وغیرہم رضی اللہ عنہم اس مین
تھے اور بہادران شیردل اوّل گروہ مین تھے مثل حضرت سید الشہدا حمزہ و سیدنا علی
وغیرہم کے رضی اللہ عنہم یہ جتنے صحابہ تھے مرتبہ صحابیت مین سب کا مرتبہ برابر تھا جیسے کہ
اللہ تعالیٰ شانہ فرماتا ہے کہ رسول من حیث رسالت سب برابر ہین لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ
اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۔ مگر صفتین اُن کی جدا جدا ہین ۔ کوئی خلیل ہے ۔ کوئی کلیم ہے
کوئی حبیب ہے ۔ تفضیل صحابہ مین ہمین بحث کرنی منظور نہین رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے جتنے آثار ہین عمامہ جبّہ تہبند نعلین ہمارے واسطے سب کی
تعظیم یکسان ہے ہر ایک کا ان تینون گروہون مین سے مدعا یہ تھا کہ ہمارے اندر تقسیم ہو

جب حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم منزل صفرا وادی مین ایک ٹیلے پر اُترے تو مال غنیمت کو تمام حضار بدر پر اور اُن آٹھون آدمیون پر کہ عذر کی وجہ سے حسب حکم حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ منورہ مین رہ گئے تھے برابر تقسیم فرمایا اور اُن آٹھ آدمیون مین تین مہاجر اور پانچ انصار تھے ایک حضرت عثمانؓ بن عفان تھے کہ اپنی زوجہ رُقیہؓ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی بیماری کے سبب سے حسب الحکم حضور پر نور رہ گئے تھے۔ دوسرے طلحہ اور تیسرے سعید رضی اللہ عنہما کہ جاسوسی کے واسطے گئے ہوئے تھے۔ اور انصار مین سے ایک ابولبابہ رضی اللہ عنہ کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُن کو مدینہ کا خلیفہ کرکے راہ سے لوٹا دیا تھا ابن اُمّ مکتوم کی جگہ پر۔ دوسرے عاصم بن العجلانی تھے کہ اہل عوالی مدینہ پر اُن کو خلیفہ کیا تھا۔ اور تیسرے حارث بن حاطب تھے کہ اُن کو روحا کی منزل سے کسی کام کو بنی عمر بن عوف مین بھیجا تھا۔ چوتھے حارث بن علقمہ اور پانچوین خوات بن جبیر کہ یہ دونون گر پڑے تھے اور بدن مین کسی جگہ سخت چوٹ آگئی تھی ان دونون کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جنگ کے قابل نہین سمجھا اُن کو بھی راستہ سے لوٹا دیا۔ اور مال غنایم سے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے **ذوالفقار** کو کہ منبہ بن حجاج کی تلوار تھی اور ابوجہل کی سواری کا اونٹ خاص اپنے واسطے اختیار فرمایا حضور کی وفات شریف کے بعد یہ ذوالفقار حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہٗ کو پہنچی۔ یہ عام مین مشہور ہے کہ ذوالفقار عرش سے آئی تھی اُس کی کچھ اصل نہین ہے جو اُس کی روایت ہے وہ ناظرین کتاب کے ملاحظہ کے واسطے موجود ہی **مروی** ہے یہ فتح جمعہ کے دن سترھوین رمضان مبارک کو ہوئی تھی۔

خبر فتح بدر جو بتاریخ ۱۷- ماہ مبارک رمضان روز جمعہ سنہ ۲ ہجری مین واقع ہوئی اور اہل عوالی و سوافل مدینہ کو بھیجی گئی

روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عبداللہ بن رواحہ کو اہل عوالی یعنی مدینہ کی بلند زمین کے رہنے والون کے پاس یہ خبر فتح لیکر بھیجا اور زید بن حارثہ کو اہل سوافل یعنی مدینہ کی نشیبی زمین کے رہنے والون کے پاس روانہ کیا کہ اُن کو مفصل یہ خبر سنا دین اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ یہ خبر ہمارا باپ اُس وقت ہمارے پاس لایا ہے کہ جب حضرت قرۃ العینین جناب رسول الثقلین بی بی رقیہ بنت محمدؐ صلعم یعنی زوجہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی تجہیز و تکفین سے فراغت پا چکے ہین- اہل مدینہ اُن سے حالات جنگ دریافت کرتے تھے اور وہ بیان کرتے تھے اور سامعین تعجب کرتے تھے- جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تشریف لائے اور اہل مدینہ آپ کی پیشوائی کے واسطے حاضر ہوئے اور صنادید قریش کو اسیرون مین دیکھا جب اِس فتح کا یقین ہوا اور بدر سے مراجعت کے وقت حضور پرنور نے حکم فرمایا کہ اسیرون مین سے دو کافرون کو قتل کر ڈالین ایک نضر بن حارث کو کہ مکہ مین اس نے حضور کو بڑا رنج دیا تھا اور ہمیشہ جھگڑتا تھا اور دوسرا عقبہ بن ابی معیط کو کہ وہ بھی آپ کو ایذا دیا کرتا تھا اونٹ کی اوجھڑی اسی نے ابوجہل مردود کے حکم سے نماز کی حالت مین حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی پشت مبارک پر رکھ دی تھی **منقول** ہے ایک کافر جنگ بدر سے بھاگ کر مکے مین پہونچا اُس سے مکے کے لوگون نے پوچھا کہ کیا خبر ہے اُس نے بیان کیا کہ فلان

فلان سرداران قریش مارے گئے وہ لوگ یہ خبر وحشت اثر سنکر نہایت متحیر ہوئے اس مجمع مین ابوسفیان بھی اُس طرف سے بھاگا ہوا آیا اُس سے ابولہب نے وہان کا حال پوچھا اُس نے کہا جب ہم مسلمانون کے مقابلے مین پہونچے تو نہایت عاجز اور بےبس ہو گئے ہمنے دیکھا کہ ہمارے سلاح چھینتے تھے اور مشکین باندھ لیتے تھے اور زمین و آسمان کے درمیان سفید پوش آدمی ابلق گھوڑون پر سوار نظر آتے تھے اُن کے مقابلے کی ہم مین سے کسی کو جرأت نہ تھی۔ ابورافع حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا غلام بھی اُس مجمع مین تھا وہ بول اُٹھا کہ واللہ وہ فرشتے تھے ابولہب یہ سنکر نہایت خشمناک ہوا اور اُسے ایک گھونسا مارا کہ وہ چت گر پڑا یہ کافر اُس کے چھاتی پر چڑھ بیٹھا اور لاتون سے مارنے لگا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی بی بی یہ خبر سنکر گھر مین سے آئین اور ابولہب کے سر پر ایک ڈنڈا رسید کیا اور غلام کو اُس سے چھڑا لیا بعد اس واقعہ کے اُسی ہفتہ مین ابولہب عارضہ عدسہ سے ایک قسم کا دانہ گردن پر ہوتا ہے مر گیا اور چونکہ وہ نہایت خوفناک عارضہ ہوتا ہے لہذا کوئی آدمی اُس کے پاس نہ گیا مزدورون نے اُٹھا کر گڑھے مین ڈال دیا اور مٹی سے چھپا دیا تین روز تک لاش اُس کی پڑی سڑا کی صاحب روضۃ الاحباب نے یہ واقعہ اسی طرح لکھا ہے۔

مروی ہے کہ بعد فتح حضور پُرنور نے فرمایا کہ کوئی ابوجہل کی خبر لاوے کہ اُس کا کیا حال ہوا عبداللہ بن مسعود نے عرض کیا کہ مین جاتا ہون۔ پھر وہ گئے اور اُس کو مُردون مین پایا کچھ جان اُس مین باقی تھی ابن مسعود رضی اللہ عنہ اُس کے سرہانے بیٹھے اور اُس کی ڈاڑھی پکڑی اور کہا کہ اے ابوجہل تو وہی ہے اور آج اس ذلت و خواری کے ساتھ پڑا ہوا ہے اخزاك اللہ یا عدو اللہ ابوجہل نے کہا کیا اچھا ہوتا جو دہقان کے سوا کوئی اور آدمی مجھ کو قتل کرتا۔ یہ تعریض اُس کی انصار کی طرف تھی کہ وہ لوگ زراعت پیشہ تھے پھر اُس نے پوچھا کہ فتح کس کی ہے ابن مسعود رضی اللہ عنہ

نے کہا فتح اللہ اور اللہ کے رسول ص کی ہے اور کہا کہ تو فرعون سے بھی بدتر ہے کہ وہ جب ڈوبنے لگا تو اُس نے اپنے دل مین انصاف کیا اور اپنی خطا کا مقر ہوا اور موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ مین تمھارے رب پر ایمان لایا مگر تو نے اب تک گمراہی سے مُنہ نہ موڑا۔ ابن مسعود کہتے ہین کہ مین نے اپنی تلوار اُس پر ماری مگر اُس نے کام نہ کیا تو مین نے اُسی کی تلوار اُس کی کمر سے نکالکر اُس کا سر کاٹا اور خاک مذلت پر گھسیٹتا ہوا حضور پُر نور کے روبرو لاکر ڈال دیا۔

ابوجہل کا سر ابن مسعود کاٹ کر حضور مین لائے ہین سنہ دو ہجری کا واقعہ ہے مین نے اس کی تاریخ سر بوجہل سے نکالی ہے

حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پروردگار تعالیٰ شانہ کے حضور مین سجدۂ شکر ادا کیا **فقیر محمد اکبر عرض کرتا ہے** کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ابوجہل کے قتل کی خوشی نہ ہوئی کیونکہ شخص جس کو تھوڑی سی عقل ملی ہے وہ بھی سمجھتا ہے کہ ایک دن میرے لئے بھی فنا ہونے کا مقر ہے۔ حضرت نے اُس کے مال ومتاع مین سے کچھ نہ لیا اُس کے باغات وزمین وخزائن مین سے کچھ نہ لیا آپ جس کام کے واسطے اللہ تعالےٰ شانہ کے حضور سے بھیجے گئے تھے اُس کا یہ سدِ راہ تھا وہ کفر کا پہاڑ سرزمین عرب سے دور ہوگیا وہ صحابی جو بالکل محتاج اور مفلس تھے اُن پر جو ظلم وستم ہو رہے تھے اُن کو اُس سے نجات ملی اور دوسرون کے واسطے راستہ صاف ہوگیا جیسے بادشاہ کسی ظالم غنیم پر لشکر کشی کرتا ہے اور اُس کی فوج کا افسر اُس ظالم غنیم پر غالب ہو جاتا ہے تو وہ افسر دل مین کتنا خوش ہوتا ہی حالانکہ اُس نے

ظالم کے مال سے کچھ نفع نہین اُٹھایا اُس کا سب ملک و مال بادشاہ کا ہے یہ افسر صرف اپنے فرض منصبی کے ادا ہونے پر خوش ہوا ہے ویسی ہی خوشی حضرت کو ہوئی کہ خداشناسی کا راستہ کانٹون سے جو بھرا ہوا تھا صاف ہوگیا اب طالبانِ خدا کو اس مرحلہ مین کچھ کھٹکا نہ رہا اس غزوہ مین ستر مشرک مارے گئے اور ستر اسیر ہوئے اور مسلمانون مین سے چودہ آدمی شہید ہوئے۔ آٹھ انصار مین سے ان مین چھ خزرجی اور دو اوسی تھے کذا فی روضۃ الاحباب۔ ان شہداے بدر کے حق مین جب کہ کفار نے طعن کی کہ وہ بغیر لذت اُٹھائے دنیا سے مرگئے تو اللہ تعالیٰ شانہ نے اُن کے واسطے یہ آیت نازل فرمائی وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ یعنی نہ کہو جو کوئی مارے جاوین اللہ تعالیٰ کی راہ مین کہ یہ مردہ ہین نہین بلکہ یہ زندہ ہین تم کو ان کے مرتبہ اور مقام سے خبر نہین ہے کہا **حسن** نے کہ شہدا زندہ ہین اپنے رب کے پاس پیش کیے جاتے ہین اُن کی روحون پر رزق وہ کھاتے ہین اور اُس سے اُن کو فرحت و تازگی حاصل ہوتی ہے اور کہا مجاہد نے کہ رزق دیا جاتا ہے اُن کو یعنی جنت کے میوے اور جنت کے پھولون کی خوشبو سونگھتے ہین اور حال یہ ہے کہ وہ جنت مین نہین ہین حاصل کلام یہ ہے کہ وہ ایسے مقام مین ہین کہ جہان جنت کی ہوا آتی ہے اور جنت کے میوے اُنہین پہنچتے رہتے ہین یہ بات نص سے ثابت ہے۔ اور **قاضی بیضاوی** کے نزدیک یہ امر محقق ہے کہ روح ایک جوہر ہے جو قائم بالذات ہے اور وہ موت کے بعد بھی باقی رہتا ہے اور اُس کو ادراک ہوتا ہے اور اُن کو خصوصیت ہے قرب و منزلت مین اپنے پروردگار تعالیٰ شانہ کے ساتھ۔ کہا **امام زاہد** نے کہ بے شک شہدا کو لذت حاصل ہوتی ہے رزق کی جیسا کہ فرمایا يُرْزَقُونَ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ اور روحین اُن کی پرندون کے جسمون مین ہین چرتی پھرتی رہین گی جنت مین

قیامت تک انتہی۔ یہ بیان جنگ بدر کا کیا گیا ہے قرۃ العیون شرح سرور المحزون سے
اگرچہ مضمون مکرر ہوتا ہے مگر شوقین ناظرین کی نظر پربار نہوگا
مختصر طریقہ سے لکھتا ہون۔ میری بائین آنکھ ساتھ چھوڑنے
پرآمادہ ہے دائین آنکھ کو اللہ تعالےٰ قائم رکھے لکھے جاؤنگا
شاعری چھوٹ گئی اب تو یہی ذریعہ نجات ہی اللھم آمین
صاحب تفریح الاذکیا لکھتے ہین کہ بروایت صحیحہ ثابت ہے اس جنگ مین ابوجہل
وغیرہ ستر کافر قتل ہوئے اور ستر آدمی گرفتار ہوئے اور ابولہب فتح بدر سے ساتوین دن
عارضہ عدسہ مین مبتلا ہو کر مرگیا چونکہ مرض مہلک اور متعدی تھا تین دن تک بے گور وکفن
پڑا رہا آخرکار مزدورون نے گڑھا کھود کر پتھر سے پاٹ دیا۔ چلو خس کم جہان پاک کہنے کو تو
قریش اور بنی ہاشم سب کچھ اُس کے نام کے ساتھ لگا ہوا تھا مگر کسی لقب نے عزت
نہ بخشی اللہ تعالیٰ شانہ تو خالق کُل مخلوقات ہے مگر انتظام دنیا بھی کوئی چیز ہے اگر آدمی
بھی مطلق العنان کردئے جاتے حیوانون کی طرح تو پھر ان مین اور حیوانون مین کیا
فرق باقی رہتا۔ کچھ بھی نہین سب کے سب ایک ہی صحرا مین چلتے پھرتے نظر آتے۔
اللہ تعالیٰ شانہ نے جب انسانی مخلوق کو پیدا کیا تو اسے تمغاے شرافت عطا فرمایا
اور پھر اس تمغا یافتہ مخلوق کو بادشاہ کائنات مقرر کیا چونکہ انسان اشرف المخلوقات اور
بادشاہ قرار پایا تو اس کو رعایا کے امن وامان کے واسطے قوانین بنانے کی قوت
بخشی گئی تاکہ اپنی رعایا کے حقوق کی حفاظت کرے اور کوئی غالب کسی مغلوب کا
حق نہ تلف کرے ایک دوسرے کی عزت کی نگرانی کرتا رہے حیوانون کی طرح آزاد
نہ ہونے پائین انہین انسانون مین سے ایک شخص کو پروردگار تعالیٰ شانہ نے رسالت
کا اعزاز بخشا اور نبوت کا خلعت عنایت فرمایا اب نبیؐ منتظم امور بندگان خدا ہے

پہلا فرض منصبی اس کا یہ ہے کہ یہ بندگان خدا کے ذہن نشین کردے کہ تم اس سے پہلے کہ جو اب ہو کچھ بھی نہ تھے نہ تم نہ تمہارے باپ دادا دیکھو سورۂ ھل اتیٰ کی پہلی آیت جس کا ترجمہ یہ ہے کہ انسان پر ایک زمانہ ایسا گذرا ہے کہ وہ کوئی شے نہ تھا۔ پروردگار تعالیٰ شانہ اُس معدوم شے کو وجود مین لایا اور اُس کا نام انسان رکھا اور اس انسان کے پیدا کرنے سے غرض اُس کی یہی تھی کہ میری بندگی کرین اور جتنی مین نے انہین عقل دی ہے اُس کے موافق مجھے پہچانین لہذا حضرت آدم علیہ السلام کو پروردگار تعالیٰ شانہ نے **روشن دماغ** بنا کر دنیا مین بھیجا اور اپنی معرفت کے اصول انہین تعلیم کردئے یہ دنیا مین آئے اور تعلیم الٰہی کے موافق اپنی اولاد کو معرفت حق تعالیٰ شانہ کی راہ دکھاتے رہے جو اُن کی اولاد مین فرزند رشید ہوا وہ اُن کا جانشین اور وصی قرار پایا اور دوسری اولاد اُس فرزند رشید کی تبع یعنی پیرو ہوئی اُن کا نام **نبی** اور اُن کے دوسرے **بھائیون کا نام امت** ہوا نبی کو پروردگار تعالیٰ شانہ کی طرف سے یہ اختیار ملا کہ ان کو ہماری معرفت کے طریقے تعلیم کرو ہماری صنعتون کے ملاحظہ کرنے کی ترکیب بتاؤ اتحاد بین الاقوام کے فوائد سکھاؤ تاکہ ایک کو دوسرے سے فائدہ پہونچتا ہے اور یہ سلسلہ ابدالآباد تک قائم رہے جس سے دین کے پیرو دین مین اور دنیا کے دلدادہ دنیاوی امور مین ترقی کرتے رہین۔ الحمد للہ کہ رفتہ رفتہ وہ زمانہ آیا کہ نوبت حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی پہونچی اُس وقت یہ **باغ دنیا** جو کسی زمانے مین گل وریحان کا چمن تھا یعنی خدا پرستون کا دور وہ سرسبز چمن پھولون سے بالکل خالی تھا سوائے خس وخار کے ایسے ہرے بھرے باغ مین کچھ بھی نہ تھا جدھر جائیے جنگل کے جنگل کریل اور ببول کے کانٹون سے بھرے پڑے ہین **بیت اللہ** بتون کا گھر اور بت پرستون کا ٹھاکر دوارا ہے **عرب کی جان بلکہ جان جملہ جہان** سب کے ایمان بلکہ ایمانِ ملائکہ وانسان ساری مخلوق کے محبوب بلکہ محبوب خالق مخلوق

صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم ملک عرب مین پیدا ہوئے اور حکم کیے گئے کہ تمام دنیا کو ہماری بندگی نئے سرسے تعلیم کرو اور اگر تمہارا حکم نہ مانین تو جو طریقہ مناسب سمجھو عمل مین لاؤ جب آپ نبی ہوئے تو آپ نے قوم کو اللہ تعالےٰ شانہ کی طرف بلایا جن کی تقدیر مین دولت ایمان تھی روز اوّل لبیک پکار اُٹھے یعنی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ع

تصدیق نخستین ز دل صدیق است

پھر کیا تھا آفتاب اسلام کی کرنین مطلع کے کنارے سے چمکنے لگین مگر جو بدقسمت لوگ تھے اُن کو قضا میدان بدر مین لے آئی اور وہ کور باطن بدر کے کنوئین مین گرادیے گئے

ہ للہ الحمد ہران چیز کہ خاطر میخواست ۔ آخر آمد زپس پردۂ تقدیر برون

فقیر محمد اکبر کا مضمون تمام ہوا اب مقدس اور پاکیزہ کتابون کی روایتین تحریر ہوتی ہین۔

روایت ہے کہ جب اشراف قریش بقصد امداد قافلہ مکّہ سے برآمد ہوئے تو بنی عدی نے اُن کا ساتھ دینے سے انکار کیا اور ابولہب نے عاصی ابن ہشام بن عدی خواہ ہشام بن المغیرہ کو باجرت اپنے بدلے مین ہمراہ قریش کیا اور اُمیّہ ابن خلف نے بخوف قتل اوّل تو انکار کیا مگر ابوجہل نے باصرار تمام ہمراہ لے لیا۔

فائدہ امیہ بن خلف کے انکار کا سبب یہ تھا کہ سعد بن معاذ بعد ہجرت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم مکّہ مین آئے چونکہ حضرت سعد بن معاذ سے اور اُمیہ سے دوستی تھی اُسی کے مکان مین ٹھیرے ایک دن حضرت سعد بن معاذ اُمیّہ کے ساتھ طواف بیت اللہ کررہے تھے ابوجہل نے جو دیکھا تو پکار کر اُمیّہ سے کہا کہ تم کیون اُن سے دوستی کرتے ہو اُنھون نے تو دین بدلنے والون کو اپنے گھر مین ٹھیرایا ہے۔ مراد ابوجہل کی اس تقریر سے یہ تھی کہ سعد قوم انصار سے تھے اور انصار حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کو مدینہ لے گئے اور اپنے گھر مین حضرت خواجۂ عالم صلی اللہ علیہ و

آلہ واصحابہ وسلم کو رکھا حضرت سعد بن معاذ نے جو ابوجہل کا یہ کلام سنا تو جھڑک کر اُس سے کہا اگر تم ہمارا یہان کا آنا بند کرو گے تو ہم تم کو ایسے مقام پر روکین گے کہ تم کو مشکل پڑجائیگی یعنی تمہارے تجارتی قافلے شام کے ملک مین نہ جاسکین گے۔ اُمیّہ نے حضرت سعد بن معاذ سے کہا کہ اے سعد ابوجہل سردار قوم ہے تو اُس سے اس سختی سے کلام نہ کر حضرت سعد نے فرمایا کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے سنا ہے کہ ابوجہل ہی تیرے قتل کا سبب ہوگا جب ابوجہل نے ترغیب و تحریص قتال قضیہ بدر مین شروع کی تو اُمیّہ کو حضرت سعدؓ کا مقولہ یاد آیا اور ڈر کر جنگ بدر کی شرکت سے انکار کیا یہان تک کہ ابوجہل ایک سرمہ دان اُس کے پاس لے گیا اور کہا کہ تو مرد نہین ہے یہ سرمہ دان لے اور عورتون کی طرح اپنی آرایش کر اور گھر مین بیٹھا رہ اور اس کے سوا بہت سے طعنے دئے شرماشرمی اُمیّہ نے اُس سے شرکت کا وعدہ کیا اور جنگ بدر مین آیا اور مارا گیا جیسا کہ اُس کے بیٹے اور خود اُس کے قتل کا واقعہ اوپر گذر چکا ہے یہ بھی حضرت نبی صادق صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ایک معجزہ تھا۔

بالجملہ مردود ابوجہل بڑے ساز وسامان سے بدر کی جانب روانہ ہوا اور ابوسفیان نے اپنے جاسوسون کے خبر دینے کے سبب سے بدر کی راہ چھوڑ دی ساحل کے راستے سے قریب مکہ پہونچکر سردارانِ قریش کو اطلاع دی کہ قافلہ بہمہ وجوہ محفوظ یہان تک پہونچ گیا ہے اب تم لوگ پھر جاؤ ابوجہل نے کہا یا اُس کے سر پر جو اجل کا پیادہ سوار تھا اور کشان کشان لئے جاتا تھا اُس نے کہا کہ ہم ہرگز نہ پھرینگے اور مقام بدر مین تین دن قیام کرینگے اونٹون کے کباب کھائین گے عمدہ قسم کی انگوری شرابین پئین گے اور اچھی طرح داد عیش دینگے تاکہ ہماری شوکت قبائل عرب پر خوب ثابت ہوجائے وہ مردود ازلی تو اس لشکر کا پیشوا بنا ہوا ابوجہل کی صحبت مین داخل ہی تھا اُسنے بھی

اپنے پاؤن کے جوتے سے جھوٹے مردود ابوجہل کی خوب پیٹھ ٹھونکی اور اپنے ارادے
مین اُسے اچھی طرح مضبوط کر دیا اجل کا پیادہ بھی جو اُس کے سر پر سوار تھا اُس نے
بھی اُس کے مصاحب سے کہا کہ شاباش پٹھے (یعنی الو کے پٹھے) اس کو پلٹنے نہ دیجیو
اسی لشکر کی شکست پر اسلام کی دوامی فتح منحصر ہے الغرض اَخنَس بن شریق سردار
بنی زہرہ نے اپنے گروہ سے کہا کہ تم پھر چلو یہ بدخوا ابوجہل ناحق کی لڑائی مول لیتا
پھرتا ہے لہذا بنی زہرہ اُسی مقام سے پلٹ آئے یہ خبر ابوسفیان کو ہوئی اُس نے
افسوس کے ساتھ ابوجہل سے کہا کہ تو نے اپنے جہل سے کام لیا ہے ضرور تو قوم
قریش کو تباہ کریگا ابوسفیان کی مرضی اس لشکر کشی کی نہ تھی مگر ابوجہل کی خودرائی
نے ابوسفیان کی راے کو دبا لیا ناچار اُس کا ساتھ دینا پڑا اور اصل سخن تو یہ ہی کہ
امر تقدیری جس ساعت مین جس آدمی کے واسطے مقدر ہے اُسی ساعت مین ہوگا
اُس کے واسطے ایک ساعت کی بھی تقدیم وتاخیر نہین ہے **عقیل** حضرت سیدنا علی
کے بڑے بھائی اور **عباس** حضرت حمزہ سید الشہدا کے بھائی یہ دونون لشکر ابوجہل
مین موجود ہین اور حضرت سیدنا علی اور حضرت سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہما لشکر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین سلسلہ سخن یہ تھا کہ ابوسفیان بجمیر لشکر ابوجہل
کے ساتھ بدر مین داخل ہوا اور حبیب زخمی ہو کر راہ گریز اختیار کی ہے تو وقت فرار
کہتا تھا کہ ایسا خوفناک مقام مین نے نہین دیکھا خدا کی قسم ابوجہل مردنا مبارک ہی
یہ جملہ معترضہ تھا جو ابوسفیان اور ابوجہل کے حال مین لکھا گیا ہے اگرچہ یہ سیاق تحریر
اس زمانہ کے ادب کے موافق نہین ہے مگر مجھے اُس کی اصلاح کرنے کی جراُت
نہ ہوئی۔ الغرض جب لشکر ابوجہل وادی صفرا یا روحا مین پہونچا تو حضرت جبرئیل امین نے
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو خبر دی کہ قریش ساز وسامان سے چڑھے آتے
ہین حضرت سید الشاکرین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اصحاب سے مشورت کی

تو یارون نے اللہ اُن سے راضی ہو عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم آپ نے قتال کا ذکر نہ کیا کہ ہم اُس کا سامان درست کرتے حضرتؐ نے فرمایا کہ قافلہ نکل گیا یہ ابو جہل آیا ہے بعض اصحابؓ نے عرض کیا کہ قتال کو چھوڑ کے جانب قافلہ روانہ ہون اس بات پر حضرت سید المتوکلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ناراض ہوئے تو حضرت سیدنا صدیق اکبر اور حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے جو اُس وقت اُس مجلس کے مناسب حال تھی وہ تقریر کی اور وہ تقریر نہایت شائستہ اور پر معنی تھی حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اُن کی تقریر سے بہت خوش ہوئے اور اُن کے واسطے دعا فرمائی پھر مقداد بن عمرو الاسود نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جو کچھ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے بجا لائیے ہم جانبازی کے واسطے حاضر ہین ہمارا مقولہ یہ نہین ہے جو بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا اِذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا اِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ ترجمہ آپ جائیے اور آپ کا رب جائے ہمتو ہین بیٹھے رہین گے حضور ہم تو یہ عرض کرتے ہین کہ ہم آپ کے ساتھ ہین آگے پیچھے داہین بائین ہر طرف سے لڑین گے اور جہان تک آپ ہمین لیجائین گے ہم جائین گے اور کچھ عذر نہ کرینگے اگرچہ برک الغماد تک ہو۔ چونکہ انصار نے بیعت عقبہ کے وقت یہ عہد کیا تھا کہ جو کوئی آپ پر مدینہ مین چڑھکر آویگا اُس سے ہم لڑینگے یہ نہین کہا تھا کہ ہم آپ کے ساتھ مدینہ سے باہر بھی نکل کر لڑینگے آپ نے ایسی تقریر کی جس سے انصار سمجھ گئے کہ آپ کو اُس معاہدے کے موافق یہ خیال ہے کہ شاید ہم مدینہ کے باہر کی جنگ مین آپ کے شریک نہ ہون گے لہذا انصار نے عرض کیا کہ ہر چند ہمارا معاہدہ مرافقت کا وہی تھا جیسا حضور پرنور کے خیال مین ہے لیکن ہم نے آپ کے دست مبارک پر بیعت کی ہے ایمان لائے ہین آپ کو نبی برحق جانتے ہین ہماری جان آپ کی نعلین پر

فدا ہے آپ کہین جائین ہم آپ کے ساتھ ہین آپ اگر ہمین سمندر مین گھس جانے کا
حکم دین تو ہم ضرور اُس مین کود پڑین گے اور کسی طرح ہمین آپ کے دشمن سے لڑنے
مین عذر نہ ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ آپ جنگ کے وقت ہماری جان نثاری سے
رضامند ہونگے اس گفتگو سے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم بہت خوش
ہوے اور کہا چلو اللہ تعالے پر بھروسہ کرکے مین اُن کے قتل و مقتل کو اس طرح
دیکھتا ہون گویا پیش نظر ہے بعض کے نزدیک یہ التماس سعد بن عبادہ کا ہے
مگر ان کو ابن اسحٰق اور ابن عقبہ نے بدریون مین شمار نہین کیا ہے اور مدائنی اور
کلبی نے ان بدر مین لکھا ہے وہو الصحیح مسلم نے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ
عنہ نے بیان کیا ہے اہل بدر کے حال مین کہ ہمین حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم
نے ایک ایک کافر کی جائے قتل جو بدر مین قتل ہوے ایک دن پہلے دکھادی
تھی اور فرمایا تھا کہ کل اس جگہ فلان قتل ہوگا انشاء اللہ تعالی اور اس جگہ فلان
قتل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ قسم ہے اُس ذات کی
جس نے جناب رسولؐ خدا کو دین حق پر نبی کرکے بھیجا کسی کافر نے اُس جگہ سے تجاوز
نہین کیا مین اُس کی نعش پڑی ہوئی تھی **یا اللہ تو سچا اور تیرا رسولؐ سچا**
الغرض جب حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے یون فرمایا تو اصحاب رضی اللہ
عنہم کو قوت ہوئی اور حضور کے ہمراہ رکاب ہوے جب حضور پر نور مقام بدر مین مانند
ماہ شب چہار دہم کے جلوہ افروز ہوے تو اپنے لشکر ظفر پیکر کو عدوہ دنیا پر اُتارا اور
مشرکین نے عدوہ قصوے پر جیسا کہ پروردگار تعالیٰ شانہ نے سورہ انفال
مین فرمایا ہے اذ انتم بالعدوۃ الدنیا وھم بالعدوۃ القصوی
والرکب اسفل منکم یعنی جس وقت تم تھے ورے کے ناکے اور وہ پرے کے
ناکے اور قافلہ اُتر گیا نیچے تم سے - اور حال یہ تھا کہ مابین دونون لشکرون کے جنگل

حائل تھا کہ ایک کو دوسرے کی خبر نہ تھی اوّل حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم مع ایک صحابی کے سوار ہوئے اور جنگل مین پھرنے لگے تو ایک شخص بڑی عمر کا
ملا حضرت نے اُس سے پوچھا کہ تجھ کو محمدؐ اور قریش کی کچھ خبر ہے اُس نے کہا کہ یہ
بات مین تمہین جب بتلاؤنگا کہ پہلے تم کہدو کہ ہم فلان مقام کے ہین حضرتؐ نے
فرمایا کہ جب تک تو نہ کہیگا ہم نہ کہین گے اُس نے کہا کہ سنا ہے محمدؐ مع اصحاب
فلان روز مدینہ سے نکلے ہین اگر یہ خبر راست ہے تو آج فلان مقام پر ہونگے
یعنی عدوہ دنیا پر اور یہ بھی سنا ہے کہ قریش فلان روز مکے سے نکلے ہین اگر یہ بات
سچ ہے تو وہ فلان مقام پر ہونگے یعنی جہان لشکر کفار تھا اُس پیر مرد نے کہا کہ
اب تم بتاؤ کہ کہان سے آئے ہو آپ نے فرمایا نَحْنُ مِنَ الْمَاءِ اُس نے یہ سمجھا
کہ یہ لوگ اہل عراق ہین اس لئے کہ اہل عرب کے محاورے مین عراق کو اہل الماء
کہتے ہین بسبب سیرابی ملک کے وہان نہرین اور چشمے بہت ہین اور حضور پرنور نے
توریہ فرمایا غرض یہ تھی کہ ہماری آفرینش پانی سے ہے یعنی نطفہ سے پھر آپ اپنی
منزل پر تشریف لائے جب رات ہوئی تو حضرت علی مرتضےٰ اور زبیر بن العوام اور
سعد بن ابی وقاص کو روانہ فرمایا کہ تم خبر لاؤ وہ گئے تو قریش کے پانی بھرنے والے
سے ملے وہ بھاگے صرف اسلم غلام بنی الحجاج کا اور عریض غلام بنی العاص سعید
بن سعد کا ہاتھ لگا اُن دونون کو پکڑ لائے اُس وقت حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نماز مین تھے اصحاب نے پوچھا کہ تم کون ہو اُن دونون نے کہا کہ
ہم بہشتی ہین اصحابؓ نے اس کو جھوٹ سمجھ کر ڈرایا تو اُنھون نے کہا کہ ہم
ابوسفیان کے غلام ہین جب حضور سرور عالمؐ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے
فرمایا کہ تم نے سچ کو جھوٹ جانا اور جھوٹ کو سچ - واللہ یہ دونون قریش کے غلام
ہین پھر جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُن غلامون سے

پوچھا قریش کہان ہین اُن دونون نے کہا عدوۂ قصویٰ پر پوچھا کتنے ہین اُنہون نے
کہا یہ نہین معلوم حضور پر نور نے پوچھا کہ کتنے اونٹ روز نحر ہوتے ہین اُن دونون
نے کہا کہ ایک روز نو اور دوسرے روز دس حضور پر نور نے فرمایا کہ ہزار سے کم
نوسو سے زیادہ پھر اُن سے پوچھا کہ اشراف قریش کون کون ہین غلامون نے کہا
عتبہ اور شیبہ پسران ربیعہ ابو البختری حکیم بن حزام حارث بن عامر طعیمہ بن عدی
نضر بن حارث زمعہ بن الاسود ابن الحنظلہ ابوجہل امیہ بن خلف بنیہ اور منیہ پسران
حجاج سہیل بن عمر عمر بن عبد ود حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
ان کے اسمار سنکر فرمایا مکہ نے اپنے جگر گوشے یہان بھیج دئے ہین الغرض قریش کا
حال اس طرح معلوم ہوا اور بھاگے ہوے لوگون مین سے ایک شخص عجز نامی نے
لشکر اسلام کی خبر قریش کو پہونچائی تھی کہ قریش مین اضطراب تھا پھر عجیب اتفاق
ہوا کہ شب کو بعض مسلمانون کو احتلام ہو گیا اور موقع ایسا تھا کہ لشکر اسلام
پانی سے دور اور کفار نزدیک اب غسل اور وضو کی مشکل پڑی اور زمین ریتے کی
کہ جس پر پاؤن نہ ٹھیرتے تھے صبح کو لڑائی کا سامنا تھا اس سبب سے اہل اسلام
کو تردد لاحق ہوا اور نہایت فکر پیدا ہوئی کہ یہ تو شکست کے آثار ہین طرح طرح کے
وسوسات شیطانی پیدا ہونے لگے حضور پر نور نے جب یہ باتین معلوم کین تو جاجت روائے
عالم پرور دگار تعالیٰ شانہ کے حضور مین رجوع فرمائی اور راز و نیاز کی عرض و معروض
ہونے لگی فوراً باران رحمت کو حکم ہوا اُس نے زمین پر چھڑکاو بھی کر دیا اور مسلمانون کا
حمام بھی درست کر دیا پس بندگان خدا اپنے خداوند کا شکر ادا کرکے دست بہ قبضہ
ہوگئے اور تمام وسوسات شیطانی دور ہوگئے اور کافرون پر یہ مشکل پڑی کہ جہان وہ
پڑے ہوے تھے وہ زمین سخت تھی پانی جو برسا کیچڑ ہو گئی کفار چلنے پھرنے سے مجبور و
معذور اُن لوگون نے سمجھ لیا کہ بس کفر کی گرما گرمی سرد ہو چکی اسی معجزہ کا اشارہ

سورہ انفال میں ہے وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ بس شب
کی اندھیری نے آفتاب عالمتاب سے رخصت حاصل کی اور اذان بلال رضی اللہ
عنہ نے زمین سے آسمان تک کے بسنے والون کو بیدار و ہوشیار کر دیا بعد ادائے فریضہ
صبح حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جنگ کی طیاری کر دی اور سعد بن
معاذ نے عریش عرش نظیر کی طیاری شروع کر دی جناب بن المنذر نے کنوان طیار
کرنے کی تجویز کی چنانچہ فوراً ایک عریش حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عریش کے مثل
بنا لیا گیا جس کی پوشش کھجور کے پتون کی تھی تا اینکہ لشکر کفار غازیان اسلام پر
چڑھ آیا اور یہ چھیڑ نکالی کہ ایک جماعت پانی پینے کے بہانے حوض پر آئے اہل اسلام
نے روکا حضور پرنور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ یہ
پیاسے ہین ان کو پانی پینے دو مگر اسود بن عبد الاسد مخزومی نے قسم کھائی تھی
کہ مین پیونگا اور حوض کو ناپاک بھی کر دونگا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے اُسے
بہت نرمی کے لفظون مین سمجھایا کہ ایسا قصد نہ کر اگر پیاسا ہے تو خوب آسودہ
ہو کر پانی پی لے مگر وہ اجل گرفتہ نہ مانا اور سخت کلامی سے پیش آیا ناچار حضرت
سید الشہدا رضی اللہ عنہ نے اُسے اُسی مقام پر ٹھنڈا کر دیا پہلے وار مین اُس کے
دونون پاؤن قلم ہو گئے اور وہ زمین پر گر پڑا پھر وہ پہلو اور سینے سے سرکتا ہوا
بخیال ایفائے قسم حوض کی طرف بڑھا دوسرے وار مین سرنداردا اُس ہزل گو
کی غزل حیات بغیر مطلع و مقطع کے اور جتنے اشعار اُس کی غزل حیات کے تھے
بے معنی ہو گئے اب یہ سمجھے کہ جنگ کا شعلہ بھڑک گیا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم رونق افروز عریش ہوئے اور حضرت صدیق و عمر و غیرہما
عریش کے گرداگرد حفاظت مین مشغول ہوئے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم نے عریش مین داخل ہو کر دو رکعت نماز ادا فرمائی اور کمال الحاح

زاری سے دعاے نصرت کی صحیح مسلم مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ سجدہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جناب باری تعالیٰ شانہ کے حضور مین عرض کیا کہ یا الٰہی تونے جو مجھ سے وعدہ کیا ہے وہ پورا کر الٰہی کہان ہے وہ فتح جس کا تونے مجھ سے وعدہ کیا ہے یا الٰہی اگر تونے اس جماعت اسلامیہ کو مار ڈالا تو پھر روے زمین پر کوئی آدمی تیری عبادت کرنے کے لئے باقی نہ رہیگا۔ اگر تیری مشیت اس بات کی مقتضی ہوئی کہ مشرک غالب ہون اور ہم فنا ہوجائین تو پرستش تیری بالکل موقوف ہوجائیگی اور تجھے سب باتون کا علم ہے اور اس عرض و معروض کی حالت بہت دراز ہوگئی یہان تک کہ چادر شریف دوش مبارک سے گر پڑی صحیح بخاری مین ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے چادر شریف دوش مبارک پر ڈالی اور بازوے شریف بغل مین لیکر ملتمس ہوے کہ یا رسول اللہ بس کیجئے اللہ جل جلالہ نے جو فتح کا وعدہ آپ سے کیا ہے تو بے شک فتح آپ کو دیگا آپ اُٹھ کھڑے ہوئے اور زرہ پہنے ہوئے عریش سے باہر آئے اور یہ آیت پڑھی سیھزم الجمع ویولون الدبر بل الساعۃ موعدھم والساعۃ ادھیٰ وامر یعنی اب شکست کھائیگا اتفاق اور بھاگین گے پیٹھ پھیر کر بلکہ وہ گھڑی ہی اُن کے وعدہ کا وقت اور وہ گھڑی بڑی آفت ہے اور بہت کڑوی چنانچہ یہ پیشین گوئی ظاہر ہوگئی یعنی اس آیت مین اللہ تعالےٰ شانہ نے خبر دی کہ مشرکین مکہ کو جناب رسول مقبول کے مقابلہ مین شکست ہوگی اور یہ لوگ بھاگ جائینگے چنانچہ بدر کے روز یہ معجزہ قرآنی ظاہر ہوگیا مسلمانون کی بہت تھوڑی جماعت سے کفار کا بڑا لشکر بھاگ گیا۔ اسلام کے لشکر مین صرف تین سو تیرہ آدمی تھے مگر وہ ایسے آدمی تھے کہ سواے اُس وحدہٗ لاشریک کے کسی پر بھروسا نہ تھا اور لشکر کفار قریش مین ساڑھے نو سو آدمی تھے اور وہ سب اپنے ساز وسامان سے پورے۔

حضور پر نور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے جو اپنے لشکر کی بے ساز و سامانی ملاحظہ فرمائی تو اپنے مالک کے حضور مین دستِ دعا بلند کیا کہ یا اللہ یہ تیرے بندے ننگے ہین انہین لباس عطا فرما۔ یا اللہ یہ تیرے بندے بھوکے ہین انہین کھانا دے۔ یا اللہ یہ تیرے بندے پیادے ہین انہین سواریان دے۔ **راوی حدیث** رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ فتح بدر کے دن ہم مین سے کوئی آدمی ایسا نہ تھا کہ جس کے پاس سواری اور کپڑے اور نقد و جنس زیادتی کے ساتھ موجود نہ ہون اس حدیث کو ابوداؤد نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے **مشکوٰۃ** کے باب المعجزات فصل دوم مین موجود ہے۔ سبحان اللہ و بحمدہ اُس دعا کے قبول کرنے والے نے بہت تھوڑی دیر مین اپنے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی فوج کو جو حقیقت مین اللہ ہی کی تھی مالامال کر دیا۔ جب یہ فوج بدر مین آئی ہے تو سب صحابہ باستثنائے چند نفوس طیبات کے محض غریب اور بے سامان تھے اور جب بعد فتح بدر پھرے ہین تو کوئی ایسا نہ تھا کہ جس کے پاس ایک اونٹ یا دو اونٹ نہ ہون اور سب نے کپڑے پالئے اور سب کا پیٹ بھرا الحمد للہ علی احسانہ۔

آراستگی لشکر اسلام بروز جنگ بدر

جب کفار فجار نابکار اپنی شرارت سے باز نہ آئے تو حضور پر نور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے بنفس نفیس لشکر ظفر پیکر اسلام کی صفین آراستہ فرمائین اور سب سے ارشاد کیا کہ جب تک مین حکم نہ دون تم حملہ نہ کرنا اور اگر کفار قریب آجائین تو تیر باران نہ کرنا کہ ترکش تمہارے خالی نہ ہو جائین یہ وہ زمانہ ہے جسے اس وقت کے مہذب اور تعلیم یافتہ اُس زمانہ کو اندھیرا زمانہ سمجھتے ہین یہ وہ باتین جو حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے اپنی فوج سے آراستگی لشکر کے وقت فرمائین اس کا لطف اور

فائدہ وہی لوگ اُٹھائین گے جو علم جنگ سے ماہر ہین یہ ایک ذات واحد ہے جو پیغمبر
بھی ہے اور رحیم بھی ہے اور اپنی قوم کی خادم بھی ہے اور حکیم بھی ہے اور اپنی فوج
کی نگران بھی ہے اور اعدا کی فوج کی خبر لانے والی بھی ہے اور صفون کو اصول
جنگ کے موافق آراستہ کرکے لڑانے والی بھی ہے اور عین معرکہ کارزار مین جنگ
کی گرما گرمی کے وقت گشت کرنے والی بھی ہے اور فتح کی حالت مین فوجی قیدیون کی
اسیری کی سختی مین اُن کی دردناک آواز سنکر اُن پر مہربانی کرنے والی بھی ہے اور
پھر واجب القتل قیدیانِ جنگ کو نئے سر سے زندگی کا خلعت بخشنے والی بھی ہے
اور اپنے مالک اور خالق کے سامنے باوجود وعدہ فتح پہرون سجدے مین خاک پر سر
رکھنے والی بھی ہے کیون یارو اتنی باتین کس نبی کی ذات مین جمع تھین الغرض
لشکر اسلام مین تین علم تھے ایک علم مہاجرین کا تھا اس کے علمدار مصعب ابن عمیر تھے
اور دوسرا علم قبیلہ خزرج کا تھا اس کے علمدار جناب ابن المنذر تھے۔ تیسرا علم قبیلہ
اوس کا تھا اس کے علمدار سعد ابن معاذ تھے اس غزوہ مین شعار مہاجرین یا بنی
عبد الرحمن تھا اور شعار اُس کا یا بنی عبد اللہ تھا اور شعار خزرج کا یا بنی عبید اللہ تھا
اور بعض روایت مین ہے کہ جملہ مہاجرین کا اور انصار کا شعار یا منصور امت تھا
اور کفار کی بھی تین ہی علمدار تھے ایک طلیحہ بن طلحہ دوسرا ابو عزیز ابن عمیر اور
تیسر نضر ابن حارث اور اس حالت مین حضرت صدیق اکبر آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین حاضر تھے اور یہ خاص خدمت محافظت آپ کی
کے متعلق تھی مع ایک جماعت انصار کے اب جنگ کا آغاز ہوتا ہے
لشکر کفار سے عتبہ وشیبہ پسران سعد اور ابن عتبہ تین آدمی نکلے اپنا ہم نبرد طلب کیا
لشکر اسلام سے اول عوف ومعاذ پسران حارث اور عبد اللہ ابن رواحہ برآمد ہوئے
کافرون نے پوچھا تم کون ہو ان لوگون نے کہا کہ ہم انصار مین کفار نے کہا کہ ہمکو

تم سے کچھ کام نہین ہے ہم تو اپنے چچازاد بھائیون کو طلب کرتے ہین لہذا حضرت سیدالشہدا حمزہ وحضرت سیدنا علی وحضرت عبیدہ ابن حارث میدان جنگ مین تشریف لائے اور مقابلہ ہوا اہل سیر کی روایت کے موافق حضرت حمزہ نے شیبہ کو قتل کیا اور حضرت علی نے ولید کو قتل کیا اور عبیدہ سے عتبہ کہ اسّی برس کی عمر کا تھا مقابل ہوا اور محاربت واقع ہوئی کہ حضرت حمزہ اور حضرت علی نے باعانت عبیدہ اُس کو بھی قتل کیا اور عبیدہ کو کہ بہت زخمی تھے میدان جنگ سے اُٹھالائے اُن کی ساق کی ہڈی کٹ گئی تھی اور اُس سے مغز اُستخوان ساق نکل آیا تھا اُنھون نے حضور مین حاضر ہوکر نہایت مایوسی سے عرض کی کہ حضور کیا مین شہید نہین ہون حضور پرنور نے فرمایا کہ تم شہید ہو وہ واپسی لشکر کے وقت موضع صفرا یاروحا مین شہید ہوے اور وہین زیرزمین آرام فرمایا مگر اہل حدیث کے نزدیک قاتل شیبہ علی مرتضی ہین اور قاتل عتبہ امیر حمزہ اور قاتل ولید عبیدہ۔

فائدہ عتبہ وشیبہ نے جو اس جنگ مین سبقت کی اُس کا سبب یہ تھا کہ فوج کشی کفار کے وقت یہ اُس فوج کشی کے مخالف تھے مگر غلبہ آرا کی وجہ سے ان دونون کی راے کو شکست ہوئی اور ان پر اس جنگ سے جی چورانے کا الزام قائم کیا گیا عرب کی غیرت تو مشہور ہے یہ اُس الزام کے رفع کرنے کو سب سے پہلے میدان مین کود پڑے اگرچہ اُس الزام کو تو رفع کیا مگر مارے گئے اور وجہ اس جنگ سے کنارہ کشی کی یہ تھی کہ ان دونون کا ایک نصرانی غلام تھا جس کا نام عداس تھا وہ اُس زمانہ مین حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دست مبارک پر ایمان لایا تھا جب آپ طائف تشریف لے گئے تھے اور وہان سے مراجعت کے وقت ایک باغ خرما مین چند ساعت آرام فرمایا ہے اُس پر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کی حقیقت ثابت ہوگئی تھی جب اس فوج کشی کا اہتمام ہونے لگا تو اُس نے

کہاکہ اس فوج کو شکست ہوگی اور اس کے سربرآوردہ لوگ قتل ہونگے عتبہ و شیبہ
نے جو یہ بات اپنے غلام سے سنی تو وہ سخن اُن کے دل مین جگہ پکڑ گیا یہ اُس فوج
کی شرکت سے انکار کرنے لگے جب ان کو نامردی کے طعنے دیے گئے تو شرما شرمی
اُن کا ساتھ دینا پڑا جب یہ دونون قتل ہوے توان کے خویش و اقارب نے ابوجہل
سے کہاکہ یہ سارا فساد تیرا ہی برپا کیا ہوا ہے اور بے سبب تونے اس جنگ مین
پھنسا دیا ہے ہم اپنے گھرون کو واپس جاتے ہین مگر وہ توگیا دا اور زبان دراز تھا
ایسا کچھ اپنی تقریر کا جادو اُن پر ڈالا کہ وہ واپسی سے باز آئے اور لڑنے کو تیار ہوگئے
اور اُس کی زرہ اُس سے عاریت مانگی اور یہ بات مشہور تھی کہ اُس کی زرہ اس
صنعت کی بنی ہوئی ہے کہ جس پر تلوار اور تیر کا اثر نہین ہوتا ہے مگر اُس معرکہ مین تو
جو اُسے پہین کر گیا وہ مارا ہی گیا آخر کو متواتر تجربون کے بعد اُسے کسی نے نہ پہنا
روایت ہے کہ تین لشکرون نے وہ زرہ پہنی اُس مین سے دو تو حضرت شیر خدا
علی مرتضےٰ کے ہاتھ سے مارے گئے اور ایک حضرت سید الشہدا امیر حمزہ رضی اللہ
عنہما کے ہاتھ سے مارا گیا پھر خود ابوجہل معرکہ مین ایک اونٹ پر سوار ہوکر آیا اور
اُسے معاذ اور معوذ نے مارا جس کا قصہ اوپر مفصل بیان کیا گیا ہے بطور اختصار
یہان پر بھی بیان کیے دیتا ہون اسی معرکہ مین دو جوانانِ انصار نے عبد الرحمن
ابن عوف سے پوچھا کہ آپ ابوجہل کو پہچانتے ہین وہ کہتے ہین کہ مین نے کہا کہ ہان
مین پہچانتا ہون تمھین اُس سے کیا کام ہے یہ دونون کہنے لگے کہ ہم کو اُس سے
نہایت دشمنی ہے ہم نے سنا ہے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بہت
تکلیفین دیا کرتا تھا ہم نے یہ عہد کیا ہے کہ وہ ہمین جہان لجائیگا ہم اُس سے ہرگز جدا
نہ ہونگے جب تک اُسے قتل نہ کرلین - عبد الرحمن ابن عوف فرماتے ہین کہ مجھے معاذ
اور معوذ کی باتون سے تقویت ہوئی اس تقریر کے تھوڑی دیر کے بعد ابوجہل

جوانان جنگی کے ساتھ میدان کارزار مین اپنے اونٹ کو جولان کرتا ہوا نظر آیا مین نے
اُن دونون بہادرون سے کہا کہ جسے تم پوچھتے تھے وہ یہی ہے بس وہ دونون
شیر غرندہ اُس سگ ناپاک پر دوڑ پڑے اور لشکر قریش مین گھس گئے اور ابوجہل
کے پاس پہونچ کے اول معاذ نے ایک تلوار اُس کی ساق پر ماری کہ وہ کٹ کر
جدا ہو گئی اور عکرمہ بن ابی جہل نے ایک تلوار معاذ کے ہاتھ پر ماری کہ ہاتھ اُن کا
شانے سے جدا ہو کر لٹک گیا اور وہ اُسی حالت مین لڑتے رہے۔ پھر معوذ نے
اونٹ پر سے ابوجہل کو زمین پر کھینچ لیا مگر کچھ رمقے جان اُس مین باقی تھی اور یہ
دونون بہادر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مبارک مین
حاضر ہوئے اور اس واقعہ کی خبر پہونچائی یہ عبارت مدارج کی ہے اور صحیح یہ ہے کہ
معوذ شریک قتل نہ تھا دونون معاذ ہی تھے ایک معاذ بن عمرو بن الجموح اور
دوسرے معاذ بن حارث عفرا کے بیٹے اور معوذ بھی اسی عفرا کا بیٹا ہے اور معاذ
بن حارث کا بھائی ہے مگر یہ شریک قتل ابوجہل نہ تھا مشکوٰۃ شریف مین صحیحین سے
حدیث متفق علیہ یون ہے والرجلان معاذ بن عمرو بن الجموح ومعاذ بن عفرا اور
مرقات شرح مشکوٰۃ مین یون ہے وہما اخوان امہما واحدۃ وابوہما مختلف۔ اور
قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ معاذ کے ہاتھ کے زخم پر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے اپنا آب دہن مبارک لگا کر اُن کا ہاتھ باندھ دیا بحکم خدا وہ چسپیدہ ہو گیا اور
وہ تا زمانہ خلافت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ زندہ رہے الغرض بعد قتل ابوجہل لعین
حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنے عریش سے غازیون کے مجمع
مین تشریف لائے اور تحریص کے کلمات فرمانے لگے اور ایک مٹھی خاک اور کنکریون کی
لشکر کفار کی طرف پھینک ماری اور فرمایا شاہت الوجوہ یعنی برے ہوے یہ منہ اور وہ
خاک اور کنکریان کافرون کے چہرون پر جا لگین اور فوراً اُن کی نگاہ کی تیزی کند ہو گئی

اور تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ وہ لوگ بھاگ گئے اور اسی معجزہ کا ذکر قرآن شریف مین یون ہے وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَكِنَّ اللهَ رَمَى یعنی نہین پھینک مارا تو نے جس وقت کہ پھینک مارا لیکن اللہ نے پھینک مارا اللہ اکبر یہ قوی تاثیر کہ ایک مشت خاک نے لشکر کے لشکر کا منہ پھیر دیا اللہ تعالیٰ شانہ فرماتا ہے کہ یہ زور طاقت بشری سے باہر ہے یہ فعل ہمارا ہی ہے ہماری قدرت تمہارے ہاتھون سے ظاہر ہوئی اس کلام مبارک کے سیاق سے ہم یہ سمجھتے ہین کہ قرآن پاک کی بلاغت ہمین یون سبق پڑھاتی ہے کہ ہم اپنے فرمان بردار اور اپنے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے مطیع بندون کی ہمیشہ یونہین مدد کیا کرینگے عریش کا سجدۂ طولانی اللہ تعالےٰ شانہ کو پسند آیا اُس کا اثر یہ تھا ایک تو دعا کہ خود وہ بندگان گنہگار کی دستگیری کے لئے پیدا کی گئی ہے دوسرے نبی کی زبان کی دعا اور وہ بھی سجدہ کی حالت مین اور نبی بھی کون خاتم الانبیا الصلوٰۃ السلامُ علیک یارسول اللہ الصلوٰۃ السلام علیک یا حبیب اللہ۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حملہ کرنے کا حکم دیا تو صاحب مواہب کے نزدیک ظہور اس معجزہ کا اور نزول اس آیت کا جنگ بدر مین ہوا ہے اگرچہ بروز حُنین بھی یہ معجزہ واقع ہوا ہے۔

روایت ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حملہ کرنے کا حکم دیا تو اوّل عمر بن ہجام تلوار میان سے باہر کرکے فوج کفار مین داخل ہوئے کئی کافرون کو مار کر خود شہید ہوگئے اور ابن اسحٰق نے روایت کی ہے کہ عکاسہ کی تلوار اس لڑائی مین ٹوٹ گئی تو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے دست مبارک کی چھڑی یعنی لکڑی اُن کو دی کہ اس سے کافرون کو مار وہ چوب اُن کے ہاتھ مین عمدہ تلوار کا کام کرنے لگی عکاسہ اُسی سے لڑتے رہے یہان تک کہ لشکر اسلام مظفر و منصور ہوا اور اُس تلوار کا نام عون قرار پایا اور ہمیشہ وہ عکاسہ کے

ہاتھ مین رہی یہان تک کہ وہ کسی جنگ مین شہید ہوے احادیث سے واضح ہے کہ
بعد فتح حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ کون ابوجہل کی خبر لائے گا
عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس کام کے واسطے روانہ ہوے میدان جنگ مین
اُسے پڑا ہوا پایا اور کچھ جان اُس مین باقی تھی حضرت ابن مسعود اُس کے سینہ پر چڑھ
بیٹھے اُس نے اُن کو آنکھین کھول کر دیکھا اور کہا اے بکریان چرانے والے تو بہت
اونچی جگہ بیٹھا ہوا ہے پھر اُس نے کہا میرا تو حال جو کچھ ہوا وہ ہوا یہ تو کہہ کہ فتح کس کی
ہوئی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالے شانہ نے اپنے رسول کو
فتح دی اور کفار کو شکست ہوئی پھر وہ اُس کا سر کاٹنے لگے تو اُس دنیا پرست نے
کہا کہ میرا سر کاندھے کے اتصال سے کاٹو تاکہ اور سرون سے اونچا رہے قوم کو معلوم
ہو کہ یہ سردار قوم کا سر ہے اللہ اللہ حُب جاہ بھی کیا چیز ہے کہ دم نکل رہا ہے اور
سر کٹ رہا ہے مگر وہ سر سے نہین نکلتی یا اللہ دنیا کی عزت کا خیال جتنا اس مرنے والے کو
تھا اُس سے بہت زیادہ مجھے تو اپنی محبت اور اپنے برگزیدہ نبی کی پیروی کا خیال
میرے سر مین قیامت تک کے لئے عنایت فرما اللھم آمین ثم آمین۔ یا پروردگار تعالے
شانہ جب تک مین زندہ رہون ایک ساعت تیری یاد سے میرا دل غافل نہ رہے
پروردگار تعالیٰ شانہ اپنا ٹوٹا پھوٹا مطلع تیرے حضور مین عرض کرتا ہون اپنی ذات و
صفات کا صدقہ قبول فرما اور میری التجاؤن کو رد نہ کر اللھم آمین یارب العالمین ثم
آمین مطلع فقیر محمد اکبر ؎

اس ناتوان جسم مین جب تک کہ جان رہی	تسبیح تیرے نام کی ورد زبان رہے

الغرض ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اُس کا سر کاٹا اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم کے سامنے لاکر ڈال دیا۔ **تفسیر کشاف** مین ہے کہ **فدیہ** قیدیان
بدر کا فی نفر تیس اوقیہ تھا اور فدیہ عباس کا چالیس اوقیہ تھا اور محمد **ابن سیرین**

کہتے ہین کہ فی نفر سو اوقیہ تھا اور ایک اوقیہ چالیس درہم اور چھ دینار کے برابر ہوتا ہی
یعنی اوقیہ کے درہم تو چالیس ہوتے ہین اور دینار چھ ہوتے ہین۔ تفسیر زاہدی
مین ہے کہ فدیہ ہر اسیر کا چالیس اوقیہ بحساب درہم تھے مگر فدیہ عباس چالیس اوقیہ
دینار کے حساب سے تھے اور فدیہ جعفر کا ایک روایت مین اور فدیہ عقیل کا دوسری
روایت مین عباس نے اپنے ذمہ لیا تھا۔ بعض کا قول ہے کہ فدیہ اقل از ہزار اور اکثر
چار ہزار سے نہ تھا اور بعض مفلسون کو حضور پر نور نے اُن پر احسان کیا اور بغیر فدیہ
چھوڑ دیا اور جو لوگ لکھنا جانتے تھے اُن کے واسطے یہ حکم ہوا کہ ہر آدمی انصار کے دس
دس لڑکون کو لکھنا تعلیم کرے جب وہ کتابت مین ہوشیار ہو جائین تو یہ آزاد ہین
ابو غرہ شاعر اس شرط سے رہا کیا گیا کہ پھر کبھی مشرکین کے ساتھ خروج نہ کرے اور
سہیل کے ایمان لانے پر عبداللہ ابن مسعود نے گواہی دی لہذا وہ بھی رہا ہوا اور
ابو العاص زوج زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس طرح رہا ہوا
کہ اُس نے حضرت زینبؓ کو لکھ بھیجا کہ تم فدیہ بھیجو آپ نے اپنا چندن ہار جو اُن کی
والدہ مکرمہ رضی اللہ عنہا کی میراث سے ملا تھا اور کچھ نقد ملا کر بھیجدیا آنحضرتؐ نے اُسے
پہچانا تو آپ کو رنج ہوا اصحاب رسولؐ اللہ نے اُسے واپس کیا اور ابو العاص کو بغیر
فدیہ لئے رہائی دلوائی مگر یہ شرط اُس سے کر لی کہ مکہ مین جا کر حضرت زینب رضی اللہ عنہا
کو مدینہ مین بھیجدے چنانچہ اُس نے مکہ پہونچکر فوراً آپ کو مدینہ بھیجدیا جب حضرت
زینب مدینہ مین آئین تو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مفارقت کرا دی
پھر بعد چند سال کے جب ابو العاص مدینہ مین آکر مسلمان ہوا تو حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نکاح جدید حضرت زینب کو اُس کے سپرد کر دیا اور بقولے
نکاح اولی۔ اور حضرت زینب اس طرح مکہ سے تشریف لائین کہ حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے زید ابن حارثہ اور ایک مرد انصار کو مکہ معظمہ روانہ کیا اور اُن

دونون سے ارشاد فرمایا کہ تم مکہ مین داخل نہ ہونا بلکہ بطن وادی تاجج مین بنون وجیم وحا رمہملہ ایک مقام بیرون مکہ بیش مسجد عائشہ رض واقع ہے اور وہان سے احرام عمرہ کرتے ہین وہان قیام کرنا زینب وہین تمھارے پاس آجائین گی اُن کے ساتھ مدینہ کو چلے آنا چنانچہ زید ابن حارثہ نے اُسی پر عمل کیا اور دو برس یا چھ برس کے بعد ابو العاص مکے سے تاجران مکہ کا مال تجارت لیکر برآمد ہوا وقت مراجعت اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قافلے کے سراغ مین نکلے اور ابو العاص سے ملاقی ہوئے چاہتے تھے کہ مال لوٹ لین اور ابو العاص کو قتل کرین یہ خبر حضرت زینب کو ہوئی وہ عرض کرنے لگین یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اگر کوئی مسلمان کسی کافر کو امان دے تو درست ہے یا نہین حضور پر نور نے ارشاد کیا درست ہے حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے عرض کی یارسول اللہ آپ گواہ رہین مین نے ابو العاص کو امان دی جب اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس بات سے مطلع ہوئے تو ابو العاص اور اُس کے مال سے متعرض نہ ہوئے اُسے دعوت اسلام کرنے لگے اور یہ بھی کہا کہ یہ مال سب تجھ کو حلال ہوگا ابو العاص نے کہا کہ مجھ کو شرم آتی ہے کہ اپنے دین کو مال دنیا کی پلیدی سے ناپاک کرون پھر ابو العاص داخل مکہ ہوا اور مال تجارت جن لوگون کا تھا اُن کے سپرد کرکے اُن کو گواہ کیا اور اقرار کیا اشہدان لاالہ الا اللہ وان محمداً رسول اللہ پھر جانب مدینہ ہجرت کی اور حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو بنکاح سابق یا جدید ابو العاص کے سپرد فرمایا اسی مقام سے علما کو اختلاف ہے کہ اسلام احد الزوجین موجب فسخ نکاح ہے یا نہین۔

روایت ہے کہ ابو العاص کو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بہت دوست رکھتے تھے اور نہایت شفقت وعنایت اُس کے حال پر فرماتے تھے یہ ابو العاص

ابن الربیع بن عبد العزیٰ بن عبد الشمس بن عبد مناف ہے اور ماں اُن کی ہند بنت خویلد اُخت حضرت اُم المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا تھی اور نام ابو العاص کا لقیط یا مقسم بکسر میم ہے اور ابو العاص کنیت ہے۔ بالجملہ جب اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اخذ فدیہ پر راضی ہوئے اور لینے لگے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام سورۂ انفال کی یہ آیت لائے۔ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَىٰ حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ ترجمہ یعنی کیا چاہیے نبی کو کہ اُس کے ہاں قیدی آویں جب تک کہ نہ خون کرے ملک میں تم چاہتے ہو دنیا کی جنس اور اللہ تمہارے لئے آخرت کو پسند کرتا ہے اور اللہ زبردست حکمت والا ہے کہ غالب کرتا ہے دوستوں کو دشمنوں پر **فایدہ** کفر نہایت متعدی مرض ہے جہاں مادہ فاسد جمع ہوا اور اس کی خبر نہ لی گئی تو تمام بدن مریض کا سڑ جائیگا اور پھر اُس کا زہر اور لوگوں کو اسی عارضہ میں مبتلا کریگا لہذا اللہ تعالیٰ شانہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو سمجھایا کہ پیغمبروں کو جہاد سے مال جمع کرنا مقصود نہیں بلکہ کافروں کی تنبیہ منظور ہے وہ بات اسی میں ہے کہ کفار قتل کئے جائیں جس طرح مادہ فاسد نشتر کے وسیلہ سے خارج کیا جاتا ہے یا بہت زیادہ مادہ سے تو عضو کے قطع کرنے سے اُس کی اصلاح ہوتی ہے یہی اصول اہل کفر کے واسطے قرار پایا ہے ان کی صحبت بری ان کی ہوا زہریلی ان کا قتل تمام دنیا کے لئے صحت وتندرستی کا سبب ہے اس آیت کا نازل ہونا تھا کہ ایمان والوں کے دل کانپ گئے اور مال غنیمت کے چھونے سے ڈرنے لگے لہذا اُن کے قلوب کی حالت ملاحظہ فرماکر پروردگار تعالیٰ شانہ نے اُن کی تسلی فرمائی اور ارشاد ہوا فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا یعنی جو غنیمت تم کو مل چکی ہے کھاؤ وہ تمہارے واسطے حلال ہے مگر یہ خیال رکھو کہ جہاد سے مال

(بیان فضیلت حضرت عمر رضی اللہ عنہ)

حاصل کرنا مراد نہین ہے بلکہ اللہ تعالیٰ شانہ کی توحید پھیلانا مقصود ہے اسی اثنا مین حضرت **عمر رضی اللہ عنہ** حضور کی خدمت مبارک مین حاضر ہوئے دیکھا کہ حضور پرنور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ رو رہے ہین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم آپ کی اشک فشانی کا کیا سبب ہے ارشاد ہو اگر مجھے رونا آجائے تو مین بھی اس گریہ رحمت کی سعادت حاصل کرون حضرت رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ مین روتا ہون اپنے اصحاب پر کہ اُن لوگون نے فدیہ اختیار کیا اور ان کا عذاب مجھ پر ظاہر کیا گیا قریب تر اس درخت سے یعنی اشارہ فرمایا آپ نے ایک درخت کی طرف جو بہت نزدیک تھا۔

روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اگر عذاب نازل ہوتا تو کوئی اُس عذاب سے نجات نہ پاتا مگر **عمر** رضی اللہ عنہ اور سعد ابن معاذ رضی اللہ عنہ اسی اضطراب مین یہ آیت کریمہ سورہ انفال مین نازل ہوئی لَوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ یعنی اگر نہ ہوتی ایک بات کہ لکھ چکا اللہ آگے سے تو تم کو پڑتا اس لینے مین عذاب یعنی اکثر کی قسمت مین مسلمان ہونا لکھا تھا اس سبب سے بچاؤ ہوا **حضرات علماء رحمہم اللہ** اس آیت کی تفسیر سے استدلال کرتے ہین کہ حضرات انبیا علیہم السلام بھی کبھی اجتہاد کرتے ہین اور اُس مین بطریق شاذ خطا بھی ہو جاتی ہے لیکن پروردگار تعالیٰ شانہ اُن کو اُس خطا پر رہنے نہین دیتا فوراً صواب پر ہدایت فرماتا ہے لیکن جب پیغمبر نے ازروے اجتہاد ایک حکم جاری فرمایا اور اُس کے اجرا کے بعد اُس کے خلاف مین نص نازل ہوئی تو عمل بالاجتہاد ساقط نہین ہوتا اور عمل بالنص واجب نہین اس لئے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جب فدیہ لینے کا حکم

صادر فرمایا بالاجتہاد اور اُس کے بعد اُس حکم کے خلاف نص نازل ہوئی تو حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے قتل کی طرف رجوع نہین فرمائی بلکہ اُسی فدیہ
پر قایم رہے بخلاف مجتہد کہ اگر اُس کو بعد اجتہاد کوئی نص ملجائے تو رجوع کرنا
لازم آئیگا اور مراد کتاب سے عدم مواخذہ ہے خطاے اجتہادی پر یا عدم
توریث اہلِ بدر اور بعض علما کا قول ہے کہ پروردگار تعالیٰ شانہ کسی قوم پر عذاب
نہین نازل فرماتا بسبب اُس فعل کے جس کی صریح نہی نہ کی ہو۔ اور بعض
کہتے ہین کہ اس آیت سے وہ فدیہ جو مسلمانون نے اس معرکہ مین لیا حلال ہوا
شیخ ابن حجر نے صحیح بخاری کی شرح مین بیان کیا۔ ہے کہ ترمذی و نسائی و ابن
حبان و حاکم نے باسناد صحیحہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہے کہ جب
اصحاب باصفا نے فدیہ لیکر اسیرون کی رہائی منظور کی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام
نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنے اصحابؓ کو قتل و فدا پر
مخیر فرمائیے بدین شرط کہ سالِ آئندہ مسلمان شہید ہونگے مثل اسیرون کے تو
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اصحاب کو بین القتل والفدا اختیار دیا
اس سے معلوم ہوا کہ اختیار فدا بتخییر الٰہی تھا لیکن عتاب اس واسطے ہوا کہ
وجہ مرجوح اختیار کی۔ اور قاضی ابوبکر کہتے ہین کہ عتاب اخذ فدیہ پر نہین ہوا
کیونکہ سریہ عبداللہ ابن جحش مین بھی فدیہ لیا گیا تھا بلکہ اختیار وجہ ضعیف
پر عتاب ہوا ہے اسی پر ستر مسلمان جنگ احد مین شہید ہوئے اسی مقام سے
حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ اگر جہاد مین کافر پکڑے ہوئے آئین تو
اُن کو مال لیکر چھوڑ دینا جائز نہین اور مفت چھوڑنا بھی درست نہین ہے اس لئے
کہ پھر کافرون مین جاکر مل جائینگے بلکہ غلام بناکر رکھنا یا چھوڑنا اس شرط پر کہ رعیت
ہوکر ملک اسلام مین رہین جائز ہے اور امام شافعی کے نزدیک چھوڑنا بھی جائز ہے

اور دلائل جانبین کتب اصول فقہ مین مذکور ہین۔
فائدہ اصحاب بدر کی بڑی بزرگی ہے اور خلفاے اربعہ اُن کے سرگروہ ہین چنانچہ حاطب ابن بلتعہ سے یہ خطا ہو گئی تھی کہ اُنہون نے اہل مکہ کو عام الفتح مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی آمد کا حال خفیہ لکھ بھیجا تھا یہ خبر ظاہر ہو گئی تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اگر حکم ہو تو مین اِسے قتل کرون حضرت نے فرمایا کہ بدر والے صحابیون کے ایمان اللہ تعالیٰ شانہ نے جانچ لئے ہین اُن کے گناہ پر گرفت نہین ہے تو کیون اُس کے قتل کا ارادہ کرتا ہے اِس غزوہ کا نام قرآن مجید مین یوم الفرقان و یوم اللزام و یوم التقی الجمعان و یوم البعثہ الکبریٰ ہے اور یہ فتح مسلمانون کی اوّل فتح ہی اس فتح سے مشرکین کی ہمتین ٹوٹ گیئن حوصلے پست ہو گئے اور کافرون پر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کی صداقت بخوبی ثابت ہو گئی جو مرا وہ یقین جانکر مرا گو تعصب نے اظہار اسلام نہ کرنے دیا اور جو جیتا رہا وہ بھی دبی زبان سے اقرار رسالت کرتا رہا کفار پر ایسا رعب اسلام طاری ہوا کہ عبداللہ ابن ابی سلول سا کافر منافقانہ طریقہ سے ایمان لایا اپنے تمام توابع کے ساتھ جس تاریخ غزوہ بدر واقع ہوا ہے اُسی تاریخ روم فارس پر غالب آیا تو مسلمانون کو دونی خوشی ہوئی **اسی سال دوم** مین صدقہ فطر کا حکم ہوا مگر تعیین ماہ مین اختلاف ہے بعض شعبان کہتے ہین اور بعض رمضان **اسی سال دوم** مین بتاریخ یکم شوال حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مسجد مدینہ طیبہ مین نماز عید الفطر پڑھی **اسی سال دوم** مین عصما بنت مروان یہودیہ کو جو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور مسلمانون کی ہجو کیا کرتی تھی عُمیر ابن عدی ابن خرشہ نے قتل کیا مگر یہ بات پایۂ تحقیق کو پہونچی ہوئی ہے کہ اس معاملہ مین

صراحتاً یا کنایتہً حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ایما واشارہ نہ تھا
عمیر اس عورت کا پہلا خاوند تھا وہی اُس کا قاتل ہے **اسی سال دوم مین**
غزوہ بنی قینقاع پندرھوین تاریخ شوال کو واقع ہوا۔ اس غزوہ کی وجہ یہ ہوئی
کہ ایک مسلمہ عورت سے کسی یہودی نے ظرافت کی اُس نے شور کیا اتفاقاً
ایک مسلمان وہان آگیا اُس نے اُس یہودی کو ملامت کی وہ یہودی غصہ ہوا
اور سب مسلمانون کو بُرا کہنے لگا اور اُس مسلمان کے مارنے کا قصد کیا وہ بھی دست
بقبضہ ہوا وہ یہودی مارا گیا چونکہ وہ محلہ یہود کا تھا بہت سے یہودیون نے جمع
ہو کر اُس مسلمان کو شہید کر ڈالا یہ خبر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو
پہونچی حضور پُرنور نے شرفائے یہود کو طلب کر کے فرمایا کہ بدعہدی نہ کرو اللہ تعالےٰ
شانہ کے غضب سے ڈرو ایسا نہ ہو کہ تم کو بھی وہی معاملہ پیش آئے جو قریش پر
گذرا اور تم یہ خوب جانتے ہو کہ مین اللہ تعالیٰ شانہ کا رسول ہون تم کو مجھ سے
بدعہدی کرنا روا نہین ہے اُن لوگون نے منافقانہ طریقے سے دست بستہ عرض
کی کہ ہم نے حسد نہین کیا آپ زنہار ایسا خیال نہ فرمایئن حضور پرنور صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے سکوت فرمایا اس کے بعد جبرئیل امین علیہ السلام نے
خبر دی کہ ان لوگون نے آپ سے منافقانہ لجاجت کی ہے ان کا قلع وقمع کر دینا
مناسب ہے لہذا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ان کی طرف عزم
کیا اور ابولبابہ کو مدینہ کا خلیفہ فرمایا اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو علمدار
لشکر کیا اور روانہ ہوئے جب لشکر ظفر پیکر قریب پہونچا تو یہودی قینقاع کے حصارون
مین پوشیدہ ہو رہے اور لشکر اسلام نے اُن کو گھیر لیا گیارہ یا پندرہ دن کے بعد
خود حصارون سے باہر نکلے حضور نے منذر ابن حذاقہ اسلمی کو حکم دیا کہ ان کو قید
کرین مگر عبداللہ ابن ابی سلول منافق نے بہت منت وسماجت کی اور اُن کو چھڑایا

حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حکم دیا کہ یہ لوگ وطن سے نکال دئیے جائین
چنانچہ تین دن کے بعد عبادہ ابن صامت نے نکالا کہ موضع اذرعات مین جو اراضی
شام سے ہے جا بسے بعد چندے اُن کے اسلحہ اور اسباب اہل لشکر کے ہاتھ آئے
اُن مین سے تین۳ کمانین کتوم ۔ روحا ۔ بیضا اور دو۲ زرہین تین۳ تلوارین اور دو
نیزے کہ ان کے نام نہین معلوم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
پسند فرمائے بعد اس کے پانچوان حصہ حق اللہ نکال کر تقسیم کیا **اسی سال دوم**
مین **غزوہ** سویق بتاریخ پنجم ذی الحجہ کو واقع ہوا۔ وجہ اُس کی یہ ہولی کہ ابوسفیان نے
یہ قسم کھائی تھی کہ جب تک کشتگانِ بدر کا عوض محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
سے نہ لونگا عورت سے ہم بستر نہ ہونگا اور غسل نہ کرونگا اُس قسم کے اُتارنے کو دو۲۰۰سو
سوارون کے ساتھ موضع عریض تک جہان سے مدینہ طیبہ تین۳ میل ہے آیا اُس
مقام پر ایک انصاری اپنا مزدور لئے ہوئے کھیت مین کام کر رہا تھا بعض کا بیان ہے
کہ وہ سعید ابن عمرو تھا اُس کو شہید کر کے چلتا ہوا اور گھر اور درخت وغیرہ اُس مقام کے
جلا دیئے اور اپنے خیال مین یہ بات سمجھ لی کہ ہماری قسم اُتر گئی جب یہ خبر حضور
پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پہونچی تو آپ نے ابولبابہ کو خلیفہ مدینہ کا کر کے
دو۲۰۰سو غازیون کے ساتھ اُس مقام کا قصد کیا۔ ابوسفیان روانہ ہو چکا تھا حضور پرنور
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اُس کے تعاقب مین قرقرۃ الکدر تک چلے گئے مگر وہ
نہ ملا صرف کچھ سامان رسد جو اضطراب کی حالت مین چھوٹ گیا تھا ہاتھ آیا اُس مین
کئی بورے سویق کے بھی تھے یعنی گیہون اور جو کا ستو۔ اسی وجہ سے اس کا
نام غزوۃ السویق ہوا۔ الغرض حضور والا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پانچ دن کے
بعد مدینہ مین تشریف لائے اور دسوین۱۰ ذی الحجہ کو صلوٰۃ عید الاضحیٰ ادا کی اور قربانی
فرمائی۔ اس غزوہ کو بعض نے سال سوم مین لکھا ہے اور بعض نے قبل غزوہ سویق

لکھا ہے صاحب قرۃ العیون کا بیان ہے کہ اس غزوہ کو غزوہ غطفان اور غزوہ ذی امر اور غزوہ انمار بھی کہتے ہین اسی سال دوم مین غزوہ قرقرۃ الکدر واقع ہوا اور اُس کا سبب یہ ہوا کہ بنی سلیم اور غطفان کے جمع ہونے کی خبر بمقام موضع حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو معلوم ہوئی اور یہ بھی دریافت ہوا کہ وہ لوگ اہل اسلام کی ایذا دہی کا مشورہ کر رہے ہین لہذا حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عبد اللہ ابن اُم مکتوم کو مدینہ کا خلیفہ کیا اور لواے مبارک حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو دیا اور دو سو اصحاب کی جماعت سے روانہ ہوئے جب قرقرۃ الکدر مین پہونچے تو وہ وہان نہ ملے صرف چند چرواہے ملے جو اونٹ چرا رہے تھے اُن مین یسار نام ایک غلام تھا اُس سے کفار کا حال دریافت کیا اُس نے کہا کہ مین نہین جانتا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ شریف کو واپس تشریف لائے اور موضع ضرار مین پہونچکر وہ اونٹ جو وہان ہاتھ آئے تھے اُن کی غنیمت تقسیم فرمائی فی نفر دو دو اونٹ پڑے اور یسار غلام اور سو اونٹ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حصہ مین آئے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یسار غلام کو اس وجہ سے آزاد فرمایا کہ وہ نمازی تھا اس سفر مین حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پندرہ شب مدینہ باسکینہ سے غیبت رہی اس کے بعد غالب ابن عبد اللہ لیثی مع قبیلۂ غطفان وسلیم پر بھیجے گئے وہان مقابلہ ہوا تین اہل اسلام شہید ہوے اور باقی سلامت باغنیمت مدینہ کو لوٹ آئے یہ سریہ تھا اسی سال مین امیہ ابن الصلب شاعر مرگیا یہ ایام جاہلیت مین خیال تدین دل مین رکھتا تھا بعد ازان عیسائی ہوا اور بت پرستی سے تبرا کر کے علماے اہل کتاب کی صحبت مین رہنے لگا اُن لوگون سے جو اخبار پیغمبر آخر الزمان اس نے سنے اور انجیل و تورات کے مطابق پائے تو ازراہ حماقت اس کو اپنے فضائل نفسانیہ اچھے

معلوم ہونے لگے اور اس کے دماغ مین یہ خیال پکنے لگا کہ وہ نبی مین ہونے والا
ہون جب طلوع آفتاب نبوت حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خبر
اس کے کانون تک پہونچی تو یہ ایسا گھبرایا کہ شقاوت ازلیہ مین گرفتار ہوکر داخل نار
ہوا جب اس کے اشعار حکمیہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سامنے
پڑھے جاتے تھے تو حضور فرماتے تھے اٰمَنَ لِسَانُہٗ وَکَفَرَ قَلْبُہٗ ۔
اسی سال مین غزوہ نجد جس کو غزوہ ذی امر و انمار بفتح ہمزہ وسکون
کہتے ہین واقع ہوا اور سبب یہ ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
سنا کہ بنی ثعلبہ ومحارب موضع نجد پر مجتمع ہین اور اُن کا ارادہ اطراف مدینہ مین
تاخت کرنے کا ہے اُن کا افسر دعثور بفتح دال وسکون عین مہملہ وثاے مثلثہ
فوقانیہ ابن نجار لی ہے اور بروایتے غورث بفتح غین معجمہ وسکون واو پسر حارث
ہے لہذا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
کو مدینہ کا خلیفہ کرکے چار سو پچاس سوارون کے ہمراہ تشریف لے چلے اور
موضع ذی القصہ مین پہونچے زنگار کے پہاڑ کی کھائی مین چھپ رہے ایک ماہ
اُسی جگہ اقامت فرماکر واپس تشریف لائے صرف ایک شخص بنی ثعلبہ سے ہاتھ آیا
اور وہ مسلمان ہوا اور دعثور بھی اسلام لایا کذا فی المدارج ۔ اور صاحب مواہب
لدنیہ نے جو اس کا ذکر غزوات الرقاع مین لکھا ہے وہ اس سبب سے ہے کہ وہ
بخاری کی حدیث سے دوسرا شخص معلوم ہوتا ہے

فائدہ ۔ واضح ہو کہ غزوہ بنی قینقاع وسویق وبنی سلیم وذی امر حسب تحقیق
صاحب بہجۃ المحافل **سال** دوم مین بعد جنگ بدر واقع ہوئی ہین اور مابین
ان کے سریہ قردہ بفتح یا بکسر قاف وسکون را جس مین زید ابن حارثہ سو سوارون
کے ہمراہ بھیجے گئے تھے واقع ہوا اور وجہ اس سریہ کی یہ ہوئی کہ مدینہ طیبہ مین

خبر پہونچی کہ قریش براہ عراق شام کی طرف تجارت کے واسطے جاتے ہین زید ابن حارثہ
حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حکم کے موافق اپنے ہمراہیون کے
ساتھ اُس قافلہ پر جا پڑے اور اُن کو لوٹ لیا چاندی وغیرہ ہاتھ آئی کہ بیس ہزار
درم خُمس کے نکلے ابوسفیان وصفوان ابن اُمیہ وخویطب ابن عبد العزیٰ اور عبد اللہ
ابن ابی ربیعہ مع دیگر شرفاے قریش بھاگ گئے یہ سریہ حسب تحقیق صاحب مدارج
غرہ جمادی الاخریٰ مین واقع ہوا اور بعضے اہل سیر غزوہ نجد اور سریہ زید ابن حارثہ کو
سال سوم مین بیان کرتے ہین اسی سال مین بعد سریہ زید کعب ابن اشرف
یہودی مارا گیا یہ مردود بنی طے سے تھا مان اس کی یہود بنی نضیر سے تھی یہ شخص
بڑا مالدار تھا اور حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے کمال دشمنی رکھتا تھا
محمدؐ ابن مسلمہ صحابی انصاری اُس کے قتل پر مستعد ہوئے اور بعض سخنانِ مصلحت
کی اجازت حاصل کرکے روانہ ہوئے اور اُس کافر سے اپنے ربط قدیم کے ذریعہ سے
جا ملے اُس نے پوچھا کہ کدھر آئے ہو محمدؐ ابن مسلمہ نے کہا قرض خواہ آیا ہون کیونکہ جب سے
یہ شخص آیا ہے اشارہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ذات مبارک کی طرف
کیا اُس وقت سے ہم لوگون پر بڑی زیرباری ہے اُس مردود نے یہ کلام سنکر کہا کہ
اُنہین نکال دو نہین تو اور زیادہ خراب ہو جاؤگے محمدؐ ابن مسلمہ نے کہا کہ اپنی بات کا
خیال ہے ابھی خلاف عہد کرنا مناسب نہین معلوم ہوتا چند روز اور دیکھتے ہین کعب
مردود یہ شکایت سنکر رضامند ہو گیا اور کہا کچھ رہن کے لئے لاؤ محمدؐ ابن مسلمہ نے
کہا شام کو ہتیار لاؤنگا چنانچہ وقت موعود پر محمدؐ ابن مسلمہ اور ابو نائلہ بنون قبل الف
وبعدہ یاے تحتانیہ یہ ابو نائلہ کی کنیت ہے اور نام ملکان ابن سلام ہے اور یہ
کعب بن اشرف کے برادر رضاعی ہین وہان پہونچے اور بخاری کی روایت ہے
کہ تین آدمی اور تھے ابو عیس ابن تجرد حارث ابن اُوس عباد بن بشر جس وقت

یہ اُس کے مکان پر پہونچے کعب گھر مین تھا محمدؐ بن مسلمہ نے پکارا اُس نے آواز سنکر
ارادہ باہر آنے کا کیا اُس کی عورت کاہنہ تھی اُس نے منع کیا کہ اس وقت باہر
مت جا اس آواز سے خون ٹپکتا ہے کعب نے کہنے پر اُس کے عمل نہ کیا اور باہر
چلا آیا اور اپنی جگہ پر آکر بیٹھ گیا یہان قتل کی ترکیب کا مشورہ باخود ہا ہوچکا تھا کعب
بہت تکلف کا لباس پہنے ہوے تھا اور بالون مین نہایت خوشبودار تیل ڈالے ہوئے
تھا محمدؐ ابن مسلمہ نے کہا کہ تمہارے کپڑے تو نہایت عمدہ خوشبو سے بسے ہوئے ہین
اور بال اس سے زیادہ معطر ہین اُس نے کہا میرے پاس عورتین بہت پاکیزہ صاحب
جمال ہین وہ خود بھی بسی رہتی ہین اور مجھے بھی بسائے رکھتی ہین محمدؐ ابن مسلمہ نے کہا
اگر اجازت ہو تو مین بھی ان گیسوان معطر کی خوشبو سونگھ لون بس پھر کیا تھا اُدھر اجازت
ہوئی اور گیسوان کے ہاتھ مین تھے اور یارون نے بالون کی طرح سر تراش لیا
اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے قدم مبارک پر ڈال دیا۔ مدارج النبوۃ
مین ہے کہ زمانہ اسلام مین یہ اوّل سر ہے جو کٹ کر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے حضور مین آیا ہے یہ واقعہ یازدہم ربیع الاوّل شب ماہ کا ہے۔ یہ کافر حضور
پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے دشمنی رکھنے مین ابوجہل سے کم نہ تھا۔
اہل سیر نے اس واقعہ کو سال سوم مین قبل غزوہ بنی نضیر بیان کیا ہے جب
قبیلۂ اوس کے بہادرون نے اس موذی کو قتل کیا تو جانبازان قبیلہ خزرج نے
مشورہ کیا کہ ہم کیون بہادران قبیلۂ اوس سے پیچھے رہین ہم بھی کسی دشمن رسول
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو سینت لین جو اسی ابن اشرف کا نظیر ہو تاکہ قبیلۂ
اوس کو ہم پر ترجیح نہ ہونے پائے آخرکار یہ مشورہ قرار پایا کہ ابورافع تاجر یہودی
جو خیبر مین رہتا ہے اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دشمنی مین تیسرا
ابوجہل ہے اُس مردود کو قتل کرنا چاہیے چنانچہ بقول ابن اسحٰق اسی سال مین وہ

قتل ہوا اورصورت واقعہ یون ہے کہ عبداللہ بن عتیک بروزن فعیل رضی اللہ عنہ صحابی انصاری خزرجی کو چند انصار پر سردار کرکے روانہ کیا یہ جماعت شام کے وقت خیبر مین پہونچی ابورافع سلام ابن ابی الحقیق برادر کنانہ ابی الحقیق زوج اوّل اُمّ المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا بڑا مالدار تاجر تھا ایک گڑھی اُس نے تعمیر کی تھی اوراپنی قوم کو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دشمنی اور جنگ پر آمادہ کیا کرتا تھا اور جو شخص اس بات پر آمادہ ہوتا اُس کی ہرامر مین مدد اور اعانت کرتا یہ جماعت بہادرون کی اُس کی گڑھی کے متصل پہونچی تو عبداللہ نے اپنے ہمراہیون سے کہا کہ تم یہین ٹھیرو مین اکیلا جاتا ہون اگر کوئی موقع ہوا تو مین تنہا ابورافع کا کام تمام کرکے آتا ہون جب عبداللہ اُس کے مکان کے دروازے کے پاس پہونچے تو معلوم ہوا کہ کسی کا گدھا گم ہوگیا ہے اُس کی تلاش مین کچھ لوگ مشعلین لیکر نکلے ہین یہ اُسی جماعت مین شریک ہوگئے۔ جب وہ لوگ دروازے مین داخل ہوئے تو یہ باہر دروازے کے بیٹھ گئے دربان نے جانا کہ یہ اسی جماعت مین کا کوئی آدمی ہے اُس نے کہا کہ بندۂ خدا جلد آ مین کیواڑ بند کرتا ہون عبداللہ ابن عتیک دروازہ مین داخل ہوئے فرماتے ہین کہ مین ایک گدھے کے تھان مین پوشیدہ ہوگیا اور دربان نے جہان کنجیان رکھین تھین مین نے اُس جگہ کو اچھی طرح خیال کرلیا جب وہ سوگیا تو مین نے کنجیان لین اورابورافع کی طرف چلا وہ بالاخانہ پرسوتا تھا اور قصہ خوان دیرتک قصہ کہتا رہا جب وہ خاموش ہوگیا تو مین بالاخانہ پر گیا اورجس دروازے کو کھولتا تھا اُس کو پھر اندر سے بند کردیتا تھا کہ اَور کوئی باہر سے آنہ سکے۔ ابورافع اپنے عیال مین سوتا تھا مجھے معلوم نہ ہوا کہ وہ کہان ہے مین نے پکارا اے ابورافع وہ بولا مین نے آواز پر تلوار ماری مگر خالی گئی ابورافع نے ایک چیخ زور سے ماری مین اُس مکان سے باہر نکل آیا پھر تھوڑا

توقف کرکے اندر مکان کے گیا اور آواز بدل کر کہا اے ابو رافع تو نے کیون چیخ ماری اُس نے
کہا کہ تمہاری خرابی ہو ابھی مجھ پر کسی شخص نے حملہ کیا مین نے آگے بڑھ کر اُس کے
پیٹ پر تلوار ماری اور اُسے زور سے دبا دیا پیٹھ کی ہڈیون سے بھی گذر گئی اور مین
وہان سے دروازے کھولتا ہوا چلا زینے سے اُترتے وقت میرا پاؤن چھوٹا پڑا پنڈلی
کی ہڈی ٹوٹ گئی اُسی وقت عمامہ پھاڑ کر مین نے پنڈلی کو خوب کسکر باندھ لیا اور
دروازے سے نکلکر گڑھی کے قریب ٹھیرا کہ خوب تحقیق ہو جاے کہ ابو رافع مردود
فی النار ہوا یا نہین۔ جب صبح ہوئی تو قلعہ کے برج پر نوحہ گر عورت نے پکارا کہ ابو رافع
تاجر اہل الحجاز کی موت کی خبر سناتی ہون مین نے وہان سے آگے بڑھکر عبداللہ
ابن اُنیس وغیرہ ہمراہیون سے کہا کہ یہ خبر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے حضور مین پہونچا دو مین بھی آتا ہون مگر مین اپنے یارون سے جلد پہونچا اور
سب حالات حضور مین عرض کیے آپ نے میری پنڈلی کی چوٹ پر دست مبارک
پھیر دیا اللہ تعالے شانہ نے فوراً شفا بخشی۔ الحمد للہ علی احسانہ دشمن کے شر سے
جب اللہ تعالے شانہ نجات عطا فرمائے تو اُس بلا سے نجات پانے کا شکر کرے دشمن
کے مرنے کا شکر نہ کرے یہ اہل اللہ کا طریقہ نہین ہے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے جو شکر کیا وہ یہی شکر تھا۔

ہجرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا تیسرا سال

روایت ہے کہ جب تیسرا سال ہجری کا شروع ہوا تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم اکثر ماہ ربیع الاوّل مدینہ منورہ مین جلوہ فرما رہے پھر بطرف بحران
تشریف لے گئے اور پورے دو ماہ یعنی ربیع الثانی وجمادی الاوّل وہین مقیم رہے مگر نوبت

محاربہ نہین پہونچی آخرکار مدینہ منورہ کو نہضت فرما ہوے اور ماہ شعبان مین حضرت
حفصہ رضی اللہ عنہا بنت عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ سے نکاح فرمایا اور حضرت
بی بی ام کلثوم رضی اللہ عنہا اپنی دختر طاہرہ کا نکاح حضرت عثمان ابن عفان
رضی اللہ عنہ سے کردیا اور یہ فرمایا کہ اگر میرے چالیس بیٹیان ہوتین تو ایک کو دوسرے
کے بعد عثمان ہی سے عقد کردیتا۔ اور ماہ مبارک رمضان مین حضور پرنور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے زینب بنت خزیمہ ہلالیہ رضی اللہ عنہا سے
نکاح فرمایا۔ اور پندرھوین ماہ شعبان مین حضرت امیرالمومنین حسن مجتبی علیہ السلام
پیدا ہوے **فائدہ** حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ نے کتاب
جذب القلوب الی دیار المحبوب مین غزوہ بحران اسی سال مین لکھا ہے لہذا اُن کے
حساب سے یہ غزوہ دہم قرار پایا ہے اور مولف بہجۃ المحافل نے اس غزوہ کا ذکر ہی
نہین کیا ہے اور غزوہ اُحُد کو غزوہ نہم قرار دیا ہے اُحُد بضمتین ایک پہاڑ ہے
مدینہ منورہ سے ایک فرسخ کے فاصلہ پر زبیر ابن بکار کے نزدیک قبر حضرت ہارون
علیہ السلام کی اسی پہاڑ پر ہے **بیان غزوہ اُحُد** روایت ہے کہ بتاریخ پانزدہم
شوال روز شنبہ وبروایتے یازدہم وبروایتے ہفتم وبروایت حضرت امام مالک رضی اللہ
عنہ غزوہ بدر سے ایک برس بعد کہ اکتیسوان مہینا ہجرت کا شروع تھا کہ غزوہ اُحُد
واقع ہوا اور سبب اس غزوہ کا یہ ہوا کہ جب مشرکین قریش بدر سے مراجعت کرکے
مکہ معظمہ مین پہونچے تو اقارب وعشائر مقتولین بدر ابوسفیان سے ملنے کو آئے اور
کہا کہ تمام منفعت مال تجارت جس کو تو شام سے لایا ہے لشکر آرائی مین صرف کر
ہم کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مقابلہ کرنا منظور ہے تو ہم کو اس مین کیا مشورہ دیتا ہے
اُس نے کہا کہ جب تم سب لوگ اس بات پر اتفاق کرچکے ہو تو مین بھی اُس اتفاق
سے جدا نہین ہون اور بنی عبد مناف بھی میرے شریک ہین جب یہ مشورہ باخود ما

پختہ ہوگیا تو سب نے ملکر متاع تجارت جو دارالندوہ مین رکھی تھی نکالی اور بیچ ڈالی
چنانچہ ایک ہزار اونٹ اور پچاس ہزار مثقال طلا اُس تجارت کا راس المال تھا
جب اُسے فروخت کیا تو برابر کا فائدہ ہوا راس المال تو مالکانِ تجارت نے گھر مین
رکھ لیا اور اُس کا نفع لشکر آرائی مین صرف کیا اور اطراف مین ایلچیون کو بھیجکر اپنے
ہم مشرب مشرکون کو بُلایا یعنی عمرو ابن العاص وہبیرہ ابن ابی وہب وابن الزبعری
اور ابو غرہ جمحی شاعر نے یہ ایلچی گری کی تھی بعد اس کے یون صلاح ہوئی کہ ایکی مرتبہ
عورتین بھی ساتھ چلین اور وقت جنگ سرود لیکر اپنے اپنے مَردون کو اور جو عزیز
و اقارب اُن کے ہون اور جن عورات کے بھائی باپ جنگ بدر کے قتل شدہ ہون
اُن کے نام اور اُن کے اوصاف ان لڑنے والون کو یاد دلاکر ان کی جرائت بڑہائین
اور نوحہ کرین تاکہ اہل فوج کمال استقلال سے جنگ کرین اس عرصہ مین عباس ابن
عبد المطلب مکہ مین مقیم تھے آپ نے ایک مرد قبیلہ بنی غفار کو قاصد اجورہ دار مقرر
کرکے مدینہ طیبہ کو روانہ کیا اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو مفصل
حالات سے مطلع فرمایا جب وہ مدینہ منورہ مین پہونچا تو حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ملاقات نہ ہوئی حضور محلہ قبا مین جلوہ افروز تھے وہ
قاصد وہین پہونچا اُس وقت حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سوار ہورہے تھے
اُس نے خط حضرت عباس کا دیا آپ نے لفافہ اُس کا چاک فرماکر اُبی ابن کعب
کو دیا اُنہون نے مضمون خط سنا دیا آپ نے اُن سے فرمایا کہ اس مضمون کو مخفی
رکھنا بعد اس کے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سعد ابن ربیع کے گھر
تشریف لے گئے اُن سے خلوت مین سب حال بیان کیا اور مدینہ کو تشریف لائے
سعد کی زوجہ نے یہ سخنان راز کسی طرح سُن لئے تھے اس وجہ سے یہ راز افشا ہوگیا
اور یہودیون اور منافقون مین سرگوشیان ہونے لگین کہ مکّے سے آدمی آیا ہے

مگروہ خوشی کی خبر نہین لایا ہے لہذا محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم اُس کے
آنے سے مسرور نہین ہوئے - یہ خبر مشہور ہوگئی اور کفار قریش مکہ معظمہ سے
باہر نکلے - ابو عامر راہب اپنی قوم کے پچاس آدمی لیکر لشکر قریش کے ساتھ مل گیا
اب کفار قریش نے لشکر آراستہ کرکے ذوالحلیفہ مین خیمے نصب کئے اور وہان
تین روز کے قیام کا حکم دیا اور سب لشکر کا جائزہ لیا تو تین ہزار مردان جنگی شمار
مین آئے ان مین سات سو مرد زرہ پوش تھے اور سامان لشکر یہ تھا - تین ہزار
اونٹ دوسو گھوڑے پندرہ ہودجین ہزار گانے والی عورتین اور جمیع روسا
وشرفا مثل ابوسفیان و اسود ابن مطلب و جبیر ابن مطعم و صفوان بن اُمیہ
و عکرمہ بن ابی جہل و حارث ابن ہشام و عبداللہ ابن ربیعہ و خویطہ ابن عبدالعزیٰ
و خالد ابن ولید و ابوعزہ شاعر جمحی مع خویش و اقارب سب اس لشکر مین موجود
تھے اور سرداری اس لشکر کی ابوسفیان پر قرار پائی اور سالداری خالد بن ولید
پر جب یہ سب اخبار حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو دریافت
ہوئے تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے انس و مونس پسران
فضالہ کو دریافت حالات کے لئے بطور جاسوس روانہ فرمایا وہ خبر لائے کہ عریض
کے کھیتون مین کافرون نے اپنے لشکر کے اونٹ اور گھوڑے چھوڑے ہین ایسا
نظر آتا ہے کہ اب سبزہ باقی نہ رہیگا بعد اس کے مزید اطمینان کے واسطے حباب
ابن المنذر روانہ کئے گئے اور ارشاد ہوا کہ تم خوب تحقیق کرکے خبر لاؤ وہ جب پلٹ کر
آئے تو خبر مفصل مع کیفیت و کمیت لشکر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی تحریر کی
مطابق التماس کیا اُس رات یعنی شب جمعہ جس کی صبح کو لڑائی ہونے والی تھی
سعد ابن معاذ و سعد ابن عبادہ و اُسید ابن حضیر با جماعۃ دلاوران دولت خانۂ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم پر بنظر حفاظت بیدار رہے اور اکثر اصحاب

با صفا حراست مدینۂ منورہ مین مصروف رہے اِس غزوہ مین حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی یہ مرضی ہوئی کہ مدینہ سے باہر نہ نکلین اس لئے احباب و اصحاب سے یہ شورہ فرمایا کہ تمھاری اس مین کیا راے ہے غالب تعداد مہاجرین وانصار کی اسی طرف تھی کہ مدینہ سے باہر نہ نکلین حتی کہ عبداللہ ابن ابی سلول منافق بھی اسی راے کا شریک تھا یعنی حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی مبارک راے سے اتفاق کیا اور کہا کہ ہمارا تجربہ شاہد ہے کہ مدینہ مین رہکر دشمن سے مقابلہ کرنے مین اہل مدینہ ظفریاب ہوتے ہین اور ابی ابن کعب نے بھی اس کی تائید کی لیکن بعض نوجوانانِ انصار نے جو شوق شہادت اور جوش شجاعت مین بھرے بیٹھے تھے کہا کہ ہم تو میدان مین نکل کر کفار نگون سار سے مقابلہ کرنا پسند کرتے ہین حضرت سید الشہدا امیر حمزہ عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور سعد ابن عبادہ اور نعمان ابن مالک اور قبایل اوس و خزرج نے اُن کی موافقت کی۔ الغرض اس ردوبدل مین اس قدر مبالغہ ہوا کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بھی حضرت امیر حمزہ سید الشہدا رضی اللہ عنہ کی راے کی طرف میلان فرمایا چنانچہ جمعہ کی صبح کو حضرت والا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ اللہ تعالیٰ شانہ پر بھروسا کرو اللہ تم کو مدد دیگا اور اُس کے رسول کے حکم کو مانو اور اپنے دلون کو قوی رکھو اور لشکر کو آراستہ کرو پھر بعد نماز عصر حجرہ شریفہ مین تشریف لے گئے شیخین رضی اللہ عنہما ہمراہ تھے دونون نے اپنے ہاتھون سے سر مبارک پر عمامہ باندھا اور دو زرہین پہنا کر ادیم کا پٹکا کمر سے باندھا اصحاب جان نثار آستانۂ عُلیا پر تشریف آوری کے منتظر تھے کہ حضرت محبوب حق صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم شمشیر حمائل کئے ہوئے اور سپر پشت مبارک پر لٹکائے اور نیزہ دست اقدس مین لئے ماہ شب چہار دہم کی طرح برآمد ہوئے

تو جن لوگون کی راے مدینہ سے باہر نکل کر لڑنے کی تھی سخت نادم ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ جو کچھ آپ کے دل مبارک مین آئے وہ کیجیے ہم خلاف مرضی حضور پرنور کے کوئی کام کرنا نہین چاہتے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ مین تم سے پہلے ہی کہتا تھا تم نے نہ مانا اب مین سلاح جنگ بدن پر باندھکر کھول نہین سکتا جب تک اللہ تعالے لے شانہٗ فیصلہ نہ فرمائے اب تو جو ارادہ کر چکے ہو کرو بشرط صبر فتح تمھاری ہی ہے اگر میرے حکم پر قائم رہو گے۔ پھر تین نیزے آپ نے طلب فرمائے اور تین علم تیار کیے مہاجرین کا علم بردار علی مرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ کو اور بقولے مصعب ابن عمیر کو فرمایا اور قبیلہ اوس کا نشان اُسید ابن حضیر کو دیا اور قبیلہ خزرج کا نیزہ یعنی علم خباب ابن المنذر کو بخشا اور عبد اللہ ابن ام مکتوم کو مدینہ کا خلیفہ مقرر کیا اور اسپ تیز گام و خوش خرام پر سوار ہوے کمان گردن مبارک سے لٹکائی نیزہ ہاتھ مین لیا اور جانب اُحد متوجہ ہوئے اُس وقت ہمراہ رکاب ظفر انتساب سو جوان زرہ پوش تھے اور سعدین رضی اللہ عنہما نامداران شجاعان انصار زرہین پہنے ہوئے آگے آگے روانہ تھے کہ ناگاہ جُعال ابن سراقہ حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے روبرو آیا اور ایک ٹھنڈی سانس بھر کر بولا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم معلوم ہوتا ہے کہ آپ کل مارے جائین گے حضور نے فرمایا اَلَیْسَ الدَّھْرُ کُلُّہٗ غَدًا دنیا کی اتنی ہی عمر ہے یعنی ایک دن کی بعد ازان آپ نے بنی نجار مین منزل فرمائی اور اپنے لشکر کی موجودات ملاحظہ کی تو جماعۂ اطفال سے مثل عبد اللہ ابن عمر ابن خطاب زید ابن ثابت اُسامہ ابن زید ابن ارقم براء ابن عازب وسید بن ظہیر عرابہ بن اوس ابوسعید خدری ثمرہ بن جندب رافع بن خدیج بسبب کم سنی کے لشکر سے جُدا کر دیے گئے یہ لوگ مدینہ کو واپس ہوئے لیکن رافع اور ثمرہ عرض معروض کر کے رہ گئے جب آفتاب غروب ہوا تو بلال رضی اللہ عنہ نے نماز مغرب کی اذان کہی حضور پر نور

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نماز جماعت کے ساتھ ادا فرمائی رات بھر وہین
مقام ہوا یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بنی نجار مین فروکش ہوئے باقی
اصحابؓ اُسی مقام کے آس پاس اُترے اس شب کو محمد ابن مسلمہ نے پچاس آدمی
ہمراہ لیکر لشکر کی محافظت کی اور ذکوان ابوسمع بن عبد قیس نے خیمہ مبارک کی نگہبانی
کی لشکر قریش وہان سے بہت نزدیک تھا سب حال یہان کا وہ لوگ مشاہدہ کرتے
تھے کہ لشکر ظفر پیکر اسلام مین ہوشیاری ہو رہی ہے وہ لوگ بھی جابجا چوکی پہرہ متعین
کرنے لگے الحاصل جانبین مین رات بھر ہوشیاری وبیداری رہی صبح کو حضرت
رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سوار ہوے اور ابوخیثمہ خازنی راہ بتلانے
کو آگے آگے چلے قبیلہ بنی حارث کے ایک اندھے نے براہ حسد وبغض چھویان
خاک کی لشکریون پر ڈالین چونکہ خاکساری وعاجزی ایمان کی شان ہے کسی نے
اُس سے تعرض نہ کیا مگر سعد بن زید اسہل نے ناراض ہو کر اُس اندھے کو ایک کمان
ماری تاکہ اپنی حرکت حاسدانہ سے باز آئے حضور پرنور سید الصابرین وشاکرین اس
حرکت سے ناراض ہوئے کہ یہ فعل اُن کا خلاف حلم وبردباری تھا جب اُحد مین
لشکر ظفر پیکر پہونچا تو صبح کا وقت تھا نماز صبح بجماعت واذان واقامت ادا فرمائی
عبد اللہ ابن ابی سلول منافق کہ مع تین سو نفر بنی حارث وبنی سلیم سے لشکر کے ساتھ
تھا چلا گیا ہرچند عبد اللہ ابن حرام نے روکا مگر نہ ٹھیرا۔ ایک روایت ہے کہ پہلی ہی
منزل سے چلا گیا تھا اہل مدینہ نے اُسے بہت ملامت کی اور اُس کے ہمراہی رفقا
بہت پشیمان ہوئے بعد اس کے غزوہ اسلام نے بحکم حضرت سید المرسلین صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم صفوف لشکر اسلام آراستہ کین کوہ اُحد کو پشت پر رکھا اور
مدینہ باسکینہ کو مُنہ کے سامنے۔ اور عینین پہاڑی کو جو کوہ اُحد کے قریب ہے اور
اس مین ایک غار بھی ہے جانب چپ قرار دیا اور اس طرف سے فوج کفار کے یورش

کرنے کا خطرہ تھا لہذا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عبداللہ ابن جُبیر کو پچاس تیراندازون کی جماعت سے وہان پر معین فرمایا اور تاکید کردی کہ یہ مقام نہ چھوڑنا۔ چاہے ہم غالب ہون یا مغلوب بعد اس کے خود حضور پُرنور نے بنفس نفیس صفِ غازیان شیردل آراستہ فرمائی اس طرح کہ عکاشہ ابن محض اسدی یا زبیر بن العوام کو میمنہ اور ابوسلمہ ابن عبدالاسد مخزومی کو میسرہ کیا اور ابوعبیدہ ابن الجراح اور سعید ابن وقاص کو آگے اور مقداد ابن الاسود کو پیچھے فرمایا اور حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو قلب لشکر مین جگہ عنایت فرمائی اور حضرت امیرالمومنین یعسوب المسلمین علی ابن ابی طالب نے معیت ومصاحبت حضور اختیار فرمائی اور مترصد ہوئے کہ جس مقام مین ارشاد ہو اُسی طرف متوجہ ہون اور مشرکون نے بھی صف آرائی کی۔ خالد بن ولید کو داہنے پر عکرمہ بن ابی جہل کو بائین پر ابوسفیان کو قلب لشکر پر صفوان بن اُمیہ یا عمرو بن العاص کو سوارون کا افسر کیا اور رخنہ کوہ پر کھڑا کیا اور عبداللہ بن ربیعہ کو تیراندازون کا سردار مقرر کیا اور لشکر کفار مین سَو تیرانداز تھے اور علم بردار کفار کا طلحہ بن ابی طلحہ تھا اور اُس کو کبش کتیبہ کہتے تھے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پوچھا کہ علم بردار مشرکین کا کون ہے عرض کی کہ بنی عبدالدار آپ نے فرمایا نَحْنُ اَحَقُّ بِالْوَفَاءِ مِنْهُمْ ترجمہ ہم لایق تر ہین اُن سے وفا کرنے مین پھر استفسار فرمایا کہ مصعب بن عمیر کہان ہے وہ بولے یارسول اللہ حاضر ہون آپ نے فرمایا خُذِ اللِّوا یعنی نشان اُٹھا اُنھون نے فوراً نشان اُٹھالیا اور آگے آپ کے رہے۔

جنگ کا آغاز

لشکر کفار فجار سے ابوعامر پچاس تیرانداز اپنی قوم سے لیکر میدان جنگ مین آیا

اور آواز دی کہ مین ابو عامر ہون مسلمانون نے کہا لَا مَرْحَبًا بِكَ وَلَا اَهْلًا
یَا فَاسِقُ اُس نابکار نے مسلمانون کو تیر مارنے شروع کئے اور چند غلام قریش اور بھی
اُس کے ساتھ تھے وہ پتھر مارتے تھے مسلمانون نے بھی پتھر اور تیر برسانے شروع
کر دئے یہان تک کہ ابو عامر اور اُس کے ہمراہی سب بھاگ گئے اور عورتین لشکر
کفار مین دف بجاتی تھین اور رجز گاتی تھین اُن رجزون مین سے ایک جز یہ تھا

نَحْنُ بُنَاتُ طَارِقْ تَمْشِيْ عَلَى النَّمَارِقْ
اَنْ تُقْبِلُوْا نُعَانِقْ اَوْ تُدْبِرُوْا نُفَارِقْ
فِرَاقَ غَيْرِ وَامِقْ

فائدہ طارق نام ہے بنی اُمیہ بن عبد الشمس کا یہ بیتین اُس کے حق مین ہین
اور ضرب المثل ہین عرب مین جو عورت حسین ہوتی ہے وہ اپنی نسبت طارق کی طرف
کرتی ہے اور حاصل معنی ان بیتون کی یہ ہین کہ ہم خوبصورت عورتین ہین اور مسندون
اور قالینون پر چلتی ہین جو مردانہ وار جنگ کریگا ہم اُس سے ملین گے اور جو جنگ
سے بھاگے گا اُس سے ہم دور رہین گے جب ابو عامر کافر میدان جنگ سے بھاگا
تو تیر اندازانِ اسلام نے غلبہ کیا اور اتنے تیر مشرکون کے سوارون پر مارے کہ کافرون
مین سے ہوازن کی جماعت نے راہ گریز اختیار کی یہ **دوسری جماعت پر**
لشکر اسلام کا غلبہ اور فتح ہے اور طلحہ بن طلحہ جو مشرکین کا علمدار تھا
اُس نے میدان مین نکل کر مبارز طلب کیا۔ **مُبارز** بتقدیم راے برزا سے جنگ آور
لڑنے کے لئے جسے طلب کرتے ہین۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ اُس کے مقابلے
مین آئے اور اُس کے سر پر ایک ہاتھ تلوار کا مار کر واصل جہنم کیا حضور پر نور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس طریقۂ جنگ سے خوش ہوئے اور بآواز بلند تکبیر کہی
آپ کی متابعت مین سب مسلمانون نے تکبیر کہی بآواز بلند۔ شاہ خیبر نے حملہ کرکے

صفوف کفار کو مضطرب کر دیا۔ اس کے قتل کے بعد عثمان بن ابی طلحہ علم بردار کفار ہوا
حضرت سید الشہدا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے ایک ہاتھ تلوار کا اُس کے دونون
شانون کے بیچ مین مارا ایک ہاتھ شانہ سمیت کٹ گیا اُس کا پھیپڑہ نظر آنے لگا۔
پھر حضرت حمزہ اُسے مار کر لوٹے اور کہتے تھے اَنَا اِبْنُ سَاقِ الحجیج یعنی مین
حاجیون کے پانی پلانے والے کا بیٹا ہون۔ بنی ہاشم کو یہی خدمت تھی جو عزت کے
طریقہ سے اُن کو حاصل تھی اور حضرت سید الشہدا کی مراد اس جملہ سے خواجہ
عبد المطلب تھے کہ سقایت حرم محترم اُن کے حوالہ تھی حیف حیف حیف
حسین ابن علی شہید دشت کربلا علیہ السلام اسی خاندان کے دُرِ شاہوار تھے جو کربلا
مین مع اعوان وانصار بے آب و دانہ شہید ہوئے ؎

آزردہ رفت از تو لبِ تشنۂ حسین　　　اے آب خاک شو کہ ترا آبرو نماند

پھر ابو سعید بن ابی طلحہ نے علم اُٹھایا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے ایک
تیر اُس کے گلے پر مارا کہ زبان اُس کی ہانپتے ہوئے کُتّے کی طرح باہر نکل آئی بعد
اُس کے مسافع بن طلحہ بن ابی طلحہ نے علم اُٹھایا عاصم بن ثابت بن ابی افلح
رضی اللہ عنہ نے اُس کو تیر مارا وہ ہلاک ہوا پھر حارث بن ابی طلحہ نے علم اُٹھایا
اُس کو بھی عاصم نے زخم تیر سے فی النار و السقر کیا پھر کلاب بن طلحہ نے علم لیا
اُس کو زبیر بن عوام نے قتل کیا رضی اللہ عنہ پھر جلاس بن طلحہ بجائے اُس کے
علم بردار تھا طلحہ بن عبیدہ رضی اللہ عنہ نے اُس کو قتل کیا پھر ارطاط بن سرجبیل
علم بردار ہوا اُس کو علی مرتضیٰ شیر خدا نے مارا پھر شریح بن فارض علم بردار ہوا
راوی کہتا ہے کہ مین نہین جانتا کہ اسے کس نے مارا پھر بنی عبد الدار کے غلامون مین
سے صواب نام ایک غلام نے علم اُٹھایا اُس کو قزمان نے مارا اور یہی قول صحیح ہے

حال قزمان منافق کا واقدیؒ کہتے ہین کہ قزمان منافقون مین سے تھا

اور لشکر اسلام سے تخلف کر کے مدینہ مین رہ گیا تھا اُسے عورتون نے طعنہ دیا کہ سب
مرد تو لڑائی مین گئے ہین اور تو عورتون کی طرح گھر مین بیٹھا ہے وہ یہ سنکر نہایت شرمندہ
ہوا اور سلاح جنگ سے آراستہ ہوکر کوہ اُحُد کی طرف چلا اُس وقت کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم صفین برابر فرما رہے تھے لشکر اسلام مین جاکر شامل ہوا اور
صف اوّل مین جاکر کھڑا ہوا اور پہلے اُسی نے اعدا کی طرف تیر چلایا اور اتنا لڑا کہ
سات مشرکون کو قتل کیا پھر جب بہت زخمی ہوکر گرا اور قریب بمرگ تھا تو قتادہ اُسکی
طرف سے ہوکر گذرے اور اُس سے کہا یا ابا غیلان خوشگوار ہو تجھے شربت شہادت
اُس نے کہا مین نے اس لئے جنگ نہین کی بلکہ سبب اس کا یہ تھا کہ قریش میرے
نخلستان کے پتون کو پائمال نہ کرین اور چونکہ اُس کے زخم اُسے بہت تکلیف
دے رہے تھے اُن سے تنگ آکر خود اپنی تلوار سے خودکشی کی۔ مروی ہے کہ جب کبھی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اُس کو یاد فرماتے تھے ارشاد کرتے تھے
قزمان اہل دوزخ سے ہے کذا فی روضۃ الاحباب۔ جب قریش کے علم بردار کی
قوم تمام ہوچکی اور بنی عبدالدار سے کوئی باقی نہ رہا کہ علم برداری کرے اُس وقت
رایت کفار نگونسار ہوا اور ایک روایت مین ہے کہ بعد ان کے جب کوئی مرد نہ رہا
تو عمرہ بنت عقلمہ حارثیہ کفار کی علم بردار ہوئی اور پھر کفار پر ہزیمت پڑی اور اُس روز
حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ایک تلوار اپنے دست مبارک مین لی
اور فرمایا کہ کون ہے جو اس کا حق ادا کرے اور اس تلوار کو مجھ سے لے آپ کے
یارون مین سے ایک جماعت نے چاہا کہ اُس کو لین آپ نے اُن کو وہ تلوار عنایت
نہ فرمائی ابودجانہ انصاری نے عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم اس کا حق کیا ہے حضورؐ نے فرمایا کہ اس کا حق یہ ہے کہ اس کو دشمنون پہ
چلاوے یہان تک کہ اُن کو ہلاک کرے ابودجانہ نے عرض کی کہ یارسول اللہ

میرے مان باپ آپ پر قربان مین لیتا ہون آپ نے وہ تلوار اُن کو حوالہ کی۔ پھر ابودجانہ جس غول پر حملہ کرتے تھے اُس کو پریشان کر دیتے تھے۔ القصہ سب مسلمانون نے یکبارگی فوجِ کفار پر حملہ کر دیا اور تلوارین مارنی شروع کین اور اُن کو اُن کی جگہ سے ہٹا دیا اور دور تک بھگا کر لے گئے آخر کو تعاقب چھوڑ کر مسلمان لوٹ مین مصروف ہو گئے خالد بن ولید نے کفار کی ایک جماعت کے ساتھ شگاف درۂ کوہِ عینین سے لشکر اسلام کی پشت پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا لشکر اسلام کے تیر انداز جو وہان متعین تھے اُس جماعت نے کفار نگونسار کی جماعت کے حملہ کو واپس کر دیا اور یہ حملے چند مرتبہ کئے گئے اور واپس ہوتے گئے فوج کفار گھات مین لگی رہی جب ان تیر اندازانِ اسلام نے دیکھا کہ یہ حملہ روک دیا گیا ہے اب وہ ادھر قصد نہ کرین گے تو ان لوگون کو بھی مال لوٹنے کا شوق پیدا ہوا اور کہا کہ اب یہان پر توقف ہمارا بے سود ہے ہم بھی لوٹ مین شریک ہون عبداللہ بن جبیر نے جو ان کے امیر تھے ان کو بہت روکا اور سمجھایا کہ ہرگز یہان سے جنبش نہ کرنا حضور کا حکم نہین ہے اور حضرت کا ارشاد اُن کو یاد دلایا مگر امر تقدیری ٹل نہین سکتا کسی نے اُن کا کہنا نہ مانا اور کہا کہ حضرت صلعم کی یہ مراد نہ تھی جو تم کہتے ہو سب وہان سے چلے آئے مگر دس آدمیون سے کم وہان رہ گئے جب خالد بن ولید نے میدان خالی پایا تو عکرمہ اور اُن کے رفقا کو اپنے ساتھ لیکر حملہ کر دیا وہ سب شہید ہو گئے اب وہ مسلمانون کے پیچھے اچانک پہونچ گئے صفین درہم برہم ہو گئین اور بے خبری کی حالت مین مسلمانون کا قتل شروع ہو گیا اسی عرصہ مین ہوائے مخالف یعنی بادِ دبور جسے پچھوا کہتے ہین زور سے چلنے لگی اور اس سے پہلے بادِ صبا چلتی تھی یعنی پورب کی طرف کی ہوا۔ یہ پریشانی لشکر اسلام مین حضرت صلعم کی نافرمانی کے سبب سے واقع ہوئی۔ روایت ہے کہ چودہ صحابی سات مہاجرین مین سے اور سات انصار مین سے

حضور پرنورؐ کے ہمراہ تھے مہاجرین مین سے ابوبکرؓ صدیق اور علیؓ مرتضےٰ اور عبدالرحمٰنؓ بن عوف اور سعدؓ بن ابی وقاص اور طلحہؓ بن عبیداللہ اور ابوعبیدہؓ بن الجراح اور زبیرؓ بن العوام۔ اور انصار مین سے حبابؓ بن المنذر اور ابودجانہؓ اور عاصمؓ بن ثابت اور سہلؓ بن حنیف اور اسیدؓ بن حضیر اور سعدؓ بن معاذ اور حارثؓ بن الصمۃ کہتے ہین کہ محمدؐ بن مسلمہ بھی اُن مین سے تھے رضی اللہ عنہم آٹھ نے اُن مین سے اُسی دن حضور پرنورؐ کے دست مبارک پر مرنے کی بعیت کی یعنی جب تک مر نہ جائین جنگ سے ہاتھ نہ روکین اللہ تعالیٰ شانہ کی عنایت سے یہ آٹھون اُس دن محفوظ رہے وہ آٹھون بزرگ یہ ہین علی علیہ السلام طلحہ زبیر ابودجانہ حارث حباب عاصم سہل اور تیس آدمی آگے آگے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے جنگ کر رہے تھے اور یہ کہتے جاتے تھے وَجْهِيْ دُوْنَ وَجْهِكَ وَنَفْسِيْ دُوْنَ نَفْسِكَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ غَيْرَ مُوَدَّعٍ یعنی میری ذات آپ کی ذات مبارک کی اوٹ ہے اور میری جان آپ کی جان اقدس کی اوٹ ہے اور آپ پر سلام درانحالیکہ یہ سلام رخصت کا نہین۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ جب کفار نے مسلمانون پر غلبہ کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم میری نظر سے غایب ہو گئے مین نے آپ کو شہیدون مین تلاش کیا نہ پایا مین نے اپنے دل مین کہا کہ وہ ذات مقدس تو ایسی نہین ہے کہ میدان جنگ سے کنارہ فرما جاے اور شہیدون مین بھی نہین ہین گمان میرا یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے ہمپر غصہ کیا ہمارے اعمال کے سبب سے اپنے رسولؐ کو آسمان پر اُٹھا لیا اب یہی بہتر ہے کہ مقاتلہ کرون اور مارا جاؤن تلوار نکالکر کفار پر حملہ کیا یہان تک کہ وہ سب منتشر ہو گئے۔ پھر مین نے دیکھا کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اُس جگہ جلوہ فرما ہین اور مین سمجھا کہ اللہ تعالےٰ شانہ نے اپنے فرشتون کے ذریعہ سے

آپ کی محافظت فرمائی۔ معارج النبوت مین ہے کہ جس وقت حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نے بحکم حضور پرنور کفار سے مقابلہ کیا اور اُس جماعت کو منتشر کر دیا تو اُس وقت ابو دجانہ اور سہل بن حنیف رضی اللہ عنہما آپ کے سر مبارک پر ننگی تلوارون کا سایہ کیئے ہوے تھے۔

فائدہ اُس وقت یہ جنگ بے قاعدہ طریقہ سے ہو رہی تھی اور جو بڑے بڑے بہادر اصحاب تھے وہ کفارون کو پھیلے ہوئے میدان مین روکے ہوئے تھے اور اندازاً جیساکہ اوپر کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ تیس آدمی تو حضرت کے آگے آگے تھے اور جنگ کر رہے تھے اور چودہ آدمی انصار و مہاجرین مین سے تھے جو آپ کو گھیرے ہوئے تھے حضرت **حمزہ** رضی اللہ عنہ ایک طرف لڑ رہے تھے اور حضرت **عمر ابن خطاب** رضی اللہ عنہ ایک جماعت کے ساتھ اُس مقام کو روکے ہوے تھے جس درۂ کوہ سے کفار کی فوج ادھر نکل آئی تھی اور آرہی تھی۔ آپ نے اُن کو وہان سے ہٹایا **فقیر محمد اکبر** عرض کرتا ہے کہ یہ جو مشہور ہے کہ صحابی بھاگے۔ کتابین موجود ہین ہماری نظر سے تو یہ معرکہ نہین گذرا کہ رسول اللہ کو چھوڑ کر صحابہؓ مین سے کسی کا قدم پیچھے ہٹا ہو یا میدان چھوڑ کر مدینہ کو چلے گئے ہون یا کسی مسلمان نے کسی صحابی کو بھاگتے ہوے دیکھا ہو جن کو شہادت زندگی سے زیادہ عزیز ہو وہ میدان سے قدم پیچھے ہٹا سکتے ہین۔ ہرگز نہین واقعہ یہ ہوا کہ جب درۂ کوہ کی متعین فوج اپنی فتح ملاحظہ کر کے مال غنیمت جمع کرنے کو اپنے امیر کے حکم کے خلاف میدان جنگ مین آگئی (یہ الزام بے شک اُن پر ہے کہ اپنے امیر کی نافرمانی کی) تو خالد بن ولید اُن معدودۂ چند آدمیون کو مع اُن کے امیر کے قتل کر کے پشت کی طرف سے اُس فتحمند فوج پر جو بالکل بے خبری کی حالت مین اپنے اپنے کام مین مشغول تھے آپڑے بے شک اس ناگہانی واقعہ مین کچھ صحابہ شہید ہوے

پھر وہ لوگ جہان جہان تھے وہین اپنی حفاظت اور دشمن کے دفع کرنے مین مشغول ہو گئے اور اچھی طرح دادِ شجاعت و مردانگی دی اور برابر لڑتے رہے جب بعض منافقین نے اپنی اپنی آوازین بدلکر پکارنا شروع کیا کہ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قتل ہوئے تو بے شک صحابہ کو اِس آواز کے سننے سے بڑا انتشار ہوا اور ضرور انتشار ہونا تھا۔ کیونکر نہ ہوتا صحابہ اور جملہ مسلمانون کے واسطے تو حاصل کارخانہ قدرت آپ ہی کی ذات مبارک تھی کیونکر وہ گھبرانہ جاتے اور حضورؐ پرنور کا یہ واقعہ ہوا کہ پورے میدان کی کیفیت اُس وقت وہان سے نظر نہ آتی تھی آپ اُس کا معائنہ فرمانے کو ایک ٹیکرے پر چڑھ گئے جب آپ کو کفار نے بلندی پر ملاحظہ کیا تو ابن قمیہ بدبخت نے آپ کی طرف پتھر مارنے شروع کئے رُخسارہ پرانوار آپ کے زخمی اور خون آلود ہوئے اور حلقے خود کے آپ کے سر مبارک مین گھس گئے اور جبین روشن آپ کی مجروح ہوئی اور پیشانی سے خون بہکر ریش مبارک تک آیا آپ اپنی چادر مبارک سے اُسے پوچھتے تھے اور فرماتے تھے کیونکر فلاح پائیگی وہ قوم جس نے اپنے پیغمبر کے ساتھ ایسا معاملہ کیا حالانکہ وہ اُن کو خدا کی طرف بُلاتا ہے پھر حضورؐ پرنور رحمۃ للعالمین نے فرمایا اَللّٰھُمَّ اھد قومی انھم لا یعلمون یعنی اے اللہ ہدایت فرما میری قوم کو تحقیق کہ یہ مجھے نہین جانتے۔

اور عتبہ بن ابی وقاص نے آپ کو پتھر مارا لب زیرین آپ کا زخمی ہوا اور دندان رباعی نیچے کے سیدھے رخسار کی طرف کے شہید ہوے۔ اور عبداللہ بن شہاب نے آپ کی کہنی پر پتھر مارے کہنی حضور پرنور کی مجروح ہوئی یہ حملے حضور پر دور دور سے ہورہے تھے جس بلندی پر حضور پرنور کھڑے تھے کفار نے مخفی طریقے سے وہان کئی گڑھے زمین مین کھود کر خس پوش کر دئے تھے اور چونکہ دو زرہین اوس روز حضور پہنے ہوئے تھے اُن کا بوجھ زیادہ ہوگیا تھا ناگہان حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

کسی سبب سے داہین یا بائین طرف ہٹے تو پاے مبارک اُس خس پوش گڑھے مین
آگیا آپ نے اُس گڑھے کی طرف میلان فرمایا بس اتنی ہی دیر آپ لوگون کی نگاہون
سے غائب ہوئے تھے کہ کفار نے خبر اُڑا دی کہ آپ شہید ہو گئے۔ چودہ جان نثار
صحابی انصار اور مہاجرین سے وہان موجود تھے فوراً طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ
گڑھے مین اُتر پڑے اور آپ کو بغل مین لیا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی معاونت
سے باہر یعنی اُس گڑھے کے اوپر لائے اُس روز حضرت طلحہ کی معراج کا دن تھا کہ حضور
پر نور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم اُنکی پشت مبارک پر قدم رکھکر بمعاونت سیدنا علی
کرم اللہ وجہہ گڑھے کے اوپر آئے حضرت نے طلحہ رضی اللہ تعالیٰ شانہ کی شان مین
یہ حدیث فرمائی **حدیث حضرت طلحہ کی شان مین** مَنْ اَحَبَّ اَنْ
یَنظُرُ اِلٰی رَجُلٍ یَمْشِیْ فِی الدُّنْیَا وَھُوَ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ فَلْیَنْظُرْ
اِلٰی طَلْحَۃَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ **ترجمہ حدیث شریف** جو شخص کہ چاہتا ہو کہ
کسی ایسے آدمی کو دیکھے کہ وہ دنیا مین چلتا پھرتا ہو اور اہل جنت ہو تو وہ طلحہ بن
عبید اللہ کو دیکھ لے جب آپ گڑھے مین گرے ہین تو مردود ابن قمیہ نے آواز دی
کہ مین نے محمد صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو قتل کیا یہی آواز کفار قریش کے
کانون تک پہونچی اور جو مسلمان کہ جابجا اپنی حفاظت مین جنگ کر رہے تھے وہ
اُسی آواز کی طرف دوڑے اسی کو کہا جاتا ہے کہ مسلمانون کے قدم اُٹھ گئے جب
تحقیق ہو گیا مسلمانون کو کہ یہ خبر غلط ہے پھر کفار نگونسار کی طرف پلٹ پڑے اور
جنگ کرنے لگے مگر یہ خبر مدینہ طیبہ تک پہونچی اس خبر ناخوش کو سُنکر چودہ عورتین
اہل بیت نبوت مین سے مدینہ سے نکلین اور دوڑتی ہوئی جنگ گاہ مین پہونچین
ازانجملہ حضرت سیدۃ النسا فاطمہ زہرا تھین حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے
اُن پانچون اشقیا کے حق مین بد دعا کی جن لوگون نے حضرت پر یورش کی تھی

یہ سال اُن پر تمام نہ ہوا کہ سب کے سب فی النار والسقر ہوئے۔ جن لوگون نے یہ خبر مدینہ مین پہونچائی تھی اُن مین سے اکثر منافقین تھے۔ اور جو لوگ اپنی کسی ضرورت سے مدینہ مین رہ گئے وہ بھی یہ خبر ناخوش سُنکر فوراً جنگ گاہ کی طرف روانہ ہوئے۔ الغرض جب عبداللہ بن حمید اسدی نے سنا کہ حضور پُرنور زخمی ہوئے تو وہ مردود اپنا گھوڑا میدان مین دوڑاتا پھرتا تھا اور کہتا تھا کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو مجھے بتاؤ کہ مین اُن کو قتل کرون یا خود مارا جاؤن ابودجانہ رضی اللہ عنہ نے اُس کا راستہ روکا اور ایک وار تلوار کا مار کر اُسے فی النار والسقر کیا حضورؐ نے ابودجانہ رضی اللہ عنہ کی شان مین فرمایا اَللّٰھُمَّ اَرْضِ عَنْ اَبِیْ خَرْشَۃَ کَمَا اَنَا عَنْہُ رَاضٍ اے اللہ راضی ہو ابی خرشہ سے جیسا کہ مین اُس سے راضی ہون اور ابن قمیہ علیہ اللعنہ جب کفار فجار مکہ کی طرف لوٹے مین تو یہ اُنہین دنون مین ایک پہاڑ پر سوتا تھا اللہ تعالیٰ شانہ کی ایسی مرضی ہوئی کہ ایک مینڈھے نے آکر اُس کے پیٹ پر ٹکر ماری کہ اُس کے سینگ اُس بدبخت کے حلق سے باہر نکل آئے اور وہ ہلاک ہوگیا اور ابی ابن خلف گھوڑے پر سوار بارادہ قتل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے قریب آیا دیوانہ وار ہزلیات بکتا ہوا آپ نے زبیر رضی اللہ عنہ سے حربہ لیکر اُسے مارا وہ مردود اپنے گھوڑے کی باگ پھیر کر بھاگا اور چیخین مارتا تھا اور فریاد کرتا تھا قوم نے کہا کہ او نامعقول نامرد یہ تیرا زخم ایسا کاری نہین ہے جس سے تو اتنی ہائے پُکار کر رہا ہے اُس نے کہا کہ تم نہین جانتے یہ زخم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہاتھ کا ہے قسم ہے لات وعزیٰ کی یہ زخم مین اکیلا رکھتا ہون اگر تمام اہلِ ذی المجاز کو پہونچتا تو یکبارگی مرجاتے مین اس زخم سے ہرگز زندہ نہ رہونگا اس لئے کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہا تھا کہ تیرا قاتل مین ہون پس وہ کافر اُحد سے لوٹنے کے وقت واصل بجہنم ہوا

اور بعض ان مین سے اسی جنگ مین مارے گئے غرض کہ یہ سال اُن پانچون پر تمام نہ ہوا کہ سب فی النار و السقر ہوئے۔

واقعہ دردناک شہادت حضرت سید الشہداء حمزا شیر غزاے اسلام رضی اللہ عنہ

مولٰنا کا فلسفہ رحمۃ اللہ علیہ

رحمتِ حق بہانہ می جوید

رحمتِ حق بہانہ می جوید

اسلام کوئی ہاتھ دو ہاتھ کے عرض وطول کا چھوٹا سا گھڑا تو ہے نہین کہ اس سے ذراسی بھی نجاست پاک نہین ہوسکتی یہ تو اس عالم مین جتنے دریا اور سمندر ہین سب سے بڑا دریا ہے دوسری بات یہ ہے کہ ہر دریا اور ہر سمندر نجاست ظاہری کو پاک کرتا ہے بدن کسی نجاست سے آلودہ ہوگا دریا مین جاکر غوطہ لگائیے پاک ہوگیا نجس کپڑے دھوبی کو دیجیے پاک کرلائیگا دل کی اور کفر کی نجاست کو دو کروڑ سمندر بھی پاک نہین کرسکتے جس کافر نے جس بڑے سے بڑے سمندر مین غوطہ لگایا جب تک وہ سمندر کے اندر ہے اُس وقت بھی ناپاک ہے اور جب باہر سر نکالا جب بھی ناپاک افسوس اُن کوتہ نظر اور کوتہ اندیش لوگون پر کہ اللہ کی رحمت یعنی دریاے اسلام کو اُس حوض سے بھی جو دہ در دہ ہے تنگ کیا چاہتے ہین اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ مولانا ے رومی کا فلسفہ تو پڑھ لیا ہوگا اب حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ کا فلسفہ بھی پڑھ لیجیے۔

اگر در دہد یک صلائے کرم
عزازیل گوید نصیبے برم

کلمۂ لا الہ الا اللہ تو اقرار اُلوہیت ہے جس زبان پر یہ کلمہ جاری ہو وہ زبان پاک ہوگئی یہ جملہ بھی بے نقط ہے اور کہا جاتا ہے نقاط حروف کے زیور ہین مگر دیکھئے کہ یہ جملہ بے نقط ہی خوبصورت معلوم ہو رہا ہے اس لئے زبان کی شست وشو کردی اب بندے کی زبان اس قابل ہوئی کہ وہ تصدیق رسالت کے ذریعہ سے بندے کی نجاست دل کو دھوئے اور وہ جملہ جو جملۂ کائنات کا وسیلۂ نجات ہے یہ ہے محمد رسول اللہ اور یہ بھی نقطون کی زینت اور آرائش سے پاک خود ہی خوبصورت ہے ؎

ہزار بار بشویم دہن زمشک وگلاب ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

ہمارے بعض برادران مہربان کہ جن کے دل محبت اہل بیت سے معمور ہین وہ کہتے ہین کہ ہمین تو وحشی قاتل حضرت امیر حمزہ سے نفرت ہے + ہم بھی اُن کے نام سے اُس وقت تک متنفر رہے جب تک وہ ایمان نہین لائے تھے جب وہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین حاضر ہوئے اور ایمان لائے اُن کے گناہ کا بار اُن کے سر سے اُتر گیا اور یہ کہین ثابت نہین ہے کہ حضور پر نور اُن کی طرف سے مُنہ پھیر لیتے تھے جب اللہ نے اُن کو پاک کر دیا تو پھر اُن کے پاک ہونے مین کیا کمی اسلام مین شک وشبہ کو دخل نہین ہے اسلام کے بعد کسی مومن کو اُس کی کفر کی باتون پر مواخذہ کرنے کا حکم نہین دیکھو یہ آیت قرآنی ہے اور سورۂ حُجرات چھبیسوین پارے مین موجود ہے قال اللہ تعالیٰ شانہ بِئْسَ الاِسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

حاصل مضمون یہ ہے اُن لوگون کو جو ایمان لائے ہین اُن کے کفر کی باتین یاد دلا کر رنجیدہ نہ کرو اب وہ اُس جرم سے پاک ہو گئے۔

میرے پیارے عزیزو اللہ تعالیٰ شانہ تم کو گناہون سے بچائے اللھم آمین میری عرض سنو اور سمجھو تم تیرہ سو سال گذشتہ کا فیصلہ اب کرنے بیٹھے ہو حالانکہ باخود ہا مین فیصلہ ہو چکا ہے اور قرآن پاک نے عام فیصلہ کر دیا ہے کہ اہل کفر کے اُن افعال و اقوال پر جو اسلام کے خلاف مین اُن سے سرزد ہوئے کوئی مواخذہ نہین ہے جب وہ ایمان لائے وہ کیسی ہی دردناک تکلیفین کیون نہ ہون تمھاری اور ہماری خیریت اسی مین ہے کہ جو اصولِ مذہب طریقت و شریعت موافق اجتہاد حضرت امام اعظم ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ پیران طریقت سے پہونچی ہین اُن کو خوب مستحکم طریقہ سے ہم پکڑے رہین اور اپنی راے کو دخل نہ دین اب زمانۂ اجتہاد باقی نہ رہا اسلامی درسگاہون کے دروازون مین قفل پڑ گئے استاذۂ علم دین کبریت احمر سے بہت زیادہ معدوم ہین اور جو حضرات اس وقت مجتہد بنے بیٹھے ہین وہ بزرگ ذات اپنے ہی گھر کی چار دیواری کے اندر کے مجتہد ہین ہم تو فقیرون کے کفش بردار ہین حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی لکیر کے فقیر ہین اور تا زندگی رہین گے انشاء اللہ تعالےٰ۔

الغرض تھوڑی سی دیر تک تو مسلمانون کا یہ حال رہا کہ اُن کو سوائے قتال کے کچھ سوجھتا ہی نہ تھا باخود ہا مسلمان آپس مین ایک دوسرے کے ہاتھ سے زخمی ہو گئے اور جو لوگ کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر بنظر حفاظت حلقہ زن تھے جیسے ماہ شبِ چہار دہم پر نجوم درخشان باواز بلند پکار رہے تھے وجہی لوجہک الوفاء ونفسی لنفسک الفداء وہ سب شہید ہوئے آخرکار اُن مین سے کافرون نے زیاد ابن السکن کو شہید کیا اور چاہا کہ اُن کا سر کاٹ لین مگر اصحاب رضی

اُن کی لاش کو اُٹھا لائے اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے قدمون مین ڈال دی اُن مین کچھ جان اُس وقت باقی تھی اُن کی رُوح مبارک میری زبان سے یہ شعر پڑھتی ہوئی باغ جنان کو سدھاری ؎

سر در رہِ عشقِ تو فدا شد چہ بجا شد　　　این بارِ گران بود ادا شد چہ بجا شد

یہ سخت واقعہ لشکر اسلام پر دو آدمیون کے سبب سے وقوع مین آیا ایک تو حضرت خالد بن الولید دوسرے عکرمہ ابن ابی جہل مگر جب وہ اسلام لائے تو کچھ باز پرس اس واقعہ کی اُن کے ذمہ باقی نہ رہی اب اُن کے نامون کے آگے پیچھے حضرت بھی ہے اور رضی اللہ عنہ بھی ہے پھر اور دوسرے صحابی ان دونون خطابات عزت سے کیون محروم رکھے جاتے ہین اور **حضرت امیر حمزہ** سید الشہدا رضی اللہ عنہ کا اُس روز یہ حال تھا کہ آپ کے دونون ہاتھون مین تلوارین تھین اور آپ دونون ہاتھون سے قتال کر رہے تھے کہ ناگاہ آپ وحشی کے ہاتھ سے شہید ہوے اس کا مفصل حال آگے صفحے مین درج ہوگا۔ **مصعب ابن عمیر علمدار اسلام** ابن قمیہ کے ہاتھ سے شہید ہوے اُسی وقت لشکر اسلام کا **علم** ایک فرشتے نے مصعب کی صورت مین متمثل ہو کر فوراً اُٹھا لیا اُسے زمین پر گرنے نہ دیا اور آخر روز تک جب تک جنگ قائم رہی وہ علم اُس کے ہاتھ مین رہا جب لڑائی بند ہوئی تو وہ فرشتہ نشان لئے ہوئے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین حاضر ہوا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا تقدم یا مصعب اُس نے عرض کیا کہ مین مصعب نہین ہون تو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو معلوم ہوا کہ یہ فرشتہ ہے پھر وہ نظر سے غائب ہوگیا اور لوگون کو معلوم ہوا کہ مصعب شہید ہوئے **ماجراے شہادت مصعب علم بردار اسلام** رضی اللہ عنہ مصعب علم مہاجرین لئے ہوئے کفار سے جنگ کر رہے تھے کہ ناگاہ

ابن قمیہ اپنے گھوڑے پر سوار آیا اور اوسنے تلوار مصعب کے سیدہے ہاتھہ پر ماری کہ ہاتھہ کٹ گیا تو مصعب نے علم کو بائین ہاتھہ مین لیا اور فرمانے لگے وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل تو ابن قمیہ بدبخت نے وہ ہاتھہ بہی قطع کیا تو مصعب نے دونون بازوؤن سے علم اوٹہایا اور یہی آیت اونکی زبان پر تہی حالانکہ اوسوقت تک نازل نہوئی تہی بعد اوسکے ابن قمیہ بدبخت نے نیزہ مارا کہ وہ زمین پر گر پڑے اور فرشتے نے وہ علم قبل گرنیکے ان سے لے لیا اور بعض مورخین نے لکہا ہے کہ ابو الروم ابن عمیر نے وہ علم ان سے لے لیا تہا یہہ روایت ضعیف ہے حقیقت حال یہہ ہے کہ اللہ جل شانہ کو منظور ہوا کہ علم بردار اسلام کی شہادت سے کوئی واقف ہو اسلئے کہ اگر یہہ خبر معلوم ہوجاتی تو لشکر مین انتشار ہوجاتا اللہ پروردگار تعالی شانہ نے فرشتہ بہیجا یہہ ممکن تہا کہ ایک فرشتہ تمام لشکر کفار کو قتل کرڈالتا مگر اللہ تعالے شانہ نے عالم مین جہان جہان جو انتظام رکہا ہے وہان اوسی طریقہ سے کارروائی ہوا کرتی ہے الغرض اس جنگ مین بہت مشرک مارے گئے اور غازیان اسلام بہی جنگ بدر کی نسبت زیادہ شہید ہوے اس معرکہ مین پانچ یا چہہ کافرون نے عہد کیا تہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو قتل کرینگے ایک بدبخت عبد اللہ ابن شہاب زہری دوسرا عتبہ ابن ابی وقاص زہری تیسرا عبد اللہ ابن ابی وقاص زہری اور بعض اسکی جگہہ عبد اللہ ابن حمید اسدی کو لکہتے ہین جیسا کہ ہم اوپر لکہہ چکے ہین مگر یہہ شخص ابو دجانہ صحابی کے ہاتھہ سے مارا گیا چوتہا عبد اللہ ابن قمیہ پانچوان ابی ابن خلف جمحی چہٹوان عبد اللہ ابن حمید اسدی چنانچہ ابن قمیہ نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پتہر مارے کہ حلقہاے خود رخسارہ مبارک مین چبہہ گئے اور پیشانی نورانی مجروح ہوئی یہہ واقعہ اوپر گذر چکا ہے جب حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم زرہ کے بوجہہ سے گرے تو زانوے مبارک چہل گئے طلحہ ابن عبد اللہ نے آپ کو بغل مین

لے لیا اور اپنے ہاتھہ کو حضرت کی سپر کر دیا قمیہ بدبخت نے اوسی ہاتھہ پر تلوار ین
مارین جس سے حضرت طلحہ کا ہاتھہ شل ہو گیا اور زخمونکی شدت سے آپ زمین پر گر پڑے
حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پانی لائے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پیا
اور کہا کہ طلحہ کے پاس لیجاؤ حضرت صدیق اکبر فرماتے ہین کہ طلحہ بے ہوش تھے اور خون
جاری تھا مینے پانی چھڑکا تو ہوش مین آئے اونسے اول یہی پوچھا کہ رسول اللہ کا کیا
حال ہے مین نے کہا کہ آپ بخیریت ہین مجھے تیرے پاس بھیجا ہے طلحہ نے کہا الحمد اللہ
اب جو مصیبت ہوگی سب آسان ہے۔

روایت ہے کہ ابن قمیہ نے جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر تلوار ماری
اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم گڈھے مین گرے تو اوس مردود نے پکار دیا
کہ مین نے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو قتل کیا یہی خبر منافقین نے مدینہ مین
پہونچائی جب یہ خبر مدینہ مین پہونچی تو انس ابن النضر عم انس ابن مالک رضی اللہ عنہ
تلوار کھینچکر لشکر کفار پر دوڑے اور سعد ابن وقاص کہنے لگے کہ واللہ اُحُد کی طرف سے
بوئے بہشت آتی ہے اور یہ کہتے ہوئے بجلی کیطرح لشکر کفار پر جا گرے اور خوب مقابلہ
کیا آخر کار شہید ہوے اور اتنے زخم کہاے کہ اونکا لاشہ شہید ومین پہچان نہ پڑتا
تھا اونکی بہن نے ایک تل کے سبب سے جو اونکی ہاتھہ کی اونگلی مین تھا پہچانا۔

روایت ہے کہ اسّی زخمون سے کچھہ زیادہ تیر وشمشیر ونیزہ کے انس ابن النضر کے
لگے تھے۔ **روایت** ہے کہ عبداللہ ابن حمید اسدی کافر حضرت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو زخمی سنکر کہنے لگا اگر کوئی مجھکو آپ کا نشان دے تو فوراً حضرت
کو جاکر قتل کر ڈالون یا خود مارا جاؤن کسی مشرک نے دور سے بتلا دیا وہ مردود حضور
پر نور کا قصد کر کے چلا ابو دجانہ انصاری نے اوسکو راستہ ہی مین فی النار کر دیا۔

روایت ہے کہ ابن قمیہ بدبخت نے جب حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

پر تلوار کا وار کیا تو ازراہ تکبر بولا خذہا وانا ابن قمیہ آپ نے اوسکے واسطے دعاے بدکی اور اوسی سال وہ مینڈہے کی ٹکر سے مرگیا اور پیٹ اوسکا پہٹ گیا۔

از تفریح الاذکیا حضرت حمزہ سید الشہدا کی شہادت رضی اللہ عنہ

حضرت حمزہ کا قصہ پڑہکے روئین اہلِ دل　　درد آگین ہے حکایت خون چکان افسانہ ہے

اسمین ذرا بہی شک نہین کہ آپ بہادران عرب کی جان تہے اکثر یہ بات سننے مین آئی ہے کہ جو آدمی اعلیٰ درجہ کا بہادر ہوتا ہے وہ بہت کم درجہ آدمی کے ہاتہہ سے شہید ہوتا ہے حضرت سید الشہدا کا قاتل ایک حبشی غلام تہا جسکا نام وحشی ہے مگر فتح مکہ کے بعد اسلام لایا حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قاتل بہی ایک مجوسی غلام تہا اور حضرت اسد اللہ الغالب سیدنا علی ابن ابیطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قاتل خود آپہی کا غلام تہا جسکا نام عبد الرحمن ابن ملجم تہا حضرت سیدنا حسین علیہ السلام کا قاتل وہ بہی ایک ناکس ترین اقوام سے تہا لعنۃ اللہ علیہم الغرض قصہ شہادت حمزہ یہہ ہے کہ وحشی واسطے انتقام طعیمہ بن عدی کے اُحُد کو بہیجا گیا تہا کہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قتل کرے یہہ راستہ مین ہند بنت عتبہ سے ملا اوسکو معلوم ہوا کہ اسکا یہہ ارادہ ہے وہ بہی اپنے باپ کے خون کا بدلہ لینے کے خیال مین تہی یعنی عتبہ کے جو بدر کی لڑائی مین حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتہہ سے قتل ہوا تہا اوسنے بہی وحشی کو اُمیدوار انعام کیا۔ وحشی کا بیان ہے کہ مینے حضرت حمزہ کو میدان جنگ مین دیکہا کہ شیر درندہ کیطرح کافرونکی صف مین گہسے ہوے جنگ کر رہے ہین اور کفار ادہر اودہر بہاگتے پہرتے ہین ناگاہ سباع بن عبد العزیٰ خزاعی صف کفار سے باہر آیا اور مبارز طلب کیا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اوسکے سامنے آے اور فرمایا اے اُمِّ انمار کے بیٹے کہ قطعہ کرنے والی بظور کی ہے (یعنی اُمِّ انمار ختانہ تہی لڑکیون کا ختنہ کیا کرتی تہی) تو لڑتا ہے اللہ اور اللہ کے رسُول سے اور آن واحد مین اوسے قتل کیا وحشی کا بیان ہے کہ مین ایک پتہر کی آڑ مین پوشیدہ تہا جب حمزہ میرے قریب آے اور وہ مجہسے غافل تہے میری اونکو خبر نتہی مینے اپنے حربہ کو یعنی برچہی کو اونکی طرف چلایا میرا وار اونکی ناف کے نیچے لگا اور پار ہوگیا حمزہ نے مجہپر حملہ کیا مین نے بہاگ کر اپنی جان بچائی اور حمزہ راہ مین گر پڑے اور ایک جماعت اونکے یارون مین سے اونکے پاس آئی اور اونکو پکارا کہ اے ابو عمارہ مگر آپ نے کچہہ جواب ندیا مینے جان لیا کہ آپ آخر ہوگئے پہر مینے وہین پتہر کی آڑ مین کچہہ دیر تک تامل کیا یہانتک کہ لوگ اونکے پاس سے ہٹ گئے پہر مین اونکے پاس گیا اور اپنا حربہ نکالا پہر اونکے دشمن اونکے پاس آگئے اور اونکا شکم مبارک چاک کرکے دل نکالا اور نعش مبارک کے ٹکڑے کرڈالے انا للہ وانا الیہ راجعون

قصہ شہادت حنظلہ رضی اللہ عنہ

حنظلہ رضی اللہ عنہ مدینہ مین تہے اور اوسی روز اونکی شادی ہوئی تہی غسل کررہے تہے ایک طرف کا سر دہویا تہا کہ خبر شکست اسلام سُنی اوسی طرح اوٹہے اور ہتہیار لیکر روانہ میدان جنگ ہوئے لڑے اور خوب لڑے اور اللہ کی راہ مین شہید ہوگئے پہر آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ ملائکہ علیہم السلام اونکو غسل دے رہے ہین اسیوجہہ سے اونکو غَسِیْلُ الملایکہ کہتے ہین مواہب لدنیہ مین ہے کہ اسی مقام سے بعض فقہا مثل حضرت امام ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ نے استنباط کیا ہے کہ شہید اگر جنب کی کی حالت مین ہو تو غسل دیا جاے۔ اور تیر اندازان کفار کے مقابلہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالی عنہ کو مقرر کیا اور کہا

یا سعد اِرْمِ فِدَاکَ اَبِیْ وَ اُمِّیْ یعنی اے سعد تیر چلا میرے ماں باپ تجھپر فدا ہون اسیطرح جب طلحہ رضی اللہ عنہ سے بہادری وجرات ظاہر ہوئی کہ ایک کافر نے تیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر چلایا اور تیر اوسکا خطا نکرتا تھا تو حضرت طلحہ نے اپنے ہاتھہ کو آپکے سامنے کردیا اونکی چھوٹی اونگلی مین لگا وہ اُنگلی بیکار ہوگئی اونکے واسطے بھی ایساہی کلمہ ارشاد فرمایا تھا۔ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین کہ جب آپ کا چہرہ مبارک مجروح ہوا ہے اور حلقے خود کے سر یا رخسارۂ مبارک مین گھس گئے تو مین جلد آپ کیطرف دوڑا مینے دیکھا کہ ایک مرد بہت تیز رفتاری سے اسطرف آرہا ہے گویا کہ اوڑتا ہے مین نے اپنے دل مین کہا کہ خدایا یہہ طلحہ ہو تو ہم دونون ملکر یہہ حلقے نکالین جب وہ نزدیک آیا تو معلوم ہوا کہ ابو عبیدہ ہین پس اوسنے مبادرت کی اور کہا اے ابو بکر قسم دیتا ہون تجھے اللہ کی ٹھہر جا تاکہ مین حلقے حضرت کے رخسارۂ روشن سے نکالون مینے کہا اچھا نکال ابو عبیدہ نے اپنے دانت سے پکڑکر ایک حلقہ کھینچ لیا اور اونکا دانت بھی ٹوٹ گیا اور دوسرا حلقہ دوسرے دانت سے پکڑکر نکالا وہ بھی دانت گر پڑا اسلئے اونکو عرب اَھْتَمْ کہتے تھے عرب کے محاورہ مین جسکے اگلے دانت ٹوٹے ہون وہ اہتم کہلاتا ہے۔ ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہین کہ جب حلقے آپکے رخسارۂ روشن سے نکال لئے تو خون بہنے لگا تو میرا باپ مالک بن سنان اپنے منہ کو رخسارہ تابان پر رکھکر خون چوستا تھا اور پی جاتا تھا مگر لوگون نے اسمین کلام کیا آپ نے فرمایا کہ میرا خون اسکے خون مین ملگیا جس مین میرا خون ملا ہوا ہے وہ مالک بن سنان ہے اور جسکے خون مین میرا خون ملا ہے اوسپر آتش دوزخ کا اثر نہوگا۔ پھر جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوس گڑھے سے باہر تشریف لائے سب نے جانا کہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم زندہ ہین پھر وہ لوگ جو دور دور جنگ کر رہے تھے وہ بھی حاضر ہوئے پھر آپ مع جماعت صحابہ کے متوجہ شعب اُحُد کے ہوئے پس اسی عرصہ مین جو میدان جنگ خالی پایا وہ عورتین جنکے

عزیز واقارب جنگ بدر مین صحابہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھہ سے قتل ہوے تھے اپنا اپنا بدلہ
لینے آپہونچین حضرت سید الشہدا حمزہ رضی اللہ عنہ کا شکم مبارک چاک کرکے دل روشن
نکالا اور دانتون سے چباکر پھینکدیا جتنے مصائب شہدا پر زیادہ ہونگے ثواب زیادہ ہی
حضرت سید الشہدا حمزہ رضی اللہ عنہ کی نعش مبارک کے ساتھہ جو یہہ باتین کی گئین اونکی
ذات گرامی کو تو کوئی تکلیف نہوئی اسلئے کہ جو درد و مصیبت کا حس کرنے والی ہے وہ
روح ہے اور وہ نورانی جوہر جسد اطہر سے جدا ہوچکی تھی گوشت و پوست و استخوان وغیرہ
باقی تھے اونکو چاہے مسلم رہنے دو یا اونکا قیمہ کرڈالو اب روح کو اونسے کچھہ تعلق نہین ہے
اوسنے تو اب یہہ لباس کثیف چھوڑا اور خلعت تجرید جو سراسر نور ہے پہن لیا اوسکو اس
جسد فرسودہ کی حاجت نہین **مصایب مصایب مصایب** یہہ مصایب تو
تو روز ازل سے **شاہ گلگون قبا سلطان کربلا حضرت حسین** مورد
صد رنج و بلا علیہ السلام کے واسطے تھے خود ذات پاک پر پیاس کی شدت گرسنگی
کی تکلیف زمین گرم آسمان گرم ہوا گرم دوزخی گرم مزاجون کا مقابلہ اعوان و انصار
پیاسے سواری کے جانور پیاسے پاکدامن بیبیان پیاسین شیرخوار بچے پیاسے برادر عزیز
عباس علمدار اپنی نظرونکے سامنے اوس گرم زمین پر زخمون مین چور دم توڑ رہا ہے
شبیہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہے یا ابتاہ العطش پکار رہا ہے اور
نیزۂ ظالم کی انی سینہ بیکینہ سے پار ہے اور وہ پدر شفیق جو امام زمانہ ہے ایسے لخت جگر کو
ایک قطرہ پانی نہین پہونچا سکتا دختر معصومہ جو باپ کی عاشق زار ہے اور باپ سے کسیوقت
جدا نہوتی تھی اب ہمیشہ کے واسطے جدا ہوتی ہے خواہر شفیقہ جو مادر مکرمہ سے بہت زیادہ
مہربان ہے وہ بے مقنعہ و چادر ہوا چاہتی ہے زوجہ پاک دامن و پاکیزہ سیرت اوس کا
خیال جدا روحی تکلیف دہ ہے پسر شیرخوار ہاتھون پر پیاسا تڑپ کر مرگیا جوان فرزند جو بیماری
کی نقاہت سے کروٹ نہین بدل سکتا پا بزنجیر و طوق بگردن ہونے والا ہے جوان جوان

بھانجے بھتیجے جنکے دامن دولت مین مان باپ کی ہزارون اُمیدین بندہی ہوئی ہین زخمون سے چور ہین اور تڑپ رہے ہین فرمایئے تمام مصایب کا خاتمہ اسی ذات پاک پر ہے یا نہین اور خود جسم نازنین پر جو برگ گل سے زیادہ معطر اور نرم و نازک و رنگین ہی بیاسی زخم ہین اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ہ

آزردہ رفت از تو لب تشنۂ حسین — اے آب خاک شو کہ ترا آبرو نماند

محمد اکبر ابو العلائی داناپوری

عرض کرتا ہے کہ مین اپنی بے بضاعتی اور کم علمی سے شرمندہ ہون کہ کچہہ نہ لکہہ سکا مگر اچھون سے بہت کچہہ اُمید ہوسکتی ہے وہ اپنے سایل کے سوال پر نظر کرتے ہین اون کو علمی سرمایہ سے عرض نہین ہے جیسے مان باپ کو چہوٹے توتلے بچے کی باتین اچہی معلوم ہوتی ہین اوتنے کسی ملک الشعرا کے قصاید اچہے نہین معلوم ہوتے مینے یہہ چند سطرین حضور سلطان کربلا مین نذر کر دی ہین مجہے دنیا کے آدمیون کی پسند و ناپسند سے غرض نہین ہے **الغرض** یہہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پہاڑ کے نیچے پہونچے تو ابو سفیان نے چاہا کہ پہاڑ پر سے مغالطہ دیکر پہر لشکر اسلام پر آپڑے اودہر حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے پہونچکر راستہ اوسکا روکا اور جنگ کرکے ہٹا دیا اللہ تعالے جل شانہ نے لشکر اسلام کو حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کی کوشش سے محفوظ رکہا اوس روز حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے غایت ضعف کی وجہہ سے نماز ظہر بیٹھکر ادا فرمائی **کیون بے نماز** درویشو آپ نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نماز کا اہتمام دیکہا کہ اس ضعف پر بہی نماز فوت نفرمائی وقت ہی پر بیٹھکر ادا فرمائی اب یا درویشان باکمال ارشاد ہو آپ کا سرمایہ فقر زیادہ ہے یا محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا سرمایہ نبوت زیادہ ہے پہر آپ نے چاہا کہ پہاڑ پر

تشریف لیجاتے تھے راستہ مین ایک بڑا پتھر پیش آیا آپ ضعف سے اوسپر چڑھ نسکے حضرت طلحہ
رضی اللہ تعالی عنہ حاضر خدمت تھے فوراً بیٹھہ گئے حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
اونکے دوش مبارک پر قدم رکھکر چڑھ گئے حضرت طلحہ کا دوش پہلے ہی مبارک تھا اب دوسرا
شرف حاصل ہوا حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا اَوْجَبَ طَلْحَۃُ
یعنی طلحہ نے بہشت اپنی ذات پر واجب کرلی ابوسفیان نے جب قصد لوٹنے کا کیا تو چاہا
کہ دریافت کرلے آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم زندہ ہین یا نہین آگے آیا
اور کہا اَفِی الْقَوْمِ مُحَمَّدٌ ترجمہ کیا محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قوم مین ہین آپنے
فرمایا کہ جواب ندو پھر کہا اَفِی الْقَوْمِ ابْنُ اَبِی قُحَافَۃَ آپ نے فرمایا جواب ندو جب
اوسنے جواب نہ پایا تو اپنی قوم سے کہا کہ یہہ سب مرگئے اگر زندہ ہوتے تو جواب دیتے
عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے جواب دیا اے دشمن خدا تو نے جھوٹ کہا اللہ تعالی شانہ نے
تیرے لئے سب کو زندہ رکھا ہے پھر ابوسفیان نے اپنے بتونکی ستایش کی اور کہا اُعْلُ
ھُبَلُ یعنی بلندی قبول کر اے ہبل آپ نے فرمایا جواب اسکو دو کہ اللہ اعلی و اجل
ابوسفیان نے کہا اَلْعُزّٰی لَنَا وَلَا عُزّٰی لَکُمْ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے فرمایا کہ کہو اَللّٰہُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلَا لَکُمْ ابوسفیان نے کہا کہ آجکا دن بدر کا جواب
ہے اور مردون مین کچھہ مثلہ کئے ہوے پاؤگے اگرچہ مین نے اسکا حکم نہین کیا مگر مجھے
یہہ کام کچھہ برا بھی نہین معلوم ہوا **فائدہ** مُثلہ اوسے کہتے ہین کہ دشمن کی فوج اپنے
دشمن کے مقتول کو جو میدان جنگ مین اوسے پڑے ملین اونکی نعش کی بیحرمتی کرین اور
ناک کان کاٹکر صورت خراب کر ڈالین مگر اسلام نے اس فعل کو جائز نہین رکھا۔
حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے ابوسفیان کو جواب دیا کہ وہ دن اور آج کا
ہرگز برابر نہین ہمارے مردے شہید ہین اور جنت مین ہین اور تمہارے مردے دوزخ مین
ہین پھر ابوسفیان نے کہا ہمارے تمہارے درمیان ایک برس کا وعدہ ہے اور موضع

بدر مقرر ہوا حضور پر نور نے فرمایا کہ کہدو اس سے کہ اسی پر قایم رہے پہر مشرکین بیدین
تمایف و خاسر مکے کیطرف روانہ ہوے۔ حضور پر نور صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی
خاطر مبارک مین اور اکثر صحابہ کے دلون مین یہہ دغدغہ پیدا ہوا کہ مبادا یہہ لوگ مدینہ کے
غارت کرنیکا قصد کرین اسلئے حضور پر نور صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے حضرت
سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا کہ مخالفین کے پیچہے جا کر دریافت کرو کہ یہہ کدہر جاتے
ہین پہر حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ آپ کے فرمان واجب الاذعان کے موافق خبر لاے
کہ مشرکین بیدین مکے کو روانہ ہوے۔ پہر نماز پڑہی آپ نے شہداے اُحُد پر پہلے آپنے
حضرت حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ کے جنازہ پر نماز پڑہی بعد اوسکے جسکا جنازہ لاتے تہے
حضرت حمزہ کے جنازے کے آگے رکہدیتے تہے اور نماز پڑہتے تہے یہانتک کہ ستر
نمازین حضرت حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ کے جنازے پر پڑہی گئین یہی روایت تمسک
مرجح ہے حضرت امام ابی حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک بخلاف روایت حضرت امام
شافعی رحمتہ اللہ علیہ کے وہ کہتے ہین کہ شہید پر نماز پڑہنا نچاہیئے اسلئے کہ اون کے
نزدیک یہی حدیث صحیح ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے شہداے اُحُد
پر نماز نہ پڑہی اور ارباب سیر کا اس پر اتفاق ہے اور سب علما کا کہ آنحضرت صلے اللہ
علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے غسل ندیا شہداے اُحُد کو اور فرمایا کہ انہین کپڑونمین ان کو
دفن کردو اور فرمایا کہ اللہ تعالی اشانہ قیامت مین انکو اٹہائیگا اور خون انکے زخمون سے
جاری ہوگا اور فرمایا اُن لوگون کو جنکی آپس مین محبت تہی اون دونون کو ایک ہی قبر مین
دفن کردو چنانچہ حضرت حمزہ کو اونکے خواہرزادے عبد اللہ بن جحش کے ساتہہ دفن کیا
علی ہذا القیاس اسیطرح اورون کو بہی اس غزوہ مین ستر مرد مسلمان شہید ہوے چار
مہاجرین مین سے اور چہیاسٹہہ انصار سے اور مقابلہ مین تیس کفار واصل جہنم ہوے
ہذا کلہ مقتبس من روضتہ الاحباب والمعارج والمدارج

انتباہ ترجمہ عجائب القصوص وسیرت النبی اور تکملہ اس غزوے کا یہہ ہے معارج النبوت
مین مذکور ہے کہ موحش اُحدؔ آخر مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی فتح ونصرت اور
عزت ورفعت کا سبب ہوا مواہب لدنیہ مین بعض علما سے نقل کیا ہے یعنی علما فرماتے
ہین کہ جو شخص کہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ہزیمت ہوئی تو اوسے توبہ
کرانی چاہیئے کہ وہ منافقین کی خبرونکی تصدیق کرتا ہے ہزیمت اوسے کہتے ہین کہ کوئی
فریق اپنے میدان کو چھوڑکر بھاگ جاے اور اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اصحابہ
وسلم برابر لڑتے رہے صرف اتنی بات ہوئی کہ یہہ صف بندی کے ساتھہ نہین لڑتے تھے
اور یہہ بات فریقین مین پیدا ہوگئی تھی اور یہہ واقعہ جو ہوا اس کا سبب اوپر تحریر ہوچکا ہی
اور جو مسلمان اس کہنے سے توبہ نہ کرے اوسکو قتل کرنا چاہیئے اسلیئے کہ وہ منافقین کے
قول کی تصدیق کرکے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ذات مبارک پر عیب
ہزیمت قایم کرتا ہے اور حال یہہ ہے کہ آپ اپنے مقام پر ثابت قدم رہے اور یقین کامل
پر تھے اور اسناد کرنا ہزیمت کا آپکی طرف مستلزم نفی ثابت قدمی اور یقین کا ہے اور یہہ کفر
ہے مدارج النبوت مین ہے کہ اُحُد بضم ہمزہ وحاے حطی ایک مشہور پہاڑ ہے مدینہ
مین اور مشتق ہے توحُّد سے بسبب منفرد ہونے کے اور پہاڑون سے اور وہ ایک چھوٹا سا
پہاڑ ہے مدینہ سے شمال کیطرف دو میل مسافت پر اور کسی پہاڑ سے وہ ملا ہوا نہین ہے
اور دوسری وجہہ یہہ ہے کہ وہ محل نصرت و توحید ہے اہل ایمان کا اور اس بیان سے معلوم
ہوا کہ اطلاق اس اسم کا اوسپر عرف اہل اسلام سے ہے اور احادیث اسکی فضائل مین وارد
ہین منجملہ اونکے یہہ حدیث ہے الاحُدُ جبلٌ یحبُّنا ونحبہٗ یعنی احد ایسا پہاڑ ہے
کہ وہ دوست رکھتا ہے ہمکو اور ہم دوست رکھتے ہین اوسکو اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
روایت ہے کہ دیکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُحد کو اور تکبیر فرمائی
اور فرمایا ھٰذا جَبَلٌ یُحِبُّنَا وَنُحِبُّہٗ عَلٰی بَابٍ مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّۃِ ترجمہ یعنی یہہ

پہاڑ ہے کہ دوست رکھتا ہے وہ ہمکو اور ہم دوست رکھتے ہین اوسکو اور یہہ پہاڑ جنت کی
ایک دروازے پر واقع ہے اور مدینہ کے دکن کیطرف ایک پہاڑ ہے اوسکا نام عیر ہے
اوسکے حق مین یہہ حدیث ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے۔
والعیر جبلٌ یبغضنا ونبغضهٗ علی بابٍ من ابواب النار یعنی عیر ایک پہاڑ
ہے کہ وہ ہمارا دشمن ہے اور ہم اوسکے اور وہ دوزخ کے ایک دروازہ پر ہے۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ محبت مذکور جانبین سے تھی یعنی حضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف سے مہربانی تھی اُحُدُ پر اور اُحد کو ذوق اور محبت
تھی حضور پرنور کے ساتھہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور یہہ امر محمول ہے حقیقت پر
اور پیدا کرنا عشق ومحبت کا جمادات مین مثل تسبیح کرنے جمادات کے ہے جیسا کہ ارشاد
باری تعالی ہے کہ وَاِنْ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ سے ثابت ہے ترجمہ اور کوئی
شے نہین مگر تسبیح کرتی ہے اوسکی اور حمد جب یہہ بات ثابت ہوگئی کہ جبال وجمادات
سب اللہ تعالی شانہ کی حمد کرتے ہین تو جب یہہ شعور اونکی ذات مین موجود ہے تو اوس کے
حبیب سے محبت کرنی دور از عقل نہین ہے نقل ہے کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم اور اصحاب رضی اللہ عنہم کوہ اُحُد پر جلوہ افروز تھے کہ اُحُد کو جنبش ہوئی
حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا اُسْکُنْ یَا اُحُدُ فانما علیك
نبیٌّ اَوْ شہید ترجمہ ٹہرجا اے اُحُد سوا اسکے نہین ہے کہ تجہپر نبی ہے اور صدیق
شہید ہے ۱۲ یہہ حدیث اس دعوی پر دلیل ہے کہ اوسی شعور ہے اور جب اوسکا شعور
ثابت ہوا تو حضرت سید الجن والبشر صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا عشق بعید از قیاس
نہین اسکے سوا سلام کرنا پتہرونکا اور گریہ وزاری اُستن حنّانہ کی بہی پایۂ ثبوت کو پہونچ
چکی ہے **مولانائے رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین**

استن حنانہ از ہجر رسول   نالہ میزد ہمچو ارباب عقول

بیان بعض مستورات طاہرات کا جنگ اُحُد مین غزا کرنے کا

اس غزوہ مین نسار مومنات سے بہی بڑی دلاوری ظاہر ہوئی ہے چنانچہ نسیبہ بنت
کعب تہی کہ اوس پاک بی بی نے اپنے شوہر زید بن عاصم اور دونون فرزندون عمارہ اور
عبداللہ کے ساتہہ ہوکر کفار سے غزا کی وہ پاک بی بی فرماتی ہین کہ مین جنگ اُحد کے دن
مشک لئے ہوے اصحاب رسول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پانی پلاتی تہی جب
دیکہا مین نے کافرون نے غلبہ کیا تو پانی پلانا موقوف کیا اور قتال وجدال مین مشغول
ہوئی یہانتک کہ تیرہ زخم مینے اوٹہائے ایک زخم ایسا تہا کہ سال بہر مینے اوسکا علاج کیا
تو اچہا ہوا راوی کہتا ہے کہ اون پاک بی بی سے پوچہا گیا کہ وہ زخم کس کافر کے ہاتہہ کا
تہا تو کہا کہ ابن قمیہ ملعون کے ہاتہہ کا تہا اور مینے بہی اوسکے چوٹین مارین مگر وہ دو زرہین
پہنے ہوے تہا اسوجہ سے کارگر نہوئین وہ فرماتی ہین کہ جب میرے زخم لگا تو حضرت
رحمۃ اللعالمین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے میرے بیٹے عمارہ کو پکارا کہ اپنی ماں
کی طرف دوڑ اور اوسکو سنبہال اور زخم اوسکا باندہ نسیبہ فرماتی ہین کہ مین اور میرے
دونون بیٹے حضرت شفیع المذنبین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سامنے کفار سے
مقابلہ کررہے تہے اور میرے پاس سپر نہ تہی اس حال مین نظر حضرت محبوب خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ایک صحابی پر پڑی کہ پیٹہہ پر سپر لٹکائے ہوے تہے آپ نے ارشاد
فرمایا کہ اے صاحب سپر اپنی سپر اوس عورت کو دیدے جو لڑ رہی ہے اون صحابی نے اپنی
سپر فوراً ڈالدی مینے اوٹہالی اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر جو کفار حملہ کرتے
تہے مین اونکو ہٹاتی تہی اوسی حالت مین ایک کافر سوار نے مجہپر حملہ کیا اور ایک تلوار ماری
مگر کارگر نہوئی تو مینے اوسکے گہوڑے کے تلوار ماری گہوڑا گر پڑا سوار علاحدہ ہوگیا حضرت

صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم میرے حال کو ملاحظہ فرمارہے تھے میرے بیٹے کو پکارا کہ
اے عمارہ اپنی ماںکی طرف دوڑ پھر مینے اور میرے بیٹے نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ اصحابہٖ
وسلم کے ارشاد کے موافق اوس کافر کو قتل کیا۔ اور عبداللہ بن نسیبہ کہتی ہین کہ اوسدن
ایک مشرک نے ایک ایسا زخم مجھکو پہونچایا کہ اوسکا خون بند نہوتا تھا میری والدہ نے
اوس زخم کو باندہ کر کہا کہ اوٹھہ اور مقابلہ کر حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے اُمّ عمارہ وہ طاقت وہمت جو اللہ تعالیٰ شانہ نے تجھے دی
وہ اکثین نہین ہے نسیبہ فرماتی ہین کہ اسی عرصہ مین وہ کافر جسنے میرے بیٹے کو زخمی
کیا تھا میرے سامنے سے گذرا حضور نے فرمایا کہ اے اُمّ عمارہ یہہ وہی ہے جس نے
تیرے بیٹے کو زخمی کیا ہے مینے دوڑ کر ایک تلوار اوسکی پنڈلی پر ماری وہ گر پڑا حضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تبسم فرمایا اور فرمایا کہ اپنے بیٹے کا بدلہ تو نے لیا اور
فرمایا کہ اے اُمّ عمارہ خدا کا شکر ہے کہ تجکو اللہ تعالیٰ شانہ نے تیرے دشمن پر فتح دی اور
تیری آنکھین ٹھنڈی کین نسیبہ نے عرض کی کہ یا حضرت دعا فرمایئے کہ مین آپکی اہلبیت
اطہار علیہم السّلام کے ساتھہ جنت مین ہون اور وہان آپکی رفاقت مجھے نصیب ہو آپنے
اوسکے اور اوسکے بیٹون اور خاوند کے لئے دعا کی اللھم اجعلھم رفقائی فی الجنۃ
ترجمہ یا اللہ ان لوگون کو جنت مین میرا رفیق کر عمارہ کہتے ہین کہ میری ماں کہتی تھی کہ اب جو
مصیبت مجھے پہونچے اوسّے مجھے کچھہ خوف نہین کہتے ہین کہ نسیبہ مسیلمہ کذّاب کی لڑائی
مین حاضر تھین وہ فرماتی ہین کہ جنگ کے وقت مین مُسیلمہ کو تلاش کرتی تھی کہ ناگاہ ایک
کافر نے میرے ہاتھہ پر تلوار ماری میرا ہاتھہ کٹ گیا قسم ہے کہ باوجود اسکے مین لڑنے سے
باز نرہی ایک لحظہ کے بعد مینے اوس ملعون کو مرا ہوا پایا اور دیکھا مینے اپنے بیٹے عبداللہ
کو کہ اوسکے سر پر کھڑا ہوا اپنی تلوار کو خون سے پاک کر رہا تھا اوسوقت مینے اللہ کا شکر کیا
اور اپنے زخم کی مرہم پٹی مین مشغول ہوئی سبحان اللہ وبحمدہ یہہ ایسی بی بیان ہین کہ

بہت سے مردون سے بہتر ہین ۔

نہ ہر زن زن است و نہ ہر مرد مرد　　　خدا پنج انگشت یکسان نکرد

مشایخون مین سے ایک بزرگ نے فرمایا ہے کہ آدمی مین عمل چاہئے کیا مرد کیا عورت
شیر جب جنگل سے نکلتا ہے تو یہی کہتے ہین کہ شیر آتا ہے یہہ کوئی نہین کہتا کہ شیرنی
ہے یا شیر اللھم ارزقنا تبیعتھم واجعلنا فی الجنۃ بمعیتھم آمین
یا رب العالمین ۔

غزوہ اُحد کی بعض ناگوار باتین جو منافقین کی وجہ سے واقع ہوئین پروردگار تعالے شانہ کی اوس مین بہی حکمتین تہین

فرماتا ہے پروردگار تعالیٰ شانہ ما اصابکم یوم التقی الجمعان فباذن اللہ
ترجمہ جو کچہہ پہونچا تمکو اوسدن کہ جب دونون فوجین مقابل ہوئین اللہ تعالیٰ شانہ کے
حکم سے تہا اور مومن کی یہہ شان ہے کہ جو کچہہ رنج و مصیبت سے اوسے پہونچتا ہے وہ
اوسکو اللہ ہی کی طرف سے سمجہتا ہے اگر اوسے اپنی نافرمانی پیش نظر ہوگئی تو اوس بندہ
مومن کی سمجہہ مین اوس مصیبت کے نازل ہونیکا سبب معلوم ہوگیا اوسنے اوس نافرمانی
سے توبہ کی اور پروردگار تعالے شانہ کے حضور سے عفو کا خواہان ہوا اور اپنے نفس
کی تنبیہہ کی اور جو دوسرے لوگون پر غفلت کا پردہ پڑا ہوا تہا وہ بہی ہوشیار ہوگئے اور
اور اس بندہ مومن کا بہی امتحان ہوگیا اور اس مومن کے بہائیون نے پورا فائدہ اوٹہایا
اور ان لوگون کے ایمان مین جو تہوڑا بہت ضعف آگیا تہا وہ جاتا رہا الحمد اللہ علی احسانہ
اور جو منافقین اسلام کے لباس مین چُہپے ہوے تہے اور مسلمانون کو اونسے آیندہ
نقصان پہونچنے کا ڈر تہا وہ پہچان لئے گئے اس واقعہ سے اگرچہ یہہ تہوڑا سا ناگوار تہا

مگر فائدہ بہت بڑا یہہ ہوا کہ ہمیشہ کے لئے صادق و کاذب کی تمیز ہوگئی۔ دوسرا فائدہ بہت بڑا یہہ ہوا کہ اکثر مومن صادق و خالص جن کے دل دنیا کیطرف سے برداشتہ ہوچکے تھے وہ شہادت کے متمنی تھے اور دعائین مانگتے تھے کہ یا اللہ ہمکو تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سامنے شہادت نصیب ہو اونکی دعائین اللہ تعالیٰ شانہ نے قبول فرمائین **روایت** ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے ان شہدا کو بڑے بڑے مراتب اعلیٰ عطا فرمائے ہین اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خاص اونکی شان مین یہہ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے اونکی ارواح کو سبز پرندونکے جوف مین رکہا ہے اور ہر روز وہ پرندے بہشت کی نہرون کے کنارون پر آتے ہین اور پانی پیتے ہین اور بہشت کے میوے کہاتے ہین اور منازل جنت مین اور وہانکے باغون مین اوڑتے پہرتے ہین اور پہر اون سونیکی قندیلون مین جو ساق عرش پر لٹکی ہوئی ہین لوٹ کر آجاتی ہین اور جب وہ شہید اس مراتب کو پہونچے اور ایسی ایسی نعمتین ان کو دی گئین تو اُن شہدا نے اللہ تعالیٰ شانہ کا شکر کیا اور عرض کیا کہ اے اللہ تعالےٰ شانہ کون ہے جو ہمارا پیام بہائیون کو پہونچادے اور ہماری حضوری اور جمعیت اور عیش و عشرت اور طیب مآکل و مشارب کی خبر اونکو دے اور آگاہ کرے تاکہ وہ لوگ دنیا مین اس فرصت کو غنیمت سمجھین اور اس مرتبہ کے حاصل کرنے مین کوشش کرین اور تیرے احکام بجا لائین اور تیری راہ مین غزا کرین اور اس مرتبہ اور سعادت کے حاصل کرنے سے محروم نرہین اللہ تعالےٰ شانہ فرماتا ہے کہ مین تمہارا پروردگار ہون اور تمہارا پیام اپنے رسول کے ذریعہ سے اون کو پہونچاونگا اسکے بعد پروردگار تعالےٰ شانہ نے یہہ آیت نازل فرمائی ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتاً بل احیاءٌ عند ربہم یرزقون فرحین بما اٰتٰہم اللہ من فضلہ ترجمہ ہرگز یہہ گمان نکرنا کہ وہ جو اللہ کی راہ مین مارے گئے ہین مردہ ہین نہین وہ لوگ زندہ ہین اور اپنے رب کے پاس ہین

کہاتے پیتے ہین اور خوش ہین اون نعمتون سے جو اللہ تعالیٰ شانہ نے اونہین عطا فرمائی ہین اپنے فضل و کرم سے اور ایک روایت مین آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ اونپر تجلی کرتا ہے اور فرماتا ہے کہ اے شہید وا ے میرے حکم پر جان دینے والو مانگو مجھسے جو تمہارا دل چاہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فرماتے ہین کہ اون شہدا کی روحین عرض کرتی ہین کہ اے ہمارے مالک اے ہمارے پروردگار ہمارے جسمون کو پہر درست کردے اور ہم کو پہر اوسمین ڈال دے اور دنیا مین بہیج دے کہ پہر تیری راہ مین اپنے سر کٹائین اور تیری رضامندی مین شہید ہون ارشاد ہوتا ہے کہ ہماری مشیت یون جاری ہے کہ جس کسیکو ہمنے دنیا مین ایکبا بہیجا ہم اوسے دوبارہ نہین بہیجتے روایت طلحہ بن عبداللہ سے مروی ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جنگ سے فارغ ہوے تو خطبہ پڑہا اور اللہ تعالےٰ شانہ کی حمد وثنا کی اور مسلمانونکی تعزیت کی اور اونکو اس اجر اور ثواب سے خبردار کیا جو اللہ تعالیٰ شانہ نے اونکے واسطے مقرر فرمایا تہا اور یہہ آیت تلاوت فرمائی رجال صدقوا ما عاھدوا اللّٰہ علیہ فمنھم من قضی نحبہ ومنھم من ینتظر وما بدلوا تبدیلا روایت ابی فروہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ایک روز شہداے اُحُد کی قبرون کی زیارت فرمائی اور فرمایا اے اللہ بےشک توہی پرستش کا سزاوار ہے یہہ تیرا بندہ اور تیرا رسول گواہ ہے کہ یہہ لوگ تیری رضامندی کی طلب مین شہید ہوے ہین بعد اسکے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص انکی زیارت کرے اور انپر سلام کہے یہہ جواب دینگے قیامت تک یہی حال انکا رہیگا یعنی جو کوئی سلام کریگا جواب ملیگا۔ **منقول** ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہر سال شہداے اُحد کی زیارت کے واسطے تشریف لیجاتے تہے اور ان لفظون سے سلام کہتے تہے السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار اور بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

کے حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق کا بھی یہی طریق رہا۔ فاطمہ خزاعیہ کہتی ہین کہ ایک روز مین صحراے اُحُد مین گذری مینے کہا السّلام علیکم یا عم رسول اللہ مینے آواز سُنی وعلیکِ السلام ورحمۃ اللہ۔ اور عطاف بن خالد مخزومی اپنی خالہ سے روایت کرتے ہین کہ وہ کہتی ہین کہ ایک روز مین شہدائے اُحُد کی زیارت کے واسطے گئی اور میرے ساتھ سوائے دو غلامون کے کہ میری سواری پکڑے ہوئے تھے اور کوئی نہ تھا اور مینے سنا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اونکو سلام کرو وہ زندہ ہین اور جواب سلام کا دیتے ہین لہذا مینے سلام کیا اور جواب سُنا اور آواز آئی کہ ہم تمکو پہچانتے ہین جیسا کہ تم لوگ آپس مین ایک دوسرے کو پہچانتے ہو یہ آواز سنکر میرے بدن مین لرزہ پڑگیا اور اسقدر خوف مجہپر طاری ہوا کہ مین وہان ٹھہرنسکی فورًا سوار ہوکر چلی آئی شہدائے اُحد کی فضیلت مین اخبار وآثار تواتر کے ساتھہ وارد ہین هذا مقتبسٌ من المدارج والروضہ والمواهب وخلاصہ السیر وغیرهم اس غزوہ کے بعد غزوہ حمراء الاسد ہے وہ مدینہ طیبہ کے قریب ایک مقام ہے جب اُحد کی لڑائی سے رجوع کیا اوس کے دوسرے دن سولھوین شوال یکشنبہ کے دن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بلال رضی اللہ تعالی عنہ کو حکم کیا کہ ندا کرے کہ اللہ تعالی شانہ کا حکم ہے کہ جہاد کے واسطے آو اور اُحد کے لوگون کے سوا اور کوئی نہ آوے وہ سب مستعد ہوکر اور اپنے اپنے زخمون کو باندہ کر نکلے اونکے حق مین یہہ آیت نازل ہوئی الذین استجابوا لِلّٰہِ والرسول من بعد ما اصابھم القرح للذین احسنوا منھم واتقوا اجرٌ عظیم ترجمہ جن لوگون نے حکم مانا اللہ کا اور اوسکے رسول کا بعد اوسکے کہ اونمین پڑچکا تہا گھاو جو اون مین نیک ہین اور

پرہیزگاراونکے واسطے بڑا ثواب ہے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم انہین آدمیون سے دشمن کے تعاقب مین چلے تاکہ کفار پر یہہ بات ثابت ہوجاے کہ انکے دم خم اور حوصلے ویسے ہی ہین فن جنگ کے یہہ دقیقے ہین آٹھہ کوس تک تعاقب فرمایا کفار کو جو یہہ خبر پہونچی وہ سراسیمگی کے ساتھ مکہ کو روانہ ہوئے اور راستہ مین کہین مقام نکیا حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تین دن منزل حمراء الاسد مین ٹھہرے رہے اور اسی منزل حمراء الاسد مین مسلمان دو کافرون کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین پکڑ لائے اون مین ایک تو معاویہ بن مغیرہ بن امیہ تھا اور دوسرا ابوعزہ شاعر کہ اسیران بدر سے تھا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسپر احسان کرکے چھوڑ دیا تھا اور اوس سے عہد لے لیا تھا کہ پھر مسلمانون سے لڑنیکو نہ آے وہ بدبخت اجل گرفتہ عہد توڑ کر جنگ احد مین آیا معاویہ بن مغیرہ بن اُمیہ کے واسطے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امن کی درخواست کی آپ نے فرمایا کہ تیری خاطر سے مین نے اس شرط پر امن دیا کہ تین دن سے زیادہ مدینہ مین نرہے اور اگر بعد تین دن کے مدینہ مین پایا جائے تو قتل ہو اجل نے اوسکا دامن پکڑ کر روک رکھا نکلنے نہ دیا وہ ایک جگہہ چھپ گیا آپ نے زید بن حارث اور عمار بن یاسر کو اوسکی تلاش مین بھیجا وہ اوسکو پکڑ لائے حکم قتل صادر ہوا قتل کیا گیا ابوعزہ شاعر کو جب حضور مین حاضر کیا تو اوسنے بہت تضرع وزاری کی کہ ایک بار مجھکو اور آزاد کردیجیے آپ نے ارشاد فرمایا کہ لا یلدغ المومن من جحر واحد مرتین ترجمہ نہین کاٹا جاتا مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ فرمایا کہ ہم ایسا نہین کرتے کہ تو اپنے سوراخ مین بیٹھہ کر اپنی ڈاڑھی پر ہاتہ پھیرے اور کہے کہ مینے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو دو بار فریب دیا پس وہ بھی قتل کیا گیا اور اسی سال سیوم ہجری مین **حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا**

بعد ولادت حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام پچاسوین روز ساتھہ حمل حضرت امام حسین علیہ السلام کے حاملہ ہوئین۔

حرمت شراب

اسی سال مین جب بنی نضیر محصور تھے حرمت شراب کا حکم ہوا اور بقول بعض غزوہ حدیبیہ مین کریمہ خمر نازل ہوئی اور صحیح یہہ ہے کہ تحریم خمر مکرر نازل ہوئی ہے اور حق یہہ ہے کہ شراب کی حرمت مین چار بار حکم ہوا ہے اور وہ احکام مجمل ہین حکم آخر یہہ ہے یعنی چوتھی بار کا حکم یا ایھا الذین امنوا انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم تتقون ۝ ترجمہ یعنی اے ایمان والو یہہ جو شراب ہے اور جوا اور بت اور پانسی گندے کام ہین لہذا ان سے بچتے رہو شاید تم ڈرنے والون سے ہوجاؤ یعنی متقی لوگون مین تمہارا حشر ہو یہہ آیت پارہ وَاِذَا سَمِعُوا مین ہے اس سے صراحتاً حرام ہونا شراب کا دریافت ہوا لیکن شراب کی ماہیت مین اختلاف ہے ہمارے نزدیک جب انگور کا پانی جوش دیا جاے اور شدید ہو یعنی گاڑہا اور کف اوپر آجاے وہ شراب ہے مگر صاحبین کے نزدیک قذف بالزبد شرط نہین ہے اور حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک شرط ہے اور فتویٰ اسی پر ہے اور بعض کے نزدیک شراب نام ہے نشے والی چیز کا ہمارے نزدیک شراب بعینہٖ حرام ہے اور ایک جماعت یہہ کہتی ہے کہ شراب نشے کے سبب سے حرام ہے اور نجس ہے بہ نجاست غلیظہ اوسکا حلال جاننے والا کافر ہے مسلمان کو اوسکی قیمت دینی حرام ہے اور نفع اوسکا حرام ہے اور اوسکے پینے والے پر حد شرع واجب ہے گو نشہ نہ لاوے اور اوسکو بار دگر پکاے تو حرمت اوسکی نہین جاتی مگر سرکہ بنانا اوسکا درست ہے بخلاف

شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور تحقیق محدثین کی یہہ ہے کہ شراب وہ ہے کہ جس چیز کا پانی
سڑایا جاوے یہانتک کہ وہ نشہ لانے لگے اوسکا تہوڑا بہی حرام ہی اور بہت بہی
حرام ہے۔ تاڑی اور سیندہی وغیرہ ہم سب اسی تعریف مین داخل ہین یہی
سنا ہے ہمنے اپنے اساتذہ سے صحیحین مین عبد اللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ
حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ ہر ایک نشہ لانے والی چیز حرام
ہے اور جس نے شراب پی دنیا مین اور وہ ہمیشہ شراب پیتا رہا تو وہ آخرت مین
شراب طہور نہ پئیگا اس حدیث سے صاف ظاہر ہو گیا کہ جو چیز مست کر دے
اور نشہ لاوے وہ شراب ہے اور حرام ہے خواہ انگور کی ہو یا کہجور کی یا منقیٰ کی
یا شہد کی یا گیہون کی یا جوار کی یا باجری کی یا جو کی یا درخت کا عرق ہو جیسے تاڑی
اور سیندہی جو حیدرآباد مین کثرت سے ہوتی ہے یا گہاس کے پتے ہون جیسے
بنگ وغیرہ اور ان سب چیزونکا قلیل بہی حرام ہے اور کثیر بہی حرام ہے اور یہی
مذہب ہے امام مالک اور امام شافعی اور احمد اور محمدؒ اور محدثین کا ہرچند
امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نجس شراب وہی ہے جو شیرہ انگور سے بنے
اور جوش کہا کر گاڑہی ہو کر جہاگ پیدا کرے اور جو چیزین بغیر نشے کی ہین حرام نہین
ہین لیکن اکثر محتاط محققین کے نزدیک امام محمدؒ کے قول پر فتویٰ ہے چنانچہ نہایہ
زیلعی اور عینی اور فتاوی عالمگیری اور درمختار اور اشباہ نظایر مین مذکور ہے۔
اور بحر العلوم مولانا عبد العلی لکہنوی رحمۃ اللہ علیہ نے تاڑی اور نان پاؤ کی حرمت
مین جو فتویٰ لکہا ہے وہ نہایت محققانہ فتویٰ ہے محتاط شایقین اوسے ملاحظہ فرمائین
اور مولوی رشید الدین خان رحمۃ اللہ علیہ نے صاف لکہا ہے کہ حرمت نان پاؤ
جو ہمارے زمانہ مین رایج ہے ثابت ہے وہو الحق والحق احق بالاتباع

سال چہارم ہجرت نبی صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم

جب سال چہارم ہجرت نبی صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کا شروع ہوا تو کئی حادثے واقع ہوئے چنانچہ عبداللہ ابن عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ یعنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے نواسے اور حضرات حسنین علیہما السلام کے خالہ زاد برادر نے چہ برس کی عمر مین وفات پائی۔ اور فاطمہ بنت اسد والدہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہٗ نے اور ابو سلمہ ابن الاسد مخزومی اور زینب بنت خزیمہ زوجہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے وفات پائی۔ اور ماہ شعبان مین امیرالمومنین سیدنا امام حسین علیہ السلام پیدا ہوے اور ماہ شوال مین حضرت ام المومنین سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حلقہ ازواج مطہرات مین داخل ہوئین اور قصہ رجم یہود اور یہودیہ بہ ثبوت زنا واقع ہوا اس معاملہ مین یہود نے انکار کیا تھا کہ ہماری شریعت مین رجم کا حکم نہین ہے صرف منہ کالا کرکے اونٹ کی سواری سے تشہیر کرادیتے تھے مگر عبداللہ ابن سلام نے اونکی تکذیب کی اور توریت منگوا کر دکھا دیا ایک یہودی نے آیتہ رجم پر ہاتھہ رکھدیا عبداللہ ابن سلام نے اوسکا ہاتھہ اوٹھایا تو وہ آیت رجم ظاہر ہوگئی یہود نہایت پشیمان ہوئے اور زانی وزانیہ سنگسار ہوے اوسی سال زید ابن ثابت کو ارشاد ہوا کہ یہود کی خط وکتابت سیکھو زید نے پندرہ روز مین بالکل سیکھہ لی۔ اسی سال مین یہہ معاملہ ہوا کہ قتادہ ابن نعمان انصاری کی زرہ آٹے مین رکھی تھی کھو گئی صبح کو تلاش کی تو آٹے کا خط طعمہ ابن ابیرق کے گھر تک پایا گیا وہان تلاش کی تو زرہ نہ ملی وہ خط آگے نظر آیا تو زید ابن سمین یہودی کے گھر تک تھا

جب اوسکے گہر تلاشی ہوئی تو زرہ ملی یہودی نے بیان کیا کہ مجہے طعمہ نے تفویض کی تہی طعمہ نے کہا کہ یہہ جہوٹا ہے مین بری ہون چور وہ ہے کہ جسکے گہر سے مال برآمد ہو طعمہ کی قوم نے باخود ہا یہہ شورہ کیا کہ ہم حضور پرنور کے سامنے حاضر ہوکر یہہ گواہی دیجیے کہ طعمہ بری ہے تو حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم ہماری حمایت فرمائینگے اور یہودی چور قرار پائے گا صبح کو اون لوگون نے ایسا ہی کیا مگر عالم الغیب نے اپنے حبیب حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اصل واقعہ سے مطلع فرمادیا کہ طعمہ بن ابیرق چور ہے اوسپر حد جاری ہوئی اور یہہ آیۃ کریمہ نازل ہوئی انا انزلنا الیك الکتاب بالحق بین الناس بما اراك اللہ ولا یکن للخائنین خصیما الخ پارہ والمحصنات مین ترجمہ یعنی ہمنے اوتاری تجہپر سچی کتاب کہ تو انصاف کرے لوگون مین جو بات کہول دے اللہ تعالی تیرے دل پر اور دغا بازون کی طرفداری نکر روایت ہے کہ جب طعمہ پر حکم حد جاری ہوا تو وہ بیت اللہ شریف کی طرف بہاگ گیا وہان بہی اوسنے چوری کی اور خیبر مین بہاگ کر آگیا یہان بہی ایک مکان مین نقب لگا رہا تہا کہ دیوار اوسپر گر پڑی اور دب کر مرگیا **اسی سال** سریہ ابوسلمہ بن الاسد مخزومی قبیلہ بنی اسد پر واقع ہوا اور بعض نے اس سریہ کو سال سوم مین لکہا ہے وجہ اس سریہ کی یہہ ہوئی کہ طلحہ وسلمہ پسران خویلد نے اپنی قوم کو جمع کرکے چاہا کہ مدینہ کے مویشی لوٹین یہہ خبر یہان پہونچ گئی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ڈیرہ سو جوان مہاجرین والصارین سے ابوسلمہ کے ہمراہ کرکے روانہ کیا۔ ابوعبیدہ بن الجراح وسعد ابن ابی وقاص واسید ابن حضیر وابونائلہ وابوبشرہ ابن ابی رہم غفاری وعبد اللہ ابن سہیل ابن عمر وارقم ابن ابی الارقم بہی اس جماعت مین تہے چنانچہ ابوسلمہ برہبری ابن زہیر طائی بنی اسد

کیطرف روانہ ہوئے جب موضع قطن مین آئے تو وہان بنی اسد کے مویشی چرتے تھے اونکو پکڑ لائے اور تین غلام ملے وہ پکڑ لیے گئے اور سب لوگ بھاگ گئے اور جاکر اپنی قوم مین یہہ خبر پہونچائی باوجودیکہ وہ قوم بہت تھی فرار ہوگئی غازیون نے اموال واسباب ومویشی اونکے لئے اور خمس نکال کر تقسیم کردئے ہر ایک شخص کے حصہ مین سات سات اونٹ اور چند بکریان پڑین دس دن بعد مدینہ مین لوٹ آئے۔ اور **اسی سال مین** بروایت بعض اہل تاریخ نماز قصری کا حکم ہوا کہ سفر کی حالت مین مسافر چہار گانہ کو دوگانہ پڑہے اور سہ گانہ اور دوگانہ مین قصر نہین ہے اور واجب ادا کرے اور نوافل وسنن مین مختار رہے اگر وقت ملے ادا کرے وگرنہ چہوڑ دے۔ اور **اسی سال مین** سریہ عبد اللہ بن انیس انصاری برائے قتل سفیان بن خالد ہذیلی جسنے حضرت عاصم وغیرہ کو شہید کیا تہا واقع ہوا اور عبد اللہ ابن انیس سفیان کو پہچانتے نتھے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکا حلیہ بیان فرمایا اور یہہ ارشاد کیا کہ اوسکے دیکھنے سے تمہارے دل مین خوف پیدا ہوگا عبد اللہ نے اذن لیا کہ اگر اسوقت کے مناسب حال مین اوسسے کچہہ باتین کرون تو معاف کیا جاؤن اور تلوار لیکر روانہ ہوے بعد قطع منازل جب بطن عُرنہ مین کہ ایک مقام ہے عرفات مین پہونچے وہان سفیان ملا عبد اللہ نے حسب نشاندہی حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوسے پہچانا اور اوسکے پاس آپ تشریف لے گئے اوسنے کہا کہ تم کون ہو عبد اللہ نے کہا کہ قبیلہ خُزاعہ سے ہون مین نے سُنا ہے کہ تمنے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے لڑنیکی طیاری کی ہے لہذا مین بہی آیا ہون کہ شریک ہوجاؤن اور بہت سی دل خوش کرنے والی باتین کین جن سے وہ بہت رضامند ہوا عبد اللہ اوسکے خیمہ مین آئے اور موقع پاکر اوسکا سر کاٹ لیا اور

مدینہ کو روانہ ہوے اثنائے راہ مین ایک غار ملا آپ اوس مین چھپ رہے قوم
نے یہہ خبر سُنی تو عبد اللہ کا تعاقب کیا مگر بے نیل مرام واپس گئے عبد اللہ غار
سے نکل کر مدینہ طیبہ کو روانہ ہوئے اور سر ناپاک اوس پلید کا حضور پرنور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سامنے ڈالدیا اوسوقت آپ مسجد مین جلوہ فرماتھے
آپ نے فرمایا افلح الوجہ عبد اللہ عبد اللہ نے عرض کی افلح وجہک یارسول اللہ
اسکے بعد عبد اللہ نے تمام قصہ عرض کیا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے اونکو بہشت کی بشارت دی اور ایک عصا عنایت فرمایا کہ تا وقت وفات وہ
عصا اونکے پاس رہا اور وقت مرگ اوسے کفن مین رکہدینے کی وصیت کی چنانچہ
وہ اونکے کفن مین رکہدیا گیا بزرگان دین کی اشیاء متبرکہ اگر کوئی مخلص مرید
اپنے ساتہہ قبر مین لے جاے تو اوسکے واسطے یہہ سند کافی ہے۔ **پہر اسی
سال مین غزوہ بدر صغریٰ** واقع ہوا جسکو ثالثہ بہی کہتے ہین شروع
ماہ ذیقعدہ مین یہہ غزوہ واقع ہوا سبب اسکا یہہ لکہا ہے کہ ابوسفیان نے
اُحد سے پہرتے وقت کہا تہا کہ سال آیندہ بدر پر پہر لڑائی ہوگی لہذا اوسنے
بظاہر سامان کیا اور بسبب خشک سالی کے اوسکو یہہ امر دل سے منظور نہ تہا
یہہ اوسنے خیال کیا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بدر پر نہ آوین
تاکہ خجالت نہو اور قسم بہی اوترجائے پس نعیم بن مسعود کو مدینہ کو روانہ کیا تاکہ
اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو خبر دے کہ ابوسفیان نے
لشکر جمع کیا ہے اور بدر پر آتا ہے اوس نے مدینہ مین آکر اہل اسلام سے ذکر کیا
اون حضرات نے کہا حسبنا اللہ ونعم الوکیل جب حضور پرنور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہہ خبر سُنی تو علی مرتضیٰ علیہ السلام کو علمدار اور عبد اللہ
بن رواحہ کو خلیفہ کیا اور معہ لشکر جسمین پندرہ سو آدمی تہے بدر کو تشریف لے گئے

ابو سفیان خوف سے نہ آیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے آٹھہ دن وہان قیام فرمایا اور اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مال تجارت مین وہان بہت نفع اوٹھایا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے تھے کہ ہر دینار پر مجھے ایک دینار نفع ہوا پھر وہان سے یہہ لشکر خدا بے جدال وقتال واپس ہوا

اسی سال چہارم کے ماہ محرم مین بروایت ابن اسحق غزوہ ذات الرقاع واقع ہوا

اور سبب اسکا یہہ ہوا کہ ایک شخص نے مدینہ مین یہہ خبر پہونچائی کہ قبایل محارث وانمار وثعلبہ موضع ذی امر مین جمع ہین اور اطراف مدینہ کو لوٹنا چاہتے ہین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ کو مدینہ کا خلیفہ کیا اور سات سو آدمیون کے لشکر کے ساتھہ روانہ ہوے وہ لوگ بہاگے چند عورتین ملین اس غزوہ کو ذات الرقاع اسلئے کہتے ہین کہ حضرت کے اصحاب پیادہ پا برہنہ لتے لپیٹے ہوے تہے یا نام کسی درخت کا تہا یا کوئی موضع تہا جسمین سیاہ وسفید قلعی تہی وجہہ اول صحیح ہے صحیح بخاری مین جابر سے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم زیر درخت سمرہ اپنی تلوار درخت کی شاخ مین لٹکا کر آرام فرمانے لگے اور مین بہی سو گیا دفعتاً حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مجھے پکارا مین حاضر ہوا تو کیا دیکھتا ہون کہ ایک اعرابی کھڑا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اس نے میری تلوار اس شاخ سے نکالی مین جاگ اوٹھا اسنے کہا کہ کون ہے جو تجھکو مجھہ سے بچاتا ہے مین نے کہا اللہ وہ بیٹھہ گیا اور تلوار اوسکے ہاتہہ سے گر پڑی حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوٹھالی اور فرمایا اب کون ہے جو تجھکو مجھسے بچاوے اوسنے

عرض کی کہ مجھے بخشدے آپ نے اوسے چھوڑ دیا صاحب قرۃ العیون نے اس
غزوہ کو سال پنجم مین لکھا ہے اور صاحب تفریح الاذکیا نے سال چہارم مین لکھا ہے
جب یہہ شخص اپنی قوم مین گیا تو کہا کہ نیک آدمی کے پاس سے آتا ہون اور اسلام
لایا **فائدہ** یہہ غزوہ حسب روایت بخاری بعد غزوہ خیبر کے واقع ہوا لیکن خود
علامۃ الزمان بخاری علیہ الغفران نے بعد غزوہ خندق کے ذکر کیا ہے اور غزوہ
خندق بالاتفاق پیش از غزوہ خیبر واقع ہوا ہے اور رفع تعارض یون ہو سکتا ہے
کہ غزوہ ذات الرقاع کئی مرتبہ واقع ہوا ہے ازانجملہ ایک یہہ ہے اور ایک وہ
اسیطرح غزوہ ذات الرقاع بروایت ابن سعد و ابن حبان سنہ خامسہ
مین بہی ہوا ہے۔

سال پنجم ہجری

جب ہجرت کا پانچوان برس شروع ہوا تو اس سال مین چند حادثے اور کئی واقعے
ظاہر ہوئے ازانجملہ حکم **پردہ پوشی** ازواج مطہرات کا قرآن مین نازل ہوا چنانچہ
اذا سالتموھن متاعا فاسئلوھن من وراء حجاب یعنی اور جب سوال
کرو تم اونسے تو سوال کرو پردے کی آڑ سے سورۂ احزاب مین احکام پردہ کی مشرح
موجود ہین کہ ازواج مطہرات پر حجاب فرض ہوا حجاب اسکو کہتے ہین کہ عورت ایسے
شخص کے سامنے کہ جس سے نکاح جائز ہے نہ آوے اسکا نام حجاب ہے اور
عورات کے واسطے مستحب ہے اور ستر عورت اسکو کہتے ہین کہ جس مرد سے جتنا
بدن ڈہکنا فرض ہے اوسکو چہپاوے اگرچہ اوسکے سامنے آوے اور یہہ ستر عورت
سب عورتون پر فرض ہے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے
اسیطرح لکھا ہے اور علما کی جماعت کی تحقیق بہی یہی ہے اور بیان مستورین

پروردگار تعالے لاشانہ سورہ نور مین یون ارشاد فرماتا ہے وقل للمومنٰت یغضضن من ابصارھن ویحفظن فروجھن ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا ولیضربن بخمرھن علی جیوبھن ولا یبدین زینتھن الا لبعولتھن او اباۤءھن او اباۤء بعولتھن او ابناۤءھن او ابناۤء بعولتھن او اخوانھن او بنی اخواتھن او نساۤءھن او ما ملکت ایمانھن او التٰبعین غیر اولی الاربہ من الرجال او الطفل الذین لم یظھروا علی عورات النساء ولا یضربن بارجلھن لیعلم ما یخفین من زینتھنؕ وتوبوا الی اللہ جمیعاً ایہ المومنون لعلکم تفلحون ۝ ترجمہ اور کہدے ایمان والیون کو کہ نیچی رکھین اپنی آنکہین اور تہامتی رہین اپنے ستر اور نہ دکہاوین اپنا سنگار مگر جو کہلی چیز ہے اوس مین سے اور ڈال لین اپنی اوڑہنی اپنے گریبان پر اور نہ کہولین اپنا سنگار مگر اپنے خاوند کے آگے یا اپنے باپ کے یا اپنے خاوند کے باپ کے یا اپنے بیٹے کے یا خاوند کے بیٹے یا اپنی بہائی کے یا اپنے بہتیجون کے یا بہانجون کے یا اپنی عورتون کے یا اپنے ہاتہہ کے مال کے یا اپنے کام کرنے والون کے جو مرد کچہہ غرض نہین رکہتے یا لڑکون کے جنہون نے نہین پہچانے عورتون کے بہید اور نہ دہمک دین اپنے پاؤن سے کہ جانا جاوے جو چہپاتی ہین اپنا سنگار اور توبہ کرو اللہ کے آگے سب ملکر اے ایمان والو شاید تم بہلائی پاؤ فائدہ الا ما ظھر سے مراد چہٹے سفید کپڑے اور نئی یا پوش ہو یا تہوڑا سا مُنہ اور ہاتہہ کی انگلیان اور پیر کا پنجہ کہولنا درست نہین آزاد عورت کو مگر بضرورت ناچاری کے سبب سے کہ اسمین ہاتہہ کی مہندی کہلنے کی یا آنکہہ کا کاجل یا انگلی کا چہلا اور باقی بدن اور گہنا ڈہانکنا ضرور ہے

نامحرم مردسے مگر اپنے محرمون سے چہاتی سے زانو تک اور جو نیک چلن عورتین
ہین اون سے اتناہی ضرور ہے اور بدچلن عورتون سے کنارہ کشی بہت ضرور
ہے اور کمیرے یعنی خادم کام کاج کرنے والے جنکو غرض نہین کہ وہ کہانے اور
سونے مین غرق ہین شوخی اور بدنظری سے جنہین سروکار نہین اور دس برس کا
لڑکا اور اپنا غلام بہی محرم ہے اکثر علما کے نزدیک لیکن اس زمانہ مین جو غلام
اور کمیرے ہین جنہین پورب کے زمیندار کمیا کہتے ہین اون سے پردہ ضرور ہے
تفسیر کبیر مین ہے کہ مَا ظَهَرَ مِنْهَا سے مراد وہ ہے کہ جو عضو حسب
عادت کہلا رہتا ہے۔ اور غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ سے شیوخ صلحا بہی مراد
ہوسکتے ہین اور پیرون کی دہمک سے بجنے گہنے مراد ہین جیسے پازیب چہاگل اور
باریک کپڑا جس سے بدن نظر آتا ہو وہ برہنگی کا حکم رکہتا ہے واضح ہو کہ غلام اور
لونڈی اور لڑکے انکو بہی تین وقتون مین بغیر اجازت جانا درست نہین کما قال اللہ
تعالیٰ فی السورۃ النور ترجمہ اے ایمان والو اجازت مانگ کر آوین تم مین
سے جو تمہارے ہاتہہ کا مال ہین اور جو نہین پہونچے تم مین سے عقل کی حد کو
تین وقتون مین فجر کی نماز سے پہلے اور جب اوتار کر رکہتے ہو اپنے کپڑے دوپہر
مین اور عشا کی نماز سے پیچہے یہہ تین وقت تمہارے کہلنے کے ہین کچہہ گناہ نہین
تم پر اور اونپر انکے پیچہے پہرا ہی کرتے ہو ایک دوسرے کے پاس اور جب
لڑکون کو عقل ہو اور جوانی پر آجائین تو بغیر اجازت نہ داخل ہون مکان مین اور
جو عورتین بوڑہی ہین جنکو بیاہ کی ضرورت نہین رہی یعنی وہ ناامیدی کی عمر کو پہونچ
چکی ہین وہ اگر اپنے کپڑے اتار رکہین تو اونپر گناہ نہین یعنے اگر تہوڑے کپڑے
پہنے رہین تو درست ہے اور اگر اس عمر مین بہی پورے کپڑے پہنے رہین تو اور
بہتر ہے اسلئے کہ نوعمر عورتین اون سے حجاب کا طریقہ تعلیم پائینگی خواجہ سرا

یعنے خوجے کا عورتون کے پاس داخل ہونا اور اسی طرح خنثے کا اور جسکو نظر نہ آتا ہو بعض کے نزدیک مضائقہ نہین اور بعض کے نزدیک درست نہین اور بے شک یہہ قول صحیح ہے خصوصاً اس زمانہ پرشور مین کہ جب بعض نادانشمند مردان اسلام نے ایک سرے سے پردہ ہی کو اوٹھانا چاہا ہے اور شرم وحیا کو خیرباد کہکر اہل یورپ کیطرح پورے آزاد ہوگئے ہین۔

اے بہادران اسلام خدا تم کو اپنے مقدس اجداد کی پیروی پر ثابت قدم رکھے آمین

ہرگز ہرگز ان گندم نما جو فروش لوگون کی تحریر وتقریر پر عمل نکرنا اور اپنے اجداد کرام کی شرافت کو برباد نکرنا

اسلام مین پردہ بڑی عُمدہ شرافت کا شعار ہے

اسی طرح غیر مرد کو اپنی آواز سنانا بہی جائز نہین ہے۔

رباعی

کس نماندہ است درین بیشہ شکاری بکند — تیغ گیر دبکف و فتح دیارے بکند

این زمان ہمت مردان ہمین محدود داست — زنے از پردہ برون آید وکارے بکند

قطعہ

بے پردہ کل جو آئین نظر چند بی بیان
اکبر زمین مین غیرت قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو مینے آپ کا پردہ وہ کیا ہوا
کہنے لگین کہ عقل پہ مردونکے پڑ گیا

سبب نزول آیت حجاب

اہل سیر کے نزدیک یہہ ہوا کہ جب حضرت ام المومنین زینب رض سے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نکاح فرمایا تو بعد اطعام طعام ولیمہ روز روشن مین حضرت ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا کے دولت سرا مین داخل ہوئے اصحاب وہان موجود تھے اور دیر تک وہ ادہر اودہر کی باتین کرتے رہے اور بہت وقت اون حضرات کا اسمین ضایع ہوا لہذا یہہ آیت حجاب نازل ہوئی پروردگار تعالے شانہ نے صحابہ کو ادب تعلیم فرمایا اور اہل اسلام کی عورات کو پردہ نشینی کی شرافت عطا فرمائی - اور صحیح بخاری مین آیت حجاب کے نازل ہونیکا سبب یون بیان ہوا ہے ایک دن حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ رات کے وقت حضرت ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا سے کسی جگہہ ملے تو آپنے فرمایا کہ اے سودہ مینے تمہین پہچانا اوسوقت آپکے دل مبارک مین یہہ بات گذری کہ اگر عورتین مردون سے پردہ کیا کرتین تو بہتر تہا اور حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے

التماس کیا لہذا یہہ آیت حجاب نازل ہوئی **فائدہ** حضرت شیخ عبد القادر
محدث دہلوی نے ترجمہ مین بطور فائدہ لکھا ہے کہ آیت سورۂ احزاب مین پردہ
کا حکم ہوا کہ حضرت کی ازواج مطہرات مردون سے پردہ کیا کرین عورات کیواسطے
تمغۂ شرافت ہے بعد اسکے سب عورتون پر بتقلید ازواج مطہرات
رضی اللہ عنہن پر پردہ واجب ہوگیا اور شرفا کے خاندان مین تو ایسی تاکید
پردہ کی ہے کہ فرض سے بہی اوسکا مرتبہ بڑہگیا ہے مگر زمانہ حال مین جو حلومت ہے
اوسکے اثر سے اب پردہ مین کمی ہوتی جاتی ہے اور ایسا طریق بگڑگیا ہے کہ نہ
حجاب رہا نہ ستر عورت حجاب مین تو یہہ خلل ہے کہ اکثر عورات بعض نامحرمون
کے سامنے جیسے چچا کا بیٹا ماموں کا بیٹا بہن کا خاوند پہرا کرتی ہین اور پہوپہیا
خالو سب کے سامنے آتی ہین یہہ ہندوستانکے رسم ایسے شایع ہوئی کہ یہہ
باتین عیب مین داخل ہی نہین اور لباس ایسا نامہذب عورات نے اپنے لئے
قائم کیا ہے کہ اوس لباس سے عورت سوائے اپنے شوہر کے باپ بہائی کے
بہی سامنے آنیکے قابل نہین ہے مگر یہہ خودسر عورات اوسی لباس سے سبکے
سامنے آتی ہین اور اونکے شوہر اسکی ذرا بہی پروا نہین کرتے **لاحول ولا
قوۃ الا باللہ العلی العظیم حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ**
رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے اسما حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ
کی دوسری دختر باریک کپڑے پہنے ہوئے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین آئین آپ نے اونکی طرفسے مُنہ پہیر لیا اور فرمایا کہ
اے اسما جب عورت جوان ہوجائے تو نہین جائز ہے کہ دکہلائی دے اوسکے
بدن مین سے کچہہ مگر یہہ اور یہہ اور حضرت نے اپنے چہرۂ مبارک اور دست مبارک
کی طرف اشارہ کیا اس حدیث سے یہہ بات مفہوم ہوتی ہے کہ دونون پانون بہی

عورت کے عورت ہین کیونکہ حضرت نے اپنے پائے مبارک کیطرف اشارہ
نہین کیا لیکن ہدایہ اور شرح وقایہ اور در مختار کی کتاب الصلواۃ مین ہے کہ پانوٗن
عورت نہین ہین اگرچہ تینون کی کتاب الکراہتہ مین چہپانا پیرونکا فرض ہے اور
تاویل اس حدیث کی علمانے یہہ کی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ واصحابہ
وسلم کو جواز قدمون کے کہلے رہنے کا معلوم تہا کیونکہ عرب کی عورتین حضرت
کے زمانہ مین موزے نہین پہنتی تہین صرف جوتا پہنتی تہین اس سبب سے
پیرون کا ظاہر ہونا ظاہر تہا لہذا اونکا ذکر نفرمایا یا لباس کے اتصال مین جو
دو عضو بدن اوپر کے عورت نہ تہے اونہین کا ذکر فرمایا یعنی ہاتہہ اور منہ اور کفایہ
حاشیہ ہدایہ مین دلیل لکہی ہے وہ بہی دلالت کرتی ہے کہ دونون پانوٗن عورت
کے عورت نہین ہین وہ دلیل یہہ ہے کہ عورت کو رفتار مین قدمون کے کہولنے
کی حاجت ہوتی ہے جیسے معاملات کے وقت ہاتہہ مونہہ کہولنے کی ضرورت
ہوتی ہے حالانکہ ان دونون کے دیکہنے سے احتمال شہوت کا زیادہ ہے بہ نسبت
قدمون کے پس قدمونکا عورت نہ ہونا بطریق اولی ہے بالجملہ کتب فقہ کے ملاحظہ
سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کے پانوٗن کی نسبت دو روایتین ہین ایک روایت
تو یہہ ہے کہ چہپانا اونکا فرض نہین اور دوسری روایت یہہ ہے کہ چہپانا فرض
ہے۔ درمختار اور ہدایہ مین روایت اولی کو معتمد لکہا ہے اور طحطاوی حاشیہ
درمختار مین ہے کہ قدم اجنبیہ کے عورت ہونے مین اختلاف ہے ہدایہ اور
شرح جامع صغیر قاضی خان مین تصریح ہے کہ قدم عورت نہین اور محیط مین
اوسی کو اختیار کیا ہے اور اقطع اور قاضی خان نے فتاوی مین تصریح کی ہے
کہ قدم عورت نہین اور اسپیجابی اور مرغینانی نے اوسی کو پسند کیا ہے اور صاحب
اختیار نے تصحیح کی ہے کہ قدم نماز مین عورت نہین خارج نماز عورت ہے اور شرح

منیہ مین مطلقاً عورت ہونے کو مرجح لکھا ہے احادیث سے اب واضح ہوا کہ عورت آزاد کو سوا مونہہ اور ہاتھہ کے گٹھنون تک اور پیرون سے ٹخنون تک تمام بدن کا چھپانا ایسے مردون سے جنکے ساتھہ نکاح درست ہے فرض ہے اگر نہ چھپاویگی تو موافق حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دونون ناظر ومنظور خدا کی لعنت کے سزاوار ہون گے چنانچہ ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ سے روایت ہے کہ لعنت ہو خدا کی اوسپر جو کسی کا ستر دیکھے اور اوسپر جو دکھاوے اسیطرح مردون کو بھی ناف کے تلے سے گھٹنون تک ڈھکنا فرض ہے اور لونڈیون کو بھی مردونکی مانند پیٹ اور پیٹھہ ڈھکنا فرض ہے درمختار مین ہے کہ جوان عورت منع کیجاے مردون کے سامنے منہ کھولنے سے اسواسطے نہین کہ منہ عورت ہے بلکہ بخوف فتنہ اور یہہ بھی جاننا چاہیئے کہ جس عضو کا ڈھکنا جائز ہے اگر وہ بدن سے بھی الگ ہوجاے تب بھی اوسکا دیکھنا درست نہین مثلاً عورت کے بال کنگھی کرنے سے جدا ہون تو اونکو ایسی جگہہ ڈالے کہ اجنبی مردون کو نظر نہ پڑے اور مرد موے زہار مونڈے تو ایسی جگہہ نہ ڈالے کہ کسی کی نظر پڑے اور محرم سے بھی جس سے کبھی نکاح درست نہین جیسے بیٹا باپ بھائی دادا دیپٹ پیٹھہ کے نیچے سے گھٹنون تک ڈھکنا فرض ہے مثلاً بیٹے کے سامنے سر یا بازو کھلجاوین یا پنڈلی کھلجاوے تو کچھہ مضایقہ نہین مگر جن مردون سے نکاح جائز ہے بہن کا شوہر خالو پھوپا یا بھانجی بھتیجی کا شوہر انکا حکم اجنبی کا ہے اور عورت کو عورت سے ناف کے نیچے سے گھٹنون تک بدن چھپانا فرض ہے اکثر عورتین سمجھتی ہین کہ عورت کا عورت سے کیا پردہ ہے یہہ غلط ہے مگر ضرورت کے وقت بقدر ضرورت ستر دکھانیکا حکم ہے جیسے دوا کے واسطے یا دائی جنائی یا اور محارم کو اور جسقدر بدن کا دکھانا جائز ہے اوسکا چھونا بھی جائز ہی مگر اجنبیہ عورت کے لئے یہہ حکم نہین ہے اجنبیہ عورت کا بے شہوت دیکھنا درست ہے چھونا درست نہین لیکن جو عورت بہت بوڑھی ہو وہ اس حکم سے جدا ہے کذا فی

الدر المختار اور جو بہت چہوٹا لڑکا ہو اوسکا کوئی بدن عورت نہین اور جب ذرا بڑا
ہو تو جب تک قابل شہوت نہین تو صرف قُبُل و دُبُر کا ڈہکنا فرض ہے اور پہر اور
متصل بدن کا دس برس کی عمر تک پہر اس عمر کے بعد اوسکا حکم بالغ کا سا ہے کذا فی
الدر المختار اور جو عورت بضرورت کسی غیر محرم کے سامنے آوے تو واجب ہے کہ تمام
بدن چادر سے ڈہک کر آوے اور چادر موٹے کپڑے کی ہو مردون کو لازم ہے کہ یہہ احکام
عورتون کو سمجہا دین ورنہ اون سے باز پرس ہوگی۔ تمام ہوگئے پردیکے احکام۔

اسکے بعد غزوہ دومتہ الجندل واقع ہوا

بعض کے نزدیک یہہ مقام پہاڑ ہے کوفے سے دس مرحلہ اور دمشق سے دس اور بروایت
دیگر قلعہ ہے سنگین مواہب مین ہے کہ ایک شہر ہے مدینہ سے پندرہ سولہ شب کی راہ
پر پشت اوسکی جانب وادی ابن اسمعیل ہے سبب اس واقعہ کا یہہ ہے کہ حضور پُر نور
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو خبر پہونچی کہ کچہہ لوگ جمع ہوکر راہ زنی کرتے ہین حضور پر نور
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سباع ابن عرفطہ کو خلیفہ کیا اور ہزار آدمی سے اوسطرف
روانہ ہوے وہ لوگ یہہ خبر سنکر بہاگ گئے کوئی اونمین سے ہاتہہ نہ آیا اسی عرصہ مین
دفعتہً والدہ ابن عبادہ نے وفات پائی سعد نے کہا اگر میری مان فرصت پاتی تو صدقہ
دیتی خواہ وصیت کرتی اگر مین کچہہ صدقہ دون تو اوسے فائدہ ہوگا حضور پر نور صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا ہوگا سعد نے عرض کیا کہ کون صدقہ افضل ہے فرمایا
پانی تو سعد نے ایک کنوان بطور سبیل وہان کہدوا دیا اور حضور پر نور صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکی مان کی قبر پر نماز پڑہی بعد اسکے ماہ شعبان مین **غزوہ بنی
مصطلق** واقع ہوا اس غزوہ کو مُرَیسیع کہتے ہین مصطلق ایک مرد کا لقب ہے کہ
اوسکا نام خزیمہ ابن سعد ابن عمرو تہا اور مُرَیسیع بصیغہ تصغیر بنی خزاعہ کا ایک کنوان ہے

ناحیہ قدید مین ہے سبب اس لڑائی کا یون واقع ہوا کہ حارث ابن ابی ضرار نے مشرکون کو ترغیب دیکر حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے جنگ کرنے پر آمادہ کیا یہہ خبر مدینہ مین آئی تو اول حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بُریدہ ابن الحصیب اسلمی کو انکا حال دریافت کرنے کو بہیجا یہہ اون سے ملکر تحقیق خبر لائے اور حضور نے سامان جنگ کیا زید ابن حارث کو خلیفہ مقرر کیا اور علی مرتضیٰ یا صدیق اکبر کو علمدار مہاجرین کا کیا اور سعد ابن عبادہ کو علمدار انصار کا کیا اور عمر ابن خطاب کو لشکر خدائے تعالیٰ کا مقدمۃ الجیش قرار دیا اور تشریف لے چلے اور امہات المومنین مین سے حضرت عائشہ صدیقہ اور ام سلمہ ہمراہ تہین اور اس لڑائی مین اکثر اہل نفاق بہی بطمع غنیمت ہمراہ ہو گئے تہے راہ مین ایک جاسوس بنی مصطلق کا ملگیا وہ گرفتار کیا گیا اوس سے حال پوچہا اوسنے بالکل انکار کیا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ڈانٹا اوسنے سب حال کہدیا لہذا اوسے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین لائے وہ بدبخت جاسوس سخت کلامی اور درشتی سے بولا اور آمادہ مقابلہ ہوا حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اوسے قتل کیا یہہ خبر مشہور ہوئی مشرکون کو خوف پیدا ہوا اور وہ سب منتشر ہو گئے اور لشکر اسلام مُریسیع پر خیمہ زن ہوا کچہہ مشرک پہر جمع ہوکر برسر مقابلہ آئے حضرت رحمۃ اللعالمین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے فرمایا کہ انکو نصیحت کرکے دعوت اسلام کرو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تعمیل حکم کی مگر اون لوگون نے کوئی بات نمانی اوسوقت مسلمانون نے اول تیراندازی کی پہر حملہ کر دیا سب مشرک فرار کر گئے مگر بعض گرفتار ہوئے سب دس مشرک مارے گئے اور ایک صحابی شہید ہوئے جب لڑائی ہوچکی تو ابو نفیلہ طائی خبر رسانی کے لئے جانب مدینہ باسکینہ روانہ ہوئے اور ایک شخص بنی مصطلق کا برغبت دلی ایمان لایا اور اوسکے میلان خاطر کا یہہ سبب تہا کہ اوس نے

لڑائی کے وقت دیکھا تہا کہ کچہہ لوگ ابلق گھوڑون پر سوار مسلمانون کی مدد کو آئے ہین
یہہ واقعہ مشاہدہ کرنیکے ساتہہ اوسے یقین ہوگیا کہ دین اسلام سچا دین ہے اور جویریہ
بنت حارث ابن ابی ضرار کا بہی ایسا ہی حال بیان کرتے ہین وہ شوکت اسلام ملاحظہ
فرما کر کفر سے متنفر ہوئین اور اسلام اختیار کیا پہر اللہ تعالی شانہ نے اونپر یہہ فضل
واحسان کیا کہ جب وہ غنیمت مین آئین اور مسلمان ہوئین تو حضور پر نور صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے اونسے نکاح کیا اور اونکی آزادی اونکا دین مہر قرار پایا بعد
اسکے مسلمانون نے تجویز کیا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی بی بی کے
قرابت دارون کو بندہ کرنا مناسب نہین اسواسطے سو عورتون سے زیادہ آزاد کردی
گئین اس غزوہ مین اٹھائیس ۲۸ دن مدینہ سے غیبت رہی اور مال غنیمت سے بحکم
حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خمس نکالا گیا اور باقی لشکر اسلام
مین تقسیم کیا گیا اور اسی سال مین حضرت نے زینب بنت جحش سے کہ حضور کی
پہوپی کی دختر تہین اولاً زید ابن حارث کے نکاح مین تہین بوجہہ ناموافقت مزاج
کے بعد طلاق اور انقضائے عدت بحکم مالک حقیقی آپنے نکاح فرمایا اور اسی سفر
مین مابین سنان بن وبر جہنی اور جہجاہ بن سعید غفاری کے جو حضرت عمر رضی اللہ تعالی
عنہ کا اجورہ دار تہا نزاع واقع ہوئی کہ سنان اور جہجاہ نے اپنا اپنا ڈول کنوئین
مین ڈالا اور دونون ڈول ایک سے تہے اتفاقاً ایک ڈول گر پڑا اور دوسرا نکل آیا
وہ فی الحقیقت سنان کا تہا جہجاہ نے کہا کہ یہہ میرا ڈول ہے دونون مین جھگڑا ہوا
یہانتک کہ جہجاہ نے سنان کو ایک طمانچہ مارا کہ خون بہ نکلا وہ سنان پکارا کہ یا
للانصار با للخزرج اور جہجاہ چلایا یا للکنانہ یا للقریش لہذا مہاجر
وانصار کے لوگ ہتیار لیکر دوڑے قریب تہا کہ فساد برپا ہو مگر مہاجرون سے بعض
اشخاص نے سنان کو سمجہایا اور یہہ فساد رفع ہوگیا عبد اللہ ابن ابی سلول منافق

بھی اپنے یارون سمیت وہان بیٹھا تھا اور زید بن ارقم بھی اون مین موجود تھے
عبداللہ ابن ابی سلول بڑے غصہ سے چلا کر بولا کہ یہہ مہاجر تو ہماری جان کے لئے
بڑے صاحب قسمت بن بیٹھے ہین اگر مین اب کے مدینہ جاؤنگا تو وہ جو عزیز ہے اوسکو
جو خوار ہے مدینہ سے نکالدیگا یعنی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
پھر اپنی قوم سے کہنے لگا کہ یہہ بلا تو تم نے آپ اپنے سر پر لی ہے کہ مسلمانون کو مدینہ
مین رہنے دیا زید بن ارقم نے یہہ تمام واقعہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے حضور مین عرض کیا اوسوقت حضور کے سامنے سب صحابہؓ حاضر تھے حضرت نے
اس خیال سے کہ شاید کوئی صحابی ناراض ہوکر درپئے انتقام ہوجائے فرمایا کہ اے
زید شاید تو اوس سے کچھ خفا ہے کہ ایسی باتین تو اوسکی نسبت کہتا ہے زید نے
عرض کی مینے اوسکی زبان سے سنا ہے حضرت نے فرمایا شاید تیرا اوسنے کہا نہین
مانا یہہ فرماکر آپ خاموش ہو گئے اسید ابن حصیر نے جب یہہ سنا کہ عبداللہ ابن
ابی سلول منافق نے یہہ بے ادبی حضور کی شان مین کی وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مبارک مین حاضر ہوئے اور دست بستہ عرض کی کہ یہہ جو
عبداللہ نے کہا ہے کہ وہ جو عزیز ہے اوسکو جو خوار ہے مدینہ سے نکالدیگا تو آپ
بے شک عزیز وگرامی ترین مخلوق ہین اور وہ ضرور ذلیل وخوار ہے آپ اوسکو مدینہ
سے نکال دیجیے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اس کے
جواب مین کچھ نفرمایا اور ابن ابی سلول منافق کے بعض دوستون نے کہا اے ابن
ابی سلول بدبخت تجھے کیا غضب پڑا کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کے حق مین ایسی بے ادبی کا کلمہ کہا اگر یہہ بات سچ نہین ہے تو آپکی خدمت اقدس
مین حاضر ہوکر اپنی برائت کی دلیل اور ثبوت پیش کر اوسنے کہا واللہ مین نے ایسی بات
نہین کہی اور حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین حاضر ہوکر جھوٹی قسم کھالی

کہ یا حضرت زید ابن ارقم نے آپ سے غلط بات کہدی ہے مین نے ہرگز ایسا کلمہ
آپ کی شان مین نہین کہا بعض کے دل مین یہہ وسوسہ گذرا کہ زید نے اسکو تہمت
لگائی ہے اوسنے ہرگز یہہ بات نہین کہی ابن ابی سلول سچا ہے زید کے بعض اقربا نے
زید کو ملامت کی زید بیچارے سخت غمناک ہوے ایک دن مضطرب و غمگین گھوڑے پر
سوار ہوکر میدان مین نکلے ناگاہ حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بھی
آگئے زید کہتے ہین کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بعلم نبوت میری رنجیدگی
دریافت فرمائی اور میرا کان مروڑا اور فرمایا غمگین مت ہو اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ
تیرے قول کی تصدیق اور منافق کے قول کی تکذیب فرماتا ہے اور سورہ منافقون مجھے
سنائی اوسوقت مجھے تسکین ہوئی عبد اللہ ابن ابی سلول کا بیٹا تہا وہ بہت سچا مسلمان
اور موحد تہا اوسنے حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین
دست بستہ عرض کی کہ اگر آپ میرے منافق باپ کا قتل چاہتے ہین تو مجھے اجازت
ہو کہ مین اوسے اپنے ہاتہہ سے قتل کرون حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے ارشاد فرمایا کہ اے عبد اللہ مین تیرے باپ کا قتل ہونا نہین چاہتا تو اس خیال
سے درگذر جب تک کہ ہم مین ہے ہم اوسکے ساتہہ نیکی کرینگے جب مدینہ طیبہ کو مراجعت
کی تو وادی عقیق مین عبد اللہ نے سر راہ کہڑے ہوکر ہر ایک سوار کا تفحص شروع کیا حتی کہ
اوسکا باپ عبد اللہ بہی نکلا تو اوس نے اونٹ کی مہار پکڑ کے اونٹ کو بٹھایا اور اوسکے
زانون پر پانون رکہکے کہڑا ہوگیا ابن ابی سلول نے کہا کیا ارادہ ہے عبد اللہ نے
کہا مین تجہے ہرگز نچہوڑونگا کہ تو مدینہ مین جانے پائے جب تک رسول اللہ کی اجازت
نہو اور تو یہہ اقرار کرلے کہ مین ذلیل ہون اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
عزیز ہین جو شخص ان دونون باپ بیٹون کا یہہ واقعہ دیکھتا تہا وہ تعجب کرتا تہا یہانتک
کہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو یہہ خبر پہونچی آپ تشریف لائے اور

اہل جلسہ سے کہا کیا ہو رہا ہے لوگون نے حال بیان کیا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم وہان تشریف لے گئے دیکھا تو فی الحقیقت بیٹا باپ کا اونٹ پکڑے کھڑا ہے اور
باپ سے کہہ رہا ہے لا انت اذل من الصبیان لا انت اذل من نساء
حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عبد اللہ سے کہا بس زیادہ اصرار نکر
چھوڑ دے عبد اللہ نے حضور کے ارشاد کی بجا آوری کی اور چھوڑ دیا اور اوس سے متعرض نہوا
ایکدن عبادہ ابن الصامت نے عبد اللہ ابن ابی سلول سے کہا کہ تو رسول مقبول
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین حاضر ہو کہ تیرے لئے دعائے آمرزش
کرین اوسنے منہ پھیر لیا اوسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وہان سے
کچھ دور تھے کہ آپ پر وحی نازل ہوئی اور وہ سورۂ منافقون کی یہہ آیت ہے و
اذا قیل لھم تعالوا یستغفر لکم رسول اللّٰہ لووا رؤسھم ورا
یتھم یصدون وھم مستکبرون ترجمہ یعنے جب کہی اون کو آؤ معاف
کرا دے تمکو اللہ کا رسول تو وہ پھیر لیتے ہین منہ اپنا اور تو دیکھے کہ رُکتے ہین اور
غرور کرتے ہین پھر قبل اسکے کہ عبادہ بن صامت یہہ احوال کسی سے کہین سب کو
اطلاع ہوگئی جب یہہ آیت نازل ہوئی تفسیر بغوی مین لکھا ہے کہ جب اللہ تعالی شانہ
نے ابن سلول کا کذب کھول دیا اور زید ابن ارقم کا صدق ظاہر کر دیا تو کسی نے اوس
منافق سے کہا یا ابا حباب تیری شان مین آیت سخت نازل ہوئی لہذا تو چل کر رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین امرزش کی درخواست کر وہ اسپر
رضامند نہوا یہہ اس آیت کا شان نزول ہے۔

اسی سفر مین

یہہ اتفاق ہوا کہ جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مراجعت کے وقت

چاہ نقعار پر رات کو جلوہ فرما ہوئے تو ہوا کی شدت ہوئی لشکر کے لوگ بہت خوفناک ہوئے اور ناقہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کھل گیا تلاش کرنے سے نملا حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ کچھہ اندیشہ نکرو یہہ ہوا ایک کافر کے مرنے سے چلی ہے اور وہ کافر مدینہ مین تہا کسی نے پوچہا وہ کافر کون تہا آپ نے فرمایا رفاعہ ابن زید ابن تابوت یہہ بات سنکر ایک منافق نے کہا کہ یہہ شخص آپ کو عالم الغیب جانتا ہے حالانکہ اونٹنی جاتی رہی اوسکا پتہ نہین معلوم اوسکی خبر کیون نہین بتاتا وہ شخص جو وحی لاتا ہے اوسیوقت حضرت جبرئیل تشریف لائے اور مقولہ منافق اور ناقہ کے نشان سے جہان وہ تہا مطلع کر گئے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ مین یہہ گمان نہین کرتا کہ مین غیب کی خبرین جانتا ہون اور نہ عالم الغیب ہون لیکن مجہے اوس نے جو حقیقت مین عالم الغیب ہے منافق کے مقولہ سے اور جہان ناقہ ہے اوس مقام سے مطلع کر دیا ہے ناقہ شعب مین ہے اور نکیل اوسکی ایک درخت سے بندہی ہوئی ہے یہہ نشان سنکر اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم گئے اور ناقہ کو اوس مقام سے لے آئے اور جب لشکر خدا مدینہ مین پہونچا تو معلوم ہوا کہ رفاعہ بن زید ابن التابوت اوسی دن اوسیوقت مرا تہا جسوقت حضور پر نور صلے اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم نے خبر دی تہی یہہ رفاعہ عظماء یہود مین سے تہا اور منافقون کا تہانگی تہا۔

اسی سال مین قضیہ افک واقع ہوا

افک کہتے ہین جہوٹہہ اور تہمت لگانے کو حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

کو منافقین نے تہمت لگائی تھی اور بعض مخلصین بھی نادانی کے سبب سے اوس تہمت لگانے مین
شریک ہو گئے تھے اوسکا بیان یہہ ہے کہ غزوہ بنی المصطلق مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو ساتھہ لے گئے تھے اور آیت حجاب
نازل ہو چکی تھی تو کوچ اور مقام مین ایسا ہوا کرتا تھا کہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ
رضی اللہ تعالی عنہا ہودج مین مستور ہوتین اور لوگ اوس ہودج کو کوچ کے وقت اُٹھا کر
الگ ہو جاتے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم غزوہ مُریسیع سے فارغ
ہو کر مدینہ کو پھرے تو مدینہ کے قریب یہہ اتفاق ہوا کہ جب سحر کو کوچ کی ندا ہوئی تو حضرت
عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کوچ کی طیاری کی ندا سنکر لشکر سے علیحدہ قضائے حاجت
کے لئے تشریف لے گئین جب وہان سے پھرین تو گلوبند جسمین مہرہ یمانی پڑا تھا گلے مین
نہ پایا معلوم ہوا کہ کھُل کر گر پڑا اوسیدم اولٹے پاؤن پھرین اور وہین تشریف لے گئین
اور وہ ہار اپنا ڈھونڈکر لائین لشکر کا کوچ ہو گیا تھا صفوان ابن معطل ہارے ماندے
لوگون کی دیکھہ بھال کے واسطے پیچھے رہا کرتا تھا آپ اوسکے اونٹ پر چڑہکر لشکر مین
تشریف لائین منافقون نے عیب لگایا اور سردار منافقون کا عبد اللہ ابن ابی سلول
مردود تھا قصہ مختصر اس معاملہ کا بخاری مین حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالی عنہا سے
یون منقول ہے کہ حضرت کا معمول تھا کہ جب کسی لڑائی مین تشریف لیجاتے تو ازواج
کے واسطے قرعہ ڈالتے جسکا نام نکلتا اوسکو ساتھہ لے جاتے چنانچہ اس لڑائی مین
قرعہ میرے نام پر پڑا لہذا مین ساتھہ گئی جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
فتح کے بعد مراجعت کی اور مدینہ کے قریب پہونچے تو رات کو کوچ کی خبر ہوئی مین
قضائے حاجت کو لشکر کے باہر گئی اور فارغ ہو کر مکان پر آئی یہان معلوم ہوا کہ گلے
کا ہار گر پڑا ہے مین اوسی مقام پر تلاش کرنیکو گئی وہان تلاش مین دیر لگی جو لوگ میرے
کجاوے کو کسنے پر مقرر تھے وہ میرے کجاوے کو اوٹھا کر اونٹ پر کسکے لشکر کے ساتھ

روانہ ہوئے عورتین اوسوقت کی کم خوار اور نہایت دبلی ہوتی تہین اس سبب سے کجاوہ کسنے والون کو میرے ہونے نہونے کی کچہہ خبر نہوئی جب مجہکو ہار ملگیا تو مین مقام پر آئی دیکہا تو لشکر کا کوچ ہوگیا ہے ناچار مین وہین بیٹہہ گئی اس خیال سے کہ آخر جب میرا حال معلوم ہوگا تو ضرور کوئی آدمی میرے لینے کو آئیگا صفوان ابن معطل لشکر کے پیچہے رہا کرتا تہا کہ لشکر کی ہارے ماندے لوگونکی مدد کرتا رہے اوسنے مجہے سوتے ہوئے دیکہا تو پہچانا کیونکہ پردہ نشینی کے حکم سے پہلے مجہے دیکہا تہا اوسنے افسوس اور تعجب سے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون ۔ کہا اور یہہ کہا کہ یہ تو پیغمبر کی بی بی ہے اور اوسکی کوئی بات استرجاع کے سوا مین نے نہین سُنی اوسنے اپنا اونٹ بٹہایا مین اوسپر سوار ہوئی وہ اونٹ کی نکیل پکڑے ہوے روانہ ہوا مین ظہر کے وقت لشکر مین پہونچی تہمت کرنے والون نے مجہپر تہمت باندہی اور بانی مبانی اس تہمت کا عبداللہ ابن ابی سلول تہا مین مدینہ مین آکر بیمار ہوگئی اور ایک مہینے کامل بیمار رہے مجکو اس تہمت کی خبر نتہی ہان اتنا تردد تہا کہ جسطرح میری بیماری مین حضرت مہربانی فرماتے تہے اس مرتبہ ویسی مہربانی نتہی گہر مین آتے اور صرف اتنا پوچہتے کہ اس عورت کا کیا حال ہے اوسوقت تک گہرون مین پاخانے نہین تہے مین شہر کے باہر مسطح کی مان کے ہمراہ جاتی ضرور کو گئی اوسکا پانون چادر مین اولجہا وہ گر پڑی اوسنے اپنے بیٹے کو بددعا دی مینے کہا تو اوسکو کیون بد دعا دیتی ہے وہ تو بدری صحابی ہے تو اوسنے مجہکو اس تہمت کی خبر کی کہ مسطح بہی تہمت کرنے والون مین شریک ہے یہہ بات سنتے ہی میری بیماری دونی ہوگئی مین حضرت سے اجازت لیکر اپنے مان باپ کے گہر آگئی کہ اس خبر کو تحقیق کرون مینے اپنی مان سے کہا کہ اے مان یہہ کیا بات ہے جسکا لوگون مین چرچا ہے میری مان نے کہا کہ بیٹی گہبرا مت جو عورت اپنے خاوند کی پیاری ہوتی ہے اوسکو حاسد لوگ ایسی ہی تہمت لگا دیا کرتے ہین مینے کہا کہ سبحان اللہ میرے حق مین لوگ ایسی گفتگو کرتے ہین

اوس رات مین تمام شب نہین سوئی اور میرے آنسو جاری رہے پہر حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے علی مرتضیٰ ابن ابیطالب کو اور اسامہ ابن زید کو بلایا اور میرے چھوڑنیکے
باب مین مشورہ پوچہا اسلیئے کہ اس عرصہ مین جبرئیل کا آنا اور وحی کا اُترنا کم ہوگیا تہا
پس اسامہ نے تو میری پاکدامنی بیان کی اور کہا یا رسول اللہ وہ آپ کی بی بی ہین مجہکو
تو سوائے پاکی اور بہتری کے کچہہ خیال مین نہین آتا اور علی مرتضیٰ نے کہا خدا نے حضرت پر
کچہہ تنگی نہین کی ہے انکے سوا اور بہت عورتین ہین مگر بریرہ کنیز سے بہی آپ دریافت
فرمائین وہ سچ سچ بتلادے گی حضرت نے اوسے بُلایا اور فرمایا کہ اے بریرہ کبہی عایشہ
سے ایسی بات دیکہی ہے کہ تجہے اوسکے پاکدامنی مین شک پڑے اوسنے کہا یا رسول اللہ
اوس خدا کی قسم جسنے آپ کو سچا پیغمبر کیا ہے مین نے کبہی اوسکی پاکدامنی مین فرق نہین پایا
ہان اتنی بات البتہ ہے کہ عایشہ کمسن لڑکی ہے بکری خمیر کہا جاتی ہے اور وہ سویا کرتی
ہے یعنی کم عمری کے سبب سے گہر کا بندوبست نہین کرتی۔

تنبیہ

ظاہر کلام حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آپ حضرت علی مرتضیٰ
کے مشورہ سے ناراض ہوئین اور یہہ گمان ہوا کہ علی کو مجہہ سوء عقیدت ہے حالانکہ
حضرت سیدنا علی کو بجز حسن عقیدت وکمال صداقت کے اصلاً کسیطرح کا سوءظن نہتہا
بلکہ یہہ ثابت ہے کہ جناب ولایت مآب کرم اللہ وجہہ نے بمقتضاے دیانت وایمان
بابلغ وجہہ حضرت صدیقہ کی پاکدامنی پر گواہی دی ہے چنانچہ کریمہ ولولا اذ سمعتموہ
قلتم ما یکون لنا ان نتکلم بہذا سبحانک ہذا بہتان عظیم

ترجمہ اور کیون نہ جب سنا تہا اوسکو کہا ہوتا ہمکو لایق نہین کہ منہ پر لادین یہہ بات اللہ تو پاک ہے یہہ بڑا بہتان عظیم ہے اسبات کی خبر دیتی ہے اور علی مرتضی تو خود جانتے تہے کہ طیبات کی صحبت سوائی طیبین کے اورکسی سے ہو نہین سکتی لیکن جب مین نے دیکہا کہ حضرت رسالت مآب کو نہایت اضطراب ہے تو چاہا کہ بوجہ احسن تسکین خاطر فرمالین اور خلاصہ یہہ ہے کہ ولایت مآب نے کلام کرنے مین جانب رسول اللہ کو ترجیح دی اور اوسکے ضمن مین حضرت صدیقہ کی مہم کو سرانجام دیا اور کہا کہ یا رسول اللہ اس معاملہ کی جانب خدا سے یہہ بات آپ پر منکشف ہوجائیگی اور اگر میلان خاطر شریف اسطرف ہے کہ عایشہ سے مفارقت واقع ہو تو چندے صدیقہ آپ سے جدا ہوکر اپنے والدین کے گہر مین رہین جب اطمینان کلی ہوجائے تو دولتخانہ عالی مین قدم رنجہ فرمائین اور اگر یہہ ارادہ ہے کہ اسکی حقیقت زبان خلق سے تحقیق ہوجاے تو بریرہ کنیز سے دریافت فرمائیے وہ بخوبی حالات صدیقہ سے واقف ہوگی کہ وہ شب و روز اونکی خدمت مین رہتی ہے اس کلام سے حُسن اہتمام حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کا معلوم ہوتا ہے کیونکہ حضرت مرتضی علی علیہ السلام خوب جانتے تہے کہ بریرہ کے کلام سے حضرت کو تسکین ہوجائیگی اور ایسا ہی ہوا بہی مگر حضرت صدیقہ اوس زمانہ مین خوردسال تہین اس دقیقہ کو نہ پہونچین اور اسی سبب سے اونکو ملال ہوا **بالجملہ** حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بریرہ سے حال دریافت کرنے کے بعد مسجد شریف مین تشریف لے گئے اور منبر پر چڑہکر یہہ فرمایا کہ اے مسلمانون کے گروہ کون سا میرا ہمدرد تم مین ہے جو دریافت کرکے اوس مرد سے بدلا لے جسکے سبب سے میری زوجہ کو ایذا اور تکلیف پہونچی ہے خدا کی قسم نہین جانا مینے اپنی بی بی کو مگر نیک اور البتہ ذکر کیا ہے لوگون نے اوس مرد کو جسکو نہین جانا مین نے مگر نیک وہ تو میری بی بی کے پاس کبہی نہین جاتا تہا میرے

ساتہہ کے سوا پس سعد بن معاذ سردار قوم اوس نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین بدلا لینے کو تیار ہون اگر تہمت کرنے والا ہماری قوم مین
سے ہو تو مین اوسکی گردن ماردن اور اگر دوسری قوم سے یعنی خزرج سے ہے تو جیسا
ارشاد ہو ویسا کرین تب سعد بن عبادہ سردار قوم خزرج نے اپنی قوم کی پچ کی اور کہا
اے ابن معاذ تو زیادہ گوئی کرتا ہے ہماری قوم پر تیرا کیا اختیار ہے اپنی قوم کی تو
بہی حمایت کریگا پہر اوسید بن حضیر سعد بن معاذ کے چچازاد بہائی نے کہا اے سعد
بن عبادہ تو زیادہ گوئی کرتا ہے قسم ہے خدا کی ہم تہمت کرنے والے کو قتل کرینگے
کیا تو منافق ہے جو منافقونکی حمایت کرتا ہے الغرض قریب تہا کہ کشت وخون ہو جائے
حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سب کو روکا حضرت صدیقہ فرماتی ہین
کہ مین بیٹہی ہوئی روتی تہی کہ حضرت تشریف لائے اور میرے نزدیک بیٹہہ گئے اور
فرمانے لگے اے عایشہ تیرے حق مین ایسا ایسا سنا گیا ہے اگر تو بیگناہ ہے تو
قریب ہے خدا تیری پاکدامنی بیان کریگا اور اگر تو نے گناہ کیا ہے تو توبہ کر اسواسطے کہ
جب بندہ نے توبہ کی تو خدا گناہ معاف کرتا ہے جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم کلام تمام کر چکے تو میرے آنسو تہم گئے مین نے اپنے باپ سے کہا کہ تم حضرت
کی بات کا جواب دو وہ بولے کہ مین نہین جانتا کیا جواب دون پہر مینے اپنی مان سے
کہا کہ تم اسکا جواب دو اونہون نے بہی اسکا کچہہ جواب نہ دیا آخر کو مین نے حضور پر نور
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کی کہ مجھے معلوم ہے کہ اس بات کی خبر آپکو
ہوئی ہے اور آپ کے دل مین جمگئی ہے اگر مین یون کہون کہ مین عیب سے پاک ہون
تو آپ کو یقین کاہیکو ہوگا اور اگر ناکردہ گناہ کا اقرار کرتی ہون تو آپ اوسے سچ ہی سمجہینگے
اب میرے حال کے مطابق بات یوسف کے باپ کی ہے فصبرٌ جمیل واللہ
المستعان علی ما تصفون یعنی اب صبر ہی اچہا ہے اور اللہ کی مدد چاہیے

بہ سبب کثرت غم کے حضرت صدیقہ کی زبان مبارک پر حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام
نہ آیا اسلئے یوسف کے باپ نے فرمایا حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ فرماتی ہین کہ
مین اپنی حقیقت ایسی نہ جانتی تھی کہ میری حق مین قرآن نازل ہوگا بلکہ یہہ گمان تھا کہ
میرے معاملہ مین خواب کے طور پر حضرت کو اطلاع ہوجائیگی لیکن اللہ کی کریمی کے
قربان کہ آپ وہین تشریف رکھتے تھے کہ وحی نازل ہوئی آپ نے تبسم فرمایا اور کہا
اے عائشہ خدائے تعالی نے تیری پاکدامنی اور صفائی نازل فرمائی اور سورۂ نور کی آیتین
اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْا بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ آخر رکوع تک پڑھ سنائین مین
شکر الہی بجالائی میرے باپ نے کہا کہ اے عائشہ حضرت کی تعظیم کے واسطے کھڑی ہوجا
اسوقت مین غصہ مین تھی مینے کہا نہ اوٹھونگی اور نہ تعریف کرونگی مین تو اپنے خدا کی تعریف
اور شکر کرونگی جسنے میرے حق مین قرآن نازل کیا ہے جو قیامت تک پڑھا جائیگا۔
فائدہ اس حدیث سے کئی فائدے ظاہر ہوے اوّل یہہ کہ جو کوئی بیگناہون کو
بہتان اور تہمت لگاتا ہے وہ آخر کو رسوا اور فضیحت ہوتا ہے اور پاک لوگون کی پاکیزگی
زیادہ اوس سے کہ جو تھی ثابت ہوجاتی ہے۔ دوسرے یہہ کہ جسنے حضرت عائشہ صدیقہ رضی
کو بد کہا اوسنے ضرور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو رنج دیا اور منافقون مین
اوسکا شمار ہوا تیسرے یہہ کہ علم غیب سواے خدا کے کسیکو نہین اسلئے کہ ایک مہینے
تک حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو تردد رہا لیکن حقیقت حال خدا ہی کے
بتلانے سے معلوم ہوئی۔ چوتھے یہہ کہ جو شخص نعوذ باللہ اس برأت منصوصہ قطعیہ مین
شک کرے وہ باجماع اہل اسلام کافر ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے
ہین کہ کسی نبی کی بی بی نے زنا نہین کیا ہے۔ پانچوین یہہ کہ قرعہ ڈالنا اسکی اصل کتاب
وسنت سے ثابت ہوے۔ چھٹے یہہ کہ کوئی شخص اپنا دوست ہو یا عزیز کسی
اہل فضل کی برائی کرنے والے کے فعل کو برا سمجھے جسطرح مسطح کی والدہ نے اپنے۔

بیٹے کے فعل کو بُرا سمجھا باوجودیکہ وہ بدری صحابی تھا۔ ساتوین یہہ کہ تفضیل اہل بدر
اس حدیث سے بہی ثابت ہوتی ہے۔ آٹھوین یہہ کہ عورت کو اپنے والدین کے گھر
جانا بغیر اجازت شوہر کے جائز نہین۔ نوین یہہ کہ استشہاد اور استفسار عوتون
سے امُور عارضہ مین جائز ہے جسطرح حضور پرنور نے بریرہ سے پوچھا کہ وہ اس
حدیث مین مذکور ہے اور دوسری حدیث مین استفسار کرنا زینب بنت جحش اور اُم ایمن
اور اُسامہ سے مذکور ہے اور اُن سب نے بہی پاکدامنی حضرت عائیشہؓ کی بیان کی ہے۔
دسوین یہہ کہ بدکہنا متعصب باالباطل کا جائز ہے جسطرح سعد بن معاذ نے سعد بن
عبادہ سے فرمایا کہ کیا تو منافق ہے جو منافقون کی طرفداری کرتا ہے۔ گیارہوین یہہ
کہ حسن ادب غضب کے وقت یون لازم ہے کہ مہربانی معمولی کم کردے تاکہ وہ شخص جسکے
سبب سے ایذا پہونچی ہے معلوم کرلے کہ یہہ آدمی مجہہ سے ناخوش ہے جیسا حضور
پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت صدیقہ کے ساتہہ برتاو کیا۔ بارہوین
یہہ کہ جو امر جدید خلاف طبع ہو تو اوسمین عقلا سے دریافت کرنا ضرور ہے چنانچہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُسامہ بن زید اور علی مرتضیٰ اور عمر ابن خطاب اور
عثمان بن عفان سے دریافت کیا اور سب لوگون نے حضرت صدیقہ کی پاکدامنی
بیان کی **فائدہ** ایسے حالات کے واقع ہونے مین جو اولیا اور انبیا پر واقع
ہوئے ہین اللہ تعالے شانہ کی حکمتین مخفی ہوتی ہین اور جب وہ سمجہہ مین آجاتی ہین
تو اون بزرگونکی عزتین خلق اللہ کی نظر مین بہت بڑہ جاتی ہین یہہ مصائب اونکے
آئینہ کمال کے جوہر کو بہت مصفا اور مجلا کرکے دکہا دیتے ہین اور پہر دنیا اون کا کلمہ
پڑہنے لگتی ہے جتنے مصائب زیادہ ہوتے ہین اوتنے ہی مراتب زیادہ اونکو عطا ہوتے ہین

واقعات شہادت حضرت حسین

گلگون قبا علیہ السلام

اسکی پوری مثال ہے لہذا بعض شروح بخاری مین قصہ افک کی حکمتین شمار کی ہین

ازانجملہ یہہ معاملہ سبب نزول تعریف حضرت عایشہؓ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا قرآن مین ہوا ۲ دوسرے جو مصیبت مسلمانون پر ہوتی ہے وہ موجب ثواب اور رفع درجات ہوتی ہے۔ تیسرے یہہ کہ حال مومنین کا ایسے معاملات مین کھل جائے اور اوس مالک الملک اور عالم الغیب کے بیان سے واضح ہوجائے کہ مسلمانون کی شان ایسے معاملات مین مقتضی اس بات کی ہے کہ کہین سبحانک ھٰذا بھتانٌ عظیم یعنی پاک ہے تو یہہ بڑا بہتان ہے اور گمان نیک رکھین اور کہین یہہ بات ہماری زبان پر لانیکی نہین یہہ تو کھلا جھوٹ ہے۔ چوتھے یہہ کہ ہمیشہ بیگناہ کو ذریعہ تسلی ہو کہ جب جناب ام المومنین رضی اللہ تعالےٰ عنہا سی پاک دامن پر لوگون نے تہمت لگائی تو ہمسے گنہگارونکی کیا حقیقت ہے۔ پانچوین یہہ کہ ایسا مصیبت زدہ باقتدائے حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا صبر جمیل کرے اور اللہ سے مدد مانگے فائدہ اس تہمت مین

عبداللہ ابن ابی سلول بانی فساد تھا اور حسّان بن ثابت اور مسطح بن اثاثہ کہ حضرت صدیق اکبر کی خالاتی بہن کا بیٹا تھا اور رحمنہ اخت زینب بنت جحش اوسکی شریک مفسدہ تھی انھین لوگون کو حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اسّی اسّی دُرّے حد قذف کے مارے الغرض جب پاکدامنی حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مین قرآن نازل ہوا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے پڑہا تو حضرت صدیقہ کے سر کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ اب مسطح کی خبرگیری نہ کرونگا اللہ تعالی شانہ نے اوسکی سفارش فرمائی کہ سورۂ نور مین ارشاد ہوا مین ان آیات قرآنی کو ترتیب وار لکھے دیتا ہون ناظرین کتاب غور کی نگاہ اسپر ڈالین۔

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی پر قرآن پاک کی شہادت

اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا

لَكُمْ ۭ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○

ترجمہ جو لوگ لاے ہین یہہ طوفان تمہین مین سے ایک جماعت ہین تم اوسکو نہ سمجھو برا اپنے حق مین بلکہ یہہ بہتر ہے تمہارے حق مین ہر آدمی کو اون مین سے پہونچتا ہے جتنا کمایا گناہ اور جس نے اوٹھایا ہے یہہ بڑا بوجھہ اوسکو بڑی مار ہے ۱۲ دوسرا ٹکڑا اس رکوع کا لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ○ لَوْلَا جَاۗءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاۗءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَاۗءِ فَاُولٰۗىِٕكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ○ ترجمہ کیون نہ جب تم نے اوسکو سنا تہا خیال کیا ہوتا ایمان والے مردون نے اور عورتون نے اپنے لوگون پر اچہا خیال اور کہا ہوتا صریح طوفان ہے کیون نہ لائے وہ اوسپر چار گواہ جب نہ لاے وہ چار گواہ تو وہ لوگ اللہ کے ہان جہوٹے ہین ۱۲ تیسرا ٹکڑا اس رکوع کا جسمین پروردگار تعالی شانہ نے اپنی شفقت کا اظہار فرمایا ہے وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○

ترجمہ اور کبہی نہوتا اللہ کا فضل تمپر اور اوسکی مہر دنیا و آخرت مین البتہ تم پر پڑتی اس چرچا کرنے مین بڑی آفت ۱۲ چوتہا ٹکڑا اس رکوع کا جسمین ایسے ناشایستہ امور مین اپنی زبان اور دل کو روکنے کے بیان مین قرآن پاک تمام امور دینی و دنیوی کے ہمکو تعلیم دیتا ہے افسوس کہ ہم اس پاک و مقدس کتاب کو تدبر سے نہین پڑہتے تمام سعادتون کے خزانے اسی کتاب کریم مین موجود ہین مجہے اون حضرات پر بڑا افسوس آتا ہے کہ دنیا بہر کے وظائف پڑہتے ہین مگر قرآن سے بالکل بے خبر ہین بعض لوگ تو یہانتک کہ جو زبان بہاشا مین ایک ہندو راجہ کا قصہ بہی بڑے اعتقاد سے پڑہتے ہین اور اپنی آسمانی کتاب کو کبہی سال دو سال مین ایکبار بہی نہین دیکہتے لاحول ولا قوۃ الا باللہ ۔

اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ق وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ۝ ترجمہ جب لینے لگے تم اوسکو اپنی زبانون پر اور بولنے لگے اپنے منہ سے جس چیز کی تمکو خبر نہین اور تم سمجھتے ہو اوسکو ہلکی بات اور یہہ اللہ کے ہان بہت بڑی ہے ۱۲ پروردگار تعالی شانہ سمجھاتا ہے کہ جب تم اپنے دلون سے اسبات کو اپنی زبانون پر لائے جسکی تمکو ہرگز اطلاع نتھی اور تم اسکو بہت ہلکی بات سمجھے ہوئے تھے تم کو اسکی خبر نتھی کہ یہہ بات اللہ تعالے شانہ کے ہان بہت بڑی بات ہے۔

تنبیہ اے برادران اسلام اللہ تعالی شانہ تمہاری ہدایت فرمائے آمین

اس آیت شریف کے سیاق کو دیکھتے ہو کہ تمہارا رب کسی بیگناہ آدمی کے تہمت لگانیکی بات کی تعلیم کیسی مہربانیون کے الفاظ سے فرمارہا ہے بھائیو قرآن شریف پڑہو اور اوسکی طرز تعلیم پر غور کرو دیکھو اب اسکے آگے کی آیت کہ وہ کیا ارشاد فرماتا ہے جب تم اسمین غور کرو گے تو حضرت **ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہا** کی پاکیزگی اور مرتبہ کی خبر ہوگی اور وہ آیت شریفہ یہہ ہے وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ق سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ۝ ترجمہ اور جب تمنے اوسکو سنا تھا تو کہا ہوتا کہ ہمکو لایق نہین کہ ایسی باتین ہم اپنے منہ سے کہین اللہ تو پاک ہے یہہ بڑا بہتان ہے ۱۲ اے مسلمان بھائیو ذرا پروردگار تعالی شانہ کی اس فہمایش کو غور سے ملاحظہ کیجیئے دیکھیئے کیا حکم ہوتا ہے کسی بدکار آدمی کے لئے قرآن پاک یون صفائی فرمائیگا اب اسکے آگے کی بھی آیت کو ملاحظہ فرمایئے کہ پروردگار تعالے شانہ خود ارشاد

فرماتا ہے کہ مین تمکو سمجھاتا ہون کہ پہر ایسا کام نکرنا اور اس آیت سے مراد اس زمانہ کے مسلمان سمجھے جاتے ہین کہ جو حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا سے صاف نہین ہین دیکھو سورہ نور کی یہہ دوسری رکوع کی چھٹی آیت اور اوسکے سب لفظون پر نگاہ غور کرجانا خصوصاً لِمِثْلِہٖ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ

چھٹی آیت سورہ نور کی جو خاص مومنین کیواسطے ہے

ھ

بہت غور سے اس آیت شریفہ کی تلاوت کرو اور مومنین کے لفظ پر تعمق کی نظر ڈالو کہ مخاطب مومنین ہی ہین اور ساتوین آیت مین تشیع کا لفظ بہی قابل غور ہے ۱۲ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ ترجمہ اللہ تعالے شانہ تمہیں وعظ کرتا ہے کہ پہر نکرو ایسا کام کبہی قیامت تک اگر تم مومنین ہو یعنی اگر تم کو دعوے مومنین ہونے کا ہے **ساتوین آیت** وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ترجمہ اور کہولتا ہے اللہ تمہارے واسطے پتے اور اللہ حکمت والا ہے سب جانتا ہے ۱۲ **آٹھوین آیت** سورہ نور کی فقیر گنہگار محمد اکبر کا وارد قلبی ہے چونکہ محبوبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہمہ تن نور خدا تہین لہذا ذکر بہی آپ کا سورہ نور مین پروردگار تعالے شانہ نے فرمایا اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

ترجمہ جو لوگ چاہتے ہین کہ چرچا ہو بدکاری کا ایمان والون مین اونکو عذاب سخت ہے درد ناک دنیا اور آخرت مین اور اللہ جانتا ہے مگر تم نہین جانتے ۱۲ **نوین آیت** جسپر دوسرا رکوع تمام ہے وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۝

ترجمہ اور کبھی نہوتا اللہ کا فضل تمپر اور اوسکی مہربانی مگر اللہ نرمی کرنے والا ہے اور مہربان **واضح ہو** کہ یہہ سورہ نور کا دوسرا پورا رکوع حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالے عنہا کی شان پاک مین وارد ہے اور بہت صاف لفظون مین حضرت ام المومنین کی پاکیزگی پروردگار تعالے شانہ نے بیان فرما دی اب سمجھنا ہو جسے وہ سمجھ لے اللہ تعالے شانہ تو فرما چکا بندہ چاہے مالک کا حکم مانے چاہے نمانے۔

روایت ہے

کہ جب پاکدامنی حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہا کی قرآن مین نازل ہوئی اورحضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے وہ آیت تلاوت فرمائی تو حضرت صدیقہ کے سر مبارک کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ اب مین مسطح کی خبرگیری نکرونگا اللہ تعالے شانہ نے اوسکی سفارش فرمائی سورہ نور مین ارشاد ہوا۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ کی فضیلت

قال اللہ تعالے شانہ فی القران العظیم وَلَا يَأْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ترجمہ اور قسم نہ کھاوین بڑائی والے تم مین اور کشایش والے اس سے کہ دیوین ناتے والون کو اور محتاجون کو اور وطن چھوڑنے والون کو اللہ کی راہ مین

چاہیئے کہ درگذر کرین اور معاف کرین کیا تم نہین چاہتے ہو کہ اللہ تمکو معاف کرے اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ۱۲ جب یہہ آیت نازل ہوئی تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے قسم کھائی کہ اب مسطح کے تفقد احوال مین تصور نکرونگا اس مقام سے کیسی بڑی فضیلت حضرت سیدنا صدیق اکبر کی ثابت ہوئی کہ اللہ تعالےٰ شانہ نے اونکو بڑائی والا فرمایا پھر جو کوئی اونکی بزرگی کا اقرار نکرے وہ اللہ ہی سے جھگڑے کہ اس فضیلت کے سزاوار تو ہم تھے صدیق اکبر کو کیون یہہ فضیلت ملی ۔

بیان تیمم کا

اسی سال مین موضع صلصل مین غزوہ مصطلق سے معاودت کے وقت پانی نہ ملا تو حکم تیمم نازل ہوا اور اسکی مفصل کیفیت یہہ ہے کہ اس سفر مین پہلے حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گلے کا ہار گم ہو گیا اوسکی تلاش مین توقف ہوا اتفاقاً وہان پانی نتھا اور نماز کا وقت آگیا اصحاب ملول ہوے اور حضرت صدیق اکبر سے کہا وہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوئے آپ اوسوقت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے قریب استراحت فرمارہے تھے حضرت ابو بکر نے حضرت صدیقہ کو طعنہ دیا اور ناراض ہو کر غصہ ہوے اور نیزہ کا ڈنڈا کمر کے پاس مارا مگر آپ نے حضور پر نور کی بیداری کے خیال سے جنبش نفرمائی پھر حضور خود بیدار ہوے اور یہہ حال سنکر جناب الٰہی مین متوجہ ہوئے فی الفور حضرت جبرئیل علیہ السلام یہہ آیت لیکر آئی فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۤءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا لہذا حضرت نے اصحاب کو اجازت تیمم کی دی پوری آیت پارہ والمحصنٰت سورۃ النساء کی یہہ ہے وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَاۤءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۤئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۤءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۤءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝ ترجمہ اور اگر تم مریض ہو یا سفر مین یا آیا ہے کوئی شخص

تم مین جاے ضرور سے یا لگی ہو عورتون سے پہر نپایا پانی تو ارادہ کرو زمین پاک کا پہر ملو
اپنے مُنہ کو اور ہاتھون کو اللہ ہے معاف کرنے والا اور بخشنے والا **شرح وقایہ** مین ہے
کہ جو چیز زمین کی جنس سے طاہر ہوا وسپر تیمم درست ہے جیسے مٹی ریت پتھر سرمہ ہرتال اور
جو چاندی اور سونا کہان مین کہلا ہوا ہوا وسپر درست نہین اور جو کہلا نہو مٹی مین ملا ہوا وسپر
تیمم درست ہے **الغرض** اس واقعہ کے بعد اُسید ابن حضیر نے کہا یہہ فائدہ جلیلہ محض
برکات صدق و پاکدامنی حضرت صدیقہ سے امت کو حاصل ہوا ہے آخر نماز تیمم سے ادا کی گئی
اور لشکر کا کوچ ہوا گلے کا ہار حضرت صدیقہ کے محل کے نیچے مل گیا واضح ہو کہ یہہ واقعہ
دوسرا ہے اسکو واقعہ اولی سے کچہہ علاقہ نہین اسکی تفصیل مولنا اصیل الدین محدث نے
معالم الاسلام فی سیرت النبی علیہ السلام مین بخوبی فرمائی ہے جو مشتاق ہون وہ اس کتاب کو
ملاحظہ فرمایئن اللہ تعالے شانہ نے فرمایا اگر پانی کا عذر ہوا در طہارت ضرور ہو تو زمین پر تیمم
کرو جو پاک ہو پہر ملو اپنے مُنہ اور ہاتھون کو پانی کا عذر تین صورتون سے ہے اور طہارت کا
ضرور ہونا دو صورتون سے ایک عذر کی صورت تو یہ ہے کہ ایسا مریض ہو جسے پانی ضرر کرتا ہو
دوسرے یہہ کہ سفر درپیش ہے پانی پینے کو رکہا ہے کہ پہر دور تک نہ ملیگا۔ تیسرے یہہ کہ
پانی موجود ہی نہین اس تیسرے کے ساتہہ دو صورتین طہارت کی ضرورت کی فرمایئن ایک یہ
آدمی جاے ضرور سے آیا وضو کی حاجت ہے دوسرے یہ کہ عورت سے ملا غُسل کی ضرورت ہے
اور تیمم کی شرطین بہی معلوم ہوئین یعنی جب تم پانی پر قادر نہو خواہ اوسکے استعمال پر یا اوسکے
نہونے سے یا اوسکی دوری سے یا رسی اور ڈول کے موجود نہونے سے یا کسی درندے
یا زہریلے جانور کے خوف سے چاہ تک نہین جا سکتے تو یہہ عذرات تیمم کے واسطے کافی ہین
اور تیمم مین نیت کرنا فرض ہے اسلئے کہ تیمم قصد کو کہتے ہین اور یہہ حکم ایسا ہے کہ جسپر سب کا
اتفاق ہے اور صعید کہتے ہین روے زمین کو خواہ مٹی ہو یا مٹی کی جنس سے کوئی چیز ہو
حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ مٹی و ریگ اور پتہر پر اگرچہ اوسپر غبار بہی نہو تیمم کو جائز کہتے ہین

مگر شرط ہے کہ کامل طاہر ہو اسی سے ایک مسئلہ متفرع ہوتا ہے کہ جو زمین نجس ہوا ور وہ خشک ہوجائے نماز اوسپر پڑہے مگر تیمم اوسپر درست نہین ہے اور تفرع کرنا تیمم کو پانی کے نہونے پر دلیل ہے کہ پانی کی طہارت اصل ہے اور تیمم عوض ہے یہہ بالاجماع ہے پر احناف کے نزدیک عوض مطلق ہے یعنی جسطرح پانی حدث کو زایل کرتا ہے ویسا ہی تیمم بہی لہذا جائز ہے کہ ایک تیمم سے کئی نمازین ادا کرسکتا ہے جب تک تیمم ساقط نہو اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک عوض ضرورہے یعنی نماز ہوجاتی ہے پر حدث حقیقت مین رہجاتا ہے لہذا ہر فرض کے لئے تیمم واجب ہے اور اس آیت سے معلوم ہوا کہ تیمم حدث اصغر اور حدث اکبر دونون سے ہوتا ہے اور فقط منہ اور دونون ہاتہونکا ملنا چاہیئے اور یہہ بہی معلوم ہوا کہ قبل تیمم پانی کی تلاش ضرورہے اور پوچہا گیا کہ اگر تہوڑا سا پانی غیر کافی وضو کو ملا تو استعمال کرنا واجب ہے کیونکہ یہہ شخص واجد الماء ہے یعنی پانی اسکو ملگیا ہے اور بدلیل اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصلوٰۃ کے قبل وقت کے تیمم نچاہیئے۔

پہر اسی سال کے شوال مین غزوہ خندق جسکو غزوہ احزاب بھی کہتے ہین واقع ہوا

اس غزوہ کو موسیٰ ابن عقبہ نے سال چہارم کے ماہ شوال مین لکہا ہے اور ابن اسحٰق مطلبی نے سال پنجم مین لکہا ہے اور اکثر اہل سیر کو اسی پر اتفاق ہے لیکن بخاری اور ولی الدین عراقی کا میلان قول اول پر ہے کذافی المواہب اور معاملہ اس قضیہ کا یون ہوا کہ حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جب یہود بنی نضیر کو نکال دیا تو وہ لوگ متفرق ہوئے چنانچہ حیی ابن اخطب اور سلام ابن الحقیق اور کنانہ ابن ابی الحقیق اور ہوذہ ابن قیس وابو عمارہ باہلی خیبر مین گئے اور چند روز کے توقف کے بعد بیس آدمی ہمراہ لیکر مکہ مین آئے ابوسفیان نے اون لوگون سے پوچہا کہ تمہارا کیا ارادہ ہے وہ بولے کہ ہم سب

عداوت محمدؐ پر عہد و پیمان کرتے ہین ابوسفیان نے اون سب کی بہت خاطر و مدارات کی
اور پچاس آدمیون سے بیت اللہ مین جاکر اون سے ہم قسم ہوا اور یہہ بات قرار پائی کہ ہم لوگونمین
سے اگر ایک آدمی بہی زندہ رہے تو لڑائی سے مُنہ نہ موڑے جب قریش سے اُن کو اطمینان ہوا
تو قبیلۂ غطفان مین گئے اور اونکو طمع دی کہ ایک سال کے خُرمے خیبر کے تمکو پہونچا دینگے
اگر تم شریک ہوئے عتبہ ابن حصین فزاری رئیس غطفان نے قبول کیا اور اپنے ہم عہدون کو
خطوط لکھے چنانچہ بنی اسد و فزارہ و مرہ و اشجع سب شریک ہوگئے اور سرداری قریش کی
ابوسفیان پر قرار پائی اور افسری غطفان کی عتبہ ابن حصین پر مسلم ہوئی اور مہتری بنی فزارہ
حذیفہ بن بدر پر اور ریاست بنی مرہ حارث بن عوف بن ابی حارثہ مزنی پر اور امارت بنی
اشجع شعر بن رحیلہ بن نویرہ بن ظریف پر معالم التنزیل مین ہے کہ جب یہود سے قریش
کے لوگ ملے تو پوچہا کہ اے یہود تم لوگ اہل کتاب ہو ہم تم سے یہہ پوچھتے ہین کہ دین محمدؐ
اچھا ہے کہ دین قریش وہ بولے کہ تمہارا دین حق ہے اور تم حق پر ہو انہین ملاعنہ کے
حق مین یہہ آیت نازل ہوئی الم تر الی الذین اوتو نصیباً من الکتاب
یوءمنون بالجبت والطاغوت ویقولون للذین کفروا ھٰوءلاء اھدیٰ
من الذین آمنوا سبیلاً ترجمہ یعنے تو نے ندیکھا جن کو ملا ہے کچھ حصہ کتاب کا
مانتے ہین بتون کو اور شیطان کو اور کہتے ہین کافرون کو یہہ زیادہ پائے ہوئے ہین مسلمانون سے
راہ۔ القصہ بعد قول و قرار ابوسفیان چار ہزار آدمی لیکر نکلا اور علم عثمان بن طلحہ بن ابی طلحہ کو
دیکر ہزار اونٹ اور تین سو گہوڑے ساتھ لئے اور چلا جب مرّ الظہران مین آیا تو قبائل اسلم و
اشجع و بنو مرہ و بنو کنانہ و بنو فزارہ و غطفان بہی مل گئے اب یہہ سب دس ہزار کفار ہوگئے
آخر یہہ خبر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سنکر مہاجرین و انصار سے مشورہ فرمایا
حضرت سلمان فارسی نے التماس کیا کہ یا نبی اللہ ہمارے بلاد مین ایسے موقع پر خندق کھودتے
ہین چنانچہ تجویز سلمان حضرت کو پسند آئی۔

ذکر سلمان فارسی

فائدہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ اکابر یہود اولاد یوسف ابن یعقوب علیہ السّلام سے تھے انکی کنیت ابو عبداللہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہود سے مول لیکر آزاد کیا اور شرفائے اصحاب مین آپکا شمار ہے آپکے اجداد مجوسیان فارس سے تھے قوم رام ہرمز سے یہہ قوم ابلق گھوڑ ونکی پوجا کرتی تھی اور ایک قول یہہ ہے کہ اصفہانی ہین حضرت سلمان دین کی طلب مین گھر سے نکلے اوائل سفر مین نہایت پریشان ہوئے اور نصرانی ہوئے توریت پڑھی پھر عرب نے انکو پکڑ لیا اور کسی یہودی کے ہاتھ بیچ ڈالا بعد اسکے پھر بار دگر کسی دوسرے نے انکو خریدا پھر کسی اور نے مول لیا اسیطرح دس جگہ بکے الغرض راہب عموریہ کے اشارہ سے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین بمقام مدینہ طیبہ حاضر ہوکر اسلام لائے اصل سخن یہہ ہے کہ علماء یہود و نصاریٰ سے خبر بعثت حضور عالی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور ذکر ہجرت سنکر مدینہ مین آئے حضور والا وہین جلوہ افروز تھے اور یہ اوسوقت ایک یہود کے غلام تھے جب حضور مین حاضر ہوئے تو کچہ چیز خدمت مبارک مین پیش کی اور عرض کی یہہ صدقہ ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ صدقہ مجہپر حرام ہے اور اوسکے قبول کرنے سے انکار کیا پھر دوسرے روز آئے اور کچہ چیز پیش کش حضور عالی کی اور کہا کہ یہہ ہدیہ ہے آپ نے اوسے قبول فرمایا پھر ایک روز پشت مبارک پر مہر نبوت کی زیارت کی اور فوراً مشرف باسلام ہوئے کیونکہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے سُنا تھا کہ یہہ مہر نبی آخر الزمان کی پشت پر ہوگی آپ نے سلمان رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اپنی آزادی کی فکر کرو اونہون نے اپنے مالک سے بذریعہ کتاب کہا اوسنے چالیس اوقیہ سونا جو ایک سو پانچ تولہ ہوتا ہے اور ہندوستان کے وزن مروجہ سے ڈیڑہ سیر ہوتا ہے بدل کتاب قرار دیا اور یہہ شرط کی کہ تین سو درخت خرما کے لگا دین جب وہ تیار رہون تو یہہ آزاد ہون حضور پرنور صلعم نے اپنے

دست مبارک سے درخت لگائے اور وہ اوسی سال بار آور ہوئے ایک درخت حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لگایا تھا وہی بار آور نہوا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسے اوکھاڑ کر پھر لگایا وہ بحکم خدا بار آور ہوا اور ایک بیضہ کے برابر سونا غنیمت مین آیا تھا وہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیا سلمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کی کہ یہ چالیس اوقیہ نہین ہے حضور پرنور نے دعائے برکت کی تو وزن مین پورا ہوا اور یہودی کو دیکر آزاد ہوگئے اور حضور کی خدمت مین حاضر رہے سلمان فارسی کی عمر شریف ایک روایت مین تین سو برس کی بیان کی گئی ہے اور دوسری روایت مین ڈہائی سو برس کی بھی کہی گئی ہے اور بعض کہتے ہین کہ آپنے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو دیکھا ہے مگر وہ دوسری روایت صحیح ہے آخر عمر مین اللہ تعالیٰ شانہ نے دولت ایمان واسلام سے مشرف فرمایا اپنے ہاتھہ کے کسب سے قوت کرتے تھے اور جوکچہ اوس کسب کے ذریعہ سے حاصل ہوتا تھا اور اپنی خوراک سے جتنا بچ رہتا تہا وہ سب صدقہ کردیتے تھے آپکے فضائل ومناقب بہت ہین نقشبندیہ طریقہ کے آپ پیشوا ہین ۳۵ھ ہجری مین بمقام مداین وفات پائی۔

الغرض حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عبداللہ ابن اُمّ مکتوم کو مدینہ کا خلیفہ کیا اور مہاجرین کا نشان زید ابن حارثہ کو اور انصار کا نشان سعد بن عبادہ کو عنایت فرماکر بیرونِ مدینہ نہضت فرما ہوئے اور عبداللہ ابن عمر اور زید ابن ثابت اور ابوسعید خدری اور براء ابن عارب کو کہ سب نوجوان پندرہ پندرہ برس کے تھے ساتھہ رکھا اور کم عمروں کو واپس کردیا یہ سب لشکر تین ہزار مردان خدا کا تہا اور چھبیس ۲۶ گھوڑے تھے بعد اسکے بنی قریظہ سے کہ ہم عہد تھے پہاوڑے۔ کدال۔ ٹوکرے عاریت لیکر خندق کھودنے مین مشغول ہوئے اور بعضے جانب شام اور بعضے جانب شرق مدینہ اور دو طرفین جو بسبب استحکام عمارت کھودنیکے قابل نہین اونکو چھوڑ دیا اور اٹھارہ اٹھارہ ۱۸ نفر مین دس دس گز خندق کا کھودنا قرار پایا اور لشکر پہاڑ کے نیچے اوترا یعنی کوہ سلع پس پشت رہا اور خندق پیش رو یعنی

سامنے اور جسوقت حضور پرنور نے حفر خندق کی تقسیم فرمائی تو مہاجرین و انصار مین یہ جھگڑا ہوا کہ سلمان فارسی ہماری طرف ہون اور وہ کہتے تھے کہ ہماری طرف ہون جب حضور پرنور نے سنا تو فرمایا سَلْمَانُ مِنَّا اَھْلَ الْبَیْتِ چنانچہ سلمان فارسی ہر روز طول وعرض مین پانچ گز خندق کہودتے تہے ایک روز قیس ابن صعصعہ کی نظر لگی تو سلمان بیہوش ہوکے گر پڑے حضور پرنور نے فرمایا قیس وضو کرے اور وہ پانی وضو کا ایک ظرف مین جمع کرو اوسی پانی سے سلمان کو نہلاو اور ظرف آب اوندہا سلمان کی پشت پر ڈالدو چنانچہ اصحاب نے ایسا ہی کیا اللہ کے حکم سے سلمان کو صحت ہوگئی۔

حدیث صحیح مین وارد ہے

کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم صبح کے وقت حالت سردی وگرسنگی مین برابر خندق کہودتے تے چنانچہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکا حال معائنہ فرمایا تو ارشاد کیا اللھم العیش عیش الآخرۃ فاغفر الانصار والمھاجرہ اصحاب نے جواب دیا نحن الذین بایعوا علی الجھاد مابقینا ابدًا رواہ البخاری عن انس۔

روایت ہے

عمر ابن عوف سے کہ ہم اور سلمان وحذیفہ ونعمان اور چہ آدمی اور چالیس گز خندق کہودنے مین شریک تھے کہ اوسمین سے ایک پتہر ایسا سخت نکلا کہ پہاوڑے اور کدال ٹوٹنے لگے تو ہمنے سلمان سے کہا کہ تم حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کرو سلمان کے اطلاع کرنے پر حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم رونق افروز ہوئے اور کدال ہاتہہ مین لیکر اوس پتہر کو توڑا تو اوس سے ایسی روشنی ظاہر ہوئی کہ مدینہ مین پہیل گئی گویا اندہیرے مین

چراغ روشن ہوگیا حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تکبیر فرمائی اور مسلمانون نے موافقت کی پھر دوسرے ضربہ مین بھی ایسا ہی ہوا پھر آپ نے تیسری ضرب اوسپر لگائی اوسمین بھی ایسا ہی ہوا بعد اسکے آپ نے سلمان کا ہاتھ پکڑا اور تشریف لیچلے سلمان نے کہا کہ بابی انت وامی مین نے عجیب معاملہ دیکھا کہ کبھی نہ دیکھا تھا حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اور صحابہ سے پوچھا کہ تمنے بھی دیکھا اون لوگون نے عرض کی حضور ہمنے بھی دیکھا ہے آپ نے فرمایا اول چمک مین قصور حیرہ و مداین وکسری نظر پڑے جبریل نے کہا کہ یہہ آپ کی اُمت کو ملینگے۔ دوسری بار قصور ارض روم نظر پڑے جبریل نے کہا کہ یہہ بھی آپ کی اُمت کو ملینگے۔ تیسری بار قصور یمن مشاہدہ ہوئے جبریل نے کہا یہہ بھی آپکی اُمت کے واسطے ہین پس آپ خوش ہون مسلمانون نے کہا الحمد للہ موعد صدق ووعدنا النصر بعد الحصر یہہ سنکر منافقون نے کہا کیا خوب یثرب سے قصور حیرہ نظر آئے اور تم خندق کھود رہے ہو دیکھین کسطرح فتح کروگے یہہ تو محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دم بازیان ہین غرض یہہ ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کہتے ہین کہ دین اسلام مشرق سے مغرب تک پھیلیگا دیکھین کیسے پھیلتا ہے رفع ضرورت کے واسطے تو نکل سکتے ہی نہین اور دین اسلام تو پھیل ہی جائیگا انہین کے حق مین پروردگار تعالی شانہ سورہ احزاب مین ارشاد فرماتا ہے وَاذ یقول المنافقون والذین فی قلوبھم مرض ما وعدنا اللہ ورسولہ الا غرورًا یعنے جب کہنے لگے منافق جنکے دلون مین روگ ہے جو وعدہ دیا تھا تمکو اللہ اور رسول نے سب فریب تھا۔

فائدہ

ظہور اس پیشین گوئی کا بخوبی ہوا یعنی ملک یمن تو آپ کی حیات مبارک ہی مین آپ کے قبضہ مین آگیا تھا مگر بسبب ارتداد مرتدین ودعوی نبوت اسود عنسی کذاب اوسمین کچھہ

خلل ہو گیا تھا کہ حضرت صدیق اکبر کی خلافت مین وہ خلل دفع ہوا اور ملک شام و فارس
مین فساد تو عہد خلیفہ اول ہی مین شروع ہو گیا تھا اور کچھ حصہ قبضۂ اسلام مین آبھی گیا تھا
اور علامۂ بغوی کے قول پر کریمہ قل اللھم الخ اس قصہ مین سورۂ آل عمران مین نازل ہوئی
ہے تو یہہ کہہ یا اللہ تو مالکِ مُلک ہے تو جسکو چاہے دے اور جس سے چاہے چھین لے
اور تو جسکو چاہے ذلیل کرے تیرے اختیار مین سب خوبیان ہین بے شک تو ہر چیز پر
قادر ہے تو نکالتا ہے دن کو رات مین سے اور تو نکالتا ہے جیتا مردے مین سے
اور تو نکالتا ہے مردہ جیتے مین سے اور تو رزق دے جسکو چاہے بے شمار۔

فائدہ

مسلمانون کو اسمین تنبیہ کی گئی ہے کہ ناامیدی کے وقت مسلمان بے ایمانی کی باتین نکرنے
لگین کہ بد اور ناز یبا بات ہے یہود بھی جانتے تھے کہ جو بزرگی اسوقت ہم مین ہے وہ ہمیشہ
قائم رہیگی اور منافق نامعقول مسلمانون کے ظاہر حال پر نظر کرکے یہہ کہتے تھے کہ پیغمبر
آخر الزمان کی امت مین ایسا زور کہان سے آئیگا جو روم اور شام کو فتح کرینگے اور انکا دین
مشرق سے مغرب تک کیونکر پھیلیگا یہہ لوگ تو بالکل بے سروسامان ہین روم و شام کے
بادشاہ تو شہنشاہ ہین ان بے سروسامان مسلمانون کو اوپر فتح تو عقل کے قاعدے سے
محض ناممکن ہے اللہ تعالے شانہ نے اپنے رسول کی زبان سے وعدہ اس ناممکن فتح کا
کردیا کہ تمام ملک ہمارا تمام عزتین ہماری جسکو جو چیز چاہین ہم عطا کرین ہماری بخشش کو عقلی
سبب نہین روک سکتا آخر کو اوس قادر قوی و توانا نے جو وعدۂ فتوحات اپنے حبیب کی
زبان سے کیا تھا وہ تمام دنیا کو پورا کرکے دکھا دیا اور آجتک وہ علامتین باقی ہین اور
دیکھنے والے انکی علامات و نشانات کو نظر غور سے دیکھہ رہے ہین اور اوسّے فائدہ اوٹھا
رہے ہین اور انشاء اللہ تعالے قیامت تک اوٹھاتے رہینگے حاسدین اسلام کی آنکھین

رہد آگین ہین تمام جہان نے جسکو اپنی آنکھون سے دیکھہ لیا اور دیکھہ رہا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ قیامت تک دیکھتا رہیگا وہ انہین نہین سُوجھتا ۱۲ ؎

ہنوز آن ابر رحمت دُرفشان است   خُم و خُمخانہ با مُہر و نشان است

آفتاب عالم تاب

اپنی روشنی سے تمام دنیا کو فائدہ پہونچا رہا ہے اُلّوؔ کو اوسکی روشنی مین کچہہ نظر نہین آتا تو آفتاب کا اسمین کیا قصور ہے وہی حال چمگادڑ ونکا ہے۔ ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم   چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

الغرض پروردگار عالم تمام مخلوقات کا خالق اور مالک ہے وہ جسکو چاہے عزّت دے اور جس سے چاہے عزت چھین لے کوئی اوسکے کام مین چون وچرا کرنیکی جرأت نہین کرسکتا وہ جاہلون مین سے کاملون کو پیدا کرتا ہے اور کاملون مین سے جاہل پیدا کرنیکا اوسے اختیار ہے اور جسکو چاہے رزق بے حساب عطا فرمائے۔

روایت ہے

کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کوشک مدائن کی صفت بیان فرمائی تو سلمان رضی اللہ تعالے عنہ نے عرض کی کہ واللہ یہی صفت ہے صَدَّقْتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ پہر فرمایا کہ یہان تک میری اُمت کا عمل ہوگا اور خزانہ کسریٰ اور قیصر راہِ خدا مین صرف کرینگے سلمان فرماتے ہین کہ واللہ مینے سب باتون کو اپنی آنکھون سے دیکھا جو باتین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمائی تہین بے کم وکاست اونکا ظہور ہوا القصہ

مسلمانون نے چہ روز مین خندق کہود نے سے فراغت حاصل کی اور اہل وعیال حصار مین
آ گئے اُسوقت کفار نگونسار قریش مع اپنے توابع کے کوہ اُحد کیطرف آکر اوترے اور لشکر
ظفر پیکر اسلام جانب سلع اور دونون کے بیچ مین خندق حائل تہی۔ بعد اسکے ابوسفیان نے
حیی ابن اخطب سردار بنی نضیر کو کعب ابن اسد افسر یہود بنی قُریظہ کے پاس بہیجا اور بنی قریظہ
اور حضور پر نور سے عہد ہو گیا تہا کہ جب تک تم نقض عہد نکرو گے ہم تمسے کچہ تعرض نکرینگے
اس نقض عہد کرانیکے ارادے پر حیی ابن اخطب کعب کے پاس گیا دروازہ قلعہ کا بند پایا
اوس دشمن خدا نے پکارا دربان نے کعب کو اطلاع کی اوسنے کہا کہ یہہ شوم بو الفضول رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عہد توڑنیکی کوشش مین آیا ہوگا کچہ جواب دینا ضرور
نہین ہے جب جواب نہ ملا تو اوسنے دروازہ کہٹ کہٹایا اور کہا کہ اے کعب مین حیی ابن
اخطب ہون دروازہ کہولوا دے کعب نے جواب دیا کہ تو نے بنی نضیر کو ہلاک کیا اب
چاہتا ہے کہ اپنی شامت اعمال ہمپر بہی ڈالے ہم تو محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے
ہرگز ہرگز نقض عہد نکرینگے حیی ابن اخطب نے کہا کہ مین عزت دائمی لایا ہون کہ سب اشراف
قریش وکنانہ وغطفان حاضر ہوے ہین اور سب عہد وپیمان کر چکے ہین کہ جب تک استیصال
محمدؐ واصحاب محمدؐ نکرین ہرگز نہ پہرین کعب نے کہا کہ عزت نہین لایا ہے بلکہ ذلت لایا ہے
پلٹ جا مجہکو کچہ حاجت تجہسے نہین ہے اور تیرے قول پر ہرگز عمل نکرونگا جب ابن اخطب
نے یہہ جواب سنا تو فریب سے کہنے لگا کہ تو نے ضیافت کے خوف سے دروازہ بند کر لیا
ہے اے کعب تو نے بخل کب سے اختیار کر لیا ہے یہہ بات کعب کو بُری معلوم ہوئی ناچار
دروازہ کہول دیا ابن اخطب نے اوسنے ملکر ایسا باغ سبز اوسے دکہلایا کہ کعب ابن اسد
فریب مین آ گیا اور کہا کہ اگر محمدؐ نہ مارے گئے اور قریش اپنے اپنے گہر چلے گئے تو ہم گرفتار
ہو جائینگے اوسنے کہا اگر ایسا ہوا تو مین تیرا شریک رہونگا کعب نے عہد نامۂ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم منگوایا اور چاک کر ڈالا ابن اخطب اوسکی خاطر جمعی کر کے

لشکر مین داخل ہوا اور قصہ نقض عہد اسرہنی قریظہ سے بیان کیا اور کعب نے رئیسان بنی قریظہ
کو مطلع کیا زبیر ابن باطا اور نباش ابن قیس اور عقبہ ابن زید وغیرہ رئیسون نے بہت ملامت
کی بعد اسکے یہہ خبر حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پہونچی تو حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے زبیر کو اس خبر کی تصدیق کے لئے روانہ فرمایا حضرت زبیر نے آکر عرض کیا
کہ بے شک بنی قریظہ اپنے قلعے صاف کر رہے ہین اور مویشی جمع کرتے جاتے ہین یہہ
حالات سُنکر حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سعد ابن معاذ کو جو سردار قبیلہ
اوس کے تھے اور سعد ابن عبادہ سردار خزرج کو روانہ فرمایا کہ تم جا کر سمجھاو اور اونکے
ساتھ عبد اللہ ابن رواحا اور خوات ابن جبیر کو بھی کر دیا اور بعض روایات مین اسید
ابن حضیر کا بھی ان حضرات کے ساتھ جانا پایا جاتا ہے غرض ان لوگون نے کعب ابن
اسد سے ملاقات کرکے جو مراتب فہمایش کے تھے ادا کئے مگر اوسپر کچھ بھی اثر نہوا ناچار
سب واپس آئے اور حضور پر نور مین عرض کیا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے فرمایا حسبنا اللہ ونعم الوکیل اور تکبیر کہی اور سب مسلمانون نے آپ کی متابعت
کی پس خبر نقض عہد بنی قریظہ مشہور ہوئی اور غازیان اسلام سوچ مین تھے کہ یکایک لشکر
کفار نگونسار نمودار ہوا یعنی بنی اسد وغطفان وفزارہ ویہود مدینے کے شرقی طرف
سے کہ اونچی ہے اور قریش وکنانہ طرف غربی سے کہ نیچی ہے آئے اونکی کثرت وشوکت سے
بعضون کے تیور بُرے نظر آتے تھے اور دل دھڑکنے لگے مسلمانون نے سمجھا کہ ابکی مرتبہ
خیر نہین ہے اور منافق کہنے لگے کہ محمد تو کہتے تھے کہ قیصر وکسریٰ کے خزانون پر ہم اپنا
تصرف جاری کرینگے اب تو انکو یہان قضاے حاجت کے لئے بھی نکلنا دشوار ہے اسی
عرصہ مین اوس بن قنطی کہ ایک شخص قوم بنی حارثہ کا تھا مع اپنے توابع کے کہنے لگا کہ سارے
عرب ہمارے دشمن ہوے اب ٹھکانا رہنے کا کہان ہے ہمتو جاتے ہین اور بعض مسلمانون نے
یہہ بہانہ کیا کہ ہمارا محلہ خالی پڑا ہوا ہے ہمکو اجازت ہو تو ہم جائین کہ ہمارے گھر کھلے ہوئے

پڑے ہین حالانکہ یہہ بات محض جھوٹ تھی اسلئے کہ جب حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم لشکر کے ساتھ مدینہ سے باہر تشریف لائے ہین تو مضبوط حویلیون کی ناکہ بندی کرکے اور سب کے زنانے گھر محفوظ کر گئے تھے انہین لوگون کے حالات سے پروردگار تعالے شانہ سورۂ احزاب مین خبر دیتا ہے ترجمہ آیت یعنی جب کہنے لگے اونمین سے کچھ لوگ اے یثرب والو یعنے مدینے کے رہنے والو تمکو ٹھکانا نہین ہے بس پہر چلو اور رخصت طلب کی اونمین سے ایک قوم نے اور حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کرنے لگے کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہین اور فی الحقیقت وہ کھلے نہین پڑے تھے اس تقریر سے اونکی غرض یہہ تھی کہ وہ بھاگ جائین لہذا اللہ تعالے شانہ نے اونکے ارادون سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو مطلع فرمایا۔

فائدہ

پروردگار تعالیٰ شانہ نے اس حالت مین لوگون کے دلون کی جانچ پرتال کرلی اور اپنے حبیب کو مطلع کردیا اور موافق اور منافق کا فرق بتا دیا۔

الغرض جو لوگ خراب و برباد ہونے والے تھے گھر کو چلے گئے اور جنکو اللہ تعالیٰ شانہ نے ایمان کامل عطا فرمایا تہا وہ پروانہ وار آپ پر جان نثار کرنیکو موجود رہے اور کافرون نے خندق گھیر لی مگر خندق کے عبور کرنے مین متحیر تھے بیس۲۰ دن یا چوبیس۲۴ دن یا ستائیس۲۷ دن یا ایک مہینے علی اختلاف الاقوال گھیرے رہے کہ اہل اسلام پر تنگی ہوئی ان دنونمین ایک روز بنی قریظہ نے مدینے پر شبخون مارنے کا ارادہ کیا اور قریش سے اعانت چاہی یہہ خبر حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پہونچی تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سلمہ ابن اسلم کو دوسو آدمی کی جماعت سے اور ابن حارثہ کو تین سو آدمیون کی جماعت سے مدینۂ طیبہ کی حراست کے لئے روانہ فرمایا اور ایام محاصرے مین

عباد ابن بشر خیمہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم کی نگہبانی کرتے تھے اور مشرکین حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے خیمہ مبارک کا قصد کرکے آتے تھے مگر اصحاب باصفا تیرون اور پتہرون سے اونکے حملے کو واپس کردیتے تھے اور اسطرح سینہ سپر ہوجاتے تھے کہ وہ خندق سے ہرگز گذر نہ سکتے تھے اور ان دنون مین حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بہی خود بنفس نفیس مواضع خندق پر محافظت فرماتے تھے اور اس غزوہ مین شعار مہاجرین کا یا خیر اللہ تہا اور شعار انصار کا حٰم لا ینصرون تہا حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہین کہ ایک رات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خیمہ مین تھے آدہی رات کے وقت ایک شور عظیم برپا ہوا اور پکارنے والا پکارتا تہا یا خیر اللہ حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خیمہ سے باہر تشریف لائے اور پوچہا کیا شور ہے عباد ابن بشر نے عرض کیا کہ یہہ آواز عمرو ابن عبدوُدّ کی ہے آج شاید اوسکی نوبت ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خبر دریافت کرنے کے واسطے عباد ابن بشر کو بہیجا وہ خبر لائے کہ عمرو ابن عبدوُدّ مشرکین کی جماعت اپنے ساتھ لئے ہوئے اصحاب سے لڑرہا ہے اور تیرون اور پتہرون سے جنگ ہورہی ہے حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مسلح ہوکر سوار ہوئے اور اوسطرف تشریف لے گئے اور خوش خوش واپس تشریف لائے اور فرمایا اللہ تعالیٰ شانہ نے کفار کے شر کو دفع کیا کہ اکثر زخمی ہوکر پلٹ گئے پہر حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے آرام فرمایا اور مین نے آواز تنفس سُنی کہ دفعتاً پہر شور ہوا کہ حضور پر نور چونکے اور باہر تشریف لے گئے اور عباد ابن بشر کو بہیجا وہ خبر لائے کہ اب ضرار ابن خطاب مشرکین کی جماعت کے ساتھ آیا ہے اور مسلمانون سے لڑرہا ہے چنانچہ حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مسلح ہوکر کافرونکی طرف پہر روانہ ہوئے اور کفار کی جماعت کو غازیان اسلام نے مار کر پسپا کردیا اس مرتبہ صبح ہوگئی جب حضور تشریف لائے تو فرمایا کہ بہت کافر زخمی ہوئے

اور بہاگ گئے بالجملہ محاصرکی تکلیف کے سبب سے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم نے یہہ مصلحت دیکھی کہ ایک تہائی اثمار مدینہ غطفان اور فرازہ کو عنایت کرین
توشاید یہہ لوگ لوٹ جائین اور قریش تہارہ جائین لہذا ایک آدمی کی زبانی عتبہ ابن حصین
فرازی اور حارث ابن عوف غطفانی کو کہلا بہیجا اون لوگون نے کہا کہ اگر نصف اثمار مدینہ
عنایت فرمائین توہم لوٹ جائین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے قبول
نفرمایا آخروہ لوگ ثلث ہی پر رضامند ہوگئے اور کئی زنبیلین اپنی لیکر آئے اوسوقت
حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ
کوطلب فرماکر صلح نامہ لکھوایا اور ارادہ کیا کہ بعض اصحاب کی گواہیان کرادین اس عرصہ
مین اسید ابن حصیر آگئے اور عتبہ ابن حصیر اپنے پاؤن پہیلائے مجلس رسول اللہ مین
بیٹہا تہا اُسید رضی اللہ تعالے عنہ نے کہا کہ اپنے پاؤن سمیٹ لے واللہ اگر مجلس رسولؐ
اللہ کا ادب نہوتا تو تیرے پیر کاٹ ہی ڈالتا اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
سے دست بستہ عرض کی کہ ایسی صلح کے واسطے اگر اللہ کا حکم ہے یا آپ کی مرضی ہے توہم
مطیع وفرمان بردار ہین اور اگر یہہ بات نہین ہے توسوائے شمشیر کے ہم اور کچہہ ان کو ندینگے
کس دن انکو یہہ جرات ہوئی تہی کہ ہمسے ایک ٹکڑا خرمہ کا مانگین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم نے جواب ندیا بعد اسکے سعد ابن معاذ وسعد ابن عبادہ تشریف لائے اونسے
حضور پرنور نے صلاح پوچہی اونکی بہی مرضی نہ ہوئی بلکہ اونہون نے بہی وہی تقریر کی جو
اُسید رضی اللہ تعالی عنہ نے کی تہی توحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ
مین صرف تمہارے واسطے یہہ تدبیر کرتا ہون کیونکہ عرب کے لوگ تم پر بکثرت چڑہ آئے ہین
یہانتک کہ ایک کمان سے تیر مارتے ہین اسی اثنا مین سعد ابن معاذ نے حضرت عثمان غنی
رضی اللہ عنہ کے ہاتہہ سے صلحنامہ لے لیا اور التماس کیا کہ یا رسولؐ اللہ ان لوگون نے
ایام جاہلیت مین کبہی ایک خُرمے کی ہمسے طمع نہین کی اور اب تو اللہ جل جلالہ

وَعَمَّ نوالہٗ نے آپکی ذات مبارک کے وسیلہ سے ہمکو تقویت وجلالت وعزت وشرافت
اسلامیہ عطافرمائی ہے واللہ ہمتو ایک خرمہ بہی انکو نہ دینگے چہ جائے کہ تلث اثمار مدینہ
بلکہ اب سوائے ثمر شجرہ سیف ہم سے کسی شے کی خواہش نکرین حتی یحکم اللہ بیننا
و بینھم حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سعد کے ہاتہون سے صلحنامہ لیکر
چاک کروا ڈالا اور عتبہ وحارث بے نیل مرام واپس گئے۔ اس عرصہ مین ایک دن بعضے
پہلوان ودلاوران کُفّار نگون سار مثل عمروابن عبدِوُدّ ونوفل ابن عبداللہ اور ضرار ابن خطاب
وہبیرہ ابن ابی وہب اور عکرمہ ابن ابی جہل وغیرہم اونمین مرداس نامی ایک شخص بنی محارب
کا بہی تہا ایک طرف سے خندق مین آگئے اور ابوسفیان وخالد ابن ولید خندق کے دوسرے
با قبایل عرب صف جنگ آراستہ کرکے کہڑے ہوئے اونمین سے عمروابن عبدِوُدّ نے
کہ سرآمد بہادران عرب سمجہاجاتا تہا اور قوم اوسے ہزار مردجری کا مقابل سمجہتی تہی چنانچہ
اوسکا ایک واقعہ عرب مین مشہور تہا کہ ایک بار قافلہ قریش پر کہ تجارت کو گیا ہوا تہا قزاق
آپڑے کہتے ہین کہ وہ پچاس آدمی تہے اور عمروابن عبدِوُدّ نے سنا وہ تنہا اونکا مقابل ہوا
اور حملہ کیا وہ سب کے سب بہاگ گئے یہی بہادر جب جنگ بدر سے زخمی ہوکر بہاگ گیا تہا
تو اوسنے عہد کیا تہا کہ جب تک محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے انتقام نہ لے لونگا
سر مین تیل نہ ڈالونگا اوسنے اپنا مقابل طلب کیا سب لوگ خاموش تھے مگر حضرت امیرالمومنین
امام الاشجعین سیدنا ومولنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ لشکر سے نکلکر حضور
پرنور مین حاضر ہوے اور اجازت طلب کی لیکن حضرت نے کچہ جواب نہ دیا پہر عمروابن
عبدِوُدّ نے پکارا علی مرتضیٰ نے پہر حضرت سے اجازت طلب کی لیکن اسبار بہی آپنے
جواب ندیا بارسوم اوس اجل گرفتہ نے پہر میدان مین اپنا مقابل طلب کیا کہ اے مسلمانون
کیا تم مین کوئی بہی اس قابل نہین جو میرے مقابلہ مین آئے حضرت اسد اللہ الغالب نے
حضور مین عرض کی کہ یارسول اللہ بے شک مجکو اجازت دیجیے کہ مین اس گستاخ نامعقول کے

مقابلہ کو جائون اوسوقت حضرت رسول الثقلین محبوب رب کونین نے اجازت دی اور اپنی ذوالفقار عطا فرمائی اور زرہ مبارک اپنی پہنائی اور اپنا سر بندباندہا اور دعا کی اللھم اعنہ علیہ اور یہہ بہی فرمایا یا الٰہی عبیدہ ابن حارث کو تو نے جنگ بدر مین لیا اور حمزہ ابن عبدالمطلب کو بہی غزوہ احد مین لیا یہہ میرے چچا کا بیٹا ہے فلا تذرنی فردًا وانت خیرالوارثین بعد اسکے رخصت کیا علی مرتضیٰ پیادہ پا باہیبت وجلال عمرو ابن عبدِ وُدّ سے مقابل ہوے۔

حضرت اسداللہ الغالب کرم اللہ وجہہ کی جنگ عمرو ابن عبدِ وَدّ سے جو

عرب مین ہزار بہادر ولکا مدمقابل سمجہا جاتا تہا

واضح ہو کہ مینے چاہا تہا کہ مین اِس جنگ کو مسدس کی صورت مین نظم کرون مگر یہہ مذہبی کتاب ہے پایۂ اعتبار سے

ساقط ہوجائیگی

روایت ہے کہ جب آپ میدان نبرد مین تشریف لائے تو عمرو ابن عبدوَدّ گھوڑے پر سوار تھا حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ نے پہلے اوسے دعوت اسلام فرمائی اوسنے قبول نکی پھر آپ نے فرمایا کہ اے عمر ابن عبدوَدّ تو پلٹ جا اوسنے یہہ بھی قبول نکیا اور کہا کہ قریش کی عورتین مجہپر خندہ کرینگی اور کہین گی جیسا گیا تھا ویسا ہی لوٹ آیا تو حضرت اسد اللہ نے فرمایا کہ اگر نہین پھرتا تو مقابلے پر آمادہ ہو یہہ بات سنکر وہ اجل گرفتہ ہنسا اور کہنے لگا اے علیؑ تم نوجوان لڑکے ہو مین تمپر کیا ہاتھ ڈالون مجھکو تمسے یہہ گمان نتھا اسلئے کہ مجھسے اور تمہارے باپ سے کمال محبت تھی اے علیؑ مین نہین چاہتا کہ تمہارا قتل میرے ہاتھون سے ہو اور ابھی تمکو بہادرون کی جنگ طاقت نہین ہے حضرت اسد اللہ الغالب نے فرمایا کہ اے عمرو ابن عبدوَدّ مین تو تجھکو قتل کرکے اپنے اللہ کو رضامند کرون اور اسلام مین دشمنان اسلام سے برادری و محبت کا خیال نہین ہوتا وہ کافر اجل گرفتہ یہہ ارشاد فیض بنیاد سنکر مار سیاہ کیطرح بل کرنے لگا اور فرط غضب سے گھوڑے سے اوتر پڑا اور ایک نعرہ کیا اور وار تلوار کا شیر خدا کے سر مبارک پر کیا آپنے سپر پر لیا سپر کٹ گئی اور ہلکا سا زخم سر اقدس پر آیا جب اوس مردود کی طرف سے پیش دستی ہوئی تو حیدر کرار نے بھی ایک وار ذوالفقار رسولؐ اللہ کا کیا سر اوس نابکار کا زمین پر گرا حضرت امیر نے اللہ اکبر کا نعرہ کیا کہ تمام میدان نبرد صداے شیر حق سے گونج گیا یہہ حال دیکھکر ضرار و عکرمہ و ہبیرہ و نوفل دوڑ پڑے مگر ضرار تو حضرت شیر خدا کی صورت مبارک دیکھتے ہی بھاگا اور ہبیرہ تھوڑی دیر ٹھرا اور زخمی ہوکر بھاگا اور عکرمہ اوسکی موافقت مین تھا اور نوفل دور ہی سے حضرت کو دیکھکر سرکا مگر گھوڑے نے خندق مین گرادیا غازیان اسلام نے اوس کافر کو پتھرون سے مار لیا اس حال مین نوفل کتونکی طرح چلاتا تھا اور کہتا تھا اے مسلمانون

کسی اچھی مار سے مارو ہر چند سنگساری اوس سگ ناپاک کے مناسب حال تھی مگر اوس عزت دہندہ دین و دنیا علیؑ گوہر دریائے سخا نے آب شمشیر سے اوسکی پیاس بجھادی اوسکا جسم کمر سے پورا دو حصہ برابر کے ہوگیا **لمولفہ**

یہ سچے کاٹ ہین تیغ نظر کے ۔۔۔ برابر تل گئے ٹکڑے جگر کے

ابوسفیان اس حال کو دیکھکر گھبرایا اور کافران قریش نے سرداری کی سراسیمگی دیکھکر نقارے کوچ کے بجادئے اور موضع عقیق مین جاکر دم لیا **لمولفہ**

بہار آئی ساقی قدح دیجیو ۔۔۔ وہ بھاگی خزان لیجیو لیجیو

خزان زرد رو ہوگئی باغ سے ۔۔۔ ابھی دم مین چھو ہوگئی باغ سے

اس جنگ مین حضرت **عمر** رضی اللہ تعالی عنہ بھی مجروح ہوئے ہین۔ حال اسکا یہ ہے کہ جب ضرار وغیرہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر حملہ کیا تو لشکر اسلام سے زبیر بن العوام اور عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہما حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی مدد کو نکلے انکے پہونچتے پہونچتے آپ فتحیاب ہوگئے ضرار بھاگا جاتا تھا حضرت عمر اوسپر لپکے وہ پناہ خواہون کیصورت مین حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کیطرف آیا اور جب قریب ہوا تو ایک نیزہ آپ کو مارا اور بھاگ گیا آپ مجروح ہوے۔

روایت ہے

کہ موضع عقیق سے مشرکون نے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس درخواست بھیجی کہ اگر عمرو ابن عبدوَدّ اور نوفل کی لاش ہمکو اوٹھا لینے دین تو ہم اوسکی قیمت دینے کو حاضر ہین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہمین جسم ناپاک کی قیمت درکار نہین یونہین لے جاؤ لہذا دونون لاشین کفّار اوٹھا لے گئے۔

فائدہ

اِس فتح کا سبب صرف قتل عمرو ابن عبدوُد ہے وہ اوسوقت کے بہادرونمین بڑا نامی بہادر تھا اوسکے قتل کے سبب سے کفار کی کمر ٹوٹ گئی اسی لڑائی مین حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ غزوہ خندق مین علی کی بہادری وشجاعت تمام اُمت کے اعمال سے بہتر ہے۔ الغرض اوسدن تو کفار بہاگے مگر دوسرے دن پہر سب قبائل جمع ہو کر آئے اور خندق مین گہس پڑے کہ رات تک مقابلہ رہا کہ نماز ظہر وعصر ومغرب حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے بہی فوت ہوئی جب قتال سے فراغت ہوئے تو حضرت نے یہہ تینون نمازین باذان واقامت وجماعت ادا فرمائین کذا فی روضۃ الاحباب

بخاری شریف

بخاری شریف مین ہے کہ جب نمازین قضا ہوئین تو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کافرون کیواسطے بددعا کی ملاء اللہ بیوتھم وقبورھم نارًا کما شغلونا عن صلوٰۃ الوسطی حتی غابت الشمس یعنی بہرے اللہ اونکی قبرون اور گہرونمین آگ جیسا کہ بازرکہا اونہون نے ہمکو نماز عصر سے یہانتک کہ غروب ہوگیا آفتاب حضرت شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ شرح مشکوٰۃ مین لکہتے ہین کہ تردد جنگ اور تیراندازی مین چار نمازین فوت ہوئین کہ اونمین نماز عصر بہی تہی مگر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے زیادتی فضیلت کے سبب سے عصر کی نماز پر افسوس ظاہر فرمایا اور عذاب دنیا وآخرت کی بددعا کی پوشیدہ نرہے کہ اس مقام پر حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کافرونکے حق مین دعائے بد فرمائی اسکا سبب یہہ تہا کہ اس مقام پر حق اللہ فوت

ہوا تھا اور جس مقام پر آپکے خاص ذات مبارک کو ایذا پہونچی وہان سوائے صبر و شکر کے کوئی بات آپکی زبان مبارک پر جاری نہوئی۔

فائدہ

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صلواۃ وسطے صلواۃ العصر ہے اور یہی قول اکثر علما و صحابہ و تابعین اور امام ابوحنیفہ و احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ہے اور ماوردی کہ ائمہ شافعیہ سے ہین فرماتے ہین کہ مذہب امام شافعی رحمۃ اللہ بھی یہی ہے۔

صلواۃ فائتہ مین اختلاف ہے

حدیث ابن مسعودؓ سے جو مسلم نے روایت کی ہے مفہوم ہوتا ہے کہ کوئی نماز فوت نہین ہوئی صرف نماز عصر بتاخیر ادا ہوئی۔ اور حدیث عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو بخاری نے روایت کی ہے معلوم ہوتا ہے کہ صرف عصر کی نماز فوت ہوئی تھی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بعد غروب شمس قبل ادائے صلواۃ المغرب ادا فرمائی۔ اور مؤطا سے دریافت ہوتا ہے کہ نماز ظہر و عصر دونون فوت ہوئین اور ترمذی نے روایت کی ہے کہ چار نمازین فوت ہوئین چنانچہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ بشرط صحت روایات جمع بین الروایات یون ہوسکتا ہے کہ ایام متعددہ مین ہر ایک ان نمازون سے ضرورتاً یا نسیاناً فوت ہوئی ہوگی جسنے جیسا دیکھا روایت کی اور اوسوقت تک نماز خوف مشروع نہوئی تھی اور بسبب ہجوم و شدت جنگ کے فرصت بھی نہ تھی۔ ایکبار تو کافر خندق سے چھٹے ہوئے تھے اور جانتے تھے کہ ہم غالب آئے مگر عنایت الٰہی کی یہ اعانت ہوئی کہ رات ہی کو اللہ جل شانہ نے ہوائے شرقی نہایت تیز و تند بھیجی کہ کافرون کے خیمے گر پڑے اور گھوڑے چھوٹ گئے اور آگ بجھ گئی کہ کسی شخص کو روٹی نصیب نہوئی اور رعب غالب ہوگیا کہ تمام لشکر کافرونکا برباد ہو کر

بہاگا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بخاری مین روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا نصرت بالصبا واھلکت عاد بالدبور یعنی مین مدد دیا گیا
صبا کے ذریعہ سے اور ہلاک کی گئی قوم عاد ہوائے دبور کے سبب سے معالم التنزیل مین ہے
کہ اسی رات مین تکبیر ملا یکہ اتنی بلند ہوئی کہ ہر سردار قبیلہ پکارتا تہا خوف کے سبب سے کہ
اے بنی فلان ہمارے پاس آؤ اور اسی ہوا کا ذکر اللہ جل جلالہ نے سورہ احزاب مین فرمایا
ہے یا ایھا الذین آمنوا اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ جاءتکم جنود
فارسلنا علیھم ریحا وجنودا لم تروھا وکان اللہ بما تعملون
بصیرا یعنے اے ایمان والو یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب آئین تم پر فوجین پھر ہمنے
بہیجی اونپر ہوا اور وہ فوجین کہ نہین دیکھتے تہے تم اونکو اور جو کچہ تم کرتے ہو اللہ اوسکو
دیکھتا ہے۔

روایت ہے

کہ اس غزوہ مین فرشتے لڑے نہین صرف واسطے ترہیب کے آئے تھے۔ حذیفہ ابن النعمان
رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ رات نہایت سرد تہی اور ابر بہی تہا اور پھر چلی ہوا تو بڑی تکلیف
ہوئی اسی حال مین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی آج کی رات کافرونکی
خبر لائے اُسکو اللہ تعالےٰ شانہ قیامت کے دن ابراہیم خلیل اللہ کی رفاقت مین رکہے گا
کوئی آدمی نہ اوٹہا پھر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی آج کافرونکی
خبر لاوے اوسکو اللہ تعالیٰ شانہ حشر مین میرا رفیق کریگا پھر بہی کوئی آدمی نہ اوٹہا ایسی سردی
تھی کہ کوئی اپنی جگہ سے جنبش نکر سکتا تہا آخر کار حضرت نے مجھے طلب فرمایا تو مین حاضر ہوا اور
سردی کے سبب سے کانپ رہا تھا حضور پرنور نے فرمایا تو نے میرا کلام نہ سنا مین نے عرض کی
کہ سُنا تو تہا مگر جاڑے کی شدت اور بہوک کی حدت سے طاقت جواب دینے کی نہ تھی پھر

حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنا دست مبارک میرے سر پر اور مُنہ پر
ملا اور فرمایا کہ قبیلہ قریش مین جا دیکھہ تو وہ لوگ کیا کر رہے ہین مگر شرط یہہ ہے کہ جب تک
میرے پاس پھر کر نہ آئے کسی سے کلام نکرنا اور کچہہ دست بُرد نکرنا حذیفہؓ کہتے ہین کہ حضور
پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دست مبارک کی برکت سے میرا لرزہ جاتا رہا
اور ہمت بندہی چلتے وقت مینے حضور پرنور سے عرض کی کہ ایسا نہو کہ مشرک مجھے گرفتار
کرلین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ خاطر جمع رکھہ تو گرفتار نہوگا بعد
اوسکے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یون دعا فرمائی اللھم احفظہ من
بین یدیہ ومن خلفہ وعن یمینہ وعن شمالہ ومن فوقہ ومن تحتہ
یہہ دعا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے میرے خوف کے رفع ہونے کے لئے
کی تھی فی الحقیقت خوف کا نام بھی میرے دل مین نرہا اور مین مسلح ہوکر خندق سے نکلا تو
ایسا معلوم ہوتا تہا کہ مین حمام مین چلا جاتا ہون اور سردی کا نام بھی نتہا یہانتک کہ لشکر
قریش مین پہونچا تو کیا دیکھتا ہون کہ شدت ہوا سے خیمے گرے پڑے ہین اور آگ بجھہ گئی
ہے دیگین چولہون سے نیچے اوتری ہوئی پڑی ہین اور ہوا کی شدت سے پتہر اوڑے جاتے
ہین اور گہوڑے چھٹے ہوے پہر رہے ہین غرض عجیب پریشانی تھی اور ابوسفیان کا یہہ حال
تہا کہ خیمے سے باہر نکلا ہوا آگ تاپ رہا تہا مینے اپنا تیر کمان سے جوڑا کہ ابوسفیان کو مارون
مگر خیال آیا کہ حضرت نے منع فرمایا ہے مجبور ہوکر اپنا تیر ترکش مین رکھہ لیا اور ایک آدمی کے
پہلو مین بیٹھہ گیا یکایک ابوسفیان پکارنے لگا کہ ہوا کی شدت ہے اور سب اسباب لشکر
برباد ہوا جاتا ہے ہر آدمی اپنے اپنے جلیس کا ہاتھہ پکڑلے مینے مبادرت کرکے اپنے جلیس کا
ہاتھہ پکڑلیا اور پوچھا کہ تو کون ہے اوسنے کہا سبحان اللہ کیا مین فلان ابن فلان نہین ہون
اسوقت مجھے معلوم ہوا یہہ آدمی قبیلہ ہوازن ہے بعد اسکے ابوسفیان بولا کہ یہہ معاملہ سخت
مشکل ہے کہ اول بنی قریظہ نے اختلاف کیا دوسرے یہہ آفت پڑی ہوئی ہے کہ جو دیکھہ رہے ہو

بس یہان سے نکل جانا ہی بہتر ہے پہر سب لشکر نے کوچ کیا اوسوقت ابوسفیان اپنے
اونٹ پر سوار ہوا وہ بندھا تھا اوسنے حرکت نکی حالانکہ تین مرتبہ اوسنے مارا جب غطفان نے
قریش کے بہاگنے کا حال سنا تو وہ بھی بہاگ نکلے مین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کے حضور مین حاضر ہوا تو آپ نماز مین تھے جب نماز سے فارغ ہوئے تو مینے مبارک باد دی کہ
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہنس پڑے اور دندان مبارک چمک اوٹھے کذا
فی المعالم حذیفہ فرماتے ہین کہ اوسوقت تک تو مین ویسا ہی گرم تہا مگر یہان پہونچکر
کچھ کچھ سردی پہر معلوم ہونے لگی لیکن مجھے حضرت نے اپنے پاس لٹالیا اور اپنی چادر مبارک
کا ایک گوشہ اوڑہا دیا اور پائے مبارک میرے سینہ پر رکہدیا مجھے ایسا آرام ملا کہ مین صبح
تک سوتا رہا نماز کے وقت حضرت نے مجھے جگا دیا۔ الغرض جب پُروا ہوا نے سب لشکر کو
قریش کے تباہ و برباد کر دیا اور قریش وغطفان بہاگے اور حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم کو فتح عظیم ہوئی تو حضرت نے ارشاد فرمایا کہ اب قریش مجھسے لڑنے نہ آوینگے مین اُنپر
چڑہکر جاونگا یہانتک کہ مکہ مکرمہ فتح ہوگا۔

پیشین گوئی

اس پیشین گوئی کا ظہور بخوبی ہوا اور کوئی کافر مدینہ مین آپ پر چڑہکر نہ آیا بروایت صحیحہ ومعتبرہ
ثابت ہے کہ اس غزوہ مین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تین دن برابر
مسجد فتح مین بیٹہکر دعا مانگی تیسرے دن حضرت کی دعا قبول ہوئی اور آپ کی
پیشانی پر آثار فرح وسرور نمودار ہوے اور قبولیت کا نشان ایک تو یہہ تہا کہ قریش
وغطفان وبنی قریظہ مین پہوٹ پڑی دوسرے یہہ کہ میدان جنگ مین دونون لشکر تھے
ہوا کا صدمہ کفار ہی کے لشکر کو پہونچا کہ تمام خیمے اونکے گر گئے گھوڑے چھوٹ گئے باوجود کثرت
فوج آدمیون نے دل ہار دیئے فوج اسلام کو اوسی میدان مین آندہی سردی وغیرہ کا کچھ صدمہ

نہ پہونچا چونکہ رعب جلالت اسلام اونپر طاری ہوچکا تھا بھاگ نکلے۔

فائدہ

اس غزوہ مین جبکہ محاصرہ تھا سعد ابن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھہ کی رگ مین جسکا نام اکحل ہے حبان بن العرقہ کے ہاتھ کا تیر لگا بہت خون جاری ہوا سعد نے جانا کہ اب صحت نہوگی تو پروردگار تعالے شانہ کے حضور مین دعا کی کہ یاالہی اگر تیرے رسول کو قریش سے اوربھی لڑائیان لڑنی باقی ہین تو مجھکو زندہ رکھہ تاکہ مین اون کفار سے مقابلہ کرون اور جو اب لڑائیکا خاتمہ ہوچکا ہے تو اس تیر کے زخم کو میری شہادت کا سبب کردے لیکن اتنی فرصت دے کہ بنی قریظہ کی بدعہدی کا مآل کار دیکھہ لون القصہ خون بند ہوگیا بروز چہارشنبہ بست سوم وبست چہارم ذیقعدہ کو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جلوہ فرمائے مدینہ ہوئے اور اہل مدینہ نے مبارکبادیان دین۔

اسی سال مین غزوہ بنی قریظہ واقع ہوا حضرت ام المومنین عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہی

کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم غزوہ احزاب سے لوٹ کر داخل مدینہ ہوئے ہین توظہر کا وقت تھا حضرت نے اپنے ہتیار کھولے اور غسل فرمایا دفعتاً ایک شخص نے باہر سے آواز دی اور سلام کیا آپ بہت جلدی اوسکی طرف روانہ ہوئے مین حضرت کے پیچھے پیچھے دروازے تک گئی تو مینے دیکھا کہ دحیۂ کلبی با چہرۂ غبار آلود سفید اونٹ پر سوار ہین اور آگے کے دانتون پربھی گرد جمی ہے حضرت سے باتین کررہے ہین اور حضرت اپنی چادر سے اونکی گرد جھاڑتے ہین پھر وہ چلے گئے اور حضرت گھر مین تشریف لائے اور فرمایا کہ

یہہ حضرت جبرئیل تھے غزوہ بنی قریظہ کی تحریص کہنے آئے تھے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جب صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے غزوہ احزاب سے مراجعت فرمائی اور داخل مدینہ ہوئے تو بعد رفع کدورت سفر نماز ظہر مین مشغول ہوئے جب نماز سے آپ نے فرصت کی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر کہا یا رسول اللہ آپ نے ہتیار کہول ڈالے مگر ملائکہ ابتک مسلح کہڑے ہین آپ جلد مسلح ہون اور بنی قریظہ پر یورش فرمائیے کہ مین بہی چلتا ہون اوسی وقت حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بلال رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا کہ تو پکار دے کہ کوئی آدمی نماز عصر ادا نکرے مگر بنی قریظہ مین اور علی مرتضی کو علم بردار کیا اور پیش پیش روانہ فرمایا اور خود بنفس نفیس جسد اطہر پر سلاح جنگ آراستہ فرماکر جس گہوڑے کا نام **نحیف** تہا سوار ہوے اور عبد اللہ ابن مکتوم کو خلیفہ مدینہ کا فرماکر تشریف لے چلے پیچہے سے اور لوگ بہی حاضر ہوئے۔ صحیح بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے

کہ مین نے کوچہ بنی غنیم مین حضرت جبرئیل علیہ السلام کے سوارون کی گرد اوڑتے دیکہی حاصل کلام حضرت راہ مین تہے کہ عصر کا وقت آگیا تو بعضون نے حسب مفہوم لفظ برعایت وقت وملاحظہ مبالغہ نماز ادا کرلی اور بعضون نے مطابق ظاہر حکم کے بنی قریظہ مین قضا پڑہی اور حضرت نے دونون مین سے کسی پر زجر نہین فرمایا۔

فائدہ

جب آنحضرت صلعم کے اصحاب نے نماز عصر کے پڑہنے مین حدیث سے دو مطلب سمجہے کہ بعض نے ظاہر حدیث پر عمل کیا اور بعض نے قیاس کیا اور سبب نکالا اوسی طرح حضرات مجتہدین بعض مقام پر **قرآن** کے کئی مطلب سمجہتے ہین اور سب

حق پر ہین۔

اہل سنّت

چار اامون کے مذہب کو حق سمجھتے ہین اور جو بعض نا واقف کہتے ہین کہ کیون ایک دین محمدی ہین اختلاف کیا اور چار مذہب قائم کردئیے وہ اس حدیث کو تامل کی نظر سے دیکھین کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے روبرو ایسا اختلاف اصحاب مین ہوا ہے اور حضرت نے اوسے درست رکہا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خطاے اجتہادی مین مواخذہ نہین ہوتا دونون سے ایک ضرور مخطی تھے لیکن آپ نے عتاب نفرمایا نماز پڑہنے والے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مشابہ ہین اور قضا کرنے والے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مشابہ ہین الغرض جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بین المغرب والعشا منازل بنی قریظہ مین داخل ہوے اوسوقت تین ہزار اصحاب اور چھتیس گھوڑے لشکر ظفر پیکر مین تھے پس حضرت علی مرتضی شیر خدا نے داخل ہوتے ہی قلعہ کے پاس اپنا علم تصرف وہان گاڑدیا اور اصحاب نے قلعہ کو گھیر لیا اور پچیس روز برابر گھیرے رہے ناچار بنی قریظہ نے نباش ابن قیس کو بھیجا اور درخواست کی کہ ہمکو اذن ہو تو ہم نکلجائین جسطرح بنی نضیر نکل گئے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اس شرط سے نکلو کہ جو حکم مین دون وہ بجالاؤ جب یہہ جواب ملا تو کعب ابن اشرف نے اشراف قوم سے بُلا کر کہا کہ تین باتون مین سے ایک بات اختیار کرو پہلی بات یہہ ہے کہ اس پیغمبرؐ کی حقیقت از روے توریت تم پر ثابت ہوچکی ہے بہتر ہے کہ ایمان لاؤ۔ دوسری بات یہہ ہے کہ عیال واطفال کو قتل کرڈالو کہ تمہارے بعد ذلیل نہون تیسری بات یہہ ہے کہ کل شنبہ کا دن ہے اہل اسلام بھی ہمسے بے خوف ہونگے پس سب لوگ جمع ہوکر غفلت مین انپر ٹوٹ پڑو اشراف بنی قریظہ نے کہ انمین حیی ابن اخطب بھی تھا ایک بات بھی قبول نکی مگر ایک اور ہرکارہ رسول اللہ کے حضور مین

روانہ کیا کہ ابو لبابہؓ کو ہمارے پاس بھیجدو تو ہم کچھ مشورہ کرلین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحاب
وسلم نے ابو لبابہؓ اور ابن المنذر کو بھیجا اونہون نے صلاح دی کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حکم کے موافق عمل کرو تمہارے حق مین یہی بہتر ہے اور انگشت
شہادت سے گردن کا اشارہ کیا یعنی سب قتل ہونگے آخر بنی قریظہ قلعہ سے نکلے اور محمدؐ ابن
مسلمہ نے بحکم حضور پرنور سبکے ہاتھ گردنون سے باندہے اور عبد اللہ ابن سلام نے عیال
واطفال واسباب قلعہ سے نکال کر جمع کئے اوسیون نے کہا یارسول اللہ آپ بنی قریظہ کو
ہمین بخش دیجئے جسطرح یہود بنی قینقاع خزرجیون کو بخشے تھے فرمایا کہ اگر تم راضی ہو تو اس
مقدمہ مین ایک شخص بطور حکم مقرر کیا جائے جو وہ کہے اوسی پر راضی ہوجاؤ وہ کہنے لگے کہ ہم
راضی ہین آپ نے فرمایا سعد ابن معاذ جو کہے وہ کیا جائے اور ان دنون سعد بسبب جراحت کے
مدینہ مین تھے لہذا وہ طلب کئے گئے جب اونکی آمد کی خبر گرم ہوئی تو اوسیون نے اونکا استقبال
اور اعزاز کیا اور کہا آپ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پنچ مقرر کیا ہے اور
یہہ لوگ ہمارے ہمقسم اور حلیف ہین اور حرب بعاث وغیرہ مین مدد ومعاون رہے ہین
دیکھو اُبی نے یہود بنی قینقاع کو رہا کرایا تھا اب تم انکو چھڑاو چنانچہ سعد ابن معاذ اونکے کلام
سنتے ہوئے چلے آتے تھے اور جواب نہ دیتے تھے جب تقریر اونکی حد سے متجاوز ہوئی تو
سعد ابن معاذ نے کہا کہ یہہ وقت ایسا نہین ہے کہ مین اپنے نفس کی پیروی کرکے خدا کی
راہ مین ملامت اختیار کرون اوسوقت اُوسیون کو ناامیدی ہوئی اور دریافت کرگئے کہ سعد
قتل کا حکم دینگے الغرض سعد ابن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ مجلس پاک سرور کائنات مین حاضر ہوئے
اور جماعت اُوس نے اونکو نہایت تعظیم وتوقیر سے اُتارا اور التماس کیا کہ تمکو حضرت رسول مقبول
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مقدمہ بنی قریظہ مین حکم کیا ہے سعد ابن معاذ نے کہا تم
میرے حکم کرنے پر رضامند ہو اون لوگون نے کہا ہم رضامند ہین بعد اسکے سعد ابن معاذ نے
حضور مین عرض کیا کہ جو لوگ اسطرف ہین وہ میرے حکم ہونے پر راضی ہین آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر

تیرے حکم پر رضا مند ہین تو حکم صادر کر حضرت سعد ابن معاذ نے حکم دیا کہ اِنکے بچے اور عورتین لونڈی اور غلام بنائے جائین اور سب مرد جوان اور بوڑھے قتل کیے جائین اور جو کچھ اسباب ہے غازیون اور مسلمانون مین تقسیم ہو تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ یہی حکم خدا ہے۔

روایت ہے

کہ مرد بنی قریظہ کے چھ سو تھے اور ایک روایت مین سات سو تھے اور بروایت صحیحہ نو سو ۹۰۰ تھے مع حیی ابن اخطب احاطہ بنی نجار مین کہ مشہور بحوط بنت الحارث ہے قید کیے گئے اور بازار مدینہ مین ایک غار کھودا گیا اور علی ابن ابیطالب اور زبیر ابن العوام نے سب کو قتل کیا مگر ثابت ابن قیس ابن شماس زبیر ابن باطا کی منت سماجت سے اوس دن قتل نہوا اور حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خون اوسکا معاف کیا تھا لیکن جب اوسنے سُنا کہ سب قوم قتل ہوگئی تو خود اوسنے اپنے قتل کی درخواست کی آخرکار وہ بھی قتل ہوا اور عورتین اور بچے غلام وکنیز کیے گئے اور ایک ہزار پانچسو قبضہ شمشیر اور تین سو ۳۰۰ زرہین اور دو ہزار نیزے اور پانچسو سپرین اور دو ہزار پانچ سو اونٹ اور دیگر مال واسباب بعد اخذ خمس کے غازیان اسلام پر تقسیم کیا گیا اور منجملہ عورات ریحانہ بنت عمرو حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نذر کی گئی اور بعض نسا کو عبد الرحمن ابن عوف اور عثمان ابن عفان نے خرید لیا اور بعض جانب شام بیع کے واسطے ہمراہ سعد ابن زید انصاری اشہلی کے روانہ کی گئین بعد ازان آنجناب صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ مین تشریف لائے اور پندرہ دن بعد ابولبابہ کے ہاتھہ ستون سے کھولے۔

ابولبابہ کا واقعہ

کیفیت اس واقعہ کی یہہ ہے کہ ابولبابہ حسب الطلب کعب ابن اشرف سردار بنی قریظہ جب اوس قوم مین گئے تو اون لوگون نے رونا شروع کیا اور کہا کہ اب ہم کیا کرین تو ابولبابہ نے کہا کہ جو پیغمبر خدا فرماوین اوسکو بجالاؤ اور اپنے ہاتھ سے اپنے حلقوم پر اشارہ کیا کہ سب قتل کئے جاؤ گے یہہ کہکر ابولبابہ یہہ سوچے کہ یہہ تو مجھسے خیانت واقع ہوئی لہذا بالا بالا مدینہ مین آئے اور توبہ کی قبولیت کیواسطے اپنے ہاتھ ستون مسجد مبارک سے بندھوادئے اور کہدیا کہ غیر وقت نماز ہاتھ نہ کہولے جائین یہان تک کہ میری توبہ قبول ہو یہہ خبر حضور کو پہونچی تو فرمایا کہ اگر ابولبابہ میرے پاس چلا آتا تو مین اوسکے لئے استغفار کرتا اب مین نہ کہولونگا جب تک پروردگار تعالی شانہ اوسکی توبہ خود نہ قبول فرمائے چنانچہ پندرہ شبانہ روز کے بعد یہہ ہوا کہ حضرت رسالت پناہ صبح کو حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنہا کے حجرہ شریفہ مین رونق افروز تھے کہ دفعتاً تبسم فرمایا ام المومنین رضی اللہ تعالی عنہا نے سبب پوچھا تو ارشاد ہوا کہ ابولبابہ کی توبہ قبول ہوئی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی مین خبر کردون آپ نے فرمایا اختیار ہے لہذا حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالی عنہا نے حجرہ کے دروازہ سے ابولبابہ کو خبر کردی اہل مسجد نے چاہا کہ اونکا ہاتھ کہولدین ابولبابہ نے کہا کہ جب تک حضور اپنے دست مبارک سے نکہولین گے مین ہاتھ نہ کہلواونگا آخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے صبح کی نماز کے وقت اپنے دست مبارک سے کہول دیا۔

روایت ہے

کہ اوس عرصہ تک جب تک ابولبابہ بندھے رہے آپکی دختر روز چند خرمے آپکے منہ مین ڈالدیا کرتی تہین اسکے سوا اور کچھہ کہانا پینا نتہا اس سبب سے قوت سمع و بصر قریب

زوال کے ہوگئی تھی۔

فائدہ

اس غزوہ مین ایک عورت بھی ماری گئی تھی اور اوسکی کیفیت یہہ ہوئی کہ حضرت اُمّ المومنین عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہین کہ ایک عورت میرے پاس بیٹھی تھی کہ دفعتہً کسینے اوسے پکارا کہ فلانیہ کہان ہے اوسنے کہا یہان ہون پہر وہ ہنستی ہوئی اوٹھی اور کہنے لگی کہ مجھے قتل کے واسطے بلاتے ہین تو مین بولی کہ عورت کو نہین مارتے ہین تیرے قتل کی کیا وجہہ ہے اوسنے کہا کہ مین اپنے شوہر سے کمال محبت رکھتی تھی جب محاصرہ شدید ہوا تو مین نے اپنے شوہر سے کہا کہ افسوس ایام فراق آگئے اور مین تیرے بغیر زندگی نہین چاہتی اُسنے کہا کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم عورتونکے قتل کا حکم نہین دیتے اگر تجھکو صادق محبت ہے تو ایک جماعت اہل اسلام قلعہ کے سایہ مین ہے اونپر چکی کا پاٹ ڈال دے تاکہ اونمین سے کوئی مرجاے اور تو اوسکے عوض مین قتل ہو مینے ایسا ہی کیا جسکے صدمہ سے خلاد ابن سوید ابن ثعلبہ شہید ہوئے اے عایشہ اوسکے قصاص مین مجھے مارینگے اسواسطے مجھے بُلاتے ہین حضرت ام المومنین عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہین کہ مجھکو اوسکی خوشی نہین بھولتی کیا خوب کہا ہے کسی نے۔ ؎

مردنے کو دہد وصال بیار
خوشتر از زندگی ہزاران بار

نام اس عورت کا بنانہ تھا اور حکیم قرظی کی جورو تھی۔

حضرت سعد ابن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات

بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ بعد فیصلہ بنی قریظہ جب سعد ابن معاذ اپنے خیمہ مین آئے تو اونکی دعا اللہ تعالیٰ شانہ نے قبول فرمائی اور اونکے ہاتھ کا زخم اونکی شہادت کا سبب ہوا اور وہ روانہ خلد ہوئے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بہت ملال ہوا اور شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بآواز بلند اونکے مرنے پر روے اور بعد ادائے صلواۃ جنازہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پاپیادہ اونکے جنازے کے ساتھ بقیع تک تشریف لیگئے اونکی قبر سے مشک کی بو آتی تھی عمر اونکی ۳۷ سینتیس برس کی تھی اور وقوع فتح بنی قریظہ آخر ماہ ذیقعدہ مین ہوا ہے اور بروایتے اوایل ذی الحجہ مین اور تین آدمی غازیان اسلام سے شہید ہوئے۔

فرضیت حج

اسی سال مین حج فرض ہوا اور بروایتے سال ششم مین اور بروایت دیگر سال ۹ نہم مین اور ایک اور روایت ہے کہ سال دہم مین مگر بعض اہل سیر فرماتے ہین کہ ہجرت شریف کے ۹ نوین برس حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حج کی فرضیت کا حکم دیا اور خود دسوین برس ہجرت کے حج ادا فرمایا اور جو حضرات سال ششم مین حج کے فرضیت کے مقر ہین وہ کہتے ہین کہ آیہ کریمہ اتموا الحج والعمرۃ سال ششم ہجری مین نازل ہوئی مگر اس براہ

که استطاعت مین داخل تها اسوجه سے تاخیر هوئی اور دوسری جماعت کے حضرات یهه فرماتی هین کیونکه مکه معظمه ۸ سنه هجری مین فتح هوا هے اگر سال ششم مین حج فرض هوا هوتا تو حضرت صلے الله علیه وآله واصحابه وسلم اوسی سال مین حج ادا کرنیکا حکم دیتے نوین برس پر کیون موقوف رکهتے اور آیة مذکوره فرضیت پر دلالت نهین کرتی بلکه حج وعمره کے ملانے پر دلالت کرتی هے یعنی جب فرضیت حج شروع هوجاے تو ایسا کرین اور **اسی سال مین** صلواة الخوف شروع هوئی اور سورهٔ بقر مین آئه کریمه فان خفتم فرجالا او رکبانا نازل هوئی یعنی اگر تمکو ڈر هو تو پیاده پڑه لو یا سواری کی حالت مین واضح هو که لفظ خوف عام هے یعنے خوف دشمن هو یا خوف آمد سیل هو یا کسی درنده کا هو اور اطلاق آیة سے یهه بات بهی نکل آئی که اگر پیاده وسوار غیر قبله رو نماز کرین تو اوسکا اعاده نهین هے اور **صاحب هدایه** نے اسی آئه کریمه سے استدلال کیا هے اور وه فرماتے هین که جب بهت ڈر هو تو نماز ادا کرین سوار علحده علحده اور رکوع وسجود کا اشاره کردین جس طرف چاهین جب که قبله پر قادر نهون کریمه والمحصنٰت که واذا کنت فیهم فاقمت لهم الصلواة سے نماز خوف کا با جماعت ادا کرنا جائز ثابت هوتا هے اور صحیح یهه هے که نماز خوف حضرت رسول مقبول صلے الله علیه وآله واصحابه وسلم کے بعد بهی با جماعت درست هے کیونکه آنجناب سے خطاب هونا عین ایمه سے خطاب هے اور طریق جماعت کا بالتفصیل کتب فقه مین مذکور هے اور مختصر یهه هے که فوج دو حصے هوجاے هر جماعت نصف نماز مین شریک امام هو اور نصف جدا پڑهے جب تک دوسری جماعت دشمن کے مقابل رهے اور اوسوقت نماز مین آمد ورفت کرنا اور سلاح وزره وسپر پاس رکهنا درست هے اور اگر اتنی فرصت نه ملے تو جماعت کو موقوف کرنا چاهیے پیدل فوج فرادا فرادا پڑه لین اور سوار اشارون سے ادا کرلین اور اگر اتنی بهی فرصت نه ملے تو قضا کرین **اسی سال مین** نماز خسوف مشروع هوئی اور خسوف قمر واقع هوا اور **اسی سال مین** حضور پرنور صلعم

گہوڑے سے گرے ران مبارک مین چوٹ لگی کہ پانچ دن حجرہ تشریف سے باہر تشریف نہ لائے اور نماز بہی قاعداً ادا فرمائی اور اصحاب نے اقتدا بہی بالقعود کی بعد ازان اقتدا کرنا قاعداً منع ہوا چنانچہ مرض موت مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بیٹھہ کر امامت فرمائی اور اصحاب نے کہڑے ہو کر اقتدا کی ۔

سال ششم ہجری

اور جب سال ششم ہجری شروع ہوا اور تین ۳ مہینے غزوہ بنی قریظہ سے گذرے تو **غزوہ لحیان واقع ہوا** اور سبب وقوع یہہ ہوا کہ اہل ہذیل نے قراء صحابہ کو بیر معونہ پر شہید کیا تہا اس وجہ سے حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو رنج تہا اوسکے انتقام کو تشریف لیچلے جب وادی عسفان کے قریب پہونچے تو شہیدون کے حق مین دعا فرمائی اور قوم لحیان لشکر اسلام کی خبر سنکر بہاگی صرف دو دن حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وہان رہے جب مراجعت فرمائی تو اپنی والدہ صاحبہ کی قبر پر تشریف لے گئے اور گریہ فرمایا اور اصحاب نے بہی حضرت کی موافقت کی اس غزوہ کو صاحب بہجۃ المحافل نے اور ابن حزم نے سال پنجم مین لکہا ہے اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے سال ششم مین وہوا لصحیح اور اسی سال مین حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کو دس سوارون کے ساتھ غمیم مین روانہ کیا تاکہ آوازہ لشکر اسلام قریش کو پہونچے چنانچہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ وہان سے بغیر محاربہ واپس ہوئے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مدینہ کیطرف رجوع فرمائی مدینہ سے چودہ شب و روز غیبت رہی بعد اسکے محمد ابن مسلمہ تیس ۳۰ نفر سوارونکی جماعت سے بکر ابن کلاب پر موضع ضریہ مین جو مدینہ سے چوبیس ۲۴ میل ہے بہیجے گئے اور دفعتاً یہہ جماعت اونپر جا گری مگر وہ بہاگ گئے صرف چہہ ۱۰ کافر مارے گئے

اور ایک سو پچاس اونٹ اور تین ہزار بکریان ہاتھ آئین کہ حضرت نے بعد اخراج خمس غنیمت تقسیم فرمائی اور مدت سفر انیس ۱۹ دن کی تھی اور سبب یہہ ہوا کہ ایک جماعت نے بنی بکر کی قوم سی موضع مذکور مین یہہ فساد برپا کیا تھا کہ جو مسلمان اودھر سے نکلتا تھا اوسکو رہزنون کے طریقہ سے مار لیتے تھے بعد اسکے۔

غزوہ غابہ

غابہ ایک موضع کا نام ہے اور اصل مین بیشہ کو کہتے ہین واقع ہوا اور اسکو غزوہ قرد بھی کہتے ہین اور سبب یہہ ہوا کہ عینیہ بن حصین فزاری مع چالیس نفر سوارون کے موضع غابہ پر آیا اور وہان بیس ۲۰ اونٹنیان حضرت کی شیر دار چرائی پر تھین اونسنے ہانک لین اور محافظ کو قتل کیا اور ابو ذر غفاری بہی اونہین اونٹنیون پر تھے اونکا بیٹا بھی مارا گیا وہان سی قریب تر سلمہ ابن اکوع اور رباح حضور پر نور کے غلام بھی موجود تھے ابن اکوع نے رباح کو یہہ خبر دیکر روانہ کیا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ سے پانچ سو سوار لیکر سوار ہوئے اور علم اسلام مقداد کو دیا اور ابن مکتوم کو خلیفہ فرمایا۔ صحیح بخاری مین سلمہ ابن الاکوع سے روایت ہے کہ مدینہ سے کئی کوس پر حضرت کی اونٹنیان چرائی پر تھین مجھکو خبر ملی کہ قوم غطفان پکڑے لئے جاتے ہین لہذا مین نے مدینہ کے جنگل مین تین مرتبہ چیخ ماری کہ قوم سُنکر دوڑے مگر کوئی نہ آیا تو مین اونکے پیچھے اکیلا دوڑا یہانتک کہ اونکو پالیا اور مین تیر مارنی لگا اور یون کہتا جاتا تھا انا ابن الاکوع آج کمبختون کی موت کا دن ہے اون کو پانی پینے کی فرصت نہ ملی اور مین نے سب اونٹنیان چھین لین اور ہانک لیچلا راہ مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ملے کہ سوار لئے ہوئے اودہر جاتے تھے مین نے عرض کی یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم وہ لوگ پیاسے ہین مینے اونکو پانی نہین پینے دیا آپ جلد جائین حضرت نے فرمایا اپنی چیز ملی اور تو غالب آیا اب درگذر کر اور

جانے دے وہ اپنی قوم مین کہاتے پیتے ہونگے پہر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینہ کو لوٹے اور سلمہ کو ردیف بنایا۔

روایت ہے

کہ جب سلمہ نے اونٹنیان مدینہ کی طرف ہانک دین تو کافر انکا تعاقب کیا اسوقت عینیہ ابن بدر فرازی مدد کو آیا کہ وہ لوگ سلمہ کیطرف پھرے اسطرف بہی اُخرم اُسیدی اور ابو قتادہ اور مقداد تینون سوار آگئے کہ سب کافر بہاگے مگر اخرم پر نیزہ مارا یہہ شہید ہوے اور انکے گھوڑے پر وہ سوار ہوا پہر ابو قتادہ رضی اللہ تعالی عنہ عبد الرحمن پر گئے اوسنے بہی نیزہ اونپر چلایا مگر کارگر نہوا اونہون نے نیزے یا تلوار سے اوسکو قتل کیا اور اوسکے گھوڑے پر سوار ہوئے یہہ بہاگتے بہاگتے چشمہ قرد پر پہونچے ہلکو جو اون لوگون نے اپنے پیچھے تعاقب کرتے ہوئے دیکہا بہاگے اور پانی بھی نہ پیا قبیلہ غطفان مین پہونچے اونکے ایک دوست نے کہانیکی طیاری کی اتنے مین گرد وغبار معلوم ہوا سمجھہ گئے کہ لشکر اسلام آپہونچا وہان سے بہی بہاگے اور کہانا بہی نہ کہایا پہر شام تک ہمنے اونکا پیچہا نہ چہوڑا ابو سلمہ رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہین کہ آفتاب غروب ہونے تک مینے اونکا تعاقب کیا اور دو گھوڑے اون سے لیکر لوٹ آیا زہے بہادری اس مرد جری کی اور ایمان اسکا اور محبت اسکی حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتھ جب تو بعد نبی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اصحاب رسول کی بزرگی تمام مخلوقات پر ہے رضی اللہ تعالی عنہم ورضوعنہ۔

یہہ تکلیف سفر اور کوشش حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اونٹنیون کے واپس لینے کے لئے نتہی بلکہ اس سے دفع فساد آیندہ مقصود تہا چند اونٹ تو کیا ہستی رکہتے تہے تمام دنیا آپکی نظر مبارک مین ہیچ تہی تمام عمر مبارک

حضور کی اسطرح گذری کہ صبح اوٹھکر دریافت فرمایا کہ کچہ کہانے کو ہے اگر موجود ہوا
نوش فرمایا نہین روزہ رکہ لیا سبحان اللہ ؎

مالکِ کونین ہین گو پاس کچہ رکھتے نہین
دو جہان کی نعمتین ہین اونکے خالی ہاتہہ مین

ابو سلمہ رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہین کہ جب مین پلٹ کر ذی قرد پر آیا تو وہان حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو مع لشکر اوترا ہوا پایا اور بلال رضی اللہ عنہ نے غنیمت کے اونٹون مین سے ایک اونٹ کو ذبح کیا اور اوسکے جگر اور کوہان کے کباب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے واسطے تیار کر رہے تھے مین جاکر خدمت شریف مین حاضر ہوا اور عرض کی کہ یارسول اللہ یہ لوگ پیاسے بہوکے بیتاب و طاقت جاتے ہین اجازت دیجئے کہ مین سو آدمی لیکر اونکے پیچھے جاؤن اور ایکو ایکو زندہ نچھوڑون آپ نے فرمایا کہ ایسا ہی کریگا اونہون نے عرض کی کہ اوس خدا کی قسم جسنے آپ کو معزز و مکرم کیا ہے ایسا ہی کرونگا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تبسم فرمایا کہ دندان مبارک کا نور ظاہر ہوا پہر آپ نے فرمایا کہ اے اکوع کے بیٹے اذا ملکت فاسجح یعنی جب غالب آئے تو نرمی اور نیکی کر سجاحت کے معنی سہولیت کے ہین یعنی شدت نکر کہ مقصود بالذات دشمنان خدا کو مغلوب کرنا ہے اور وہ بات حاصل ہوگئی الحمد للہ اور فرمایا کہ اونکی دعوت غطفانیون مین ہوتی ہے کہ ناگاہ ایک آدمی غطفان مین سے آیا اور بیان کیا کہ ہم لوگون نے اونکی دعوت کا سامان کیا تھا اونٹ ذبح کرکے کہال کہینچ رہے تھے کہ آسمان پر ایک غبار نظر آیا گمان ہوا کہ لشکر اسلام کی گرد ہے خوف زدہ ہوکر سب بہاگ گئے بعد ازان صبح کو آپ نے فرمایا خیر فرساننا الیوم ابو قتادہ وخیر رجالتنا سلمہ یعنے ہمارے سوارون مین اچھا سوار آجکے دن ابو قتادہ ہے اور ہمارے پیدلون مین اچھا پیدل سلمہ ہے۔

سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہین کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مجھکو حصہ سوار اور پیادہ کا دیا اور سواری مین مجھکو اپنے پیچھے بٹھالیا اور ایک رات دن وہان ٹھہرے پہر لوٹ آئے اور مدتِ غیبت اس سفر کی پانچ راتین تھین۔

روایت ہے

یہہ روایت اوپر گذر چکی ہے وہان مجمل تھی اس دوسری روایت مین تفصیل سے ہے لہذا یہان پربہی درج کی جاتی ہے اس غزوے مین حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم گھوڑے سے گرے ساق مبارک یاران مبارک مین چوٹ آئی جب مدینہ مین رونق افروز ہوئے توکئی دن آپنے نماز بیٹہہ کرا دا فرمائی اور مقتدیون کو بھی حکم بیٹھنے کا دیا امام کی اتباع کے واسطے مگر اکثر علما کے نزدیک یہہ حدیث منسوخ ہے اسلئے کہ مرضِ موت مین آپنے بیٹہہ کر نماز ادا فرمائی اور مقتدی کھڑے رہے آپ نے اسی کو مقرر رکھا اسکو تقریر کہتے ہین واضح ہو کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا گھوڑے سے گرنا صاحب جذب القلوب اور سیر گازرونی نے وقایع سالِ پنجم مین بلا قید کسی غزوہ کی ذکر کیا ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا اور باقی اہل سیر نے واقعات سالِ ششم سے اس غزوہ مین ذکر کیا ہے پس وجہہ توفیق اسطرح پر ممکن ہے کہ کہا جاوے کہ وہ واقعہ دوسرا ہو اور یہہ دوسرا ہے اور پر اختلاف روایات کے کہ کسی کو روایت اسکی بلا قید غزوہ سالِ پنجم کے پہونچی اور کسیکو بقید غزوہ سالِ ششم کے۔ اور مروی ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اس غزوہ مین صلوات الخوف دوسری بار پڑہی۔ اور مواہب لدنیہ مین ہے کہا ابن اسحاق نے کہ رہتے تھے وہان پر ایک شخص اور اونکی زوجہ قبیلہ غفار سے تھی سو مار ڈالا اونہون نے مرد کو اور پکڑ لے گئے اوس عورت کو اور سوار ہوئی وہ عورت رات کے وقت غفلت مین اون سے اونٹنی پر رسول اللہ کی

اور نذر مانی اوسنے کہ اگر نجات پاؤن مین اس سے تو ذبح کرون مین اوسکو جب وہ آئی حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس تو اوسنے خبر دی آپ کو اپنے اس نذر کرنے سے آپ نے فرمایا لا نذر فی معصیۃ ولا لاحد فیما لا یملك یعنی نہین ہے نذر گناہ کے کام مین اور نہین پہونچتا ہے کسی ایک کو کہ نذر کرے اوس چیز کی کہ نہین ہے مالک اوسکا۔

اور اسی سال مین آپ نے استسقا فرمایا

یعنی طلب باران کے لئے دعا کی سات دن تک متصل پانی برسا اور استسقا کرنا آپکا چہہ وجہون سے ثابت ہے سفر السعادت مین ہے۔

وجہہ اوّل

یہہ ہے کہ آپنے جمعہ کے دن خطبہ پڑہنے مین باران کے واسطے دعا کی اور کہا ان لفظون سے اللھم اغثنا اللھم اسقنا اللھم اسقنا یعنے اے اللہ مینہ برسا اے اللہ پانی برسا اے اللہ پانی برسا یعنی پانی پلا اپنی مخلوق کو اسکی تفصیل شرح سفر السعادت مین ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عہد مبارک مین قحط سالی ہوئی جمعے کے دن حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خطبہ پڑہ رہے تھے کہ ناگہان ایک اعرابی اوٹھکر کہنے لگا یا رسول اللہ هلك المال وجاع العيال فادع لنا ترجمہ اے اللہ کے رسول جاتا رہا مال اور بہوکے ہین عیال اللہ سے ہمارے واسطے دعا کیجئے اور ایک روایت مین ہے قحط المطر واحمرة الشجر وهلك البهائم ترجمہ یعنی پانی کا اسناک ہوا اور اشجار جو سبز تھے وہ خشک ہوگئے اور چارپائے ہلاک ہوگئے۔ اور ایک

روایت مین ہے هلكت المواشی هلكت العيال هلكت الناس
ترجمہ ہلاک ہوئے چارپائے ہلاک ہوئے عیال ہلاک ہوئے آدمی۔ پہراوٹہائے
حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے دونون دست مبارک اور دعا مانگی
ان لفظون سے اللهم اغثنا ترجمہ اے اللہ فریاد کو پہونچ چار بار اور ایک روایت
مین تین بار اور ایک روایت مین ہے اللهم اسقنا ترجمہ اے اللہ ہمکو پانی پلا
دو بار فرمایا۔

انس رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہین کہ خدا کی قسم ہم نہ دیکھتے تھے آسمان مین کوئی
ٹکڑا ابر کا اور حال یہہ ہوا کہ ابہی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ہاتھ
اوٹہا کر نیچے نہین کئے تھے کہ ابر پہاڑونکی طرح آسمان کے کنارون سے بلند ہوا اور
پانی برسا اوسدن اور دوسرے دن اور اگلے جمعہ تک پہر آیا وہ اعرابی یا کوئی دوسرا
اور کہا اوسنے یارسول اللہ انهدم البنا وغرق المال ترجمہ یارسول اللہ صلعم
مکانون کی بنیادین گرپڑین اور مال پانی مین غرق ہو گئے اور ایک روایت مین ہے
هلكت الاموال وانقطعت السبل ترجمہ یعنے جانور ہلاک ہوے اور نالی
کٹ گئے اور عرض کی کہ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم دعا فرمائیے کہ
اللہ تعالے شانہ اس ابر کو کہول دے پہر آپ نے اپنے دست مبارک اوٹہائے
اور ایک روایت مین ہے کہ تبسم فرمایا آپ نے بسبب سرعت ملال بنی آدم کے اور
دعا فرمائی اللهم حوالينا ولا علينا ترجمہ یا اللہ ہمارے گرد پانی برسا ہمپہ نہ برسا
اس سے مراد حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی یہہ تہی کہ صحراءون اور
کہیتون مین پانی برسا اور ہم تو سیراب ہو چکے اور ایک روایت مین ہے ساتھ
زیادتی کے اللهم على الاكام والظراب وبطون الاودية ومنابة
الشجر ترجمہ یعنی خداوندا پہاڑون پر اور ریتون کے ٹیلون پر اور نیچے تلون کے

اور درختون کے۔
اورجسطرف آپ اشارہ فرماتے تھے اوسی طرف کا ابر کھل جاتا تھا یہانتک کہ مدینہ پر کا ابر کھل گیا اور جاری رہے نالے اور کاریز ایک مہینے تک اور جو کوئی جسطرف سے آتا تھا پانی برسنے کی خبر لاتا تھا۔ اور ایک روایت مین ہے کہ کھل گیا ابر مدینہ مین اور نواح مین برستا تھا اور مدینہ مین ایک بوند بھی نہ پڑتی تھی یہہ معجزہ مسجد نبوی مین جمعہ کے دن خطبہ پڑہتے وقت ہوا تھا۔

دوسری وجہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہین کہ شکایت کی آدمیون نے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے قحط باران یعنی امساک باران کی آپ نے حکم کیا کہ منبر مصلی مین رکھنا چاہیئے اور وعدہ کیا صحابہ سے ایک روز معین کا کہ مصلی مین جاوین پھر اوس دن باہر نکلے آپ بعد طلوع آفتاب کے تواضع اور فروتنی سے ظاہر مین اور ساتھہ خشوع کے باطن مین اور پرانے اور میلے کپڑے پہنے اور تضرع کرتے ہوئے جب جائے موعود مین پہونچے منبر پر تشریف لے گئے اور تکبیر اور تحمید کہی اور فرمایا لوگون سے کہ شکایت کی تم نے قحط سالی اور تاخیر باران کی اور بے شک فرمایا ہے اللہ تعالی شانہ نے کہ دعا کرو مجہہ سے اور وعدہ فرماتا ہے کہ قبول کرونگا دعا تمہاری اور اس حدیث سے یہہ ثابت ہوتا ہے کہ نماز طلب باران کے لئے منبر کا نکالنا اور وہان رکھنا جس جگہہ نماز پڑہی جائے جائز ہے۔ مگر مشایخ حنفیہ کہتے ہین کہ منبر نہ نکالا جائے اس قول کی بنا اسبات پر ہے کہ یا حکم کیا اونہون نے حدیث کی عدم صحت پر یا یہہ حدیث اونکو صحت کے طریقہ سے پہونچی ہی نہتی کذا فی المرقات شرح مشکواۃ باب الاستسقا اور ولید بن عقبہ سے جو امیر مدینہ تھے مروی کہ اونہون نے آدمی بھیجا

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس اور دریافت کی اون سے کیفیت استسقائے نبوی کی۔ کہا ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہ نے کہ نکلے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم فروتن اور متواضع اور متضرع عیدگاہ کی طرف اور منبر پر چڑہے اور خطبہ نہ پڑہا آپنے ایسا جیسا کہ تم پڑہتے ہو یعنے طویل اور بسیط اور تکلف سے نہ پڑہا اور یہی صحیح ہے اور جو خطبہ آپنے پڑہا اوسکے کچھ جملے یہہ ہین الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین لا الہ الا اللہ یفعل ما یرید اللھم انت اللہ لا الہ الا انت تفعل ما ترید اللھم انت اللہ لا الہ الا انت الغنی ونحن الفقراء انزل علینا الغیث واجعل ما انزلت لنا قوۃ وبلاغا الی حین ترجمہ ہر طرحکی تعریف اللہ ہی کیواسطے ہے جو بڑا مہربان اور بڑا رحیم ہے اور مالک ہے روز جزا کا کسی معبود کا وجود نہین مگر اوسی واجب الوجود کا جسکا نام پاک اللہ ہے وہ جو ارادہ کرتا ہے وہ کرتا ہے اے خدا تو ہی اللہ ہے کوئی نہین معبود لیکن تو کرتا ہے جو کچھ ارادہ کرتا ہے اے خدا تو ہی اللہ ہے کوئی معبود نہین مگر تو جو غنی ہے اور ہم سب فقیر ہین نازل فرما ہمپر مینہ اور وہ ہماری قوت کا سبب ہو اور زندگی کا سبب ہو زمانہ دراز تک۔ پہر دونون دست مبارک اوٹھا کر تضرع وزاری شروع کی اور بلند کئے ہاتہہ کہ نظر آئے سفیدی دونون بغلونکی اس سے مراد اور کنایہ ہے ہاتہہ بلند کرنے سے اور کہا ہے کہ جسقدر کوئی واقعہ اور مطلب مشکل اور قوی ہو اوسیقدر ہاتہہ اونچے اوٹھانے مسنون ہین۔

روایت

مشکوٰۃ مین مسلم سے کہ استسقا کیا حضرت نے اور اشارہ کیا اپنے دونون ہاتہونکی پشت سے آسمانکی طرف یعنے اوٹھانا ہاتہون کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

استسقا مین اسیطرح تہا کہ پشت دونون ہاتہونکی آسمان کیطرف تہی برخلاف دعائے متعارفہ روزمرہ کے کہ ہتیلیان ہاتہون کی آسمان کیطرف کرتے ہین۔ اور ابو داود کی روایت مین بہی آیا ہے کہ جو دعا واسطے طلب اور سوال کسی نعمت کے ہو مستحب ہے کہ کیجائین ہتیلیان آسمانکی طرف اور جو واسطے دفع بلا اور فتنہ کے ہو تو کی جاوے پشت ہاتہون کی آسمان کیطرف۔

اور کہا طیبی نے کہ یہہ تفاول ہے حالت کے بدلنے پر پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مُنہ اپنا قبلہ کیطرف کیا اور پشت حاضرین کی طرف اور ردائے مبارک کو الٹ کر اوڑہا یعنی اندر کیطرف کا پلہ چادر کا باہر کیا یعنی اوپر ادر اوپر کا پلہ نیچے کیا اور داہنی طرف کا پلو بائین طرف اور بائین طرف کا پلو داہنی طرف اور کہتے ہین کہ یہہ تحویل اور تقلیب تفاول ہوتا ہے تغیرِ حال اور تبدیل امساک باران کے واسطے اور تنگی کی حالت کو فراخی سے بدلنے کے لئے۔

اور کہا بعض نے کہ یہہ اتباع ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی۔ اور کہا بعض نے کہ اسی طرح کیا جائے کہ بدل جائے حال نہ یہہ کہ صرف تفاول ہی ہے اسلئے کہ تفاول بغیر قصد اور بے اختیاری کے ہوتا ہے اور وہ ردائے مبارک سیاہ تہی۔ اور دعا کی آپنے اوسیطور کہڑے ہوکر پہر لوگون کی طرف مُنہ کیا آپ نے اور منبر سے اوترکر نماز شروع کی اور دو رکعتین بغیر ازان و اقامت کے پڑہین اور بعض روایت مین تکبیر بہی آئی ہے مثل عیدین کے اور وقت ادا کا وقت عیدین کی نماز کا ہے۔ اسلئے کہتے ہین کہ افضل وقت ادا کا اول روز مین ہے اگرچہ جواز ہر وقت مین ہے مگر خطبہ قبل نماز کے پڑہا مثل جمعہ کے اور ایک روایت مین بعد نماز کے بہی آیا ہے مثل عیدین کے اور قرات دونون رکعتون مین پکار کر پڑہی۔ اول رکعت مین سبح اسم ربك الاعلی اور دوسری رکعت مین هل اتٰك حديث الغاشية

پڑہی اور سورہ ق اور اقتربت الساعۃ کا پڑہنا بہی روایت مین آیا ہے پہر جب
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو ابر اور رعد اور برق نمودار ہوا
اور پانی برسنے لگا مسجد نبوی تک آتے آتے سیلاب ہوگیا۔ اور جو آپ نے اضطراب
لوگونکا ملاحظہ فرمایا تو ہنسے آپ کہ نواجذ مبارک آپکے دکہائی دیئے اور فرمایا کہ گواہی
دیتا ہون مین کہ اللہ تعالیٰ شانہ قادر ہے ہر چیز پر اور اقرار کرتا ہون مین کہ مین اوسکا بندہ
ہون اور اوسکا رسول ہون۔

اور سیر کازرونی مین ہے کہ جب اعرابی نے شکایت کی قحط کی تو آپ نے فرمایا کہ
فلان روز باہر چلین اور صدقہ دین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوسدن باہر
تشریف لے گئے اور دو رکعتین پڑہین اور قرات جہر سے پڑہی اول رکعت مین بعد سورہ
فاتحہ سبح اسم ربك الاعلیٰ اور دوسری رکعت مین هل اتك حديث
الغاشیہ پڑہی اور جب نماز سے فارغ ہوئے تو مُنہ لوگون کی طرف کیا اور اپنی رداکو
لوٹ لیا کہ قحط لوٹ جائے اور ارزانی آجائے اور دو زانو بیٹہکر ہاتہ اوٹہاکر تکبیر فرمائی
اللهم اسقنا واغثنا غيثاً مغيثا وحياء وربيعا طبقاً وجداً غرقاً
مغرقاً عاماً هنياً مريا مريعاً مريقا وابلاً شاملاً سابلاً مجلاً
مجلذاً دائماً دراراً نافعاً غيرضارا عاجلا غير رائث غيثا
اللهم تحيي بها البلاد تغيث بها العباد وتجعله بلاغاً للحاضر منا
والباد اللهم انزل علينا من السماء ماءً طهوراً تحيي به بلدة
ميتا واسقه مما خلقت انعاماً واناسي كثيراً ترجمہ اے اللہ پانی پلا
ہمکو اور فریادرسی کر ہماری بارش کے ذریعہ سے طلب کرتے ہین ہم تجہسے بارش اور
مانگتے ہین ہم تجہسے بہت برسنے والی بارش اور دے اپنے فضل وکرم سے ہمکو ایسا مینہ
جو عالمگیر ہو اور مانگتے ہین تجہسے رزق موافق حاجت کے پورا اور مراد رزق سے یہان

وہ شے ہے جو رزق کا سبب ہے یعنے پانی اور ایسا پانی جو غرقاً ومغرقاً ہو یعنی
بہت کہیتیون کو سیراب کرنے والا جس سے کہیت لبالب بہر جائین عربی کی زبان کے
محاورے مین غیثاً مغیثاً اور وہ بارش ایسی ہو ہنیاً مریّاً مریعاً یعنی شامل ہو سبکو
اور مفید جیسے اردو محاورہ مین پچا پچا کہتین اور مانگتے ہین ہم تجہسے بارش صافی یا رواق دا
یعنی کہڑکیون والی اور وزن دار یعنی ابر بہت خالی ہونے والا جو بوجہل ہے پانی سے
بہرا ہوا اور پری مین تلا ہوا یعنی ایسا ابر جو پانی دینے والا ہو ریلون پیل اور خوش کرنیوالا
وابلاً شاملاً یعنی شامل ہر زمین وزراعت کو اور پہونچنے والا سابلاً۔ اُترنے والا پے درپے
مجلداً یعنی پانی جما ہوا دیرپا کثیر المنفعت بابرکت مفید زراعت دائماً دیرپا اور متواتر
برسنے والا ابر تمام موسم بہر ذراراً۔ یعنی بکہرنے والا نافعاً غیر ضارٍ۔ نفع رسان بغیر نقصان
کے عاجلاً غیر رائثٍ یعنے ایسا ابر بہیج کہ جلد بے درنگ برس پڑے یا اللہ زندہ کردی تو
اوسکے سبب سے شہرون کو اور زمینون کو جو مردہ پڑی ہوئی ہین یا اللہ تو فریادرسی کر
اوس ابر کے سبب سے اپنے بندون کی اور کر تو اوسکو ذریعہ پہونچنے کا مقصود کو واسطے
حاضرین کے ہم مین سے جو شہر کے رہنے والے اور جو جنگلون مین رہتے ہین یا آلہی نازل کر
ہمپر پانی پاک وصاف کہ زندہ کرے تو اوسکے سبب سے زمین مردہ کو اور پلا تو اوس
پانیکو اپنی مخلوق مین سے آدمیون کو اور جانورون کو ۱۲

روایت ہے

کہ جب حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دعا سے فرصت کی پانی برسنا
شروع ہوا سات دن اور رات تک برسا کیا پہر مسلمانون نے آکر عرض کی یا رسول اللہ
زمین غرق ہوگئی مکانات گر پڑے راہین بند ہوگئین آپ دعا کیجیے کہ اللہ تعالے شانہ
باران کو روک لے پہر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تبسم فرمایا کہ آپ کے

دندان مبارک نظر آگئے اور اتنی جلد جو لوگون کو بارش سے ملالت ہوئی تو آپ نے تعجب فرمایا اور دونون دست مبارک بلند فرمائے اور ان لفظون سے دعا کی اللھم حوالینا ولا علینا اللھم علی روس الظراب ومنابت الشجر وبطون الاودیة وظھور الاکام ترجمہ اے اللہ پانی برسا ہمارے گرداگرد اور نہ برسا ہمپر ای اللہ پانی برسا ریت کے ٹیلون پر اور درختون کی جڑون مین اور نالونمین اور پہاڑون پر پس ابر مدینے سے پھٹ گیا اور اوسکے نواح مین برستا تھا اور شہر مین ایک بوند نہ پڑتی تھی۔

روایت ہے

اور بعض روایت مین آیا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مدینہ کو دیکھا کہ شل خیمہ کے تھا اور پانی گرد برستا تھا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہنسے کہ اگلے دندان مبارک نظر آئے اور فرمایا کہ خدا ابو طالب کو اچھی مکافات دے اگر زندہ ہوتے تو اون بیتون سے جو اونہون نے کہین ہین اونکی آنکھین روشن ہوتین حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کی مگر وہ آپ جانتے ہین کہ اوسکے معنی یہہ ہین آپ نے فرمایا ہان پھر ایک نے بنی کنانہ مین سے اوٹھکر یہہ معنی نظم کئے۔

نظم

خدا داد باران بما تشنگان	تبعظم پیغمبر انس وجان
ازان یافتہ روزی ایتام ما	ازان گشتہ سیراب انعام ما
بنو ہاشم اندر پناہ دیند	ہمہ طالب عز وجاہ دیند
بہر رزم غالب محمد بود	بنصرت زریزدان موید بود

نداریم مادست از دامنش	وگرگشتہ گردیم پیرامنش

نظم بنی کنانہ

سپاس بقیاس وحمد بحید	ثنائے حضرت معبود سرمد
کہ باران داد مارا بجد ومر	بآبِ روئے آن فرخ پیمبر
چو روئے خویش سوئے آسمان کرد	بحالی خدا باران روان کرد
ہمہ مشتے ضعیفان را بہ بخشود	در روزی بروئے خلق بکشود
ہمہ از حرمت جاہ نبی بود	ابوطالب چنان گفت وچنین بود
ہرآن کوشکر گوید بیش یابد	چو کافر شد سزائے خویش یابد

پہر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ کسی شاعر نے نیک شعر کہے تو تو نے بہی نیک شعر کہے۔

مواہب لدنیہ مین ہے

کہ اگر کوئی کہے کہ ابوطالب کو کہان سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم کے استسقا سے پانی برسا تو جواب یون ہے کہ تحقیق ابوطالب نے اشارہ کیا اوس واقعہ کیطرف جو عبد المطلب کے زمانے مین ہوا تہا اور عبد المطلب نے استسقا کیا تہا قریش کے واسطے اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنے دادا کے ہمراہ تہے انتہی۔ اور اس حدیث مین دلیل اسپر ہے کہ حاجات مین تشبث شعر کے ساتھ کرنا درست ہے اور بعض نے اس مطلب استسقا کو نظم کیا ہے۔

نظم

چو ابر سیه دل نمیداد آب
بخواہش بہ نزد پیمبر شدیم
دعا کرد پیغمبر پاکِ دین
بدین بود کز جانب سلع ابر
ببارید شش روز بردشت وکوه
دعا کرد دیگر رسولِ خدا

در آن حرث ونسل جہان شد خراب
با فتادگی خاک آن در شدیم
کہ یارب بہ بخشا بر اہل زمین
بر آمد بگردار غرنده ببر
ز سیلاب گشتند مردم ستوه
کہ تا باز بگشود ابر از سما

تیسری وجہ

جو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے استسقا کیا تہا یہہ ہے کہ جمعہ کے روز مدینہ مین مسجد شریف کے اندر منبر پر استسقا کیا اور بعد غزوہ تبوک کے بنی فرازہ کے ایلچی نے حاضر ہوکر قحط کی حالت بیان کی اور عرض کی کہ باران کی دعا کے واسطے اور درخواست کی کہ آپ شفاعت کرین ہماری پروردگار سے اور پروردگار شفاعت کرے آپ سے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا وَیْلَکُمْ یعنی افسوس ہے تمہاری سمجھ پر تمام دنیا پروردگار سے شفاعت کرتی ہے ایسا کون ہے کہ پروردگار تعالے شانہ اوس سے کسی بندیکی سفارش یا شفاعت کرے لا الہ الا ہو العلی العظیم اور فرمایا کہ ہنستا ہے پروردگار تعالی تمہاری اس نالہ وفریاد پر۔ ایک اعرابی اوس جماعت مین کہڑا تہا اوسنے عرض کیا کہ خندہ کرتا ہے پروردگار ہمارا آپنے فرمایا ہان خندہ کرتا ہے اعرابی نے کہا بس مین نہ کم کرونگا خیر اپنے پروردگار سے کہ خندہ کرے اور خوش حال ہو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکی اس تقریر پر

تبسم فرمایا اور منبر پر رونق افروز ہوئے اور دست مبارک بلند کرکے باران طلب کیا ایک ہفتہ کامل پانی برسا اور کسی استسقا مین نماز پڑہنا آپکا ثابت نہین ہے سوا دوسری وجہہ مذکورہ کے بلکہ ہر استسقا مین فقط خطبہ اور دعا ہی منقول ہے یا صرف دعا ہی منقول ہے کما ستعرف۔

چوتھی وجہہ یہہ ہے

کہ مدینہ منورہ کی مسجد مین بیٹھے ہی بیٹھے استسقا فرمایا نہ منبر پر چڑہے نہ کہڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا اللھم اسقنا غیثا مغیثا مریئا مریعا طبقا عاجلا غیر رائث ترجمہ اے اللہ پلا ہم کو آب باران جسمین عام فائدہ ہو عالم گیر جو ہر جگہہ برسنے والا ہو بہت جلد جسمین دیر نہو۔

پانچوین وجہہ یہہ ہے

کہ باہر مسجد سے زورا کے نزدیک زورا ایک مکان ہے کہ اوسکو احجار الزیت کہتے ہین مسجد کے دروازے سے نزدیک ہے اب اوسے باب السلام کہتے ہین ایک بار آپ نے وہان استسقا کیا کہڑے ہوکر ہاتھہ چہرۂ پرنور کے مقابل اوٹھاکر بغیر اسکے کہ سر مبارک سے اونچے ہوجائین۔

چھٹی وجہہ یہہ ہے

کہ بعض غزوات مین مشرکون نے آگے بڑہکر پانی روک لیا اور مسلمان بے پانی رہگئے اور سب پیاسے ہوئے اور اپنا حال حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کیا منافقون نے کہ اکثر وہ یہود تھے یا مشرک کہنے لگے کہ رسول اللہ صلعم

اگر پیغمبر ہوتے تو اپنی قوم کے واسطے استسقا کرتے اور اوس مین معجزہ دکھلاتے جیسے موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے واسطے استسقا کیا تہا کہ بحکم الٰہی پتہر پر عصا مارنیسے بارہ چشمے نکلے تہے ہر قوم کے لئے جدا جدا آپ نے یہہ سنکر فرمایا از روئے استفہام اعتماداً علیٰ قدرت باری عزوجل اور مغلوبیت اور بیسنکوہیت منافقین کے لئے کہ کیا یونہین کیا اونکے نبی نے بطور انکار کے کہ نا اُمید نہ ہو تم اے مسلمانون شاید اللہ تعالیٰ شانہ پانی دیوے تمکو پھر اوسیوقت آپنے اپنے دونون ہاتھ اوٹھا کر دعا فرمائی فوراً ابر نمودار ہوا اور ایسا چھا گیا کہ اندہیرا ہو گیا اور خوب پانی برسا کہ بڑے بڑے نالے پانی سے لبریز ہو گئے وہ دعا جو آپ نے اس استسقا مین کی تہی یہہ ہے اللھم اسق عبادك وبھائمك وانتشر رحمتك واحی بلدة المیت اللھمّ اسقنا غیثاً مغیثاً مریئاً مریعاً نافعاً غیر ضار عاجلاً غیر رائث یہہ چہیون وجہین سفر السعادت کی بیان ہو چکین اور دو وجہین انکے سوا شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے شرح صراط المستقیم مین ذکر کی ہین کہ اون دونون سمیت یہہ آٹھ ہوئین اون مین سے ۔

ساتوین وجہ یہہ ہے

ساتوین وجہ یہہ ہے کہ بخاری شریف مین آیا ہے اور مسلم اور ترمذی مین لفظون کے اختلاف کے ساتھہ کہ جب قریش نے اسلام لانے مین تاخیر اور سرکشی کی تو مجبور ہو کر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکے واسطے بد دعا فرمائی اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اللھم کسبع یوسف یعنی خداوندا بہیج اونپر قحط سات برس کا جیسا کہ بہیجا تو نے یوسف علیہ السّلام کے زمانے مین سنین کسنین یوسف یعنی قحط بہیج اونپر قحط یوسف کے مانند پھر پکڑا اونکو

قحط نے اور ہلاک ہوئے وہ اوس مین اور مردار اور چمڑا اور ہڈی کہانے لگے اور آسمان مین دہوین کے مانند اونکو کچھہ نظر آتا تہا پہر ابوسفیان حاضر خدمت ہوا اور کہا کہ اے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تم آئے ہوا ور حکم کرتے ہو صلہ رحم کا اور یہہ تمہاری قوم ہین اور ہلاک ہوتے ہین دعا کرو اور پانی مانگو خدائے تعالے سے پہر آپنے دعا کی اور پانی برسا اور ایک ہفتہ تک برابر برسا پہر شکایت کی لوگون نے پانی کی کثرت کی تو آپ نے ارشاد فرمایا اللھم حوالینا ولا علینا پہر کہل گیا اُنپر سے ابر اور برسا کیا اونکے گرداگرد پانی۔

واضح ہو کہ یہہ قصہ اکثر کے نزدیک مکہ مین ہوا ہے اور عرض کرنے والے واسطے طلب باران کے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین ابوسفیان اموی والد امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ ہین اور شیخ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری مین کہا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی بددعا کی ابتدا اونپر اوس روز سے تہی کہ اون بدبختون نے آپکی پشت مبارک پر اونٹ کی اوجھہ رکھدی تہی اور آپ نماز مین تھے۔ اور بعض روایات سے ایسا ثابت ہوتا ہے کہ یہ قضیہ مدینہ مین ہوا او سوقت کہ آپ دعاء قنوت مین اونپر بددعا کرتے تھے الغرض ہمنے اون اختلافات کو بنظر طوالت کتاب قلم انداز کیا۔

آٹھوین وجہہ یہہ ہے

کہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے **جمع الجوامع** مین ابن عساکر سے روایت کی ہے اور رجال اوسکے ثقات ہین کہ قحط پڑا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے زمانہ مین پس باہر نکلے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بقیۃ الغرقد کو دستار سیاہ باندہے ہوئے اور آپ دستار مبارک کے دونون سرے چہوڑے ہوئے تہے ایک سرا

آگے بغل کیطرف اور دوسرا پیچھے دونون شانون کے درمیان اور تکیہ کئے ہوے تھے کمان عربی پر قبلہ رو ہوکر دو رکعت نماز پڑہی صحابہ نے اقتدا کی انتہی واضح ہو کہ یہہ سب وجہین آٹھہ ہوئین۔

نوین وجہ

یہہ ہے جو شواہد النبوت مین ہے کہ وفد یعنی وکیل سلامان آئے اور اسلام لائے اور احکام شریعت کے سیکھے اور عرض کی کہ ہماری زمین مین قحط اور خشک سالی ہے آپ دعا فرمائین حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکے واسطے دعا کی اوسیدن وہان پانی برسا انتہی اور سفر السعادت مین بعد چند ون وجہون کے مذکور ہے کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم باران کے واسطے دعا کرتے تھے قبول ہوتی تھی اور اوسیوقت پانی برستا تھا ایک بار آپ دعا کر رہے تھے انہین چھہ وجہون مین سے یا سوا انکے کہ ابولبابہؓ صحابی اُٹھے اور عرض کی کہ یارسولؐ اللہ خرمے مربد مین سوکھہ رہے ہین خراب ہوجائینگے یہہ ابولبابہؓ نے اپنے خیال کے موافق کہا کہ آپکی دعا ضرور قبول کیجائیگی اور پانی برسے گا تو خرمے بہیگ کر بگڑجائینگے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اللھم اسقنا حتی یقوم ابولبابۃ عریانا فیسد ثعلب مربدۃ بازارہ یعنے اسے اللہ پانی برسا ہمارے واسطے یہانتک کہ اوٹھے ابولبابہ برہنہ اور بند کرے اپنے مربد کا ناودان اپنے تہبند سے یہان اشکال ہے کہ نہی وارد ہے برہنہ ہونے سے۔

جواب

یہہ ہے کہ حضورؐ پر نور نے حال ابولبابہؓ کا بیان فرمایا ہے نہ جواز برہنہ ہونے کا

اور یہہ بہی ہوسکتا ہے کہ مربد ابولبابہؓ کا احاطہ رکہتا ہو تو پردہ دار مکان ہوا ایسے مکان مین برہنہ ہونا عند الضرورت مضایقہ نہین رکہتا برہنہ ہونا بے قید مکان مین منع ہے۔ فامطرت فاجتمعوا الی ابی لبابة فقالوا انها لن تقلع حتی تقوم عریانا فتسد ثعلب مربدک کما قال رسول الله صلے علیه وآله واصحابه وسلم ففعل فاستهلت السماء ترجمہ پہر برسنے لگا پانی اور جمع ہو گئے صحابہ ابولبابہؓ کے پاس اور کہا سب صحابہ نے ابولبابہؓ سے کہ بے شک یہہ ابر ہرگز نہ کہلے گا یہانتک کہ تم برہنہ ہوکر اپنے تہبند سے ناودان کو بند کرو تو جسطرح حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا تہا ابولبابہؓ نے اوسیطرح کیا پہر آسمان نے بڑے زور سے پانی برسایا۔

فائدہ

معلوم ہوتا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہہ الفاظ دعا کرنیکی حالت مین فرمائے تہے کہ الٰہی یہانتک پانی برسا کہ ابولبابہ ننگا ہوکر اوٹہے اور اپنے تہبند سے مربد کے ناودان کو بند کرے یہہ ایک قسم کی چشم نمائی تہی ابولبابہؓ کے واسطے کہ اللہ تعالیٰ شانہ کی مخلوق تو پانی کی محتاج ہے اور انکو اپنے خرمون کے خشک ہونے کی پڑی ہے آدمی کو چاہیئے کہ اپنے فائدے کو تمام مخلوق کے فائدے پہ مقدم رکہے۔

واضح ہو کہ غلہ کی تجارت مین غلہ کو اس نیت سے بند کرکے رکہنا منع ہے کہ وہ خیال کرتے ہین کہ ہم ایام قحط مین اس سے نفع اوٹہائینگے اور مجرد تجارت غلہ کی منع نہین ہے۔

اسلام جیسا خود پاک ہے ویسی ہی پاکیزگی ہمین تعلیم کرتا ہے انتہی مواہب لدنیہ

مین ہے کہ بعد اسکے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کی اوسی شخص نے
جسنے پانی برسنے کے واسطے عرض کی تہی کہ ابتو پانی کہُل جاے پہر آپ نے دعا کی
پانی فوراً تہم گیا اور جب پانی بہت برستا اور اصحاب پانی کہلجانیکے واسطے عرض کرتے
توآپ یہہ دعا کرتے اوپر بہی یہہ دعا تحریر ہوچکی ہے اور پہر بہی اس مقام پر تحریر
ہوتی ہے دعا بار بار اچہی معلوم ہوتی ہے اسلئے کہ پروردگار تعالٰے شانہ کے حضور
مین جسقدر عرض معروض کی جاے بہتر ہے جبتک بندہ کی زبان چلتی رہے اپنے
مالک سے عرض حال کرتا رہے یہہ وہ مالک نہین ہے کہ سایلون کی کثرت سے
گہبرا جاے تمام کائنات اس مالک کے در کے سائل ہین اور سب مانگتے ہین
اور پاتے ہین اور ایسا پاتے ہین کہ گہر مین بادشاہ بنے بیٹہے ہین اس مالک کے
پاس وہ خزانہ نہین ہے جو کم ہوجاے تمام دنیا مانگ رہی ہے اور سب کو مل رہا
ہے اور ابد الآباد تک ملتا جاے اور خزانہ ویسا ہی بہرپور رہیگا وہ دعا جسکی تکرار
ہوتی ہے یہہ ہے اللهم حوالینا ولا علینا اللهم علی الآکام والظراب
والجبال وبطون الاودیة ومنابت الشجر اور عادت شریف آپ کی یہہ تہی کہ
جب پانی برستا توآپ اوس پانی سے غسل فرماتے اور جولوگ اسکا سبب پوچہتے
توآپ فرماتے لانہ حدیث عہد بربہ یعنی یہہ فعل میرا اسلئے ہے کہ یہہ
نیا باران ہے میرے پروردگار کے پاس سے آیا ہے اور اب عدم سے وجود مین
آیا ہے اور یہہ ضرور ہے کہ جو چیز محبوب کے پاس سے آتی ہے وہ محب کو خواہ نخواہ
اچہی معلوم ہوتی ہی کہ شاید کوئی خبر یا نشان یا کوئی اثر تازہ اوس سے حاصل ہو اور کچہہ
پاک خیال حضرات فرماتے ہین اور کیا خوب فرماتے ہین کہ جب پانی برستا
ہے تو اچہوتا ہوتا ہے ابہی تک کسی گنہگار کے ہاتہون نے اوسے نہین چہوا بس
بالکل بابرکت ہوتا ہے اور اشارہ ہے اسمین تعلیم امت کے لئے کہ جس چیز مین

خیر و برکت ہوا انسان اوسکی طرف رغبت اور قربت کرے اور جب آب و ہوائے تند
اور بادل کو ملاحظہ فرماتے تو کراہت آپکے چہرۂ نورانی سے ظاہر ہوتی اور دولتخانہ
سے باہر آتے اور اندر جاتے یعنی اضطراب کے سبب سے اور جب آندہی کے
بعد پانی برسنا شروع ہوتا تو آثار فرحت و سرور پیدا ہوتے اور کراہت کی حالت
دفع ہوجاتی۔

دعائے طلب باران

اللهم اسقنا غيثاً مغيثاً هنيئاً مريئاً مريعاً غدقاً مُجَلِّلاً عاماً
طبقاً سحاً دائماً اللهم اسقنا الغيث ولا تجعلنا من القانطين
اللهم ان بالعباد والبلاد والبهائم والخلق من اللاواء والضنك
ما لا نشكوه الا اليك اللهم انبت لنا الزرع وادر لنا الضرع
واسقنا من بركات السماء وانبت لنا من بركات الارض اللهم
ارفع عنا الجهد والجوع والعري واكشف عنا من البلاء ما لا يكشف
غيرك اللهم انا نستغفرك انك كنت غفاراً فارسل السماء علينا
مدراراً ترجمہ الٰہی پلا ہمکو مینہ فریادرسی کرہاری کیسا مینہ رچتا پچتا بہت نفع
پہونچانے والا تمام زمین پر عالمگیر بہت بہنے والا اور ٹھیرنے والا۔ الٰہی پلا ہمکو
مینہ اور نکرنا اُمید ونمین سے۔ الٰہی تحقیق بندون اور شہرون اور جانورون اور
مخلوق پر جو بیماریین اور تنگی ہے اوسکی شکایت نہین کرتے ہم مگر تیری ہی طرف۔
الٰہی اوگا ہمارے واسطے کہیتی اور گہا ہمارے واسطے کدو یعنی بازارون اور گہرونمین
لوگ بیچنے کو لئے پہرین۔ اور پلا ہمکو آسمانکی برکتون سے اور اُگا ہمارے واسطے

زمین کی برکتون سے۔ الٰہی اوٹھا دے ہمپر سے مشقت اور بھوک اور برہنگی اور دور کر ہمپر سے بلا وہ کہ سوا تیرے کوئی اوسکا دور کرنے والا نہوا ور ہم بخشش چاہتے ہین تجھسے بیشک توہی بخشنے والا ہے تو چھوڑ دے ہمپر آسمانکی دہارین ۱۲

اور فرماتے تھے کہ استجابت دعا کو طلب کیا کرو چند محل مین۔ ایک جسوقت جہاد مین صفین باندہ کر کفار کے مقابلہ مین کھڑے ہوا ور ملاقی ہو دشمنون سے کہ یہ وقت نزول رحمت کا ہے تمپر اسلئے کہ تم اللہ واحد کی توحید پھیلانے مین اپنی عزیز جانین نثار کرتے ہوا ور کفر کے نیست و نابود کرنے مین کوشش کر رہے ہو۔ دوسرے نماز کی اقامت کے وقت کہ یہہ بھی افضل اوقات سے ہے اور شیطان کے مقابلہ مین یہہ جہاد اکبر ہے تیسرے پانی برسنے کے وقت کہ وقت نزول رحمت ہے اسلئے کہ اوسوقت کہ پروردگار تعالےٰ شانہٗ کی شان ربوبیت و رزاقی عام ہوتی ہے دوست دشمن کا فرق باقی نہین رہتا بادشاہ و گدا انسان و حیوان سب کے رزق کا یکسان سامان ہوتا ہے۔ چوتھے بیت اللہ شریف کے دیکھنے کیوقت بھی دعا قبول ہوتی ہے۔

انکے سوا اور اوقات بھی قبولیت دعا کے ہین جیسے لیلۃ القدر مین۔ اور عرفے کے دن۔ اور ماہ رمضان مین اور ماہ رجب کی پہلی شب مین۔ اور پندرہوین شعبان کو اور عیدین کی رات کو۔ اور جمعہ کی رات کو اور جمعہ کے دن کو اور ہر رات کی پچھلی رات مین۔ اور ہر شب کی اول تہائی مین اور چہارشنبہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان اور وقت طلوع صبح صادق۔ اور ہر فرض نماز کے بعد۔ اور قرآن شریف کی تلاوت کے بعد۔ اور بعد ختم قرآن کے۔ اور آب زمزم کے پینے کے وقت۔ اور مسلمانون کے ازدحام کے وقت مثل عیدین کے اور نماز استسقا کے وقت۔ اور بعد پڑھنے سورہ اخلاص کے۔ اور امام کے ولا الضالین کہنے کے وقت۔ اور تکبیر کہنے کیوقت

اوراس آیت کے تلاوت کرنیکے جو سورہ انعام مین ہے حتیٰ نوتی مثل ما اوتی رسل اللہ اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ - دونون لفظ اللہ کے درمیان اور قبول ہوتی ہے دعا ساعت جمعہ مین اور یہہ سب اقوال ارجح اور اقوی ہین - اور اذان کے وقت - اور اذان واقامت کے درمیان کے وقت مین - اور بعد حی علی الصلوٰۃ وحی الفلاح کے - اور سجدہ مین - اور اوس مرنے والیکے پاس کہ جو نزع کی حالت مین ہے - اور مرغ کی بانگ کے وقت جب وہ صبح کو بانگ دیتا ہے - اور اوس وقت کہ جب اللہ تعالےٰ کا ذکر مجلسو نمین ہو - اور اوس وقت کہ جب مرنے والے کی آخری سانس کے بعد آنکھہ بند ہوتی ہے - اور مطاف مین طواف کرتے وقت - اور نزدیک ملتزم کے - اور میزاب رحمت یعنی خانہ کعبہ کی چہت کے پرنالے کے نیچے - اور خانہ کعبہ کے اندر - اور صفا مروہ پر - اور سعی کرنیکی جگہہ مین یعنی دوڑتے ہین صفا مروہ کے بیچ مین - اور مقام ابراہیم مین - اور عرفات مین - اور مزدلفہ مین - اور منیٰ مین - اور شیطان کو کنکریان مارنیکے تینون مقامون مین - اور دعا قبول ہوتی ہے مضطر اور مظلوم کی اگرچہ وہ فاجر اور کافر ہو - اور دعا قبول ہوتی ہے والدین کی اولاد کے حق مین - اور دعا قبول ہوتی ہے بادشاہ عادل کی - اور دعا قبول ہوتی ہے مرد صالح کی - اور دعا قبول ہوتی ہے اوس اولاد کی جو اپنے والدین کا فرمانبردار اور خدمت گذار ہو - اور دعا قبول ہوتی ہے اوس متقی روزہ دار کی جسکے روزے مکروہات سے پاک ہون افطار کے وقت - اور دعا قبول ہوتی اوس مسلمان کی جو اپنے کسی مسلمان بہائی کے لئے اوسکی پیٹھہ پیچھے دعا کرے یعنی جسکے لئے دعا کرے اوسے خبر بہی نہو کہ میرے واسطے کسی نے دعا کی ہے - اور بہ تحقیق اللہ تعالےٰ شانہ کے کچہہ ایسے بندے ہین بزرگ اور مقدس اور ہر زمانے مین وہ

موجود رہتے ہین اور آتش دوزخ سے آزاد ہین اونکو ہر شب اور ہر روز مین ایک ایک دعاے مقبول دی گئی ہے اور جسکے واسطے کرین تو قبول ہوتی ہی کذا فی حصن الحصین و شرح ظفر جلیل

ذکر حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ اصحابہ وسلم کے عمرہ کا اور صلح حُدیبیہ کا

اسی سال مین دوشنبہ کے روز غرہ ذی القعدہ مین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بقصد عمرہ تشریف لے گئے اور حدبیہ مین قیام فرمایا اور حدیبیہ ایک گاؤن ہے وہان سے مکہ مکرمہ نوکوس ہے اور حل و حرم کے بیچ مین واقع ہے اور اکثر اوسکا حرم مین ہے اور حُدیبیہ اصل مین نام ایک چاہ یا درخت کا ہے کہ اوس مقام مین تھا اور اب اوس مقام کا نام ہوگیا ہے اور وہ مکان

رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے زمانے مین متعین اور معلوم تہا
اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے عہد مبارک مین مبہم اور مجہول ہوگیا اب آدمی اوسکی زیارت
سے محروم ہین اوسکی جہت مسافت کی معلوم ہے مگر مخصوص اور متیقین نہین ہوتا
اور سعید بن مسیب اپنے باپ سے کہ وہ اصحاب بیعت الرضوان مین سے تھے
روایت کرتے ہین کہ کہا اونہون نے کہ رجوع کی ہمنے سال آیندہ مین پس سنا گیا
وہ ہمسے یعنی حال اوس درخت کا اور اوسکے نیچے بیعت کرنیکا اور نہ پہچانا ہمنے
اوس جگہہ کو اور طارق بن عبدالرحمن سے **مروی** ہے کہ کہا اونہون نے کہ مین
حج کو گیا تو گذرا مین ایک قوم پر کہ نماز پڑہ رہے تھے یعنی حدیبیہ مین اور اوس زمانہ
مین راہ مکہ معظمہ کی حدیبیہ مین ہوکر تھی اور اب حدیبیہ بائین ہاتہہ کو راستے سے
ہٹا ہوا ہے۔ کہتے ہین طارق کہ مینے اون لوگون کو ایک مسجد مین جو وہان بنی ہوئی
تھی نماز پڑہتے دیکھا مینے پوچہا کہ کیسی ہے یہہ مسجد تو کہا اون لوگون نے کہ
جگہہ اوس شجر کی ہے کہ بیعت لی تھی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے
اصحاب کی اس شجر کی نیچے اور اوسکو بیعت الشجرہ اور بیعت الرضوان کہتے ہین
جیساکہ ارشاد کیا پروردگار تعالے شانہ نے۔ لقد رضي الله عن المؤمنين
اذ يبايعونك تحت الشجرة **ترجمہ** یعنے راضی ہوا اللہ تعالے مومنین سے
جسوقت بیعت کرتے تھے اس درخت کے نیچے **حدیبیہ** بیعت شجرہ واقع ہوئی
آدمیون نے مسجد بنائی جیسے اور جگہہ آثار رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم پر مسجدین بنائین گئی ہین کہ اونکو متبرک جانکر وہان نماز پڑہتے ہین
طارق رضی اللہ تعالے عنہ کہتے ہین کہ پہر مین مدینہ منورہ مین سعید بن المسیب
رضی اللہ تعالے عنہ کے پاس گیا اور اون کو اوس حال سے خبر کی تو اونہون نے
کہا کہ حدیث کی میرے باپ نے مجہہ سے اور وہ اصحاب بیعت الشجرہ مین سے تھے

کہ جو اگلے سال مین اودہر کو گئے تو بہلائے گئے ہم اوس جگہہ کو جہان وہ شجرہ تہا پس نہ قادر ہوا مین اوسکے دریافت کرنے پر اور وہ جگہہ مشتبہ ہوگئی ہمپر پہر کہا سعید بن المسیب نے کہ اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نہ پہچانا اور نہ پایا اوسکو اور تمنے پالیا اور پہچان لیا اوسکو پس تم زیادہ جاننے والے ہوے صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اور بے شک وہ زیادہ جاننے والے تہے تم سے اور وہ اونکی نشانیون کو پہچانتے تہے اور اوسکے پتون سے آگاہ تہے اسلئے کہ وہ حضرت کی صحبت بابرکت مین حاضر تہے ۔ شیخ علیہ الرحمۃ کہتے ہین کہ قیاساً اور ظناً لوگون نے وہان مسجد بنائی ہوگی مگر ٹہیک اوس مقام کا معلوم ہونا ثابت نہین ہے اور کلام سعید رضی اللہ تعالے عنہ مین تنبیہ ہے اسپر کہ دعوی بسیار دانی کا بزرگون اور مقربون کے سامنے نامقبول ہے اونکی جانی ہوئی اور کہی ہوئی بات کو تسلیم کرنا چاہیئے اور اس اصول کو بڑا دخل ہے ادب اور تواضع اور انکسار مین واللہ الموفق

نظم

کردم از عقل سوالے کہ بگو ایمان چیست	عقل در گوش دلم گفت کہ ایمان ادب است
بے ادب را بسموات بقا منزل نیست	بسموات بقا منزل پاکان ادب است
چند روزے تو درین خانہ تن مہمانی	با ادب باش کہ خاصیت مہمان ادب است

کیا خوب فرمایا ہے کسی ادب شناس نے ع

ادب نکسب سعادت نہ سعی حق طلبی است	بغیر خاک شدن ہرچہ ہست بے ادبی است

ادب در خانقاہ درویشان است یا در قصر شاہان۔

شمار لشکر حدیبیہ

روایات مین شمار اس لشکر کا مختلف ہے ایک روایت مین چودہ سو اور دوسری مین

پندره سو اور تیسری مین تیره سو آدمی ہین اور توفیق انمین یون کی ہے کہ اصل مین چوده سو آدمیون سے زیاده تھے جنے پندره سو کہے اوسنے مع الکسر شمار کرلیا اور قاعده عرب کا ہے کہ کسر کو دور کر دیا کرتے ہین اور موید اس توجیہ کی روایت براء ابن عازب کی ہے کہ کہا اونہون نے کہ چوده سو سے کچھ اوپر تھے اعتماد کیلئے اس جمع پر امام نووی نے کہا ہکذا فی المدارج اور روایت تیره سو کی پس ہوسکتا ہے کہ حمل کیا جاوے کہ مطلع ہوا اوسپر اوسکا راوی اور مطلع ہوا غیر اوسکا اوس سے زیاده پر کہ نہ مطلع ہوا وه انتہیٰ۔

یہہ غزوه حدیبیہ

مبدا ر فتوحات اور فیوضات عظیمہ کا ہوا کہ بعد اسکے بہت سی فتحین ہوئین براء ابن عازب رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ کہا اونہون نے کہ تم فتح فتح مکہ کو کہتے ہو یعنی وه فتح کہ انا فتحنا لك فتحاً مبیناً مین واقع ہے تم اوسکو فتح مکہ سمجھتے ہو اور بیشک فتح مکہ تو ایک فتح ہے مگر بیعت الرضوان ایک فتح عظیم ہے اور مفسرین مختلف ہین اسمین کہ انا فتحنا مین جو فتح واقع ہے اوس سے مراد فتح مکہ ہے یا فتح صلح حدیبیہ کی یا اور فتوح مراد ہین جو بعد حدیبیہ کے واقع ہوئین **بیضاوی** مین ہے کہ یہہ وعده مکہ معظمہ کی فتح کا ہے اور تعبیر کرنا اوسکا صیغہ ماضی کے ساتھہ تحقیق وقوع کی جہت سے ہے یا اون فتحون سے مراد ہے کہ اس سال مین واقع ہوئین مانند خیبر اور فدک وغیره کے یا اخبار ہے صلح حدیبیہ سے کما فی المدارج النبوت اور کتاب مواہب علیہ معروف بحسینی مین ہے انا فتحنا لك۔ بدرستیکہ ما حکم کردیم براے تو فتحاً مبیناً حکم پیدا و ہویدا کہ صلح است با قریش واز حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پرسیدند آ فتح ہُوَ درجواب فرمودند کہ نعم و

در نفس الامر آن صلح مقدمہ فتوح بسیار بود الخ اور موسوم ہوے وہ لفظ فتح سے
اسلیئے کہ وقوع اوسکا حضرت کے غلبہ کے بعد تہا مشرکون پر جبکہ طلب کیا اون
لوگون نے صلح کو اور فارغ ہوے حضرت صلعم اس صلح کے سبب سے عرب کیواسطے
پس غزا کی حضرت صلعم نے اونپر اور فتح کیا بہت سی جگہون کو اور مسلمان کیا بہت
سی خلق کو اور ظاہر ہوئین حدیبیہ مین بڑی بڑی نشانیان از انجملہ غالب و فتحیاب
ہونا رومیونکا فارسیونپر اور تفاول لیا گیا اوس سے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ و
اصحابہ وسلم کی فتح کا قصہ اسکا تفسیر حسینے مین یون ہے الم غلبت الروم
یعنی مغلوب ہوے رومی اور فارسی اونپر غالب ہوے فی ادنی الارض عرب
کی زمین سے قریب تر وہ زمین اردن اور فلسطین کی تہی یا کسکر کی یا درمیان اذرعات
اور بصرے کے اور وہ یون تہا کہ خسرو پرویز نے اپنے امیرون مین سے شہریار
اور فرخار دو سرداروں کو ایک زبردست لشکر دیکر بہیجا یہان تک کہ کچہہ ملک اون
لوگون نے فتح کرلیا اور رومیون نے ہزیمت اوٹہائی اور حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کے نوین سال بقول اصح یہہ خبر مکے مین پہونچی وہان کے
کفار از روی طنز مسلمانون سے کہنے لگے کہ تم لوگ اور نصاریٰ اہل کتاب ہو اور ہم
اور فارسی امی ہین تو ہم اس غلبہ کو جو اہل فارس کو روم پر ہوا ہے یہہ سمجہتے ہین
کہ ہم تمپر غالب ہونگے اللہ تعالے شانہ نے یہہ آیت نازل فرمائی وہم یعنی اور
رومی من بعد غلبہم یعنی بعد مغلوب ہونے کے سیغلبون قریب ہے کہ
غالب ہونگے فی بضع سنین یعنی تہوڑے برسون مین کہ اندر تین اور نو
سال کے ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعد اوترنے اس آیت کے
مشرکان مکہ سے کہا کہ آنکہین تمہاری روشن نہون قسم ہے خدا کی کہ رومی فارسیونپر
غالب ہونگے تین ۳ اور نو ۹ سال کے اندر اُبَیْ ابن خلف نے کہا یون نہین ہے

آو ہم اور تم شرط بدین پہر دنش دنش اونٹ ان تین ۳ برس کی مدت پر شرط بدی اور صدیق اکبر رضی نے یہہ حال حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین عرض کیا آپ نے فرمایا کہ بضع تین ۳ اور نو ۹ کے اندر ہے جاو مال اور مدت مین بڑہاؤ پہر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ گئے اور نو ۹ سال کی مدت پر سو اونٹ کی شرط لگائی اور آپسمین ایک دوسرے نے ضمانت لی پہر جنگ بدر کے روز جب مسلمان مشرکان قریش پر غالب ہوئے ہین اوسی روز فارسیونپر رومیون کے غلبہ کی خبر پہونچی اور کہا گیا ہے کہ یہہ خبر حدیبیہ کے روز پایہ تصدیق کو پہونچی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ نے سو اونٹ حسب قول اول ابی ابن خلف سے اور دوسرے قول کے موافق اوسکے ضامن سے لیے اسلئے کہ ابی جنگ احد مین مارا گیا تہا۔ اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ سے فرمایا کہ وہ اونٹ تصدق کردو آپنے تصدق کردے القصہ یہہ آیت اخبار ہے امور کائینہ سے زمانہ آیندہ مین اور وہ جملہ اقسام اعجاز قرآن سے ہے۔ لِلّٰهِ الْاَمْرُ حکم خدا یتعالے ہی کے واسطے ہے من قبل فارس کے غالب ہونے سے پہلے روم پر ومن بعد اور بعد غالب ہونے روم کے فارس پر یعنی ہر وقت حکم الٰہی نافذ ہے اور ہر کام اوسکے قبضہ اختیار مین ہے۔ اور تفسیر کشف الاسرار مین لکہا ہے کہ قبل ازل سے مراد ہے اور بعد ابد سے یعنی امر ازلی اور ابدی اوسیکے واسطے ہے کہ وہ خداوند ازلی وابدی ہے ویومئذٍ اور اوس دن کہ غلبہ کرین رومی فارسیونپر یفرح المومنون خوش ہونگے ایمان والے بنصر اللہ اللہ تعالے شانہ کی مدد فرمانے سے اہل کتاب کی غیر اہل کتاب پر کہ اس صورت مین انقلاب تفاول کا ہے یعنی اب تفاول مسلمانونکی طرف سے ہوگیا اور اخبار مومنین کی صداقت ظاہر ہوگئی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ کی شرط جو جیتی گئی اوس سبب سے یقین

لوگونکا اور زیادہ ہوگیا۔ اور کہا ہے کہ خوشی اس سبب سے ہے کہ آپس مین بعض
دشمنان دین نے بعض پر غلبہ کیا اور بعض کو نیست و نابود کر ڈالا۔ اور یہہ معاملہ
یون ہوا کہ خسرو پرویز کے دونون امیر لشکر شہریار اور فرخار بعض بلاد روم پر غالب
ہوئے تو انکے اور سردارون کو انکی فتح پر رشک ہوا تو حاسدین نے خسرو پرویز کو
انکی شکایتین کہکے ان سے بدظن کر دیا لہذا خسرو پرویز نے یہہ چاہا کہ پولیٹیکل
چال چلکر دونون سردارون کو لڑا دے کہ انمین سے کوئی قتل ہو جاے اور ان کا
زور ٹوٹ جاے پھر جو ان مین سے ایک باقی رہجائیگا اوسکا بھی انتظام کرلیا جائیگا
وہ دونون سردار لشکر خسرو پرویز کے قصد سے واقف ہو گئے اور یہہ بات قیصر روم
کو لکھ بھیجی اور دین نصاری بھی اختیار کرلیا قیصر روم نے انکو اپنے لشکر کا سپہدار
کر کے انہین کی کوشش سے خسرو پرویز کو مغلوب کیا اور اوسکے ملک کے کئی شہر
چھین لئے۔ ینصر مدد دیتا ہے اللہ تعالی شانہ۔ من یشاء جسکو چاہتا ہے۔
وھو العزیز۔ اور وہ غالب ہے انتقام لیتا ہے ایک گروہ سے۔ الرحیم مہربان
ہے غالب کرتا ہے ایک گروہ کو دوسرے گروہ پر جو ظالم ہے وَعْدَ اللّٰہِ وعدہ
کیا اللہ نے روم کے غالب ہونیکا تاکہ قوی دل ہو جائین مسلمان اور خوشی حاصل
ہوا و نہین۔ لا یخلف اللہ خلاف نہین کرتا ہے اللہ تعالے شانہ وعدہ
اپنے وعدے کو کیونکہ دروغ اوسپر محال ہے اور غیر ممکن بلکہ راست کرتا ہے۔
ولکن اکثر الناس لا یعلمون لیکن بہت لوگ نہین جانتے اوسکے وعدیکی
صداقت کو۔ اور دلیل پکڑی ہے اس سے حنفیہ نے عقود فاسدہ کے جائز ہونے
پر دار الحرب مین درمیان کفار اور مسلمانون کے کما فی البیضاوی اور کہا سیوطی
نے کہ یہہ اختلاف قدیم ہے کہ واقع ہوا ہے فتح مین مگر تحقیق اسکی یہہ ہے کہ مراد ین
آیات مین مختلف ہین پس قول اوسکا انا فتحنا لک فتحا مبینا مین مراد فتح سے

صلح حدیبیہ ہے اور اس آیت مین وأثابہم فتحاً قریباً سے خیبر کی فتح مراد ہے
اور فجعل من دون ذالك فتحاً قریباً سے مراد فتح حدیبیہ ہے۔ اور آیت
اذا جاء نصر اللہ والفتح سے فتح مکہ معظمہ مراد ہے۔

روایت ہے

کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خواب دیکھا کہ آپ اپنے اصحاب سمیت کعبہ شریف کی زیارت کو گئے ہین اور عمرہ ادا کیا اور بیت اللہ شریف کی کنجیان اپنے ہاتھ مین لین اور بعض یارون نے سب سر حلق کرایا اور بعض نے سر کے بال ترشوائے آپنے جو یہہ خواب صحابہ سے بیان فرمایا تو وہ لوگ بہت خوش ہوے اور سمجھے کہ حضور کے خواب کی تعبیر کا ظہور اسی سال ہوگا اور جب قضیہ حدیبیہ اونکی خواہش کے مخالف واقع ہوا تو حضور پر نور نے فرمایا کہ مینے یہہ کب کہا تھا کہ اسی سال مین اس خواب کا ظہور ہوگا انتہی۔ تفصیل اسکی یہہ ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خواب دیکھا اور سامان سفر کی تیاری مین مشغول ہوے اور صحابہ سے فرمایا کہ عمرہ کرنیکو جاتا ہون وہ سب بھی تیار ہو گئے پھر آپ باہر تشریف لے گئے اور عبد اللہ ابن ام مکتوم کو مدینہ مین خلیفہ کیا اور اکثر صحابہ نے سوائے تلوار کے اور کوئی ہتیار نہ لیا اسکو سلاح مسافران کہتے ہین۔ روضۃ الاحباب مین ہے کہ حضرت نے صحابہ کے اعلام کرنے کے بعد غسل کیا اور پوشاک زیب جسد اطہر و نورانی کی اور آپ ناقہ قصوے پر سوار ہوئے دوشنبے کے روز ذی القعدہ کو مدینہ طیبہ سے باہر تشریف لے گئے اور ستر اونٹ قربانی کے لئے اپنے ساتھہ لئے۔ ابو جہل مردود کا اونٹ بھی جو جنگ بدر کی غنیمت مین آیا تھا اون مین تھا ان اونٹون پر ناحیہ بن جندب کو خبر گیری کے واسطے مقرر کیا اور صحابہ مین سے

بھی جنکو استطاعت تھی وہ بھی اپنے ساتھ ہدی لے گئے پھر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نماز ظہر ذوالحلیفہ مین پڑہی اور وہان پر ہدی کے اونٹ منگائے اور جھولین اونپر ڈالین اور بعضون کو اونمین سے اپنے دست مبارک سے اِشعار اور تقلید کیا اور باقی کو ناحیہ نے حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے امر کے موافق مشعر اور مقلد کردیا اور جس صحابی کے پاس ہدی تھے اونسنے بھی حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اتباع کرکے اپنے ہدی کو مشعر اور مقلد کیا۔ جاننا چاہیئے کہ اشعار اونٹ کا یہہ ہے کہ کوہان اوسکا تھوڑا سا چیر دیتے ہین کہ خون اوس سے جاری ہوجائے کہ ہدی اور غیر ہدی کی تمیز ہوجاوے اور تقلید اونٹ کی یہہ ہے کہ نعلین اوسکے گلے مین ڈالی جائین اور غنم کی تقلید یھہ ہے کہ اوسکے گلے مین کوئی ہلکی سی چیز مثل خرقہ وغیرہ کے ڈالی جاوے۔ مدارج النبوت مین ہے کہ اِشعار سنت ہے مگر اسمین مبالغہ نکیا جاوے۔ اور حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اشعار مکروہ ہے اور ون نے اسپر طعن کی ہے اور کہا ہی کہ حدیث صحیح مین اشعار آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ثابت ہے پس اسکی کراہت کے کیا معنی ہوے جواب اسکا یہہ ہے امام رحمۃ اللہ علیہ کا مطلب کراہت سے یہہ ہے کہ اسمین مبالغہ نکیا جاوے یعنے زیادہ گہرا زخم نہ لگایا جائے اشعار صرف پہچاننے کے واسطے ہے نہ تکلیف دینے کے لئے اور آپ کے وقت مین لوگ ایسا کرنے لگے تھے لہذا آپنے اس امر سے منع فرمایا اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ایسا ہی اشعار فرمایا تھا کہ ہلکا سا زخم ہو جس سے ہدی پہچانی جاوے۔ اور ایسی ہی تقلید بھی سنت ہے روضۃ الاحباب مین ہے کہ پھر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے احرام عُمرے کا باندہا اور لبیک کہی لبیک اللھم لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک

والملك لاشریك لك اور سب صحابہ نے حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کی موافقت کی اور وہان سے احرام باندہا اور بعضون نے چوتھی منزل مین کہ
جحفہ ہے احرام باندہا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ناجیہ اسلمی کو ہدی
کے اونٹوں کے ساتھ آگے روانہ کیا اور پیچھے سے آپ چلے اور عباد بن بشیر کو بیس
سوار مہاجرین اور انصار سے دیکر لشکر ظفر پیکر کا طلیعہ کیا اور امہات المومنین مین
سے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا ہمراہ تہین جب حضرت کے تشریف لانیکی خبر مشرکین
مکہ کو پہونچی تو آپسمین مشورہ کیا آخر یہہ بات قرار پائی کہ آپ کو بیت اللہ کی زیارت
کے واسطے نہ آنے دو اور اطراف وجوانب کے قبائل سے اور جماعت احابیش
جمع اُحبوش کی ہے معنی اس کے مردم ہر جنس اور متفرق قبیلے اور یہان
مراد خاص بنی الہون سے اور بنی الحارث اور بنو المصطلق سے ہے۔ اور یہہ سب
قریش سے مخالفت رکہتے تہے پہر وہ سب اون سے متفق ہو گئے۔ اور سامان
درست کرکے مکہ معظمہ سے باہر گئے اور موضع بلدح مین کہ جدّے کی راہ مین ہے
ٹہرے اور خالد بن الولید اور عکرمہ بن ابی جہل کو لشکر کا طلیعہ کیا۔ حضرت سرور
کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات نے ذوالحلیفہ سے ایک آدمی قبیلہ خزاعی
سے بسر بن سفیان کو مکہ معظمہ کی طرف بہیجا تاکہ حال قریش کا دریافت کرکے بیان
کرے وہ اوہر سے لوٹ کر نواح عسفان مین حضرت علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات
کے حضور مین حاضر ہوا اور حالات قریش کے عرض کئے آپ کو معلوم ہوا کہ بیت اللہ
شریف کی زیارت سے قطعی روکینگے اعیان صحابہ سے اس امر مین مشورہ کیا اور
فرمایا کہ مصلحت یہ ہے کہ ہم اہل وعیال پر اون لوگون کی جو اونکی مدد کو آئے ہین دوڑ
مارین اور لوٹ لین کہ اونکے مردون کو شکستگی ہو اور احتمال ہے کہ اپنے لوگونکی
حمایت کو قریش سے جدا ہو کر آوین اور ہم قریش سے پھر باسانی مقابلہ کرین۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم ہم اس سال بیت اللہ شریف کی زیارت کے واسطے آئے ہین کسی سے
مقابلہ کرنا مد نظر نہین ہے آپ اسی ارادے پر قایم رہین اگر قریش آپ کو زیارت سے
روکین گے اوسوقت ہم اونسے لڑینگے اس بات کو آپنے پسند فرمایا اور ارشاد کیا کہ
اللہ کا نام لیکر چلو اور فرمایا کہ خالد بن الولید غمیم مین ہے اوس سے بچکر داہنی طرف کی
راہ سے چلو کہ بے خبری مین اونپر پہونچ جائین۔ مدارج النبوۃ مین ہے کہ حضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی بہی مرضی تہی جو صدیق اکبر نے عرض کیا مگر آپنے
اپنے ارادہ کو چہپایا اور صحابہ کو آزادانہ راے دینے کا حکم دیا آپنے صدیق اکبر رضی اللہ
تعالےٰ عنہ کی راے کو پسند کیا۔ پھر آپکے حکم کے موافق سب اوسی راہ سے چلے
جدہر سے فرمایا تہا کہتے ہین کہ اہل اسلام جس رستے سے گئے وہ رستہ بہت سخت
اور دشوار تہا کہ پہاڑ کی گہاٹیون پر گذرنا ہوتا تہا جب مسلمانون کو نشیب وفراز سے بہت
تکلیف ہوئی تو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکی تسلی خاطر فرمائی اور
ارشاد کیا کہ یہہ راہ سخت و دشوار ہے ایک دروازہ ہے جنت کے دروازون مین
سے اور واقعی کوئی نعمت بغیر سخت مشقت کے حاصل نہین ہوتی سلطنت اللہ تم
شانہ کی دنیاوی نعمتون مین سے بڑی عمدہ نعمت ہے پہر اسکا حاصل کرنے والا
ہی جانتا ہے اور تمام عمر اوسکو جو آفت کا سامنا رہتا ہے اوسکی شرح نہین ہوسکتی
جب دنیاوی نعمتونکا یہہ حال ہے تو دینی مراتب کے حاصل ہونے مین **اولیا
اللہ** کو جو وقت پیش آتے ہونگی اوسکا بیان سواے اولیا اللہ کی زبان کے
اور کون کرسکتا ہے اور پہر صحابی اولیا اللہ پر افضلیت رکھتا ہے اونکو اوسی مرتبہ
کی دشواریان بہی پیش آئین مگر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے کلمات
شفقت آمیز نے اونکے دل مضبوط کردئے اور سچ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے حفت الجنت بالمکارہ یعنی گہیری گئی ہے جنت سختیون کے دایرہ سے بے شک جنت ایک باغ ہے جسمین پروردگار تعالےٰ شانہ کی فرمانبرداری اور رضامندی کے گل اور بوٹے ہین جو عشق خدا کی راہ کی سختیان اوٹھا کر وہان پہونچیگا بے شک اوسکا مالک اوسکا آقا اپنی نعمتون سے اوسے کامل حصہ عطا فرمائیگا جیسا صحابہ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو عطا ہوا انشا اللہ تعالیٰ پروردگار تعالیٰ شانہ نے جو اپنے سچے فرمانبردار بندونکے واسطے جنت آراستہ کر رکہی ہے وہ اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ملاحظہ کرادی کہ رسول اپنی امت سے جسکا وعدہ کرتا ہے اوسکو خود بہی تو ملاحظہ فرمالے۔

فرمایا حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حدیث شریف رایت الجنت فی عرض ھذ الحائط یعنی دیکہا مینے جنت کو اس دیوار کے صحن مین اسکے کوئی اُردو خوان یہہ معنی نہ سمجھے کہ جنت اتنی ٹری ہے کہ اس صحن مین آگئی بلکہ یہہ مطلب ہے کہ جیسے مین اس صحن کی چیزین دیکہہ رہا ہون اوسی طرح جنت کے باغات اور قصور اور انہار کو مینے تفصیلی نظر سے ملاحظہ کیا۔ الغرض جب لشکر اسلام پہاڑ کی گہاٹیون سے گذر کر میدان مین آیا تو آپ نے فرمایا نستغفر اللہ ونتوب الیہ گویا اس قول سے آپنے اوس بد دلی کے خیالات سے جو گہاٹیون سے چڑہنے اور اوترنے مین پیدا ہوئے تھے اونسے توبہ کرنیکی تنبیہ فرمائی۔ راوی کہتے ہین کہ خدا کی قسم خالد کو ان مجاہدین کے آنے سے مطلق خبر نہوئی یہانتک کہ غبار لشکر اسلام کا اوسکو نظر آیا وہ اوس غبار کے دیکہنے کے ساتھ یہان سے لشکر قریش مین بہاگ کر جاملا واللہ باللہ حق حق ہی ہے اور باطل باطل ہی ہے خالد وہ بہادر نہین تہے کہ جنکے قدم فرار سے آشنا ہون مگر دین حقہ کی حقانیت نے اونکو بہگادیا اور پہر جب اسلام لائے تو اونکے کارنامہ دنیا مین یادگار رہگئے کالاسلام

یعلوا ولا یعلیٰ اسلام اللہ تعالےٰ شانہ نے اسلام کو اس فطرت پر پیدا کیا ہے کہ وہ بلند ہونے مین کسی دوسرے کی مدد کا محتاج نہین ہے۔ جبتک مسلمان اپنے اسلامی اصول پر ثابت قدم رہے بڑے بڑے ملکون کے فاتح ہوے جب وہ اصول بہو لگئے مفتوح ہو گئے اصل اصول اسلام کا زہد و تقویٰ ہے جب ہمسے یہہ بات جاتی رہی اسلام نے ہمارا ساتھ چھوڑ دیا۔

اِس زمانہ کے تعلیم یافتہ نوجوانون نے کچھ اور اُصول اسلام تراش لئے ہین

انا للہ وانا الیہ راجعون اب کہا جاتا ہے کہ اسلام انگریزی پڑہنے سے ترقی کریگا سبحان اللہ مین کہتا ہون اگر یہی بات ہے تو جس قوم کی مادری زبان انگریزی ہے وہ اول درجہ کے مسلمان ہوتے دوسرے مہذب فرماتے ہین کہ سود مسلمانون کو لینا چاہیئے کہ انکے پاس دولت جمع ہو جاسے تاکہ مسلمانون کو اسلام کے حاصل کرنے مین مدد مل سکے مین عرض کرتا ہون کہ سود خوار بقال کتنا

حصہ اسلام کا اپنے پاس رکھتا ہے تیسرے صاحب یہہ ارشاد کرتے ہین کہ عورات کی پردہ نشینی اسلام کی ترقی کو روک رہی ہے ماشاء اللہ کیا خوب فرمایا اون سارنگی وطبلہ نوازکی عورات نے اپنے بے پردہ گی سے اپنے مردون کو کون سے بام ترقی پر پہونچایا ہے جوان صاحبونکی عورات اونکو آسمان ترقی پر پہونچائیگی لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم **قصہ مختصر** یہہ اصول اونہین مبارک رہین جواسکی کوشش کررہے ہین۔ پس خالد بن الولید نے جاکر قریش کو حقیقت حال سے مطلع کیا۔ اور جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قریب ثنیۃ المرار کے کہ جو حدیبیہ کے نزدیک ہے پہونچے تو آپکے قصوی اونٹنی وہان بیٹھہ گئی آپ ہر چند اوسے اوٹھاتے تھے مگر وہ نہ اوٹھتی تھی لوگ کہنے لگے کہ خلات القصوی یعنی قصوی تھک گئی حضرت نے فرمایا کہ ما خلات القصوی وما ذاک بھا بخلق ولکن حبسھا حابس الفیل ترجمہ نہین تھکی قصوی اور نہین ہی عادت اوسکے تھکنے کی ولیکن روک دیا اوسکو ہاتھی کے روکنے والے نے یعنی اللہ تعالے شانہ نے روکا اوسکو مکے مین داخل ہونے سے جیسے روکا تھا اوسنے فیل کو جسکا ذکر الم ترکیف کی سورت مین ہے اور اسکا مفصل ذکر تفسیر فتح العزیز مین ہے شائقین اوسمین ملاحظہ فرمائین۔ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جو اوسکی مثال دی اسلئے کہ احتمال تھا کہ اگر صحابہ مکہ معظمہ مین داخل ہوجاتے اور قریش روکتے تو پھر قتال واقع ہوتا اور یہہ امر حرمت حرم محترم کا سبب ہوتا اگرچہ قصد اونکا یہہ نہتھا لہذا باز رکھا اللہ تعالے شانہ نے اونکو اس امر سے اور اپنے رسول اکرم کو قصوی کے ارادے پر مطلع فرمایا اور دوسری حکمت اسمین یہہ تھی کہ بچایا پروردگار تعالی شانہ نے قتل سے کفار مکہ کو کہ پیدا کرے اون سے اولاد مومن اور مسلمان ہون اونمین سے جماعت کثیر اور پھر وہ لوگ جہاد کرین کفار پر اور مدد کرین

اسلام کی۔حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس نکتہ پر مطلع ہوئے تو آپ نے فرمایا کہ قسم ہے اوس ذات پاک کی کہ جان میری اوسکے قبضہ مین ہے کہ قریش کوئی ایسا امر چاہینگے کہ حرم محترم کی حرمت اوسمین ہو مگر قبول کرونگا مین اوسکو پھر جھڑکا آپ نے اوٹنی کو اور وہ اوٹھہ کھڑی ہوئی پھر آپ اوس رستہ سے پھر کر اقصائے حدیبیہ مین ایک کنوئین پر اوترے پانی اوسمین تھوڑا سا تھا اوس مین تھوڑی تھوڑی سی کشید ہوتی تھی پھر کچھہ دیر مین پانی اوسکا ختم ہوگیا لوگون نے پیاس کی شکایت کی آپ نے ایک تیر اپنے ترکش سے نکال کر دیا کہ اسکو اوس کنوئین مین گاڑ دو پھر اتنا پانی اوسمین سے ابلا کہ تمام لشکر سیراب ہوگیا اس منزل مین پانی کم تھا اس قسم کے کئی معجزے حضور سے ظہور مین آئے۔ چنانچہ دوسری بار قلت آب کا لوگون نے آپ سے شکوہ کیا آپ کنوین کے کنارے پر تشریف لے گئے اور وضو کیا اور ایک کلی اوس کنوین مین ڈالدی اتنا پانی اوسمین ہوگیا کہ تمام لشکر اور جانورون نے خوب سیر ہوکر پیا۔ اور ایکبار لوگون نے حضور مین عرض کی کہ اس منزل مین کچھہ بھی پانی نہین ہے مگر جتنا اس پیالہ مین ہے وہ پیالہ حضرت کے وضو کرنیکا تھا آپ نے اوس پیالے مین اپنا دست مبارک رکھدیا پانی آپکی انگلیون سے اسطرح نکلا جیسے چشمہ سے نکلتا ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ جو اس حدیث کے راوی ہین کہتے ہین کہ ہم سب پندرہ سو ۱۵۰۰ آدمی تھے سبکو کفایت کرگیا اور اگر لاکھہ آدمی بھی ہوتے تو سبکو کفایت کرتا۔ پھر ایکبار اور لوگون نے پانی کا شکوہ کیا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دعا کی پانی برسا اور سبکو سیراب کرگیا کذا فی المدارج **مشکوۃ** کے باب الکہانت مین ہے کہ بخاری ومسلم نے ذکر کیا زید بن خالد جہنی نے نقل کیا کہ نماز پڑھائی ہمکو پیغمبر خدا نے فجر کی حدیبیہ مین مینہ برسنے کے بعد کہ رات کو برسا تھا پھر جب

آپ نماز پڑھ چکے تو موہنہ کیا آپ نے لوگونکی طرف اور فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ کیا فرمایا تمہارے رب نے لوگون نے کہا کہ اللہ اور اوسکا رسول ہی خوب جانتا ہے آپ نے فرمایا کہ آج فجر کو میرے بندون مین سے بعض مومن ہوگئے اور بعض کافر یعنے جسنے کہا کہ ہمپر پانی برسایا اللہ تعالے شانہ کے فضل وکرم نے وہ مجھپر یقین لایا اور ستارون کا منکر ہوا اور جسنے کہا کہ ہمپر پانی برسا فلان فلان نچھتر کے سبب سے وہ میرا منکر ہوا اور ستارون پر یقین لایا۔

فائدہ

یعنی جو کوئی عالم کے کاروبار کو ستارونکی تاثیرات سے سمجھتا ہے اوسکو اللہ تعالے شانہ اپنے بندون مین سے خارج کر دیتا ہے اور ستارہ پرستون مین شمار کرتا ہی اور جو شخص کاروبار عالم کو اللہ تعالے شانہ کیطرف سے سمجھتا ہے اوسکو وہ معبود برحق اپنے مقبول بندونکی صف مین جگہہ عنایت فرماتا ہے وہی مومن ہین اونکو ستارہ پرستونین سے جدا کرلیتا ہے۔

حدیث

اس حدیث سے یہہ بات ثابت ہوگئی کہ ساعات کے نیک وبد کا ماننا اور اچھی بری تاریخون اور دن کے نحس ہونے پر یقین لانا مشرکین کے اعمال سے ہین اور ستارہ پرستونکا یہی مذہب ہے۔

الغرض جب قریش کو معلوم ہوا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو حرم محترم کا بہت زیادہ خیال ہے اور ہمارے قلع وقمع کے درپے نہین ہین تو مغرور ہوکر اپنی بد خلقی اور بدبختی اور جہالت وسفاہت پر اڑ گئے اور بنیاد تمرد

وسرکشی کی محکم کی اور حضرت رحمتہ للعالمین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے روکنے
کے لئے بدیل بن ورقا خزاعی کو اور چند آدمیون کو اوسیکے قبیلہ سے اوسکے ہمراہ
کر کے بہیجا اور بدیل بن ورقا ہمیشہ سے کیا ایام جاہلیت مین اور کیا عہد اسلام
مین حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے مخلصون مین سے
تہا اور ہمیشہ اہل مکہ کی خبرین مدینہ مین آپ کو پہونچایا کرتا تہا مگر ابہی مسلمان
نہین ہوا تہا اور بعضون نے انکو صحابی قدیم الاسلام کہا ہے اور بعضون نے
کہا ہے کہ اسلام لاے وہ اور اونکے بیٹے عبداللہ اور حکیم بن حزام فتح مکہ مین
اور حاضر ہوئے وہ اور اونکے بیٹے عبداللہ اور حکیم بن حزام حنین اور طایف مین
اور تبوک مین اور مارے گئے بدیل حضرت ہی کے زمانہ مین اور بعض کا قول ہی
کہ وہ مارے گئے صفین مین القصہ بدیل نے حضرت کے حضور مین حاضر ہوکر
عرض کیا کہ چہوڑ آیا ہون مین کعب بن لوے اور عامر بن لوے کو حدیبیہ کے کنوئیں پر
اور اہل وعیال اونکے اونکے ہمراہ ہین اس ارادے پر کہ ٹہرے رہین اور نہ بہاگین
اور روکین آپ کو دخول حرم اور زیارت بیت اللہ سے اور اگر آپ نہ روکین تو جنگ
کرین اور آپ کو نجانے دین آپ نے فرمایا کہ ہم تو زیارت حرم محترم اور ادائے
عمرہ کے قصد سے آئے ہین نہ جنگ کے ارادے سے اور اگر اونکا میلان
خاطر جنگ کی طرف ہے تو یہہ امر اونکے نقصان کا سبب ہوگا اور اگر وہ چاہین
تو مین ایک مدت معین کر دون کہ اوس مدت تک ہمارے اور اونکے درمیان
مین لڑائی نہو اور مجہکو اور باقی اور مشرکون کو رہنے دین کہ مین اونپر جہاد کرون اگر
مغلوب ہوا مین تو اونکا مطلب حاصل ہوا اور اگر مجہکو اللہ تعالے لئے شانہ نے اونپر
فتح عنایت فرمائی تو یہہ بہی اونکے مثل میری متابعت کرین والا اتنے روز ون
فرصت ملے اور جو اسپر بہی نہ مانینگے تو قسم ہے اوس خدا کی کہ زندگی میری اوسکے

ہاتھہ مین ہے مین لڑونگا اون سے یہانتک جدا ہوجاے میری گردن میرے
جسم سے اور اللہ تعالے لشانہ جاری کرتا ہے اپنے امر کو اور نصرت کریگا اپنے دین کی
پہر بدیل آپکی مجلس شریف سے اوٹھکر مشرکین کے پاس گئے اور کہا اون سے کہ
مین محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ایک بات سنکر آیا ہون اگر
اجازت ہو تو بیان کرون۔ سفہائے قریش مثل عکرمہ بن ابی جہل اور حکیم بن العاص
وغیرہم بولے کہ ہمکو اونکی بات سُننے کی حاجت نہین ہے۔ مگر جو اونمین اہل دانش
سمجھے جاتے تھے بولے کہ بیان کر بدیل نے کہا اے معشر قریش تم محمد رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے لڑنے مین شتابی نکرو وہ صرف زیارت بیت اللہ
کو آئے ہین اونکا ارادہ تم سے جنگ کا نہین ہے تمکو مناسب ہے کہ تم بہی اونسے
جنگ نکرو قریش کو اونکی گفتگو پر یقین نہ آیا اور گمان کیا کہ یہہ حضرت رسول مقبول
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ملگیا یہہ گمان اونکو یون ہوا کہ قبیلہ خزاعی
کے لوگ ہمیشہ سے آپ کے مخلص تھے اسی اثنا مین عزوہ بن مسعود ثقفی کہڑا ہوکر
کہنے لگا کہ اے قریش کیا مین تمہارے فرزند کی جگہہ پر نہین ہون اور تم میرے
باپ کے مثل نہین ہو اور اون لوگون نے کہا کہ ہان بے شک تو ایسا ہی ہے
جیسا کہتا ہے پہر اوسنے کہا کہ تم مجھکو اپنی عداوت اور خیانت مین متہم کروگے
اون لوگون نے کہا کہ نہین اوسوقت عزوہ نے جو کچھہ حقوق اور عہود اونپر ثابت کیے
تھے سب بیان کئے اور وہ عزوہ اکثر آدمیونپر حقوق اور عہود رکہتے تھے یہان
یہہ کوئی نہ سمجھے کہ یہہ عزوہ مسعود بن عبد اللہ بن مسعود کے بہائی ہین اسلئے
کہ یہہ ہذلی ہین اور وہ ثقفی ہین اور وہ اسلام لاے مدینہ مین نوین سال ہجریکے
بعد لوٹنے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عزوہ طایف
سے اور انکے نکاح مین چار عورتون سے زیادہ تہین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

نے فرمایا کہ چار بیبیان رکھہ لو اور باقی کو مطلقہ کردو پہر اونہون نے ویسا ہی کیا اور
وہ حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے رخصت لیکر وطن کو
گئے اور اپنی قوم کو دعوت اسلام کی اون لوگون نے نمانا ایکروز عزوہ نے اپنے
کوٹھے پر فجر کی اذان کہی بعد اوسکے نماز پڑہنے لگے جسوقت یہہ تشہید پڑہ رہے
تھے اونکی قوم کے ایک آدمی نے تیر مارا یہہ شہید ہوگئے جب اس حال کی
آپ کو خبر ہوئی تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ قصہ اسکا مانند قصہ اصحاب یٰسین کے
ہے یعنی جسکا بیان سورہ یٰسین مین ہے۔

وہ قصہ یون ہے جیساکہ فرمایا اللہ تعالیٰ شانہ نے سورہ یٰسین مین۔
واضرب لهم مثلاً اصحاب القرية اذ جاءها المرسلون یعنی بیان کر
اے محمدؐ مثل گانون والون کے کہ وہ انطاکیہ ہے جب آیا وہان رسول مروی
ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے آسمان پر جانے سے پہلے اپنے
خلیفہ شمعون الصفا کو کہ بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وہی خلیفہ ہوئے فرمایا
تہا کہ حواریون کو دعوت دین مسیحؑ کے واسطے اطراف وجوانب مین بہیجنا پہر
بعد رفع حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اونہون نے حسب ارشاد وصیت حضرت
مسیح علیہ السلام کے ہر ایک شخص کو حواریون مین سے ایک ایک قوم کی دعوت
کے لئے نامزد کیا ایک کو روم کیجانب اور ایک کو بلاد مغرب کی طرف اور ایک کو
حجاز کیطرف اور ایک کو زمین بربر کی سمت اور اسیطرح ہر ایک کو ایک طرف روانہ
کیا۔ وہب بن منبہ کہتے ہین کہ یحییٰ اور تومان یا قاتاروس اور ماروس کو یا
صادق اور صدوق کو انطاکیہ مین بہیجا جب یہہ اوس شہر کے قریب پہونچے تو ایک
بڈہے کو اوس شہر کے قریب بکریان چراتے ہوئے دیکہا اوسکو اونہون نے
سلام کیا بڈہے نے اونسے پوچہا کہ تم کون ہو اونہون نے کہا کہ ہم حضرت عیسیٰؑ کے

بہیجے ہوئے ہین خلق کو گمراہی کی راہ سے ہدایت کیطرف بلانے والے ہین پہر
اوسنے کہا کہ تم اپنے دعوے کی سچائی پر کچہہ برہان اور دلیل بہی رکہتے ہو اونہون
نے کہا ہان بیمار ہماری دعا سے اچہے ہوجاتے ہین اور برص کے عارضہ والے
اور کور مادرزاد اچہے ہوجاتے ہین اور دیکہنے لگتے ہین اوس بڈہے نے کہا
بہت برس سے میرا لڑکا بیمار ہے اور طبیب اوسکے علاج سے عاجز آگئے ہین
اگر وہ تمہاری دعا سے اچہا ہوجاوے تو مین تمہارے خدا پر ایمان لاؤن پہر یہہ
اوس بیمار کے سرہانے گئے اور اللہ تعالےٰ شانہ سے اوس بیمار کی حق مین دعا کی
وہ خدا ے تعالےٰ کے فضل سے اور انکی برکت سے اچہا ہوگیا پہر وہ بڈہا اسلام
لایا اور اوسکو حبیب نجار بہی کہتے ہین اور صاحب یٰسین بہی اوسکا لقب ہے کہ
سورۂ یٰسین مین اوسکا قصہ مذکور ہے۔ حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ
واصحابہ وسلم پر چہہ سو برس پہلے توراۃ و زبور مین آپکی پیشین گوئیان پڑہکر ایمان لایا
تہا۔ اور یہہ ایک سیاق ہے اسلام مین جس سے یہہ مطالب سمجہے جاتے ہین
پہر دونونکا قصہ شہر مین مشہور ہوا اور بہت سے بیمارون نے خدا کے فضل اور
دعا سے صحت پائے اور شہر کے بادشاہ نے بہی کہ نام اوسکا انطنیش رومی تہا
انکے حال سے آگہی پائی اور اونکے دعوت کے مضمون سے کہ انکار بت پرستی
اور اقرار و اثبات وحدانیت حق سبحانہ تعالیٰ کا تہا اطلاع حاصل کی مگر اپنی دربار
مین اونکو حاضری کا موقع ندیا اور حضوری اوس بادشاہ کی اونکو حاصل نہوئی اسی
اثنا مین بادشاہ شکار کو ایک دن گیا ہوا تہا وہان پر اون دونون سے ملاقات
ہوگئی ان دونون نے بادشاہ کو بہت شایستہ طریقہ سے نصیحتین کین اور اپنی
رسالت کا بخوبی اظہار کیا چونکہ سخن حق تلخ معلوم ہوتا ہے بادشاہ نے نہایت
غصہ سے حکم دیا کہ سو سو کوڑے مارکر انکو جہلخانہ مین لے جاؤ پہر انکو ملازمان شاہی

بادشاہ کے حکم کے موافق جیلخانہ مین لے گئیے چونکہ شمعون الصفا نے ان کو رخصت کرنے کے وقت کہدیا تھا کہ تم خاطر جمع رکھنا مین تمہارے حالات سے غافل نہ ہونگا جب تمہین کوئی مشکل پیش آئے گی تو مین تمہاری مدد کو آجاؤنگا۔ پہر جب بادشاہ نے قید کیا تو شمعون کو وحی آلہی سے یہہ کیفیت معلوم ہوئی تو وہ فوراً انطاکیہ کو روانہ ہوئے کما قال اللہ تعالیٰ شانہ فی سورۃ یٰسین اذ ارسلنا الیھم اثنین فکذبوھما فعززنا بثالث فقالوا انا الیکم مرسلون یعنی بہیجے ہم نے اونکی طرف دو پیغمبر تو اون لوگون نے اون دونون کو جہٹلا دیا پس مدد کی ہمنے اون دونون کی تیسرے پیغمبر کے ذریعہ سے تو کہا اُن پیغمبرون نے کہ بے شک ہم تمہارے پاس بہیجے گئے ہین۔ قالوا ما انتم الا بشر مثلنا وما انزل الرحمن من شیئ ان انتم الا تکذبون ترجمہ یعنی کہا اون شہر والون نے نہین ہو تم مگر آدمی مثل ہمارے اور نہین اوتارا رحمن نے کچہہ نہین ہو تم مگر جہوٹے جواب دیا پیغمبرون نے بادشاہ اور اوسکی رعیت کو قال اللہ تعالیٰ شانہ قالوا ربنا یعلم انا الیکم لمرسلون وما علینا الا البلاغ المبین ترجمہ کہا اون پیغمبرون نے کہ بے شک ہمارا رب جانتا ہے کہ بہ تحقیق ہم تمہاری طرف بہیجے ہوئے ہین اور نہین ہے ہمپر مگر یہہ کہ ہم اپنے رب کا پیغام تمکو پہونچا دین ظاہر اور آشکار طریقہ سے قالوا انا تطیرنا بکم لئن لم تنتھوا لنرجمنکم ولیمسنکم منا عذاب الیم ترجمہ یعنے کہا شہر والون نے کہ ہم نے بدفالی سمجھی تمہارے آنے سے اگر تم اپنی دعوت سے باز نہ ہوگے تو ضرور ہم تمکو پتہرون سے مارینگے اور بے شک تمکو عذاب دردناک اوٹہانا پڑیگا۔ پیغمبرون نے اون کے جواب مین کہا قالوا طائرکم معکم ائن ذکرتم بل انتم قوم مسرفون ترجمہ

یعنی کہا اون پیغمبرون نے کہ بدفالی تمہاری ساتھ ہے تمہارے کیا نصیحت کئے جاتے ہو بلکہ ایک قوم اسراف کرنے والی ہو۔ القصہ شمعون الصفا نے شہر انطاکیہ مین پہونچکر بادشاہ کے ایک خواص سے ربط و اتحاد پیدا کیا اور اثنائے صحبت مین سخنان خوش اور کلمات دلکش کرنے شروع کئے اس سبب سے ذکر اونکے اوصاف اور محاسن اخلاق کا دربار بادشاہی مین ہونے لگا اس حال مین شمعون نے ایک رات کو چاہا کہ قیدخانہ مین جاکر یحیی اور تومان سے ملاقات کرے مگر چونکہ وہان سخت پہرے پڑ رہے تھے شمعون کو اپنے یارون کی ملاقات سے یاس ہوئی لیکن پروردگار تعالے شانہ کیطرف سے ایسے اسباب مہیا ہو گئے کہ قیدخانہ کے محافظ اور چوکیدار سب سو گئے اور ایک فرشتے نے شمعون کو اونکے یارون کے پاس پہونچا دیا آپنے اپنے یارون پر عتاب شروع کیا اور کہا کہ ہر کام مین جلدی کرنی سبب ندامت کا ہوتا ہے تمہارا حال اوس بانجھہ عورت کا سا ہے کہ اللہ تعالے شانہ نے اوسے بڑھاپے مین ایک لڑکا عنایت کیا تھا تو اوسنے یہہ سمجہا کہ صرف دودہ سے اسے نشو و نما دیر مین ہوگی اسکو غذا بھی کہلانی چاہئے کہ جلد بڑہجائے اور توانا ہوجائے اس خیال سے اوس بچہ کو پیش از وقت گوشت روٹی کہلانی شروع کردی آخر کو اُس شیرخوار بچہ کو بدہضمی ہوگئی اور وہ مرگیا اب مین آیا ہون تمہارے چُھڑانیکی تدبیر کرنے لگا اس شرط پر کہ صبر کرو اور میری رائے پر رہو اون دونون نے کہا کہ جسطرح آپ کہینگے اوسی طرح ہم کرینگے پھر اون سے کہا کہ یہہ راز کسی پر اشکار نہو اور اپنی رہائی کے وقت مجھکو دیکھنا تو بیگانونکی طرح کلام کرنا یہہ کہکر وہ وہان سے چلے آئے اور پہر دروازہ جیلخانہ کا اوسی طور سے بند ہوگیا پہر شمعون نے اپنے حُسنِ تدبیر سے بادشاہ کے ملازمون کو ملایا اور اونسے ربط بڑہایا اور اسیطرح رفتہ رفتہ بادشاہ کے مقربون سے رسائی پیدا کی اور اونکے

وسیلہ سے بادشاہ کے دربار مین پہونچے یہانتک کہ اپنی قابلیت اور
دانشمندیکے سبب سے بادشاہ کا تقرب اونہین حاصل ہوگیا اور وہ تقرب اتنا بڑہا
کہ بادشاہ کے بتخانے مین جانے لگے اور وہان جاکر اللہ تعالے شانہ کو سجدہ کرتے
اور بادشاہ اور مقربان بادشاہ یہہ سمجھتے کہ بتون کو سجدہ کرتے ہین آخر کو اتنا قرب اور
مرتبہ حاصل کیا کہ بادشاہ بغیر انکے مشورے کوئی کام نکرتا تہا ایک روز وقت تنہائی
مین بادشاہ سے عرض کی کہ مجھے ایسا معلوم ہوا ہے کہ آپ کے جہلخانے مین دو شخص
قید ہین اور دعوی اونکا یہہ ہے کہ وہ کہتے ہین کہ ہم کو اللہ تعالے نے رسول کرکے
بہیجا ہے اور آپکے حضور مین حاضر بہی ہوچکے ہین مگر یہہ بات نہین معلوم کہ اونہون
نے کیا عرض کیا تہا بادشاہ نے کہا کہ مجھکو اون دونون کے کلام کرتے وقت ایسا
غصہ آیا کہ مینے کچہ بہی اونکا کلام نہ سمجہا اگر تو اونکی باتین سنا چاہتا ہے تو مین انکو
بلاؤن کہ مدعا اور مطلوب اونکا تو دریافت کرے شمعون نے کہا کہ مجھے اونکی باتین
سننے کی اتنی رغبت نہین مگر میرا دل چاہتا ہے کہ اون سے معارضہ کرون بادشاہ
نے یحیی اور تومان دونون قیدیون کو جہلخانہ سے بلاکر شمعون کے سامنے حاضر کیا
پہر شمعون نے اون دونون سے پوچہا کہ تمکو کسنے بہیجا ہے اُنہون نے کہا ہم کو
اوسنے بہیجا ہے جو تمام اشیا پر قادر ہے شمعون نے کہا اوسکی قدرت مجھکو بہی معلوم
کرا سکتے ہو اونہون نے کہا کہ اوسکا مرتبہ اور شان اس سے برتر ہے کہ زبان انسان
ضعیف البنیان کی اوسے بیان کرسکے مگر مختصر بیان اوسکا یہہ ہے کہ یفعل اللّٰہ
ما یشاء ویحکم ما یرید ترجمہ یعنی اللہ تعالے شانہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے
اور جسکام کا ارادہ کرتا ہے اوسکا حکم دیتا ہے اور وہ کام فورًا ہوجاتا ہے شمعون نے
کہا کہ اگر تم اپنے دعوی پر کوئی دلیل اور حجت قایم کرو تو مین بادشاہ سے تمہاری
شفاعت کرون کہ بادشاہ دستِ تعرض تم سے کوتاہ کرے والا نہ وہ پہر تمہین

قیدخانہ مین بہیجکر طرح طرح کا عذاب کرے گا تومان نے کہا جو تم کہو اوسکا جواب دیا جاوے شمعون نے کہا کہ ایک لڑکا کورمادرزاد ہے اگر وہ تمہاری دعا سے اچہا ہوجائے تو مین بادشاہ سے تمہاری سفارش کرون اون دونون نے قبول کیا پہر اوس لڑکے کو دربار بادشاہ مین لائے تو یحیی اور تومان نے بحسب ظاہر اور شمعون نے بطریق باطن دعا کی جب دعا اور تضرع کرچکے تو اون دونون نے تہوڑی سی مٹی لیکر دو غلولے بنائے اور اوسکی آنکہون کے حلقون مین رکہدئے خدا کی فضل سے اوسکی دونون آنکہین روشن ہوگیئن بادشاہ نے تعجب کرکے شمعون سے کہا کہ یہہ دونون جادوگر ہین شمعون نے کہا ان کامون پر جادوگرون کو قدرت نہین ہوتی ہے اور ایک روایت مین آیا ہے کہ بادشاہ نے کئی اندہون کو بلایا تہا وہ سب اون دونون کی دعا کی برکت سے اچہے ہوگئے شمعون نے بادشاہ سے کہا کہ ہم سب بھی اپنے خداؤن سے درخواست کرین کہ اونکے تصرف سے ایسے اندہے بینا ہوجائین بادشاہ نے شمعون سے کہا کہ ان بتون مین یہہ طاقت نہین جو کچہہ تصرف کرین شمعون نے کہا کہ اچہا اب اور معجزہ مین ان سے طلب کرتا ہون اگر وہ بہی انہون نے کر دکہایا تو مین سمجہہ لونگا کہ یہہ سچے ہین پہر اون سے کہا کہ اگر تمہاری دعا سے مردہ ہفت روزہ جی جائے تو ہم تمکو سچا جانینگے اور تمہارے خدا پر ایمان لائینگے اونہون نے قبول کیا اور ایک قول کے موافق وہ مردہ بادشاہ کی لڑکی تہی اور ایک روایت سے بادشاہ کے ملازمون مین سے حبیب بخار کا بیٹا تہا اوسکی نعش کو قبر مین سے لاکر بادشاہ کی مجلس مین حاضر کیا پہر یحیی اور تومان نے علی سبیل الاعلان اور شمعون نے علی طریق الاخفا دعا کی اوس مردہ کی زندگی کی پہر اوسیوقت اوس مردہ کے بدن سے کفن پہٹ گیا اور وہ حرکت کرنے لگا پہر تہوڑی دیر مین اوٹہہ بیٹہا اور بولنے لگا بادشاہ نے اوسکی کیفیت حال پوچہی

اوسنے کہا کہ بعد دفن ہونیکے فرشتے میری قبر مین آئے اور مجھسے سوال کیا جب
مجھے مشرک پایا تو مجھے ایک آگ کے جنگل مین لے گئے اور روز دفن سے آجتک
مجھپر ایک نیا عذاب ہوتا رہا آج کے دن اللہ تعالےٰ شانہ نے دوبارہ نئی زندگی عنایت
فرمائی تو پہلے اوس سے مینے ایک آواز سنی کہ اوپر دیکھہ مین اوپر کو دیکھنے لگا تو ایک
جوان کو مین نے دیکھا کہ ساق عرش پکڑے کھڑا ہے اور تین آدمی کہ ایک اون مین
بوڑھا اور دوسرا ادھیڑ اور تیسرا جوان ہے اور وہ شفاعت میری کر رہے ہین پھر میرے
کان مین مخاطبت کے ساتھہ صدا پہونچی کہ یہہ شخص جو میرے عرش کے پاس ہی ان
تینون شخصون کے حق مین کہ اسکے اصحاب ہین اور تیرے شہر مین وارد ہین سفارش
کرتا ہے اور تیری زندگی کے لئے مجھسے التماس کرتا ہے اور جہنم سے تیری نجات
چاہتا ہے اے بادشاہ یہہ سچی حقیقت تھی سیکم وکاست جو مین نے بیان کی بادشاہ
یہہ واقع سنکر حیران ہوا اور مع اپنے چند رفقا کے اسلام لایا پھر سب قوم نے اُنسے
مخالف ہوکر اون دونون کے مارنے کا قصد کیا حبیب نجار یہ سنکر اپنے گھر سے
آئے کما قال اللہ تعالیٰ شانہ فی القرآن العظم وجاء من اقصی
المدینۃ رجل یسعی قال یاقوم اتبعوا المرسلین اتبعوا من لایسئلکم
اجرًا وھم مھتدون ومالی لااعبد الذی فطرنی والیہ ترجعون
ءاتخذ من دونہ آلھۃ ان یردن الرحمن بضر لا تغن عنی شفاعتھم
شیئًا ولا ینقذون انی اذا لفی ضلال مبین ○ **ترجمہ** اور آیا شہر کے
پرلے سرے سے ایک مرد دوڑتا ہوا بولا اے قوم چلو راہ پر ان بھیجے ہوؤن کی
چلو راہ پر ایسون کی جو تم سے نیگ نہین مانگتے یعنی اپنی رسالت کی اُجرت نہین چاہتے
اور وہ راہ دکھائے گئے ہین اور مین کیون بندگی نکرون اوسکی جسنے مجھے بنایا ہے
اور اوسیکی طرف پھر جاؤگے بھلا مین اختیار کرون اوسکے سوا اورون کو اور اوسکے سوا

پوجون اور کو اگر مجہپر میرا رحمن کچہہ تکلیف ڈالے تو کسیکی سفارش مجہے فائدہ نہ پہونچا سکی
اور نہ چہوڑا سکین تو کیون مین پہٹکا رہین رہون صریح طریقہ سے حبیب نجار کا قوم نے
یہہ مقولہ سنا تو اوسکے قتل کا ارادہ کیا جب حبیب نجار نے اپنی قوم کا قصد معلوم
کیا تو مخاطب ہوکر اون رسولون کیطرف کہنے لگے انی امنت بربکم فاسمعون
یعنی مین یقین لایا تمہارے رب پر تم سُنلو میرے ایمان کے گواہ رہو روز بازپرس
میری گواہی دینا بعضون نے کہا کہ یہہ خطاب اونکا قوم سے تہا پہر قوم نے اون کو
پتہرون سے مارا کہ شہید ہوگئے اور قبر اونکی بازار انطاکیہ مین ہے۔

اور بعض کہتے ہین کہ اللہ تعالےٰ شانہ نے اونکو زندہ اوٹہالیا اور جنت مین
داخل کردیا بہر کیف پروردگار تعالےٰ شانہ فرماتا ہے قیل ادخل الجنة قال
یلیت قومی یعلمون بما غفرلی ربی وجعلنی من المکرمین ترجمہ یعنی
حکم ہوا کہ چلا جا بہشت مین بولا کہ کسطرح میری قوم معلوم کرے کہ بخشا مجہے میرے
رب نے اور کیا مجہکو باعزت لوگون مین سے انتہی ۱۲ قوم نے اونسے دشمنی کی کہ اونکو
مارڈالا مگر وہ بہشت مین بہی قوم کے خیرخواہ رہے کہ اگر معلوم کرین میرا حال تو سب
ایمان لائین پس حبیب نجار شہید ہوئے اور بادشاہ اور پیغمبر خدا کے فضل سے
سلامتی کے ساتھ نکل گئے۔

حضرت حسن بصری فرماتے ہین کہ وہ شخص جسنے عالم حیات مین اپنی قوم کو نصیحت
کی اور بعد مرنیکے اونکے حسن عاقبت کی تمنا کی وہ حبیب نجار ہی تھے۔

مروی ہے کہ بعد شہید ہونے حبیب نجار کے شمعون الصفا کو وحی پہونچی کہ اب
سب اہل توحید شہر سے باہر چلے جائین کہ عذاب ہمارا ان مشرکین کو ہلاک کریگا تو شمعون
الصفا نے اوسی شب کو سب اہل توحید کو ہمراہ لیکر ہجرت کی جب صبح ہوئی تو حضرت
جبریل علیہ السلام نے شہر کے دروازہ پر ایک آواز ایسے زور سے کی کہ اوسکے صدمے

شہر کا شہر غارت ہو گیا کما قال اللہ تعالیٰ شانہ وما انزلنا علیٰ قومہٖ من بعدہ من جند من السماء وما کنا منزلین ان کانت الا صیحۃ واحدۃ فاذا ہم خامدون ترجمہ یعنی اوتاری نہین ہمنے اوسکی قوم پر اوسکے پیچھے آسمان سے کوئی فوج اور ہم اوتارا نہین کرتے یہی تہی ایک چنگہاڑ بس اُنتہے سب بُجہے ہوئے خاکستر۔ اور تمثیل دی حضرت سرور عالم علیہ الف الف صلوٰۃ نے اونکے حال کے ساتھہ حبیب نجار کی اسلئے کہ جیسے وہ تائید دین مین اپنی قوم کے ہاتہہ سے شہید ہوئے تھے یہہ بہی اسیطرح اپنی قوم کی ہاتہہ سے دین کی تائید کے سبب سے شہید ہوئے انتہیٰ کذا فی مواہب العلیا و ترجمہ عجایب القصص۔

روضۃ الاحباب مین ہے کہ **عروہ** نے بعد بیان کرنے حقوق سابقہ ثابتہ کے کہا کہ تمکو معلوم ہو کہ یہہ مرد یعنی **محمدؐ** صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بہت اچہی بات مصلحت و انصاف کی کہتے ہین اوسکو قبول کرو اور مجہکو بہی اجازت دو کہ مین اونسے جاکر باتین کرون دیکہون وہ کیا کہتے ہین اور سوچون کہ کیا مصلحت ہی پہر اون لوگون نے اونکو اجازت دی وہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مین آکر حاضر ہوئے حضرت نے جو بدیل سے فرمایا تہا وہی بات اون سے کہی پہر اونسے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کی کہ اے **محمدؐ** صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یہہ بات مجہکو بتلادو کہ اگر تم نے اپنی قوم کی بیخکنی کی تو کون سی خوبی ہوگی تمسے پہلے عرب مین کسینے نہین اپنی اصل قوم کو تباہ و ہلاک کیا ہے اور نہ ایسا معاملہ اپنی قوم سے کیا ہے اور اگر تم اونکے مغلوب ہو گئے تو پہر کہو کیا حال ہوگا اور بے شک ایک جماعت اوباشونکی تمہارے پاس جمع ہو گئی ہے بعد گذرنے ایک مدت کے یہہ تمکو چہوڑکر چلے جاوینگے اور یہہ گفتگو عروہ کی محض لغو اور فضول تہی کہ گمان کیا اوسنے اہل اللہ کے حالات کو اہل دنیا کے حال پر اسلئے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ

نے کہ اوس مجلس مین تھے عروہ کی یہہ بات سنکر شدت اور غلظت او سپر کرکے فرمایا
امصص بظر اللات یعنی چوس اوس گوشت کے ٹکڑے کو جو لات کے اندام
نہانی پر ہے اور لات نام اوس بت کا ہے جسکو قریش اور ثقیف پوجتے تھے اور عادت
عرب کی تھی کہ جو سخت گالی کسیکو دیتے تھے امصص بظر الک کہتے حضرت صدیق رضی اللہ
تعالے عنہ نے اسمین تشدد کیا کہ لات کو قایم مقام اُم کے کیا اور نسبت کی اوسکی
طرف اور حضرت صدیق رضی اللہ تعالے عنہ کو جو عروہ پر غصہ آیا تہا یہہ اوسکے غرور
تکبر کے سبب سے آیا اور زیادہ رنج اس سبب سے ہوا کہ اوسنے اصحاب رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نسبت خیال کیا کہ یہہ آپ کو چھوڑکر بہاگ جائینگے
اسلئے حضرت صدیق رضی اللہ تعالے عنہ نے فرمایا نحن نفر منہ وندعہ یعنی
کیا ہم بہاگ جائینگے اور آپ کو تنہا چھوڑ دینگے تجھکو ابہی ہماری عاشقی اور صادقی اور
حقانیت اور وفاداریوں کے حالات نہین معلوم ہین۔ عروہ نے جب یہہ باتین سُنی
تو سر اوٹھا کر پوچہا کہ یہہ کون شخص ہے جو ایسی باتین کر رہا ہے کہا گیا کہ یہہ ابوبکر صدیق
رضی اللہ تعالے عنہ ہین اوسنے کہا اے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالے عنہ خبردار
ہو کہ خدا کی قسم اگر تیرا حق کہ جسکی مینے مکافات نہین کی مجہپر نہوتا تو مین اسکا جواب اور
سزا تجھکو دیتا اور حق حضرت صدیق رضی اللہ تعالے عنہ کا عروہ پر یہہ تہا کہ ایام
جاہلیت مین عروہ پر دیت لازم ہوگئی تہی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ
اور دوسرے لوگون نے عروہ کی اعانت کی تہی اور روایت مین ہے کہ دس اونٹ
جوان حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ نے اوسکو دئے تھے۔

اور ایک روایت مین ہے کہ ہر ایک نے اوسکے یارون اور دوستون مین سے
اوسکو ایک ایک اور دو دو گائین دی تہین اور مروی ہے کہ عروہ ہنگام تکلم اپنا
ہاتھ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ریش مبارک کیطرف لیجاتا تھا

جیسے کہ اجلاف عرب کی عادت تھی کذا فی المدارج اور مواہب لدنیہ مین ہے
کہ کلام کرتا تھا عروہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اور ریش مبارک چھولیتا
تھا اور مغیرہ بن شعبہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے برابر کھڑے تھے
اور تلوار باندہے اور خود سرپر رکھے ہوے تھے جب عروہ ریش مبارک کیطرف ہاتھ
بڑہاتا تھا تو مغیرہ اپنی تلوار کی کوتھی اوسکے ہاتھ پر مارتے تھے اور کہتے اخر یدك
عن لحیة رسول الله صلے الله علیه وآله واصحابه وسلم یعنی اپنا ہاتھ
حضرت کی ریش مبارک کے پاس سے ہٹالے علما فرماتے ہین کہ عادت عرب کی یہہ
تھی کہ وہ ریش پکڑتے تھے نہایت نرمی سے اوس شخص کی جس سے ہمکلام ہوتے
خصوصاً مہربانی اور ملاطفت کے واسطے کہ یہہ شخص ہمپر مہربان ہوا ور ہماری باتون کی
طرف توجہ کرے اور یہہ ایک طریقہ تالیف قلوب کا تہا اور مغیرہ بپاس ادب اوسکو
اس امر سے روکتے تھے۔ روضۃ الاحباب مین ہے کہ جب مغیرہ نے بار بار کوتھی
تلوار کی عروہ کے ہاتھ پر ماری تو وہ خفا ہوکر کہنے لگا کہ اے محمد صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم تمہارے صحابہ مین سے یہہ کون شخص ہے جو مجھکو ایذا دیتا ہے
خدا کی قسم مین گمان نہین کرتا کہ تمہارے اصحاب مین سے ایسا کوئی لئیم اور برا آدمی ہو
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تبسم فرماکر ارشاد کیا کہ یہہ تیرے بہائی کا
بیٹا ہے عروہ نے مغیرہؓ کی طرف مونہہ کرکے کہا کہ اے غدار مین تیری غداری کی
اصلاح کرتا ہون اور تو مجھسے ایسا کرتا ہے اور حال یہہ تہا کہ مغیرہ ایام جاہلیت مین
تیرہ ۱۳ آدمیون کے ساتھ جو قبیلہ بنی مالک سے تھے اور قبیلہ ثقیف سے تھے مصر کے
بادشاہ مقوقس کے پاس گئے تھے۔ جب مصر مین پہونچے اور مقوقس سے ملاقات
کی تو اوسنے ہر شخص کو انعام دیا مگر مغیرہ کو کچھہ نہ دیا اوسکو اونپر رشک آیا جب ادہر
سے پہرتے ہوے ایک منزل مین اوترے تو وہ لوگ بہت سی شراب پیکر خوب

مست ہوکر سورہے مغیرہ نے تیرہون آدمیون کو مارڈالا اور اونکا مال لیکر مدینہ مین آیا اور مسلمان ہوا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اے مغیرہ تیرا ایمان واسلام مقبول ہے مگر جو مال تو لایا ہے اوس سے ہمکو کچہہ کام نہین ہم اوس مین سے خمس نہین لیتے۔ اِنَّ اموال اهل الشرك اذا اخذها عند الامان مردودة الى اربابها یعنے بیشک مال اہل شرک کا لین اوسے نزدیک امان کے تو پہیر اجائے وہ مال اوسکے مالکون کی طرف کذا فی حاشیۃ روضۃ الاحباب جب بنو مالک کو یہہ حال معلوم ہوا تو مغیرہ کی قوم سے لڑنا جھگڑنا شروع کیا عروہ بن مسعود ثقفی نے بنو مالک کے رئیس مسعود بن عمرو سے اسی مقدمہ مین گفتگو کرکے کوشش وسعی سے صلح کروائی تیرہ آدمیون کا خون بہا دینا ٹھہرا دیا تو عروہ کا یہہ کہنا کہ مین تو تیرے غدر کی اصلاح کرتا ہون اسی قصہ کی طرف اشارہ تہا۔ مدارج النبوت مین ہے کہ اس مجلس مین عروہ بن مسعود صحابہ کیطرف کنکھیون سے دیکھتا تہا اور اونکے حالات قلبی کا اندازہ کرتا تہا اور وہ یعنی صحابہ جو حضرت کی تعظیم اور ادب بجالاتے تھے اونکو دیکھکر حیران تہا بعد مراجعت کے مشرکان قریش سے کہا کہ اے معشر قریش مینے صحبت ملوک اور کبرا وعظما کی اوٹھائی ہے اور قیصر وکسریٰ ونجاشی کی ملازمت بہی کی ہے مگر اونمین سے کیسی کے ملازمون کو ایسا ادب کرتے ہوے نہین دیکہا جیسا کہ اصحاب محمدؐ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم محمدؐ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ادب کرتے ہین اگر اثنائے گفتگو مین اونکا لعاب دہن کیسیکے ہاتھ پر پڑجاے تو اوسے اپنے مونہہ سے مل لیتا ہے اور جو وہ کسی کام کرنیکا حکم کرین کہ اوسے ادنی آدمی کرسکتا ہے تو بزرگ ترین قوم کا اوسے نہایت اعتقاد سے بجالاتا ہے اور جو اونکے سامنے باتین کرتے ہین تو نہایت آہستہ اور دبی ہوئی آواز سے کرتے ہین اور جب وہ باتین کرتے ہین تو اونکی طرف تیز نگاہ نہین کرتے اور بسبب

کمال احترام اور تعظیم کے اونکے چہرہ کیطرف نہین دیکھتے اور جب وہ وضو کرتے
ہین تو اونکے وضو کے پانی پر آپسمین اتنا جھگڑتے ہین کہ قریب ہے کہ مارے جائین
اور جو کوئی بال ڈاڑہی یا سر کا زمین پر گرتا ہے تو اوسے تبرکًا اوٹھا لیتے ہین اور
نہایت ادب کے ساتھ اوسے کسی اچھے پاکیزہ ظرف مین رکھہ چھوڑتے ہین اور سوا اسکے
اور جو کچھہ حالات اوسنے دیکھے تھے مفصل بیان کیے اور جو کچھہ حالات اونکی مردانگی
و شجاعت اور اتفاق و محبت کے دیکھے تھے وہ بھی بیان کیے کہ زیادہ اوس سے
کوئی نکر سکے اور اوسنے کہا خدا کی قسم مینے ایک لشکر دیکھا کہ وہ تم سے مونھہ نہ پھیرینگے
اگرچہ سب مارے جاوین یا تمپر غالب آوین اور جو کہ انجام کار اوسکا ایمان پر تھا اور
پختہ کار اور قدر دان مرد تھا اور مانند اور مشرکون کے متعصب نتھا جو کچھہ اوسنے دیکھا
تھا اپنی آنکھون سے صاف صاف بے کم و کاست بیان کر دیا اور وہ جو صحابہ
رضی اللہ عنہم کے ادب کی حالت دیکھکر متحیر تھا اوسوقت تک وہ حضرت صلے اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے مرتبہ سے کما حقہ واقف نہوا تھا اور وہ بصارت و
عقیدت جو صحابہ کو مل چکی تھی اسکو عطا نہوئی تھی وگرنہ ہرگز متحیر نہوتا مگر پھر بھی نصیحت
قریش اور صوابدید وقت مین کافی تھا لیکن وہ شقاوت شعار ناہنجار قریش اپنی
ضد پر ثابت قدم تھے اور کہتے تھے کہ یہہ نصیحت کی باتین ہمارے خیال مین نہین
آتین ہم اپنے قصد پر مضبوط ہین کہ ابکے سال محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کو اور اونکے یارون کو زیارت کے واسطے بیت اللہ مین نجانے دینگے ابکے سال
وہ لوٹ جائین اگلے سال آئین پھر جب عروہ کی سعی و کوشش سے صلح سر انجام کو
نہ پہونچی تو ایک اور شخص حلیس نام جماعتِ احابیش مین سے قریش سے اجازت لیکر
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ملاقات کو آیا آپنے اوسے دیکھکر فرمایا کہ
یہہ شخص اون مین سے ہے کہ جو قربانی کی تعظیم کرتے ہین۔ قربانی کے اونٹ اوٹھا کر

اسکے سامنے سے نکالو پس صحابہ نے ایسا ہی کیا اور لبیک کہتے ہوئے اوسکے سامنے سے گذرے جلیس نے جو یہہ دیکھا تو جان لیا کہ یہہ اہل قتال سے نہین ہین اور کہا کہ لایق نہین ہے کہ اس قوم کو زیارت بیت اللہ سے روکین اور ایک روایت مین ہے کہ اوسکو رقت ہوئی اور آنسو اوسکے جاری ہوگئے اور کہا اوسنے هلکت قریش و رب الکعبۃ یعنی ہلاک ہوے قریش قسم ہے پروردگار کعبہ کی اور یہہ لوگ نہین آئے ہین مگر عمرہ کرنیکو اور اوسیوقت حضرت سے بغیر ملاقات کئے لوٹ گیا اور قریش سے کہا کہ مینے اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو دیکھا کہ اونٹون کو اشعار اور تقلید کرچکے ہین اور بیت اللہ کی زیارت کا قصد رکھتے ہین مصلحت نہین ہے کہ اونکو زیارت سے روکو قریش نے اوسکو اس خبر مین سچا جانکر اوسکو نادان اور بے وقوف سمجھا جیسا کہ اسوقت کے مہذب لوگ اہل دین کو کہدیتے ہین کہ یہہ سیدھے سادے بزرگ ہین انکو دنیا کے معاملات سے کیا خبر ہے یونہین قریش نے کہا کہ اے جلیس تو اعرابی ہے ملکی معاملات سے واقف نہین ہے وہ اس بات سے خفا ہوا اور کہا اے قریش ہم تمسے اس بات مین موافق نہین کہ بیت اللہ کے زایرون کو زیارت سے منع کرین اور قسم ہے اوس خدا کی کہ جان جلیس کی اوسکے قبضہ مین ہے اگر تم محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو زیارت بیت اللہ سے روکوگے تو مین تمسے معہ تمام قوم احابیش کے روگردان ہوتا ہون قریش نے اوس سے عذر خواہی کی اور اوسکو تسکین وتسلی دی اور کہا کہ اے جلیس ٹھہر کہ ہم محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے حسب خواہش صلح کرلین مردی ہے کہ جو لوگ قریش کیطرف سے آئے اور اونکی کوشش وسعی نے قریش کی قساوت قلبی مین اثر نکیا اور کچھہ فائدہ مترتب نہوا تو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے چاہا کہ کسیکو بہیجکر اسمقدمہ مین سعی کرین۔

پہلے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حراش بن امیہ کعبی خزاعی کو اونٹ دیکر بہیجا کہ قریش سے جاکر کہے کہ تشریف لانا آپ کا محض عمرہ کرنے کے لئے ہے جب یہہ قریش کے پاس گئے تو اون ناہنجارون نے اونکے اونٹ کی کوچین کاٹ ڈالین اور اونکے قتل پر مستعد ہوے اونکی قوم کے لوگ جو مکہ معظمہ مین تھے اون لوگون نے انکو بچایا اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس بہیجدیا پھر یہہ رائے ہوئی کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ بہیجے جایئن مگر یہہ رائے بہی قرار نپائی پھر یہہ مشورہ ہوا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ روانہ کئے جایئن اسلئے کہ آپ کے رشتہ دار وہان بہت ہین آپکا جانا مناسب ہے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ کو بلایا اور مکہ کو روانہ کیا کہ ابوسفیان اور صناد یدقریش سے جاکر کہدین اور اونکو جتلادین کہ ہم عمرے کو آئے ہین نہ لڑنیکو اور وہان جو مسلمان ہین اون سے کہدین کہ فتح نزدیک ہے پہر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ حسب فرمان واجب الاذعان مکہ معظمہ کو روانہ ہوے اور منزل ملدح مین مشرکون سے ملے اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا پیام اونکو پہونچا دیا مگر کفار ناہنجار اپنی اوسی جہالت پر اڑے رہے کہ ممکن نہین کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کعبہ کی زیارت کرین سبحان اللہ کیا جاہل قوم تہی اور کسقدر قساوت قلبی تہی اونمین اور چونکہ حضرت کی شان رحمۃ للعالمینی کی تہی اس سبب سے سب جھگڑے اور بکھیڑے پیش آرہے تھے اگر آپ تیغ بکف ہوجاتے تو اوسیوقت سب کے سب ٹھیک ہوجاتے جیسا کہ اب آگے معلوم ہوگا آبان بن سعد بن العاص نے حضرت عثمان کی تعظیم کی اور اپنے مرکب پر سوار کیا اور خود آپ کے پیچھے بیٹھا اور مکہ کو لے گیا پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ

نے پیام حضرت خیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ابو سفیان اور صنا دید قریش کو پہونچا دیا اون لوگون نے آپ کے پیام بری کا کبھی خیال نکیا پہر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اونکو قوم کے موافق پایا تو چاہا کہ فوراً وہان سے مراجعت فرمائین قریش نے کہا کہ آپ چاہین تو طواف کرلین آپ نے فرمایا کہ مین تنہا طواف نکرونگا جب تک حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم طواف نکرین وہ لوگ اس بات سے برہم ہوے اور آپ کو مراجعت سے روک دیا۔

روایت ہے

کہ جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس سے مکہ کو روانہ ہوئے تو صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم کہنے لگے کہ خوشا وقت کہ عثمان مکے کو گئے زیارت کعبہ کرینگے آپ نے فرمایا کہ میرا گمان عثمان سے یہہ نہین ہے کہ وہ بغیر میرے طواف کرین ؎

فردوس چہ کار آید اگر یار نباشد

جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اقامت کو مکہ مین طول ہوا تو یہہ خبر مشہور ہوئی کہ حضرت عثمان غنی کو اور دس صحابہ جو اور حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اجازت لیکر آپ کے ساتہہ آئے تھے سب کو کفار قریش نے قتل کر ڈالا حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یہہ خبر سنکر بہت مغموم ہوے اور درخت سے پشت لگاکر بیٹھے اور صحابہ کو بیعت کے لئے فرمایا کہ ثابت قدم رہین اور اگر لڑائی پر جائین تو قدم پیچھے نہ ہٹاوین اسی بیعتِ جان نثاری کی خبر کلام اللہ مین دی گئی ہے۔

لقد رضی اللّٰہ عن المومنین اذ یبایعونك تحت الشجرۃ یعنی بیشک اللہ راضی ہوا اون مومنین سے جسوقت اون لوگون نے تمہارے ہاتہہ پر بیعت کی

چونکہ اللہ تعالےٰ شانہ نے اس جماعت صحابہ سے رضامندی ظاہر فرمائی اسی وجہ سے اس بیعت کا نام

بیعت الرضوان ہے

اسمین پندرہ سو اصحاب آپ کے ساتھ تھے اونمین حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت عمرؓ بہی تھے اور حضرت عثمان رضؓ کے واسطے تو یہہ بیعت قرار پائی ہی تھی پہر نہین معلوم کہ کس قاعدہ سے ان اصحاب کا ایمان بعض حضرات کے نزدیک ثابت نہین ہے اللہ تعالیٰ شانہ اپنے کلام پاک مین اونکی رضامندی کی شہادت دے رہا ہے اور خود رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکی بیعت لی کتاب اللہ مین اوسکا ذکر بصراحت موجود اور حدیث مین موجود تاریخ مین موجود پہر اس واقعہ کا بطلان کس نئے اصول سے کیا جاتا ہے **ہذا العجب** ھٰذا العجب ھٰذا العجب حدیث مین وارد ہی کہ نار مین نہ داخل ہوگا جو بیعت الرضوان مین حاضر ہوا اور ایک روایت مین ہے کہ جو کوئی حاضر ہوا حدیبیہ مین نہ داخل ہوگا نار مین اور چونکہ حضرت عثمان غنی وہان جائے بیعت کی جگہہ پر حاضر نتہے تو حضور پر نور نے چاہا کہ وہ بہی اس فضیلت سے محروم نرہین تو آپنے اپنے بائین ہاتھ کو فرمایا کہ یہہ ہاتھ عثمان کا ہاتھ ہے پہر داہنی ہاتھ کو اپنے بائین ہاتہہ پر رکہکر عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیطرف سے ارکان بیعت ادا فرمائے اور بے شک عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے قتل کی خبر مشہور ہونیمین اللہ تعالےٰ شانہ کی یہہ حکمت تھی کہ اصحاب رضی اللہ عنہم کو یہہ شرف حاصل ہوا اور کفار مکہ نے جب اس بیعت کا واقعہ سنا تو نہایت خوف اور رعب اون کے دلو نمین پیدا ہوا کہ اگر ہم حضرت سے لڑینگے تو ہلاک اور بیخ برکندہ ہوجاینگے بس مضطرب ہوکر مصالحت اختیار کی اور سہل بن عمرو کہ اونکا خطیب تھا اس مہم کیواسطے

تہا اس مہم کے واسطے بہیجا کہ ہمارے اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے درمیان
مین صلح کراوے جس طریقہ سے ہوسکے اور مروی ہے کہ جب جلیس لوٹ کر قریش کے
پاس گیا اور کہا کہ اس قوم کو زیارت بیت اللہ سے منع کرنا لایق نہین ہے تو مکرز بن
حفص قریش سے اجازت لیکر لشکر اسلام مین آیا جب دور سے وہ دکہلائی دیا تو حضور
پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ یہہ مکرز بن حفص ہے اور یہہ مرد فاجر
ہے اور روایت مین ہے کہ مرد غادر ہے اس سے بات نکرو اور خود آپ اوس سے
کلام کرنے لگے اسمین سہل بن عمرو ایک جماعت قریش کے ساتہہ آیا آپ نے فرمایا
سَهُلَ أَمْرُنَا یعنی آسان ہوا کام ہمارا اور ایک روایت مین یون بیان کیا گیا ہے
قد سهل لکم امرکم یعنے بے شک آسان ہوا کام تمہارا اور یہہ سہل بن عمرو
بدر مین کافرونکے ساتہ قید ہوئے تہے اور قوم قریش کے خطیب تہے پس کہا
عمر بن خطاب نے یا رسول اللہ توڑ ڈالو دانت اسکے کہ پہر اسکے بعد آپ پر خطبہ نہ
پڑہے آپنے فرمایا کہ اُمید ہے کہ وہ ایسے مقام مین کہڑا ہوکر خطبہ پڑہے گا کہ وہ
محمود ہوگا اور اسلام لاے بعد فتح مکہ کے اور وہ مقام کہ آپ نے خبر دی تہی خطبہ
پڑہنے کی وہ تہا کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس عالم سے انتقال
فرما گئے اور مکہ مین آدمی مختلف ہوگئے اور بعض مرتد ہوگئے اوسوقت سہل نے
کہڑے ہوکر خطبہ پڑہا خلافتِ ابوبکر رضی اللہ تعالے عنہ کا اسطرح کہ گویا سُن رہے
ہین حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالے عنہ خطبے کو اور تسکین دی لوگون کو اور باز رکہا اونکو
اختلاف سے اور وفات پائی سہل نے طاعون سے عمواس مین سنہ ۱۸ ہجری مین
حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کے زمانہ خلافت مین اور کہا گیا ہے کہ وہ شہید ہوے
یرموک مین اور باقی نہین رہی اونکی نسل اور ابوجندل اونکا بیٹا بہی طاعون عمواس مین
فوت ہوا القصہ اونہون نے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

سے عرض کی کہ اے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہماری ایک جماعت جو تمہاری قید مین ہے اوسکو چہوڑ دو اور یہہ اسطرح ہوا تہا کہ پچاس آدمی قریش نے لشکر اسلام کی خبر کو بہیجے تہے اور یہہ بہی اونکا مقصود تہا کہ اگر کوئی مسلمانون مین سے ملجاے تو اوسے پکڑ لاوین اتفاقاً اون پچاس آدمیون کو محمدؐ بن مسلمہ نے اپنے ہمراہیون کیساتہ کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکے ساتہ کر دئے تہے پکڑ لائے آپ نے اونکے قید کا حکم دیا تہا جب سہیل نے اون قیدیونکو طلب کیا تو آپ نے فرمایا کہ تم میرے اصحاب یعنی عثمانؓ اور اونکے ہمراہیون کو بہیجدو تو ہم تمہارے قیدی چہوڑ دین - پہر خویطب بن عبد العزیٰ اور مکرز بن حفص نے ساتہ سہیل کے کسیکو مکہ مکرمہ مین بہیجا کہ اصحاب محمدؐ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو جو روک رکہا ہے بہیجدو تا کہ ہمارے قیدی خلاص ہون پہر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ اپنی دسون ہمراہیون کے ساتہ آے کذا فی المعارج النبوۃ - اور روضۃ الاحباب مین ہے کہ وہ پچاس آدمی قریش کے جو محمدؐ بن مسلمہ پکڑ لائے تہے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مہربانی فرماکر چہوڑ دئے - اور اس روایت سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالے عنہ کا آنا اوسوقت ہوا کہ حضرتؐ نے بعد وقوع صلح کے صلحنامہ کے لکہنے سے فراغت حاصل کی اور سہیل بن عمرو کو اپنے پاس رکہا کہ جب تک عثمان رضی اللہ تعالے عنہ نہ آئین گے تجہے نہ چہوڑینگے پہر اوسنے قریش کو لکہہ بہیجا کہ عثمانؓ کو چہوڑ دو کہ مین رہائی پاؤن پہر جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ آے تو حضور پر نور نے سہل کو چہوڑ دیا کذا فی المواہب اللدنیہ - پہر سہل نے کہا کہ اے محمدؐ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قریش تم سے اس شرط پر صلح کرتے ہین کہ اسکے سال تم عمرہ نہ ادا کرو اگلے سال اسکی قضا کر لینا اگر اسپر آپ راضی ہین تو صلحنامہ تحریر ہوجاے حضرت نے فرمایا کہ اچہا حضرت رسول مقبول نے

اوس بن خولی کو کہ وہ خط وکتابت کی مہارت رکہتے تہے صلحنامہ لکہنے کو بلایا سہل
نے کہا اے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یہہ نامہ علی کو لکہنا چاہیئے جو آپکی
چچا کے بیٹے ہین اور یہہ تقریر سہل کی اسوجہہ سے تہی کہ ظاہرا حق اور اولی معاملات
مین اور مصالحات اور معاہدات وغیرہ مین اوسکے عصبات اور اہل ہی ہوا کرتے
ہین اور یہی سبب تہا کہ حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سورہ توبہ
پڑہنے کو کہ اوسمین نقض عہد اور منافقون کی توبہ کا بیان ہے اور اوسوقت آپنے
حضرت علیؓ کو بہیجا ہے کہ آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالے عنہ کو حج اداکرنے
کے لئے امیر الحاج کرکے روانہ کرچکے ہین اور ایک روایت مین ہے کہ سہل نے
کہا کہ لکہے اس صلحنامہ کو علی یا عثمان اسلئے کہ عثمان بہی آپکے داماد ہین اور عصبات
سے تہے پہر حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکی التماس کے موافق
حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بلایا اور فرمایا کہ لکہہ بسم اللہ الرحمن الرحیم سہل نے
کہا کہ واللہ مین نہین جانتا ہون کہ رحمن کون ہے لکہو باسمک اللہم جیسے پہلے
لکہا کرتے تہے مسلمانون نے کہا کہ یہہ نہوگا ہمتو بسم اللہ الرحمن الرحیم ہی لکہینگے
حضرت نے فرمایا کہ اے علی لکہہ تو باسمک اللہم حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے
آپ کے ارشاد فیض بنیاد کے موافق باسمک اللہم لکہدیا واضح ہو کہ مناقشہ
صرف سہل کا ہے وگرنہ حاصل دونون کا ایک ہی ہے یہی وجہہ تہی کہ حضور پرنور
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم رضامند ہوگئے فا داسمین جب تہا کہ کسی بت کا
نام ہوتا پہر آپنے حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کو فرمایا کہ لکہہ ہذا ما قاضی علیہ
محمد رسول اللہ یعنی یہہ وہ نوشتہ جسپر صلح کی محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالے عنہ نے یہی لکہا کہ سہل نے پہر کہا کہ ہم آپکی
رسالت کے قائل نہین ہین اگر یہہ لوگ آپ کو رسول جانتے تو زیارت بیت اللہ

سے کیون روکتے رسول اللہ کی جگہہ ابن عبداللہ لکھو آپنے فرمایا واللہ انی رسول اللہ وان کذبتمونی یعنی قسم ہے اللہ کی بے شک مین اللہ کا رسول ہون اگرچہ تم مجھکو جھٹلاتے ہو اور ایک روایت مین ہے کہ آپ نے فرمایا کہ مین رسول اللہ بہی اور محمدؐ بن عبداللہ بہی ہون اور فرمایا اے علی مٹا دو لفظ رسول اللہ کو اور لکھدو وہان کلمہ محمدؐ بن عبداللہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ واللہ آپکے وصف رسالت کو ہرگز محو نکرونگا۔ اور مروی ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے وہ کاغذ ہاتہہ سے رکھدیا اور ہاتہہ تلوار کے قبضہ پر رکہا یہہ انکار اونکا لفظ رسول اللہ کے مٹانے پر تہا نہ انکار امر رسول اللہ کا تہا اوس نام کی تعظیم کے سبب سے جو اونکے دل مین تہی اور یہہ عین ادب تہا کہ پیدا ہوا تہا غایت عشق سے پہر حضرت نے وہ نامہ حضرت علی کے ہاتہہ سے لیلیا اور کلمہ رسول اللہ اوس مین محو کردیا اور بجاے رسول اللہ کے محمدؐ ابن عبداللہ لکھدیا باوجودیکہ آپ نے کبہی کچہہ لکہا نہتا واضح ہو کہ ظاہر بعض احادیث صحیحہ کا اسپر دلالت کرتا ہے جو مذکور ہوا۔ اور بعض احادیث صحیحہ اسپر دال ہین کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے وصف رسالت محو کیا اور علی رضی اللہ تعالے عنہ نے اوسجگہہ **محمدؐ بن عبداللہ** لکھدیا علما کی ایک جماعت نے اس روایت کی ترجیح کی ہے اور کہتے ہین کہ روایت اول مخالف ہے ظاہر آیت کریمہ سے وماکنت تتلو من قبلہ من کتاب ولا تخطہ بیمینک اذا لارتاب المبطلون **ترجمہ** اور تو پڑہتا نہ تہا اوس سے پہلے کوئی کتاب اور نہ لکہتا تھا اپنے داہنے ہاتہہ سے تو البتہ شبہہ کہاتے یہہ جھوٹے اور ایک جماعت نے تمسک ظاہر روایت اول سے کیا ہے اور کہتے ہین کہ حضرت نے اپنی دست مبارک سے لکہا اور تمسک آیت سے جواب دیتے ہین کہ یہہ قصہ اوس کے

منافی نہین ہے بلکہ مفہوم قرآن سے یہہ معنی نکل سکتے ہین اسلئے کہ آیت مین مقید کیا ہے نفی کتابت کو پہلے نزول قرآن سے اور بعد اوسکے اُمیّت آپ کی مقرر اور محقق ہوگئی۔ اور معجزہ آپکا اس سبب سے ظاہر ہوگیا اور بیخوف ہوے ریب وشک سے اس امر مین اور کوئی مانع نہین ہے اس سے کہ صنعت کتابت آپ کو حاصل ہوگئی ہو بغیر تعلیم کے اور یہہ ایک دوسرا معجزہ ہے اور اسکی تائید مین حدیثین وارد ہین ازانجملہ ایک حدیث ابن ابی شیبہ کی کہ اوسنے اپنی مصنف مین طریق عون بن عبد اللہ سے روایت کی ہے کہ حضرت دنیا سے نہین گئے جبتک لکھا پڑہا نہین اور کہا ہے کہ منکرین کتابت نے تکفیر کی ہے مثبتین کتابت کی اور کہا ہے شعر بریت ممن شری دنیا باخرتہ ٭ وقال ان رسول اللہ قد کتبا ٭ ترجمہ یعنی بری ہین ہم اوس شخص سے کہ خریدا اوسنے دنیا کو آخرت کے بدلے مین ٭ اور کہا کہ بے شک رسول اللہ نے بہ تحقیق لکھا ہے ٭ اور کہا ہے اونہون نے کہ اللہ تعالے نے منزہ اور مبرّا کیا اپنے رسول کو خط وکتابت سے اور فرمایا آپ کو نبی اُمّی اور اسیکو دلیل نبوت ٹھہرایا ہے کما فی التنزیل پس اثبات کتابت مین ابطال اس برہان کا لازم آیا اور یہی سبب کفر ہے اور مثبتین کتابت تمسک کرتے ہین ساتہہ حدیث ابن ابی شیبہ کی قوت سے کہ ما مات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حتی کتب وقرء ترجمہ یعنے نہین وفات پائی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہانتک کہ لکھا اور پڑہا۔ کہا مجالد نے جو ناقل اس حدیث کا ہے کہ ذکر کیا مینے شعبی سے اونہون نے بہی تصدیق اسکی کی۔ اور کہا قاضی عیاض نے کہ اثار و اخبار وارد ہوئے ہین کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو معرفت خط کی تہی اور اوسکی حسن تصویر پر بہی عبور تہا یعنے اوسکے نیک وبد اور اصول سے

واقف تھی اور اسکی تائید خود حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا قول
شریف کرتا ہے کہ فرمایا کاتب کو کہ رکھہ تو قلم کو کان پر کہ یہہ تجھکو یاد دلانے والا زیادہ
ہے اور معاویہ رضی اللہ تعالے عنہ کو جو آپ کے کاتب تھے فرمایا کہ سیاہ رکھہ
سیاہی کو اور ترچھا قلم کو بنا اور پورا لکھہ حرف ب کو اور متفرق سین کو یعنی دندانے
اوسکے جدا جدا لکھہ اور گول لکھہ میم کو کہتے ہین قاضی عیاض کہ اگرچہ یہہ مرویات
اثبات حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے لکھنے کا نہین
کرتے ہین مگر دور نہین کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو لکھنے کا
علم دیا گیا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو علم ہر شئے کا تھا۔ اور جواب
دیا اسکا جمہور نے کہ یہہ احادیث مذکورہ ضعیف ہین اور لکھا اوسکو علی کرم اللہ
وجہہ نے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حکم کے موافق
پس نکتہ قول راوی ہین یہ ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ
بتا مجھکو جگہہ اوس کلمہ کی یعنی جس جگہہ محو کرنے سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے
انکار کیا تھا کہ محو کرین آپ اوسکو اپنے ہاتھہ سے نہ یہہ کہ خود لکھین اوسکی جگہہ پر
اور پس کا لفظ گویا حذف ہے اس کلام مین فمحھا فاعادھا لعلی فکتب و
اطلق کتب بمعنی امر۔ یعنی پس محو کیا اوسکو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے پھر دیدیا علی رضی اللہ تعالے کو اور پھر لکھا اونھون نے یا یہہ کہ بولا گیا لفظ
کتب کا ساتھہ معنی امر کے اور اکثر کلام عرب مین معنی کتب کے امر آیا ہے جیسے
کتب الی کسریٰ وکتب الی قیصر اور کہا شیخ ابن حجر نے کہ حق وہی ہے
کہ معنی کتب کے امر بکتابت ہین۔

روضۃ الاحباب

روضۃ الاحباب مین ہے کہ بعضے اہل سیر لائے ہین کہ جب صلحنامہ مین محمد بن

عبداللہ بجاے محمدؐ رسول اللہ کے لکھا گیا آپنے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ اے علی تجکو بہی ایک دن ایسا ہی واقعہ پیش آنیوالا ہے اور یہہ اشارہ تہا اسکی طرف کہ واقعہ صفین مین جب صلحنامہ لکھا گیا تو کاتب نے لکھا کہ یہہ کتاب ہے امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کی طرف سے امیر معاویہؓ نے کہا کہ امیر المومنین مت لکھہ اگر ہم اونکو امیر المومنین ہی جانتے تو یہہ معاملہ اور مقابلہ اونسے کیون کرتے اونکی متابعت کرتے حضرت علی رضؓ نے فرمایا صدق رسول اللہؐ اور کاتب سے کہا لکھہ علی ابن ابیطالب۔

القصہ صلح حدیبیہ کے دن جو شرط سہل بن سعد کرتے تہے حضرت قبول فرماتے تہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ اُسے لکھتے تہے اور حاصل مضمون صلحنامہ کا یہہ تہا کہ دس برس تک مسلمان اور قریش اور ایک روایت مین چار سال تک۔ ایک دوسرے کے شہرون مین آمد و رفت کرین اور با خود ہا کوئی کسی کے جان و مال سے تعرض نکرے اور جو کوئی کفار مین سے چاہے کہ عہد مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے آجائے کوئی اوسکو مانع نہو اور جو کوئی عہد قریش مین آنا چاہے تو اوسکو بہی مسلمانون مین سے مزاحم نہو اور حلیفون اور ہم عہدون مین سے ایک دوسرے کے روکا ٹوکا نجائے اور اِسی سال مسلمان زیارت بیت اللہ نکرین اگلے سال اسکی قضا کرین مگر تین دن سے زیادہ مکہ مین نرہین اور ہتہیارون کو غلافون مین رکہین۔ اور جو کوئی بے اذن اپنے ولی کے قریش مین سے محمدؐ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس آجاے تو حضرت پہر اوسی قریش کو واپس کردینگے اگرچہ وہ مسلمان ہی ہوگیا ہو اور جو مسلمانون مین سے قریش کے پاس چلا آوے تو قریش اوسکو پہر مسلمانون کے پاس نبہیجین۔ اہل اسلام نے اس شرط سے تعجب کیا اور کہا کہ سبحان اللہ کیونکر بہیجینگے ہم اوسکو جو مسلمان ہوگا اور

اورایک روایت مین ہے کہ جب سہل نے اس شرط کا ذکر کیا تو حضرت رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اچھا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
نے عرض کی کہ یارسول اللہ آپ رضامند ہوتے ہین آپ نے تبسم کرکے فرمایا کہ
جو اونمین سے ہمارے پاس آویگا اور مسلمان ہوگا تو ہم اوسکو اولٹا بہیجدین گے
تو اللہ تعالےٰ اوسکے لئے کوئی اور مخرج اور فراخی کر دیگا اور جو کوئی ہم مین سے
اعراض کرکے اون مین چلا جاسے تو وہ ہمارے کام کا نہین وہ کفار ہی کی مصاحبت
کے لایق ہے۔ کہا صاحب مواہب لدنیہ نے کہ اگر کہے تو کہ کیا حکمت ہے اسمین
جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے موافقت کی سہل کی اس شرط
پر کہ جو کوئی مشرکین قریش کے پاس سے مسلمانون کے پاس چلا آئے گو کہ وہ
مسلمان ہی ہے مسلمان اوسکو پہر مشرکین کے پاس بہیجدین تو جواب اسکا یہہ
ہے یعنی بے شک مصلحت ایسی کہ مرتب کی گئی تہی اوپر تمام کرنے اس صلح کے وہ
تہی کہ ظاہر ہوے اوسکے ایسے ثمرات کہ ظاہر تھے اونکے واسطے بیان کی حاجت
نہین اور فوایدا وسکے ایسے فواید تہے کہ سب نے اونکو دیکھہ لیا اور انجام اوسکا
فتح مکہ ہوئی اور مسلمان ہونا مکے والونکا اور داخل ہونا بہت سے آدمیون کا اللہ
تعالیٰ کے دین مین گروہ گروہ اور یہہ اسلیئے ہوا کہ وہ کفار قبل صلح کے مسلمانون
سے ملتے جلتے نہ تھے اسلیئے اونپر **اسلام** کی حقیقت اور اسکی عمدگی اونپر
ظاہر نہوتی تہی اور اب جو باخود ہا کی آمد ورفت کا دروازہ کہل گیا اور اسلام کی خوبیان
اونپر آشکارا ہوئین تو اونکو معلوم ہوا کہ ہان دنیا مین اگر کوئی مذہب ہے تو وہ
اسلام ہی ہے اور حضور پر نور خیر البشر صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے احوال
وصفات پر نظر پڑی تو سمجھے کہ بے شبہ اللہ کا رسول ایسی ہی صفات کاملہ سے
متصف ہوا کرتا ہے خصوصاً اس صلحنامہ کی سخت شرطون کو کیسی نرمی کے ساتہہ

قبول فرمایا پس جب صلح حدیبیہ ہوچکی اور موحدین اور مشرکین مختلط ہوے اور
اہل مدینہ اور اہل مکہ کی باخود ہاکی آمد ورفت شروع ہوگئی اور آپس کے اہل وعیال
بہی مل جُل گئے اور مسلمانون سے جو اوصاف حمیدۂ رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کے سُنے اور اپنی آنکھون سے بہی مشاہدہ کیئے بس دل اونکے
اسلام کی طرف مائل ہوگئے یہانتک کہ سبقت کی اسلام لانے مین اور فتح مکہ کا
بہی انتظار نکیا اور جب فتح مکہ ہوئی تو چونکہ دلون مین سبکے اسلام کی محبت جاگزین
ہوچکی تہی بے اختیار ہوکر دوڑ پڑے سب کے سب دین خدا کی طرف اور جو عرب
غیر قریش تہے وہ قریش کے اسلام لانیکا انتظار کر رہے تھے وہ بہی قریش کے
حالات دیکھکر ایمان لائے چنانچہ خبر دی اسکی اللہ تعالی شانہ نے قرآن مجید اور
فرقان حمید مین اذا جاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس یدخلون فی دین
اللہ افواجا الخ یعنے جبکہ آئی مدد اللہ اور فتح اوسکی اور دیکھا تونے آدمیون کوکہ
داخل ہوتے ہین اللہ تعالے شانہ کے دین مین گروہ گروہ۔ اور روضۃ الاحباب
مین ہے کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ
سے کلام کر رہے تہے کہ ابوجندل بن سہل بیڑیان پہنے ہوے اور کلمہ شہادت
پڑہتے ہوے لشکر اسلام مین آکر داخل ہوے اور حال یہہ تہا کہ یہہ پہلے سے
اسلام لائے تہے اسی واسطے انکے باپ نے قید کیا تہا سہل نے اونکو دیکھکر
عرض کیا کہ یہہ اول امر ہے کہ صلح اسپر واقع ہوئی ہے اسکو میرے سپرد کردو آپنے
فرمایا کہ ہم ابہی کتابت سے فارغ نہین ہوئے ہین تو سہل نے کہا کہ ہم کسی امر پر
صلح نہین کرتے آپنے فرمایا کہ ایک کو میری خاطر سے چھوڑ دو اوسنے نہ مانا مکرز بن
حفص نے باوجودیکہ طبیعت مین عذر وفجور رکہتا تہا قبول کیا مگر سہل نے نہ مانا
آپنے ابوجندل کو سہل کے سپرد کردیا اور فرمایا کہ اسکو ایذا اور تکلیف ندینا مکرز

بن حفص اسکا ضامن ہوا ابو جندل نے کہا کہ اے مسلمانون مجھکو مشرکون کے سپرد کرتے ہو اور تمکو نہین معلوم کہ مجھے کیا کیا ایذائین دی گئی ہین۔ حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابو جندل صبر کرا ور اللہ تعالی سے ثواب طلب کر اسلیئے کہ عہد شکنی کرنا ہمارا کام نہین ہے فان الصبر مفتاح الفرج اور فرمایا کہ بے شک اللہ تعالے شانہ تیرے واسطے کوئی مخرج اور کشادگی پیدا کریگا۔ علما نے یہان پر دو وجہین بیان کی ہین ایک یہہ کہ ابو جندل جس کی حالت مین تھے یعنی اسلام لانیکے سبب سے اپنر کشاکش اور تنگی تھی تو اس صورت مین ثواب اسکا نقد اور حاصل ہونا اسکا غنیمت ہے اور اگر رخصت پر عمل کرین تو بھی جایز ہے یہان رخصت سے مراد اسلام کا مخفی رکھنا ہی تا زمانہ کشود کذا فی المدارج اسلیئے کہ فرمایا حق تعالے شانہ نے من کفر باللہ بعد ایمانہ الا من اکرہ وقلبہ مطمئن بالایمان یعنے جسنے کفر کیا ساتھہ اللہ کے ایمان لانے کے بسبب اسکے کہ کسی نے اوسپر زبردستی کی ہو اور دل اوس کا ایمان کے ساتھہ موانست رکھتا ہے وہ مسلمان ہی ہے۔ یعنی کہا خطابی نے کہ تاویل کی ہے علما نے اسکی جو واقع ہوا قصہ ابی جندل مین دو وجہون پر ایک اون مین سے یہہ ہے کہ بے شک اللہ تعالے شانہ کے نزدیک ایمان کا مخفی رکھنا مباح ہے اوسوقت تک کہ ڈر ہو قتل ہونیکا اور رخصت دی اوسکو کہ چھپا ہوا رکھی ایمان اپنا اور اگر موقع ہو توریہ کرنیکا تو توریہ کرے اور جس صورت مین توریہ کا بھی موقع نہو تو پوشیدہ رکھے ایمان کو لہذا ابی جندل کو جو کافرون کے سپرد کردیا تو اونکی ہلاکت کا خوف نتھا اسلیئے کہ سہل اونکا باپ تھا اور باپ بیٹے کا قتل روا نہین رکھتا مگر بطور تنبیہ کچھہ سزا کریگا پس اوسکے واسطے توریہ ہے یعنی ایمان کا چھپانا جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے صحابہ نے عرض کی کہ آپنے

ابی جندل کو سپرد کر دیا تو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ والغالب ان اباہ لا یبلغ بہ الی الھلاک یعنی اور گمان غالب یہہ بات ہے کہ بے شک اوسکا باپ اوسکو قتل نکریگا حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحٰبہ وسلم نے ازروے قانون فطرت یہہ ارشاد فرمایا کہ باپ بیٹے کی تنبیہ تو کرتا ہے قتل اوسکا روا نہین رکہتا پس اوسکے واسطے ناکشود کار دین کا مخفی رکہنا مناسب ہے اور یہی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت بلال کو سمجہایا تہا مگر اونکا عشق اسد رجہ بڑہا ہوا تہا کہ وہ سمجہانا اونکو کافی نہوا آخر کو حضرت صدیق اکبر نے اونکو خرید لیا اور آزاد کر دیا دوسری بات یہ تہی کہ اگر آپ انکو واپس نفرماتے تو عہد کے خلاف ہوتا اور اسلام مین عہد شکنی کا بڑا خیال ہے تو ممکن نہ تہا کہ محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سا نبی آخر الزمان ایک آدمی کے واسطے عہد شکنی کرتا و لیکن وہ شخص کہ اوسپر فتنہ کا خوف ہے تو بے شک فتنہ امتحان ہے اللہ تعالی شانہ کا مبتلا کرتا ہے اللہ تعالے شانہ اوسمین اپنے بندے صابر و مومن کو اور اختلاف کیا ہے علما نے اسمین کہ کیا جائز ہے کہ صلح کیجاوے اس شرط پر کہ پہیر دیا جاوے اونکی طرف جو کوئی اون مین سے مسلمان ہو ایک جماعت یہہ کہتی ہے کہ جایز ہے اور قصۂ ابی جندل اور ابی بصیر اونکی سند ہے اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ جائز نہین ہے اور وہ جو واقعہ ہوا وہ منسوخ ہے اس حدیث کے سبب سے انا بری من مسلم بین المشرکین یعنی مین پاک ہون اُس مسلمان سے جو درمیان مشرکون کے ہو اور قول امام ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ کا یہی ہے۔ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تفصیل ہے عاقل اور مجنون اور لڑکے مین کہ یہہ دونون رد کئے جائین اور عاقل نہ رد کیا جاے اسلیے کہ ضابطہ انکے یہان یہہ ہے کہ جو ایسا مسلمان ہو کہ ہجرت اوسپر فرض نہو دار حرب سے

اوسکو پہیر دینا درست ہے انتہی قول مواہب کا منقول ہے کہ عمر رضی اللہ عنہ
اپنی جگہہ سے اوٹھکر ابوجندل کے پاس گئے اور کہنے لگے کہ صبر کر یہ مشرک
ہین انکا خون کُتے کے خون کے مانند ہے اور تلوار کا قبضہ اونکے سامنے کر دیا
یعنی ابوجندل کے اور تصریحاً اور کنایۃً کہا کہ اپنے باپ کو مار ڈال کہ صلح تمام ہوجائے
چنانچہ خود حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ سے منقول ہے کہ فرماتے تہے کہ مین سمجہتا
تہا کہ ابوجندل تلوار مجہسے لیکر اپنے باپ کی گردن پر مار یگا مگر وہ اوسکے مارنے پر
جرات نہ کرسکا اور ایک روایت مین ہے کہ ابوجندل نے کہا کہ اے عمر تم سہل کو
قتل کیون نہین کرڈالتے حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے فرمایا کہ مجہے حضرت رسول
مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے منع فرمایا ہے ابوجندل نے کہا یا عمر
تم مجہہ سے زیادہ بجاآوری فرمان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
مین احق نہین ہو پس سہل نے اوٹھکر ایک شاخ سمرہ کی ابوجندل کے منہ پر
ماری کہ جس سے مسلمان دردمند ہوکر رونے لگے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ ابوجندل کو سہل کے سپرد کردو اگر اللہ تعالے شانہ
اوسکا صدق واخلاص معلوم کریگا تو اوسکو اون لوگون سے رہا کرادیگا حضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حکیم ظاہر و باطن تہے جو کیا آپ نے بہت
درست کیا اسلیئے کہ ضرر خاص کا قبول کرلینا ضرر عام کے دفع کرنے کے واسطے
جائز ہے چنانچہ **اشباہ والنظایر** کے پانچوین قاعدے مین ہے کہ
اختیار کیا جاے ضرر خاص کو ضرر عام کے دفع کرنے کے واسطے اور اس کلیہ پر
بہت سے فروع مترتب ہوتے ہین اور بے شک حکمی مسایل مین سے ایک
کثیر النفع مسئلہ ہے جس سے آفتاب بوت کی شعاعین پہیل رہی ہین۔

منقول ہے

کہ مسلمانون کو اس صلح سے نہایت رنج ہوا اور سب صحابہ غمگین ہوے اور اس کا
سبب یہہ تہا کہ صحابہ جانتے تہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ کی خواب کا
ظہور اسی سال مین ہوگا اور ہم مکہ کو جاینگے اور عمرہ کرینگے اور مکہ فتح ہوجائے گا
حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ کہا اونہون نے
کہ اوسدن میرے دل مین ایک امر عظیم پیدا ہوا اور مراجعت کی مینے ساتھہ
حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین اور عرض کی آپ
اللہ کے رسول برحق ہین آپ نے فرمایا کہ ہان برحق ہون پہر مین نے عرض کی
کہ ہم حق پر ہین اور ہمارے دشمن باطل پر ہین فرمایا ہان پہر مین نے عرض کی کہ
ہمارے مقتول بہشتی ہین اور اونکے مقتول دوزخی ہین آپ نے فرمایا ہان پہر
مینے عرض کی کہ کس لئے ہم اس نقصان اور ذلت کو گوارا کرین اور ایسی دبی ہوئی
صلح کرکے لوٹین۔ آپ نے فرمایا اے ابن خطاب بے شک مین رسول خدا کا
ہون اور اللہ تعالے مجھکو ضایع نکریگا اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا مین
رسول خدا ہون اور نافرمانی اوسکی نکرونگا اور وہ میری مدد کرنے والا ہے۔
اور یہہ روایت مشعر ہے اسپر کہ یہہ صلح وحی سے ہوئی ہے نہ حضرت صلے اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی راے اور اجتہاد سے حضرت عمر فرماتے ہین کہ کہا مینے
کہ کیا آپ نے یہہ نہین فرمایا تہا کہ قریب ہے کہ بیت اللہ کی زیارت کو جاینگے
اور طواف کرین گے آپ نے فرمایا کہ ہان ولیکن کیا یہہ بھی کہا تہا کہ اسی سال
مینے عرض کی کہ نہین آپنے فرمایا کہ غم مت کہا کہ تو زیارت بیت اللہ کو جائے گا
حضرت عمر فرماتے ہین کہ اسیطرح ملول اور محزون مین آپکی مجلس سے اوٹھا اور

اورابو بکرصدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے پاس گیا اور تمام حکایت اون سے کہی جو جواب مینے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے سناتہا وہی اونسے سُنا اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے کہ اے عمر جا اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی رکاب مضبوط پکڑ اور کچہہ اعتراض مت کر کہ وہ خدا کے رسول ہین جو کچہہ وہ کرتے ہین وحی کے موافق کرتے ہین اور مصلحت اسی مین ہے۔ اور منقول ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے کہ فرمایا اونہون نے کہ بہت اعمال صالحہ مثل نماز و روزہ و تصدق و اعتاق وغیرہم اس گستاخی کے کفارہ مین کئے اللہ تعالےٰ شانہ قبول فرماے

مدارج النبوۃ مین ہے

کہ یہہ روایت دلیل ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے کمال علم اور وفور صدق ویقین پر اور مطابقت رکہتے تہے اس حدیث کے ساتہہ جو رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمائی تہی آپکی شان مین۔

حدیث درشان حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ

ماصب اللہ شئ فی صدری الا وصبتہ فی صدر ابی بکر یعنی نہین ڈالی اللہ تعالےٰ شانہ نے میرے سینہ مین کوئی شے مگر اوسی طرح ڈالی ابی بکر کے سینہ مین یعنے جو کچہہ اسرار اس صلح کے اللہ تعالےٰ شانہ نے حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو از روے وحی کے معلوم کرائے تہے وہ سب

آپنے ابوبکر رضی اللہ تعالے عنہ کو بتا دیئے ہون اسلئے کہ سب صحابہ اس صلح کے شرطون سے بیزار تہے مگر آپ مطمئن تہے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کے قلب کو مطمئن کردیا۔

راویون نے بیان کیا ہے کہ وہ سوال حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کا بطور استکشاف واستفسار کے تہا نہ بطریق شک وانکار کے حاشا وکلا اور باوجود اسکے خود حضرت عمرؓ فرماتے تہے کہ اب تک وسوسۂ شیطان اور کید نفس سے کہ اوسدن میرے دل مین گذرا تہا استغفار کرتا ہون۔

اور منقول ہے کہ مدت مصالحت حدیبیہ کے اندر اتنے مشرک مسلمان ہوئے کہ برابری کرتے تہے ابتداے بعثت سے وقت مصالحت تک کی۔

اور فرمایا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ نے کہ کوئی فتح اسلام مین صلح حدیبیہ کے برابر نہوئی مگر اسرار اوسکے عقل مین نہین آتے اور وہ ایک سر تہا جو اللہ اور اوسکے رسول کے درمیان مین تہا لیکن بندے جلدی کرتے تہے اور خداوند عز وعلا عجلت سے مبرا اور منزہ ہے۔

مواہب لدنیہ مین ہے کہ کہا علما نے کہ نہ تہا سوال عمر رضی اللہ تعالی عنہ کا اس مقدمہ مین شک کی وجہ سے بلکہ اسواسطے تہا کہ جو چیز پوشیدہ تہی وہ اونپر بہی ظاہر ہوجائے جس سے وہ کفار اشرار کو ساکت کرین الغرض جب صلحنامہ لکہکر درست ہوا اور اعیان صحابہ کی گواہیان مثل صدیق اکبر اور فاروق اعظم اور عبد الرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص اور ابو عبیدہ بن الجراح اور محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالے عنہم کی اوسپر لکہی گئین اور بعض مشرکین کی بہی گواہیان مثل خویطب بن عبد العزیٰ اور مکرز بن حفص کی تحریر ہوئین اور صلحنامہ صحت کو پہونچا تو بعد فراغ کتابت صلح حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے

یاروں سے فرمایا کہ اوٹھو اور اپنی اپنی قربانیاں ذبح کرو اور سر حلق کراو۔ راوی کہتا ہی
کہ خدا کی قسم کوئی نہ اوٹھا یہانتک کہ آپنے تین بار فرمایا اور کسی نے اسپر اقدام نکیا
مروی ہے کہ آپ اوٹھکر ام سلمہ رضی اللہ تعالے عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور
اون سے یہہ سب حالات بیان کئے اور صحابہ کی شکایت کی حضرت ام المومنین رضی
اللہ تعالے عنہا نے عرض کی کہ آپ اسوقت اونکو معذور رکھین اسلئے کہ اونپر یہہ
بڑا صدمہ ہوا ہے کہ جو کچھہ قریش نے اس صلحنامہ مین چاہا وہی آپ نے قبول فرمایا
اور حالانکہ اونہون نے فتح مکہ پر عزم بالجزم کرلیا تہا اور آپ بغیر فتح کے لوٹے جاتے
ہین اگر آپ کی خاطر مبارک یہی چاہتی ہے کہ صحابہ اس امر پر اقدام کرین تو آپ
باہر تشریف لے جایئے اور کسی سے کچھہ کلام نکیجے جب تک اپنی قربانی کو ذبح کرکے
سر مبارک حلق نہ کرا لیجئے آپ جب یہہ ارکان ادا کرلینگے تو ناگزیر سب کو ادا کرنا ہوگا
چنانچہ آپ باہر تشریف لائے اور اپنی قربانی کو ذبح کیا اور حجام کو بلاکر سر مبارک
حلق کرایا اور وہ حجام جسنے آپ کا سر مبارک حلق کیا تہا۔ حراش بن امیہ بن فضل
خزاعی تہا جب صحابہ نے یہہ حال دیکھا تو سب نے اوٹھہ اوٹھکر اپنی اپنی قربانیان
ذبح کین اور سر منڈائے اور بعضون نے صرف بال کتروائے مگر سب کے سب
ملول اور محزون تھے قریب تہا کہ کثرت غم سے ہلاک ہوجائین اور ایک روایت مین
ہے کہ قریب تہا کہ کثرت غم سے ایک دوسرے کو مار ڈالے حضرت صلے اللہ علیہ و
آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اللھم اغفر للمحلقین صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ والمقصرین
پہر آپ نے فرمایا اللھم اغفر للمحلقین پہر صحابہ نے عرض کی کہ والمقصرین پہر
آپ نے تیسری یا چوتھی بار فرمایا والمقصرین صحابہ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ کیا
سبب تہا کہ آپ نے مکرر محلقین کے واسطے دعا کی اور مقصرین کے واسطے ایک بار
دعا کی۔ آپ نے فرمایا کہ سر منڈانے والون نے شک نکیا۔

منقول ہے

کہ حدیبیہ سے ابوجہل لعین کا اونٹ قربانی کے اونٹون مین سے بھاگ کرکے کو
چلا گیا اور اپنے بندھنے کی جگہہ پر جا کر کھڑا ہوگیا اور ساربان حضرت کے اوس کے
تعاقب مین وہان پہونچے سفہاے قریش نے چاہا کہ اوسکو ندین سہل بن عمرو نے
کہ اس صلح کا سبب تھا اون کو اس حرکت سے منع کیا اور کہا کہ اگر اسکو لینا چاہتے ہو
تو سَو اونٹ اس کے بدلے مین حضرت کو دو۔ اگر وہ اونہین قبول فرماوین تو
بہتر ہے بھیجدو اور اگر وہ قبول نہ کرین تو ہرگز اس کو مت روکو۔ اون
لوگون نے سو اونٹ دینے قبول کئے لیکن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے یہہ فرمایا کہ اوسکو اگر قربانی کے لئے مقرر نہ کیا ہوتا تو ہم اوسکے عوض مین سَو
اونٹ لے لیتے پھر آپ نے اوس اونٹ کو لیکر قربانی اوسکی کردی اور حدیبیہ مین
جو مساکین اور فقرا تھے اونکو گوشت قربانی کا بانٹ دیا پھر اور مسلمانون نے اپنی
قربانی کا گوشت کھایا یہین سے ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ حرم مین نحر محصر کو
تحلیل کی شرط نہین جانتے اور حنفیہ جو تحلیل محصر کی شرط نحر فی الحرم مقرر کرتے ہین
وہ کہتے ہین کہ حدیبیہ بعض داخل ہے اور بعض اوسکا داخل حرم نہین ہے اور تمسک ہمارا
یہہ آیت ہے فان احصرتم فما استیسر من الھدی ولا تحلقوا روسکم
حتی یبلغ الھدی محلہ یعنی پھر اگر روکے گئے تم تو واجب ہے جو میسر ہو
قربانی بھیجدو اور نہ منڈواؤ اپنے سرون کو جب تک نہ پہونچے قربانی اپنے ٹھکانے
پر یعنی جو تم حج یا عمرہ شروع کرکے احرام باندھکر کعبہ کو چلے پھر بسبب کسی مرض یا دشمن
کے روک گئے اور چاہو کہ احرام سے نکلو تو واجب ہے اوسپر کہ جو میسر ہو اونٹ یا
گاے یا بکری قربانی بھیجو جب قربانی حرم مین داخل ہوجاے اور ذبح ہو تب دم

محرم حلال ہوجاوے مقرر کردے ایک روز ذبح کے لیئے منیٰ مین اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک احصار عمرہ سے نہین ہوتا اور ہماری دلیل اسکے ہونے مین یہی حدیبیہ کا قصہ ہے کہ حضرت اور اصحاب احرام عمرہ کا باندہے تہے اور روکے گئے تہے ہذا ملخص ثانی تفسیر آیات الاحکام نقلاً عن احمدی اور ایک روایت مین ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بیس اونٹ ناحیہ کے ساتہہ مکے مین بہیجے کہ مروہ مین اونکو ذبح کرکے وہان کے مساکین پر تقسیم کرے کہتے ہین کہ اونٹ ابوجہل کا اونہین مین تہا اور احادیث مین ثابت ہوا ہے کہ ابوجہل کے اونٹ کو قربانی کے اونٹون مین شامل کرنے سے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا مقصد یہہ تہا کہ کفار کا دل اوسکی وجہ سے محزون اور مغموم ہو۔

مروی ہے

کہ جب سب مناسک عمرے کے ادا ہوچکے تو اللہ تعالی شانہ نے ایک ہوائے تند بہیجی کہ اوسنے مسلمانون کے بالون کو اوڑا کر زمین حرم مین پہونچا دیا اور وہان اونکو پراگندہ کردیا۔ اور بعض کتب سیر مین ہے کہ جب حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سر مبارک حلق کرایا تہا تو موے مبارک درخت سمرہ کے پاس ڈالدی تہی صحابہ نے وہ بطریق تبرک اوٹہا لیئے تہے اور آپس مین تقسیم کرلیئے تہے ام عمارہ کہتی ہین مینے بہت کوشش وسعی سے اون مین سے چند موے مبارک پائے تہے بیمارون کو دہوکر پلادیا کرتی تہی اللہ تعالے شانہ اونکی برکت سے مریضون کو صحت عطا فرماتا تہا۔ ؎

خواہم کہ برم از سر زلفین تو تارے
تا بر سر من سایہ کند روز قیامت

روایت ہے

کہ آپ مدینہ ہی مین تھے کہ ایک جماعت مسلمان عورتون کی مکہ معظمہ سے ہجرت کرکے آپکے پاس حاضر ہوئی ازان جملہ اُمّ کلثوم بنت عقبہ بن معیط تھین کفار نے چاہا کہ اونکو لیجائین اتنے مین جبریل علیہ السلام نازل ہوے اور فرمان حضرت باری عزاسمہٗ کا لاے کہ مسلمان عورتون کو کافرون کے پاس نہ بھیجو۔ اور بہ سبب شرف اسلام کے کوئی مسلمان مہاجرہ عورت کافر کے نکاح مین نرہے۔ اور کوئی مرد مسلمان کافرہ عورت کو اپنے نکاح مین نرکھے اور یہہ آیت نازل ہوئی جسکا ترجمہ یہہ ہے یعنی اے ایمان والو جب آوین تمہارے پاس مومنات مہاجرات عورتین تو اونکو جانچ لو اللہ خوب جانتا ہے اونکے ایمان پھر اگر جانو تم کہ ایمان پر ہین وہ تو نہ پھیرو اون کو کافرونکی طرف نہ یہہ عورتین حلال ہین اونکو نہ وہ مرد حلال ہین انکو اور دو اون مردون کو جو اونکا خرچہ ہوا اور گناہ نہین تمکو جو نکاح کرلو اون عورتون سے جب دو اون کو اونکے مہر اور نرکھو قبضے مین ناموس کافرہ عورتون کے اور مانگ لو تم جو تمنے خرچ کیا اور وہ کافر مانگ لین جو اونکا خرچ ہوا ہے یہہ اللہ کا فیصلہ ہے تم مین فیصلہ کرتا ہے اور اللہ سب جانتا ہے اور حکمت والا ہے۔

فائدہ

یہہ حکم ہوا کہ اگر کسی کافر کی عورت مسلمان ہو کر آئے تو اوس مرد کافر نے جو اُسپے خرچ کیا ہو وہ پھیر دینا چاہیے جو مسلمان اوسکو نکاح مین لاے وہ اُس مرد کافر کو ادا کرے اور اُس عورت کو مہر جدا دے اوسوقت نکاح کرے اور اسی حکم کے مقابل مین یہہ حکم ہوا کہ جس مسلمان کی عورت کافرہ رہگئی ہے وہ اوسکو چھوڑ دے پھر جو کافر اوسکو

نکاح مین لاے اس مسلمان کا خرچ کیا ہوا پہیر دے جب یہہ حکم نازل ہوا تو مسلمان
آمادہ ہو گئے لینے کو بہی اور دینے کو بہی لیکن کافرون نے دینا قبول نکیا تو اوسوقت
یہہ اگلی آیت نازل ہوئی - جب یہہ حکم اوترا تو صحابہ نے جسکے نکاح مین کافرہ عورت
تہی چہوڑ دیا اوسکو اور طلاق دیدی ازانجملہ حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کے
نکاح مین دو کافرہ عورتین تہین مکے مین آپ نے اون دونون کو طلاق دیدی
اون مین سے ایک کے ساتہہ معاویہ رضہ اور دوسری کے ساتہہ صفوان بن امیہ نے
نکاح کرلیا مواہب علیہ مین ہے ازانجملہ سبیعہ اسلمیہ تہی اوسکے پیچہے اوسکا خاوند
مسافر مخزومی بہی آیا اور اوسنے کہا کہ شروط صلح مین یہہ بات بہی تہی کہ ہم مین سے
جو کوئی تمہارے پاس آجاے تو وہ پہیر دیا جاے تو حضرت جبریل علیہ السلام
نازل ہوے اور کہا یا رسول اللہ وہ شرط مردون کے لئے ہے نہ عورتون کے
واسطے اور یہہ آیت نازل ہوئی جسکا ترجمہ یہہ ہے یعنی امتحان کرو اونکا قسم
کے ساتہہ اسبات پر کہ وہ آئی ہین دار حرب سے دار اسلام مین صرف اسلام کی محبت
سے اور نہین آئی ہین وہ اپنے خاوند کی رنجش کے سبب سے اور نہ کسی مسلمان
کے عشق کے سبب سے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اون عورتون
سے حلفی اظہار لیتے تہے اسی طور سے مدارک مین ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما
سے روایت ہے کہ امتحان عورات کا یہہ ہے کہ کہے وہ شہادت دیتی ہو نہین اسکی
کہ نہین ہے کوئی معبود مگر اللہ اور بے شک محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
رسول ہین اوسی اللہ کے جو واحد لاشریک ہے اور یہی مدارک مین ہے اللہ تعالے
شانہ کے قول کے تحت مین اور نہین گناہ تم پر اسکا کہ نکاح کرلو اون سے جب دو
تم اونکو اونکے مہر اور حجت پکڑی حضرت امام ابوحنیفہ نے اوسپر کہ مہاجرہ پر عدت
واجب نہین ہے وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما امتحانها ان نقول

اشهد ان لا اله الا الله وان محمدؐ رسول الله ایضا فیه تحت
قوله تعالی - ولا جناح علیکم ان تنکحوا هن اذا اتیتموهن اجورهن
وبه احتج ابو حنیفة رح علی ان لا عدة علی المهاجرة یعنے مهر
لینے دینے کا حکم منسوخ ہے مواهب علیہ مین ہے کہ پہر حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے سبیعہ کو قسم دلائی اور مسافر جو اوسکا شوہر تہا اوسے آپنے خرچہ
دلا دیا وہ لیکر چلا گیا تو یہہ آیت اوتری لا جناح علیکم پہر حضرت عمر فاروق رضؓ
نے سبیعہ سے نکاح کرلیا اور دوسری آیت اوتری ولا تمسکوا بعصم الکوافر الخ
بعد نزول اس آیت کے مسلمانون نے مہر مہاجرات کے ادا کیئے اونکی خاوندون کو
اور کفار نے ادا کرنے مین مہر مرتدات کے انکار کیا تو یہہ آیت آئی ترجمہ اوسکا
یہہ ہے یعنی اگر جاتی رہین تمہارے پاس سے تمہاری عورتین کافرونکی طرف پس تم
غنیمت لو یعنی غزا کرو اور آخر تمکو فتح ہو اور مال تمہین ملے پس دو تم اونکو کہ گئی ہین
اونکی بیبیان دار کفر مین اور نہین مہر پایا ہے اونہون نے اونکے کافر خاوندون سے
جسقدر خرچ کیا تہا اونہون نے اوس عورت کے مہر مین اور ڈرتے رہو اللہ سے
جسپر تمکو یقین ہے - معالم مین ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہ سے منقول ہے
کہ چہہ عورتین مسلمانون مین سے مرتد ہوکر کافرونکے پاس چلی گئین اور حضرت رسول
مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونکے مہر غنیمت مین سے اُن کے
خاوندونکو دیئے اور وہ یہہ ہین اُمّ الحکم دختر ابو سفیان عیاض بن شداد فہری
کی بی بی اور فاطمہ دختر ابی امیہ خواہر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا عمر بن الخطاب
رضی اللہ تعالے عنہ کی بی بی جبکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے ہجرت کا قصد
کیا تو اُسنے انکار کیا اور مرتد ہوگئی اور بردع دختر عقبہ شماس بن عثمان
کی بی بی اور عزہ دختر عبد العزی بن فضالہ عمرو بن عبدود کی بی بی اور ہندہ دختر

ابی جہل بن ہشام ابن العاص بن وایل کی بی بی اور ام کلثوم دختر جرول عمر ابن
خطاب رضی اللہ تعالے عنہ کی بی بی انتہی۔

اور اسکا حکم جب تک عہد باقی رہا باقی رہا جب عہد اوٹھہ گیا یہہ حکم بہی
منسوخ ہوگیا اور موضح القران مین فعاقبتم کی تفسیر یون ہے کہ پہر تم بہی عوض
کرو یعنی جس مسلمانکی عورت گئی اور کافر اوسکا خرچ کیا ہوا نہین دیتے تو جس کافر کی
عورت آوے تو جو اوسکا خرچ دینا تہا تو مسلمان بہی ندین اوسی مسلمان کو دین اور
اوس مال کے لئے یہہ حکم جب تہا کہ کافرون سے صلح ٹہر گئی تہی پہیر دیتے جو مال
کہتی مین رکہا تہا اب یہہ حکم نہین ہے مگر جہان ایسی ہی صلح کا اتفاق ہوجاے۔
چنانچہ عورتونکا حکم فرمادیا کہ دلکی خبر اللہ کو ہے مگر ظاہر مین جانچنا یہہ ہے کہ
اگلی آیت مین جو حکم ہے اوسے قبول کرین تو اونکا ایمان ثابت رکہو یہہ آیت ہے
بیعت کی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہاتہہ پر جب عورتین بیعت کرتی
تہین تو یہی اقرار لیتے تہے وہ آیت شریفہ یہہ ہے یا ایہا النبی اذا جاءت
المومنات یبایعنك علی ان لا یشرکن باللہ شیئا ولا یسرقن و
لا یزنین ولا یقتلن اولادھن ولا یاتین ببہتان یفترینہ بین ایدیھن
وارجلھن ولا یعصینك فی معروف فبایعھن واستغفر لھن اللہ ان
اللہ غفور الرحیم ترجمہ اے نبی جسوقت آوین تیرے پاس مسلمان عورتین
اقرار کرنیکو اسبات پر کہ شریک نہ ٹہراوین اللہ تعالے شانہ کا کسیکو اور چوری
نکرین اور بدکاری نکرین اور اپنی اولاد کو قتل نکرین اور تہمت نہ باندہین کسی پر اپنے
ہاتہہ اور پاؤن سے اور تیری بیحکمی نکرین کسی بہلے کام مین تو اونسے اقرار کروا اور معافی
مانگ اونکے واسطے اللہ سے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۱۲

فائدہ

طوفان باندہنا ہاتہہ پاؤن مین یہہ ہے کہ کسی پر جہوٹا دعوی کرین یا جہوٹی گواہی دین یا کسی معاملہ مین جہوٹی قسم کہا جاوین اپنے دل سے بناکر اور یہہ مطلب بہی ہین کہ عورت کسی اور مرد سے حاملہ ہو اور بچہ جنے اور کسی دوسرے مرد کا نام لے یا دوسرے مرد سے حاملہ ہوکر بچہ جنے اور اپنے شوہر کا نام لے حضرت سرورعالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو عورت کسی دوسرے کے بچہ کو دوسرے کے ذمہ لگاوے اوسپہ بہشت کی بو حرام ہے۔ کذا فی موضح القران

مروی ہے

کہ قریب بیس دن کے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حدیبیہ مین ٹہیرے اور صحت کو پہونچا ہے کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حدیبیہ سے مراجعت فرمائی تو ایک رات کو منزل صحبان مین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالے عنہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتھہ تہے اور آپ سے تین بار پوچہا آپ نے کچہ جواب ندیا حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کہتے ہین کہ مینے اپنے نفس کو خطاب کرکے کہا کہ حیف ہے تجہپر کہ تین بار تو نے الحاح اور مبالغہ حضرت سے کیا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور آپ نے کچہ جواب ندیا پہر حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کہتے ہین کہ مینے اپنے اونٹ کو تیز چلایا اور لشکر کے آگے آگے جاتا تہا اور ڈر رہا تہا کہ مبادا میری شان مین قرآن نازل ہو بعد ایک لحظہ کے سنا مینے کہ ایک آدمی مجہکو پکارتا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم تجہکو بلاتے ہین اس بات سے مجہکو اور بہی ڈر ہوا پہر مینے آپکے

پاس جاکر سلام کیا آپ نے جواب دیا اور فرمایا کہ تو نے مجھسے بات کہی مینے اوس کا جواب ندیا مین اسوقت وحی مین مشغول تہا آجکی رات مجہپر ایک سورت نازل ہوئی ہی کہ مین اوسکو تمام دنیا کی چیزون سے زیادہ دوست رکہتا ہون پہر آپ نے انافتحنا کی سورت تلاوت فرمائی اور صحابہ کو مبارک باد دی اور صحابہ نے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو مبارک باد دی۔

اور ایک روایت سے نزول اسکا منزل کراع غمیم مین ہوا ہے۔ کہتے ہین کہ جب سید عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سفر حدیبیہ سے مراجعت فرمائی اور مدینہ مین تشریف لائے تو ابو بصیر عتبہ بن اسد ثقفی ہمقسم بنی زہرہ کا مسلمان ہوکر مکے سے بہاگ کر سات دن کے عرصہ مین مدینہ کو آئے کفار قریش نے دو آدمی ایک بنی عامر سے جسکا نام معلوم نہین اور دوسرا کوثر نام کہ اوسکا ملازم تہا انکو خط دیکر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین بہیجا کہ آپ شرط صلح کے موافق ابو بصیر کو بہیجدین ابی ابن کعب نے وہ خط مشرکونکا پڑہکر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو سنایا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ابو بصیر کو اونکے سپرد کر دیا ابو بصیر نے عرض کی یا رسول اللہ آپ مجھکو مشرکون کے سپرد فرماتے ہین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد کیا کہ ہمارے عہدنامے مین یہہ شرط ہے اور ہم خلاف عہد نہین کرتے ہمارا کام عہدشکنی نہین ہے تو جا اللہ تعالے شانہ تیرے لیئے کوئی صورت رہائی کی پیدا کر دے گا پہر وہ دونون شخص ابو بصیر کو مکے کیطرف لیکر چلے جب ذوالحلیفہ مین جاکر اوترے تو وہان مسجد مین ابو بصیر نے دو رکعت نماز پڑہی اور زادراہ جو وہ اپنے ساتہہ رکہتا تہا اوسے کہولکر اپنے آگے رکہکر کہانے لگا اور اونکو بہی بلایا کہ سب اکٹہے بیٹہکر کہائین وہ بہی اپنا کہانا اوسکے پاس لائے اور

کہانے لگے ابو بصیر نے نام و نسب اس عامری کا پوچھا اور کہا واللہ یہہ تیری
تلوار کیا اچھی ہے اوسنے میان سے نکالکر کہا کہ یہہ تلوار ایسی ہی ہے جیسا کہ تو
کہتا ہے مینے ہمیشہ اسکو آزمایا ہے ابو بصیر نے کہا کہ مین تو اسے دیکھون اوسنے
غفلت سے اوسکے ہاتھہ مین دیدی ابو بصیر نے ایک ہاتھ مارکر اوسے واصل جہنم کیا
اور وہ دوسرا جسکا نام کوثر تہا یہہ واقعہ دیکھکر بہاگا اور مدینہ مین فریاد کرتا ہوا
حضور سرور عالم مین حاضر ہوا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم آپ نے اوسکی طرف
دیکھکر ارشاد فرمایا کہ اسکو کچھہ صدمہ پہونچا ہے اوسنے عرض کی کہ میرا ساتھی مارا گیا
اور مجھکو بھی خوف ہلاکت ہے اسی عرصہ مین ابو بصیر بھی اوسی عامری کے گھوڑے پر
سوار اور اوسکی تلوار گلے مین ڈالے ہوئے مدینہ مین آپہونچا اور حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم آپ نے اپنا عہد پورا کر دیا اور مجھے اونکو دیدیا اب مجھکو اللہ تعالے
شانہ نے اونسے نجات دی آپ نے فرمایا کہ یہہ عجب روشن کرنے والا ہے آتش
حرب کا اگر کوئی ہوتا کہ اسکی مدد کرتا اور اس کلام مین کنایہ تہا ابو بصیر کے بہاگ
جانے پر مدینہ سے اور اشارہ تہا اون مسلمانون کو جو مکہ معظمہ مین تہے کہ وہ بہی
وہان سے بہاگ کر ابو بصیر سے ملجاوین یونہین کہا ہے شارحین نے اس کلام کی
تفصیل مین اور اس معنی پر اوسکی مذمت نہین ہے بلکہ اوس سے تعجب مراد ہے
کہ وہ عجب مردانہ مرد ہے کہ اگر کوئی اوسکی مدد اور اعانت کرے تو کام کر سکتا ہے
بلکہ یہہ کلام متضمن ہے مدح کے واسطے اور ظاہر سیاق حدیث کا اور مقتضاے
مقام ناظرین اسپر ہے کہ مراد سرزنش اور شکایت اوسکی ہو کہ فتنہ اوٹھانے والا
اور فساد پیدا کرنے والا سمجھا جاے اور اوسکو کوئی آگاہ کردے کہ ہمارے پاس
نہ آوے اور کسی طرف چلا جاے کہ اوسکا ہمارے پاس رہنا باعث فتنہ اور جنگ کا

ہوگا اور عہد شکنی ہماری طرف سے سمجھی جائیگی۔

ابو بصیر نے جب یہہ بات حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے سنی اور وہ سمجھا کہ حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو عہد کا بڑا خیال ہے تو وہ مدینہ سے بھاگ کر ساحل دریا پر منزل عیص مین ٹھیرے اور وہی قریش کے کاروان کا رستہ تھا ملک شام کے سفر کے لئے پھر کچھہ آدمی اونکے پاس جمع ہو گئے اور جو مسلمان مکہ سے بھاگتے وہ ابو بصیر ہی سے آکر ملجاتے تھے کہتے ہین کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے ابو جندل بن سہل کو جو حدیبیہ مین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین مسلمان ہو کر حاضر ہوئے تھے پیغام بھیجا اور اونکو ابو بصیر کے قصے سے آگاہ کر دیا پھر ابو جندل بھی اپنے باپ کے پاس سے بھاگ کر ابو بصیر سے ملگئے اسیطرح ابو بصیر کے پاس قریب تین سو آدمیون کے جمع ہو گئے اب جو قافلے مشرکون کے شام کی طرف اودھر ہو کر جاتے وہ اہل قافلہ کو مار ڈالتے اور مال لوٹ لیتے یہانتک کہ قریش تنگ آگئے اور اپنے کئے سے پشیمان ہوے اور ابو سفیان بن حرب کو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم کے پاس بھیجا اور بہت کچھہ معذرت کی کہ اوس جماعت کو آپ اپنے پاس بلا لین کہ ہمنے اوس شرط کو عہد نامہ سے نکال ڈالا جو کوئی ہم مین سے آپکے پاس آوے وہ امان مین ہے اور ہمکو اوس سے کچھہ کام نہین پھر حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کسیکو اوس جماعت کے پاس بھیج کر بلا لیا اور ایک روایت مین ہے کہ آپ نے ابو بصیر کو خط لکھا کہ اپنی جماعت کو لئے ہوئے ہمارے پاس چلا آ جب آپکا خط ابو بصیر کے پاس پہونچا ہے تو وہ حالت نزع مین تھے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا نامہ مبارک لیکر اپنے سر وچشم پر رکھا اور جان بحق تسلیم کی اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُون

پہرا بو جندل نے اونکو دفن کرکے اونکی قبر کے پاس ایک مسجد بنادی اور سب لوگونکو همراه لیکر حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت بابرکت مین حاضر ہوے۔ اور بعض صحیح بخاری کی روایت کے ظاہر سیاق سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آیت وھو الذی کف ایدیھم عنکم وایدکم عنھم الخ ابوبصیر ہی کے قصہ مین نازل ہوئی ہے اور حمیت اونکی یہہ تھی کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کا اور بسم اللہ کا اقرار نکرتے تھے اور حائل ہوے تھے اور کعبہ کے بیچ مین هذا ما فی روضة الاحباب ومدارج النبوت والسیر گاذرونی

اسی سال بعض اہل سیر کے نزدیک ملوک ایران وروم کے نام نامے روانہ کئے گئے

اسی سال مین حسب قول ظاہر بعض اہل سیر کے ملوک اطراف کے نام نامے روانہ ہوے اور ایک جماعت کہتی ہے کہ یہہ روانگی نامجات بنام شاہان کسریٰ اور روم وغیرہم ساتوین سال کے محرم مین واقع ہوئی صاحب روضة الاحباب کہتے ہین کہ جمع دونون قولون مین یون کیا ہے حضرت مخدوم سعید قدس سرہ نے کتاب درج الدرر مین کہ بہیجنا وکیلونکا چہٹے سال مین ہوا اور پہونچنا اونکا بادشاہون کے پاس ساتوین سال مین محقق ہوا اور کہا صاحب روضة الاحباب نے کہ مین کہتا ہون کہ قصد حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا چہٹے سال مین ہوا آخر سال مین اور روانہ کرنا نامہ برون کا ساتوین سال کے شروع مین ہوا اور بعض کا انمین سے روانہ کرنا چہٹے سال کے آخر مین ہوا اور بعض نامہ بر روانہ کئے گئے

ساتوین سال کے اول مین یہہ وجہہ علما کے اختلاف کی ہوئی اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہوا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے چاہا کہ عجم کے بادشاہون کو نامہ بہیجین اور دعوت اسلام کرین صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی کہ بادشاہونکا دستور ہے کہ وہ بغیر مہر کا نامہ قبول نہین کرتے اور نہ اوسے پڑہتے ہین۔

حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا مُہر کے واسطے انگشترین زرین بنوانا پہر ایک دن کے بعد حسب ایماے جبریل علیہ السلام سونیکی انگوٹھی کو چاندی کی انگوٹھی سے بدلدینا اور سونا مردونپر حرام کیا گیا

روایت ہے

کہ صحابہ رضی اللہ تعالے عنہم کے عرض کرنے کے مطابق آپ نے سونے کی انگوٹھی بنوائی اور صحابہ مین سے بہی جسکو مقدرت تھی اوسنے سونے کی انگوٹھی بنوائی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے وہ انگوٹھی پہنی اور حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اتباع مین صحابہؓ نے بہی پہنی۔

دوسرے دن حضرت جبریل علیہ السلام آے اور پیام حضرت باری تعالی شانہ لاے کہ آپکی امت کے مردون کے واسطے سونا پہنا درست نہین حرام ہے فوراً آپ نے اپنے دست مبارک سے نکال ڈالی صحابہ رضی اللہ عنہم نے بہی فوراً ہی اپنی اپنی انگلیان خالی کردین۔

اے مسلمان بہائیو

میری عرض سنو اور میرے واسطے دعا کرو کہ جیسی صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اطاعت اور فرمانبرداری کی ہے اس امیدوار شفاعتِ رسول محمد اکبر غفراللہ ذنوبہ وعن والدیہ کو نصیب کرے اللھم امین اللھم امین اللھم امین جو آدمی چاہے امیر ہو یا غریب یا نواب ہو یا بادشاہ اور یہہ دعوی کرے کہ مجہے رسول اللہ اور اللہ جل جلالہ سے محبت ہے اور فرمان برداری خدا اور خدا کے رسول کی نکرے وہ آدمی اپنے دعوے مین ہرگز سچا نہین ہے ہرگز سچا نہین ہے ہرگز سچا نہین ہے

شریعت

شریعت را مقدم دار اکنون
شریعت از طریقت نیست بیرون

کسے کو در شریعت راسخ آید
طریقت راہ خود بروے کشاید

الغرض حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے چاندی کی انگوٹہی بنوائی کہ حلقہ اور نگینہ اوسکا چاندی کا تہا اور فرمایا کہ محمد رسول اللہ اوسپر نقش ہو اور یہہ نقش اوسپہ تین سطرون مین تہا اوپر کی سطر مین اللہ اور بیچ کی سطر مین رسول اور نیچے کی سطر مین محمد اور منع کیا گیا ہے کہ کوئی آدمی اپنی مہر مین

یہہ نقش کندہ نکرائے پہر صحابہ رضی اللہ تعالے عنہم نے آپکی موافقت کی اور اپنے واسطے چاندی کی انگوٹھیان بنوائین اور حضرت انس رضی اللہ تعالے عنہ سے مروی ہے کہ بے شک مُہر کرنا بادشاہونکے نامہ پر اور قاضیون کے کتبے اور فتاوے پر **سنت متبعہ** ہے یعنی متابعۃ الرسول اور بعض نے کہا ہے کہ وہ سنت ہے بسبب فعل رسول اللہ کے کما فی المواہب اللدنیہ پہر آپ نے کاتبون کو بلایا اور نو بادشاہون کو نامے لکھوائے اور نام اونکے یہ ہین نجاشی بادشاہ حبشہ - ہرقل باشاہ روم - کسریٰ بادشاہ مداین - مقوقس بادشاہ اسکندریہ جیفر و عبد پسران جلندی شاہ عمان - ہوذہ ابن علی رئیس یمامہ - حارث غسانی بادشاہ بلقا - حارث حمیری بادشاہ یمن - منذر ابن ساوی والی بحرین اور نو شخصون کو نامے دیکر اونکی طرف روانہ فرمایا - عمرو ابن امیہ ضمیری کو نجاشی کے پاس - اور دحیہ کلبی کو ہرقل کے پاس - اور عبد اللہ ابن حذافہ سہمی کو کسریٰ کے پاس - اور حاطب ابن ابی بلتعہ لخمی کو مقوقس کے پاس اور عامر بن العاص کو جیفر و عبد پسران جلندی کے پاس - اور سلیط ابن عمر عامری کو ہوذہ ابن علی حنفی کے پاس - اور شجاع بن ذہب اسدی کو ابن ابی شمر غسانی کے پاس - اور مہاجر ابن امیہ کو حارث حمیری کے پاس - اور علا ابن حضرمی کو منذر ابن ساوی کے پاس -

مروی ہے

کہ جب سب وکیل اپنی اپنی طرف روانہ ہوئے صبح کی ان مین سے ہر ایک نے اوسحال مین کہ اوس قوم کی زبان سے خوب واقف تہا کہ جس قوم کی طرف بہیجا گیا تہا وہ بے تکلف اوسی زبان مین باتین کرتا تہا یہہ **معجزہ** حضرت خاتم الانبیا

صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا تہا یہہ اقتباس ہے روضۃ الاحباب اور مدارج النبوتؐ ومواہب اللدنیہ کا۔ واما عمرو بن امیہؓ کو جو نجاشی کیطرف گئے تھے وہ حبشہ کا بادشاہ تہا اور یہہ لفظ نجاشی حبشہ کے بادشاہ کا لقب ہے ہر بادشاہ وہاں کا نجاشی کہلاتا تہا اور نام اوسکا اصحمہ تہا اور ترجمہ اصحمہ کا عربی زبان مین عطیہ ہے اوس نے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نامۂ مبارک کی بڑی عظمت کی دونون ہاتھون مین لیا اور آنکہون پر رکہا اور اپنے تخت سے اوترکر فرش پر بیٹہا اور اسلام لایا۔

اور یہہ عمرو بن امیہ ضمیری ہین ضمیر نام ایک قبیلہ کا ہے اور یہہ بڑے پہلوان اور دلیران صحابہ مین سے ہین اور مردان عرب سے جرات اور تجربہ کاری مین ممتاز تھے اور حاضر ہوے بدر اور احد مین مشرکون کے ساتہہ پہر اسلام لائے احد کے بعد۔

اور اول مشاہد اونکا سریہ معونہ ہے اور اونکو اوسدن عامر بن الطفیل نے اسیر کیا پہر اونکی پیشانی کے بال تراش کر چہوڑ دیا اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نامہ بر کرکے نجاشی کے پاس بہیجا جسکا مفصل بیان آگے آئیگا اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے انکو عمرو بن فروہ جذامی کی پاس بہی بہیجا تہا وہ قیصر روم کی طرف سے عامل تہا پہر مسلمان ہوا وہ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مین نامہ روانہ کیا اور مسعود بن سعد کے ساتہہ ہدیہ بہی بہیجا اور ایک خچر کہ اوسکا نام فضہ تہا اور ایک گہوڑا کہ اوسکا نام ظراب تہا اور کپڑے اور قبائے سندس مذہب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسے قبول فرمایا اور مسعود بن سعد کو حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے مسیلمہ کذاب کے پاس بہی بہیجا تہا۔ اور وفات پائی

عمرو بن امیہ ضمیری سے نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے زمانہ حکومت
مین بمقام مدینہ طیبہ اور ایک قول کے موافق سنہ ۶۰ھ ہجری مین وفات کی کذا فی
مدارج النبوت

فائدہ

فقیر حقیر **محمد اکبر** داناپوری ابوالعلائی غفر اللہ ذنوبہ وعن والدیہ عرض کرتا ہی
کہ ابتداے زمانہ نبوت حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
ہی مین ہر قوم کا ایک شخص جو اون مین خاصہ اور خلاصہ تھا اللہ نے آپکو عنایت
فرمایا تھا اونہین کے انفاس طیبہ کی برکت سے اوس قوم کو نور اسلام وایمان سے
سرتاپا منور کر دیا تھا اونہین کے پہلے شخص **حضرت صدیق اکبر**
رضی اللہ تعالےٰ عنہ ہین جنکے انفاس طیبہ کی برکت سے تصدیق نبوت حضرت
رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تمام عالم مین پہیلی ہوئی ہے عموماً
اور عرب مین خصوصاً ؏

تصدیق نخستین ز دلِ صدیق است

اسی کتاب سے معلوم ہو جائیگا کہ حضرت صدیق کے سبب سے اللہ تعالےٰ شانہ
نے کس کس کے دل کو نور ایمان سے مشرف و منور فرمایا اور یہہ امر محتاج شرح و بیان
نہین ہے اظہر من الشمس ہے اور **حبش** کیواسطے حضرت **بلال حبشی** پیش رو
نجاشی سمجھے گئے۔ اور ملک ایران یعنی فارس کے واسطے حضرت **سلمان
فارسی** رضی اللہ عنہ بطور تحفہ و مژدۂ فتح فارس بہیجے گئے تھے اور ملک بصرہ
کیطرف سے حضرت **حسن بصری** رضی اللہ تعالےٰ عنہ حاضر حضور کیے گئے
تھے۔ اور ملک روم سے نے حضرت **صہیب** رومی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی

معرفت درخواست روانہ کی کہ جب حضور پرنور فیض گستر عالم ہون تو میرا بھی خیال رہے ؎

حسن ز بصرہ بلال از حبش صہیب از روم
ز خاک مکہ ابوجہل این چہ بوالعجبی است

واضح ہو کہ جسوقت حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ان نو بادشاہون کے نام نامے روانہ کیے ہین اوسوقت آپکی فوجی قوت چار ہزار آدمیون سے زیادہ کی نتھی اور جن بادشاہون کے نام نامے روانہ ہوئے ہین اُن کی طاقتین فرداً فرداً لاکھون آدمیون کی تہین ملک عجم اُسوقت تمام روے زمین پر اوّل درجہ کی سلطنت تہی اور اسیکا جواب سلطنت روم تہی اور جو باقی سات سلطنتین تہین وہ بہی آپ کی فوجی قوت سے بدرجہا زیادہ قوی تہین عقل کبہی اسکی اجازت نہین دیتی کہ ایسا کمزور آدمی یکہ وتنہا دفعتاً نو بادشاہون کے مقابلے کے واسطے میدان مین تیار ہوکر آجائے چنانچہ اسوقت کہ ہر بادشاہ فوجی قوت مین ایک دوسرے کا جواب ہے اکیلا دو بادشاہون سے نہین لڑسکتا۔ مگر ایسا آدمی کہ جو نہ بادشاہ ہو نہ کوئی زمیندار نہ سوداگر اور وہ نو بادشاہون کو دعوت جنگ دیدے لامحالہ یہی سمجھا جائے گا کہ ضرور اسکو کسی بہت بڑے قوی بادشاہ کی مدد پر پورا بہروسا ہے جس کے حکم پر یہ کاربند ہے ضرور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اپنے خدا کے حکم پر پورا الیقین تہا اور یہی بات رازِ سربستۂ نبوت کی شان سے ہے اور اسی کو اسرار نبوت کہتے ہین اور ایسے اسرار کا متحمل سوائے نبی کے اور کسی کا دل نہین مگر جسکے دل مین نبی کے دل کا فیض آیا ہو جیسے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ اکثر صحابہ صلح حدیبیہ کی شرائط سے ناخوش تہے یہان تک کہ حضرت عمرؓ بہی اس صلح سے ناخوش تھے مگر جب حضرت صدیق اکبرؓ

کے دل مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دل مبارک کا فیض
جوش زن تھا یہہ اوسی فیض کی شان تھی۔

جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو معراج ہوئی تو صبح کو یہہ
خبر ابوجہل کو معلوم ہوئی وہ مکان سے اُٹھا اور سیدھا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ
تعالےٰ عنہ کے مکان پر پہنچا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو اُسوقت
تک یہ خبر نہ پہونچی تھی ابوجہل نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
پوچھا کہ کیون اب کیا کہتے ہو اپنے صاحب کے حق مین آپ نے اُس سے پوچھا
کس بات کی نسبت تو سوال کرتا ہے مجھسے اوس نے کہا کہ کیا تم نے نہین سُنا آپنے
فرمایا کہ مین نے تو اب تک کچھ نہین سُنا تو نے سُنا ہو تو بیان کر اوسنے کہا کہ تمہارے
صاحب کہتے ہین کہ مین آج شب کو آسمان پر گیا اور سب آسمانون اور عرش و کرسی
کی سیر کر کے آن واحد مین پلٹ آیا تو آپ نے پوچھا کہ تجھے کس بات مین تردد ہی
کیا یہ ممکن نہین اوسنے کہا ہان یہہ امر امکان سے باہر ہے آپ نے اوس سے
پوچھا کہ تو جبریلؑ کو مانتا ہے اوسنے کہا ہان مانتا ہون آپ نے اوس سے کہا
کہ وہ اللہ تعالےٰ شانہ کی مخلوق ہے یا نہین اوسنے کہا ہان مخلوق ہے آپنے
کہا جب ایک مخلوق سے یہہ امر ممکن ہے تو دوسری مخلوق سے کیون ممکن نہوگا
دراںحالیکہ وہی جبریلؑ آپ کو لیگیا ہے وہ سر جھکا کر خاموش ہوگیا جب اللہ
تعالےٰ شانہ اپنے کسی بندے پر نبوت کے اسرار کھول دیتا ہے تو اسکو انتہا
کے تعجب انگیز واقعات تعجب انگیز نہین معلوم ہوتے۔

الغرض جو نامہ نجاشی کے نام سے روانہ ہوا اوس کی عبارت یہ ہے

نامہ مبارک آن حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم بنام نجاشی بادشاہ حبش

نامہ گرامی بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد رسول اللہ الی النجاشی ملك الحبشة اما بعد فانی احمد الیك اللہ الذی لا الہ الا ھو الملك القدوس السلام المومن المھیمن و اشھد ان عیسی بن مریم روح اللہ وکلمتہ القاھا الی مریم البتول الطیبة المحصنة فحملت بعیسی فحملہ من روحہ ونفخہ کما خلق آدم بیدہ وانی ادعوك الی اللہ وحدہ لا شریك لہ والموالاۃ علی طاعتہ وان تتبعنی فتؤمن بالذی جاءنی فانی رسول اللہ وانی ادعوك وجنودك الی اللہ تعالی وحدہ لا شریك لہ وقد بلغت ونصحت فاقبل نصیحتی والسلام علی من اتبع الھدی - کذا فی المواھب اللدنیہ ترجمہ

یہہ نامہ ہے محمد رسول اللہ کیطرف سے نجاشی بادشاہ حبشہ کی طرف اما بعد پس بے شک مین حمد وثنا بھیجتا ہون لکھکر تیرے واسطے خاص اوس تعالے شانہ کی کہ کوئی پرستش کے قابل نہین مگر وہی بادشاہ جو جملہ نقایص اور تمام عیوب سے پاک ہے اور ہر آفت سے اور عیب سے سالم اور امان دینے والا اپنے بندونکا ہول قیامت سے اور غالب ہے تمام اشیا پر اور گواہی دیتا ہون مین کہ عیسی ابن مریم اللہ کی روح ہین اور اللہ کا کلمہ ہین کہ اللہ نے اوسکو ڈالا مریم بتول کیطرف یعنی مریم بتول طیبہ اور محصنہ اور حاملہ ہوئین وہ

اوس مبارک حمل سے جسمین عیسے علیہ السّلام تھے اور پیدا کیا اللہ تعالے
شانہ نے عیسیٰ علیہ السّلام کو اپنی روح سے یعنی اپنے امر سے اور پھونکا اوسکو
مریم بتول کے گریبان یا دامن مین جیسے کہ پیدا کیا آدم علیہ السّلام کو اللہ تعالیٰ
شانہ نے اپنے ہاتھون سے اور دم کی اوس مین اپنی روح –
واضح ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام روح اللہ اسلیئے کہلائے کہ سب ارواح
انسانی پیدا ہین اپنے باپ کی روحون سے خاص کر اون لوگون کے مذہب پر
جو گمان کرتے ہین کہ روحین اجسام ہین کہ پھیل رہی ہین ابدان انسانی مین –
اور روح آدم وعیسیٰ علیہما السلام اسطرح پر نتھی اسلیئے کہ پیدا کیا تھا اللہ سبحانہ
تعالےٰ نے بلا واسطہ اور بلا سبقت مادہ اور مشابہ کے یہی سبب ہے کہ خاص
کیا اللہ تبارک وتعالےٰ نے دونون کو اس فضیلت کے ساتھ اور اضافت
تخلیق اپنی ذات پاک کیطرف کی چنانچہ فرمایا فنفخنا فیہ من روحنا ونفخت
فیہ من روحی از روضۃ الاحباب – عبارت نامہ گرامی اور بتیرا ے دعوت
کرتا ہون تجھکو اللہ کیطرف وہ ایسا اللہ ہے کہ لاشریک ہے اور دعوت کرتا ہون
تجھکو اس بات پر کہ تو اوس سے محبت پیدا کر اور اوسکی عبادت کر اور دل تیرا
اوسکی طرف رغبت کرے اور ایمان لائے تو اوسپر اور حاضر ہو تو میرے پاس
اسلیئے کہ بے شک مین رسول اللہ کا ہون اور بے شک مین بلاتا ہون تجھکو
اور تیرے لشکر کو اللہ کی طرف اور بے شک پہونچایا مینے یعنی حکم خدا کا اور
خیر خواہی کی مینے پس قبول کر تو میری نصیحت اور سلام ہے اوسپر جسنے ہدایت
قبول کی انتہیٰ نامہ مبارک کی عبارت کا ترجمہ تمام ہوا اور وفات پائی نجاشی
نے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے زمانہ حیات مین ہجرت کے
نوین ۹ برس حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکے جنازے کی

نماز غائبانہ پڑہی مدینۂ طیبہ مین چنانچہ صحیح مسلم مین روایت ہے عمرو بن حصین اور جابر رضی اللہ عنہ سے۔

روایت ہے

کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ان اخاکم قد مات فقوموا فصلوا علیہ یعنی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ تمہارا بہائی مرگیا اُٹہو اور اوسکے جنازہ کی نماز پڑہو اور یہ نماز حضرت نے صف باندہکر عیدگاہ مین پڑہی اور یہ معجزہ ہے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کہ دور کی خبر دی اور مطابق پڑی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غائب پر نماز پڑہنی درست ہے اور یہ مذہب ہے امام شافعی کا اور احناف کہتے ہین کہ یہ بات حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے واسطے خاص تہی آپ کی چشمان مبارک کے سامنے ان کا جنازہ آگیا ہو اور یہ حجاب ناسوتی اوٹہہ گیے ہون آپ کے سوا اور لوگون کو غائب پر نماز پڑہنا درست نہین کذا فی تحفۃ الاخیار ترجمۂ مشارق الانوار اور تواریخ خلاصۃ الانبیا مین مذکور ہے کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نوین سال ہجری مین ایک دن رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مسجد مدینہ مین فرمایا کہ اے لوگو نجاشی بادشاہ حبشہ نے انتقال کیا اور اوس کے جنازہ کی نماز اسوقت ہوئی ہے تم کو بہی پڑہنا چاہیے سب صحابہ کہڑے ہوگئے اور نماز ادا کی بعد نماز کے صحابہ نے عرض کی کہ یا حضرت میت غائب پر نماز درست ہے آپ نے فرمایا نہین مگر جبرئیل نے مجہکو اوسکی موت کی خبر دی اور اوسکی نعش مینے دیکھی لہذا نماز جماعت ادا کی اور تمہاری نماز بہی میرے اقتدا سے درست ہوئی انتہا

مظاہر حق مین عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے بغیر اسناد کے کہ کہا اونہون نے کھولا گیا سر یعنی جنازہ نجاشی کا واسطے رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے یہان تک کہ دیکھا اوسے اور نماز پڑہی اوس پر انتہے واضح ہو کہ ظاہر مین یہہ حدیث دلالت کرتی ہے مذہب امام شافعی پر اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ پر کہتے ہین وہ کہ نماز پڑہنا میت غائب پر جائز ہی مگر ائمہ حنفیہ اور ائمہ مالکیہ رحمۃ اللہ علیہم اسپر ہین کہ میت غائب پر نماز پڑہنا درست نہین ہے اسلیے کہ تعلق نماز جنازہ کا میت کے ساتھہ ایسا ہے جیسا تعلق نماز جماعت کا امام کے ساتھہ اسلیے کہ آگے ہونا جنازہ سے مصلے کا درست نہین ہے جبیکہ آگے ہونا مقتدی کا امام سے درست نہین ہے اور ایسے ہی بُعد اور دوری امام اور مقتدی کے درمیان مین درست نہین ہے ایسے ہی میت اور مصلے کے درمیان مین ہے یعنی بُعد اور دوری درست نہین ہے۔

اور جملہ شرائط صحت نماز جنازہ سے یہ ہے کہ میت روبرو مصلے کے ہو اور مصلے مستقبل قبلہ کے اوسپر نماز پڑہے اور یہ امر میت غائب مین یقیناً معلوم نہین ہوتا ہے یہ وجوہ ہین لہذا میت غائب پر نماز درست نہوگی اور نجاشی کے قضیہ سے جواب دیتے ہین کہ نماز پڑہنا حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا اوسپر اس لیے تہا کہ اللہ نے زمین کو طے کر دیا تہا اور انکی جنازہ کو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر ظاہر کر دیا تہا اگرچہ جماعت کے لوگون نے اُسکو نہ دیکہا اور بجز اس فعل پیغمبر علیہ السلام کے صحابہ مین سے کسی کا فعل پایا نہین جاتا ہے کہ اوس کے ساتھہ استدلال کیا جائے نماز غائب کی صحت پر مطلقاً اور گویا کہ مستند ان کی اس تاویل مین وہ حدیث ہے

کہ واقدی نے اسباب نزول مین اسکو روایت کیا ہے ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہ سے کہ کہا اونہون نے کہ جنازہ نجاشی کا کہول دیا گیا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے لئے کہ حضرت نے اُسے دیکھا اور اُس پر نماز پڑھی۔

اور عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے ثابت ہوا ہے کہ کہا اونہون نے کہ نماز پڑہی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نجاشی پر اور صحابہ گمان نہین کرتے تھے مگر اس بات کا کہ جنازہ نجاشی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے روبرو ہے اور اس تاویل کی تائید کی ہے وہ جو بعض روایت مین آیا ہے کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اون روزون تبوک مین تھے ایک دن آفتاب خوب روشن اور منور طالع ہوا کہ اوس سے پہلے اس روشنی کے ساتھہ طالع نہین ہوا تھا انس رضی اللہ تعالے عنہ کہتے ہین کہ اوس دن حضرت جبریل علیہ السلام حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین نازل ہوئے اور آپ کو خبر دی کہ یہہ روشنی اسلئے ہے کہ تمہارے یارون مین سے ایک مرد کہ اوسے معٰویہ بن معٰویہ لیثی اور بروایتے مزنی کہتی ہین وہ آجکے دن مدینہ مین مرگیا ہے حق تعالے شانہ نے اوسپر نماز پڑہنے کو ستر ہزار فرشتے بھیجے ہین آپ نے پوچھا کہ یہہ مرتبہ اوسے کیونکر ملا جبریل علیہ السلام نے کہا کہ وہ ہمیشہ روز و شب قل ہو اللہ احد کی سورت بہت پڑہا کرتا تھا اوٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے کیا خاطر مبارک آپکی چاہتی ہے یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کہ زمین لپیٹ دون آپ کے واسطے کہ آپ اوسپر نماز پڑہین حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا ہان انس رضی اللہ تعالے عنہ کہتے ہین کہ فصلی علیہ ثم رجع یعنے پس نماز پڑہی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسپر اور پہر لوٹ آئے

یعنے زمین آپ کے واسطے طے ہوگئی۔

اور ایک روایت مین ہے کہ حضرت جبریل علیہ السّلام نے اپنے پر زمین پر مارے کہ جو درخت اور بیشہ کہ درمیان مین حجاب تھے وہ سب دور ہوگئے اور اُنکا جنازہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو نظر آگیا اور آپ نے اونپر نماز پڑہی کذا فی روضۃ الاحباب مین کہتا ہون کہ تائید اسکی کی ہے وہ جو قاضی عیاض نے کہا شفا مین ورُفع النجاشی لہ حتی صلے علیہ یعنی اوٹھایا گیا جنازہ نجاشی کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے واسطے یہانتک کہ نماز پڑہی آپنے اوسپر اور یہہ قصہ بڑی شرح وبسط کے ساتہہ نسیم الریاض شرح شفا مین مذکور ہے فمن شاء فلیرجع الیہ انتہی اور اسکے حق مین یہہ آیت نازل ہوئی ہے لتجدن اشد الناس عداوۃ للذین امنوا الیھود والذین اشرکوا ولتجدن اقربھم مودۃ للذین امنوا الذین قالوا انا نصاری ذالک بان منھم قسیسین ورھبانا وانھم لا یستکبرون رکوع تک ترجمہ البتہ پائیگا تو سب لوگون مین زیادہ دشمن مسلمانون کا یہود کو اور شرک والون کو اور تو پائیگا سب سے نزدیک محبت مین مسلمانون کے اون لوگون کو جو کہتے ہین کہ ہم نصاری ہین یہہ اسواسطے کہ ان مین عالم ہین اور درویش ہین اور وہ لوگ تکبر نہین کرتے پہر نجاشی نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نامۂ مبارک کا جواب لکہا۔

نامہ نجاشی بادشاہِ حبش بجواب نامہ مبارک حضور پُر نور رسول مقبول صلے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم الی محمد رسول اللہ من النجاشی
اصحمۃ سلام علیک یارسول اللہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اللہ
الذی لا الہ الا ھو اما بعد فقد بلغنی کتابک یارسول اللہ
نما ذکرت من امر عیسیٰ فورب السماء والارض ان عیسیٰ لایزید
علی ماذکرت تفروقاً انہ کما ذکرت وقد عرفت مصدقاً بعثت
بہ الینا نا شھد انک رسول اللہ صادقاً وقد بایعتک وبا
یعت ابن عمک واسلمت علی یدیہ الحمد للہ رب العالمین انتھی
والتفروق علاقۃ ما بین النوات والقشر یعنی لکھا جاتا ہے حضرت
رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف نجاشی اصحمہ کی طرف سے
سلام اور رحمت اور برکت اللہ کی ہو آپ پر اے پیغمبر اللہ کے ایسا اللہ کہ
نہین ہے کوئی معبود مگر وہی اما بعد بے شک نامہ مبارک آپکا میرے پاس
پہونچا اے اللہ کے رسول وہ امر کہ ذکر کیا ہے آپ نے عیسیٰ علیہ السلام کی
نسبت پس قسم ہے پروردگار آسمان وزمین کی کہ عیسیٰ کچھ زیادہ نہین ہے
اوسپر جو ذکر کیا تمنے اور بے شک جانی تھی ہمنے حقیقت تمہاری شریعت کی
لایا تھا ہمارے پاس آپ کے چچا کا بیٹا یعنی حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اور عزت کی ہے ہم نے آپ کے چچا کے بیٹے کی اور تمہارے یارونکی
اور گواہی دیتا ہون مین کہ تم اللہ کے رسول ہو اور راست گو ہو اور انبیا اور
کتب سابقہ آپ کی تصدیق کرتے ہین اور مین نے آپ کی بیعت کی آپ کے
چچیرے بہائی کے ہاتہہ پر نیابتاً واسلمت علی یدایہ۔ الحمد للہ
رب العالمین تفروق وہ چہلی ہے جو خرمے کے مغز او تخم کے بیچ مین ہوتی
ہے اور روانہ کیا مینے اپنے بیٹے ارمن کو اور اگر ارشاد ہو تو مین بہی حاضر ہونیکو
طیار ہون اور اقرار کرتا ہون مین کہ جو کچہہ آپ فرماتے ہین وہ سب سچ ہی والسلام
علیک یارسول اللہ صلے اللہ علیک وعلی آلک واصحابک۔

مروی ہے

کہ نجاشی نے جو اپنے بیٹے کو دریا کی راہ سے روانہ کیا تہا وہ ہوا سے مخالف
کے صدمہ سے اپنے ہمراہیون کے ساتہہ غرق ہو گیا۔

اور حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ایک خط نجاشی
کو لکہا تہا اوسکا مضمون یہہ تہا کہ اُم حبیبہ ابو سفیان کی دختر کو جو مہاجرین حبشہ
ستے ہین حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے لئے نکاح کر کے
مدینہ روانہ کر دین اور اون مہاجرین کو بہی جو وہان ہین پہر حضرت صلے اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کے ارشاد فیض بنیاد کے موافق نجاشی نے حضرت ام المؤمنین
اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا کو پیام بہیجا آپ نے قبول فرمایا پہر خالد بن سعید بن
العاص کو وکیل کیا خالد بن سعید نے اونکو حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے نکاح مین دیا نجاشی نے مہر اونکا چار سو مثقال طلا مقرر کیا اور مہاجرین
حبشہ کو تیار کر کے دو کشتیون مین سوار کر کے عمرو بن امیہ ضمیری کے ساتہہ

مدینے بہیجدیا۔

مروی ہے

کہ نجاشی نے ایک ڈبا فیل دندان کا منگا کر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دونون فرمانون کو اوسمین نہایت عزت اور حفاظت کے ساتھہ رکھدیا اور اوسنے اپنی قوم سے کہا کہ اس ملک مین ان فرمانونکی خیر وبرکت ہمیشہ رہیگی جب تک یہہ دونون فرمان انمین رہین گے۔

صاحب اعلام نے ذکر کیا ہے کہ وہ نامے ابتک بادشاہان حبشہ کے خزانے مین محفوظ ہین اور اونکا اعزاز واحترام بہی اوسیطرح ہے کذا فی روضۃ الاحباب

اور مدارج مین مواہب سے نقل کیا ہے کہ یہہ نجاشی اصحمہ ہے کہ ہجرت کی تہی مسلمانون نے سال پنجم مین نبوت سے اوسکی طرف اور نامہ لکہا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکو سال ششم ہجرت مین اور وفات پائی اوسنے سال نہم ہجرت مین۔ لیکن وہ نجاشی کہ بعد اصحمہ کے والی حبشہ ہوا اور آپ نے اوسکو بہی نامہ لکہا تہا اور دعوت اسلام کی تہی پس معلوم نہین ہوا نام اوسکا اور نہ اسلام اوسکا اور فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے کہ اوسکے مرنیکے بعد اوسکی قبر پر انوار کا مشاہدہ ہوتا تہا اور تصدیق کی ہے اسکی اللہ تعالے لاشانہ کے قول نے وہ یہہ ہے والشہداء عند ربہم لہم اجرہم ونورہم کذا فی نسیم الریاض شرح شفای قاضی عیاض۔

مہاجرین حبشہ کی کیفیت

جب سال پنجم مین کفار مکہ نے صحابہ کو تکلیفین دینی شروع کین اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اوسوقت تک ماذون بالجہاد نہین ہوے تھے اسلئے آپ نے صحابہ کو اجازت دی کہ حبشہ کو ہجرت کرجاؤ وہان ایک بادشاہ ہے کہ اوسکی حکومت مین کوئی ظلم نکرسکیگا تم اوسکی حکومت مین جاؤ جب تک اللہ تعالے لئے شانہ تمہارے واسطے کوئی طریقہ کشایش کا تمکو بتائے لہذا اوسی سال کے ماہ رجب مین گیارہ یا بارہ مرد اور چار عورتون نے ایک قول کے موافق پانچ عورتون نے پوشیدہ طریقہ سے مکہ سے دریا تک پاپیادہ سفر کیا پھر وہان سے نصف دینار دیکر کشتی پر سوار ہو کر حبشہ کو روانہ ہوے اور منقول ہے کہ پہلے پہل مکہ سے ہجرت حبشہ کے ارادہ پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالے عنہ باہر گئے اور آپکے ساتھہ آپکی زوجہ مکرمہ رقیہ بنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تھین اور آپکے جانے کے بعد خبر خبریت آپکی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو نہ پہونچی تو اس سبب سے آپ کی خاطر مبارک ملول تھی کہ ایک عورت آئی اور اوسنے بیان کیا کہ مینے حضرت عثمان کو دیکھا کہ اپنی زوجہ کو مرکب پر سوار کئے ہوئے جارہی تھی آپ نے فرمایا صحبهما الله ان عثمان لاول من هاجر باهله بعد لوط یعنی مصاحب ہوا اللہ اونکا تحقیق کہ عثمان پہلا اونکا ہے کہ ہجرت کی اوسنے اپنے اہل کے ساتھہ بعد لوط علیہ السلام کے اور مروی ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم چونکہ حریص تھے ایمان قریش پر اور آرزو تھی آپکو اسبات کی کہ اللہ تعالے لئے شانہ کوئی ایسی وحی نازل فرمائے کہ اوسکے سبب سے اونکے

دل مین اُنس پیدا ہوا اور جو کبھی کوئی وحی نازل ہوتی تو آپ اونکو پڑھکر سناتے کہ
شاید اونکا دل اوس سے نرم ہوا اور مسلمان ہون پھر جب سورہ والنجم نازل ہوئی
آپنے مجمع قریش مین اوسکو تلاوت فرمایا اور آیتونکی درمیان آپ توقف فرماتے
تھے تاکہ لوگ اوسکو سمجھین اور یاد کرلین جب آیت افرائتم اللات
والعزی ومنواۃ الثالثۃ الاخری پر پہونچے تو شیطان ملعون نے
اوس موقع پر قابو پاکر گوش بہوش کفار ناہنجار مین یہہ صدا پہونچائی

تلك الغرانیق العُلیٰ وان شفاعتھُنّ لَترتجی

کفار اس جہت سے خوش ہوے کہ جب آپنے سورت تمام کی اور سجدہ کیا
کفار بھی سجدے مین مسلمانون کے شریک ہوئے مگر ایک اُمیہ بن خلف جمحی نے
سجدہ نکیا اور ایک روایت مین ہے عتبہ بن ربیعہ اور ایک روایت سے
ولید بن المغیرہ ان سب نے سجدہ نکیا بر تقدیر جمع بین الروایات ہر ایک نے
بسبب کبر کے ایک لپ بھر خاک اپنی پیشانی کے پاس لیجا کر اوسپر سجدہ کیا
بعد برخاست ہونے مجلس کے کفار کہنے لگے کہ آج تو محمد صلے اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے ہمارے معبودون کو اچھی طرح یاد کیا حالانکہ ہم جانتے تھے
کہ مارنے اور جلانے والا اور پیدا کرنے والا اور روزی دینے والا اللہ تعالے
ہی ہے مگر یہہ کہتے تھے کہ یہہ معبود ہمارے سفارشی ہین اللہ کے نزدیک
اب جو محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ہمارے ساتھہ اس معاملہ مین
اتفاق کرلیا ہے تو ہمنے بھی اونکے ساتھہ صلح کرلی اور اونکی ایذا دہی سے باز
آئے جب یہہ خبر اطراف مین منتشر ہوئی اور حبشہ کے مہاجرین کو پہونچی وہ
یہہ خبر سنکر اپنے وطن کو آئے۔

مروی ہے

کہ حضرت جبرئیل علیہ السّلام آئے اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو شیطان کی آواز سے مطلع فرمایا حضرت اس واقعہ سے نہایت ملول اور محزون ہوئے حق تعالےٰ شانہ نے آپکی تسلی دل کے واسطے یہہ آیت نازل فرمائی وَما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیته فینسخ اللّٰه مایلقی الشیطان ثم یحکم اللّٰه ایاته واللّٰه حلیم علیم ترجمہ نہین بہیجا ہم نے تجہ سے پہلے کوئی رسول اور نہ نبی مگر جسوقت آرزو کرتا تہا شیطان اونکی تمناؤن مین اپنی خواہشین ڈالدیتا تہا پس موقوف کردیتا ہے اللہ تعالےٰ شانہ اوسکو جو ملادیتا ہی اوسمین شیطان پہر محکم کرتا ہے اللہ تعالےٰ شانہ اپنی نشانیون کو اور اللہ تعالےٰ شانہ جاننے والا ہے اور باحکمت ہے کذا فی البیضاوی ومعالم التنزیل جب یہہ آیت کفار نے سنی تو کہا اے محمد پشیمان ہوئے تم اس سے جو ہمارے معبودون کی منزلت تم نے بیان کی جو خدا کے نزدیک ہے ہم نے بہی اوس صلح کو توڑ دیا اور پہر مسلمانون کو ایذا دینے لگے مہاجرین حبشہ جو یہہ خبر صلح سنکر آئے تھے جب نواحی مکہ مین پہونچے تو معلوم ہوا کہ اوس صلح کا کچہہ اعتبار نہ تہا پہر ہر ایک اونمین سے اپنے اپنے وسیلہ کے ذریعہ سے مکہ مین گئے مگر عبداللہ بن مسعود انکا کوئی ذریعہ نہ تہا چند روز مکہ مین رہکر پہر حبشہ کو چلے گئے کذا فی کتب السیر - اور شیخ ابن حجر عسقلانی نے شرح بخاری مین لکہا ہے کہ اصح بات یہہ ہے کہ عبداللہ ابن مسعود پہلے ہجرت حبشہ مین نتھے بلکہ دوسری ہجرت مین تھے واللہ اعلم اور باقی مہاجرین مکہ مین ایذائے کفار کے سبب سے

نرہ سکے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پہر اذن ہجرت کا دیا ایکبار
بہت مسلمان حبشہ کو ہجرت کر گئے اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
مکے مین رہے جس مسلمان کا دل ہجرت کرنے کو چاہتا وہ ہجرت کرکے وہان چلا جاتا
محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ کہتے ہین کہ تمام مہاجرین حبشہ سواے چہوٹے لڑکون کے
کچہ اوپر اسّی مرد اور گیارہ عورتین تہین ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے
مروی ہے کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ہمکو حبشہ مین نجاشی
کے پاس بہیجا اور قریش کو یہہ خبر ہوئی تو اونہون نے عمرو بن العاص اور عمارہ
بن الولید کو کچہ تحایف دیکر جو نجاشی کو مرغوب تہے بہیجا کہ مسلمانون کو اوس سے
طلب کرین جب وہ نجاشی کی مجلس مین حاضر ہوئے تو اوسکو سجدہ کیا اور وہ
تحائف پیش کئے اور عرض کی کہ ایک جماعت ہماری بنی اعمام سے یہان آئی
ہے اور وہ ہمارے دین وآئین سے پہر گئی ہے اور اپنا ایک نیا دین نکالا
ہے تمہارے دین کے سوا اور حالانکہ وہ نصرانی تہا اور نجاشی کے مصاحبون
اور ندیمون کو بہی تحفے ان لوگون نے دئے تہے لہذا اون لوگون نے فرستادہ گان
قریش کیجانب داری اور مددگاری کی اور کہا کہ مہاجرین کی جماعت کو انکے
حوالے کردینا چاہئے اسلئے کہ یہہ اپنی قوم کے حالات سے خوب واقف ہین
بہ نسبت ہمارے نجاشی نے غصہ ہوکر کہا کہ واللہ مین ہرگز ایسا نکرونگا کہ جو لوگ
میرے امن مین آئے ہون مین انکو دشمنون کے حوالے کردون اور حکم دیا کہ
مسلمانون کو جمع کرکے لاؤ کہ وہ آپ ہم سے باتین کرین اور اپنے دین وملت کا
بیان کرین جب یہہ خبر مسلمانون کو پہونچی تو سب جمع ہوے اور مشورہ کیا کہ
بادشاہ سے ہم کیونکر باتین کرین اوسکے مزاج کے موافق یا سچ سچ بیان کرین
جس دین پر ہین حضرت جعفر رض ابن ابیطالب بہی اون مین موجود تہے اونہون نے

کہا کہ سچ سے بہتر کوئی شے نہین جس دین پر ہم ہین وہی بیان کرینگے پھر سب نے جعفر کو اپنا پیشوا اقرار دیا
کہ تم کلام کرنا پھر سب نجاشی کی مجلس مین گئے اور سلام کیا اور سجدہ کہ اہل حبشہ کی رسم تھی نہ کیا
نجاشی کے مصاحبون نے کہا کہ تم نے بادشاہ کو سجدہ کیون نہ کیا جعفرؓ نے کہا کہ ہم اپنے پروردگار
کے سوا کسیکو سجدہ نہین کرتے اور ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ہم کو یہی حکم دیا
ہے اس بات سے ایک ہیبت نجاشی کے دل مین پیدا ہوئی اور اُن سے پوچھا کہ یہ قسم قریش
کی جماعت کہتی ہے کہ تم نے ان کی دین سے مفارقت کی ہے اور ہمارے اور یہود کے دین
کی پیروی نہین کرتے ہمین اپنے دین سے آگاہ کرو حضرت جعفر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا
ہم انہین کے دین پر تھے اللہ تعالیٰ شانہ نے ہمارے پاس ایک رسول بھیجا وہ ہم کو اللہ تعالےٰ
شانہ کی عبادت کی طرف دعوت کرتا ہے اور اُسکی توحید کی تعلیم کرتا ہے اور باقی سب دینون
سے منع کرتا ہے اور اچھے کام کرنیکا حکم کرتا ہے اور بُرے کامون سے روکتا ہے اور نماز پڑھنے
اور روزہ رکھنے اور زکات دینے اور صلہ رحم کرنے اور جمیع اخلاق حمیدہ کا حکم کرتا ہے اور ایک
تنزیل اُس نے ہمپر ایسی پڑہی کہ کوئی اور چیز اُسکے مثل نہین ہوسکتی اور بہت روشن دلائل
سے ہمپر ثابت ہوا کہ یہی دین حق ہے اور وہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مبعوث ہوا
ہے اونہین دلائل اور معجزات کے ساتھ لہذا اوس کی تصدیق کی ہم نے اور ایمان لائے ہم
اُس پر اپنے پہلے دین باطل کو چہوڑکر اس وجہ سے یہ ہم کو بہت ایذا دیتے ہین اور ہم کو اُن
کے مقابلہ کی طاقت نہین ہے۔ یہ سبب ہے کہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے آپ کے ملک مین ہجرت کرنیکا حکم دیا۔ اور سب بادشاہون مین آپ کو پسند کیا۔ اور کہا کہ وہ
بادشاہ تمہاری حفاظت کریگا۔ اور اُن کو تمپر ظلم نہ کرنے دیگا۔ نجاشی نے پوچھا کہ اُس کلام
سے جو تمہارے پیغمبر پر نازل ہوا ہے۔ تم کو یاد ہے حضرت جعفرؓ نے کہا ہان یاد ہے
اوسنے کہا کہ اچھا اوس کی تلاوت کرو اور خود باادب ہوکر بیٹھ گیا حضرت جعفر رضی اللہ عنہ
نے سورۂ مریم مین سے اوّل کی آیتین پڑہکر سنائین۔ نجاشی نے جب اللہ تعالیٰ شانہ

کا یہ پاک کلام سُنا تو اسقدر رویا کہ تمام ڈاڑہی اُس کی آنسوؤن سے تر ہوگئی اور وہان علمائے نصاریٰ بھی حاضر تھے اور اپنے صحیفے کھولے ہوئے تھے وہ بھی اتنا روئے کہ صحیفے اور داڑہیان آنسوؤن سے تر ہوگئین نجاشی نے کہا کہ قسم ہے خدا کی یہ کلام اور وہ کلام جو موسیٰ پر اترا ایک ہی ہے۔ پھر عمرو بن عاص اور عمارہ کیطرف متوجہ ہوکر کہا قسم ہے اللہ کی مین انکو ہرگز تمہارے حوالے نہ کرونگا اور مین ہرگز اس بات کو پسند نہین کرتا کہ تم ان پر قدرت پاؤ اور ایک روایت مین ہے کہ عمرو بن عاص نے نجاشی سے کہا کہ یہ تمہارے مخالف ہین حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے یہ اچھے اعتقادات نہین رکھتے نجاشی نے حضرت جعفرؓ سے پوچھا کہ تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان مین کیا کہتے ہو آپ نے فرمایا کہ ہم وہ کہتے ہین جو ہمارے خدا نے کہا ہے ھو عبد اللہ ورسولہ وکلمتہ القٰھا الی مریم وروحٌ یعنی وہ اللہ کا بندہ ہے اور اسکا رسول ہے اور اُس کا کلمہ ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے اُس کو ڈالا مریم کیطرف اور روح ہے اُس کی نجاشی نے یہ سُنکر ایک چھوٹی سی لکڑی زمین سے اُٹھاکر کہا کہ اے گروہ قریش اور قسیسو اور رہبانو آگاہ ہوجاؤ تم کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مین اور اِس مین جو انہون نے اونکی شان مین بیان کیا اتنا بھی فرق نہین ہے جتنی یہ لکڑی ہے یعنی تنکے کی برابر بھی فرق نہین ہے۔ مرحبا تم کو اور اُسکو تم جسکے پاس سے آئے ہو اور گواہی دیتا ہون مین کہ وہ خدا کا رسول ہے جتنے اوصاف اُسکے انجیل مین پڑہے ہین اور وہ وہی ہے جسکی خبر عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے اترو تم جہان کہین تمہارا دل چاہے اور قسم ہے اللہ کی اگر کار سلطنت میرے متعلق نہ ہوتا تو مین ضرور اُسکی خدمت شریف مین حاضر ہوتا اور اوس کی کفش برداری کرتا ہ۔ محمد عربی کابروے ہر دو سرا است کسیکہ خاک درش نیست خاک برسر او ✦ کہتے ہین کہ نجاشی نے قریش کو اُن کا ہدیہ پھیر دیا اور وہ خائب وخاسر اُس مجلس سے نکلے۔ **فقیر محمد اکبر کی غزل** خدا کرے حضور جناب رسالت مآب مین قبول ہو اللّٰھم آمین ثم آمین آمین۔ مطلع۔ خدا کا پیارا ہی تمپر وہ محبوب خدا تم ہو

خدا کا پیارا ہے تمپر وہ محبوب خدا تم ہو
سراپا جلوۂ حسن ازل یا مصطفا تم ہو

ازل کے روز سے اہل اسکے ای نور خدا تم ہو
حبیب حضرت حق تم نبی الانبیا تم ہو

رسول اللہ ہم کو کیا خبر اسکی ہے کیا تم ہو
مگر پیرون کا یہ ارشاد ہے نور خدا تم ہو

کہو اپنے خدا سے حالت اسلام ابتر ہے
ہماری دوڑ تم تک ہے ہمارا آسرا تم ہو

عرب کی مشکلون کو حل کیا تم نے یہان آکر
مگر روز ازل سے قوم کے عقدہ کشا تم ہو

نبی کے حال سے آگاہ کیا امت ہو بیچاری
خدا ہی جانتا ہی تمکو جو ای مصطفا تم ہو

شریعت پر ہے جو ثابت قدم وہ مرد میدان ہے
اسے کیا خوف قزاقون کا اسکے پیشوا تم ہو

کہے کس منہ سے شکرانہ تمہارا امت عاجز
ہمین وہ راہ دکھلائی کہ جسکے رہنما تم ہو

بڑا دریائے ناپیدا کنار اس معرفت کا ہے
مگر فضل خداوندی سے اسکے آشنا تم ہو

روا ہوتا اگر انسان کا اللہ سے ملنا
تو اس سے پوچھتے ہم یا رسول اللہ کیا تم ہو

یہ عالم ملک ہے اللہ کا وہ اسکا مالک ہے
مگر تم منتظم ہو اسکے دستور خدا تم ہو

فرشتون نے تمہاری اقتدا کی چرخ ہفتم پر
تمہارے مقتدی ہیں سب ملائک مقتدا تم ہو

ہو الاول ہو الآخر کے مطلب کھل گئے ہم پر
نہین ہے جسکے اول جو ہوگی انتہا تم ہو

تمہارے روے روشن کی قسم کھائی ہے قرآن نے
کلام اللہ میں یا شاہ دین شمس الضحیٰ تم ہو

رسول اللہ اب امت تمہاری سخت عاجز ہے
نکالو اسکو اس مشکل سے ہان مشکلکشا تم ہو

تمہاری ذات پر ہے خاتمہ عاجز نوازی کا
خبر لو اپنے مجبورون کی ان کا آسرا تم ہو

ذرا تم میرے درد دل پہ اپنا ہاتھ دہر دیکھو
ابھی یہ خود بخود اچھا ہو اٹھیگا ہان میری دوا تم ہو

شتابی کیجئے ہیں موج و گرداب چنین حائل
میری کشتی ہے طوفان خوردہ اسکی ناخدا تم ہو

تمہاری التجا بین ہی خدا سے کہکے دلوا دو
رسول اللہ اپنے جد امجد کی دعا تم ہو

تمہاری ہی طرف کھنچتا ہے دل میرا بحمد اللہ
یہی ہے دلبری کی شان بیشک دلربا تم ہو

پیام خاص لیکر بارہا جبریل آئے ہین
رسول اللہ تم ہو محرم راز خدا تم ہو

خدا نے آپ سے خود کی ہین کچہ ایسی بھی باتین ہان خبر لوا نپٹے اکبر کی خدا سے اسکو ملوا دو	اخص الخاص کے دانا ے اسرار خدا تم ہو بتا دو اسکو وہ رستہ کہ جسکے رہنما تم ہو

واضح ہو کہ علماے کرام نے حدیث غرانیق کی صحت مین کلام کیا ہے چنانچہ قاضی عیاض نے شفا مین اسکی تصریح کی ہے۔ اور امام فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر مین کہا ہے کہ یہ قصہ باطل ہے اور موضوعات زنادقہ سے ہے اور بعض نے کہا ہے کہ یہ موضوعات ابن زبعری سے ہے اور کیونکر جائز ہو یہ بات کہ بتون کی تعریف جاری ہو زبان حق ترجمان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی یعنی وہ بولتا نہین اپنی خواہش کے موافق نہین ہے کلام اسکا مگر وحی جو پہنچتی ہے اور یہ محالات سے ہے کہ زیادہ کرین حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قرآن مجید مین اُس مطلب کو کہ اُس مین نہ ہو سہواً خصوصاً ایسے وقت مین کہ مغایر ہو وہ چیز اُس چیز کی کہ لائے ہین اُسکو حضرت یعنی توحید اور حالانکہ آپ معصوم ہین اور کہا بیہقی نے کہ یہ قصہ غیر ثابت ہے از روے نقل اور روایت کے اور کلام کیا ہے اُسکے راویون مین اور کہا کہ وہ سب مطعون ہین اور روایت کی ہے بخاری نے اپنی صحیح مین کہ حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پڑہی سورۂ والنجم اور سجدہ کیا اور سجدہ کیا آپ کے ساتھ مسلمانون نے اور کافرون نے اور انس وجن نے اور نہین ہے اُس مین قصہ غرانیق کا اور نقل کیا ہے اس روایت کو ارباب صحاح نے بہت طریقون سے اور نہین ہے اُس مین قصہ غرانیق کا اور شک نہین ہے اسمین کہ جو کوئی تجویز کرے حضرت علیہ السلام پر بتون کی تعظیم کرنے کی تو وہ کافر ہو جائیگا لہذا سمجھ لیا ہمنے عقلاً ونقلاً کہ یہ قصہ موضوع اور باطل ہے اور ایسا ہی کہا ہے اس کو جمہور علماے محدثین نے ❖

روانگی نامۂ مبارک حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

ہمدست وحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بنام ہرقل قیصر روم

حضرت وحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا مکتوب
ہدایت اسلوب لیکر شہر بصرہ کیطرف متوجہ ہوئے اسلیئے کہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے فرمایا تھا کہ تو میرا نامہ لیکر حاکم بصریٰ کے پاس جا وہ تجھے اپنا آدمی تیرے ساتھ
کرکے ہرقل کے تختگاہ مین پہنچا دیگا جب دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ بصریٰ مین پہنچے تو وہان کا
حاکم شہر حمص مین تہا اور ہرقل بیت المقدس مین تہا اوس نے نذر مانی تہی کہ اگر اللہ تعالیٰ
رومیون کو فارسیون پر غلبہ عطا فرمائیگا تو مین قسطنطنیہ سے برہنہ پا بیت المقدس کی زیارت کو
جاؤنگا اور وہان نماز پڑہونگا لہذا راستون مین فرش بچہائے تہے اور اُن پر پہول ڈالے
تہے وہ اُن پہولون پر چلتا تہا تمام راہ بیت المقدس کی اسیطرح اوسنے طے کی اور وہان
پہنچکر اوس نے اپنی نذر وفا کی اور اُن روزون کہ وہ بیت المقدس مین تہا ایک روز
اپنے تخت پر مکدر طبیعت اور پریشان خاطر بیٹہا تہا بعض ارکان دولت اور اعیان مملکت
نے اُس سے پوچہا کہ آپ کے چہرہ پر آثار ملالت کے معلوم ہوتے ہین کیا سبب ہے
اور حال یہ تہا کہ وہ علم نجوم مین خوب مہارت رکہتا تہا اور آثار اجرام علوی اور اجسام
سفلی کے ذریعہ سے قواعد نجومیہ سے احکام استخراج کرتا تہا اوسنے کہا کہ آج کی رات مین
نظر کرتا تہا ستارون مین اور اُن کی حرکات کو دیکہہ رہا تہا ایسا معلوم ہوا کہ جو لوگ ختنہ
کرتے ہین اُس قوم کا بادشاہ پیدا ہوا ہے اور قریب ہے وہ زمانہ کہ اُس کے آفتاب اقبال
کی شعاعین اس ملک کو روشن کردین اور اس ملک کے باشندون پر مسلط ہو جائیگا۔ کچہ
تم کو معلوم ہے کہ وہ کون سی قوم ہے جسکے ہان ختنہ کا رواج ہے اُن لوگون نے کہا
سوائے قوم یہود کے اور کوئی قوم ختنہ نہین کراتی اور آپ اس امر سے ملول اور محزون نہون
اپنے قلمرو مین حکم جاری کردین کہ جہان کہین یہود ہون وہ قتل کر ڈالے جائین بادشاہ نے

یہ گفتگو ہو ہی رہی تھی کہ ایک چوبدار نے آکر عرض کی کہ ایک آدمی حاکم بصرہ حارث
بن ابی شمر غسانی کے پاس سے آیا ہے اور وہ ایک آدمی عرب کا اپنے ساتھ لایا ہے اور
وہ ایک حکایت غریب اور قصۂ عجیب حوادث ایّام سے کہ بلاد عرب مین جسکا ظہور
ہوا ہے بیان کرتا ہے یعنی اُس کے بیان سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ وہان ایک
پیغمبر پیدا ہوا ہے اور یہ بادشاہ سے خبر کرنے والا کوئی اور شخص تھا دحیہ کلبی نتھے
یہ بھی کفار قریش ہی سے تھا جو بطریق سیاحت یہان وارد تھا ہرقل نے اُسکو بُلایا اور
حالات پوچھنے شروع کیے اوسنے کہا کہ ہم مین سے ایک آدمی پیدا ہوا ہے اور
وہ نبوت کا دعوی کرتا ہے اور لوگون کو اپنے دین کی دعوت کرتا ہے اور کچھ لوگون
نے اُسکی نبوت کی تصدیق بھی کرلی ہے اور قوم کے اکثر آدمی اُسکے مخالف ہین اور آپس مین
جدال و قتال بھی ہوئے ہین مین نے اُن کو اسی حال پر چھوڑا ہے ہرقل نے اپنے ملازمین
سے کہا کہ اسکو گوشے مین لیجا کر دیکھین کہ اسکا ختنہ بھی ہوا ہے یا نہین جب دیکھا تو
معلوم ہوا کہ یہ مختون ہے ہرقل نے اُس سے پوچھا کہ عرب کے آدمی ختنہ کراتے ہین
اُس نے کہا ہان سب عربون کا ختنہ ہوتا ہے ہرقل نے کہا کہ ہمنے قواعد نجوم سے
معلوم کیا ہے وہ اسی قوم کا بادشاہ ہے مروی ہے کہ اونہین دنون کہ ہرقل بیت
المقدس ہی مین تھا حاکم بصری نے ایک آدمی کہ نام اُسکا عدی بن حاتم تھا دحیہ کلبی
کے ساتھ کرکے ہرقل کے پاس بھیجا جب دحیہ کلبی دربار ہرقل مین داخل ہوئے تو
ایک شخص نے جو بادشاہ کا ندیم تھا کہا کہ بادشاہ کو جب دیکھو تو سجدہ کرنا ورنہ وہ
تمہارے نامہ کو قبول نہ کریگا دحیہ نے کہا کہ مین سوائے خدا کے ہرگز کسی کو سجدہ
نہ کرونگا۔ پھر اُن کو بادشاہ کے پاس لائے دحیہ نے وہ نامہ اُسکے ہاتھ
مین دیا چونکہ سرنامہ اُسکا عربی تھا اُسنے ترجمان کو دیا عبارت اُس نامہ شریف کی یہی

نامۂ مبارک حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

بنام ہرقل بادشاہ روم

بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد رسول اللہ الی ہرقل عظیم الروم علی من اتبع الھدی اما بعد فانی ادعوک بدعوۃ الاسلام اسلم تسلم یوتک اللہ اجرک مرتین فان تولیت فان الیک اثم الاریسیین ویا اھل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم لا نعبد الا اللہ ولا نشرک بہ شیئا ونتخذ بعضنا بعضا اربابا من دون اللہ فان تولوا فقولوا اشھدوا بانا مسلمون رواہ البخاری کذا فی المواھب اللدینہ ✦

ترجمہ یہ نامہ ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ہرقل بادشاہ روم کی نام سے سلام اوس پر جسنے پیروی کی ہدایت کی اما بعد مین بلاتا ہون تجھے بیشک اسلام کیطرف اسلام لا کہ سلامت رہے تو دیگا تجکو اللہ تعالیٰ شانہ دونا اجر پس اگر نہ اسلام لایا تو بیشک تجھپر گناہ ہے تیری رعیت کا اور اے کتاب والو آؤ ایک بات کی طرف کہ برابر ہے وہ درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے وہ یہ ہے کہ پرستش نہ کرین ہم سوائے اللہ تعالیٰ شانہ کے کسی اور کی اور نہ شریک کرین ہم اوسکے ساتھ کسیکو اور نہ پکڑے بعضا ہمارا بعضے کو معبود سوائے اللہ تعالیٰ شانہ کے پس اگر وہ روگردان ہون یعنی اہل کتاب پس کہو تم اسے مسلمانون کہ شاہد رہو تم اسے کتاب والو اسکے ہم مسلمان ہین پھر جب قیصر روم اس نامہ مبارک کے مضمون سے مطلع ہوا تو ایسی ہیبت اوس پر طاری ہوئی کہ اُس کے چہرہ پر عرق آگیا اور فریاد وفغان اُس کے دربار مین مچگئی پھر اُس نے اپنے ارکان دولت سے کہا کہ تلاش کرو کوئی آدمی اُس کی قوم کا کہ مین اُس سے اُس کے حالات دریافت کرون پھر تلاش کیا تو ابوسفیان کو شہر غزہ مین کہ وہ تجارتگاہ قریش کی تھی ایک جماعت کے ساتھ پایا پھر اون سب کو دربار قیصری مین حاضر کیا اور اُسوقت وہان تمام شرفا وعظمار روم اور ندمائے

قیصر اور قسیس اور رُہبان موجود تھے اور قیصر تخت حکومت پر تاج شاہی پہنے ہوئے بیٹھا تھا پھر اوس نے ترجمان سے کہا کہ ان سے پوچھ کہ تم مین کون شخص اوسکا بہت قریب کا رشتہ دار ہے جو دعوی نبوت کرتا ہے ابوسفیان نے کہا مین بہت قریب کا رشتہ دار ہون بادشاہ نے پوچھا کہ کیا رشتہ ہے ابوسفیان نے کہا وہ میرے چچا کا بیٹا ہی واضح ہو کہ یہ بات ابوسُفیان کی صحیح نہین اسلیے کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم اُن کے چچازاد بھائی نہین ہین بلکہ مقصد اُن کا یہ تھا کہ یہ نسبت ہمارے اجداد مین ثابت ہے اسلیے کہ ابوسُفیان کا دادا اُمیہ اور حضرت کے دادا عبدالمطلب آپس مین چچازاد بھائی تھے یعنی اُمیّہ بن عبدالشمس بن عبدمناف اور عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف لہذا اس جدی رشتے سے اطلاق ابن عم کا کیا کذا فی روضۃ الاحباب ومدارج النبوت ؛

ابوسفیان اور قیصر روم کا مکالمہ

پھر قیصر روم نے ابوسفیان کو اپنے پاس بُلایا اور بٹھایا اور اُن کی قوم کو اُن کی پیچھے کھڑا کیا اور کہا کہ اگر کسی سوال کے جواب مین یہ جھوٹ بول جائین تو ان کی قوم انہین روکے اور کچھ ان کا خیال نہ کرے **سوال وجواب** قیصر روم نے اوّل حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا نسب پوچھا ابوسفیان نے کہا وہ بہت عالی نسب ہین ہم لوگون مین ۔ پھر قیصر روم نے پوچھا ان سے پہلے تمہاری قوم مین اور کسی نے یہ دعوی کیا ہے ابوسفیان نے کہا نہین ۔ پھر پوچھا قیصر روم نے کہ اُن کے اجداد مین سے کوئی بادشاہ ہوا ہے ابوسفیان نے کہا نہین ۔ پھر قیصر روم نے پوچھا کہ امیر لوگ اُن کی متابعت کرتے ہین یا غریب ابوسفیان نے جواب دیا کہ اکثر غریب ۔ پھر قیصر روم نے ابوسفیان سے پوچھا کہ اتباع اُن کے روز بروز زیادہ ہوتے ہین یا کم ۔ ابوسفیان نے جواب دیا کہ زیادہ ہوتے جاتے ہین

پھر قیصر روم نے پوچھا کہ اُن سے کبھی عہد شکنی بھی وقوع مین آئی ہے۔ ابوسفیان نے جواب دیا
کہ یہ حرکت تو اُن سے ابتک ظہور مین نہین آئی ہے لیکن اب صلح ہوئی ہے اُن سے اور
ہمسے او رعہد ہوا ہے دیکھین اب وفا کرین یا نہین۔ پھر قیصر روم نے پوچھا کہ کبھی تم سے اور
اُن سے لڑائی بھی ہوئی ہے ابوسفیان نے جواب دیا ہان ہوئی ہے۔ پھر قیصر روم نے پوچھا کہ
انجام اُسکا کیونکر ہوا ابوسفیان نے کہا کہ کبھی وہ غالب ہوے اور کبھی ہم۔ پھر قیصر روم نے
پوچھا وہ کیا حکم کرتا ہے ابوسفیان نے کہا وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالیٰ شانہ کی عبادت
کرو اور اُسکا شریک کسی کو نہ کرو اور باپ دادا کے رسوم جاہلیت کو چھوڑ دو اور نماز و روزہ
اور صدقہ اور پاکیزگی اختیار کرو اور اپنے اقربا کے ساتھہ احسان کرو۔ پھر قیصر روم نے پوچھا
کہ اُس کے دین سے کوئی مرتد بھی ہوجاتا ہے اُسکو بُرا سمجھکر ابوسفیان نے کہا کوئی مرتد نہین ہوا
پھر قیصر روم نے کہا قبل اس دعوی نبوت کے کبھی دروغگوئی مین متہم ہوا ہے ابوسفیان نے کہا
ہرگز نہین۔ پھر اسکے بعد ہرقل نے ترجمان سے کہا کہ ان سے کہدے کہ مین نے نسب اُسکا
پوچھا کیسا ہے تمنے کہا کہ وہ عالی نسب ہے ہم مین اور حال یہ ہے کہ انبیا اور رسل جو
خلق کی طرف مبعوث ہوئے ہین وہ سب عالی نسب ہی ہوتے آئے ہین تاکہ لوگون کو
اُن کی متابعت مین عار نہ ہو **فقیر مؤلف عرض کرتا ہے** کہ حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وصحابہ وسلم بنی ہاشم مین سے تھے اور بنی ہاشم اولاد عبد مناف مین شریف ہین اسلیے
کہ حدیث مین آیا ہے **اللہ تعالیٰ شانہ** نے چُن لیا اولاد ابراہیم مین سے اسمٰعیل علیہ السلام
کو اور اولاد اسمٰعیل مین قریش کو اور قریش مین ہاشم کو اور اولاد ہاشم مین سے عبد المطلب کو
اور اولاد عبد المطلب مین مجکو کذا فی المدارج النبوۃ اور سیرۃ گازرونی مین ہے عبد اللہ بن
عباس رضی اللہ عنہما سے کہ فرمایا حضرت علیہ السلام نے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے خلایق کو دو
قسم پر پیدا کیا ہے اور مجکو ان سے بہترین کیا اور یہ اشارہ ہے اصحاب الیمین اور اصحاب
الشمال سے اور مین اصحاب الیمین سے ہون آور صاحب سیر گازرونی معجم طبرانی کبیر سے

سے نقل کرتے ہین کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہین کہ ایک روز ہم صحن مین آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے بیٹھے تھے کہ اچانک ایکطرف سے ایک عورت نکلی ایک شخص
نے کہا یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دختر ہے دوسرے نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ و
آلہ واصحابہ وسلم کی مثال بنی ہاشم مین ایسی ہے جیسے نباتات مین ریحان اُس عورت نے جا کر
یہ حال حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کیا۔ آپ مکان سے باہر تشریف لائے
اور آثار غصے کے آپ کے چہرہ مبارک پر ظاہر تھے اور کھڑے ہو کر فرمایا یہ کیا کلمات ہین جو مجکو
پہنچے ہین حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اسلیے فرمایا کہ حضرت صلی اللہ علیہ آلہ
واصحابہ وسلم افضل اجناس مخلوقات تھے اور اُنھون نے ایسی مثال دی تھی جس سے
فضلیت ایک ہی جنس مین سے مفہوم ہوتی تھی کہ وہ نباتات تھی لہذا آپ نے اُسکو تفصیل
سے بیان کردیا اور فرمایا کہ **اللہ تعالیٰ عز وشانہ** نے سات آسمان پیدا کیے اور سات
زمینین پیدا کین آسمانون مین ساتوان اختیار کیا اور اُسکو محل عرش وکرسی اور اپنے حکم و
قدرت کی جگہہ قرار دیا اور دوسرے آسمانون مین جس کسی کو چاہا مقیم فرمایا اور زمینون
مین طبقہ اولی کو مسکن خلایق گردانا اور تمام مخلوقات مین بنی آدم کو اختیار کیا اور بنی آدم
مین سے عرب کو اور عرب سے نضر کو اور نضر سے قریش کو اور قریش مین بنی ہاشم کو اور
بنی ہاشم مین مجکو برگزیدہ کیا پس مین تمام قبائل سے برگزیدہ ہون اور جو کوئی عرب کو دوست
رکھیگا وہ میری دوستی کے سبب سے اُن کو دوست رکھیگا اور جو کوئی عرب کو دشمن رکھیگا
وہ میری دشمنی سے اُن کو دشمن رکھیگا انتہٰے۔ پھر قیصر روم نے ابوسفیان سے کہا کہ مین نے
تجھسے پوچھا کہ اور کسی نے بھی یہ دعوی اس سے پہلے قریش مین کیا تھا تو نے کہا نہین
پس اگر کسی اور نے بھی یہ دعوی کیا ہوتا تو مین سمجھتا کہ یہ ایک آدمی ہے کہ اُسکی تقلید کرتا ہے
جو اس سے پہلے تھا اور پوچھا مینے کہ کوئی اسکے آبا واجداد مین بادشاہ ہوا ہے تو نے
کہا نہین اگر تو کہتا کہ ہان بادشاہ ہوا ہے تو یہ بات سمجھہ مین آتی کہ اپنے باپ کا ملک چاہتا ہے

پھر پوچھا مین نے کہ امیر اور شریف لوگ اُس کی پیروی کرتے ہین یا ضعفا اور فقرا تو نے
کہا کہ اکثر ضعفا اور فقرا اور اکثر یہی لوگ انبیا علیہ السلام کی متابعت کرتے ہین اور پوچھا
مین نے کہ اتباع اُسکے روز بروز زیادہ ہوتے ہین یا کم تو نے کہا کہ زیادہ تو کام ایمان کا
ایسا ہی ہوتا ہے تا کہ کمال کو پہنچے اور پوچھا مین نے کہ کوئی آدمی بُرا جانکر اوسکے دین سے
پھر بھی جاتا ہے تو نے کہا نہین پس ایمان کی حلاوت ایسی ہی ہوتی ہے کہ جب آدمی اُسکا
ذائقہ چش ہو جاتا ہے تو پھر دل اُسی کو چاہتا ہے اور اُسکی شیرینی زبان سے اور دل سے
نہین جاتی اور پوچھا مینے کہ وہ تم مین کبھی کذب کے ساتھ بھی متہم ہوا ہے تو نے کہا نہین تو پیغمبر
ایسے ہی ہوتے ہین کہ غدر نہین کرتے غدر کرنا طالب دنیا کا کام ہے اور پوچھا مین نے کہ
تمہاری اوسکی لڑائی کا کیا حال ہے تو نے کہا کہ کبھی وہ ہمپر غالب ہوتا ہے اور کبھی ہم اسپر
اور حال یہ ہے کہ انبیا علیہم السلام ایسے ہی ہوتے تھے کہ کبھی مبتلا ہوتے غلبۂ دشمن کے
سبب سے مگر عاقبت الامر دولت و نصرت اُنھین کو ہوتی ہے اور پوچھا مینے کہ کس چیز کا
وہ تم کو حکم کرتا ہے تو نے کہا اللہ تعالیٰ کی عبادت کا اور اس بات کا کہ اللہ تعالیٰ
کے ساتھ کسیکو شریک نہ کرو اور نماز اور روزہ اور صدقہ اور پاکی اور صلہ رحم کا بیشک
یہ سب باتین جو تو نے بیان کین صفات حمیدہ اور سمات پسندیدۂ پیغمبران اولوالعزم
سے ہین اور جو کچھ کہ تو نے کہا اگر مطابق واقع کے ہے تو بہت جلد وہ ہمارے دیار کا اور
مملکت کا مالک ہو جائیگا اور اپنے تحت و تصرف مین لائیگا اور بے شک مین جانتا
تھا کہ ایسا ہی پیمبر مبعوث ہوگا مگر گمان میرا یہ تھا کہ تمہاری قوم سے ہوگا اور اگر
جانتا مین کہ اُس کے پاس پہنچ سکتا ہون تو البتہ سعی کرتا اور اُس کی خدمت مین
حاضر ہوتا اور اگر مین اُسکے پاس ہوتا تو ضرور اُس کی خدمت کرتا اور اُسکے پاؤن دھوتا
ابو سفیان سے مروی ہے کہا اُنھون نے کہ مین نے کہا اے بادشاہ اگر اجازت ہو تو ایک
بات اُسکے محالات اور ازات سے بیان کرون کہ جھوٹ اُسکا بادشاہ کو معلوم ہو جائیگا

اُس نے پوچھا کہ وہ کیا ہے مین نے کہا کہ وہ کہتا ہے کہ مین ایک رات مین مکہ سے بیت المقدس کو گیا اور صبح سے پہلے لوٹ آیا ابوسفیان کہتے ہین کہ جب مین نے یہ بات کہی تو ایک خادم بیت المقدس کے خادمون سے بادشاہ کے پاس حاضر تھا اوس نے عرض کی کہ مین اُس رات کو جانتا ہون اور جو نشان مین نے اُس رات کو مشاہدہ کیا وہ یہ ہے کہ ہم لوگون کی عادت ہے کہ سونے سے پہلے بیت المقدس کے سب دروازے بند کر دیتے ہین اُس رات کو ہم ایک دروازہ بند نہ کر سکے سب شہر والون کو جمع کیا تو بھی وہ دروازہ نہ بند ہوا پھر ویسا ہی کھلا ہوا چھوڑ دیا جب صبح ہوئی تو چہار پایہ بندھنے کا نشان اُس دروازہ کے پاس ہمنے دیکھا ابوسفیان کہتے ہین کہ بادشاہ نے اُس نامہ کو منگایا اور اُسکے پڑھنے کا حکم دیا جب اُسکو پڑھ چکے تو دیکھا گیا کہ بادشاہ کی پیشانی سے پسینہ ٹپکتا تھا اُس نامہ کی ہیبت سے اور ایک فریاد و فغان اُس مجلس سے اُٹھی ہم لوگ اُس مجلس سے باہر نکلے مینے اپنے ساتھیون سے کہا لقد امر امر ابن ابی کبشة انه یخاف منه ملك بنی الاصفر یعنی بڑی بات ہوگئی ابن ابی کبشہ کی یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی کہ اُس سے بادشاہ بنی الاصفر ڈرتا ہے یعنی قیصر روم ابوسفیان کہتے ہین مجھے یقین ہوا کہ آپ بہت جلد غالب ہونگے اور کام آپ کا رونق اور ظہور پائیگا۔ یہان تک کہ اللہ تعالیٰ شانہ اسلام میرے دل مین لایا کہتے ہین کہ قیصر روم نے اُس نامہ مبارک کو ایک حریر کے ٹکڑے مین لپیٹ کر صندوق مین رکھ چھوڑا جب تک وہ نامہ اُسکی اولاد مین رہا بادشاہی اُسکے خاندان مین رہی کذا فی المدارج النبوة اور روضة الاحباب مین ہے کہ پھر دحیہ کلبی کو ہرقل خلوت مین لیگیا اور کہا قسم ہے اللہ تعالیٰ شانہ کی مین جانتا ہون کہ وہ پیغمبر برحق ہے اور نبی مرسل اور وہ وہی ہے جسکے ہم سب منتظر ہین اور کتب سماوی مین مینے اُسکی صفت اور تعریف پڑھی ہے ولیکن ڈرتا ہون مین کہ رومی مجکو مار ڈالینگے اگر یہ خوف مجکو

نہ ہوتا تو مین اُسکی متابعت کرتا اب تو شہر رومہ مین جا وہان ایک مرد ہے جسکا نام صغاطر
ہے وہ بڑا بزرگ اور دانشمند ہے نصاریٰ اُس کی بڑی عزت کرتے ہین اُس کو اس حال سے
مطلع کر اور ایک روایت مین ہے کہ ہرقل نے اُسکو ایک خط لکھدیا اور دحیہ سے کہا کہ
صغاطر کو رومی بہت برگزیدہ سمجھتے ہین اور مجھسے زیادہ اُسکی عزت کرتے ہین اور اُسکا تمام ملک
مین بڑا اعتبار ہے دیکھ وہ اس امر مین کیا کہتا ہے پھر دحیہ وہان سے شہر رومیہ کو کہ
جسے اب اٹلی کہتے ہین روانہ ہوے اور وہان پہنچکر ہرقل کا نامہ اُسکو دیا اور احوال اور
اوضاع اور اوصاف حضرت صلے اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم سے اوسکو خبردار کیا
اُسنے کہا کہ خدا کی قسم وہ نبی برحق ہے اور مین نے اُسکے صفات جو تو نے بیان کیے اپنی کتاب
مین پائے ہین اور اُسکا نام توریت اور انجیل مین پڑھا ہے پھر صغاطر اپنے مکان مین گیا اور
سیاہ پوشاک جو پہنے تھا اوتار ڈالی اور سپید کپڑے پہنے اور عصا ہاتھ مین لیا اور معبد نصاریٰ کا
مین گیا اور اُسوقت اشراف روم وہان جمع تھے اوسنے کہا کہ اے معشر روم تم کو معلوم ہو کہ
محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ایک خط میرے پاس آیا ہے کہ اُس مین مجھکو دعوت
اسلام کی ہے اور مین جانتا ہون اور گواہی دیتا ہون کہ خدا ایک ہے اور محمد صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ اُسکے بندے ہین اور رسول ہین رومیون نے جو اُس کی زبان سے یہ بات
سُنی تو یکبارگی سب نے اُسپر حملہ کیا اور مارنے لگے یہان تک کہ اُسے شہید کر ڈالا
ہرقل کے پاس دحیہ کلبی پھر پلٹ گئے اور صغاطر کی شہادت کا سب ماجرا بیان کیا ہرقل نے
دحیہ کلبی سے کہا کہ مین نے تجھے نہین کہا تھا کہ مین رومیون سے ڈرتا ہون قسم ہے اللہ کی
صغاطر اپنی قوم مین بہت بزرگ سمجھا جاتا تھا اور میری عزت اُن سے بہت کم ہے اور بعضے
اہل سیر یہ کہتے ہین کہ دحیہ اُس خط کو جو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہرقل کو سال
حدیبیہ مین لکھا تھا خود اپنے ہاتھ سے ہرقل کے پاس نہین لیگئے تھے بلکہ حضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُن کو تبوک مین دیا تھا اُسکو اپنے ہاتھ سے ہرقل کے

پاس لیگئے تھے اور تقویت کی ہے اسکی وہ جو بعض احادیث مین بطریق صحیح ثابت ہوا ہے
اثناے قصہ ہرقل مین ثم دعا ھرقل بکتاب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم الذی بعث بہ دحیۃ الی عظیم بصری فدفعہ الی ھرقل
اور آخر مین اس حدیث کے مذکور ہے کہ ہرقل نے پہر اپنے یار کو جو شہر رومہ مین رہتا تھا ایک
خط لکھا اور اُس مین حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ واصحابہ وسلم کے حالات دریافت کیے
اوس نے لکھہ بھیجا کہ وہ پیغمبر ہین یار اُسکا اوسے حمص مین کہ وہ قیصر کا دار السلطنت تھا پہنچا تو
بعضے محدثین متاخرین نے کہا ہے کہ احتمال ہے کہ قیصر نے دوبار پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے مقدمہ مین صفاطر کو لکھا ہو گا۔ ایکبار سال حدیبیہ مین اور اس بار وہ مسلمان نہین ہوا
لیکن جواب نامہ کا لکھا ہو گا۔ تصدیق نبوت حضرت رسالت پناہ صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم مین کہ وہ پیغمبر ہین اور دوسری بار سال تبوک مین اور اس بار وہ مسلمان ہوا اور شہید کیا
گیا واللہ اعلم اور صحت کو پہنچا ہے کہ صفاطر کی خبر سنکر ہرقل بیت المقدس سے اپنے دار السلطنت
حمص مین آیا اور وہان اُسکا ایک بڑا محل تھا اوس مین تمام عظما روم کو جمع کیا اور اُس مکان کا
دروازہ بند کرادیا پہر کوٹھے پر چڑہ کر کھڑکی مین سے کہا کہ اے اہل روم تم کو کچہ رغبت اسکی
ہے کہ فلاح اور ہدایت اور نجات پاؤ اور ملک تمہارا ہمیشہ برقرار رہے اگر اس کی خواہش
رکھتے ہو تو متابعت کرو اس پیغمبر کی جب اُن لوگون نے یہ بات سُنی تو سب اُس سے متنفر
ہو گئے اور اوس قصر کے دروازہ کی طرف دوڑے تو دروازہ اوسکا بند پایا ہرقل نے
جب اُن کو متنفر دیکھا اور اُن کے ایمان سے ناامید ہوا تو اُن کو لوٹا لیا اور اُن سے کہا
کہ مین اس امر مین تم کو آزماتا تھا پس اب مین نے جان لیا کہ تم اپنے دین پر ثابت قدم ہو
پہر سب نے اُس کو سجدہ کیا اور سب اُس سے رضامند ہو گئے۔ اور ایک روایت مین
ہے کہ ہرقل نے عظماے روم کو جمع کیا اور ان سے کہا کہ قسم ہے اللہ تعالی شانہ
کی یہ مرد نبی برحق ہے اور ہمنے اسکا وصف کتب آسمانی مین پڑہا ہے آؤ سب مل کر

اُسکی متابعت کرین کہ دنیا و آخرت سلامت رہے اُن سبھون نے کہا کہ کیا ہم عرب کی
حکومت کے محکوم ہو جائین حالانکہ ہمارا ملک عرب کے ملک سے بہت بڑا ہے اور
ہمارے آدمی بھی وہان کے آدمیون سے بہت زیادہ ہین اور شایستہ اور دولتمند
ہین آلات جنگ ہمارے پاس بہت ہین ملک ہمارا قدیم ہے ہمارا بادشاہ ہفت اقلیم کا
بادشاہ ہے یہ ننگ کیونکر گوارا ہو یہ اونٹ چرانے والے اور اونٹ کے دودھ اور
بکریون کے چمڑے پر اوقات بسر کرنے والے فاتح ہون ہم کو منظور نہین بادشاہ روم
نے کہا اچھا اگر یہ بات منظور نہین تو اون کو جزیہ دینا قبول کرو کہ اُس کی لڑائی سے
رہائی پاؤ اونہون نے کہا یہ ننگ بھی ہم کو گوارا نہین وہ قوم جو زمانہ دراز سے ہفت
اقلیم پر حکومت کر رہی ہو وہ اس ذلت و خواری کو کیونکر منظور کر سکتی ہے کہ وہ ہر
سال ہمارے ملک مین آئین اور مال لیجایا کرین کوئی فاتح قوم جو ہفت اقلیم کی مالک
ہو ایک بادیہ نشین قوم سے جو درندون کی طرح زندگی بسر کرتی ہو زیر ہو کر زندہ رہ سکتی
ہے ہرگز نہین یہ تقریر اپنی قوم کی سنکر اوس نے کہا کہ اچھا تو اُن سے صلح ہی کر لین
اس بات پر کہ سوریہ کی زمین اُن کو دیدین اُن لوگون نے کہا کہ یہی ٹکڑا زمین کا تو ہمارے
سب ملک سے بہتر ہے اگر یہی نکل گیا تو پھر ہمارے پاس رہا کیا ہرقل نے کہا قسم ہے
اُس **اللہ پاک** کی کہ جسکے قبضہ مین میری جان ہے وہ ہمپر اور ہمارے ملک پر غالب
آجاوینگے اے معشر روم آؤ اور اُسکی دعوت کو قبول کر لو کہ کتب سماوی مین ایسا ہی پایا جاتا ہے
کہ جب کوئی پیغمبر کسی قوم کو اللہ پاک کی طرف بلاتا ہے اور وہ قوم اُس پیغمبر کی دعوت
کو قبول نہین کرتی تو **اللہ تعالیٰ شانہ** اُس قوم کی بیخ و بنیاد اُس ملک سے اُکھاڑ کر
نیست و نابود کر دیتا ہے مگر رومیون نے اپنے بادشاہ حق گو کی نصیحت نہ مانا تہا نہ مانی تو
اُس بادشاہ نے اپنی قوم سے کہا کہ سُنو اور یاد رکھو اس بات کو کہ **واللہ** تمپر ایسا زمانہ
آنے والا ہے کہ تم اپنے ملک کو چھوڑ کر قسطنطنیہ مین پناہ پکڑو گے اور اپنے نفس کی محافظت

کروگے اور اختلاف ہے علمارکا کہ ہرقل مسلمان ہوا یا نہین ہوا بعضون نے کہا ہے کہ
اوس نے دنیا کو آخرت پر اختیار کیا اور اسلام نہ لایا اسلیے کہ دو سال کے بعد غزوہ موتہ
مین مسلمانون سے لڑا اور بہت سے مسلمان اوس غزوہ مین شہید ہوے چنانچہ اُس کی
کیفیت آگے بیان ہوگی انشاء اللہ تعالے اور ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ احتمال ہے
کہ ایمان لایا ہو اور ایمان پوشیدہ رکھا ہو ہلاکت کے خوف سے کیونکہ صغاطر کا واقعہ
معلوم ہوچکا تھا لیکن امام احمد حنبل کے مسند مین ہے کہ اُس نے تبوک مین حضرت
پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مین ایک نامہ کے ذریعہ سے اطلاع دی تھی کہ
مین مسلمان ہون آپ نے فرمایا کہ جھوٹ کہتا ہے بلکہ وہ اپنی نصرانیت پر ہے
پس یہ حدیث اس بات کو رد کرتی ہے اور یہ بھی مروی ہے کہ ہرقل زندہ رہا حضرت
شیخین رضی اللہ عنہما کے عہد خلافت تک اور خوب مسلمانون سے لڑا کذا فی روضۃ الاحباب
ومدارج النبوت اور یہ قول موافق ہے متن سے یعنی سرور المحزون سے اور قرۃ العیون
شرح سرور المحزون کہتا ہے اُس مین کہ بھیجا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے دحیہ کلبی کو بادشاہ روم کیطرف کہ اوسکا نام ہرقل تھا پھر ثابت ہوا اوس کے
نزدیک نبی ہونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا دلیلون سے اور اُس نے
ارادہ مسلمان ہونیکا کیا مگر قوم نے اُس کے ساتھ موافقت نکی وہ ڈرا اس بات
سے کہ اگر مین مسلمان ہوجاؤنگا تو سلطنت مجھسے چھن جائیگی پھر باز رہا وہ اسلام
لانے سے جیسا کہ اس کے اوپر کی سطرون مین لکہا جاچکا ہے انتھی اور حال دحیہ
کا یہ ہے رضی اللہ عنہ کہ یہ صحابی ہین قبیلہ ان کا کلبی ہے ان کے باپ کا نام خلیفہ
ہے اور یہ کبرا صحابہ مین سے تھے حاضر ہوے احد مین اور جو مشاہد کہ اسکے بعد
ہوے تھے ان سب مین اور جبرئیل نازل ہوتے تھے اُن کی صورت پر پھر جا رہے یہ
شام مین اور زندہ رہے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے تک روایت کی ہے

ان سے ایک جماعت تابعین نے اور نام ان کا کسرۂ دال مہملہ کے ساتھہ مشہور ہے یعنی دِحیہ اور فتح سے بہی آیا ہے کذا فی اسماء الرجال المشکواۃ۔

روانہ فرمانا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کا عبد اللہ بن حذافہ کو کسریٰ کی طرف

عبد اللہ بن حذافہ سہمی کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کسریٰ یعنی بادشاہ فارس کیطرف روانہ فرمایا اور یہ عبد اللہ قریشی ہین کنیت ان کی ابو حذافہ ہے اسلام لائے قدیم سے اور مہاجرین سابقین سے ہین اور ہجرت کی اُنہون نے حبشہ کی طرف ہمراہ اپنے بہائی قیس بن حذافہ کے اور ان کے مزاج مین ظرافت تہی ایکبار انہون نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے گہوڑے کا تنگ ڈہیلا رکہا قریب تہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم گہوڑے سے جدا ہون اور اس فعل سے ظرافت مقصود تہی اور قید ہوے یہ لشکر روم مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانے مین ارادہ کیا کفار نے کہ ان کو دین اسلام سے اپنے مذہب کیطرف پہیرین اگر آپنے انکار کیا تو اُن لوگون نے ان کو سولی پر چڑہایا اور تیر مارے مگر یہ مجروح نہ ہوے پہر ان کو سولی پر سے اُتارا اور کہولتی دیگ مین ڈالا اللہ تعالیٰ شانہ نے اوس مین بہی ان کو سلامت رکہا پہر ان کو بادشاہ کے پاس لیگئے اُس نے کہا کہ ان کو چہوڑ دو اور ان سے پوچہا کیا ارادہ رکہتا ہے انہون نے کہا میری یہ تمنا ہے اگر سو جانین مجہے ملین تو اسی طرح محنت اور عذاب راہ خدا مین برداشت کرون اور اپنے دین پر ثابت قدم رہون پس تعجب کیا اوس نے اور کہا کہ بوسہ دے میرے سر کو تو مین تجکو چہوڑ دون تو اونہون نے کہا اور جتنے مسلمان قید ہین اُن کو بہی اُسنے کہا ہان پہر بوسہ دیا اُنہون نے اُس بادشاہ کے سر کو تو اُسنے سب مسلمانون کو اُن کے ساتہہ یعنی عبد اللہ بن حذافہ کے چہوڑ دیا کذا فی المدارج النبوۃ اور اُسوقت بادشاہ کسریٰ پرویز ہرمز بن نوشیروان تہا جسکو خسرو پرویز بہی کہتے ہین

اور بعض لوگون نے کہا ہے کہ وہ نوشیروان تھا یہ غلط ہے اسلیے کہ نوشیروان حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم کی ولادت کے زمانہ مین تھا جیسا کہ لوگون مین مشہور ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا ولدت فی زمن الملک العادل یعنی پیدا ہوا مین زمانہ مین بادشاہ
عادل کے لیکن محدثین کے نزدیک یہ صحیح نہین ہے اور کیونکر درست ہو کہ توصیف عدل کی
مشرک پر ثابت نہین ہوتی اس لیے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے فرمایا ہے ان الشرک لظلم
العظیم یعنی تحقیق کہ شرک بڑا ظلم ہے مگر ہان یہ کہہ سکتے ہین کہ عدل سے یہان حقیقی اور شرعی معنی
مراد نہین ہین بلکہ صرف سیاست و دادستانی و فریادرسی رعیت کی مراد ہے اسی کو اہل عرف
مین عدل کہتے ہین مگر جاری ہونا لفظ عدل کا ایک مشرک آتش پرست کی شان مین زبان
ہدایت ترجمان انبیاء علیہم السلام پر بعید ہے انتہیٰ اور فرمایا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے عبداللہ بن حذافہ کو کہ لیجاوا اس نامہ کو حاکم بحرین کے پاس وہ کسریٰ کے پاس
پہنچا دیگا اور عبارت اُس نامہ کی یہ ہے ❊

نامۂ شریف حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بنام کسریٰ شاہ فارس

بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد رسول اللہ الی عظیم فارس السلام علی من اتبع الھدیٰ
وامن باللہ ورسولہ واشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ وان محمداً
عبدہ ورسولہ ادعوک بدعایۃ اللہ فانی انا رسول اللہ الی الناس کلھم
لتنذر من کان حیا ویحق القول علی الکافرین اسلم تسلم فان تولیت
فعلیک اثم المجوس کذا فی المواھب اللدنیہ ❊ **ترجمہ** یہ
نامہ ہے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا کسریٰ بادشاہ فارس کے نام سلام اوس پر جسنے
پیروی ہدایت کی اور ایمان لایا اللہ اور اُس کے رسول پر اور گواہی دی اس بات کی کہ
سواے اللہ کے اور کوئی معبود نہین کوئی اُس کا شریک نہین اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ

آلہ واصحابہ وسلم اُس اللہ کے بندے ہین اور رسول ہین بلاتا ہون مین تجکو اللہ کی دعوت
کی طرف پس بیشک مین رسول اللہ کا ہون سب آدمیون کی ہدایت کے واسطے تاکہ ڈراؤن
مین اُن کو جو زندہ ہین اور الزام اور حجت قایم کرون کافرون پر تو اسلام لا کہ سلامت رہیگا تو پس اگر
ایمان نہ لایا تو تو تجہپر گناہ ہے تمام مجوسیون کا انتہے۔ جب نامہ شریف حضرت رسالت پناہ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا اوسکے پاس پہنچا تو کہنے لگا کہ **محمد** صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مجکو
ایسا خط لکھا حالانکہ وہ میری رعیتون مین سے ایک رعیت ہے اور اپنا نام میرے نام کے
اوپر لکھا ہے آشفتہ اور پُر غضب ہوکر نامہ مبارک کو چاک کر ڈالا۔ اور بہت کچہ بیہودہ کلمات غضب
کی حالت مین اُس کی زبان سے نکلے۔ عبداللہ بن حذافہ کی طرف اوس نے کچہ التفات
نہ کی اور مکتوب شریف کا کچہ جواب نہ دیا جب یہ خبر حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کو پہونچی تو آپ نے فرمایا مزق کتابی مزق اللہ ملکہ یعنی اُسنے میرا نامہ
پہاڑا اللہ تعالے شانہ بہت جلد اوسکے ملک کو پہاڑیگا۔ اور وہ بہت تہوڑے دنون
مین مارا گیا اوسنے بازان کو جو اوسکے طرف سے ملک یمن کا حاکم تہا لکہا کہ مین نے
سُنا ہے کہ ایک شخص ملک حجاز مین پیدا ہوا ہے جو نبوت کا دعوی کرتا ہے تجکو لکہا جاتا
ہے کہ تو دو آدمی وہان بہیجکر پکڑوا کر اُسے میرے پاس بہیجدے **فائدہ** یہ بات سمجہنے اور
غور کرنے کی ہے کہ اُسوقت جب آپنے کسری کو نامہ لکہا ہے تو آپ کی طاقت بس اتنی
ہی تہی کہ کسری نے صرف دو آدمی آپ کی گرفتاری کے واسطے کافی سمجہے ایسے کمزور
آدمی کی اتنی جُرأت نہین ہوسکتی کہ اتنے بڑے بادشاہ کو نامہ لکہے اور جسوقت نامہ لکہا
ہے از روے عقل یہ بات ہرگز خیال مین کسیکے آنے کے قابل نہ تہی کہ آپ کو اور آپکے
خلفا کو ان بادشاہون پر جو ہفت اقلیم کے بادشاہ تسلیم کیے گئے ہین ایسا غلبہ ہوجائیگا
کہ اون کا نام ونشان بہی باقی نہ رہیگا۔ اور ہمیشہ کے واسطے ان کا ملک دارالاسلام ہوجائیگا
چنانچہ ایران اُسی نامعقول کا ملک ہے جو آج تک جسکو تیرہ سو برس ہوتے ہین دارالاسلام ہی

اب اس سے بڑھکر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کی روشن دلیل کیا
ہوسکتی ہے یہ کارروائیاں جو حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم اپنے **دار النبوت**
مدینہ منورہ مین سے فرما رہے تھے اوہی **اسرار نبوت** کی عکسانیان ہین جو آپکی دل مبارک
مین پنہان نہین اور آپکی تشریف بری کے بعد آپ کے چار یار رضی اللہ عنہم اس اسرار نبوت
کے مظہر ہوے۔ فقیر بے بضاعت **محمد اکبر ابو العلائی دانا پوری** عرض کرتا ہے جو
حضرات اس مقام کو ملاحظہ فرمائین تو وہ حضرات اس مقام پر تامل فرمائین کہ حضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم نے ان بادشاہان اولو العزم کو ہدایت نامے تحریر فرمائے تھے کسی
دانشمند کو اُس وقت اس کامیابی کی امید ہوسکتی تھی اور پھر یہ استحکام کہ وہ فتوحات سیکڑون
برس تک علی حالہٖ قایم ہے پھر یہ امور **اسرار نبوت** کا ظہور نہین تو کیا ہے اتنے بڑے زمانہ
آیندہ کی **پیشین گوئی** سواے اوس برگزیدہ انسان کے جو مورد وحی ہو کوئی نہین کرسکتا
اب ایسا برگزیدہ انسان اللہ تعالی شانہ کا پیغمبر نہ سمجھا جاے تو کون سمجھا جاے **الغرض**
باذان نے اوس کے حکم کے موافق اپنے ایک معتمد کو کہ اُسے بانویہ کہتے تھے اور وہ فارس کے
دانشمندون اور بہادرون مین ممتاز تھا اور ایک دوسرے شخص کو کہ اُسکا نام خرخرہ تھا
اُوسے بھی اوس کے ہمراہ کرکے روانہ کردیا اور ایک نامہ حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ
وسلم کو اوسنے لکھدیا کہ آپ ان دونون آدمیون کے ساتھہ چلے آئیے آپ کو کسری بادشاہ
نے بُلایا ہے پہر وہ دونون وہان سے طائف مین آئے وہان صنادید قریش مثل ابوسفیان
اور صفوان بن امیہ موجود تھے اُن سے حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کا حال خیریت
اشتمال دریافت کیا اُن لوگون نے کہا وہ یثرب مین رہتے ہین اور دل مین یہ لوگ خوش
ہوئے کہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کا ایسے بڑے بادشاہ سے مقابلہ ہے کہ دعوی
نبوت کرنا معلوم ہوجائیگا اور ہم کو بھی بہت موقع اُن پر غالب ہونیکا ملجائیگا القصہ وہ
دونون آدمی مدینہ مین پہنچکر حضور پرنور صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کی محفل فیض منزل

مین حاضر ہوے اور عرض کی کہ بادشاہ کسریٰ نے اپنے صوبہ یمن کو جسکا نام باذان ہے خط
لکھا ہے اور باذان نے آپ کی خدمت مین یہ خط لکھا ہے یہ کہکر وہ نامہ حضور پرنور صلی اللہ
علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم مین پیش کیا اور کہا کہ ہم کو باذان نے اسواسطے بھیجا ہے کہ ہم آپکو
اپنے ساتھہ خسرو پرویز کے دار الملک کو لیچلین آپ ہمارے ساتھہ برضا و رغبت چلے چلین وہ
آپ کی سفارش بادشاہ سے کریگا بادشاہ آپ کی خطا معاف کر دیگا اور اگر آپ چلنے مین انکار
کرینگے تو آپ کو اُسکا دبدبہ اور شوکت معلوم ہے وہ تمام یثرب کے ملک کو زیر و زبر اور آپ
کی قوم کی قوم کو ہلاک کر دیگا۔ آپ نے اُس کے ہزیانات اور خرافات کو سُنکر تبسم فرمایا
اور روایت مین ہے کہ یہ دونون یعنی بابزیہ اور خرخرہ زرین کمر اور پوشاک دیبا کی پہنکر
اور زرین پٹکے کمر سے باندھکر اور داڑھیان مونڈاے اور مونچھین بڑہاے ہوے جیسے
مجوسی ہوتے ہین حضور پرنور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے محفل فیض منزل مین حاضر ہوے
آپ نے جب اُن کو اس ہیئت و صورت پر دیکھا تو ناخوش ہوکر فرمایا کہ واے تم پر تم کو
کسنے ایسی وضع بنانے کا حکم کیا ہے اور تم سے کس نے کہا ہے کہ داڑھی مُنڈواؤ اور مونچھین
بڑہاؤ ان دونون نے کہا کہ ہمارے پروردگار کسریٰ نے یہ حکم ہم کو دیا ہے۔ حضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پروردگار نے مجھے یہ حکم دیا ہے کہ داڑھی
بڑہاؤ اور مونچھین کتراؤ اور آپ نے اُن سے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ وہ دونون دوزانو بیٹھ گئے۔
آپنے اُن کو دعوت اسلام کی اور عذاب الٰہی سے ڈرایا اور ثواب کا امیدوار کیا اُن لوگون
نے کہا کہ آپ ہی تکلیف فرماکر اُس ملک الملوک کے پاس تشریف لیچلین ہم ڈرتے ہین
کہ اگر خلاف حکمی ہوگی تو وہ شہنشاہ عجم ایک عرب کو بھی زندہ نہ چھوڑیگا سب کو مار ڈالیگا
یا وطن سے سب کو نکال دیگا۔ اور مروی ہے کہ یہ کافر بہت جرأت کرتے تھے اور بے
ادبانہ کلام کرتے تھے مگر مجلس شریف کی ہیبت اور عظمت نے اُن مین ایسی تاثیر
کی تھی کہ بدن مین رعشہ تھا اور قریب تھا کہ وہ جلالت شان نبوت سے کہ جو مجلس شریف

سے ظاہر ہو رہی تہی گر پڑین اور بیہوش ہو جائین مجبور ہو کر اُن لوگون نے عرض کی یا حضرت ہم اس ارادے سے درگذرے آپ وہان جانیکی تکلیف نہ فرمائین صرف آپ باذان کو ایک نامہ لکہدین حضور پر نور سرور عالم و عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آج تو تم ٹہر جاؤ کل پہر آنا دیکہون میرا پروردگار مجہے کیا حکم دیتا ہے جب دوسرے روز وہ دونون مجلس مبارک مین حاضر ہوے تو آپ نے اُن سے فرمایا کہ باذان کو جاکر خبر کردو کہ میرے پروردگار تعالیٰ شانہ نے تیرے بادشاہ کو ہلاک کیا سات گہڑی رات گئے اوس کے بیٹے شیرویہ کو اُسپر مسلط کیا اوس نے چہری سے اُسکا پیٹ چاک کر ڈالا اور یہ رات منگل کی تہی اور دسوین تاریخ جمادی الاول کی اور ساتوان سال ہجرت کا تہا اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُن سے کہا کہ تم ملک باذان سے کہدینا کہ قریب ہے کہ میرا دین ملک کسریٰ مین ظاہر ہوگا اگر تو مسلمان ہو جاے تو جو ملک کہ تیرے تصرف مین ہے اُسے مین تیرے واسطے باقی رکہونگا اور تجہے چہوڑ دونگا اور تجکو اہل فارس پر حاکم کرونگا جب وہ دونون مجلس مبارک سے اُٹہکر باہر آئے تو ایک دوسرے سے کہتا ہے کہ اگر اس سے زیادہ ہم اس مجلس مین حاضر رہتے تو ہم ضرور ہلاک ہو جاتے ضرور یہ برگزیدہ بندے اللہ کے ہین اور ان کو ان کے کامون مین اللہ تعالیٰ شانہ کی طرف سے مدد پہنچتی ہے جب یہ دونون آدمی یمن مین پہنچے جو کچہہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا تہا سب بے کم وکاست باذان سے عرض کر دیا اور جو کچہہ آپکی محفل ہدایت منزل کا حال مشاہدہ کیا تہا مفصل بیان کیا اور اپنی حالت بہی کہہ سنائی کہ ہمارا تو یہ حال ہو گیا تہا۔ باذان نے پوچہا کہ اُن کے پاس کچہہ چوکیدار نگہبان ہین یا نہین۔ اُن لوگون نے کہا کہ وہ تو تن تنہا کوچہ و بازار مین پہرتے ہین اپنی ضرورت کی اشیا اور بیوہ بیکس عورتون کی چیزین خود خرید اکرتے ہین اور اپنے کندہون پر رکہکر اُن کے گہرون مین خود پہنچا دیتے ہین باذان نے کہا کہ واللہ اوس کا کلام بادشاہون کا سا کلام

نہین ہے میرے خیال مین یہ بات آتی ہے کہ وہ نبی مرسل ہے اوس کی رسالت مین کچھ
شک نہین بے عذر مان لینے کے قابل ہے اوس پر ایمان لانے مین اب کوئی بادشاہ
مجھپر سبقت نہ کریگا۔ اسی عرصہ مین فرمان شیرویہ کا اوسکے پاس آیا مضمون اُسکا یہ تھا
کہ خسرو اعیان اور اشراف فارس کو بیگناہ قتل کرتا تھا اور تفرقہ عظمای دربار مین
ڈالتا تھا اسلیے مین نے اُس کو قتل کیا اور ملک کو اُسکے شر سے بچایا تجکو چاہیے کہ تو
میری اطاعت کرے اور وہان کے اعیان واشراف کو میری اطاعت وفرمانبرداری
پر رضامند کرا اور خبردار اُس صاحب دولت سے جو ملک عرب مین نبوت کا دعوی کر رہا
ہے کسی قسم کی مزاحمت نہ کیجیو انتہی۔ باذان نے جب یہ فرمان پڑہا اوسکا مضمون اُس
کی تصدیق ایمان کا پشتہ ہوگیا اور سچے دل سے کلمہ توحید پڑہا۔ اور اقرار نبوت کیا
اور اکثر آدمی یمن اور فارس کے اوس کی موافقت مین ایمان لائے۔ **اسرار نبوت**
جسوقت حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے باذان اور خرخرہ کو خسرو کے قتل کی خبر
دی ہے اُسوقت خبر رسانی کا ذریعہ سواے قاصدون کے آمد و رفت کے اور کوئی نہ تھا
آپ کو جو یہ خبر ایران کی ملک عرب مین پہنچی اور طرفۃ العین مین حضور اسرار نبوت کے
بیادگان سریع السیر نے پہونچائی کتاب مصباح المضی مین سعید بن المسیب سے نقل کیا
ہے کہ کہا اونہون نے کہ لکھے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کسری
اور قیصر اور نجاشی کی طرف ایک ہی مضمون کے نامے اور اس عبارت سے لکھے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد رسول اللہ الی کسری وقیصر ونجاشی
اما بعد تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم الی قولہ تعالی بانا مسلمون
پھر کسری نے نامہ مبارک کو چاک کر ڈالا اور نہ پڑہا اوس کو پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مزق ومزقت امتہ یعنی پھاڑا گیا وہ اور پھاڑی گئی
اُس کی اُمت یعنی رعیت اور قیصر نے اُس نامہ شریف کو دیکھا اور کہا بیشک نہین دیکھا

سینے اس کتاب کو بعد سلیمان علیہ السلام کے یعنی بسم اللہ شریف کو پھر بلایا ابو سفیان اور
غیرہ کو جو ملک شام میں تجارت کے ذریعہ سے گئے ہوئے تھے اور اُن سے حالات حضرت
صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ و اصحابہ وسلم کے پوچھے اور کہا بابی لو کنت عندہ لغسلت
قدمیہ لیملکن ماتحت قدمی **ترجمہ** یعنی فدا ہو میرا باپ اُن پر اگر ہوتا
مین اُن کے نزدیک تو بیشک ہوتا مین آپ کے دونوں قدم مبارک البتہ مالک ہونگے
وہ اس سرزمین کے جو میرے قدموں کے نیچے ہے پس فرمایا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ
آلہ واصحابہ وسلم نے اُسکے حق مین ان لہ مدۃ یعنی تحقیق اُس کے واسطے ایک مدت
ہے چنانچہ مؤلف کتاب مصباح المضی فی کتاب النبی الامی کا اپنی اسی کتاب کو مین بعد اس
بیان کے کہ یہ قول حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ وسلم کا اور مثل اسکے جو کچھ گذر چکا
جیسے قول آپ کا کہ ان لہ مدۃ یعنی بیشک اوس کے لیے ایک مدت اور زمانہ ہے
اور جیسے فرمانا آپ کا کہ ان لہ بقیۃ یعنی اُن کے واسطے باقی ہین ملک و مال ؟
اسرار نبوت میری غرض اسرار نبوت سے اخبار صحیحہ ہین جو خبرین حضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ آلہ واصحابہ وسلم نے آپ دی ہین انوار نبوت کی روشنی مین ملاحظہ فرما کر دی ہین
دیکھو منافع یعنی تجارت اور حرفت بالکل عیسائی قوم انہین دونوں سے مالا مال ہے اور یہی
ملک مال وہ بھی اُن کے ہی ہاتوں مین ہے اور جیسے دحیہ کلبی کے حال مین ہے کہ فرمایا
حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ثبتت وثبتت ملکہ یعنی ثابت اور قایم رہا وہ
اور ثابت وہ قایم رہا ملک اوس کا وہ قوم بھی ابھی تک فارغ البالی کی حالت مین ہے
اور ملک و حکومت بھی اُن کے ہاتھ مین ہے یہ سب اعلام اور خبر دینا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ آلہ واصحابہ وسلم کا ہے یہ امداد و روشنی انوار نبوت **احادیث** رسول اللہ صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پڑھا کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت تک کی خبرین آپ
نے دی ہین اور وہ سب اسوقت تک صحیح ہوتی آئی ہین اور آیندہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ ایک

حرف کی کمی و بیشی نہ ہوگی چنانچہ دیکھو ملک نصاریٰ کا مشرق سے مغرب تک اور اطراف و اکناف عالم مین زمان فیض توامان سرورعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم سے اس وقت تک کہ سیکڑون برس ہوئے قایم ہے اور یہ سب اوس کی برکت ہے کہ ان لوگون نے حضور پُرنور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نبوت کی نسبت اقرار کیا اور آپ کے قاصدون کا احترام اور آپ کے نامہ شریف کی بزرگی کی۔ الحمد للہ۔

نامہ روانہ کرنا حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا بطرف مقوقس بادشاہ مصر کے

آپ نے صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حاطب بن ابی بلتعہ کو مقوقس کی طرف روانہ کیا کنیت حاطب کی ابوعبداللہ ہے قبیلہ اُن کا لخم حاضر ہوئے وہ غزوۂ بدر اور غزوۂ خندق مین اور اون مین جوان کے درمیان ہوئے اور وفات پائی مدینہ منورہ مین سنہ ہجری کے تیسوین سال حضرت عثمان غنی کی خلافت مین عمر آپ کی پینسٹھ برس کی ہوئی کذا فی مظاہر الحق و مدارج النبوت "اور مقوقس لقب اُس بادشاہ کا ہے جسکے قبضہ مین مصر اور اسکندریہ ہو جب حاطب مقوقس کے پاس گیے اور نامہ اوس کو دیا پس وہ قریب اسلام لانے کے ہوا لیکن اسلام نہ لایا اور ہدیہ بھیجا حضرت سرورعالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وصحابہ کے حضور مین اور دو کنیزین ایک ماریہ قبطیہ اور سیرین اور ایک خچر سفید کہ دُلدل اوس کا نام تھا اور بقولے ایکہزار دینار اور بیس کپڑے اور نامہ شریف کی عبارت یہہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد بن عبد اللہ و رسولہ الی المقوقس عظیم القبط سلام علی من اتبع الھدیٰ اما بعد فانی ادعوک بدعایۃ

الاسلام اسلم تسلم یوتك اجرك مرتين فان توليت فعليك اثم
القبط یا اهل الكتاب تعالوا الی كلمة سواء بيننا وبينكم ان لانعبد
الا الله ولانشرك به شيئا ولا يتخذ بعضنا بعضا اربابا من دون الله
فان تولوا فقولوا اشهدوا بانا مسلمون **ترجمہ** یعنی یہ نامہ ہے
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا جو **اللہ** کے بندے اور **اللہ** کے رسول ہین مقوقس
عظیم قبط کی طرف سلام اوس پر جسنے پیروی کی ہدایت کی اما بعد مین بلاتا ہون تجکو
اسلام کی دعوت کیطرف اسلام قبول کر تاکہ سلامت رہے تو اور دیگا تجکو **اللہ تعالی**
شانہ دونا اجر پس اگر پھر گیا تو تجھپر گناہ ہے تمام قوم قبط کا اے کتاب والو آو
طرف ایک بات کے کہ وہ برابر ہے درمیان ہمارے اور تمہارے وہ بات یہ ہے
کہ نہ عبادت کرین ہم مگر **اللہ** کی اور نہ شریک کرین ہم اوس کے ساتھ کسی چیز کو
اور نہ بنالے بعضا ہمارا بعضے کو پروردگار سوا خدا کے پس اگر پھر جائین وہ یعنی اہل کتاب
پس کہو تم اے مسلمانون کہ گواہ رہو تم اے اہل کتاب اس بات پر کہ ہم مسلمان ہین انتہی
اور مدارج النبوت مین ہے کہ جب حاطب رضی اللہ تعالی عنہ نے نامہ حضرت صلی اللہ
تعالی علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کا مقوقس کو پہنچایا اوس نے نامہ مبارک کا احترام اور اکرام کیا
اور حضرت کی شان مین نیک باتین کہین اور حاطب کو خلوت مین لیگیا اور حضرت صلی اللہ
تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے صفات اور اخلاق پوچھے اور نہایت شوق اور توجہ سے
سنے اور سب کو ان اوصاف واخلاق سے موافق پایا جو حضرت عیسی علیہ السلام نے نبی
آخر الزمان کے اوصاف بیان کیے تھے اوسنے کہا کہ بیشک یہ وہی نبی اور رسول ہے کہ مسیح
علیہ السلام نے جسکے آنے کی بشارت دی ہے اور ضرور وہ غالب ہوگا اور اوسکے اصحاب فتح
کرلینگے ان ملکون کو لیکن اوس نے اسلام کا اظہار اور اقرار نہ کیا اور اوس کے اسلام کی
صحیح خبر نہین ہے۔ قسطلانی سے روایت ہے مواہب لدنیہ مین کہ جب حاطب مقوقس کے

پاس گئے اور اُس سے کہا کہ بیشک تجسے پہلے اس ملک مین ایک بادشاہ تہا اور دعویٰ
خدائی کا کرتا تہا اور اپنی قوم سے کہتا تہا انا ربکم الاعلی لہذا اللہ تعالی شانہ نے
اُسے پکڑ لیا اور عذاب دنیا و آخرت مین گرفتار کیا پس تو عبرت پکڑ اپنے غیر سے تا عبرت
نہ قبول کرین - اور لوگ تیرے حالات سے - پہر مقوقس نے کہا کہ ہمارا ایک دین
ہے اور ہم اوس کو چہوڑنا نہین چاہتے مگر اوس دین کے سبب سے جو ہمارے دین سے
بہتر ہو حاطب نے کہا کہ ہم تجکو دعوت کرتے ہین دین اسلام کی طرف کہ وہ خدا کا دین
ہے اور ایک نبی تجہہ کو بلا رہا ہے اوس دین کی طرف اور یہ دین ناسخ ہے اور دینون کا
اور بیشک بلایا اس پیغمبر نے لوگون کو دین خدا کی طرف تو سخت ترین لوگون کے قریش
تہے اور بڑے دشمن یہود اور نزدیک ترین نصاریٰ جیسے نجاشی اور قسم ہے مجکو اپنی عمر
کی کہ موسیٰ علیہ السلام نے عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کی بشارت نہین دی لیکن محمد صلی اللہ
تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی اور ہماری دعوت تجکو قرآن کی طرف ایسی ہے جیسے تو
دعوت کرتا ہے اہل توریت کو انجیل کیطرف اور جس قوم نے جس نبی کا زمانہ پایا وہ اُسی
نبی کی اُمت سے ہین تو حق ہے ان پر کہ اوسی نبی کی اطاعت کرین اور تو نے پایا ہے
زمانہ اس نبی کا تو واجب تجہپر ضرور ہے اس نبی پر ایمان لانا داخل ہو جا اوس کی اُمت مین
اور منع نہین کرتے ہم تجھے دین مسیحی سے بلکہ حکم کرتے ہین تجھے اُسی دین کے ساتہہ یعنی تیرے
نبی نے ہمارے نبی کی بشارت دی ہے اور حکم کیا ہے اس کی متابعت کا پس ہم تجھے
کہتے ہین کہ اپنے نبی کا حکم بجا لا اور اپنے دین کے حکم پر کہ وہ تصدیق ہمارے نبی کی کرتا ہے
ثابت اور قایم ہو جا مقوقس نے کہا کہ مین نے فکر کی اس نبی کے حالات وصفات مین مینے
سمجہہ لیا اوسکو کہ وہ حکم نہین کرتا ایسی بات کا کہ طبیعت کو جس سے نفرت ہو اور جس کام کرنیکا
وہ حکم کرتا ہے وہ حقیقت مین ایسے ہی ہین کہ اُن کو کرنا چاہیئے اور جن کامون سے
منع کرتا ہے فی الحقیقت وہ کام ایسے ہی ہین کہ اُن کو نہ کرنا چاہیئے اور میرے خیال مین وہ ہرگز

ساحر و قتال نہین اور نہ کاہن و کذاب اس ہین ابہی اور فکر کرتا ہون پہر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے نامۂ مبارک کو احتیاط سے فیل دندان کے ڈبہ مین رکہدیا اور جواب لکہکر روانہ کیا اور وہ جواب یہ ہے ؛

جواب نامہ مبارک حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم از طرف مقوقس بادشاہ مصر

الی محمد بن عبد اللہ (ورسولہ) من المقوقس عظیم القبط اما بعد فقد قرات کتابك وفهمت ما ذکرت وبما تدعوا الیہ وقد علمت ان نبیًا بقی وکنت اظن ان یخرج بالشام وقد اکرمت رسولك وبعثت الیك بجاریتین لهما مکان من القبط عظیم بکسوة واهدیت لك بغلة لترکبها والسلام

ترجمہ یہ نامہ ہے محمد بن عبد اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف مقوقس کیطرف سے جو بادشاہ ہے قبط کا اما بعد بیشک مین نے نامہ آپکا پڑہا اور سمجہ لیا مین نے اسکو جو ذکر کیا تم نے اور اوسکو جو دعوت کی آپ نے اُس کی طرف بے شک جانتا ہون مین کہ ایک نبی باقی ہے اور گمان کرتا تہا مین کہ ظاہر ہوگا ملک شام سے اور بیشک بزرگی کی مینے آپ کے قاصد کی اور بہیجین مینے آپ کے واسطے دو لونڈیان پوشاک پہنا کر یعنی ماریہ قبطیہ و سیرین اور عزت دار ہین وہ قبطیون مین اور ہدیہ بہیجا مین نے آپ کے لیے ایک خچر کہ سوار ہون آپ اُسپر اور آپ پر سلام انتہی اور کچہ زیادہ نہ کیا اُسپر اوس نے اور نہ مسلمان ہوا وہ اور کتاب استیعاب مین ہے کہ کہا حاطب نے کہ جو بہیجا مجکو رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مقوقس بادشاہ اسکندریہ ومصر کے پاس تو دیا مین نے اوس کو نامہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا تو اوسنے

مجھے اپنے مکان مین ٹھہرایا اور کئی دن مین اُسکے پاس رہا پھر اوس نے جمع کیا اپنے مذہب کے علمار کو اور مجھسے کہا کہ اپنے صاحب کا حال بیان کر مین نے بیان کیا اُس کے جواب مین اون لوگون نے کہا کہ تیرے صاحب نے کیون نہ بد دعا کی اپنی قوم کے حق مین کہ ان لوگون نے اُن کو نکال دیا اُن کے شہر سے مینے اسکے جواب مین کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کیون نہ بد دعا کی اُن کے حق مین جن لوگون نے اُن کو سولی دی کہ ہلاک کرتا اللہ تعالیٰ شانہ اُن ظالمون کو اوسنے کہا کہ سچ کہتا ہے تو یہی حکم تھا اللہ تعالیٰ شانہ کا کہ حکیم مطلق ہے پھر جب حاطب وہان سے لوٹکر آئے حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی خدمت مبارک مین اور اسکا حال عرض کیا آپ نے فرمایا کہ اوس نے اپنے ملک سے بخیلی اور خست کی اُس کے ملک کو ہرگز بقا نہ ہوگی پھر مرا وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت مین اور حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے اوس کے ہدایا کو قبول فرمایا اوس مین سے ماریہ قبطیہ کو مسلمان کر کے اپنی خدمت مبارک مین رکھا اون سے ابراہیم بن محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ واصحابہ وسلم پیدا ہوے اور سیرین کو آپ نے حسان کو دیا اوس سے عبدالرحمن بن حسان پیدا ہوے واضح ہو کہ روضۃ الاحباب کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ مقوقس نے چار لونڈیان بھیجی تہین ایک ماریہ اور دوسری سیرین اور دو کا نام معلوم نہین اور انکا حال بھی معلوم نہین اور ایک خواجہ سرا اور ایک خچر سفید کہ اُسکو دلدل کہتے تھے اور ایک دراز گوش کہ اُسکا نام عفیر یا یعفور تہا اور اوس پر کبھی کبھی آپ سوار بھی ہوتے تھے حجۃ الوداع کے راستہ مین وہ مرگیا اور ایک نیزہ اور ہزار مثقال سونا اور بیس تھان کپڑے اور حاطب رضی اللہ عنہ کو بھی سو مثقال سونا اور پانچ تھان کپڑے انعام دیے۔

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ یعفور غنایم خیبر سے تہا جیسا کہ آگے معلوم ہوگا اور اُس کا مرنا بھی حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی وفات شریف

کے بعد کنوئیں مین گر کر ثابت ہے اور دلدل کو حضور پر نور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم
نے خاص اپنی سواری کے لیے پسند فرمایا اور بعد وفات حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ
و اصحابہ وسلم حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سواری مین رہا چنانچہ شیخ سعدی رحمۃ اللہ
علیہ نے بوستان مین فرمایا ہے ؎ چہارم علی شاہ دلدل سوار۔ مراد اس سے یہی خچر سفید
ہے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے بعد حضرت سیدنا امام حسن علیہ السلام اوس پر
سوار ہوے اور حضرت امیر معاویہؓ کے زمانہ حکومت مین وہ مر گیا اور ایک روایت مین رنگ
اوسکا اشہب یعنی سرخ مایل بسیاہی ہے اور اتنا بوڑھا ہوگیا تھا کہ اُس کے دانت گر پڑے
تھے اوسکو پانی مین آٹا گھول کر پلاتے تھے اور باقی ذکر اوسکا دواب کے بیان مین آئے گا
اون ہدایا مین عسل بنہان بھی تھا اور وہ آپ کو پسند آیا بنہان بکسر نون سکون بای موحدہ
ایک بستی ہے مصر کی بستیون مین اور آپ نے فرمایا بارك الله فی عسل بنہان یعنے برکت
دے اللہ تعالیٰ شانہ بنہان کے شہد مین اور حاطب وہان پانچ روز رہے پھر رخصت ہوکر
چلے آئے۔ کذا فی مدارج النبوت۔

روانگی عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بطرف عبد و جیفر پسران جلندا بادشاہ عمان کے

فائدہ عمرو بن العاص ایمان لائے بلا اکراہ اور بطوع رغبت اور خواہش اسلام کی اُن کے
دل کو حبشہ مین ہوئے جبکہ نجاشی نے آپ کی نبوت کا اقرار کیا پس متوجہ ہوے یہ ایمان
لانے کی غرض سے حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی خدمت مبارک مین
بغیر اسکے کہ دعوت کرین حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم اون کو ایمان کیطرف
فی الفور دوڑتے ہوے آئے اور ایمان لائے پھر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم
نے اُن کو ایک جماعت پر امیر مقرر کیا اُن مین صدیق اور فاروق رضی اللہ عنہما بھی تھے اور

اسلام لانے سے پہلے ان کو حضرت صلی اللہ تعالٰے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے سخت عداوت تھی اور بہت ڈرتے تھے حضور پُرنور صلی اللہ تعالٰے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اصحاب سے کہ دیا دا یہ لوگ مجھے مار نہ ڈالین تو جب یہ ایمان لائے تو حضور پرنور صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے چاہا کہ ان کے دل کا خوف دور ہو تو امن مین ہو جائین حضرت صلی اللہ تعالٰے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف سے اور نا امید نہون اللہ تعالی شانہ کی رحمت سے لہذا فرمایا آپنے اونکو اِنَّكَ لَرَشِيدٌ یعنی بیشک تو راہ یافتہ ہے اور تھے عمرو بن العاص دانشمند پس عمر بن الخطاب جس آدمی کو احمق اور غبی دیکھتے تو کہتے کہ سبحان اللہ خالق اسکا اور عمرو بن العاص کا ایک ہی ہے اور روایت کی گئی ہے کہ عمرو بن العاص رحلت کے وقت بہت خوفناک اور بیقرار تھے تو آپ کے فرزند عبداللہ نے کہا کہ ای والد بزرگوار آپ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے اصحاب مخصوصین مین ہین آپ کو اتنا اضطراب کیون ہے تو آپ نے اپنے فرزند عبداللہ کو جواب دیا کہ اے میرے فرزند میری عمر مین مجھپر تین حالتین گذری ہین اول تو مین حضرت صلّی اللہ تعالٰے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے دشمنی رکھتا تھا بعد اس کے مین مسلمان ہوا اور حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہو کر کفار سے جنگ کی پھر مین امارت اور ولایت کے کام کرتا رہا نہین معلوم کہ ان حالتون مین سے کونسی حالت کی بازپرس مجھسے ہو اور کیا معاملہ پیش آئے سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ بڑے لوگون کی بڑی ہی باتین ہوا کرتی ہین حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد اِنَّكَ لَرَشِيدٌ ان کی شانین تھا اُنکا یہ طور تھا کہ مالک کا سامنا ہونیکے خیال سے لرزہ براندام تھے اور یہی علامت ایمان کی ہے کذا فی مظاہر الحق۔ اور عُمان بروزن غُمال ایک شہر کا نام ہے جو ملک یمن کے متعلقات سے ہے پھر مسلمان ہوے وہ دونون بھائی اور نہ روکا عمرو بن العاص کو زکوٰۃ لینے سے۔ اپنی رعایا کے مال کی اور احکام قضا جاری کرنے سے پھر عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰی عنہ اونہین مین رہے یہانتک کہ حضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے وفات پائی۔

اور عبارت اُس نامۂ مبارک کی یہہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد بن عبد اللہ ورسولہ الی جیفر وعبد بنی جلندی السلام علی من اتبع الھدیٰ اما بعد ادعوکما بدعایۃ الاسلام اسلما تسلما فانی رسول اللہ الی الناس کافۃ لانذر من کان حیا و یحق القول علی الکافرین ولئن کما ان اقررتما بالاسلام ولیتما وان ابیتما ان تقرا بالاسلام فان ملکما زائل عنکما وخیلی یحل بساحتکما وتظہر نبوتی علی ملکما کذا فی المواہب اللدنیہ

ترجمہ یہ نامہ ہے **محمد** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا جو بندہ ہے **اللہ** کا اور رسول ہے اُسکا جیفر اور عبد پسران جلندی کے نام سے جو پیروی ہدایت کی کرے اوسپر سلام **اما بعد** مین تم دونون بہائیون کو بُلاتا ہون اسلام کی طرف اسلام قبول کرو کہ سلامت رہے ملک تم دونون کا اور بیشک مین خدا کا رسول ہون تمام آدمیون کی طرف اسلیے کہ ڈراؤن اوس کو جو زندہ ہے اور ثابت کی اللہ تعالے شانہ نے حجت اپنی کافرون پر اور اگر اقرار کرتے ہو تم اسلام کا تو والی کرتا ہون مین تم کو تمہارے ملک پر اور اگر انکار کیا تم نے اسلام کے اقرار کرنے سے یعنی اُس سے کہ دعوت کرتا ہون مین تم کو تو کئی تو زائل ہونے والا ہے ملک تمہارا اور گہوڑے ہمارے تمہارے ملک مین جولانی کرین گے اور غالب ہوگی نبوت میری تمہارے ملک پر۔ کذا فی المدارج النبوت؛ اور اوسی مین ہے کہ لکہا اُس نامۂ مبارک کو ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے۔ عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہین کہ پہر گیا مین عمان کو پہنچکر پہلے مین عبد کے پاس گیا جو جیفر کا بہائی تہا اور وہ بڑا خلیق اور نرم مزاج تہا جلندی کے بیٹون مین پہر مینے اُس سے کہا کہ مین ایلچی ہون **محمد رسول اللہ** کا تیرے اور تیرے بہائی کے پاس آیا ہون اوس نے کہا کہ میرا بہائی مقدم ہے مجہپر عمر اور ملک مین اور مین تجہے اوسکے پاس پہنچائے دیتا ہون وہ تیرا نامہ پڑہیگا پہر اوسنے کہا

کہاکہ صاحب نامہ کس چیز کیطرف دعوت کرتا ہے مینے کہاکہ خداے واحد کیطرف جسکا کوئی
شریک نہین ایمان لاتو اوسپر اور متابعت کرا وسکے رسول کی اور سواے اُس وحدہ لاشریک
کے کسی کی عبادت نہ کر اور اس بات کی شہادت دے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
اوس کے بندے ہین اور اوس کے رسول ہین اوس نے کہاکہ اے عمرو تو اپنی قوم کے
سردار کا بیٹا ہے یہ بیان کر کہ تیرے باپ نے کیا کہاکہ ہم کو اوس کے اتباع اور اقتدا ہے
مینے کہاکہ میرا باپ تو مرگیا بے ایمان لائے ہوے محمد رسول اللہ پر مگر مین افسوس کرتا
ہون کہ کاشکے وہ مسلمان ہوا ہوتا اور تصدیق کرتا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کی اور مین بہی پہلے موافق اپنے باپ کا تہا ایمان نہ لانے مین یہان تک کہ ہدایت کی مجکو اللہ تعالے
نے اسلام لانے پر پہر مجسے پوچہا کہ تو کب مسلمان ہوا مین نے کہاکہ تہوڑے دن ہوئے۔ پہر
مجسے پوچہا کہ کس جگہہ مینے کہا حبشہ مین نجاشی کے پاس اور مراد اس کہنے سے اوسکی یہہ
تہی کہ اسلام کا نور اُن کے دل مین وہین سے چمکا اور رغبت اسلام کی ان کے دل مین وہین
سے پیدا ہوئی کما مر۔ اسلام ان کا ۵ یا ۸ ہجری مین ہوا تہا۔ اور عمرو رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے
ہین کہ خبر دی مین نے اوسکو نجاشی کے مسلمان ہونے کی پہر اوسنے پوچہا کہ اوسکی قوم نے
اوسکے ساتہہ کیا کیا مین نے کہاکہ قوم نے اوسکو قایم رکہا اور اوسکی متابعت کی پہر اوسنے
کہا کہ اوس کے ملک کے رُہبانون نے اوسکے ساتہہ کیا کیا مین نے کہا وہ اوس کے ساتہہ
موافق رہے تو عبد نے کہاکہ اے عمرو سوچکر کہہ کیا کہہ رہا ہے تو بیشک آدمی کے واسطے
کوئی عادت جہوٹ بولنے سے زیادہ بُری نہین ہے اور یہی جہوٹ ہے جو سب بُری
عادتون سے زیادہ آدمی کو رُسوا کرتا ہے مینے کہا اے عبد ہم مسلمان ہین جہوٹ بولنے
کو حرام سمجھتے ہین اور ہم کو اسلام نے اسکی تعلیم کی ہے اور ہم لوگ آپس مین عہد
کر چکے ہین کہ کبھی کسی آدمی سے جہوٹ نہ بولین اور ہماری کتاب پاک مین ہے
کہ دروغگو اللہ تعالیٰ شانہ کی لعنت کا سزاوار ہے مسلمان سے جہوٹ بولنا محال

سمجھا جاتا ہے تنبیہ اے میرے بیٹے سید محمد محسن عمرہٗ اور سید واعظ الحق
مد عمرہٗ جب تمہاری نظر سے یہ مقام گذرے تو اپنے پروردگار تعالیٰ شانہ سے دونون ہاتھہ
آسمان کیطرف بہت بلند کر کے اس امر کی توفیق چاہنا کہ اللہ تعالیٰ شانہ دولت صدق سے
مالامال کرے اور حضرت صدیق کیساتھہ تمہارا حشر فرمائے اور میرے جملہ پسران قلبی وصلبی اس تنبیہ
مین شریک ہین اور ہر مسلمان سے میری دست بستہ یہ عرض ہے کہ خود صادق القول ہون
اور اپنے بچون کو اسکی تاکید شدید کرین یا اللہ تو بڑا غفور الرحیم ہے تو بڑا کریم ہے میرا اور
میری اولاد صلبی وقلبی کا اپنے صدیقین بندون کے ساتھہ حشر فرمایو اللّٰہم آمین ثم
آمین یارب العالمین۔ پھر عبد نے کہا کہ یہ مجکو بتا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم
کس چیز کا حکم کرتے ہین اور کس کام سے منع کرتے ہین مینے کہا کہ وہ اللہ عزوجل کی طاعت
کا حکم کرتے ہین اور اوسکی نافرمانی سے منع کرتے ہین اور حکم کرتے ہین صلہ رحم اور احسان کرنیکا
اور منع کرتے ہین ظلم سے اور روکتے ہین حدود شرعی کے تجاوز کرنیسے اور زنا کرنے سے اور
شراب پینے سے اور صلیب اور بتون کو پوجنے سے۔ عبد نے کہا کیا اچھی باتین ہین جنکی
وہ دعوت کرتے ہین اگر میرا بھائی جیفر میری متابعت کرے اور موافقت کرے تو ابھی ہم سوار
ہوتے ہین اور چلتے ہین ہم محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کی خدمت مبارک
مین کہ اُن کے اللہ پر ایمان لائین اور اُن کی رسالت کی تصدیق کرین مگر میرا بھائی اپنے
ملک کو نہ چھوڑیگا مینے کہا کہ اگر ایمان لائیگا وہ تو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم اوس
کی قوم کو اوسیکو بخش دینگے اور زکات لینگے قوم کے غنی لوگون سے اور تقسیم کرینگے اوس
زکوٰۃ کے مال کو قوم کے مساکین پر اوسنے کہا خدا کی قسم کیا اچھا خلق حسن ہے۔ پھر پوچھا
اوس نے کہ زکوٰۃ مال مین سے کتنی لی جاتی ہے مینے سب بیان کیا جو اللہ تعالیٰ شانہ کے حکم
سے فرض ہوئی تھی اموال مین یہان تک کہ اونٹون کی زکوٰۃ کا بھی بیان کیا تو اوسنے کہا
اے عمرو کیا لیا جاتا ہے صدقہ سوائم مویشی سے یعنی جنگل کے چرنے والون اور جنگل کے پانی

پینے والون چوپایون سے مینے کہاکہ ہان یہی حکم ہے اوسنے کہاکہ واللہ میری قوم اسکو نہ مانے گی - پہر چند روز مین وہان رہاکہ عبد اپنے بہائی جیفر کے پاس گیا اور اس حال کی اوسکو خبر کی تو اوسنے ایکدن مجھے اپنے پاس بلایا پہر مین اوس کے پاس گیا تو اوسکے نوکرون نے میرے بازو پکڑ لیے جیفر نے اپنے نوکرون کو منع کیا کہ اس کو چھوڑ دو میرے پاس آنے دو اون لوگون نے مجھے چھوڑ دیا پہر مین اوسکے آگے گیا اور قصد بیٹھنے کا کیا اوس نے مجھکو منع کیا اور کہا اپنی حاجت بیان کر مینے نامۂ مبارک حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کا دیا اوسنے اوس نامۂ مبارک کو پڑہا پہر اپنے بہائی عبد کو دیا پہر اوسنے بہی پڑہا اور مینے اوس کو اوس کے بہائی عبد سے بہی زیادہ نرم پایا پہر اوس نے کہا مجھ سے کہ قریش کا حال بیان کر کہ اون لوگون نے اُن کے ساتھہ کیا معاملہ کیا مینے کہاکہ اونہون نے متابعت کی آپ کی کسی نے رغبت کے ساتھہ اور کسی نے بزور شمشیر پہر اوس نے پوچہا کہ اُسکے کون موافق ہین مینے کہاکہ بیشک رغبت کی لوگون نے اسلام قبول کرنے مین اور اختیار کیا اوسکو اوس چیز پر کہ جسپر پہلے تھے اور سمجھ لی یہ بات اُن لوگون نے اپنے پروردگار تعالیٰ شانہٗ کی ہدایت سے کہ ہم بیشک گمراہ تھے اور اب مجھے کوئی ایسا نہین معلوم ہوتا وہان کہ باقی رہ گیا ہو تیرے سوا یہان سے وہان تک اور اگر اسلام نہ لائیگا تو اور متابعت نہ کریگا تو روند ڈالین گے تجہکو گہوڑے اہلِ اسلام کے اسلام لا کہ سلامت رہے تو اور برقرار رکہین حضرت صلی اللہ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم تجہکو تیری قوم پر اور چڑہائی نہ کرے تجہپر لشکر اسلام کا اوس نے کہا کہ آج تو اور مجھے اس امر مین فکر کرنے دے اور کل پہر تو میرے پاس آ تو مین اسکا جواب دونگا پہر وہان سے مین اوس کے بہائی عبد کے مکان پر آیا تو اوسنے مجھسے کہا کہ اے عمرو بیشک مین امیدوار ہون کہ سلامت رہے میرا بہائی اگر بخل اوسنے نہ کیا اپنے ملک پر پہر مین دوسرے دن جیفر کے پاس گیا تو اوسنے مجھے اندر اپنے پاس آنے کی اجازت نہ دی پہر مین لوٹ کر اوسکے بہائی کے پاس گیا اور اوس سے

کہاکہ مین اوس کے پاس تک نہین پہنچ سکتا تو مجھے اوس کے پاس بہیجا اوس نے کہاکہ فکر
کی مین نے اس مین جسکی تو دعوت کرتا ہے مجکو وہ یہ ہے کہ مین عرب کے ملک مین نامرد اور
ضعیف ترین سمجھا جاؤنگا اگر مین اُن کی متابعت قبول کرلونگا حالانکہ نہین پہنچ سکتے اُن
کے گھوڑے ہمارے ملک تک اور اگر بالفرض اون کا لشکر ہمارے ملک تک پہنچ بہی گیا تو
ہمارا مقابل اُن لوگون کا سا نہین ہے جنسے وہ لڑے ہین مینے اوس سے کہاکہ اچھا تو کل مین
جاؤنگا جب اوس کو میرے جانے کا یقین ہوا تو وہ اپنے بہائی جیفر سے تخلیہ مین ملا پہر صبح کو
مجھے بلایا اور دونون بہائی ایمان لائے۔ الحمد للہ علی ھدایتہ وانعامہ یہ نامہ اسیطرح
مواہب لدنیہ اور مدارج النبوت مین مذکور ہے بغیر ذکر سال کے کہ کون سے سال مین
حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہ نامہ اُن کو بہیجا تھا مگر ایسا معلوم ہوتا
ہے کہ غالبا اسی سال ششم مین یہ نامہ بہیجا گیا ہے کیونکہ عمرو بن العاص رضی اللہ تعالی عنہ
کا ایمان لانا پانچوین سال مین ہے اور یا نوین سال مین بہیجا گیا ہو کہ آٹھوین سال
مین بہی ان کے اسلام لانے کی روایت ہے۔

نامہ روانہ کرنا حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ہوذہ بن علی رئیس یمامہ کے نام

روایت ہے کہ سلیط بن عمرو رضی اللہ تعالی عنہ کو حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم نے ہوذہ بن علی رئیس یمامہ کی طرف روانہ کیا اور یہ سلیط عامری
ہین حاضر ہوے یہ اور ان کے باپ جنگ یمامہ مین اور یہ وہان شہید ہوے اور
عالے بہنلے حضرت عمر بن الخطاب رض نے حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے اصحاب کو اور ایک حلہ باقی رہا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے پوچھا کہ

شخص کون ہے کہ ہجرت کی اوس نے اور اُس کے باپ نے لوگون نے عرض کی کہ عبد اللہ آپ کے فرزند آپ نے فرمایا کہ نہین بلکہ سلیط بن عمرو اور وہ حلہ آپنے اُن کو پہنایا۔ کذا فی المدارج النبوت ۱۲ پہر جب سلیط ہوذہ کے پاس پہنچے تو تعظیم کی ہوذہ نے اُن کی اور کپڑے ہجر کے بُنے ہوے اُن کو پہناے اور اُن کے لایق اُن کو انعام دیا اور حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مین کہلا بہیجا اور بعض کتب سیر مین ہے کہ لکھہ بہیجا کہ کیا اچھی چیز ہے وہ جس کی طرف آپ مجکو دعوت کرتے ہین اور مین خطیب اور شاعر ہون اپنی قوم کا لہذا مجکو بہی کچھ تصرف امر خلافت مین دیجیے اور بعض بلاد مین کو میرے قبضہ مین کر دیجیے اس شرط پر مین آپ کی ملازمت اختیار کرتا ہون سلیط رضی اللہ تعالے عنہ یہ پیغام اوسکا لیکر حاضر ہوے اور جو کچہ انعام اوسنے دیا تہا وہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین کہدیا آپ نے اوس کو قبول نہ فرمایا اور ہوذہ اسلام نہ لایا روضۃ الصفا مین ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ہوذہ کا پیام سنکر فرمایا کہ ہوذہ اگر مجہسے ایک کہجا خرما جو زمین پر پڑا ہوا ہو مانگے تو وہ بہی اوسکو نہ دون ہلاک ہو وہ اور ملک اوسکا کہتے ہین کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ تعالیٰ وآلہ واصحابہ وسلم نے فتح مکہ سے مراجعت فرمائی تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ہوذہ کے مرنے کی خبر دی تو آپ نے فرمایا کہ یمامہ مین ایک بدبخت اور کذاب ور پیدا ہوگا کہ نبوت کا دعویٰ کریگا۔ میرے بعد یہ اشارہ مسیلمہ کذاب کی طرف ہے کہ قصہ اُسکا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ کے واقعات خلافت مین آئیگا انشاء اللہ تعالیٰ اور نامہ جو حضور پرنور صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تحریر فرمایا تہا اوس کی عبارت یہ ہے۔

نامہ مبارک بنام ہوذہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد رسول اللہ الی ھوذہ بن علی سلام علی من اتبع الھدی

واعلم ان دینی سیظهر الی منتهی الخف والحافر فاسلم تسلم واجعل لک مافی تحت یدیک کذا فی مواهب اللدنیہ **ترجمہ** یعنی نامہ ہے **محمد رسول اللہ** کیطرف سے ہوذہ بن علی کے نام سلام ہو اُسپر کہ پیروی کرے ہدایت کی تجے معلوم ہو یہ بات کہ بہت قریب ہے وہ زمانہ کہ میرا دین غالب ہو گا منتہای خف اور حافر تک۔ خف بضم خا معجمہ و تشدید فا بکری اور اونٹ کے باندہنے کی جگہہ کو کہتے ہین اور حافر گھوڑے اور خچر و حمار وغیرہ کے سُم کو کہتے ہین اور مراد حضور کی اس سے یہہ تھی کہ میرا دین غالب ہو گا اور وہان تک پہونچیگا جہان تک چارپایون کے پاؤن پہنچتے ہین۔ یعنی انتہای آبادی انسانی تک ہے پس تو مسلمان ہو تا کہ سلامت رہے ملک تیرا اور قایم رکھون مین تجکو تیرے ملک پر۔ کذا فی مدارج النبوت

نامہ روانہ کرنا حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا معرفت شجاع بن وہب کے حارث غسانی بادشاہ بلقا کے نام سے

روایت ہے کہ شجاع بن وہب کو حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حارث غسانی بادشاہ بلقا کی طرف روانہ فرمایا۔ اور یہ شجاع مہاجرین سابقین حبشہ سے تھے اور حاضر ہوے یہ اور ان کے بھائی عقبہ بن وہب بدر مین اور جملہ مشاہد مین اور یہ لمبے قدم کے کبڑے دُبلے پتلے آدمی تھے اور شہید ہوے یہ جنگ یمامہ مین اور عمران کی کئی برس زیادہ چالیس سے تھی کذا فی المدارج النبوت اور بلقا نام ایک شہر کا ہے شام کے شہرون مین سے جب شجاع رضی اللہ تعالے عنہ نے حارث کو نامہ مبارک حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا دیا تو اُس بدبخت نے اوسکو لپیٹ دیا

اور کہا کہ اب مین مع لشکر اُس طرف روانہ ہوتا ہون یعنی بقصد جنگ پہر بادشاہ روم نے اوسکو منع کیا اس ارادے سے روضۃ الصفا مین ہے کہ اوسوقت حارث غسانی قیصر روم کی تیاری کی پیشکش مین مصروف تہا انتہیٰ اور جو نامہ اوسے حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم نے بہیجا اوسکی عبارت یہہ ہے۔

نامہ شریف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم من محمد رسول اللہ الی الحارث بن ابی شمر سلام علی من اتبع الھدیٰ وآمن باللہ وصدق وانی ادعوک الی ان تؤمن باللہ وحدہ لاشریک لہ یبقی لک ملکک کذا فی مواھب اللدنیہ

ترجمہ یہ نامہ **محمد رسول اللہ** کیطرف سے حارث بن ابی شمر کے نام ہے سلام ہو اوس پر کہ جس نے پیروی کی ہدایت کی اور ایمان لایا اللہ پر اور سچا جانا اوس کو اور بے شک مین بلاتا ہون تجکو اوسکی طرف ایمان لا تو اللہ شانہ پر کہ وہ ایک ہے کوئی اُسکا شریک نہین باقی رہیگا ملک تیرا تیرے واسطے انتہیٰ۔ روضۃ الاحباب مین ہے کہ شجاع بن وہب حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کا نامہ مبارک لیکر حارث بن ابی شمر کی دار الحکومت مین پہنچے تو وہ غوطہ دمشق مین قیصر روم کی پیشکش کی طیاری کر رہا تہا اور قیصر بیت المقدس کو جاتا تہا شجاع دو روز تک اوسکے دروازے پر رہے اندر جانیکی اجازت نہ ملی آخر الامر اوسکے ایک حاجب کے پاس گیے اور اوس سے کہا کہ مین رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کا بہیجا ہوا ہون تمہارے بادشاہ کے پاس اُن کا نامہ لیکر آیا ہون اوسنے کہا کہ تو میرے بادشاہ تک نہ پہنچ سکیگا مگر اُس روز کہ جب وہ دربار کریگا۔ وہ حاجب نصرانی تہا اوسنے شجاع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حالات حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کے پوچہے شجاع رضی اللہ عنہ نے سب حالات مفصل بیان کیے حاجب کو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کے حالات سنکر رقت ہوئی اوسنے کہا کہ مین نے انجیل مقدس پڑہی ہے۔

اوس مین نبی موعود کے جو اوصاف ہین وہی سب اس نبی مین ہین اب مین اوسپر ایمان
لاتا ہون اور اوسکی تصدیق کرتا ہون مگر حارث سے ڈرتا ہون کہ مبادا اوس کو معلوم
ہو اور مجھے قتل کرڈالے اور ہر روز وہ شجاع کی بخوبی مہانداری اور خدمت گذاری کرتا تھا
یہان تک کہ حارث کے دربار کا روز آیا اور اوس نے اپنے تخت سلطنت پر جلوس کیا حاجب
نے اوس سے اجازت لیکر شجاع کو حاضر دربار کیا شجاعؓ نے حضرت صلی اللہ تعالی علیہ و
آلہ واصحابہ وسلم کا نامہ اُسے دیا اوس نے اُسے پڑہکر زمین پر ڈالدیا اور کہا کہ وہ کون
ہے جو میرا ملک مجھسے چھینیگا اور ناشایستہ کلمات بکا کیا پہر دربار سے اُٹھا اور حکم دیا کہ
گھوڑون کی نعلبندی ہو اس ارادہ پر کہ پیغمبر صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
کے مقابلے کو روانہ ہو اور ایک خط اوس نے قیصر کو لکھا کہ ایک نامہ میرے پاس آیا
ہے اوس شخص کے پاس سے جو عرب مین نبوت کا دعوی کر رہا ہے اب مین اُسپر
فوجکشی کا قصد رکھتا ہون قیصر نے اسکے جواب مین اوس کو لکھا کہ تو اس امر کا ارادہ
نہ کر اور میرے پاس چلا آ جو مصلحت ہوگی وہ کیا جائیگا اوسنے یہ جواب قیصر کا سنکر شجاع
کو بلایا اور پوچھا کہ تو کب اپنے صاحب کے پاس جائیگا شجاع نے کہا کہ کل جاؤن گا اوسنے
سو مثقال سونا دیکر رخصت کیا مثقال ساڑہے چار ماشے کا ہوتا ہے اور اوس حاجب نے
کپڑے دیئے اور تہوڑا سا کہانا بطور زادراہ کے ساتہہ کردیا اور کہا کہ میرا سلام حضرت صلی اللہ
تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو پہنچانا پہر شجاع مدینہ مین حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم کی خدمت مبارک مین حاضر ہوئے اور حال حارث کا عرض کیا آپ نے اُسکے
واسطے دعاے ہلاکت فرمائی کہ ہلاک ہو وہ اور ملک اوس کا پہر فتح مکہ کے سال
مین حارث مرگیا اوسکی جگہ جبلہ بن ایہم غسانی مالک ہوا اور بعضے اہل سیر اسپر ہین کہ
حارث مسلمان ہوا اور کہا کہ ڈرتا ہون مین اس سے کہ اگر اپنا اسلام ظاہر کرون تو مبادا
قیصر مجھے ہلاک کرادے واللہ اعلم

نامہ بھیجنا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا حارث حمیری کے نام

مہاجر بن اُمیہ کو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے روانہ فرمایا یمن کی طرف حارث بن حمیری کے پاس اور یہ مہاجر بن امیہ رض قریشی اور برادر حقیقی تھے حضرت ام المومنین ام سلمہ رض کے اور نام اُن کا ولید تھا مگر یہ نام حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بسبب ہمنامی ولید بن مغیرہ کے مکروہ معلوم ہوا لہذا مہاجر کر دیا تنبیہ یہی وجہ ہے اکابر دین اپنے بچوں کا وہ نام نہین رکھتے جو اس اُمت کے اشقیا کے ہین اگرچہ وہ معناً اچھے ہی کیون نہ ہون جیسے یزید پلید یا اوس کی فوج کے اور اشقیا جو قاتلان شہیدان کربلا ہین۔ الغرض حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مہاجر کو عامل کیا صدفات کندہ پر کہ وہ ایک قبیلہ ہے پھر حاکم کیا اُن کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہد خلافت مین یمن کا اور یہ بدر مین قریش کے ساتھ تھے اور دو بھائی ان کے بدر مین قتل ہوئے ہشام اور مسعود انتہیٰ کذا فی المدارج النبوۃ اور مواہب لدنیہ مین ہے کہ بھیجا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے مہاجر بن امیہ مخزومی کو حارث بن کلال حمیری کیطرف یمن مین تو اوسنے کہا سانظر فی امری یعنی ابھی مین اپنا کام دیکھ رہا ہون

روانہ کرنا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ابوموسیٰ اشعری اور معاذ کو اہل یمن کیطرف

پھر بھیجا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ابوموسیٰ اشعری اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کو یمن مین تبوک سے لوٹنے کے بعد دسوین سال ربیع الاول مین دعوت اسلام کو تو اکثر اہل یمن اسلام لائے بغیر جدال و قتال پھر تیسری بار وہین حضرت

ہوئے تفصیل اسکی حجۃ الوداع مین آئیگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری بہت خوش آواز تھے قرآن خوب پڑہتے تھے نام ان کا عبداللہ بن قیس اور اشعر نام ان کے قبیلہ کا ہے مین مین قبایل سبا سے ہے اور اسلام لائے مکہ مین اور ہجرت کی طرف حبشہ کے اور پہر آئے اہل کشتی کے ساتہہ اس حال مین کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم خیبر مین تھے اور والی کیا آپ کو حضرت عمر رض نے بصرے کا سنہ ہجری مین اور ہمیشہ یہہ بصرے مین رہے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ابتدای خلافت تک پہر معزول ہوے بصرے سے اور گئے کوفہ کو اور وہان اہل کوفہ پر حاکم رہے یہان تک کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قتل کیے گئے پہر یہ مکہ مین آئے اور یہان تک رہے کہ وفات پائی ۵۲ھ ہجری مین کذا فی مظاہر الحق

تمام ہوا ابوموسیٰ اشعری کا حال۔

حال معاذ بن جبل کا

معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ انصاری ہین اُن ستر شخصون مین ہین کہ جو حاضر ہوے عقبہ ثانیہ مین اور حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ان مین اور عبداللہ بن مسعود اور جعفر بن ابی طالب مین بہائی چارہ کرا دیا تہا اور بہیجا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ان کو قاضی و معلم کرکے اور اسلام لائے کے وقت یہ اٹہارہ برس کے تھے اور طاعون عمواس مین وفات پائی عمواس نام ایک مقام کا ہے اور طاعون سے مراد وبا ہے اور یہ طاعون حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت مین واقع ہوا تہا اوس وقت عمر ان کی اڑتیس برس کی تہی اور اس طاعون کے عارضہ سے تین دن مین ستر ہزار آدمی مرے تہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اس طاعون کی خبر دی تہی اور یہ آپ کا معجزہ تہا اور یہ معاذ فتویٰ دیا کرتے تھے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے زمانۂ حیات مین اور حاضر ہوئے یہ بدر مین اور سوا اسکے اور غزوات

مین اور انتقال کے وقت اپنے یارون سے کہا کہ علم اور ایمان قایم رہیگا قیامت تک لوتم یہ دونون چیزین جس سے طلب کرو اور ردکر و باطل کو یہ اقتباس ہے مظاہر الحق اور مدارج النبوت اور اسماء الرجال اور مشکوٰة انتہیٰ۔

نامہ شریف منذر بن ساوی والی بحرین کے نام

علاء بن حضرمی کو نامہ شریف مشعر دعوت اسلام دیکر منذر بن ساوی والی بحرین کی طرف روانہ کیا وہ ایمان لایا۔ علاء بن حضرمی ایک مشہور صحابی ہین عامل کیا تہا ان کو حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بحرین کا اور قایم رکہا ان کو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بحرین پر جب تک وہ زندہ رہے اور انتقال کیا سنہ ۱۴ ہجری مین اور بعض کہتے ہین کہ حاکم کیا ان کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بصرے کا پس انتقال کیا آپ نے ارض بنی تمیم مین سال مذکور مین اور کچہہ لوگ یہ کہتے ہین کہ رحلت کی آپنے بحرین مین ہجرت کے اکیسوین سال پہر حاکم کیا ان کی جگہہ حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اور ان کے نام اور نسب مین اختلاف ہے اور اسپر اتفاق ہے کہ یہ حضرموت کے ہین کذا فی جامع الاصول اور کاشف مین ہے کہ تہے وہ حلیف بنی امیہ کے اور یہہ دس بہائی تہے۔ روایت کی انہون نے ابوہریرہ وغیرہ سے کہتے ہین کہ یہہ دریا مین اُترے اور پڑہتے تہے کچہہ کلمات اور پار ہوگئے دریا سے اور یہ حکایت ان کی بہت مشہور ہے اور وہ کلمات یہ ہین یا حلیم یا علیم اور وہ مستجاب الدعوات تہے۔ کذا فی مدارج النبوة اور روایت کی ان سے صائب بن یزید وغیرہ نے کذا فی اسماء الرجال المشکوٰة واضح ہو کہ جب منذر ابن ساوی نے نامہ شریف حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا پڑہا تو پڑہ کر اسلام لایا اور اوس کی رعایا بہی کچہہ اوسکے ساتھہ ایمان لائی اور کچہہ لوگ ویسے ہی کفر پر رہے کذا فی المعارج پہر اوسنے حضرت

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت شریف مین عرض حال کیا وہ یہہ ہے۔
اما بعد یارسول اللہ فانی قراءت کتابك علی اھل البحرین فمنہم من حب الاسلام واعجبہ ودخل فیہ ومنہم من کرھہ وبارضی یہود ومجوس فاحدث الی فی ذالك امرك **ترجمہ** یعنی بعد حمد ونعت کے یا رسول اللہ مینے آپ کے نامہ کو پڑہا بحرین والون کے سامنے تو بعض اُن مین ایسے ہین کہ اُن کو بہت پسند آیا اسلام اور خوش ہوے وہ اس سے اور داخل ہوے وہ اس مین اور کچہہ لوگ اُن مین ایسے ہین کہ اسلام پر رضامند نہ ہوے اور وہ یہودی اور مجوسی ہین لہذا دوسرا حکم کیجیے کہ مین کیا کرون پہر حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دوسرا نامہ والی بحرین کے نام تحریر فرمایا وہ یہہ ہے۔

دوسرا نامہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

بنام والی بحرین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم من محمد رسول اللہ الی منذر بن ساوی سلام علیك فانی احمد الیك اللہ الذی لا الہ الا ھو واشھد ان لا الہ الا اللہ وان محمدًا رسول اللہ اما بعد فانی اذکرك اللہ عز وجل فانہ من نصح لنفسہ وانہ من یطع رسلی ویتبع امرھم فقد اطاعنی ومن نصح لھم فقد نصح فان رسلی قد اثنوا علیك خیرًا وانی قد شفعتك فی قومك فاترك للمسلمین وما اسلموا علیہ وعفوت عن اھل الذنوب فاقبل منھم وانك مھما تصلح فلن نعزلك ومن اقام علی یھودیۃ او مجوسیۃ فعلیہ الجزیۃ کذا فی مواھب اللدنیہ

ترجمہ یعنی محمد رسول اللہ کی طرف سے منذر بن ساوی کو سلام علیک پہنچے بیشک
مین تعریف کرتا ہون تجسے خدا کی ایسا خدا کہ کوئی اُسکا شریک نہین اور شہادت ادا کرتا
ہون اس بات کی کہ کوئی معبود نہین اوسکے سوا اور محمدؐ بیشک رسول اللہ کا ہے یعنی
مین اما بعد یاد دلاتا ہون تجکو خداے عزوجل کی پس جو کوئی نصیحت کرتا ہے کسی کو یعنی
خیر خواہی کسیکی کرتا ہے تو وہ خیر خواہی اپنی کرتا ہے اور جو اطاعت کرتا ہے میرے نامہ برون
کی اور تبعیت کرتا ہے اُن کے حکم کی وہ اطاعت اور تبعیت کرتا ہے میری اور جس نے خیر
خواہی کی میرے ایلچیون کی اوس نے خیر خواہی کی میری بیشک میرے نامہ برون نے
تیری تعریف کی اور بہت تعریف کی اور بیشک سفارش کرتا ہون مین تیری قوم کی تو چھوڑدے
مسلمانون کو اُس چیز پر کہ ایمان لائے ہین وہ اُسپر یعنی اون سے اور اُن کے اسلام کے
احکام سے مزاحمت نہ کر اور درگذر کر گنہگارون سے اور عفو کیا مین نے اہل ذنوب کو پس
قبول کر تو اُن سے اور متوجہ ہو تو اُن پر یعنے عفو کے ساتھہ اور بیشک جبتک تو اصلاح کرتا ہی
اپنی اور اپنے خلق کی تو ہم تجکو معزول نہ کرینگے کام سے اور جو شخص کہ قایم اور ثابت رہے
اپنی یہودیت پر اور مجوسیت پر تو اُسپر جزیہ ہے انتہیٰ اور مدارج النبوۃ مین یہ بہی ہے
کہ مسلمانون کو چاہیئے کہ مجوسیون کے ذبح کیے ہوے جانورون کو نہ کہاوین اور نہ
اون کی عورتون سے نکاح کرین اور عہدہ جزیہ لینے کا علاء الحضرمی رضی اللہ عنہ کو تفویض
فرمایا وہ ہمیشہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بہیجا کرتے تہے کذا فی مدارج النبوۃ

نامہ مبارک حضرت سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ علیہ وسلم بنام شاہ غسان جبلہ بن ایہم

نامہ روانہ کیا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جبلہ شاہ غسان کی طرف
ہجرت کے ساتوین سال اسلام لایا وہ اور نامہ شریف کا جواب لکھا اور اپنے اسلام

سے مطلع کیا اور ہدیہ بہیجا پہر وہ قایم اور ثابت رہا اسلام پر حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت تک پہر اوسی زمانہ مین ایکبار جبلہ حج کو آیا وہ طواف بیت اللہ کر رہا تہا کہ قبیلہ فرازہ کے ایک آدمی کے پاؤن سے اُسکا تہ بند دب کر کہل گیا جبلہ نے اوس آدمی کے مونہہ پر ایک طمانچہ مارا اس زور سے کہ اوسکی ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس فریادی آیا آپ نے جبلہ کو بلا کر کہا کہ اس کو راضی کرو ورنہ قصاص کا حکم کرونگا اوسنے کہا مجہہ سے اوسکے لیے قصاص لوگے حالانکہ وہ بازاری آدمی ہے اور مین بادشاہ ہون حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اسلام نے تمہارے اور اوسکے درمیان مین تسویہ کر دیا ہے تم کو اوسپر کچہہ فضیلت نہین ہے مگر تقویٰ سے کہ پروردگار تعالیٰ شانہ کا کلام ہے ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم یعنی اللہ تعالیٰ شانہ کے نزدیک تم مین سے وہی آدمی عزت دار ہے جو اللہ تعالیٰ شانہ سے زیادہ ڈرنے والا ہے اوسنے کہا کہ اگر ایسا ہی ہے کہ مجہہ مین اور اوسمین کچہہ فرق نہین ہے تو مین نصرانی ہو جاؤنگا حضرت عمر نے فرمایا کہ اگر ایسا ہے تو مین تجہے قتل کرونگا اوسنے کہا کہ آج کی رات مجہے مہلت دو کہ مین اپنے کام مین فکر کرون آپنے مہلت دی وہ رات کو بہاگ گیا اور قسطنطنیہ مین جا کر نصرانی ہو گیا نعوذ باللہ من درک الشقاوۃ وسوء الخاتمۃ یعنی اللہ تعالیٰ شانہ اپنی پناہ مین رکہے ایسی شقاوت اور ایسے خاتمہ سے اور بعض اہل سیر یہہ کہتے ہین کہ وہ پہر اسلام لایا اور مسلمان ہو کر مرا

حکایت

حسب روایت شیخ زرندی جو اونہون نے اپنی کتاب اعلام مین ذکر کیا ہے اور جو کچہہ کہ محمد بن سعد کاتب واقدی نے کتاب طبقات مین روایت کیا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت مین جبلہ بازار دمشق مین جا رہا تہا کہ اوس نے اپنا پاؤن ایک مزنیہ آدمی کے پاؤن پر رکہدیا اوسنے جبلہ کو ایک طمانچہ مارا تو اوسکو پکڑ کر ابو عبیدہ رضی اللہ

تعالی عنہ کے پاس لائے اور حال بیان کیا کہ اسنے بادشاہ کو طانچہ مارا حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالی عنہ نے حکم کیا کہ اسکو جبلہ کے پاس لیجاؤ کہ وہ بھی ایک طانچہ اسے مارے جبلہ کے خادمون نے کہا کہ کیا اس جرم ستے اسپر قتل کی سزا نہین ہوسکتی آپ نے فرمایا کہ نہین پھر خدام نے کہا کہ ہاتھہ کاٹ ڈالین حضرت نے فرمایا کہ نہین خدا تعالی شانہ کا حکم قصاص ہی کا ہے یعنی ویسا ہی بدلہ اُسکا لیا جائے جیسا کہ اوس نے کیا ہی جب جبلہ نے یہ سنا تو کہا کہ کیا تم کو یہ گمان ہے کہ مین اپنا مُنہ ایک بزغالہ کے مُنہ کے برابر کرونگا۔ جو مین سے آیا ہے اور مزنی کو اوسنے بسبب حقارت کے تشبیہ دی بزغالہ کے ساتھہ اور کہا یہ دین بُرا دین ہے پھر مرتد ہوکر نصرانی بنگیا نعوذ باللہ منہ اور بعض اہل سیر کہتے ہین کہ جبلہ اپنے ارتداد سے پشیمان ہوا اور کچھہ اشعار پڑھا کرتا تھا۔ جن کا آخری شعر یہ ہے ؎ شعر

یا لیتنی ادعی المخاض بقفرة ۔۔۔ ولو انکر القول الذی قالہ عمر

ترجمہ کاشکے مین حاملہ اونٹنی کو بیٹپیر میدان مین چراتا ۔ مگر انکار نہ کرتا اُس قول کا جو عمر نے کہا تھا ۔ اور اسی سال مین اسلام لایا فروہ بن عمرو حذامی جو بادشاہ روم کیطرف سے حاکم تھا عمان پر اور عمان بروزن سنان زمین بلقا مین سے ایک شہر ہی ملک شام مین اور لکھہ بھیجا اوسنے حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کی خدمت مین ایک خط اپنے ایک آدمی مسعود بن سعد کے ہاتھہ اور ایک خچر سفید اور مواہب مین ہے کہ اشہب تھا جسکا نام فضہ تھا اور ایک گھوڑا یعنی ظراب نام اور ایک دراز گوش اور چند عمدہ کپڑے اور ایک قبا سندس کی جس پر زردوزی کام تھا بطور ہدیہ بھیجا اور اور اُس خط کا مضمون یہ تھا کہ لکھا جاتا ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کو فروہ بن عمرو حذامی کیطرف سے اطلاعاً کہ مین اسلام لایا اور اقرار کیا مین نے اللہ تعالی شانہ کی وحدانیت کا اور آپ کی رسالت کا اور مجھے یقین ہے کہ

آپ وہی رسول ہین کہ جن کے آنے کی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے
والسلام علیک انتہٰی پہر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوسکے وکیل کا اعزاز کیا
اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا اسکو اپنے مکان پر لیجاؤ اور مہمانداری اس کی کرو
اور ہدیہ اسکا قبول فرمایا اوسمین سے کپڑے تو عورتون کو دیے اور دراز گوش ابواسید
ساعدی کے سپرد کیا کہ اوسکی خدمت کرین اور اوسکے خط کا جواب تحریر فرمایا مضمون اُسکا یہ تہا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف سے لکہا جاتا ہے
فروہ بن عمرو کو اما بعد بیشک تیرا وکیل پہنچا ہمارے پاس اور جو کچہ ہدیہ بہیجا تہا اور تیرے
اسلام سے مجکو اطلاع ہوئی بیشک خداے تعالےٰ شانہ نے تجہکو راہ راست دکہائی
اگر تو نیکی کرے اور فرمان برداری کرے خدا اور رسول کی اور نماز کو قایم رکہے اور
زکوٰۃ مال کی ادا کرے تو بہشت تجکو ملے اور آپ نے بلالؓ کو فرمایا کہ انہون نے پانسو درہم مسعود کو دیے

منقول ہے

کہ جب بادشاہ روم نے فروہ کے اسلام لانے کی خبر سُنی توان کو بلایا اور تکلیف دی کہ
دین محمدی سے پہر جاوین اور بہت کچہ لالچ دیا کہ مین تجہے جاگیر اور ملک دونگا۔ مگر
ان کے دل مین جو اسلام کی حقانیت نے جگہہ کر لی تہی اوسنے رضامند نہ ہونے دیا
اور کہا کہ مجکو یقین ہے کہ وہ پیغمبر برحق ہین اور تو بہی جانتا ہے کہ یہ وہی پیغمبر ہین
کہ جنکی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے مگر تو بخیلی کرتا ہے اپنے ملک
کے سبب سے پہر بادشاہ روم نے اُن کو قید کیا اور آخر کو اونہین شہید کیا سولی پر لٹکادیا
واضح ہو کہ محمد بن سعد کاتب واقدی کا قول ہے کہ تاریخ نامہ پہنچنے جبلہ اور فروہ
کی معلوم نہین کہ کون سنہ مین اون کو بہیجا گیا تہا مگر اکابر اہل سیر نے اسے سال
ششم مین ذکر کیا ہے تو اس کتاب مین بہی اوسکے موافق ذکر ہوا مگر گمان غالب

یہ ہے کہ نامہ بھیجا جبلہ کو سال ہشتم مین ہوا ہو گا یا اسکے بعد اسلیئے کہ حکومت اسکی بعد مہنے حارث بن ابی شمر غسانی کے ہوئی تھی اور حارث سال ہشتم مین مرا ہے واللہ اعلم کذا فی روضۃ الاحباب۔

اسی سال ششم مین خولہ بنت ثعلبہ کی ظہار کا قصہ واقع ہوا یعنی طلاق جاہلیت

خولہ بنت ثعلبہ بن قیس بن مالک بن الخزرج اور اُن کے خاوند اوس بن صامت بن قیس بن احزم انصاری کے درمیان ظہار واقع ہوا مروی ہے کہ خولہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نہایت خوش اندام اور طرحدار بی بی تہین ایکدن وہ نماز پڑہ رہی تہین کہ اونکے شوہر کی نظر حالت سجدہ مین اُن کی پشت پر پڑی اون کے دل مین اُن کی طرف رغبت پیدا ہوئی بعد فراغت نماز اون کے خاوند نے اُن سے قریب ہونا چاہا اُن کو کچھ ضرورت خانہ داری پیش تھی انہون نے انکار کیا اُوس کی طبیعت غصہ ور واقع ہوئی تھی بے تامل خفا ہو کر کہہ بیٹھے اَنْتِ عَلَیَّ کَظَهْرِ اُمِّیْ اور یہ اول ظہار تھا جو اسلام مین واقع ہوا اور ظہار ایام جاہلیت مین حکم طلاق کا رکھتا تھا القصہ اُوس رضی اللہ تعالی عنہ غصہ کی حالت مین کہہ تو گئے مگر بعد غصہ اوترنے کے پشیمان ہوے اور خولہ سے کہنے لگے کہ مین گمان کرتا ہون کہ تو مجہپر حرام ہو گئی اوس پاک بی بی نے بہت ڈر کر کہا کہ ایسی بات زبان سے مت نکالو حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہ وسلم سے دریافت کرو۔ اُوس رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا مجھے شرم آتی ہے حضرت خولہ نے کہا مین جاؤن اُوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ توجان! تجھے اختیار ہے۔ اور ایک روایت مین ہے کہ اُوس رضی اللہ تعالی عنہ نے پشیمانی کے بعد چاہا کہ خولہ سے صلح کرلین خولہ نے کہا یہہ نہین ہو سکتا جب تک مین حضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ و اصحابہ وسلم سے دریافت نہ کرلون پھر وہ حضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوئین اسوقت حضرت

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا سر مبارک دہویا کنگہی کر رہی تہیں کہ خولہ نے اپنا حال زار حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کیا کہ یا حضرت مین ایک مالدار اور خوبصورت عورت تہی اور بہت لوگ مجہپر فریفتہ تہے اوسوقت اوس نے مجہسے نکاح کیا اور اب سارا مال میرا کہا لیا اور جوانی میری بڑہاپے سے بدلگئی لڑکے بالے پیدا ہوے جماعت میری متفرق ہوگئی فقر وفاقے نے مجہپر غلبہ کیا اب اوس نے مجہ سے ظہار کیاہے مگر طلاق کا کچہہ ذکر نہین آیا اور وہ باپ ہے لڑکون کا اور لڑکے مجہہ کو عزیز ہین اب آپ ارشاد فرمائے کہ مین کیا کرون آپ نے ارشاد کیا کہ میرے گمان مین تو اوسپر حرام ہوگئی۔ اور ایک روایت مین ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تو اوسپر ویسی ہی ہے جیسا کہ اوس نے کہا اور ایک دوسری روایت مین ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ڈرتا ہون مین اس سے کہ تو اوسپر حرام ہوگئی۔ اور ایک تیسری روایت مین ہے کہ مین حکم نہین کرتا تجکو اس امر مین کچہہ اسلیے کہ ظہار جاہلیت مین طلاق ہوتا تہا اور میری شریعت مین ابہی کوئی حکم اس باب مین نازل نہین ہوا۔ خولہ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ایسا نہ کہئے قصہ میرا نہایت درد انگیز اور جگر خراش ہے آپ نے دوبارہ یہی کلام مذکور فرمایا اور وہ جزع وفزاع کرتی تہین اور وہی جواب سنتی تہین انہون نے گریہ وزاری شروع کی اور کہا کہ مین اوس کے لڑکے بالے رکہتی ہون اگر مین اونکو اوس کے پاس چہوڑدون تو ضایع ہوجاوین اور اگر اپنے پاس رکہون تو کہلاؤن کیا اب مین نہین جانتی کہ چارہ کار اس کا کیا ہے بس اس سے بہتر اور کوئی بات نہین ہے کہ مین اپنے درد دل کو اوسی قاضی الحاجات سے عرض کرون پہر وہان سے اوٹہہ کر حضرت ام المومنین عایشہ صدیقہ

رضی اللہ تعالی عنہا کے حجرے کے ایک گوشہ مین گئین اور سجدہ مین سر رکھدیا
اور عرض کی۔ اللّٰھم انی اشکو الیک وحدتی و وحشتی و فراق زوجی
و وجدی۔ یعنی اے اللہ مین درد اپنا بیان کرتی ہون تجھسے اور وحشت اپنے
شوہر کی جدائی کی اوس کے فراق کے سبب سے وہ اس مناجات ہی مین تھین کہ
آثار وحی کے نزول کے آپ کے رخسار پرُانوار پر ظاہر ہوئے حضرت جبرئیل علیہ
السلام آئے اور یہ وحی لائے جو سورۃ المجادلہ کی چند آیتین خولہ بنت ثعلبہ کی قصہ کی تفصیل کی
وہو ہذا:۔ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِیْ
اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ یَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ۝
اَلَّذِیْنَ یُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ
اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔیْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَیَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا
مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝
وَالَّذِیْنَ یُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ یَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا
فَتَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا ؕ
ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝
فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مِنْ
قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ
سِتِّیْنَ مِسْكِیْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ
وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَلِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝

سن لی اللہ نے بات اُس عورت کی جو جھگڑتی ہے تجھسے اپنے خاوند پر اور جھینکتی ہے اللہ کے آگے اور اللہ سُنتا ہے سوال و جواب تم دونون کا بیشک اللہ سُنتا ہے اور دیکھتا ہے جو لوگ مان کہہ بیٹھین تم مین سے اپنی عورتون کو وہ نہین ہین اُن کی مائین اُن کی مائین وہی ہین جنہون نے اُن کو جنا ہے اور وہ بولتے ہین ناپسندیدہ بات اور جھوٹ اور اللہ معاف کرتا ہے بخشنے والا ہے اور جو مان کہہ بیٹھیں اپنی عورتون کو پھر وہی کام چاہین جسکو کہا ہے تو آزاد کرنا ہے اُن پر ایک غلام کا پہلے اس سے کہ آپس مین ہاتھ لگاوین ایکدوسرے کو اس سے تم کو نصیحت ہوگی اور خبر رکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ پھر جو کوئی نہ پاوے یعنی غلام آزاد نہ کرسکے تو دو مہینے کے روزے لگاتار رکھے پہلے اس سے کہ آپس مین چھوی ایکدوسرے کو۔ پھر جو کوئی روزے بھی دو مہینے کے نہ رکھہ سکے تو ساٹھ محتاجون کو کھانا کھلاوے یہ اسواسطے ہے کہ حکم مانو اللہ کا اور اوس کے رسول کا اور یہ حدین باندھی ہوئی ہین اللہ کی اور منکرون کے واسطے عذاب دردناک ہے انتہی۔ منقول ہے حضرت ام المؤمنین عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہ شکر وسپاس اوس خدای برتر کو کہ اوس کی سماعت ازلی وابدی کے نزدیک سب آوازین کیا پست اور کیا بلند یکسان ہین کہ خولہ بنت ثعلبہ میرے گھر کے گوشہ مین آہستہ آہستہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم سے باتین کرتی تھی اور باوجودیکہ مین وہین حاضر تھی اوسپر بھی اوسکی باتین بخوبی نہین سمجھتی تھی اور اللہ تعالیٰ شانہ نے اوس تمام سرگذشت کو اپنی سماعت ازلی قدیمی سے سُن لیا اور اُسکا فیصلہ فرمادیا مروی ہے کہ جب کبھی خولہ بنت ثعلبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مہمان جاتین تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کی تعظیم کرتے اور فرماتے قد سمع اللہ قولها اور مروی ہے کہ ایکروز حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے زمانہ خلافت مین اشراف قریش کی جماعت کے ساتھہ راہ مین جارہے تھے کہ ایک عورت آپ کے پاس

آئی اور کہا اے عمر کھڑے رہو کہ میری آپ سے ایک حاجت ہے آپ اوس کے سامنے
گئے اور سر جھکا لیا اور اپنا دست شفقت اوس ضعیفہ کے مونڈھے پر رکھ دیا اور اتنی دیر تک
کھڑے رہے کہ اوس نے اپنی پوری حاجت بیان کر لی اور جواب اپنا سُن لیا پھر حضرت
عمر رضی اللہ تعالے عنہ اپنے اصحاب کے پاس آئے اُن مین سے ایک نے عرض کی کہ اے
امیر المومنین آپنے ایک بڑہیا کے لیے اتنی دیر تک جماعت قریش کو کھڑا کیا آپ نے فرمایا
کہ ای مسکین تو جانتا ہے کہ یہ بڑہیا کون ہے اوسنے کہا کہ نہین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا
کہ یہ وہ عورت ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے اسکا شکوہ سات آسمانون کے اوپر سے سُن لیا
اور اُسکا فیصلہ کر دیا یہ خولہ بنت ثعلبہ ہے قسم اللہ کی اگر یہ مجکو اپنے کام کے واسطے رات تک
روک رکھتی تو بھی مین کھڑا رہتا مگر نماز کے لیے جاتا اور نماز پڑہکر پھر اسکے پاس آتا یہان تک
کہ کام اسکا پورا ہوتا۔ **الغرض** حضرت سید عالم صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے
شوہر خولہ کو بلایا اور آیات منزلہ پڑہکر سُنائین اور فرمایا کہ ایک غلام آزاد کر لے پھر خولہ
سے قریب ہو اونہون نے کہا کہ مجکو غلام آزاد کرنے کی قدرت نہین آپ نے فرمایا کہ دو
مہینے برابر روزے رکھہ اوس نے کہا کہ یہ بھی مجھسے نہو سکیگا۔ مین دن بھر مین جو دو
تین مرتبہ کھانا نہ کھاؤن تو آنکھون مین اندہیرا آجاتا ہے تو آپ نے فرمایا کہ تو ساٹھہ
مسکینون کو کھانا کھلا اُوس بن صامت یعنی خولہ کے شوہر نے عرض کی کہ یا رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم مجکو یہ بھی مُیسّر نہین اگر آپ اعانت فرمائین تو ہو سکتا ہے
پھر آپ نے پندرہ صاع طعام مال زکوٰۃ سے دیا تو اُنہون نے کفارہ ادا کیا کذا فی روضۃ
الاحباب اور مدارج النبوۃ مین ہے کہ حضرت نے اوُس بن صامت رضی اللہ عنہ سے فرمایا
کہ تو ساٹھہ مسکینون کو کھانا کھلا تو اونہون نے عرض کی مجکو اتنا مقدور نہین اسی اثنا مین
ایک شخص آیا اور ایک کیل خرمے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے پاس لایا
اور اوس کیل مین پندرہ صاع خرمے تھے آپ نے اوُس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا

کہ یہ خرمے لیجاؤ اور فقرا کو بانٹ دو کہ تمہارے ظہار کا کفارہ ہوجائے اونہون نے عرض کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کسی کو مین اپنے سے زیادہ محتاج نہین دیکھتا کم ہو کہ اپنے اہل و عیال مین صرف کرون آپ نے فرمایا کہ اچھا اونہین مین صرف کرو۔

یہان علمار کا اختلاف ہے

کہ اگر صاحب کفارہ محتاج ہو تو اوسکے لیے جائز ہے کہ کفارہ کی شے کو اپنے اہل و عیال پر صرف کرے یا نہین۔ اکثر ائمۂ مجتہدین اسی پر ہین کہ جائز ہے موافق ظاہر اس حدیث کے لیکن امام ابو حنیفہ کوفی رحمہ اللہ علیہ کے نزدیک جائز نہین اسلیے کہ مقصود حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا یہہ تہا کہ بالفعل تو اسے اپنی اولاد اور اہل کی نفقہ مین صرف کر پہر کفارہ ادا کر دیجیو انتہی ۱۲

اسی سال ششم ہجری کے واقعات مین مسابقت یعنی اونٹ اور گہوڑونکی دوڑ

حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان اپنے اپنے اونٹ اور گہوڑے دوڑائین دیکہین کسکا اونٹ یا گہوڑا آگے نکلتا ہے اور یہ امر منجملہ معاونات جہاد کے ہے یعنی فوجی اصول سے ہے اور اس مسابقت مین ایکطرفی شرط بہی درست ہے اور اگر دونون طرف سے ہو تو وہ قمار یعنی جوا ہے۔ مگر جبکہ ہو دونون کے درمیان مین ایک محلل یعنی تیسرا شخص حلال کرنے والا ہو۔ اس شرط کو اور اُسکا گہوڑا ہم مثل ہو اُن دونون کے گہوڑون کے کہ احتمال اوسکے بڑہ جانیکا نہو اون دونون پر والّا جائز نہوگا۔ پہر جبکہ بڑہ جاوے تیسرا اون دونون سے تو لے وہ مال اُن دونون سے اور اگر وہ دونون بڑہ جاوین اس سے تو نہ دے وہ ان دونون کو کچہہ اور اُن دونون مین سے جو آگے بڑہ جائے تو لے وہ دوسرے سے

کذا فی معدن الجواہر۔

اور حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ایک اونٹنی تہی جسکا نام قصوی تہا کہ کوئی اونٹ اوس سے آگے نہ بڑہا ایک اعرابی آیا اوسکے پاس ایک دُبلا سا اونٹ تہا وہ قصوی سے آگے نکل گیا۔ یہ بات صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم پر بہت گران گذری حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُن کی تسلی فرما دی کہ حق علی اللہ ان لا یرفع شیئا من الدنیا الا وضعہ یعنی حق ہے اللہ تعالیٰ شانہ پر یہ کہ نہین بلند کرتا ہے دنیا مین کسی چیز کو کسی پر مگر کہ پست کرتا ہی اوسکو اسی کے موافق کسی شاعر نے کہا ہے۔ ہر کمالے را زوال و ہر زوالے را کمال ؕ اور اس مصرعہ کا مطلب و مضمون اس آیت شریفہ سے لیا گیا ہے کل شئ ہالک الا وجہہ یعنی اس جہان کے کمال کو بہی ایکدن زوال ہے ؏

اور حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سابقت کے لیے ایک میدان مقرر فرماتے تھے کہ اوس مین مسابقت کرین اور میدان گہوڑ دوڑ کا چہوٹا اور بڑا بہی ہوتا تہا۔ گہوڑون کی قوت کے اعتبار سے جو گہوڑے قوی اور دور دم ہوتے خوید سے طیار کیے ہوے جسے مضمر کہتے ہین اُن کے لیے بڑا میدان ہوتا تہا اور جو گہوڑے کمزور ہوتے تھے اُن کا میدان چہوٹا ہوتا تہا اور اوس گہوڑے کو غیر مضمر کہتے ہین۔

مضمر کے لیے جو میدان تہا وہ حفا سے ثنیۃ الوداع تک یہ مقام مدینہ منورہ کے قریب ہے اُن دونون مین چہہ میل کا فاصلہ ہے۔ اور غیر مضمر کے لیے ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک اور یہ ایک میل کی دوری ہے اور حدیث مین آیا ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نہین ہے مسابقت مگر تیر اندازی مین۔ یا اونٹون اور گہوڑون کے دوڑانے مین اور ہاتہی اور گدہے اور خچر بہی اسی حکم مین ہین ؕ

اور اسی سال ششم مین ام رومان نے وفات پائی

یہ ام رومان حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضؓ کی والدہ تہین رومان ضمہ اور فتحہ دونون سے درست ہے نام ان کا زینب بنت عامر ہے اور ان کے نسب مین اختلاف ہے مگر بنی غنم بن مالک بن کنانہ ہونے مین اتفاق ہے عبدالرحمن بن ابی بکر حضرت حضرت ام المومنین صدیقہ رضؓ کے برابر حقیقی ہین اور محمد بن ابی بکر اسما بنت عمیس کے بطن سے تھے اور عبداللہ بن ابی بکر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سب اولاد سے بڑے تہے اُن کی والدہ کا نام قتیلہ یا قتلہ بغیر تصغیر کے تہا اور اسما بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کی والدہ کا نام شفیقہ تہا اور حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تشریف لے گئے حضرت ام رومان کے دفن مین اور اترے آپ اُن کی قبر مین اور فرمایا کہ من اراد ان ینظر الی امراۃ من حور العین فلینظر الی ھذہ یعنی جو کوئی چاہے کہ دیکھے ایک عورت کو حور عین مین سے پس وہ دیکھے اس کی طرف کذا فی مدارج النبوت و روضۃ الاحباب ۱۲

احوال حضرت اسما بنت حضرت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضؓ کا لقب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ذات النطاقین رکہا تہا اور یہ والدہ ہین عبداللہ بن زبیر کی۔ اسلام لائین یہ مکہ معظمہ مین سترہ آدمیون کے اسلام لانے کے بعد اور یہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضؓ سے دس برس بڑی تہین۔ اور وفات پائی آپ نے اپنے بیٹے عبداللہ بن زبیر کی شہادت کے دس دن بعد اور ایک قول مین بیس دن بعد

بعد اسکے کہ اُتاری گئے عبد اللہ بن زبیر سولی پر سے ۷۳ ہجری مین اُسوقت عمر حضرت اسما کی سو برس کی تہی مکہ مین انتقال ہوا روایت کی ہے ان سے ایک جماعت کثیر نے۔ اور اسما بنت عمیس زوجہ حضرت صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہا یہ مہاجرات حبشہ سے تہین ہجرت کی تہی انہون نے اپنے خاوند جعفر رض بن ابیطالب کیساتہ پیدا ہوی انسے وہین حبشہ مین تین بیٹے محمد بن جعفر اور عبد اللہ بن جعفر اور عون بن جعفر پہر وہ آئین وہان سے مدینہ کو سال ہفتم ہجری مین جب انکے شوہر جعفر نے سریہ موتہ مین شہادت پائی تو نکاح کیا انسے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اُن سے پیدا ہوے محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ پہر بعد وفات حضرت صدیق اکبر رض کی نکاح کیا ان سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُن سے پیدا ہوے یحییٰ بن علی رض روایت کی ان سے ایک جماعت نے کبار صحابہ مین سے۔ اور عبد الرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اسلام لائے حدیبیہ مین اچہا اسلام ہوا انکا اور تہی یہ کہ روایت کی انسے عائشہ صدیقہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما نے اور ان کے سوا اور لوگون نے بہی اور انتقال کیا آپنے ۵۳ ہجری مین اور عبد اللہ بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر ہوے غزوہ طایف مین رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتہہ اور تیر مارے اونہون نے کفار پر اور تیر مارا ان کو ابو محجن نے پہر اسی زخم سے شہید ہوے اپنے والد ماجد کے اول خلافت مین ماہ شوال در ۱۱ سنہ ہجری مین اور تہے یہ قدیم الاسلام۔

اور محمد بن ابی بکر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کنیت اون کی ابو القاسم تہی۔ پیدا ہوئے بیچ ذوالحلیفہ مین سفر حجۃ الوداع مین ۱۰ سنہ ہجری مین والدہ ان کی اسما بنت عمیس تہین روایت کی انہون نے اکثر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اور ان کے سوا اور صحابہ سے اور روایت کی اُن سے اون کے بیٹے قاسم نے اور سوا قاسم کے اوروں نے بہی تابعین مین سے قتل کیا ان کو اصحاب معاویہ رض نے مصر مین ۳۸ ہجری مین

او ر **حضرت ابو ہریرہ دوسی** رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی سال آوایل مین یا اخیر سال ہفتم مین۔ اسلام لائے اختلاف کیا ہے علمانے ان کے نام اور نسب مین اور مشہور تر سب قولون مین یہ ہے کہ نام ان کا ایام جاہلیت مین عبد شمس یا عبد عمر تہا اور ایام اسلام مین انکا نام عبد اللہ یا عبد الرحمن ہوا کہا ہے حاکم ابی احمد نے کہ صحیح تر نام اُنکا ہمارے نزدیک عبد الرحمن بن صخر ہے اور غالب ہوگئی اُن پر انکی کنیت اور ایسا غلبہ اوس کو ہوا کہ گویا اسکے سوا اون کا اور کچہہ نام ہی نہ تہا۔

مسلمان ہوے خیبر کے سنہ مین اور حاضر ہوے خیبر مین حضور پرنور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیساتہ

اور حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کی خدمت اپنی ذات پر واجب کرلی تھی۔
اور تحصیل علم پر بہت راغب تھے اور غذا مین ان کو تکلف سے کچھ غرض نہ تھی روکھا سوکھا جو
کچھ ملگیا اوسی سے پیٹ بہرلیا او جہان حضرت تشریف لے جاتے وہان حضرت صلی اللہ تعالی علیہ
وآلہ وصحابہ وسلم کے ساتھ رہتے اور سب صحابہ رضی اللہ تعالی عنہم سے بڑھکر حافظ حدیث
تھے اور حضرت کی خدمت مبارک مین اتنا حاضر رہتے تھے کہ کوئی بھی اتنا حاضر باش خدمت
عالی نہ تھا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ کچھ اوپر آٹھہ سو آدمیون نے صحابہ اور تابعین
مین سے ان سے روایت کی ہے از انجملہ ابن عباس اور ابن عمر اور جابر اور انس رضی اللہ تعالی
عنہم ہین اور وفات پائی آپ نے مدینہ منورہ مین ۵۷ھ ہجری مین اور ۵۸ اور ۵۹ کی بھی روایت آئی ہے
عمر آپ کی اٹھتر برس کی ہوئی تھی اور نام ان کا **ابوہریرہ** اسلیے ہوا کہ ان کے پاس ایک
چھوٹی سی بلی تھی اوسکو ہر جگہ اپنے ساتھ لیے پھرتے تھے کذا فی اسماء الرجال المشکوٰۃ"

کتاب سرور المحزون

کے مترجم اپنی کتاب قرۃ العیون مین لکھتے ہین۔ **بلی کے مناقب** بلی کا پالنا
مستحب ہے کما صرح بہ العلماء۔ اور حیوٰۃ الحیوان مین احمد اور دارقطنی اور حاکم اور بیہقی
سے روایت ہے اور ابوہریرہ اوس کے راوی ہین کہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ
وصحابہ وسلم کو ایک قوم نے دعوت مین بلایا آپ وہان تشریف لے گئے اوسی مقام پر
ایک دوسرے نے آپ کی دعوت کی آپ نے وہان جانے سے انکار کیا تو صحابہ نے آپ سے
اسکا سبب پوچھا آپ نے فرمایا کہ اوسکے گھر مین کتا ہے صحابہ نے عرض کی کہ پہلے دعوت
کرنے والے کے گھر مین بلی تھی آپ نے فرمایا الھرۃ لیست بنجس انما ھی من
الطوافین علیکم او الطوافات" یعنی بلی نجس نہین ہے سوا اسکے نہین کہ وہ طواف
کرنے والون مین سے ہے تمہارے اور طواف کرنے والے خادم ہین اور طواف
کرنے والیان خادمات ہین اور کیا نازل خدمات کو بجاے مملوک کے کما فی التنزیل

ویطوف علیہم ولدان مخلدون یعنی پھرتے ہین اور خدمت کرتے ہین اُن کی لڑکے ہمیشہ رہنے والے اسلیے کہا ابراہیم نخعی نے کہ الھرۃ کبعض اھل بیت یعنی بلی ایسی ہے کہ جیسے بعض گھر کے آدمی اور یہ اسلیے کہ بلی آدمیون کے ساتھ فرش پر پلنگ پر گود مین بیٹھتی ہے اور دوسرا جانور اتنا مانوس نہین ہوتا طبقۂ اسلام مین اور ایک حدیث مین ہے کہ بلی نہین توڑتی نماز کو۔ سوا اسکے نہین کہ بلی متاع البیت سے ہے۔

روایت ہے

ایک بزرگ نے حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ کو خواب مین دیکھا اون کی وفات کے بعد اور اُن کو بہت بلند مقام پر پایا تو حضرت شبلی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے اپنے حضور مین مجھے طلب فرمایا اور کھڑا کیا اپنے سامنے پھر پوچھا میرے پروردگار تعالیٰ شانہ نے کہ اے شبلی تو جانتا ہے کہ مین نے تجھے کس سبب سے بخشا ہے۔ مین نے عرض کی۔ کہ اعمال صالحہ کے سبب سے۔ فرمایا کہ نہین۔ پھر عرض کی مین نے کہ اس سبب سے کہ مین نے تیری عبادت مین اخلاص کیا فرمایا کہ نہین پھر مین نے عرض کی کہ بسبب حج اور روزہ اور نماز کے فرمایا کہ نہین پھر مین نے عرض کی اس سبب سے کہ مین نے ہجرت کی طرف صالحین کے اور سفر کیا طلب علم کے واسطے فرمایا کہ نہین پھر عرض کی مین نے کہ اے رب یہ منجیات تھین کہ گمان کرتا تھا مین کہ یہ میری بخشش کا سبب ہونگی فرمایا کہ ان چیزون سے تیری مغفرت نہین ہوئی۔ پھر مین نے عرض کی کہ رب میرے کس چیز کے سبب سے تو نے مجھے بخشا فرمایا کہ یاد کر اُس وقت کو کہ تو بغداد کے ایک کوچہ مین جا رہا تھا وہان ایک چھوٹی سی بلی کو تو نے دیکھا کہ ضعیف کر دیا تھا اوس کو سردی نے تو نے اُسے اٹھا لیا اور اپنے کپڑون مین چھپا کر گرمی پہنچائی۔ پھر عرض کی مین نے کہ اے پروردگار تعالیٰ شانہ تو ظاہر و باطن کا دیکھنے والا ہے۔ یہ کام تو مجھ سے ہوا تھا پھر فرمایا میرے رب نے کہ چونکہ تو نے میری ایک مخلوق پر رحم کیا مین نے تجھ پر رحم کیا۔

سبحان اللہ و بحمدہ وہ دونون جہان کا خالق و مالک ہے دونون جہان اوس کے دونون جہان کے رہنے والے اوس کے جس چھوٹے سے چھوٹے گناہ پر چاہے پکڑلے اور بڑے سے بڑے گنہگار کو جس چھوٹے سے چھوٹے عمل پر چاہے بخشدے وہ نکتہ نواز ہے اے میرے مہربان مالک میرے خالق۔ میرے رازق میرے ستار و غفار میری جان تجہپر قربان میرے پاس تو کوئی نجات کا سرمایہ نہین ہے مین تو صرف تیرے فضل و کرم کا بھروسہ رکھتا ہون پروردگار تعالی شانہ جہان تونے بڑے بڑے گنہگارون کو کسی سبب سے بخشا ہے تو میری بخشش کے واسطے اپنے فضل و کرم کو سبب کردے اللّٰھم آمین یارب العالمین آمین۔

غزل فقیر محمد اکبر

مرے خدا تو مجھے بھیک دے کریم ہے تو
کرون سوال نہ تجھسے تو اور کس سے کرون
تجھی کو شرم ہے میری ترا ہی بندہ ہون
تو اس کا شکر کیے جاوہ آپ دیگا

گنہگار ہون مین بخشدے رحیم ہے تو
خدا ہے تو مرا مالک ہے تو رحیم ہے تو
کبھی تو رحم تجھے آئیگا رحیم ہے تو
کریم سے کبھی کہتے نہین کریم ہے تو

خدا سے مانگنا آتا نہین تجھے اکبر
سوال کرتا ہے اس سے بڑا لئیم ہے تو

فقیر محمد اکبر عرض کرتا ہے کہ اس مقام سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ عبادت مفروضہ یوہین بیکار شے ہے بلکہ جسنے شبلی رحمۃ اللہ علیہ کے دل کو اتنا نرم کر دیا تھا وہ انہین عبادات کے انوار تھے اور اس مین شک نہین کہ رحمت کرنا مخلوق پر اس خیال سے کہ یہ خدائے تعالی شانہ کی مخلوق ہے بہت بڑی عبادت ہے۔ **خدمت خلق** بڑے لوگون کا کام ہے۔ ہم سے ناکس اس مرتبہ کے لائق نہین سمجھے گئے۔ اللہ تعالی شانہ اس خدمت کا سزاوار بنادے تو بنادے ورنہ ؎ این سعادت بزور بازو نیست ٭ تا نہ بخشد خدای بخشندہ

۵ راحت بدل رسان کہ ہمین مشربست و بس ۔ ایک بزرگ اور بہی ایسا ہی کچھ فرماتے ہین

عبادت بجز خدمت خلق نیست	بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

فقیر محمد اکبر ابو العلائی داناپوری

مؤلف کتاب ہذا عرض کرتا ہے کہ ایک تو اللہ تعالیٰ شانہ کے احکام ہین اور ایک رسول اللہ کا فرمان ہے او حقیقت مین یہ دونون ایک ہی ہین جو اللہ تعالیٰ شانہ کے احکام ہین وہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے ارشادات ہین ۔ اور یہ ایک ولی اللہ کا مشاہدہ ہے ۔ اس نے ہم کو یہ سبق دیا کہ اللہ تعالیٰ شانہ کی مخلوق پر رحمت کرنا چاہیے او ضرور چاہیے اور یہ رحمت بلی ہی پر منحصر نہین ہے حضرت سعدی فرماتے ہین

میازار مورے کہ دانہ کش است	کہ جان دارد و جان شیرین خوش است

اوس پاک پروردگار تعالیٰ شانہ تک پہونچنے کی ریگ بیابان کے ذرون سے لاکھہ گونہ سے زیادہ راستے ہین ان سب راستون سے جو راہ بہی جسکو ملجائے اور مالک تک پہنچا دے تو پہنچنے والے کیواسطے تو وہی راہ نجات کا سبب ٹہرا پائی اور پہنچنے والا تو اوسیکو سب راستون سے بہتر سمجھیگا ۔ اسلیے کہ اُسپر تو اوسی راستہ کا احسان ہے اور وہ دوسرے راستون سے بیخبر ہے مگر جو استعداد کہ اُسکو مالک کے ملنے کا راستہ ڈہونڈنے کیطرف لیگئی ہے وہ عبادات مفروضہ کے انوار ہین انہین نے راستے کے نشیب و فراز دکہائے اور اُن کے خطرون سے بچا یا ۔

الحمد للہ کہ وہ شغل **شریعت محمدی** ہے صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم ۔

حضرت شاہ **عبد العزیز دہلوی** قدس سرہٗ فرماتے ہین کہ اس بات سے فضیلت اوس عمل قلیل کی اور بڑے بڑے اعمال حسنہ پر مثل اقرار توحید اور شہادت رسالت اور ارکان خمسہ اسلام پر ثابت نہین ہوتی ۔ بلکہ ایک اعطاء الکثیر علی القلیل ہے اور سبب

اسکا یہہ تہا کہ یہ ایک عمل ادنی اور قلیل تہا کہ قدر اوسکی اون کی نظر مین نہ تہی اسلیئے اونہون نے پروردگار تعالی شانہ کی حضور مین ذکر نہین کیا وہی اعمال عرض کیے جو راس الطاعات تہے مگر چونکہ رحمت خاص صفت مالک کی ہے اور اسمین ایک شعبہ اسکا ملتا ہوا تہا لہذا پروردگار تعالی شانہ نے اُسے پسند فرمایا۔ اور چاہا کہ اپنی پسند سے اپنے بندون کو مطلّع کردون لہذا اوس کی قبولیت پر تمام بندون کو مطلّع فرمایا پس پہر کیا تہا عشاق خدا نے اس خدمت خلق کو بہی احکام مفروضہ سے کردیا اور پکارنے لگے ؎

ہم جانتے نہین ہین ای درد کیا ہی کعبہ		یہ ہیر پہرتی وہ ابرو اودہر نماز کرنا	

اور جو بلی کسی کا نقصان کرتی ہو جیسے کبوتر کسی کے کہا جاتی ہو تو اوس کو باندہ رکہے اور اوسکے کہانے پینے کی خبر رکہے اور جسکی چیز نقصان کرے اوسکا تاوان دے۔ اور باندہ رکہے اور یہی حکم ہے ہر پلے ہوے جانور کا اور اگر اوسکی عادت نقصان کرنیکی نہو اور اتفاقاً اوس سے نقصان ہوگیا ہو تو صحیح یہ ہے کہ اوسکے مالک پر نہ ضمان آویگا نہ تاوان۔

لانّ العادۃ حفظ الطّعام عنہا لا ربطہا

یعنی تحقیق عادت حفاظت کرنے کہانے کی ہے اوس سے نہ اوسکے باندہ رکہنے کی اور جو بلی کبوتر وغیرہ پکڑے اور وہ اوسکے موںہہ مین زندہ ہو تو اوسکے چہڑا دیوالے کو بلّی کے کان مروڑنے اور اوسکے موںہہ پر مارنا کہ وہ اوسکو چہوڑ دے درست ہے اور ایذا دینے کی حالت مین اسکا مارنا درست ہے اور بغیر اسکے درست نہین

اور جہوٹا بلّی کا پاک ہے مگر جب کہ موںہہ اوسکا نجس ہو اور وہی موںہہ ڈالدے پانی مین یا اور کسی شے مین مثل پانی کے تو وہ شے ناپاک ہوجائیگی۔ اور بلّی کا بیچنا جائز ہے۔ امام مالک اور امام شافعی اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک اور سوا ان کے مثل ابو ہریرہ اور طاوس وغیرہ کسیکے نزدیک درست نہین فافہم کذا ۱۲ فی حیوات الحیوان ۱۲

وقایع سال ہفتم ہجرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

یہ سال ہفتم ہجری ہے اور اس سال کو عرب سنۃ الاستغلاب بہی کہتے ہین اسلیے کہ مسلمان اس سال مین اہل کتاب پر غالب ہوئے اور نواحی مدینہ مین ایک یہودی بہی ایسا نہ رہا کہ اہل اسلام کے ذمہ مین نہ آیا ہو والحمد للہ الذی صدق وعدہٗ کذا فی حاشیۃ روضۃ الاحباب۔ اور اسی سال مین غزوہ خیبر واقع ہوا۔

بیان غزوۂ خیبر

خیبر ایک بڑے مدینہ کا نام ہے اوس مین بہت سے قلعے ہین اور زراعت بکثرت ہوتی ہے اور مدینۂ منورہ سے بیس بُرید کے فاصلہ پر ہے ملک شام کیطرف کذا فی المواہب اللدنیہ۔

بُرید بروزن جرید بارہ میل کے فاصلے کو کہتے ہین اور چھ میل کے بُعد کو بھی کہتے ہین اور یہان یہی چھ میل سے مراد ہے۔ قاموس مین ہے کہ خیبر قلعہ مشہور ہے اور محققین نے کہا ہے کہ مدینہ شہر متوسط کو کہتے ہین کہ قریہ سے بڑا ہو اور مصر سے کم ہو اسلیے کہ قریہ چھوٹی سی بستی کو کہتے ہین اور مصر بڑے شہر کو کہتے ہین۔ اور جسکو مدینہ کہتے ہین اوسکو بلد بھی کہتے ہین۔ اور بعض کے نزدیک مصر اور مدینہ ایک ہی ہے اور خیبر مجموع اون سب قلعون کا نام ہے جو وہان پر تھے۔ پس اس اعتبار سے ہر ایک قلعہ ایک قریہ تہا اور وہ سب ملکر ایک مدینہ ہین کہ نام اون کا خیبر ہے۔ اور یہ آٹھہ قلعے تھے ایکؔ کتیبہ بروزن صحیفہ۔ دوسرا ناعم۔ تیسرا صعب۔ چوتھا شق پانچوان غموص۔ چھٹا نطاۃ۔ ساتوان سطیح بروزن فصیح۔ آٹھوان سلالم بفتح سین و ضم لام اور بکسر لام بھی ہے۔ کہا ابن اسحٰق نے کہ تشریف لے گئے حضرت صلی اللہ

علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم غزوہ خیبر کو آخر ماہ محرم مین اور گھیرے رہے اوسکو دس بارہ روز تک پھر فتح کیا اوسکو اور بعض کہتے ہین کہ چھٹے سال کے آخر مین حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم غزوہ خیبر کو تشریف لے گئے تھے۔ یہہ قول حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور جزم کیا ہے اس قول کے ساتھہ ابن حزم نے۔

اور کہا حافظ ابن حجر نے کہ راجح قول ابن اسحاق کا ہے اور ان دونون قولون مین فیصلہ یون ہے کہ جس نے آخر مین چھٹے سال کے کہا اوسنے اعتبار کیا سنوات ہجری کے مہینے سے کہ ربیع الاول ہے اور حقیقت مین یونہین ہے اور اعتبار سال محرم سے آخر مین ہوا ہے بعد وفات حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے بیچ زمانہ خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اور اغرب یعنی غریب تر یہ ہے کہ روایت کیا ابن سعد اور ابن ابی شیبہ نے ابی سعید خدری رحمۃ اللہ علیہ سے کہ گئے ہم ساتھ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے غزوہ خیبر کو اٹھارہ تاریخ رمضان شریف کی۔ اور اسناد اس حدیث کی حسن ہے لیکن اس مین خطا کی ہے اور صواب یون ہے کہ کہین کہ خیبر تصحیف ہے حنین کی تصحیف کہتے ہین کتابت مین خطا کرنے کو کاتب سہو سے حنین کو خیبر لکھہ گیا ہے کہ حنین ناشی تہی فتح مکہ سے اور تشریف لے گئے حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم فتح مکہ کو رمضان مین۔ ابوحامد نے جو تعلیقات مین ذکر کیا ہے کہ غزوہ خیبر پانچوین سال مین ہوا ہے تو وہ وہم ہے شاید انتقال کیا اس مین غزوہ خندق سے غزوہ خیبر کی طرف۔ کذا فی مدارج النبوۃ والمواہب اللدنیہ

اور روضۃ الاحباب مین ہے کہ جب حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے سفر حدیبیہ سے مراجعت کی۔ تو پروردگار تعالیٰ شانہ کے وعدے کے سبب سے کہ اشارۃ فتح خیبر کا ذکر سورۂ فتح مین ہے کہ حدیبیہ سے مراجعت کے وقت نازل ہوئی تہی۔ حیث قال سبحانہ وعدکم اللہ مغانم کثیرۃ تاخذونہا فعجل لکم ہذہ

یعنی وعدہ کیا ہے تم سے اللہ تعالے نے اے امت بہت غنیمتون کا بلاد فارس اور روم کا بلکہ اطراف کا کہ لو تم اوسکو قیامت تک تو بہت جلد نقد دے تم کو یہ غنیمت خیبر کی مدینہ منورہ مین بیس روز ٹھہر کر فرمایا کہ تیاری کر و سفر کی کہ خیبر کو چلتے ہین۔ اور فرمایا کہ ہمارے ساتھہ اس سفر مین کوئی نہ چلے مگر وہی جو جہاد کی رغبت رکھتا ہو۔ اور جسکو دنیا کی غرض ہو وہ نہ چلے۔ اور ایک روایت مین ہے کہ عبداللہ بن اُبی بن سلول منافق نے حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اجازت چاہی ساتھہ چلنے کی آپ نے اُسکو بھی یہی جواب ارشاد فرمایا۔

منقول ہے کہ جو یہود اور منافق مدینے مین تھے جب اُن لوگون نے آپ کی توجہ کی خبر خیبر کی طرف سُنی تو یہ خبر اُن کو بہت ناگوار گذری اسلیے کہ وہ جانتے تھے کہ حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اون پر غالب ہون گے۔ تو مثل یہودِ بنی قریظہ اور بنی النضیر کے ان کو بھی مستاصل کر دینگے اسی غصہ سے اُن مین سے جس کسی کا قرض جس مسلمان پر آتا تھا اوسپر ایک محصل مقرر کیا اور تقاضاے شدید کیا چنانچہ ابو شحمہ یہودی کے عبداللہ بن حدری اسلمی پر پانچ درم قرض کے آتے تھے تو وہ اُن سے سخت تقاضہ کرتا تھا اور پیچھا اُن کا نہ چھوڑتا تھا عبداللہ نے کہا کہ مجھے اتنی مہلت دے کہ حق تعالے شانہ نے جو وعدہ مسلمانون سے خیبر کے فتح ہونے کا اور غنیمت کے ہاتھہ آنے کا کیا ہے وہ فتح ہو جاے اور اوس کی غنیمت مین سے مجھے حصہ ملے تو اوس مین سے پہلے مین تجھ کو دونگا اوس یہودی نے کہا کہ یہود خیبر کی لڑائی کو اور لڑائیون کا سا خیال نہ کرنا قسم ہے تورات کی دس ہزار مرد جنگی خیبر مین ہین عبداللہ نے کہا اے عدو اللہ تو ہمکو ہمارے دشمنون سے ڈراتا ہے حالانکہ تو ہماری پناہ مین ہے اور عبداللہ کہتے ہین کہ یہ جھگڑا حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی مجلس مبارک مین پہنچا اور آپ کو معلوم ہوا مگر آپ نے کچھہ نہ فرمایا۔ ولیکن دیکھا مین نے کہ حضور پُر نور

صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم اپنے لب مبارک ہلاتے تھے اور کچھ آہستہ آہستہ فرماتے تھے اس طرح کہ مین نے نہین سُنا کہ آپ کیا فرماتے ہین یہودی نے کہا کہ یا ابو القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اسنے میراحق لیلیا ہی اور اب نہین دیتا۔ آپ نے عبداللہ سے فرمایا کہ اسے دے اون کے پاس دو کپڑے تھے ایک کو تین درم مین بیچا اور دو درم اور کہین سے لاکر پانچون درم اوس کو دیے سلمہ ابن اسلم نے پہر اُن کو کپڑا دیا وہ اُسکو پہنکر حضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتھ گئے اور وہ کہتے ہین کہ فتح خیبر کے غنیمت مین ایک عورت ابوشحمہ یہودی کی رشتہ دار میرے حصہ مین آئی پھر مین نے اُس عورت کو ابوشحمہ یہودی کے ہاتھ بہت سا مال لیکر بیچا؛

مدارج النبوۃ مین ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی عادت شریف تھی کہ جب جہاد کو تشریف لے جاتے تو اپنے قصد کو مخفی رکھتے۔ مگر اس غزوہ مین آپ نے اپنے قصد کو ظاہر فرمادیا تھا اور آپنے منافقین کو اس سفر مین چلنے سے منع کردیا تھا اسلیے کہ آپ امیدوار تھے حسب وعدۂ الٰہی جلّ جلالہٗ وتعالیٰ شانہٗ وعم نوالہٗ بہت غنایم کے اور مترتب تھی اوسپر ہدایت صراط المستقیم کی یہہ وجہ تھی کہ پاک کیا اوسے لوث منافقین سے اور عبداللہ بن ابی بن سلول منافق نے خبر کردی تھی یہود خیبر کو کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کا قصد تمہارے استیصال کا ہے خبردار قلعہ بند نہ ہونا۔ باہر نکلکر لڑنا۔ تمہارے پاس اسباب لڑائی کا اور مردان جنگی بہت ہین مواہب لدنیہ مین ہے آپ تشریف لے گئے خیبر کو چودہ سو پیادون اور دو سو سوارون کے ساتھ انتہےٰ۔

اور روضۃ الاحباب مین ہے کہ چودہ سو پیادے آپکے ساتھ تھے؛

اسرار نبوت روایات سے ثابت ہے کہ خیبر مین دس ہزار مرد جنگی زرہ پوش تھے

اور حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ساتھ کل چودہ سو آدمی اور وہ لوگ اپنی سرزمین مین اور یہ قلیل جماعت وطن سے دور۔ اور آپ نے پہلے ہی فرما دیا تھا کہ خیبر کی غنیمت تم لوگون کو ملیگی۔ چنانچہ اس جنگ مین آپ نے اپنے قصد کو چھپایا بھی نہ تھا۔ لشکر اسلام کے پہنچنے سے پہلے خیبری مطلع ہو چکے تھے اور سامان جنگ سے لیس تھے۔ مگر لشکر اسلام کو اللہ تعالیٰ شانہ نے وہ نمایان فتح عنایت فرمائی کہ شاید و باید ہم اسی علم اور خبر کو اسرار نبوّت کہتے ہین بیشک ایک چھوٹی سی بے سروسامان جماعت اتنی بڑی باسامان فوج سے ہم نبرد ہونے کا ارادہ کرے اور پہلے ہی سے سمجھ لے کہ ہم فتحیاب ہون گے۔ حضور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نور نبوّت کی روشنی سے ان واقعات خیبر کو پہلے ہی سے ملاحظہ فرما چکے تھے اور اللہ تعالیٰ شانہٗ آپ سے وعدہ فرما چکا تھا"

آپ نے سباع بن عرفطہ غفاری کو مدینہ مین خلیفہ کیا اور امہات المومنین مین سے حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہمراہ تھین۔ اور بیس۲۰ عورتین سلمان بیمارون اور زخمیون کی خدمت کے لیے اور روٹی پکانے اور کپڑے سینے کے لیے ہمراہ تھین بصیغۂ ملازمت۔ اور دس۱۰ منافق بھی طمع مال دُنیا کی غرض سے ہمراہ لشکر ظفر پیکر تھے

ترتیب لشکر ظفر پیکر

مقدمہ لشکر ظفر پیکر پر عکاشہ بن محصن اسدی کو۔ اور میمنہ پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اور میسرہ پر ایک اور صحابی کو تعین کیا۔ اور بعض کتب مین جو لکھا ہے کہ میسرہ پر حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو تعین فرمایا یہ صحیح روایتون مین نہین پایا گیا اور اس لشکر مبارک مین دو۲۰۰ سو گھوڑے تھے از انجملہ تین گھوڑے تو خاص حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے تھے اور اونٹ بہت تھے

اور آدمی رہبری کے واسطے قبیلۂ اشجع سے لیے تھے۔

جب منزل رجیع مین لشکر خدا اوترا تو وہان سے غطفانی ایک رات کی راہ پر تھے وہ تیار ہوکر یہود خیبر کی مدد کو روانہ ہوئے۔ اوسی روز اون لوگون نے اپنے پیچھے کچھ آواز لشکر اسلام کی سُنی اون کو گمان ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ مسلمان ہمارے اہل وعیال پر جا پڑین اس خیال سے وہ فوراً پلٹ گئے اور یہود خیبر اون کی مدد دہی سے مایوس ہو گئے۔

الغرض جب حضرت صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم منزل صہبا مین پہنچے اور نماز عصر وہان پڑھی اور زاد راہ آپ کے پاس ستو تھا وہ منگایا اور اوس کو گھول کر سب صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم نے تناول فرمایا اور اوسی عصر کے وضو سے نماز مغرب پڑھی پھر نماز عشا پڑھکر وہانسے آگے بڑھنے کو راہبر طلب کیے اور اُن سے فرمایا کہ ہم کو ایسے راستے سے لیچلو کہ ہم لوگ درمیان خیبر اور غطفانیون کے حائل ہو جائین۔ اور غطفانیون کو اہل خیبر کی مدد دہی سے روک دین۔ ایک نے اون مین سے جسکا نام حُسَیل تھا کہا کہ مین لے چلونگا۔ پھر جاتے جاتے وہان پہونچے کہ جس جگہہ کئی راہین جمع ہو گئی تھین وہان حُسَیل نے عرض کی کہ ان سب رستون سے منزلِ مقصود تک پہنچ سکتے ہین۔ ان مین سے جو راہ حضور پسند فرمائین اوس راہ سے لیچلون۔ آپنے ارشاد فرمایا کہ ہر ایک راہ کا نام لے جو ہم چاہینگے پسند کر لینگے پھر اوسنے سب کے نام لینے شروع کیے ایک کا نام حزن تھا اور دوسرے کا نام شاس اور تیسرے کا نام حاطب آپنے فرمایا کہ ان مین سے ایک بھی پسند نہین ہے۔

نقل ہے عمر خطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے کہ کہا اونھون نے کہ مین نے کوئی رات اوس رات کی مثل نہ دیکھی کہ جو نام اوسنے لیا وہ قبیح تھا پھر اوسنے

عرض کی کہ ایک راہ اور ہے آپ نے فرمایا کہ اوسکا نام کیا ہے اوسنے عرض کی مرحب آپ نے فرمایا ہان اسی راہ سے لے چل پہر اوسی راہ سے خیبر کو چلے۔

اور عبادؓ بن بشیر کو چند سوار ہمراہ دیکر بطریق طلیعہ کے آگے روانہ کیا۔ وہ گئے اور ایک جاسوس خیبر والون کا پکڑ لائے اوس سے پوچھا کہ تو کون ہے اوسنے کہا شتربان ہون میرے اونٹ کھو گئے ہین اُن کو ڈہونڈتا ہون۔ عباد نے کہا تو کچھ خبر خیبریون کی جانتا ہے اوسنے کہا ہان یہ مجھے معلوم ہے کہ اُن لوگون نے ہوذہ بن قیس اور کنانتہ بن ابی الحقیق کو اپنے ہم قسمون غطفانیون کی طرف بہیجا ہے اور اُن سے مدد طلب کی ہے اور عنیبہ بن بدر ایک جماعت کثیر کے ساتھ جو آلات جنگی سے مصلح ہین اُن کی مدد کو آیا ہے اور اب دس ہزار مرد جنگی کے ساتھ منتظر جنگ محمد صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہین"

پہر عباد نے کہا کہ تو بیشک اُن کا جاسوس ہے اور اوسکو خوب مارا اور دہمکایا کہ ہم تجہ کو قتل کر ڈالینگے۔ تو جاسوس نے کہا کہ تو مجکو اپنی امان مین لے تو مین سچ سچ کہدون اونہون نے اوسکو امان دی اوسنے کہا کہ تم اس بات کو سچ جانو کہ اہل خیبر تم سے بہت ڈر رہے ہین اور جو معاملہ تمنے یہود بنی قریظہ اور بنو النظیر کے ساتھ کیا ہے اس سبب سے اُن کے دلون مین خوف عظیم پیدا ہو رہا ہے سوا اسکے اور بہت باتین بیان کین۔ پہر عباد اوس کو حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین لائے اور جو کچھ سُنا تہا سب عرض کیا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالے عنہ نے فرمایا کہ اس کی گردن مارو۔ عباد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مینے اس کو امان دی ہے حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اے عباد اسے اچھی طرح رکھ کہ دیکھین انجام اس لڑائی کا کیا ہوتا ہے پھر آخر کو وہ جاسوس خیبر مین آکر مسلمان ہو گیا۔ اور جب نگاہ اشرف حضور

پرنور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی دیار خیبر پر پڑی تو آپنے یہ دعا پڑہی
اللھم رب السموات السبع وما اظللن ورب الارضین السبع وما اقللن ورب الشیاطین وما اضللن ورب الریاح وما ذرین اسئلک خیر ھذہ القریۃ وخیر ما فیھا واعوذبک من شرھا وشر ما فیھا
ترجمہ اے خدا رب سات آسمانون کے اور اوسکے جسپر آسمانون نے سایہ کیا اور پروردگار سات زمینون کے اور اوسکے جو زمینون نے اُٹھایا ہے۔ اور پروردگار شیاطین کے اور اوسکے جسکو اُنھون نے گمراہ کیا ہے اور پروردگار ہواؤن کے اور اوسکے جس کو اونھون نے اوڑایا ہے۔ سوال کرتا ہون مین تجھ سے اس بستی کی بھلائی کا اور جو اوسمین ہے۔ اور پناہ مانگتا ہون مین شر سے اس بستی کے اور اوس سے جو اس بستی مین ہے۔ انتہے ۱۲

اور ایک روایت مین ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خیبر کے قریب پہونچے تو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا کہ ٹھہرو اور یہ دعا پڑھی اور صحابہ سے پڑہوائی۔ اصحاب نے آپ کے حکم کے موافق عمل کیا۔ بعد ازین آپ نے فرمایا کہ ٹھہرو ادخلوا علیٰ برکت اللہ پھر وہان سے آگے بڑہکر منزل منزلہ مین اُترے اور نماز کے لیے وہان ایک مکان معین کیا۔ وہان تہجد کی نماز پڑھی۔ پھر ایک ساعت وہان آرام فرمایا۔ پھر وہان سے آپ کی ناقہ شریف تھوڑی دور چلکر بیٹھ گئی۔ وہ جگہہ لشکرگاہ مقرر ہوئی اور مسجد کے لیے دوسرا مکان تجویز کیا گیا نماز فجر کی آپنے سویرے تاریکی مین اول وقت پڑھی۔ اور یہ عادت شریف آپ کی تھی کہ صبح کیوقت آپ دشمن کی فوج پر حملہ کرتے تھے" اور یہود خیبر اوس رات کو ایسے غافل سوئے کہ آپ کے آنے کی اُن کو اصلا خبر نہ ہوئی۔ اور حالانکہ وہ آپ کے آنے کی خبر سُنکر بہت

ہوشیار ہو گئے تھے اور ہر شب قوم کے بہادر لوگ پھرے دیا کرتے تھے" مگر اوس شب جب آپ نے وہان نزول اجلال فرمایا ہے صبح تک کوئی شخص نہ جاگا۔ نہ مرغ نے بانگ دی نہ چارپایون نے حرکت کی سب کے سب آفتاب کی طلوع ہونے کے وقت بیدار ہوئے۔ اور فوراً پھاوڑے کدال لیکر دروازے کھولکر باہر نکلے جب لشکر اسلام کو دیکھا تو اُلٹے پاؤن پیچھے پھرے اور قلعہ مین بھاگے اور پکارے واللہ محمد والخمیس۔ اور خمیس اوس لشکر کا نام ہے کہ وہ پانچ حصون پر منقسم ہو۔ مقدمہ۔ میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ۔ حضرت صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے یہ حال مشاہدہ کیا تو فرمایا۔ اللہ اکبر خیبر فتح ہوگا کہ اُن کے ہاتھ مین پھاوڑے اور کُدال زمین کھودنے اور خراب کرنے کے آلات ہین" اس حالت سے قوم کو دیکھکر آپ نے تفاول کیا۔ یا وحی کے ذریعے سے خبر ہوئی ہوگی۔ یہود لشکر اسلام کو دیکھکر قلعہ مین گھس گئے۔ اور سلام بن مشکم کو خبر کی۔ اوسنے کہا کہ مین نے تمسے پہلے کہا تھا کہ محمد صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے باہر نکلکر لڑنا تم نے نہ مانا۔ اب بھی کچھ نہین گیا ہے۔ اون سے لڑنے مین کوتاہی نہ کرو اسلیے کہ لڑائی مین مرنا بہتر ہے بہ نسبت اسکے کہ قید مین مرو۔ سلام بن مشکم کی اس بات کو سُنکر وہ سب لڑائی پر مستعد ہو گئے اور اپنے اہل وعیال کو حصار کتیبہ مین رکھا۔ اور غلہ اور ذخیرہ حصار ناعم اور حصار صعب مین رکھا اور اُن دونون حصارون کو خوب مستحکم کر دیا۔ اور اہل حرب حصار نطاۃ مین جمع ہوے اور سلام بن مشکم کو باوجودیکہ وہ مرض صعب مین مبتلا تھا حصار نطاۃ مین اپنے ہی ساتھ رکھا۔ کہ وہ لوگون کو جنگ پر برانگیختہ کرتا رہے مگر وہ فتح خیبر سے پہلے ہی مرگیا۔

پھر جب حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو معلوم ہو گیا

کہ اہل خیبر جنگ پر آمادہ ہین تو آپ نے صحابہ کو نصیحت کی اور جہاد پر آمادہ کیا۔ اور فتح خیبر کا مژدہ اون کو سُنایا۔ اور فرمایا کہ اگر صبر کروگے تو فتح اور غنیمت پاوگے۔

پھر چونکہ لشکر گاہ حضور پُر نور صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا نطاۃ کے نزدیک جھاڑیون اور نشیب مین بموقع واقع تھا اسلیے حباب بن المنذر نے حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کی کہ یہ جگہہ قلعہ سے بہت قریب ہے اور سب اہل حرب اسی قلعہ مین جمع ہین اور ہمارے حال سے واقف ہین اور اُن کے تیر ہمارے لشکر مین آتے ہین اور ہم اُن کے حال سے کچھ خبر نہین رکھتے۔ اور ہمارے تیر بھی وہان نہین پہنچتے۔ اور اون کے شبخون سے بھی ہم بے خوف نہین۔ اور ہوا بھی یہان کی متعفن ہے۔ اگر ارشاد ہو تو کوئی اور جگہہ ان خرابیون سے خالی لشکر کے واسطے تلاش کرین۔ آپ نے فرمایا کہ بہتر ہے۔ پھر آپ نے محمد بن سلمہ رضی اللہ تعالے عنہ کو بُلا کر ارشاد کیا کہ کوئی مکان اِن قباحتون سے پاک تلاش کرو۔ وہ موافق ارشاد فیض بنیاد حضرت خیر العباد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے گئے اور مقام رجیع کو ان قباحتون سے پاک وصاف پایا۔ پھر حضور پر نور صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وصحابہ وسلم سے عرض کی آپ نے فرمایا کہ شب کو وہان چلین گے۔ پھر اوسی منزل مین جہان اُترے تھے اہل نطاۃ سے جنگ شروع ہوگئی۔

آغاز جنگ خیبر

اہل سیر لکھتے ہین کہ جو تیر اہل حصار کا لشکر اسلام مین آتا تھا وہی چُنکر اہل اسلام اون کو مارتے تھے۔ اور اوس دن گرمی بہت تھی۔ محمود برادر محمد بن مسلمہ اوس روز بہت لڑے۔ آخر کو گرمی کے سبب سے اور ہتھیارون کی گرانباری کیوجہ

سے قلعہ ناعم کے نیچے جاکر سو رہے اس خیال سے کہ وہان کوئی نہ ہوگا۔ پہر جب مرحب یہودی یا کنانہ بن ابی الحقیق نے سوتا ہوا دیکہا تو قلعہ پر سے ایک پاٹ چکی کا اون پر ڈالدیا۔ وہ اون کے سر پر پڑا۔ خود سر مین گھس گیا اور چمڑا پیشانی کا چھلکر موںھہ پر لٹک پڑا۔ لوگ اُن کو وہان سے اُٹھا کر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین لائے پہر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اوس چمڑے کو اوسکی جگہہ چپکا دیا اور اُن کے سر کو ایک کپڑے سے باندہ دیا۔ پہر وہ اوسی زخم سے وہین خیبر مین شہید ہوئے۔

اور منقول ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حسب مشورۂ حباب بن المنذر رضؓ کھجوروں کے درخت کاٹنے کا حکم دیا پہر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے عرض کرنے سے یہ حکم ملتوی ہوا۔ مگر اسوقت تک چارسو درخت کٹ چکے تھے۔ پھر شب کے وقت لشکر ظفر پیکر نے اوس مقام کی عفونت اور ردائت کے سبب سے کوچ کر کے رجیع مین مقام کیا۔ اور آپ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو لشکر کا خلیفہ مقرر کیا پہر ہر روز حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قلعہ نطاۃ کے میدان مین جاکر جنگ کرتے تھے۔

اس غزوے مین حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے دو رآیت تیار کیے تھے ایک رایت سیاہ تہا اسکا نام عقاب تہا اور اس مین حضرت ام المؤمنین عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرۂ شریفہ کے دروازہ کے پردہ کا پھریرا تہا اور دوسرا سفید تہا اور سوا ان دو کے اور بھی لوا تھے۔ اور اس غزوہ مین مسلمانون کا شعار یا منصور اَمِت اَمِت تہا۔ یعنی اے فتحمند مار مار ہر واحد تم مین کا کافرون کو مار ڈالے۔ کذا فی نہایہ والمرقات۔

اور اس عرصہ مین پچاس مسلمان زخمی ہوے۔ کہتے ہین کہ جب لشکر اسلام خیبر مین

پہونچا تو ہوا نہایت گرم اور متعفن تھی اور خُرمے گدرائے ہوئے تھے پختہ نہین ہوئے تھے
صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم نے جو وہ کہائے تو اکثر اُن مین سے مبتلائے تپ ہوئے
اور یہ شکایت حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم مین پیش کی گئی۔ حضور پُرنور
نے ارشاد فرمایا کہ مشکون مین پانی ٹھنڈا کرو اور اذان و اقامت کے درمیان
وہ پانی اُن تپ زدہ لوگون پر ڈالو اور اللہ جل شانہ کا نام مبارک لیتے جاؤ۔

پھر حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے ارشاد کے
موافق یہ عمل کیا گیا اور اللہ تعالےٰ شانہٗ نے سبکو شفا بخشی الحمد للہ۔

اور لشکر یہود مین عامر نام ایک یہودی تہا اوسکا ایک غلام حبشی تہا بکریان
اوس یہودی کی چرایا کرتا تہا۔ جب اہل حصار قتال پر آمادہ ہوگئے تو اوس غلام
نے اُن لوگون سے پوچھا کہ تمہارا کیا قصد ہے اُن لوگون نے جواب دیا کہ ہم اس
شخص سے جو نبوت کا دعویٰ کرتا ہے مقابلہ کرین۔ اس بات سے اوس کے دل
مین ایک نور پیدا ہوا جس نے اُسے اسلام کی حقانیت کی طرف مائل کیا۔
وہ اپنی بکریان آگے ہانک کر حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے
حضور مین حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم
آپ کس بات کا حکم کرتے ہین آپ نے فرمایا کلمۂ شہادت کا اوسنے عرض کی کہ جب
مین یہ کہون تو مجھے کیا چیز ملیگی آپ نے فرمایا بہشت اگر تو اسپر ثابت رہا وہ
فی الحال مسلمان ہوگیا اور اوسنے عرض کی کہ یہ بکریان میرے پاس امانت ہین
مین یہ چاہتا ہون کہ یہ اپنے مالک کے پاس پہنچ جائین۔ آپ نے فرمایا
کہ ان کو لشکر سے باہر بہیجا اور اُن پر ایک آواز مار اور چند کنکریان اُٹھا کر
اُن پر مار اللہ تعالیٰ شانہ تجھسے یہ امانت ادا کروا دیگا۔ اوسنے ویسا ہی کیا
وہ بکریان اپنے مالک کے گھر پہنچ گئین۔

اور اوس غلام حبشی نے ہتھیار لیکے لڑنا شروع کیا اور اتنا لڑا کہ شہید ہوگیا۔ آپ نے اوسکے حق مین فرمایا کہ کام تہوڑا کیا اور مزدوری بہت پائی اور ایک روایت مین آیا ہے کہ جب وہ شہید ہوا تو مسلمان اوسکو اُٹھا کر خیمہ مین لائے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اوسکے حال سے خبر دی آپ نے فرمایا **عملاً قلیلاً واجراً کثیراً** یعنی تہوڑا کام کیا اور مزدوری بہت پائی۔

اور ایک روایت مین ہے کہ حضرت بنفس نفیس خود اوس خیمہ کے پاس تشریف لائے اور سر مبارک اوس خیمہ کے اندر کیا اور فرمایا کہ بیشک اللہ تعالےٰ شانہ نے اس غلام حبشی کو مکرم کیا اور درجات بہشت کو پہنچایا اور دیکھا مین نے کہ دو حورین اوس کے بالین پر بیٹھی ہین۔

اور بعض احادیث مین وارد ہے کہ اوس بندے کو اُٹھا کر جنت مین لے گئے اور یہ داخل ہونا جنت کا ہوسکتا ہے۔ اسلیے کہ جنت موجود ہے۔ مگر قیامت کے دن اوس بندے کو جنت سے موقف مین لائینگے۔ باوجودیکہ جنت مین داخل ہونے کے بعد پہر اوس مین سے نکلنا نہین ہے۔

یہان پر دو قول ہین ایک یہہ ہے کہ مراد دخول سے یا تو استعداد دخول جنت ہے چنانچہ

فضیلت آیۃ الکرسی

پڑہنے والون مین بعد ہر نماز فرض کے آیا ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے **ما یمنعہ من دخول الجنۃ الا الموت** یعنی نہین منع کرتا ہے کوئی اوسکو جنت مین داخل ہونے سے مگر موت کہ مراد اس سے استعداد ہے دخول جنت کی اور ظاہر یہ ہے کہ کہا جاوے مراد دخول سے دخول ارواح کا ہے سبز پرندون کے جسم مین سماکر۔ جیسا کہ فضیلت شہدا مین وارد ہے کذا فی

اور اس مقام مین ہر رات کو حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم ایک صحابی کو لشکر کی حفاظت کے واسطے مقرر فرماتے تھے۔ ایک شب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس خدمت پر مامور ہوئے اس شب مین ایک یہودی کو کچھ لوگ پکڑ کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس لائے۔ آپ نے اُسے قتل کا حکم دیا اوسنے کہا کہ مجھے پہلے اپنے پیغمبر کے پاس لے چلو اُن سے کچھ کہنا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ اوسکو حضور پُر نور صلے اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے پاس لائے اوسنے سلام کیا آپ نے سلام کا جواب دیکر اوس سے خبر اہل خیبر کی دریافت کی۔ اوسنے کہا یا ابا القاسم اگر مجکو امان دیجئے تو مین سچ سچ کہدون آپ نے فرمایا کہ امان دی اوسنے کہا کہ حصن نطاۃ سے مین اوس حالت مین باہر نکلا ہون کہ اُن کا کام بالکل بے انتظام تھا اور آپ سے وہ بہت ڈرے ہوے ہین اور میرا گمان ہے کہ وہ لوگ آج حصن نطاۃ سے بھاگ کر حصن شق مین آجاوینگے اور یہ قلعہ ہے کہ ہتھیار بند اور جملہ اسباب اور سامان جنگ اسمین ہین کل کو جو مین قلعہ مین آؤن تو تم بھی قلعہ مین آنا۔ آپ نے فرمایا انشاء اللہ تعالیٰ یہودی نے بھی کہا انشاء اللہ تعالیٰ مین بھی آپ کو سب مقام بتاؤنگا الغرض حصن نطاۃ دوسرے دن فتح ہوا۔ بعد ازان حصار شق بھی فتح ہوا۔

محمد بن اسحاق کہتے ہین رحمۃ اللہ علیہ کہ اوّل خیبر کے قلعون سے قلعہ ناعم فتح ہوا ہے واللہ اعلم۔

مروی ہے کہ ایک روز قلعہ صعب پر لڑائی ڈالی وہان سے مرحب یہودی باہر نکلا اور مبارز طلب کیا۔ عامر بن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ اوس سے مقابل ہوے مرحب نے تلوار عامر پر چلائی اور اونہون نے ڈھال پر لی تلوار ڈھال مین گھس گئی

عامر نے بھی تلوار مرحب پر چلائی مگر خالی گئی اور انہین کے زانو پر آلگی اور وہ اوسی زخم سے فوت ہوے۔ پھر اون کو رجیع کے مقام مین ایک ہی قبر مین محمود بن سلمہ کے ساتھہ دفن کیا۔ اور عامر کے برادرزادے سلمہ بن الاکوع کہتے ہین۔ کہ جب حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خیبر سے مراجعت فرمائی تو راہ مین آپ نے مجکو محزون اور ملول دیکھکر فرمایا کہ تیرے ملال کا کیا سبب ہے

اور ایک روایت مین ہے کہ مین روتا ہوا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس گیا اور عرض کی کہ یارسول اللہ اُسید بن حضیر اور ایک جماعت آپ کے یارون مین سے کہتی ہین کہ عامر کا عمل باطل ہوا کہ اپنے ہی ہاتھہ کے زخم سے مرے آپنے فرمایا کہ وہ غلط کہتے ہین اور خطا کی اُن لوگون نے اس مسئلہ کے سمجھنے مین۔ یہ خودکشی نہین ہے بے شک اوسکو دونا ثواب ہے اور آپ نے اپنی دونون انگشتان مبارک کو برابر ملایا اور فرمایا انہ لجاھد مجاھد یعنی اوسنے جہاد کیا کامل جہاد کرنے والون کا سا۔

اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا انہ لیقوم فی الجنۃ عوم الدعموص یعنی بیشک وہ قیام کرینگے جنت مین بلاقید یعنی جہان چاہینگے وہان سیر کرینگے۔

اور چونکہ لشکر اسلام مین سامان رسد از قسم خورش کم ہو گیا تھا تو مردان لشکر نے حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اپنا حال عرض کیا کہ ناگاہ قلعہ صعب سے بیس بکریان باہر آئین اور چرنے لگین۔ ابو الیسر کعب بن عمر انصاری اوس مین سے دو بکریان پکڑ لائے پھر وہ ذبح کی گیئن اور سب لشکر اون کے گوشت سے آسودہ ہو گیا۔

بیان حرمت متعہ۔ اور حرام ہونا گدہی کے گوشت کا

اور انہین ایام فرخندہ فرجام مین گوشت گدھے کا حرام ہوا۔ اور متعہ بھی حرام ہوا۔ اس کی بحث بہت طویل ہے ہماری کتاب اوس کی تشریح کے واسطے ہم کو اجازت نہین دیتی مجبور عنان قلم اوس طرف سے اصل مطلب کیطرف پھیری جاتی ہے۔ مختصر یہہ ہے کہ حضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے لشکر ظفر پیکر مین ملاحظہ فرمایا کہ چولھے روشن ہین۔ دیگین چڑھی ہین۔ آپ نے پوچھا۔ کہ اس مین کیا پکتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا کہ حمار اہلی کا گوشت آپنے حکم فرمایا کہ گوشت حمار اہلی کا اور ہر حیوان ذی ناب اور ذی مخلب کا حرام ہے۔ لشکر مین پکار دو اور ہانڈیاں جسمین وہ گوشت پک رہا تہا چولھے سے اُتروا کر زمین مین اُلٹوا دین۔ اور متعہ کرنا بھی عورتون سے حرام ہوا۔ کذا فی روضۃ الاحباب و مدارج النبوۃ

متعہ اُسے کہتے ہین کہ کسی عورت سے جو کسی مرد کے نکاح مین نہ ہو اوسے کہے کہ مین تجھ سے متعہ کرتا ہون صحبت کرنے کے لیے دس یا پانچ روپیہ پر دو روز یا سال بھر کے لیے پس متعہ ام حرام کیا گیا مباح ہونے کے بعد۔

اور اہل سنت والجماعت کے چارون مذہبون مین بالاتفاق حرام ہے اور اس حدیث کے راوی حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہ ہین۔ موطا اور بخاری اور مسلم اور ترمذی مین یہہ حدیث موجود ہے۔ شائقین ان کتابون کو ملاحظہ فرمالین۔

مسلم مین ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابی وسلم نے فرمایا کہ اذن دیا تہا مین نے تم کو متعہ کا عورتون کے ساتھہ۔ مگر اللہ شانہ نے اب حرام کیا اوس کو قیامت تک انتہے ۱۲

روایت ہے کہ جب لشکر اسلام نے حصار نطاۃ کا محاصرہ کیا تو مسلمانون پر

بہ سبب طوالت زمانۂ محاصرہ رسد کی کمی کی وجہ سے کہانے کی نہایت تکلیف ہوئی
توآپ نے اللہ تعالی شانہ کی جناب مین دعا کی کہ پروردگارا تعالی شانہ وہ
بڑا قلعہ کہ جس مین کہانے پینے کی شئے ہو جلد اسے فتح کردے تیرے ان بندون کو بہت
حاجت ہے اوس کی۔ پہر لشکر کو جمع کرکے آپنے نشان حباب بن المنذر کو دیا
اور فرمایا کہ ایکبار حملہ کردو۔ پہر سبنے حملہ کردیا اور اول جس گروہ نے اپنی جماعت
کو قلعہ صعب کے دروازے تک پہونچایا وہ قوم اسلم تھی پہر یہان تک لڑے کہ وہ

قلعہ صعب عنایت الٰہی سے فتح ہوا

اور بہت مال ومتاع اور کہانیکا سامان لشکر اسلام کو فضل خدا سے ملا یا تو لشکر اسلام مین
تنگی وعسرت تھی یا نہایت فراخی ہوگئی اوس قلعہ مین بہت مشکین شراب
کی نکلین؛

ایک مسلمان نے شراب پی لی تھی اُسکو سزادی گئی

ایک مسلمان نے کہ اُسکا نام عبداللہ حمار تہا تہوڑی سی شراب اوس مین
سے پی لی اوس کو صحابہ پکڑ کر حضور پُر نور صلے اللہ تعالٰے علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم کے حضور مین لائے حضرت کو یہ امر نہایت ناگوار ہوا آپ نے خود بنفس نفیس
اپنی نعلین مبارک سے تادیباً اوسکو مارا اور اُسوقت جو صحابہ وہان حاضر
تھے اون کو بہی حکم دیا اوسی طرح سے اُن حضرات نے بہی اوس کی تادیب فرمائی
اور یہ شخص شراب سے صبر نہین کرسکتا تہا کئی بار اُسکو اسی حرکت پر ادب دیا گیا
حضرت عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے کہا اَللّٰھُمَّ الْعَنْہُ ای اللہ تیری لعنت ہو اسپر
کہ اس فعل کے سبب سے باربار جوتیان کہاتا ہے اور باز نہین آتا۔

بیشک شرابی آدمی بیحیا ہوجاتا ہی

اکثر شراب پینے والے آدمی نشہ کی حالت مین برہنہ ہوجاتے ہین اور ایسی ایسی حرکتین کرتے ہین جنکا بیان کرنے سے شرم آتی ہے **یا اللہ** تو بڑا غفور الرحیم ہی جو مسلمان اس بلا مین مبتلا ہین اُن پر رحم فرما کہ وہ اس فعل قبیح سے تائب ہوجائین اللّٰھم آمین ثم آمین یا رب العٰلمین آمین ۵

نمید انند اہل غفلت انجام شراب آخر		بہ آتش میروند این غافلان از راہ آب آخر

حصار قموص کا محاصرہ

یہ قلعہ قموص خیبر کے سات قلعون مین سے ایک مستحکم قلعہ ہے اسکے محاصرے کے زمانہ مین حضرت پیغمبر صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو درد نیم سر کا لاحق ہوا۔ اور وہ قلعہ بہت مضبوط اور مستحکم تھا اور حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم بسبب درد سر خود تشریف نہ لیجاتے تھے۔ ہر روز ایک صحابی کو نشان دیکر جنگ گاہ مین روانہ فرماتے تھے ؎

صحیح حدیثون مین ثابت ہوا ہے کہ ایکدن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نشان لشکر لیکر قلعہ قموص کے نیچے آئے بہت سخت جنگ ہوئی مگر قلعہ فتح نہوا۔ دوسرے روز نشان لیکر حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ روانہ ہوے اور یہہ مقابلہ پہلے روز سے زیادہ سخت تھا لیکن قلعہ فتح نہ ہوا۔ واپس آئے۔

شب کو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک کل مین نشان اوس بہادر کو دونگا کہ وہ سخت لڑنے والا ہے اور اللہ تعالے شانہ اوسکے ہاتھ پر اسی قلعہ کو فتح کریگا اور وہ اللہ اور اللہ کے رسول کو دوست رکھتا ہے

اور اللہ اور اللہ کا رسول اسکو دوست رکھتا ہی

اور ایک روایت مین ہو کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے محمد بن مسلمہ سے فرمایا کہ بشارت ہو تجکو کہ کل تیرے بھائی کا قاتل مارا جائیگا۔"
سہل بن السعد ساعدی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے ہین کہ جب آپنے یہہ بات فرمائی تو تمام صحابہ مین یہہ گفتگو تھی کہ دیکھیے کل ہم مین سے کسکو نشان عنایت ہوتا ہے۔"

علم دینا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کا حضرت علیؑ کو فتح قموص کے روز

بریدہ بن الحصیب کہتے ہین جس کو کچھ بھی قدر و منزلت حضرت کی مجلس شریف مین تھی اوسکو بھی یہ تمنا تھی کہ نشان آج مجھے عنایت ہو۔
اور روایت ہے کہ قریش کی ایک جماعت نے کہا کہ ضرور حضرت کی اس تقریر سے علی ابن ابیطالب مراد نہین ہین اسلیے کہ اُن کی آنکھین دُکھتی ہین۔ ایسی جوشش کر آئی ہین کہ اُن کو اپنے پاس کی چیز نظر نہین آتی۔
جب حضرت علیؑ نے یہہ سُنا تو آپ نے یہہ دعا مانگی اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت یعنی اے اللہ جسے تو دیتا ہے اوسے کون منع کرنے والا ہے اور جسے تو نہین دیتا اوسے کوئی دینے والا نہین۔ اسی درد چشم کے سبب سے حضرت علیؑ مرتضیٰ آپ کی ہمراہی سے رہگئے تھے۔ پھر اپنے دل مین یہہ بات سمجھکر کہ حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم سے تخلف کرنا اچھا نہین خیبر مین آکر آپ سے ملے۔

ایاس بن سلمہ بن الاکوع اپنے باپ سے روایت کرتے ہین کہ اگلے روز پھر صبح کو سب لوگ حضرت کے خیمہ کے دروازہ پر آکر حاضر ہوے اور سب کے سب امیدوار تھے کہ یہ دولت ہمارے ہی نصیب مین ہو سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ اُنھون نے کہا کہ مین حضرت صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے روبرو دوزانو بیٹھا اور پھر اُٹھکر کھڑا ہوا۔ اس امید پر کہ شاید وہ آدمی مین ہی ہون

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالے عنہ حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے کہ ہرگز مین نے امارت کو دوست نہین رکھا مگر اوس دن۔

پھر حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم خیمہ سے باہر تشریف لائے اور پوچھا کہ علیؓ بن ابی طالب کہان ہین۔ لوگون نے عرض کی کہ اُن کی آنکھین دُکھتی ہین فرمایا کہ اُن کو لاؤ پھر سلمہ بن الاکوع گئے اور حضرت علی کا ہاتھ پکڑ کر لائے حضرت علی رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہین کہ جب مین حضرت صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ وسلم کے پاس آیا تو حضرت نے میرا سر اپنے آغوش مبارک مین لیا اور لعاب اپنے دہن مبارک کا میری آنکھون مین لگا دیا اوسکی برکت سے میرا درد چشم جاتا رہا پھر جب سے مین کبھی عارضۂ درد سر اور درد چشم مین مبتلا نہین ہوا۔

پھر آپ نے میرے لیے دعا فرمائی کہ اے بارخدایا سردی اور گرمی اس کی دور کر حضرت علی رضی اللہ تعالے عنہ فرماتے ہین کہ اوس دن سے سردی و گرمی کی ایذا مجھے محسوس نہین ہوئی۔ یہان تک کہ بہت گرمی مین آپ روئی کے کپڑے پہنتے اور بہت سردی مین باریک کپڑے پہنتے اور کچھ ایذا آپ کو نہ ہوتی۔

پھر حضرت صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے اپنی زرہ اپنے دست مبارک سے آپ کو پہنائی اور ذوالفقار کمر سے باندھی اور نشان اون کے ہاتھ مین

دیا اور فرمایا کہ جاؤ اور کسیطرف التفات نکرو جب تک کہ فتح نہ کردے اللہ تعالیٰ شانہ تمپر اس قلعہ کو حضرت علی رضہ نے عرض کی کہ کس چیز پر قتال کروں مین اُن سے آپ نے ارشاد فرمایا کہ قتال کر اُن سے یہان تک کہ کہین وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور جب گواہی دی اونہون نے اس کی تو بچاے اونہون نے خون اور مال اپنے اس کلمہ کی وجہ سے اور حساب اُن کا اللہ تعالیٰ شانہ پر ہے

اور ایک روایت مین ہے کہ جب علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نشان لیکر چلے تو عرض کی کہ یا رسول اللہ قتال کرون مین اُن سے یہان تک کہ ہوجاوین وہ مثل ہمارے یعنی مسلمان ہوجاوین۔

حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اے علیؓ جلدی مت کر اور چلا جا یہان تک کہ اُن کے میدان مین پہنچکر ٹھہر اور پہر اون کو دعوت اسلام کر اور ادا ے حقوق اللہ کہ اوس نے اپنے بندون پر واجب کیے ہین اُنسے اُنکو آگاہ کر اور قسم ہے خدا کی اگر ایک آدمی کو اللہ تعالیٰ شانہ تیرے سبب سے ہدایت کرے تو وہ تیرے لیے بہتر ہے اس سے کہ تو ہزار اونٹ صرف کرے اللہ تعالیٰ شانہ کی راہ مین مراد اس سے یہہ ہے کہ ہدایت کرنا اللہ کے بندون کو سبب ہے ثواب آخرت کا اور یہہ ثواب افضل ہے متاع دنیا سے۔ اسلیے کہ اللہ تعالیٰ شانہ کی راہ پر بندون کو لگا دینا افضل ہے جملہ اعمال صالحات سے اور تصدق سے گو کہ وہ عبادات متعدی ہے چنانچہ مستند کتب مین ہے کہ

اللہ تعالیٰ شانہ کا ذکر افضل ہے

چاندی سونا خرچ کرنے سے اللہ کی راہ مین پس اس قول مین فکر اور تدبر کر۔ پہر حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ نشان لیکر چلے اور قلعہ قموص کے نیچے

پہونچکر ایک سنگریزون کے ڈھیر پر نشان اپنا گاڑدیا- ایک یہودی نے حصار کی دیوار پر سے پوچہا کہ اے صاحب علم تو کون ہے اور تیرا نام کیا ہے آپنے فرمایا کہ مین

علیؑ ابنِ ابی طالب ہوُن

یہ سُنکر اس یہودی نے اپنی قوم سے کہا کہ قسم ہے توریت کی اب تم مغلوب ہوی اور یہہ آدمی بے قلعہ فتح کیے ہوے نہ جائے گا-

پہر اوّل جو شخص قلعہ سے باہر نکلا وہ حارث یہودی تہا- اور لڑنے لگا- دو مسلمان اوس کے ہاتہہ سے شہید ہوے اور اوس کے نیزے کی پہال تین سیر کی تہی-

حضرت شیر خدا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے اوسے تلوار کی گہاٹ اوتار کر داخل جہنم کیا

مرحب نے جب اپنے بہائی کو مردہ دیکہا فوراً اپنی جماعت کے ساتہہ حصار سے باہر نکلا اور رجز پڑہی اور وہ اپنی قوم مین بڑا بہادر او شجاع تہا- اور بڑا طویل القامت تہا وہان اوس کا کوئی ثانی نہ تہا- اوس دن وہ دو زرہین پہنے ہوے تہا اور دو تلوارین حمایل کیے ہوے اور دو عمامے باندہے ہوے تہا اور خود بھی اوس کے سر پر تہا اور تین سیر کی پہال کا نیزہ اوسکے ہاتہہ مین تہا-

حضرت شیر خدا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اون کا مقابلہ کیا مرحب نے چاہا کہ پیشدستی کرے حضرت شیر خدا نے اوس پر سبقت کرکے ذوالفقار کا وار اوس کے سر پر کیا- وہ شمشیر رسولؐ برحق جو شیر خدا کے قبضہ مین تہی خود اور عمامہ اور سر کو کاٹ کر حلق تک اُتر آئی

پہر جملہ مسلمانون نے حضرت شیر خدا کیساتہہ یہودیون پر حملہ کردیا- اور بازار قتال خوب گرم ہوا- حضرت شیر خدا کے ہاتہہ سے سات یہودی جو بہادران قوم سے تہے قتل ہوے بس اون کے پاؤن اوکھڑ گئے اور

قلعہ کی طرف بہاگے حضرت شیر خدا اُن کے تعاقب مین تہے کہ ایک یہودی نے ایک ضرب آپ کے دست مبارک پر ماری۔ آپ کے ہاتھ سے سپر گر پڑی۔ دوسرے یہودی نے وہ سپر اُٹھالی۔ اُسوقت آپ پر منجانب اللہ ایک حالت طاری ہوئی اور روحی قوت سے آپ کو عالم الغیب نے مدد پہنچائی۔ آپ نے اُسی قوت کی مدد سے حصار کے دروازہ پر پہنچکر ایک پٹ حصار کے دروازہ کا اوکھاڑلیا اور اوسکو اپنی پشت کیطرف پہینکدیا۔ جب محاصرین قلعہ قموص نے یہہ واقعہ دیکھا تو امان طلب کی شیر خدا نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اجازت طلب کی آپ نے اس شرط سے اُن کو امان دی کہ نقد اور سلاح جنگ مسلمانون کو دیدین۔ اور کچہہ چھپا کر نہ رکھہ لین اور اگر اس کے خلاف کرین توحکم امان منسوخ ہوجائیگا۔ اور یہ شرط بھی تھی کہ ہر مرد ان مین سے ایک اونٹ بہر کر غلہ اپنے ساتھ لے جائے اور شہر خالی کردے۔

روایت ہے

کہ وہ کواڑ جو آپ نے پہینکا تہا اسّی بالشت کے فاصلہ پر جاکر گرا تھا سات آدمیون نے چاہا کہ اوس کواڑ کو ایک طرف سے دوسری طرف پیٹین تو نہ پلٹ سکے پہر چالیس آدمیون نے چاہا کہ اُسے اُٹھالین۔ اُن سے بھی نہ ہوسکا۔

مدارج النبوت مین ہے کہ وزن اوس کواڑ کا تین سو من کا تہا۔ بعض حضرات فرماتے ہین کہ عرب مین من ایک سیر کو کہتے ہین جیسا کہ فقہ کی کتابون مین ہے ؎

در وضو آب یک من و نیم است

یعنی وضو کے لیے ڈیڑھ سیر پانی کافی ہے۔ مگر اس بیان سے کہ چالیس آدمی اُسے اُٹھا نہ سکے یہی من سمجھ مین آتا ہے جو ہندوستان مین چالیس سیر کا ہوتا ہے

واللہ اعلم بالصواب۔

روایت ہے

کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم قلعہ قموص مین بافتح وظفر داخل ہوے اور کنانہ بن الحقیق جو قوم یہود کا سردار تہا آپ کی حضور مین حاضر کیا گیا آپ نے اوس سے پوچہا کہ تیرے باپ کا خزانہ کہان ہے اور وہ خزانہ ایک پوست شتر تہا جو سونا اور چاندی او عقود جواہر سے بھرا ہوا تہا۔ اوس نے عرض کی کہ یا ابو القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہمنے لڑائیون مین اور دوسرے کامون مین صرف کرڈالا۔ اب کچھ ہمارے پاس نہین ہے۔ اور اوس نے قسم کھائی۔ آپ نے فرمایا کہ اگر اس کے خلاف ثابت ہوا تو بے شک تو قتل کیا جائیگا اوسنے کہا ہان۔ آپ نے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ اور ان حضرات کے سوا اور دس آدمیون کو اسپر گواہ کیا اللہ تعالیٰ شانہ نے اپنے پیغمبر کو اوس خزانہ کی جگہہ پر مطلع فرمایا

اور ایک روایت مین ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سلام بن الحقیق سے پوچہا کہ تجہہ کو اوس خزانہ کی خبر ہے اوس نے عرض کی کہ مجکو اس کی کچہہ خبر نہین سوا اسکے کہ اپنے بہائی کنانہ کو کہ ہبح کو فلان ویرانے مین جاتا ہے اور اوس کے گرد پہرا کرتا ہے اگر کچہہ مدفون ہوگا تو اوس مین ہوگا۔ پہر حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے زبیر بن العوام کے ساتہہ ایک جماعت کرکے اوس ویرانے مین بہیجا اون لوگون نے وہان جاکر اُسے کہودا اور اوس خزانہ کو نکالا۔ اور حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین لائے۔

جب یہ عذر اون کا ثابت ہوا تو حکم امان اون سے اٹھ گیا
پھر آپ نے کنانہ کو محمد مسلمہ کے سپرد کیا کہ اپنے بھائی کے عوض مین قتل کرے
اور باقی یہودیون پر آپ نے احسان کیا اور چھوڑ دیا اور ان کی عورتون کو اسیر
کرلیا اور ان کے مال کو غنیمت کیا اور بہت سامان مسلمانون کے ہاتھ لگا۔

کہتے ہین کہ حصار قموص مین سے کہ کنانہ وہان کا سردار تھا سو زرہین اور
چار سو تلوارین اور ہزار برچھے اور پانچ سو کمانین ہاتھ آئین اور سوا اس کے اور
بھی بہت کچھ سامان ملا ہذا اقتبس من روضۃ الاحباب ؏

اور ایک روایت مین ہے کہ **اللہ تعالیٰ شانہ** نے حضرت صلی اللہ تعالے
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اوس دفینہ سے آگاہی دی آپ نے اوس اطلاع کے
موافق زبیر بن العوام کو بھیجکر وہ خزانہ نکلوایا۔ اور کنانہ کو بلا کر آپ نے فرمایا
کہ خبر آسمانی سے تیرا جھوٹ ثابت ہوا۔ لہذا امان تیری تیرے عہد کے موافق
ٹوٹ گئی۔ اور محمد مسلمہ کے بھائی کے جرم قتل مین کنانہ قتل کیا گیا۔ اور آپ کے
حکم کے موافق سب غنایم اقمشہ اور امتعہ اور اسلحہ اور اطعمہ اور مواشی حصار نطاۃ
مین جمع کیے گئے اور فرمایا کہ پکار دو کہ ایک دھاگے اور سوزن کے مقدار کے
موافق بھی جس کے پاس مال غنیمت ہو وہ چھپا نہ رکھے کہ خیانت مال غنیمت
مین سبب عار و ننگ اور باعث عذاب نار دوزخ کا ہے۔

اور مروی ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ایک
حبشی غلام تھا کہ مال ومتاع اوس کی تحویل مین رہتا تھا نام اوس کا کرکرہ
تھا اور وہ اونہین دلون مین مر گیا تھا حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم نے فرمایا کہ وہ نار دوزخ مین ہے۔ صحابہ نے جو اوسکے اسباب کو دیکھا اوس
مین سے مال غنیمت کی ایک کملی ملی کہ قبل تقسیم غنیمت کے اوسنے لے لی تھی۔

اور ایک صحابی اونہین دنون مین مرگئے تھے۔آپ کو لوگون نے اُن کی نماز جنازہ کی اطلاع کی آپ نے فرمایا کہ تم اوسپر نماز پڑہو مین نہ پڑہونگا۔آپ کے اس ارشاد سے چہرہ لوگون کا متغیر ہوگیا۔آپ نے فرمایا کہ تمہارے اس یار نے مال غنیمت مین سے خیانت کی تھی۔

پھر لوگون نے اُسکا اسباب دیکھا تو مال غنیمت کے چند مہرہ ہائے یمانی نکلے جو یہود اکثر اونہین پہنا کرتے تھے۔قیمت اِن کی دو درم سے بھی کم کی تھی

اسرار نبوت یہہ واقعات آپ کو انوار نبوت کی روشنی سے دریافت ہوے تھے۔اتنی بڑی فوج تھی آپ اُن لوگون کے اسباب کی تلاشی تو لیتے ہی نتھے مگر یہہ حالات آپ پر منکشف ہوگئے‘‘

مال غنیمت جانبازون کا حق ہی

اور اوس کی تقسیم خاص امام جہاد کا کام ہے۔وہ شرعی تقسیم کردے گا۔جانبازون کو اسکا بہت خیال چاہیے ایسا نہ ہو کہ اتنا بڑا ثواب جسے اِن بہادرون نے جان دیکر حاصل کیا ہے مفت مین رائگان ہو جائے اور ثواب کے بدلے عذاب بھگتنا پڑے

علمار حمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہین کہ مال غنیمت مین سے قبل تقسیم نفع لینا جائز ہے اونٹ گھوڑے بیل کے چارے مین سے‘‘

اور درست ہے کہانا غلہ اور شکر اور میوہ تر و خشک اور گھی اور تیل کا اور لکڑی اور ہتھیار سے بھی نفع اُٹھانا درست ہے اور مفصل بیان اس کا بڑی بڑی کتابون مین موجود ہے شوقین کتب بین اُسے ملاحظہ فرمائین۔

بیان تقسیم غنایم فتح خیبر

جب اموال غنیمت جمع ہوچکا تو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوس کو تقسیم کیا" ایک ایک حصہ پیادون کو دیا اور تین تین حصے سوارون کو اس مین دو حصے تو گھوڑے کے اور ایک سوار کا پیادون کی برابر کما قال النافع"

اور قول امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہہ ہے کہ سوار کو دو سہم اور پیادہ کو ایک سہم کذا فی المدارج - اور قول صاحبین کا ہے کہ تین سہم سوار کو ایک سہم پیادے کو اور یہی قول امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے - اس اختلاف کی سیر بڑی بڑی کتابون مین اپنے اپنے دعوون اور ثبوت کے ساتھہ ہین اون کتابون کی سیر کی جائے اور علمار کا اختلاف رحمت ہے اور مال غنیمت مین کئی صحیفہ توریت کے بھی تھے تو یہودی اون صحیفون کو مانگنے آئے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حکم دیا کہ وہ صحیفے یہودیون کو دے دیے جایئن"

اور اُن عورتون کو جو لشکر کے بیمارون اور زخمیون کی خدمت کرنے کو ساتھہ تہین اون کو حصہ سے کچھ کم دیا - اور حکم کیا غنایم خیبر کو بیچو اور دعا برکت اور رواج کی اُنپر کی تو آپ کی دعا کی برکت سے سوداگر ہر طرف سے آئے اور اوس مال کی خوب بکری ہوئی دو روز مین وہ سب مال بک گیا"

منقول ہے کہ باوجود ظاہر ہونے اُن کے غدر کے یعنی یہود کے کہ حکم امان اون سے اُٹھ گیا تہا پہر بہی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اونپر احسان کیا اور اُن کے قتل سے درگذرے اور حکم کیا اون کو خیبر سے نکل جانے کا پہر یہود نے آپ سے التماس کیا کہ جو مسلمان اپنے اپنے باغات اور زمینون کی خدمت کرینگے تو بجائے اسکے ہمسے اوس مین خدمت لین اور مزدوری

ہم کو دیا کریں اور وہ خود اوس محنت و مزدوری سے فارغ البال رہیں اور ہم کو سوائے مزدوری کے اوس میں کچھ دعویٰ نہیں۔ حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اون پر رحم کرکے یہہ خدمت اون کے لیے مقرر کی॥

اس شرط پر کہ آدھا حاصل باغ اور زراعت کا ہمارے بیت المال میں داخل کریں اور آدھا اپنی مزدوری میں لیں اور اس معاملہ کا نام **مخابرہ** ہے اسلیے کہ خیبریوں سے آپ نے یہہ معاملہ کیا تھا॥

اور حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہر سال عبد اللہ بن رواحہ کو باغات خیبر کی نگاہداشت کے واسطے بھیجتے تھے وہ جاکر نصف مال جو بیت المال سے متعلق ہوتا تھا وہ اون سے تحصیل کراتے تھے۔ کذا فی روضۃ الاحباب॥

اور ایک حصہ پورا خمس میں سے آپ نے بنی ہاشم و بنی مطّلب کو عنایت کیا چنانچہ جبیر بن مطعم سے مروی ہے کہ کہا اونہوں نے جب حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حصہ ذوی القربیٰ کا یعنی خمس غنیمت کا درمیان بنی ہاشم اور بنی مطلب کے تقسیم کیا تو حاضر ہوا میں اور عثمان بن عفان حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے پاس اور عرض کی ہم دونوں نے کہ یا رسول اللہ یہہ لوگ ہمارے بھائی ہیں بنی ہاشم میں سے انکار نہیں کرتے ہم ان کی بزرگی آپ کے سبب سے ہے کہ آپ کو اللہ تعالےٰ نے اون میں پیدا کیا۔ لہٰذا وہ ہمسے افضل ہوے اس لیے کہ وہ قرابت میں بہ نسبت ہمارے آپ سے زیادہ قریب ہیں سو جہ یہ ہے کہ جد اون کے اور آپ کے ایک ہیں کہ وہ ہاشم ہیں اگرچہ جد اون کے اور ہمارے بھی ایک ہی ہیں یعنی عبد مناف॥

خبر دیجیے اسکی کہ کس سبب سے دیا آپ نے ہمارے بھائیون کو کہ وہ بنی مطلب ہیں اور چھوڑا آپ نے ہم کو اور یہ بات تحقیق ہے کہ قرابت ہماری اور اون کی ایک ہے

یعنی باپ اُن کے مطلب بھائی ہاشم کے ہین اوراسی طرح ہمارے باپ بھی ۔۔
پس پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم نے فرمایا کہ سوا اسکے نہین کہ بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہین اسطرح سے کہ داخل کین آپ نے انگلیان ایک ہاتھہ کی دوسرے ہاتھہ کی اُنگلیون مین نقل کی یہہ بات امام شافعی نے ۔۔
اور روایت مین ابو داؤد اور نسائی کے مانند اسکے ہے اور اوس مین یون ہے کہ فرمایا حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ ہین اور بنی مطلب نہین جدا ہوے جاہلیت مین اور اسلام مین اور سوا اسکے نہین کہ ہم اور وہ ایک چیز ہین اور داخل کین ایک ہاتھہ کی اُنگلیان دوسرے ہاتھہ کی انگلیون مین کما رواہ ابو داؤد والنسائی ۔۔

واضح ہو

کہ یہہ سب اولاد عبد مناف کی اس طور سے ہین کہ ہاشم[۱] اور نوفل[۲] اور عبد شمس[۳] اور مطلب[۴] یہہ سب بیٹے عبد مناف کے ہین اور عبد مناف چوتھے جد حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کے اور جُبیر بن مطعم کے ہین اس طرح کہ جُبیر بن مطعم بن عدی بن نوفل بن عبد مناف ۔ اور عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف ۔۔

اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف ۔ اور سائب بن عبید بن عبد یزید بن ہاشم بن عبد مطلب بن عبد مناف ۔۔

فائدہ

یہہ ہاشم جو پردادا ہین سائب کے یہہ پوتے ہین عبد مناف کے اور جو ہاشم ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پردادا ہین وہ بیٹے ہین عبد مناف کے۔ اور جو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ بنی ہاشم اور بنی مطلب شئے واحد ہین تو اوس کا سبب یہہ ہے کہ یہ محب اور موافق تھے آپس مین اور مددگار تھے ایک دوسرے کے اور مخالفت ان کی آپس مین نہ جاہلیت مین تھی نہ اسلام مین تھی۔ ہر حال مین یہہ ملے جلے رہے تفصیل اس کی یہہ ہے کہ بنی عبد شمس اور بنی نوفل نے بسبب مخالفت اور عداوت حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے عہد کیا تھا کہ بنی ہاشم کے ساتھہ بیاہ شادی لین دین نہ کرینگے جب تک کہ وہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ہمارے سپرد نہ کردین۔ اور یہ حال اوسوقت کا ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو بہت مدت تک ایک گھاٹی مین گھیر رکھا تھا اوسوقت بنی مطلب بنی ہاشم کیساتھہ موافق اور متحد تھے۔ اسی اتحاد کے سبب سے آپ نے اون کو سہم خمس مین سے دیا اور ارشاد فرمایا۔ انما بنو ھاشم وبنو مطلب شئی واحد یعنی بنی ہاشم اور بنی مطلب ایک شئے ہین واحد کذا فی مظاہر الحق"

اب خمس کی تقسیم یون کی جاوے گی۔ جیسے کہ کنز مین ہے۔

والخمس للیتامیٰ والمساکین وابن السبیل وقدم ذوالقربیٰ الفقراء منهم علیهم ولا حق لاغنیائهم" یعنی خمس بانٹا جاوے یتیمون اور مسکینون اور مسافرون کو۔ اور مقدم کیے جاوین قرابتی حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے کہ وہ بنی ہاشم اور بنی مطلب ہین اور نہین ہے

ان مین کچھ حق غنی یعنی مالدارون کا اور شرح اس کی کتاب مستخاص مین ہے کہ خمس بانٹا جاوے تین حصون پر ایک حصہ یتیمون کو اور ایک حصہ مسکینون کو اور ایک حصہ مسافرون کو اور داخل ہونگے حضرت صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کے قرابتی انہین مین اور مقدم کیے جاوینگے یہہ اُن پر اور ضمیر متن کی جو منہم مین ہے پھرتی ہے ذوی القربے کیطرف اور علیہم کی ضمیر پھرتی ہے مسکینون کیطرف اور نہین ہے اس مین یعنے اس خمس مین کچھ حق اغنیار ذوی القربیٰ کا"

اور کہا امام شافعی رحمۃ اللہ نے کہ جو خمس کا خمس ہے اوس مین برابر ہین فقرا اور اغنیا اون کے اور بانٹا جاوے وہ خمس کا خمس اُن مین للذکر مثل حظ الانثیین کرکے اور ہے یہہ خمس کا خمس خاص بنی ہاشم اور بنی مطلب کے لیے نہ اون کے غیر کے لیے اسلیے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ شانہ نے اور حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کے واسطے۔ الخ" بغیر فصل کرنے درمیان غنی اور فقیر کے"

اور ہماری یعنی حنفیون کی یہ دلیل ہے کہ تحقیق خلفاے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین نے تقسیم کیا ہے اوس خمس کو تین حصون پر چنانچہ متن مین مذکور ہے اور کفایت کرتا ہے ہم کو پیشوا ہونا اُن کا اور فرمایا حضرت علیہ الف الف صلوٰۃ اور تسلیمات نے اے لوگو بنی ہاشم کے تحقیق اللہ تعالےٰ نے ناپسند کیا تمہارے لیے آدمیون کا دھوون اور میل اون کا یعنی مال زکواۃ اور اوس کے بدلے مین دیا تم کو خمس خمس کا اور عوض تو سواے اسکے نہین کہ ثابت ہوتا ہے اوسکے حق مین کہ ثابت ہو جسکی حق مین معوض اور وہ لوگ فقیر ہین اور عطا فرمایا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم نے اغنیاے ذوالقربیٰ کو بسبب اُن کی نصرت کے اور حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کی نصرت اون لوگون نے کی تھی دونون حالتون مین یعنی ایام جاہلیت مین

بھی اور اسلام مین بھی کیسا نہین دیکھا اہل بصیرت نے کہ بیشک صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے معلل کیا اوس دینے کو اور فرمایا کہ وہ ہمیشہ میرے ساتھ ہین اسطرح جاہلیت اور اسلام مین کہ ایک ہاتھہ کی انگلیان دوسرے ہاتھہ کی اُنگلیون مین داخل کین پس دلالت کی اس بات نے اسپر کہ مراد نص سے قرب نصرت ہے نہ قرب قرابت ہے"

اور عینی شرح کنز مین ہے جسکا ترجمہ یہہ ہے یعنی حاصل کلام یہہ ہے کہ تحقیق یتیم ذوی القربے کے داخل کیے جاوین یتیمون مین اور مسکین ذوی القربی کے داخل کیے جاوین مساکین مین اور مسافر ذوی القربے کے داخل کیے جائین ابناء السبیل مین مگر فقراء ذوی القربی مقدم کیے جاوین تینون طائفون پر سبب ترجیح قرابت کے اور ذکر اللہ تعالے شانہ کا برکت کے لیے ہے اوس کے نام بابرکت سے شروع کلام مین اسلیے کہ سب کچھہ اوسی کے واسطے ہے اور وہ کسیکا محتاج نہین۔ کسی شئے کی طرف اور حصہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ساقط ہوگیا آپ کے وفات فرمانے کے بعد اس لیے کہ حق حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا رسالت کے سبب سے تہا اور یہہ بات کمال خلوص اور للہیت پر دلیل روشن ہے اور اب نہین ہے کوئی رسول بعد آپکے انتہی

اور تحقیق یہہ بات ثابت ہوئی ہے کہ غنایم خیبر سے حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے سواے اُن لوگون کے جو لڑائی مین حاضر تھے اور کسیکو حصہ نہین دیا مگر مہاجرین حبشہ کو کہ فتح خیبر کے روز دریا کی راہ سے حبشہ سے خیبر مین داخل ہوے تہے۔ مثل جعفر بن ابی طالب اور اُن کی بی بی اسماء بنت عمیس وغیرہ کے۔ اور مروی ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جب جعفر رضی اللہ تعالے عنہ کو دیکھا تو فرمایا کہ مین نہین جانتا

کہ مین ان دونون باتون مین کس بات سے خوش ہون۔ فتح خیبر سے یا جعفر کے
آنے سے کذا فی روضۃ الاحباب۔ اس غزوے مین پندرہ ۱۵ آدمی لشکر اسلام سے
شہید ہوے اور یہود مین سے ترانوے ۹۳ آدمی قتل ہوئے"

تزوج انحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم باحضرت صفیہ رضی اللہ تعالی عنہا

اس غزوہ کے واقعات مین سے ایک واقعہ حضرت ام المومنین موصوفہ
کا تزوج ہے آپ حیی ابن اخطب کی دختر تھین اشراف یہود سے کہ کچھہ ذکر اُسکا
غزوہ خندق مین گذرچکا ہے کہ حیی ابن اخطب غزوہ قریظہ مین مارا گیا
اور صفیہ رضی اللہ عنہا نکاح مین تھین کنانہ بن ابی الحقیق کے کہ وہ اس غزوہ
خیبر مین قتل ہوا جیسا کہ اوپر گذرچکا ہے اور وہ نوعروس ہفدہ سالہ تھین آپنے
اون کو اپنے لیے اختیار فرمایا"

پھر بعد نکاح حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم نے توقف کیا
اُن سے ہم بستری مین یہان تک کہ مدت استبرا کی گذرگئی۔

بعد اسکے عین مراجعت مین منزل صہبا مین حضور پُرنور اُن سے قریب
ہوے کذا فی روضۃ الاحباب"

واضح ہوکہ

استبرا کہتے ہین طلب پاکی کو مطلق اور یہان مراد ہے پاکی رحم سے کذا فی العینی
اور استبرا حاصل ہوتا ہے حیض والی عورتون مین بعد تملک کے ایک حیض
کے آنے تک اور جن کو حیض نہین آتا اُن کو استبرا حاصل ہوتا ہے بعد

گذرنے ایک مہینے کے تملک سے اور حاملہ عورت کا استبرا حاصل ہوتا ہے بعد گذرنے وضع حمل اور حکمت اس مین یہہ ہے کہ خلط ہونیسے دونو نطفونکی رحم محفوظ رہے

ولیمہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

حضور پُر نور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ولیمہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا خیص سے کیا۔ خیص بر وزن قیس ایک کھانے کا نام ہے جو مثل حلوے کے ہوتا ہے وہ بنایا جاتا ہے کھجورون اور اقط یعنی دہی سے جسکا پانی ٹپکا کر مثل پنیر کے کر لیتے ہین پھر روغن ملا کر ٹکیان سی کر لیتے ہین۔ اور اوس کو قروطا بھی کہتے ہین کذا فی مظاہر الحق۔

اور فرمایا حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے کہ بُلا ان لوگون کو جو تیرے گرد ہین یعنی صفیہ کے ولیمہ پر۔

اور مروی ہے کہ جب حضرت سید الانام علیہ الصلوۃ والسلام متوجہ ہوئے مدینہ کی طرف تو حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو اپنا ردیف کر لیا اور پردہ کیا اُن کے لیے آپ نے اپنی کملی سے جو اونٹ پر بچھاتے تھے۔

اور منقول ہے کہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے قبل فتح خیبر خواب دیکھا تھا کہ چودھوین رات کا چاند میری گود مین آگیا ہے وہ خواب اُنہون نے اپنے شوہر سے بیان کیا یعنے کنانہ سے اوسنے کہا شاید تو تمنا رکھتی ہے کہ بی بی ہو اوس بادشاہ کی جو ہمارے میدان مین اُترا ہوا ہے یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور ایک طمانچہ اس زور سے اُن کے موںھ پر مارا کہ اوسکے صدمہ سے اون کے رُخسارۂ مبارک پر نیل پڑ گیا اور وہ داغ نیلا شب زفاف تک تھا حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوس داغ

کا سبب اُن سے پوچھا اونھون نے ماجرا بیان کیا"

اور زفاف حضرت امّ المومنین امّ حبیبہ رضی اللہ تعالی عنہا

بنت ابی سفیان بن حرب بن امیہ کا اسی سال کے واقعات مین سے ہے ان ان کی
صفیہ بنت ابی العاص بن اُمیہ پھوپھی حضرت عثمانؓ بن عفان کی تہین اور یہہ رضی اللہ تعالے
عنہا پہلے نکاح مین عبداللہ بن جحش کے تہین کہ بہائی زینب رضؓ بنت جحش کا تہا اور اُسکے
ساتہہ اونھون نے ہجرت کی تہی حبشہ کو ہجرت ثانیہ مین اُن کی ایک لڑکی پیدا ہوئی تہی
اوسکا نام حبیبہ رکہا تہا اور کنیت ان کی اوسکے نام سے ہوئی اور نام ان کا رملہ تہا
اور بعض نے کہا ہے کہ ہند نام تہا مگر پہلی روایت صحیح تر ہے مگر عبداللہ بن جحش مرتد
ہوکر نصرانی ہوگیا تہا اور وہین حبشہ مین اُسی نصرانیت پر مرا مگر حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ
عنہا اپنے اسلام پر قائم رہین اور اُن دنون کہ عمرو بن امیہ ضمیری ایلچی ہوکر حضرت
صلّی اللہ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کی طرف سے حبشہ کیطرف گئے تہے حضرت ام حبیبہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خواب دیکہا کہ ایک شخص اُن کو پکارتا ہے یا ام حبیبہ یا ام المومنین
جب آپ بیدار ہوئین تو اس کی تعبیر کی آپ نے کہ مین حضرت صلّی اللہ تعالے علیہ و
اٰلہ واصحابہ وسلم کی ازواج مین داخل ہون گی۔

یہان تک کہ عمرو بن امیہ مجلس نجاشی مین گئے اور حضرت سرورِ عالم صلّے اللہ
علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کا نامہ شریف نجاشی کو دیا اور مضمون اوس نامۂ مبارک کا یہہ تہا
کہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان کو کہ مہاجرات حبشہ سے ہے حضرت صلّے اللہ علیہ واٰلہ
واصحابہ وسلم کے واسطے خواستگاری کرکے مدینہ طیبہ مین بہیجدے اور مہاجرین
حبشہ کو بہی روانہ کردے پہر نجاشی نے ام حبیبہ کو حضور پُرنور صلّے اللہ علیہ واٰلہ
واصحابہ وسلم کی خواستگاری کا پیام دیا۔ ام المومنین رضی اللہ تعالے عنہا نے

قبول فرمایا اور تمام مہاجرین کا سامان سفر درست کرکے دو کشتیوں مین عمرو بن امیہ ضمیری کے ساتھہ مدینہ طیبہ کو روانہ کیا۔

اور مروی ہے کہ نجاشی کی ایک کنیز ابرہہ نام تھی نجاشی نے اوس کو حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس بہیجا کہ اُن سے کہدے کہ اپنا وکیل مقرر کرین کہ مہم نکاح کا سرانجام ہو وہ یہہ سُنکر نہایت خوش ہوئین اور جو زیور اُن کے ہاتھون اور پیرون مین تہا اوتار کر اوس لونڈی کو دیا اور خالد بن سعید بن العاص کو اپنا وکیل کیا اور نجاشی نے ایک مجلس آراستہ کی اوس مین جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالے عنہ کو اور ایک جماعت مسلمانون کی کہ حبشہ مین تہی سب کو جمع کیا اور کہانا کہلایا اور چار سو مثقال زر اور ایک روایت مین چار ہزار درہم اون کا مہر مقرر کیا اور ان کو حضرت اُم حبیبہ رض کے پاس بہیجدیا کہ اپنے کام مین صرف کرین حضرت ام حبیبہؓ نے اُن مین سے پچاس مثقال زر اوس کنیز کو جو پیام نکاح لائی تہی بھیجدیے اور عذر کیا کہ اُس روز مجھسے تیری خدمت شایستہ نہو سکی تھی پہر نجاشی نے اوس پہلے زیور کو جو آپ نے ابرہہ کنیز کو دیا تہا اور اس سونے کو حضرت ام حبیبہ رضؓ کے پاس واپس کیا اور کہلا بھیجا کہ تم اس زیور کے لیے لایق ہو اسلیے کہ تم حضرت صلّی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے پاس جاتی ہو اور تم سے میری یہ درخواست ہے کہ حضرت سے میرا اسلام کہنا اور عرض کرنا کہ مین آپ کے دین متین پر قایم ہون اور ہمیشہ آپ پر درود بھیجتا ہون اور نجاشی کی عورتون نے آپ کے واسطے اچھی اچھی خوشبوئین بنا کر بھیجین ۔

پہر جب حضرت صلّی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو خبر نکاح ہو جانے کی پہونچی تو آپ نے شرحبیل بن حسنہ کو بہیجا کہ وہ ام حبیبہ رضی اللہ تعالے عنہا کو مدینہ مین لے آوین چنانچہ وہ جاکر مدینہ مین لے آئے اور حضرت ام المؤمنین

شرف ہمبستری سے مشرف ہوئین اور حضرت ام المومنین نے سلام نجاشی کا حضرت
کے حضور مین عرض کیا آپ نے جواب سلام فرمایا۔ علیہ السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
اوسوقت عمر حضرت ام المومنین کی کئی برس اوپر تیس برس کی تھی" اور وفات
آپ کی سنہ ۴۴ھ ہجری مین ہوئی"

روایت ہے

کہ بعد صلح حدیبیہ کے ابو سفیان مدینہ مین حضرت ام حبیبہ کے پاس شفقت پدری
کے سبب سے ملاقات کو آیا اور چاہا کہ فرش رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم پر بیٹھے مگر ام حبیبہ رضی اللہ تعالے عنہا نے نہ بیٹھنے دیا اور کہا کہ یہ پاک بچھونا رسول
اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ہے اور ای باپ ابھی تم نجاست کفر وشرک سے آلودہ ہو

زہر دینا زینب بنت حارث کا آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو

ایک واقعہ واقعہ خیبر سے زہر دینا زینب بنت حارث یہودیہ کا ہے کہ جو زوجہ
سلام بن مشکم کی تھی جب اوسنے معلوم کیا کہ حضور پُرنور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ
واصحابہ وسلم کو گوشت بکری کے دہنے دست کا بہت مرغوب ہے تو ایک بکری
کے بچّہ کو اوسنے ذبح کیا اور اوس مین زہر قاتل ملایا اور اوس کو پکا کر حضرت کے
حضور مین لائی" اوس محفل مین بشیر بن برا اور صحابہ بھی حاضر تھے۔ پھر تناول کیا
اومین سے حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اور کہایا اوس گوشت کو
آپ نے اپنے اگلے دانتون سے اور کہایا کچھ گوشت دوسرے ٹکڑے سے بشیر بن
برا نے پھر فوراً آپ نے ارشاد فرمایا کہ اُٹھالو اس گوشت کو کہ اسنے

مجکو خبر دی ہے کہ مجہہ مین زہر ملا ہے"
پہر بشیر نے عرض کی کہ جب مینے لقمہ چبایا تو ایک طرح کی کراہت اُس سے میرے دل مین پائی گئی مگر مینے اوس کو اپنے مُنہ سے باہر نہ نکالا اس خیال سے کہ آپ کی طبع مبارک ناسازی نہ پیدا کرے پہر بشیر وہان سے اُٹھے نہ تھے کہ رنگ اون کے چہرہ کا سبز اور سیاہ ہوگیا اور فوراً مر گئے"
بعد اسکے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ جو سرداران یہود یہان حاضر ہین اون کو سامنے لاؤ اور زینب بنت حارث کو بھی لاؤ پہر وہ سب حاضر کیے گئے پہر حضرت نے اُن سے فرمایا کہ مین تم سے کچہہ پوچھتا ہون تم سچ سچ بیان کر دوگے اونہون نے کہا ہان" پہر آپ نے اُن سے پوچھا کہ تمہارا باپ ابو القبیلہ کون ہے اُنہون نے اوسکا نام لیا آپ نے فرمایا جھوٹ کہا تم نے تمہارا باپ تو فلان ہے۔ پہر اونہون نے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تصدیق کی"

واضح ہو

کہ یہ پوچھنا آپ کا اُن سے اور تنبیہ کرنا اون کے حال سے اور تمہید اور توطیہ تہا اون کے اقرار لینے پر قصۂ زہر کے نسبت اور جھوٹ کہنا جواب مین یا تو عمداً تہا اوس قوم کی عادت کے موافق یا جہل اور نسیان سے تہا۔ مگر یہی بات سمجھی جاتی ہے کہ وہ عمداً جھوٹ بولے حضور پُرنور کا امتحان لینے کے واسطے اطلاع حقیقت حال پر پہر جب ظاہر ہوگیا اُن پہ یہ امر کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جب کسی امر غیب کو دریافت کیا چاہتے ہین تو وہ آپ سے ہرگز مخفی نہین رہ سکتا تو اونہون نے قبول کرلیا جیسا کہ آگے آئیگا"

پہر پوچہا کہ سچ کہوگے تم جو کچہہ پوچہون مین تم سے اونہون نے کہا کہ ہان
پہر پوچہا حضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ کیا زہر ملایا ہی
تم نے اس بکری مین۔ اونہون نے کہا کہ ہان تم کو کسنے خبر کی آپ نے فرمایا کہ مجہکو
خبر دی اِسنے اور بکری کے دست کیطرف اشارہ کیا جو آپ کے دست مبارک
مین تہا پہر فرمایا کہ یہ کیون کیا تم نے؟" اور ایک روایت مین آیا ہے کہ پوچہا
آپ نے اوس عورت سے کہ یہ کام تو نے کیون کیا۔ پہر یہودیون نے اور اُس
عورت نے کہا کہ ہمنے یہہ چاہا کہ اگر تم جہوٹے ہو تو ہم لوگون کو رہائی ہوجائیگی
اور اگر تم پیغمبر ہو تو تم کو زہر کچہہ اثر نہ کرے گا۔

روایت کی ہے بیہقی نے ابو ہریرۃؓ سے کہ تعرض نہ کیا حضرت صلی اللہ تعالےٰ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اوس سے؟"

اور طریق ابو نضرہ مین جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے بہی یون ہی مروی ہی
اور ایک روایت مین ہے کہ قتل کی گئی وہ عورت۔ بیہقی نے کہا کہ احتمال ہے
کہ چہوڑ دیا ہوگا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے پہلے اوسکو اور نہ چاہا
کہ اپنے نفس کے عوض اوسکو قتل کرین مگر جب بشر مر گئے تو اُسکو اون کے قصاص
مین قتل کیا ہو؟"

حال ہمبستری حضرت ام المومنین صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

کا ایک واقعہ غزوہ خیبر کے واقعات سے یہہ ہے کہ جب حضرت صلی اللہ تعالےٰ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے بعد فتح خیبر کے مدینہ طیبہ کیطرف مراجعت فرمائی
اور منزل صہبا مین پہنچے تو وہان حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا شرف ہمبستری
سے مشرف ہوئین اور معارج النبوۃ مین ہے کہ ولیمہ اونکا حضور نے خیس سے

یعنی حنا اور روغن اور پنیر سے کیا اور اوس شب کو حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالے عنہ نے صبح تک حضور پرنور صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے خیمۂ مبارک کا پہرا دیا جب حضور پرنور صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے اس بات سے اطلاع پائی تو دو بار حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق مین دعا فرمائی ؛؛

حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو حضرت ام المومنین صفیہ سے محبت تھی۔ دس حدیثین اون سے معتبر کتابون مین مروی ہین۔ ایک اون مین سے متفق علیہ ہے۔ اور حدیثین اون کی حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم سے مرسل واقع ہوئی ہین یعنی یہ حضرت سے بغیر واسطے کی کوئی حدیث نہین رکھتی ہین بلکہ دوسری ازواج مطہرات کے واسطے مثل حضرت ام المومنین عائشہ اور حضرت ام المومنین حفصہ وغیرہا سے روایت کرتی ہین اور دفن ان کا بقیع ہے ؛؛

واقعات خیبر مین سے ایک واقعہ

لیلۃ التعریس کا ہے۔ تعریس کے معنی لغت مین مسافر کے اوترنے کے ہین آرام کے لیے رات کے آخری حصہ مین ؛؛

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ خیبر سے مراجعت کے وقت ایک شب حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے کوچ کیا پھر رستہ مین نیند نے غلبہ کیا تو حضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم پچھلے حصہ مین رات کے آرام کے لیے ٹھہر گئے اور بلال رضی اللہ تعالے عنہ سے فرمایا کہ تم جاگتے رہو جب صبح ہو تو ہم کو نماز کے واسطے جگا دینا اور شاید

کہ نماز تہجد آپ نے پہلے پڑہی ہوگی یا غلبہ خواب کا اسقدر رہوا کہ اسکے بھی ادا کرنے کی فرصت نہ ہوئی۔

چنانچہ حدیث مین آیا ہے کہ اگر کوئی چیز آپ کو مانع ہوتی نماز تہجد سے مثل بیماری۔ یا ضعف یا خواب کے تو قضا کرتے آپ اوس کو دن مین دوپہر سے پہلے۔ اور یہان ایک راز تہا کہ فائدہ اُسکا ضعفاے اُمت پر راجع تہا۔ کما فی مدارج النبوت۔

اور روضۃ الاحباب مین ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے کہ کوئی ایسا صالح آدمی ہے کہ آج کی رات جاگ کر فجر کرے اور فجر کے وقت ہم کو جگادے کہ ہم نماز پڑھ لین۔

بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی کہ مین یہ خدمت بجا لاؤنگا۔ پہر حضرت صلی اللہ علیہ تعالیٰ وآلہ واصحابہ وسلم اور ابو بکر صدیق اور تمام صحابہ رضی اللہ عنہم آرام کرنے لگے۔ حضرت صدیق اکبر نے بلال رضی اللہ عنہ سے کہا کہ خبردار اپنی آنکھون کو خواب سے نگاہ رکھنا۔

مدارج النبوت مین ہے کہ پہر بلال رضی اللہ عنہ اس کام پر مستعد ہوے اور نماز پڑہنی شروع کی۔ یہان تک کہ جب صبح کا وقت قریب ہوا تو تکیہ لگایا بلال نے اپنے راحلہ سے اور جدہر سے فجر طلوع ہوتی ہے اودھر کو آنکھہ لگائی کہ یکایک غلبہ کیا خواب نے اور سو گئے اوس حالت مین کہ اپنے اونٹ کا تکیہ لگاے ہوے تہے اور ایک روایت مین ہے کہ اپنے عمامہ کا تکیہ لگاے ہوے تہے اپنا عمامہ اوتار کر اُسکا تکیہ لگایا سونہ جاگا کوئی یہانتک کہ سورج نکلا اور اوسکی گرمی سب کو پہنچی تو سب سے پہلے بیدار ہوے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور ڈرے آپ سو جانے سے اور نماز کے فوت ہو جانے سے۔ بسبب شہود

صفات قہریہ حق جل و علاکی" اللہ اللہ نزدیکان را بیشں بود حیرانی"

کیون بے نماز فقیرو

کیا فرماتے ہو اپنی شان مین اور اپنے معتقدین کی شان مین۔ کیا تمہارے خیال مین حضرت خاتم الانبیا علیہم السلام سے بہی تم نے کچہ مرتبہ جلیل حاصل کیا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا اللہ توبہ یا اللہ توبہ" ے

دراین راہ جز مرد راعی نہ رفت		گم آن شد کہ دنبال داعی نرفت		

پہر اور لوگ بہی جاگے اور پکارا حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بلال رضی اللہ عنہ کو کہ یہ کیا واقعہ ہوا۔ اور تم کیون سوگئے اور نگہبانی مین کیون قصور کیا بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ میری جان آپ پر قربان پکڑا میرے نفس کو اور عارض ہوا اوس کو وہ کہ جو حضور کی نفس مبارک کو عارض ہوا۔ اور ایک روایت مین ہے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا کہ بلال کے پاس اوسکا شیطان آیا اور بلال نماز مین کہڑا تہا تو مارا شیطان نے اوسکے سینہ پر ہاتھہ اور لٹا دیا اوسکو پہر آرام دیا اوس کو اور ٹہرایا اوسکو اسطرح کہ جیسے بچے کو سونیکے لیے تھپکتے ہین پس بلال سو گئے۔ تو حضرت حضرت صلی اللہ تعالی علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے بلال کو بلایا اور اُنسے پوچہا اس واقعہ کو تو بلال نے وہی کہا جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بیان کیا تہا" پس کہا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اشھد انك رسول اللہ اور حقیقت مین یہ مقام تجدید ایمان اور تقریر شہادت رسالت کا تہا کہ کچہ

وسوسہ شیطانی دل مین راہ نپاوے پھر حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم نے حکم دیا صحابہ کو کہ اونٹوں کو طیار کرو اور جلد اس مقام سے روانہ ہو

پھر مین عرض کرتا ہون کہ ای بے نماز فقیرو

خوب سمجھو جہان ایک وقت کی نماز قضا ہونے مین یہ اہتمام رسول اللہؐ کو ہوا کہ اس سرزمین پر توقف نہ کرنا چاہیے تمہاری نسبت کہ ایک سرے سے تم نماز پڑھتے ہی نہین ہو اس صورت مین تمہاری گھرون کا اور تمہاری گدی کا کیا حال ہوگا۔ لاحول ولاقوۃ اِلّا باللہ العلی العظیم۔ انّا للہ وانّا الیہ راجعون

ایک روایت مین ہے اور بصراحت آیا ہے کہ وہان سے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا بسُرعت تشریف لیجانا اسواسطے ہوا کہ وہ وادی شیطان کا تھا۔ چنانچہ روایت ہے کہ حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ایک وادی ہے کہ اس مین شیطان رہتا ہے کما فی روضتہ الاحباب

پھر تھوڑی دور وہان سے چلکر حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اونترپڑے اور وضو کیا اور بلالؓ کو حکم دیا کہ اقامت کہے تاکہ نماز جماعت سے قضا کرین۔ اور ایک روایت مین ہے کہ اذان بھی کہی گئی کذا فی روضتہ الاحباب و مدارج النبوۃ"

ھدایہ مین ہے کہ حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فجر کی نماز قضا کی لیلتہ التعرلس مین ساتھ اذان واقامت کے اور شیخ الہمام صحیح حدیثین اسباب مین لائے ہین اور جو لوگ کہتے ہین کہ اذان صرف اس واسطے مشروع ہے کہ اعلام ہوجاے کہ وقت نماز کا ہوگیا قوم مطلع ہوکر مسجد مین حاضر ہو

اور اس مقام پر سب لوگ حاضر تھے پھر اذان کی کیا حاجت تھی۔
جواب اس کا یہہ ہے کہ اذان صرف اعلام ہی کے لیے نہین مشروع ہے
بلکہ ان کلمات کا ثواب جداگانہ ہے اس لیے افضل ہے یہ بات کہ اگر تنہا
بھی نماز پڑہنا ہو تو اذان و اقامت کہے۔

صدای اذان

کا تجربہ ہوا ہے کہ نمازیون کو دور دور سے صدای اذان کانون مین آجاتی ہی
خود میرا واقعہ ہے کہ ساڑھے نو بجے شب کو توپ چلنے کی آواز میرے
کانون مین نہین آتی مگر یہان سے فاصلہ پر ایک مسجد ہے عشا ر او ر صبح کی اذان
کی آواز میرے کانون مین ہمیشہ آتی ہے۔

الغرض حضرت صلّی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے ایک چرواہے
کو دیکھا کہ وہ اذان کہکر نماز پڑہتا ہے آپ نے فرمایا کہ یہ شخص فطرت پر ہے
پھر جب حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے اس نماز
کے قضا ہونے کے سبب سے صحابہ کو مضطرب اور پریشان دیکھا تو اُن کی تسلّی
کی اور فرمایا کہ اے لوگو بیشک اللہ تعالیٰ نے قبض کین ہماری روحین۔اگر
چاہتا تو سوا اسکے اور وقت مین ہمکو جگاتا۔
اور فرمایا کہ اگر تم مین سے کوئی نماز کو بھول جائے اور ایک روایت مین
ہے کہ سو جائے اور نماز اوس کی فوت ہو جائے تو مجرد یاد آنے اور جاگنے
کے اوس نماز کو قضا کرلے

ای بے نمازی فقیرو

دیکھو اس مقام کو کہ ایک وقت کی نماز فوت ہونے مین کیا کیا انتشار صحابہ

رضی اللہ عنہم کو ہو رہے ہیں حسرت ہے تمہاری حالت پر کہ تم عیدین کی نمازین بھی نہیں پڑہتے ہو اور پھر اپنے گھر مین بیٹھے زمین و آسمان کے قلابے ملا رہے ہو اگر تم مسلمان ہو اور رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کو اپنا پیغمبر برحق سمجھتے ہو تو اُن کی راہ پر چلو اور اگر متبع شیطان ہو تو ہمین تم سے کچھ سروکار نہین جو تمہارا دل چاہے کرو۔

شریعت را مقدم دار اکنون	شریعت از طریقت نیست بیرون

ای میری پیاری اولاد قلبی و صلبی سُنو اور پڑہو اور سمجھو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تم اشرف المخلوقات ہو تم کو کہانے پینے پہننے اور اوڑھنے اور سکونت کرنے اور چلنے پھرنے کی ہزارون نعمتین تمہارے خالق نے عطا فرمائی ہین اور وہ تمہارا حقیقی مالک ہے اور خالق ہے اوس نے تم کو دنیا مین پیدا کیا عقل دی تندرستی دی اچھی صورت دی۔ اچھا خاندان دیا اچھے اچھے کہانے کہلائے اچھے اچھے لباس پہنائے بے بہا جواہرات دیے آرام کی سواریان دین اچھی اچھی خوبصورت نیک بخت فرمان بردار بیبیان بخشین عمدہ عمدہ خوبصورت پیاری پیاری بھولی بھالی اولادین بخشین جنکو دیکھکر تمہاری آنکھین ٹھنڈی ہوتی ہین۔ اُن کی شادی بیاہ کرنے کو ہزارون روپئے دیے اب یہ سمجھو کہ یہ سب چیزین کسی خدمت کے صلہ مین ملین یا یونہین بغیر کوئی خدمت کیے ہوے ملین۔

تم خود سمجھتے ہو شعور رکھتے ہو ضرور یہہ کہو گے کہ نہین ہم اوس کی کسی خدمت کے قابل نہین ہین وہ تو خود ہماری پرورش کر رہا ہے اور جب تک

ہم زندہ ہین وہ ہماری بے غرض خدمت کیے جائیگا بے شک مین بہی تمہارے قول کی تائید کرتا ہون اللہ تعالیٰ شانہ تمہاری عقلون کو اور زیادہ روشن کرے اللہم آمین"

اب مین تم سے یہہ پوچہتا ہوں کہ تمہارے ایسے مہربان خالق ومالک نے جو تمہین پنجگانہ نماز کا حکم دیا تو اوس مین کچہہ اوس مالک کا فائدہ ہے۔ اور اوس نماز کے ادا کرنے کا مقام ایک مقرر کردیا۔

مجہسے سُنو وہ مقام اوس کا دربار ہے اور وہ نماز اوس کا سلام ہے جب کسی بادشاہ کا دربار ہوتا ہے تو رعیت اوس دربار کی حاضری پر کس قدر فخر ومباہات کرتی ہے۔ درباری ٹکٹ کے حاصل کرنے مین کتنی کوشش کرتی ہین اور جسطرح ہوتا ہے وہ ٹکٹ حاصل کرتے ہین پہر عمدہ عمدہ لباس پہنکر اوس مرنے والے اور خاک ہوجانے والے حاکم کے سامنے سلام کو حاضر ہوتے ہین۔ اور پہر دربار سے باہر آکر کتنا فخر کیا جاتا ہے کہ گویا اُنکا سر آسمان سے جالگا اور دربار کا حاصل کیا ہوا کہ دو دو حرفوں کے جہوٹے خطاب ملگئے۔ لیجئے صاحب بڑہاپے سے ہاتھ پاؤن مین رعشہ ہے مُنہ کی مکھی تک نہین اُڑا سکتے کبھی عمر بھر مین ایک خرگوش کو نہین پکڑا بہادری کے خطاب کے سزاوار ہوگئے اور اُن کی عقل خود اُن سے کہہ رہی ہے کہ اے مرد پیر تو ہرگز اس خطاب کا سزاوار نہین ہے مگر یہ ہین کہ خوش ہین"

ہای افسوس

اللہ اور اللہ کے رسولؐ کا حکم محکم اوسکا کچہہ خیال نہین نہ اوس پر اعتبار نہ بھروسہ اور روزانہ اوس کی ہزارون طرح کی نعمتین کھارہے

سے کے قلوب اللہ تعالی شانہ کی معرفت اور محبت کی کشت ہین۔ اس
مین شریعت وطریقت ومعرفت وحقیقت کی تخم ریزی ہوتی ہے اور حضرت
رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا قلب مبارک دریای ناپیدا
کنار ہے تمام عرفار اور صلحار اور اولیار اللہ اور اغواث اور اقطاب
کے قلوب کی آبیاری اسی دریاے ناپید اکنار سے ہوتی ہے توجس فقیر
کو متبع شریعت دیکھو توسمجھ لو کہ اس درویش کے قلب کی آبپاشی رسول اللہ صلعم
کے قلب شریف سے ہوئی۔
اور جس فقیر کو مخالف سنت دیکھو تو یقین کے ساتھ باور کرلو کہ اسکے قلب
مین کسی چشمہ کفر سے پانی آتا ہے اوس سے تم کو بچنا چاہیے ٥

	صحبت صالح ترا صالح کند		صحبت طالح ترا طالح کند

روح را صحبت ناجنس عذابی است الیم"
فقیر اللہ تعالی شانہ کی راہ کا سفر کرنے والا ہے اور مسافر کے واسطے ایک
رفیق کی ضرورت ہے سالک پہلے رفیق کو تلاش کرلے پھر سفر کرے کہ بزرگون
نے فرمایا ہے الرّفیق ثم الطریق۔ پھر رفیق ایسا ہی ہونا چاہیے کہ جس کے سبب
سے منزل سلوک کے نشیب وفراز مین قدم کو لغزش نہ ہو اور دیکھو۔ کسی

بے شرع فقیر

سے ہم مشرب نہ ہونا وگرنہ تمہارے قلب کا چشمہ خراب اور ناپاک ہوجائیگا
اور اس کھیتی مین بجاے میوہ جات پاکیزہ ولطیفہ کے بدمزہ پھل پیدا ہونے
لگین گے اور تم حضور پرنور سرورعالم حبیب خدا وندو عالم سیدنا ومولنا
محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے دربار پُرانوار کی حاضری سے

اوسکے بخشے ہوئے خلعت پہن رہے ہین۔ جواہرات کی انگوٹھیان انگلیون کو چمکا رہی ہین اتنے بیش قیمت عطیہ کو اللہ تعالےٰ کا عطیہ نہین سمجھتے وہ تو خاص اپنا مال کمسوبہ ہے محلہ کی مسجدین جو خاص پروردگار تعالیٰ شانہٗ کا دربار ہے ویران پڑی ہین دیوارین گری پڑی ہین۔ جانمازین میسر نہین وضو کو پانی مہیا نہین اور سب مسلمان متفق اسپر ہین کہ یہ اللہ تعالیٰ شانہ کا گھر ہے۔ نہ کوئی نماز کو آتا ہے۔ نہ کوئی اوس مین جھاڑو دیتا ہے نہ چراغ جلاتا ہے بات یہہ ہے کہ اللہ تعالےٰ شانہ کے وجود کو تم لوگون نے سچے طریقہ سے نہین سمجھا۔

تم لوگون نے صرف دنیاوی رسم کے طور پر اوس کو خدا سمجھا ہے۔ اگر تمکو اللہ تعالےٰ شانہ کا اتنا یقین بھی ہوتا جتنا دنیاوی حکام کا ہوتا ہے تو بیشک ہم مسلمانون کی حالتین بدل جاتین"

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اوسکے وجود پر پورا الیقین تھا تو دیکھو کہ چند سال کے اندر اوس بے سروسامان قوم عرب نے کیسی پوری ترقی کی اگر تمکو

صحابۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

کے یقین کا تھوڑا سا حصہ بھی ملجائے تو پھر تمھاری بھی وہی حالت ہوجائے

ہنوز آن ابر رحمت درفشان ست خم و خمخانہ با مہر و نشان است

خطاب

بانورچشمان سید عبدالعظیم و سید محمد اصغر و سید واعظ الدین حسین و سید محمد محسن و سید محمد واعظ الحق و دیگر عزیزان صوری و معنوی نوراللہ قلبہم بنور الایمان والعرفان۔ اے عزیزو۔ خوب سمجھو اس بات کو کہ مومنین

خارج ہوجاوگے معاذ اللہ منہا"
سالک کے واسطے اس سزا سے بڑہکر کوئی سزا نہین ہے تمام ہوئی میری عرض جو اپنے عزیزون کی خدمت مین تھی"

الغرض روضتہ الاحباب اور سیرت گازرونی مین ہے کہ جن دنون حضرت سرور عالم صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خیبر مین تشریف فرماتے تھے حجاج بن علاطہ سلمی اپنے قبیلہ سے تجارت کو نکلے تھے جب سُنا کہ حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خیبر مین رونق افروز ہین توآپ کی خدمت مبارک مین حاضر ہوکر شرف اسلام سے مشرف ہوے اور حال یہہ تہا کہ حجاج بڑے مالدار تھے اور سونیکے کان کہ بنی سلیم کی زمین مین تھی یہی اوسکے مالک تھے"

پہر اونہون نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مکہ مین میری بی بی کے اور کفار مکہ کے پاس میرا بہت سا مال ہے اگر مجھکو اجازت ہو تو مین جس تدبیر سے مناسب ہو وہ مال اُن سے لیکر حاضر خدمت ہوجاون ابہی اُن کو میرے اسلام کی اطلاع نہین ہے وگرنہ وہ مال سب تلف ہوجائیگا آپ نے اُن کو اجازت دی پہر حجاج مکہ معظمہ کو روانہ ہوے اور قریش سے ملے اور کہا کہ بشارت ہو تم کو کہ خیبر والون نے **محمد** صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر فتح پائی اور اُن کو اور اُن کے اصحاب کو اسیر کرلیا اور اُن کا سب مال لوٹ لیا اور اب وہ اُس مال کو بیچا چاہتے ہین اوس مین سے مین بہی کچھ چیزین خرید لون اس سے پہلے کہ اور تاجر یہہ خبر سُنکر آجاوین اور نرخ اُنکا گران ہوجائے مین امید کرتا ہون کہ اس امر مین تم میری مدد کرو"

حجاج کہتے ہین کہ اس خبر سے قریش بہت خوش ہوئے اور میرا سب مال مجکو دے دیا اور جو مال میرا میری بی بی کے پاس تہا وہ بھی مین نے لے لیا

پھر یہہ خبر مکہ مین مشہور ہوگئی جو مسلمان مکہ مین تھے وہ یہہ خبر سُنکر نہایت شکستہ دل ہوے اور حالت غم و رنج مین اپنے اپنے گھرون مین خانہ نشین ہوگئے۔

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس خبر سے یہہ حال ہوگیا کہ اُن کے پاؤن سے قوت رفتار جاتی رہی اُن کو اس بات کا خیال ہوا کہ جب یہہ حالات قریش کو معلوم ہونگے تو اُن کی شرارت اور بڑھ جائے گی۔

لہذا اونھون نے اپنا دروازہ کھول دیا اور اپنے بیٹے قثم رضی اللہ عنہ کو بُلا کر کہا تو وہ باواز بلند رجز پڑھنے لگے اور اظہار سرور کرنے لگے اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ خود اپنے گھر مین تکیہ لگا کر بیٹھ گئے جب مسلمانون نے حضرت عباسؓ کے گھر سے رجز کی آواز سُنی تو سب وہان آکر جمع ہوے جب اُنکو مسلمانون نے اس حال پر دیکھا تو اُن کو تسکین ہوئی"

اور کہتے ہین کہ حضرت عباسؓ نے اپنے غلام کو حجاج کے پاس بھیجا کہ یہہ کیا موحش خبر ہے جو تو لایا ہے تحقیق کہ وعدہ اللہ تعالیٰ شانہ کا بہتر ہے جو تو کہتا ہے حجاج نے اُس غلام سے کہا کہ میرا اسلام عباس رضی اللہ عنہ سے کہنا اور کہدینا کہ اپنے گھر مین خلوت کر رکھنا مین دوپہر کو آؤنگا اور وہ خبر کہ جو تم کو خوش کر دے مین تم سے کہونگا خبردار اسے پوشیدہ رکھنا پھر غلام یہان سے خوش ہوتا ہوا حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے پاس پہونچا اور یہہ بشارت آپ کو دی" آپ نے اُس غلام کو آزاد کیا اور کہا کہ مین نے نذر کی ہے اللہ تعالیٰ شانہ کی کہ دس غلام اور آزاد کرونگا"

پھر دوپہر کو حجاج اُن کی خدمت مین حاضر ہوئے اور پہلے اُن کو قسم دی کہ یہہ خبر جو مین تم سے کہونگا میرے جانے کے بعد تین دن تک پوشیدہ رکھنا پھر کہا کہ آپ کو معلوم ہو کہ مین مسلمان ہوگیا ہون اور حضرت رسول اللہ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے خیبر یون پر فتح پائی اور تمام مال واسباب اون کا غنیمت مین داخل ہوا اور اپنے اصحابہ پر اوس کو تقسیم کردیا اور اُن کے اہل و عیال کو اسیر کرلیا۔ اور صفیہ بنت حیی بن اخطب کو اپنے واسطے اختیار فرمایا اور اُسے آزاد کردیا اور اپنی ازواج مطہرات مین داخل فرمایا اور آزادی کو اُن کا مہر قرار دیا اور مین نے اوس خبر موحش کو اس لیے مشہور کیا تھا کہ اپنا مال قریش سے لیلون۔ اور مین حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اس امر کی اجازت لیکر آیا تھا اور مین آج رات کہان سے چلا جاؤنگا۔ تم بعد تین دن کے اس خبر کو مشہور کرنا یہہ کہکر حجاج اپنے گھر کو گئے اور اُسی شب کو روانہ ہوگئے پھر تین دن کے بعد حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حجاج کے گھر پر گئے اور دروازہ کی زنجیر ہلائی اور پوچھا کہ حجاج کہان ہے اُن کی بی بی نے کہا کہ تین دن ہوے کہ وہ خیبر کو گئے ہین کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور اون کے اصحاب کے مال کو خریدین۔"

اور کہا اوس عورت نے کہ اے ابو الفضل کیا حال ہے تمہارا اس خبر سے آپ نے جواب دیا کہ بحمد اللہ کہ خبر اچھی ہے اور ہمارے موافق ہے اور وہ سب حالات جو حجاج نے تخلیہ مین آپ سے بیان کیے تھے اوس سے کہے اور کہا کہ اگر تو اپنے خاوند کو چاہتی ہے تو تو بھی مسلمان ہو جا یہہ اُس سے کہکر آپ مسجد الحرام مین گئے اور کمال خوشی اور مسرت کی حالت مین طواف خانۂ کعبہ کا کیا کافرون نے جو اُن کو بشاش دیکھا تو آپس مین رمز و کنایہ کی باتین کرنے لگے۔"

پھر آپ طواف سے فراغت کرکے اُن کے پاس گئے اور جو کچھ حجاج نے اُن سے خلوت مین کہا تھا وہ سب کفار قریش سے بیان کیا وہ سب یہہ خبر سنکر نہایت مغموم اور محزون ہوے اور مسلمان شاد و بشاش ہوئے پھر پانچ

روز کے بعد کفار قریش کو اس خبر کی تصدیق ہو گئی "

ذکر فدک

ارباب سیر فرماتے ہین کہ جب حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم حوالی خیبر مین داخل ہوے تو آپ نے محیصہ بن مسعود حارثی کو فدک کیطرف روانہ فرمایا یہہ محیصہ رضی اللہ عنہ انصاری حارثی ہین اور شمار کیے جاتے ہین اہل مدینہ مین اور حدیث ان کی اونہین مین مذکور ہوتی ہے" حاضر ہوے یہہ رضی اللہ عنہ احد اور غزوۂ خندق مین اور ان کے بعد اور لڑائیون مین روایت کی ان سے ان کے بیٹے سعد نے"

اور محیّصہ ساتھہ ضمہ میم اور فتح حاء حطی اور کسرہ یاے مشددہ اور فتح صاد مہملہ کذا فی اسماء الرجال المشکوۃ

پہر حضرت محیصہ فدک کو گئے کہ وہان کے لوگون کو اسلام کی دعوت کرین پہر آپ نے دعوت اسلام اون لوگون کو کی اور ڈرایا اُن کو کہ پیغمبر صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تم سے لڑنے کو آئینگے جیسے خیبر والون پر گئے ہین اون لوگون نے کہا کہ عامر اور حارث اور یاسر اور سرداران یہود اور مرحب قلعہ نطاۃ مین موجود ہین اور دس ہزار مردان جنگی وہان آمادۂ جنگ ہین ہم کو یہہ یقین نہین کہ محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اُن سے مقابلہ کر سکین محیصہ ایک دن اون کے یہان رہے جب اُن کو معلوم ہوا کہ ان کو صلح کا خیال نہین ہے تو محیصہ نے چاہا کہ لوٹ کر حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین حاضر ہون پہر فدک والون نے کہا کہ ابھی اور توقف کرو کہ ہم اپنے سردارون سے مشورہ کرلین اور چند معتمد

لوگ تمہارے ساتھ کر دین کہ وہ جا کر صلح کرین اتفاقاً اسی اثنا میں اون کو حصن ناعم کے فتح ہونے کی اور اُن کے محافظون کے قتل ہونے کی خبر پہنچی اس سے بہت خوف اُن کے دلون مین پیدا ہوا پھر محیصہ سے کہنے لگے کہ اے محیصہ ہمنے جو تم سے کہا تھا اوس کو تم کسی سے مت کہنا ہم تم کو کچھ زیور دینگے محیصہ نے کہا کہ مین حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے کچھ نہ چھپاؤنگا پھر اونہون نے وہان سے آکر وہ سب ماجرا بے کم وکاست بیان کر دیا پھر فدک والون نے اپنے ایک سردار کو یہود کی ایک جماعت کے ساتھ حضرت صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین بھیجا اور بعد گفتگوے دراز کے اس امر پر صلح ٹھہری کہ فدک کی نصف آمدنی حضرت کو دیدی جائے اور نصف یہود فدک کے قبضہ مین رہے حضرت اسپر رضامند ہو گئے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کی خلافت تک یونہین انتظام فدک چلا آتا تھا۔ پھر حضرت عمرؓ نے مصلحت اس مین دیکھی کہ یہود فدک کو فدک سے نکال دین کہ وہ ملک شام کیطرف چلے جاوین۔"

حضرت عمر نے اُس آدہی زمین کو کہ یہود فدک کے قبضہ مین تھی پچاس ہزار درم بیت المال سے دیکر خریدلیا۔ اور یہود کو نکال دیا۔ یہود فدک نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اے عمر یہہ کیا بات ہے کہ جس چیز کو ابو القاسم یعنی محمد صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ نے مقرر رکہا تم اوس کے خلاف کرتے ہو حضرت عمر نے اوسکے جواب مین کہا کہ تم جانتے ہو کہ اوس روز مین حاضر نہ تھا۔ نہین مین حاضر تھا پیغمبر خدا صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے تم سے نہین فرمایا تھا کہ جب تک ہم چاہین تم وہان قیام کرنا اور اب ہم نہین چاہتے کہ تم وہان

رہو الغرض حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُن کو فدک سے نکال دیا اور
اُن کی سب چیزین قیمت دیکر خریدلین یہان تک کہ اونٹون کے پالان اور
اون کی رسیان یہ بھی بقیمت لین!!
اور صحت کو پہنچا ہے کہ جب حضرت نے مدینہ کی طرف مراجعت فرمائی تو ایک
دن صحابہ رضی اللہ عنہم ایک وادی مین اُترے تو سب باواز بلند تکبیر کہنے لگے
حضرت نے فرمایا کہ آہستہ تکبیر کہو کہ تم اُس کو نہین پکارتے کہ وہ بہرا
ہے یا غایب ہے بلکہ تم اوس کو پکارتے ہو کہ جو سننے والا ہی اور نزدیک ہی
ابو موسےٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ جب حضرت خیر الانام
علیہ الصلوٰۃ والسلام کلام ہدایت التیام فرماتے تھے تو مین آپ کی سواری
کے پیچھے تہا سُنا مین نے کہ آپ کہتے تھے

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

بیان فوائد وفضیلت لاحول ولاقوت

حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ابو موسیٰ اشعری سے فرمایا
کہ اے عبد اللہ بن قیس مین بتاؤن تجھے ایک کلمہ کہ وہ ایک خزانہ ہے
بہشت کے خزانون سے مینے عرض کی کہ ہان یارسول اللہ میرے مان باپ
آپ پر فدا ہون ارشاد فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ یہی کلمہ ہے جو
مین نے ابھی پڑہا۔ کذا فی روضۃ الاحباب
پھر جب حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم خیبر سے
مظفر ومنصور واپس ہوے تو وادی القری کی طرف میل کیا۔

بیان صلح وادی القری

راستہ مین صہبا کی منزل مین وارد ہوے پھر وہان سے وادی القری مین تشریف لے گئے اور وہان چار مقام فرمائے اور اوس مقام کو گھیر لیا۔ وہان کے باشندے آمادۂ جنگ ہوگئے اور باہر نکلے۔ آپ نے بھی صف قتال آراستہ فرمائی اور نشان اپنا سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عنایت فرمایا مع الاختلاف پھر پہلے آپ نے اُن یہودیون کو اسلام کی دعوت فرمائی اور آگاہ کیا اُن کو اسپر کہ اگر تم اسلام لاؤ تو جان و مال تمہارا محفوظ رہیگا۔ اور باقی حساب تمہارا اللہ تعالیٰ شانہ پر ہے۔

اُن لوگون نے اسکو قبول نہ کیا پھر لڑائی شروع ہوئی اور دن بھر لڑتے رہے دس آدمی اعداے دین کے قتل ہوے اور پھر اگلے روز فتح لشکر اسلام کی ہوئی مال و اسباب بہت مسلمانون کے ہاتھ آیا۔

پھر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اُن پر احسان فرمایا کہ زمین و باغات وہان کے اُن کے قبضہ مین رہین۔ اور مزدوری کیا کرین اور نصف محاصل باغات و زمین کا بیت المال مین داخل کیا کرین اور آدہا اپنی مزدوری مین لیا کرین۔

پھر جب یہ خبر فتح خیبر اور فدک اور وادی القری کی یہود تیما کو پہنچی تو وہ بھی اپنی خرابی سے ڈرے اور بے جدال و قتال کے جزیہ دینا قبول کیا۔ کذا فی مدارج النبوت

بیان عمرۃ القضا

اور اسی سال ہفتم مین عمرۃ القضا کہ صلح حدیبیہ مین مقرر ہوا تھا
واقع ہوا ذی القعدہ کے مہینے مین اور وجہ تسمیہ اس کی شافعیون کے نزدیک
یہہ ہے کہ قضا کے معنی صلح کے ہین یعنی وہ عمرہ جو صلح حدیبیہ مین ہوا تھا
کہ اگلے سال آکر عمرہ ادا کرین اسی وجہ سے اسکا نام عمرۃ القضا ہوا۔ اور عمرۃ
الصلح اور عمرۃ القضیہ بھی ہے۔
اور احناف اس کو عمرۃ القضی اسلیے کہتے ہین کہ یہ اوس عمرہ کی قضا ہے
جو حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم سے حدیبیہ مین فوت ہوا تھا
گھر جانے کے سبب سے اور یہہ اختلاف بنی ہے اُس اختلاف پر کہ
جسنے احرام باندہا عمرہ کا پھر روکا گیا وہ بیت اللہ کے جانے سے تو مذہب
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا یہہ ہے کہ واجب ہے اُسپر ہدی اور نہین ہے
اوسپر قضا اور امام ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب مین قضا اوسپر واجب ہے
نہ ہدی اور دلیل امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی یہہ آیت ہے۔ فان احصرتم
فما استیسر من الھدی یعنے پھر اگر روکے گئے تم تو جو میسر ہو قربانی
بھیجو اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ عمرہ شروع سے لازم ہوتا
ہے تو پھر جب احصار ہوا اور ادا نہوا تو بعد زوال حصر کے قضا لازم ہوئی ولا
یلزم من التحلل بین الاحرامین سقوط القضاء
یعنی نہین لازم ہوتا ہے حلال ہو جانے سے درمیان دو احرامون کے
ساقط ہونا قضا کا۔ اور حجت ان کی فعل حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و اصحاب
وسلم کا ہے او صحابہ رضی اللہ عنہم کا یعنی بیشک نحر کی انہون نے ہدی جب ک

روکے گئے وہ عمرہ سے اور عمرہ ادا کیا اوس کے عوض مین سال آیندہ اور ہانک لیگئے اپنے ساتھہ ہدی کو بغرض مسایل اختلافی اور اُن کی دلیلون کی تحریر کیواسطے بڑا وقت چاہیے اور میرا وقت بہت کم ہے لہذا اختصار ناگریز ہے

بیان ادا کرنی عمرۃ القضاء کا

بالجملہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے غزوۂ خیبر سے مراجعت فرمانے کے بعد اول ذیقعدہ سال ہفتم ہجری سے عمرۃ القضا کے ادا کرنے کی تیاری مین مشغول ہوے اور حکم کیا کہ جو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سفر حدیبیہ مین ہمراہ تھے وہی اس مین بھی ہمراہ ہون اور تخلف اس سے نہ کرین اور اِن کے سوا اگر اور لوگ بھی چاہین تو چلین پھر جو لوگ کہ اُن مین سے زندہ تھے سب اپنے سامان سفر تیار کر کے حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ کے ساتھہ ہوے اور چند آدمی اور بھی ہمراہ ہوے"

پھر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ابو نعیم غفاری کو مدینہ کا خلیفہ کر کے اُن کو وہین چھوڑا اور نام اُن کا ابو ذر جندب بن جنادہ ہے اور یہ قدیم الاسلام ہین مکے مین مسلمان ہوے تھے کہتے ہین کہ سابقین اسلامیون مین سے ہین مسلمان ہوے یہہ چار آدمیون کے بعد اور یہہ اُن چارون کے پانچوین تھے پھر اسلام لا کر یہہ اپنی قوم کیطرف چلے گئے اور یہان تک وہان رہے کہ حاضر ہوے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے حضور مین غزوۂ خندق کے بعد پھر جا رہے شہر ربذہ مین یہان تک کہ وہین رحلت کی سنہ ۳۲ ہجری مین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

کے زمانہ خلافت مین اور تھے یہ عبادین مین سے مبعوث ہونے حضرت صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کے اور روایت کی ان سے بہت لوگون نے صحابہ اور تابعین مین سے کذا فی اسماء الرجال المشکوٰۃ

اور کچھ حال ان کا غزوہ تبوک مین آئیگا۔ انشاء اللہ تعالی

بعد ازان حضرت صلی اللہ تعالے علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم دو ہزار آدمیون کے ساتھ عمرہ کی قضا کو تشریف لے چلے اور دو سو گھوڑے بھی آپ کے ساتھ تھے اور ساٹھ اونٹ ہدی کے اور ایک روایت مین اسی ہین اور ہتھیار جنگی بھی مانند خود اور زرہ اور نیزہ وغیرہ کے تھے کذا فی المدارج

پھر جب حضرت صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم ذوالحلیفہ مین پہنچے تو اونٹون کی خدمت ناجیہ بن جندب اسلمی کو سپرد فرمائی اور ناجیہ نام ان کا اس لیے مشہور ہے کہ نجات پائی انہون نے قریش کے ہاتھون سے اور یہہ ناجیہ وہی ہین جو حضرت صلے اللہ تعالی علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کا تیر مبارک لیکر حدیبیہ کے کنوین مین اترے تھے اور اوس تیر کو کنوین مین گاڑ دیا تھا جس کے سبب سے پانی اوس مین جوش کرایا اور اتنا زیادہ ہوا کہ تمام لشکر کو کافی ہوا اور وفات پائی انہون نے مدینہ مین امیر معاویہ رضی اللہ تعالے عنہ کے زمانہ امارت مین اور روایت کی ان سے عروہ بن زبیر وغیرہ نے ۱۲

اور محافظت کوتل گھوڑون کی محمد بن مسلمہ کو سپرد ہوئی ۱۲

اور یہہ رضی اللہ تعالے عنہ حارثی ہین۔ حاضر ہوے حضرت صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کے ساتھ کل شاہد مین سوا تبوک کے۔ اور روایت کی انہون نے حضرت عمرؓ بن خطاب اور دوسرے صحابہ سے اور تھے وہ فضلاے صحابہ سے اور تھے وہ ان لوگون سے کہ اسلام لائے تھے وہ مصعب بن عمیر کے

ہاتھہ پر مدینہ مین اور انتقال بھی وہین کیا ۳۰ ہجری مین اور عمر اون کی اسوقت ستتر برس کی تہی کذا فی اسمار الرجال المشکوٰۃ"

اور محافظت ہتھیارون کی بشیر بن سعد کو دی گئی - اور ہر ایک کو ان تینون مین سے ایک ایک جماعت ہمراہ کرکے آگے روانہ کر دیا"

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ ہتھیار لیے جاتے ہین اور صلح مین یہہ بات طے ہوئی تھی کہ مکہ مین ہتھیار نہ لانا مگر تلوار میان مین آپ نے فرمایا کہ مین مکہ مین ان ہتھیارون کو نہین لیجاؤنگا - احتیاطاً ان کو اپنے ساتھہ لیے جاتا ہون کہ اگر قریش عہدشکنی کرین اور نوبت جدال و قتال کی پہونچے تو ہتھیار ساتھہ رہین" کذا فی روضۃ الاحباب

پھر وہان سے احرام باندھکر اور تکبیر کہکر آگے کو روانہ ہوئے پھر جب وہ جماعت محافظین کی مرالظہران مین کہ مکہ وہان سے ایک مرحلہ سے کم ہے" پہنچی تو وہان ایک جماعت قریش کی تہی اونہون نے محمد بن مسلمہ سے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم کی خبر پوچھی کہ کہان ہین اُنہون نے کہا کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم اب تشریف لائے صبح یہین کرینگے اور اسی منزل مین فروکش ہونگے انشاء اللہ تعالیٰ"

پھر حضرت تشریف لائے اور قریب بطن یاجج کے اُترے کذا فی مدارج النبوۃ اور روضۃ الاحباب مین ہے کہ جب اُس جماعت قریش نے محمد بن مسلمہ سے حضرت کی تشریف آوری کی خبر سُنی تو گھبراکر مکہ کو گئے اور قریش کو اس واقعہ سے آگاہ کیا وہ یہہ خبر سنکر پہاڑون کی چوٹیون پر چڑھ گئے"

اور مکرز بن حفص کو بھیجا کہ جاکر دریافت کرے کہ خلاف شرط ہتھیارون کے لانیکا کیا سبب ہے ؟

اوسنے اگر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم سے اس کا سبب پوچھا آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہم اپنے اوسی عہد پر ہین ان ہتھیارون کو مکّہ مین نہ لیجائینگے ان کو احتیاطاً ہم اپنے ساتھہ لائے ہین۔ مکرز یہہ سُنکر لوٹ گیا اور جاکر قریش سے یہہ حال کہا وہ یہہ بات سُنکر مطمئن ہوئے ۔

پھر حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم کے ارشاد کے موافق ہدی کے اونٹون کو آگے سے لیجاکر ذی طوی مین ٹھہرایا ۔

پھر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا تو ہتھیارون کو بطن یا جج مین رکھہ دیا اور ایک جماعت صحابہ کی اوس کی حفاظت کیواسطے مقرر رہوئی ۔

پھر حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم ناقۂ قصویٰ پر سوار رہے اور صحابہ کوئی سوار کوئی پیادہ آپ کے گرد اگرد تھے۔ جیسے ستارون کے ہجوم مین ماہ شب چاردہم تلوارون کو غلاف مین کیے ہوے اور تلبیہ کہتے ہوے مکّہ کو چلے اور حجون کی گھاٹی سے آکر مین داخل ہوے مدارج النبوت مین ہے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ واصحابہ وسلم نے اُوس بن خولی انصاری کو دوسو آدمیون کے ساتھہ ہتھیارون کی محافظت کے واسطے مقرر کیا ۔

اور عبد اللہ بن رواحہ انصاری خزرجی کہ نقبا مین سے ہین اور حاضرین عقبہ سے بھی ہین اور بدر اور اُحد اور خندق اور مشاہد مابعد مین اور اُنکے سوا فتح مکّہ اور اوسکے مابعد مین بھی حاضر تھے اور شہید ہوے سریہ موتی مین کہ امیر اُس سریہ کے تھے آٹھوین سال ہجری مین اور تھے یہہ شعرائے محسنین سے اسوقت کہ جب حضرت رونق افروز مکّہ ہوے تو یہہ مہار پکڑے ہوے ناقہ قصویٰ کی

اور آگے آگے تہے اور یہہ رجز پڑہتے جاتے تہے اسیطرح حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تلبیہ کہتے ہوئے۔

بیت اللہ شریف

کے پاس تشریف لائے اور حجر اسود کو بوسہ دیا" ایک لکڑی کے ذریعہ سے کہ سر اسکا خمدار تہا اور اوسکو محجن کہتے تہے اوس محجن لکڑی کو حجر اسود سے لگا کر اُسے بوسہ دیا واضح ہو کہ تقبیل حجر اسود لب سے اور ہاتہہ سے اور ہاتہہ کے اشارہ سے اور لکڑی کو اوس مین لگا کر اوس لکڑی کو چومنا چارون طریقون سے مسنون ہے پھر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم عمرہ ادا کرنے کے بعد تین روز مکہ معظمہ مین ٹھیرے چوتھے روز قریش نے کسی کو حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیجا کہ اب اپنے صاحب یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے کہدو کہ مکہ سے چلے جاوین آپ نے حضور پرنور مین حاضر ہو کر عرض کی کہ قریش ایسا کہتے ہین آپ نے فرمایا بہتر ہے ایسا ہی کرتا ہون الغرض آپ نے فرمایا کہ پکار دو کہ آج رات کو کوئی شخص صحابہ مین سے مکہ مین نہ رہے اور آپ نے اپنے مولیٰ یعنی غلام آزاد کردہ کو جن کا نام ابو رافع تھا فرمایا کہ تم میمونہ رضی اللہ عنہا کو پیچھے سے لے آنا اور آپ مکہ معظمہ سے باہر تشریف لے گئے

مروی ہے کہ جب آپ مکہ معظمہ سے باہر تشریف لاتے تھے تو **عمارہ بنت حمزہ** رضی اللہ تعالےٰ عنہ

کہ کنیت حضرت سید الشہدا حمزہ رضی اللہ عنہ کی انہین پاکیزہ دختر کے نام سے ہے اپنی مادر سلمہ بنت عمیس کے ساتہہ مکہ مین رہتی تہین حضور کے

پیچھے پکارتی چلی آتی تہین یا عم" یا عم"

حضرت علی رضی اللہ تعالے عنہ نے عرض کی کہ یا حضرت اپنے چچا کی بیٹی کو کیون کفار مین چھوڑے جاتے ہین مین اپنے ساتھہ اوس کو لیے جاتا ہون۔

پہر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اون کو حضرت سیدہ خاتون جنت کے حوالہ کردیا پہر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اون پاکیزہ دختر کو حضرت جعفر رضی اللہ تعالے عنہ کی کفالت مین دیا اور فرمایا کہ اوس کی خالہ تمہاری زوجہ ہے اور خالہ بجا ہی مان کے ہے پس تمہارا حق اوس کی کفالت کیواسطے اورون سے زیادہ ہے کذافی روضتہ الاحباب

پہر حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے نکاح عمارہ کا سلمہ بن ابی سلمہ کے ساتھہ کردیا جو حضرت کے ربیب تہے تمام ہوے واقعات سال ہفتم ہجرت فرصت بہت کم مشاغل زیادہ مجبور رہو کر اختصار سے کام لینا پڑا"

بیان واقعات سال ہشتم ہجرت

اس سال کے اول اور صفر کے مہینہ مین جمہور اہل سیر کے نزدیک خالد بن الولید بن المغیرہ قریشی مخزومی اور عمرو بن العاص بن وائل قریشی سہمی اور عثمان بن طلحہ عبدرے حجبی کہ بیت اللہ کی کنجیان اون کے پاس تہین اسلام لائے۔

خالد رضی اللہ تعالے عنہ کہتے ہین کہ جب مدینہ مین ہم پہنچے تو ہم نے اچھے کپڑے پہنے اور حضرت کی مجلس مین جانیکا قصد کیا راہ مین میرا بہائی ولید ملا اور کہا کہ جلدی کر حضرت کو تیرے آنے کی خبر ہو گئی ہے خوش ہین اور تیرے آنے کے منتظر

مین پہر مین جب اُس محفل مبارک منزل مین حاضر ہوا اور آپ کی نظر فیض اثر دور سے مجہپر پڑی تو آپ نے تبسم ہوے ۔ مینے عرض کی السلام علیک یا رسول اللہ آپ نے شگفتہ روئی سے جواب دیا پہر مین نے کہا اشہد ان لا الٰہ الا اللہ آپ نے فرمایا الحمد للہ الذی ھدٰک الی الاسلام اور ارشاد کیا کہ اے خالد مین جانتا تہا کہ تو اہلِ عقل سے ہے اسواسطے مین سمجہتا تہا کہ وہ عقل تجہ کو اسلام کی طرف کہینچ لائیگی پس وہ تجہے بحکم خدا یتعالےٰ شانہ کہینچ لائی ؎

مین عرض کرتا ہون کہ حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا یہہ ارشاد بہت بجا اور درست تہا اہل دانش کا یہہ قول ہے العقل خیر کلہ خالد رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہین کہ مین نے حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ کو معلوم ہے کہ مین نے مقامات خیر مین اہل حق کے ساتہہ کسقدر عناد کیا ہے ۔ اب آپ دعا فرمائین کہ اللہ تعالیٰ شانہ میری اُن خطاؤن کو معاف فرمائے اور میرے گناہون کو بخشدے ؎

آپ نے فرمایا کہ اسلام مٹا دیتا ہے اُن گناہون کو جو اسلام لانے سے پہلے واقع ہوے ہین لہذا بڑی کوشش کی جہاد مین حضرت خالد نے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی حیات مبارک مین اور حضرت کی وفات کے بعد بھی یہان تک کہ کفر کی بنیا دکہود کر پہینکدی اور بہت سی فتوحات اسلام ان کے دست مبارک پر ہوئی ہین ملک شام وغیرہ مین ؎

اور ایام جاہلیت مین بھی یہ قوم قریش کے سردار تہے اور والدہ ان کی بنت الحارث بہن حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کی تہین وفات پائی حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سنہ ۲۱ ہجری مین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانۂ خلافت مین اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

نے ان کو سیف اللہ کا خطاب عطا فرمایا تھا"
اور روایت کی ان سے ان کے خالہ زاد بھائی عبداللہ بن عباس نے اور علقمہ اور جبیر بن نفیر نے اور مخذومی نسبت ان کے ان کے جد کیطرف ہے"
خالد بن ولید بن المغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخذوم اور کنیت ان کی ابا سلیمان ہے اور یہہ صحابہ کبار مین سے ہین کذافی مدارج النبوۃ و اسماء الرجال المشکوٰۃ اور تقریب التہذیب اور شواہد نبوت"

اسلام عمرو بن العاص

خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھہ اسلام لائے عمرو بن العاص۔ مختصر حالات ان کے یہہ ہین کہ والی کیا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ملک عمان پر اور ہمیشہ وہین مقرر رہے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات تک اور عامل کیا ان کو حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان ذی النورین اور معاویہ رضی اللہ عنہم نے اور آپ ہی نے فتح کیا مصر کو حضرت فاروق کے زمانہ خلافت مین اور وفات پائی آپ نے سنہ ۴۳ ہجری مین اور عمر ان کی نوے برس کی ہوئی اور روایت کی ان سے ان کے بیٹے عبداللہ نے اور عمر بن قیس بن حازم نے کذافی مدارج النبوت وغیرہم"

اسلام عثمان بن طلحہ بن عبد العزیٰ

حجبی کا کہ ان کو شیبی بھی کہتے ہین نسبت کرتے ہین اُن کی اُن کے بھائی شیبہ کی طرف اور کنجی بیت اللہ شریف کی قدیم الایام سے ان کے خاندان مین تھی جب حضرت نے مکہ معظمہ کی فتح حاصل فرمائی تو آپ کے چچا حضرت عباس

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ سے عرض کیا کہ بیت اللہ شریف کی کنجی مجکو عنایت فرمائیے اور اس منصب کو منصب سقایت کیساتھہ ضم کردیجیے پھر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عثمان کے پاس بھیجا تو وہ کنجی اُن سے

بَیْتُ اللہ شریف

کی لے آئے پھر یہ آیت نازل ہوئی اِنَّ اللہَ یَامُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰی اَھْلِھَا یعنی بیشک اللہ تعالےٰ حکم کرتا ہے تم کو یہ کہ اداکرو تم امانتیں اوس کے اہل کو پھر حضرت نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ کنجی

بیت اللہ شریف

کی عثمان ہی کو حوالے کرآو اور اُن سے معذرت کرنا۔ پھر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ وہ کنجی ان کے پاس لے گئے تو اُنھوں نے کہا کہ لے جانے کے وقت تم اسے زور سے لے گئے تھے اور مجھے ایذا دی تھی اب یہہ نرمی اور عذرخواہی کی کیا وجہ ہے آپ نے کہا کہ تمہارے لیے آیت نازل ہوئی ہے اور وہ آیت پڑھکر سنادی عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے ایمان کی تجدید کی اور کہا۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللہِ

پھر جبریل علیہ السلام نازل ہوے اور کہا کہ جب تک یہ گھر زمین پر قائم ہے یہ کنجی اور یہ خدمت ہمیشہ ان کے خاندان اور اولاد مین رہیگی قیامت تک جب اُنھوں نے وفات پائی تو اون کے کوئی بیٹا نہ تھا تو کنجی بیت اللہ

شریف کی اپنے بہائی شیبہ کے سپرد کی اور اسوقت تک وہ کنجی کعبہ کی انہین کی کے خاندان مین ہے"

وفات پائی عثمان نے سنہ ۴۲ھ ہجری مین مکہ مین اور روایت کی ان سے انکی پہوپہی کے بیٹے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما نے"

ولادت حضرت سیدنا ابراہیم فرزند رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

اسی سال ہشتم ماہ ذی الحجہ مین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالی عنہا سے حضرت ابراہیم بن رسول اللہ تولد ہوے حضرت صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم نے اس خبر ولادت کے لانے والے کو ایک غلام بخشا اور وفات اونکی سنہ ۱۰ھ ہجری مین ہوئی عمران کی ایک روایت سے سولہ مہینے کی اور ایک روایت سے اٹھارہ مہینہ کی ہوئی۔ غرضکہ روایتین متفق اسمین ہین کہ وفات ان کی مدت رضاعت مین ہوئی"

اور اسی سال ہشتم مین مسجد نبوی کا ممبر شریف بنا اور بعض روایت سے ساتوین سال مین بنایا گیا"

اسی سال ہشتم مین فتح مکہ مکرمہ زاد اللہ شرفاً وتعظیماً واقع ہوئی

تمام دنیا مین فتوحات اسلامی کی جڑ یہی فتح ہے اور مقدمہ اس فتح کا صلح

حدیبیہ ہے سورۃ الفتح یعنی اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا اسی فتح کے واسطے ناطق ہے اور حقیقت مین فتح مکہ اعظم فتوحات سے ہے کہ غالب کیا اللہ تعالیٰ شانہ نے اس فتح کے سبب سے اپنے دین کو اور قوی اور باعزت کیا اپنے رسول کو اور زور آور کیا اپنے لشکر کو اور محترم کیا اپنے حرم کو کہ شان اُس کی وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ہے اور پاک کیا اوس کو مشرکین کی نجاست سے اور اسکو بلد امین کیا اور بیت شریف خاص کو اور فی نفسہ یہہ وہ فتح ہے کہ مستبشر ہوی ساتھہ اوسکے اہل اسلام اور ساکنان ارض وسما اور فتح و نصرت پائی اُس سے حضرت سید المرسلین محبوب رب العٰلمین نے صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور عرب لوگ سب کے سب منتظر اسی فتح کے تھے اور یہہ خیال کر رہے تھے کہ اگر محمد صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اپنی قوم کے ساتھہ پلٹ کر مدینہ سے یہان آوین اور اس شہر کو فتح کرلین تو ہم بھی قید تردد او توقف سے نجات پائین اور جب یہہ فتح عظیم وجود مین آئی تو ہر طرف سے آدمی گروہ گروہ اور فوج فوج دین اسلام مین داخل ہوے یعنی اس دین مین جس مین شرک و بدعت اور نفاق اور فجور کو دخل نہین ہے ہر چند کہ شروع اسلام سے لوگ اس دین مین داخل ہوتے تھے مگر تھوڑے تھوڑے اور چونکہ زمانہ رحلت حضرت کا قریب پہنچا لہذا پروردگار تعالیٰ شانہ نے آپ کو مامور کیا دوسری چیز کیطرف اور فرمایا کہ تسبیح پڑھو اپنے رب کی تعریف کے ساتھہ اور گناہ بخشوا اُس سے"

اور اسلئے کہ جب عارف کمال کے مرتبہ کو پہنچا اور ہر طرح کے لوگ اُسکے حلقہ ارشاد وتعلیم مین آئے اور اُن کی استعدادین نقصان اور کمال مین بہت تفاوت رکھتی ہین تو اُس کو ضروری یہہ امر کہ ناقصون کے تکمیل کے واسطے بخشش طلب کرے کہ وہ سب استعداد اصلیہ کے نقصان اُس کی اتباع اور فرمانبرداری کے سبب سے قیامت کے دن کمال استقلال کیطرف کھنچ جائینگے اور یہی حقیقت ہے شفاعت

کی پہر فرمایا کہ بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہی کما قال اللہ تعالیٰ شانہٗ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

اذا جاء نصر اللہ والفتح ورأیت الناس یدخلون فی

دین اللہ افواجا فسبح بحمد ربک واستغفرہ انہ کان توابا

یعنی جب آوے مدد اللہ کی اور فتح مکہ کی اور دوسرے کفر کے مکانون کی اور شکستگی بتخانون کی اور کھلنے اعمال مشکلات کی اور احوال باطنی کی دیکھیگا تو لوگون کو یعنی عرب کے اس واسطے کہ اول نبی ہونا حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا انہین کی طرف تہا اور جب وہ اس دین متین مین داخل ہو چکے تو اورون کو بہ برہان شایستہ اور حجت بالغہ اس دین مین داخل کرینگے ؛

سو وہ داخل ہوے ہین دین مین اللہ کے ؛ یہ سورہ شریف اشارہ ہی اس بات پر کہ اللہ تعالےٰ شانہ کی نعمتین اور دین اسلام کا اکمال اور ارتفاع شک و ارتیاب پورے طریقہ سے ظاہر ہو گئے ؛ اور انوار صدق و یقین سب کو نظر آگئے بعد فتح مکہ مشرکین کو کوئی گریزگاہ باقی نہ رہی ؛ بجز اسکے اور کوئی چارہ کار نہ رہا کہ دین اسلام مین داخل ہوجائین ۔ اور بعض کا ایمان اُن مین سے اچھا ہو گیا کہ ظاہر ہوئین علامتین صدق و یقین قلبی کی ؛ اور کچھ بدبخت پہر بھی اُسی شقاوت پر بطور نفاق قایم رہے چنانچہ اللہ تعالیٰ شانہ نے فرمادیا قل یوم الفتح یعنی کہدو ای محمد ﷺ کہ فتح بدر کے دن کی یا فتح مکہ کے دن کی لا ینفع الذین کفروا فائدہ نہ دیگا یعنی بدر کی فتح کا دن یا مکہ کی فتح کا دن اُن لوگون کو جن لوگون نے کفر کیا ۔ ایمان لانا اون کا مراد اس سے وہ مقتول ہین جو فتح مکہ کے دن قتل ہوے اور حالت قتل مین اُن کو ایمان لانا اُن کا فائدہ نہ دیگا اسلیے کہ ایمان یاس اور ایمان باس مقبول نہین الغرض ؛

روانگی حضور پر نور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم مدینۂ منورہ سے مکۂ معظمہ کو

جب قصد سفر مصمم ہوچکا تو دسوین تاریخ رمضان المبارک کو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نماز عصر کے بعد چارشنبہ کے دن مدینۂ طیبہ سے باہر تشریف لے گئے ہجرت کا آٹھوان سال تھا۔

مدارج النبوت اور روضۃ الاحباب مین ہی کہ اس سفر با ظفر مین حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہمراہ حضرت ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنہا تھین اور حکم دیا آپ نے کہ چاہ ابو عبیدہ پر لشکر جمع ہو اور وہان پر لشکر کی حاضری لی تو سات سو آدمی تو مہاجرین مین سے تھے اور تین سو گھوڑے تھے اور انصار نصرت شعار سے چار ہزار آدمی تھے اور پانسو گھوڑے تھے اور مزینہ کے قبیلہ سے ایک ہزار آدمی آگے تھے اون مین تو نذر تھے اور نسو گھوڑے اور قبیلہ اسلم سے چارسو آدمی آئے تھے اور اونمین تیس گھوڑے تھے۔

اور بنی عمرو بن کعب سے پانسو آدمی تھے اور اسی طور سے ہر قبیلہ سے ایک ایک جماعت کے لوگ تھے کہ گنتی ان سب کی کسی کتاب مین نظر سے نہین گذری غرض کہ جب منزل صلصال مین آپ پہنچے تو زبیر بن العوام رضی اللہ تعالے عنہ کو دوسو آدمی دیکر برسم طلیعہ آگے روانہ فرمایا اور مدینۂ طیبہ مین ایک روایت کے موافق ابو رہم غفاری اور دوسری روایت سے ابو ذر غفاری اور تیسری روایت مین ہی کہ عبداللہ بن ام مکتوم کو خلیفہ کیا اور کدید مین کہ شدید کے وزن پر ہی پہنچکر کہ یہہ ایک چشمہ کا نام ہی درمیان قدید اور عسفان کے نشان درست فرمائے اور مہاجرین اور انصار اور سب قبایل کو وہ نشان تقسیم کیے اور اسی منزل مین بنو سلیم حضور پر نور صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

کی خدمت مین حاضر ہوے اور وہ دو ہزار آدمی تھے اب یہہ سب بارہ ہزار آدمیون کا لشکر ہوا۔ اور مروی ہے کہ انہون بعض اہالی مکہ بقصد ہجرت مدینہ کو آتے تھے راہ مین حضرت سے ملی اُن میں سے ایک عباس بن عبد المطلب چچا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم کے تھے آپ اہل وعیال سمیت منزل سقیا مین حضرت علیہ السلام سے ملے آپ اُن کے آنے سے بہت خوش ہوے اور اُن سے فرمایا کہ تم اپنا اسباب سب مدینہ بھیجدو اور تم ہمارے ساتھ چلو اور فرمایا کہ تمہاری ہجرت آخرین ہجرت ہی جیسے میری نبوت آخرین نبوت کی ہی یہہ حضرت نے اسلئے فرمایا کہ فتح مکہ سے پہلے ہجرت کرنا مکہ سے مدینہ کو فرض عین تہا بلکہ ہر دار الکفر سے اُس شخص پر کہ جو مسلمان ہوتا سبب اسکا یہہ تہا کہ اہل دین مدینۂ منورہ مین کم اور ضعیف تھے لہذا فرض کی گئی تھی ہجرت تاکہ وہان پہنچکر مدد کرین مسلمانون کی اور زایل ہو زور کفار کا اور جب مکہ فتح ہوا تو وہ علت زایل ہوگئی اور فرضیت ہجرت کی وہان سے موقوف ہوئی۔

مگر باقی رہا استحباب ہجرت کا کسی نیک کام کے واسطے یا کسی فتنہ کے خوف سے بچنے کیلئے ہجرت کی جاوے۔

یا ایسی زمین سے کہ چھوڑا جاے اوس مین معروف اور مروج ہو اُس مین منکر ہجرت کی جائے دار الکفر سے اور جس صورت مین کہ مانع شعایر اسلام سے نہون تو ہجرت ضروری نہین ہے والا فرض ہے۔

اور یہی مراد ہے اس حدیث شریف کی لا تنقطع الهجرة حتى تنقطع التوبة یعنی نہ منقطع ہوگی ہجرت یہان تک کہ منقطع ہو توبہ۔ یعنی جب تک توبہ کا در کھلا رہیگا۔ اُسوقت تک ہجرت بھی جاری رہیگی یہ خلاصہ مظاہر الحق کا ہے اور صاحب مظاہر الحق نے نہایہ سے اقتباس کیا ہے۔

تمام ہوا مسئلہ ہجرت کا۔

الغرض

اسی منزل مین ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے چچا کے بیٹے تھے"

اور عبداللہ بن المیہ بن المغیرہ مخزومی کہ حضرت کی پھوپھی عاتکہ بنت عبدالمطلب کے بیٹے تھے اور حضرت کی ایذارسانی اور اہانت میں نہایت مبالغہ کرتے تھے وہ بھی آکر مسلمان ہوئے حضرت نے اُن سے اعراض فرمایا اور التفات نہ کیا آخرالامر حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے التماس سے اُنکا قصور عفو کیا"

اور ایک روایت مین ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اُن سے کہا کہ تم حضرت کے روبرو ہو جاؤ اور عرض کرو کہ جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیون نے یوسف علیہ السلام سے کہا تھا

لقد اثرك الله علينا وان كنا لخاطئين

یعنی البتہ برگزیدہ کیا اللہ تعالیٰ شانہ نے آپ کو ہمپر اور بے شک ہم خطاوار ہین۔ پس یہی کام اُنھون نے کیا تو حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا لا تثريب عليكم اليوم يغفر الله لكم وهو ارحم الراحمين نہین ہے ملامت تمپر آج کے دن اور وہ بہت رحم کرنے والا ہے رحم کرنیوالون کا" کہتے ہین کہ ابوسفیان بن الحارث نے بعد اس کے ہرگز اپنے سر کو حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے سامنے بلند نہ کیا حیا کے سبب سے اور وہ حضرت کے رضاعی بھائی تھے۔ حضرت حلیمہ بنت ابی ذویب سعدیہ کیطرف سے اور کہا ایک قوم نے کہ نام ان کا مغیرہ ہے اور کہا دوسرون نے کہ نام اُن کا اُن کی کنیت ہے اور مغیرہ اُن کے بھائی کا نام ہے"

اور یہ شعرائے مطعونین سے تھی اور پہلے حضور پرنور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ہجو کی اُسکا جواب حضوری شاعر حسان بن ثابت نے دیا تھا۔

پھر جب وہ اسلام لائے تو اُن کا اسلام بہت اچھا ہوا اور سبب اُن کی موت کا یہہ ہوا تھا کہ حج مین اُنھون نے سر منڈایا تو اُن کے سر مین ایک ستہ تھا وہ کٹ گیا اوسکے سبب سے وہ ہمیشہ بیمار رہتے تھے یہان تک کہ بعد چند مدت حج کے اُسی صدمہ سے اون کا انتقال ہوا مدینہ مین ۲۰ سنہ ہجری مین اور دفن کیے گئے دار عقیل بن ابیطالب مین اور نماز پڑھی اُن پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کذا فی اسماء الرجال المشکوٰۃ

اور منقول ہے کہ حضرت صلّی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جب مدینہ سے روانہ ہوئے تو فرمایا کہ لوگون مین پکاردو کہ جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے نہ رکھے۔

اور ایک روایت مین ہے کہ اوایل سفر مین روزہ رکھتے تھے جب موضع کدید مین پہونچے تو وہان افطار کیا۔

اور ابن عباس سے مروی ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ جب حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم منزل عسفان مین پہنچے تو آپ نے ایک پیالہ پانی منگایا اور دست مبارک مین لیکر بلند کیا پھر اُس کو پی لیا اور روزہ افطار کیا اور پھر اور روزہ نہ رکھا۔

اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ بعد اسکے کہ حضور پرنور صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا اولئک العصاۃ اولئک العصاۃ یعنی وہ لوگ عاصی ہین کذا فی روضۃ الاحباب۔

اور مدارج النبوت مین ہے کہ حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے منزل

قدید مین پہنچکر روزہ افطار کیا اور حکم کیا کہ جو روزہ افطار نہ کرے وہ عاصی ہے
اور قرۃ العیون کے مولف کہتے ہین کہ سفر مین افطار کرنا اور روزہ رکھنا
دونون درست ہے اور ایک کی دوسرے پر فضیلت مین احادیث مختلفہ وارد ہین
بسبب رعایت ملاحظہ اوقات کے اور جواز افطار مین سفر کی حالت مین سب علماء
متفق ہین۔ مدارج النبوت مین ہے کہ جب حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ
وسلم تشریف لے چلے اور مر الظہران مین پہنچے کہ وہان سے مکہ چار فرسخ ہے اور اُس
موضع کو وادی فاطمہ کہتے ہین تو حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
نے ارشاد فرمایا اپنے صحابہ سے کہ ہر شخص اپنے ڈیرے کے سامنے آگ روشن
کردے بس دس بارہ ہزار جگہہ یکبارگی آگ روشن ہوگئی۔ اُسوقت تک قریش
آپ کے رونق افروز ہونے سے واقف نتھے ولیکن ہر وقت خائف رہتے تھے
اسواسطے کہ وہ جانتے تھے کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ضرور مکہ
معظمہ کا قصد فرمائینگے لہذا سب نے ابوسفیان سے کہا کہ تم جا کر حضرت

محمد صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

کو تلاش کرو اور جب اُن سے ملو تو ہمارے واسطے اُن سے امان لے لینا"
پھر ابوسفیان بن حرب اور حکیم بن حزام اور بُدیل بن ورقا مکہ معظمہ سے اس خبر
کے تلاش کرنے کو نکلے اور مر الظہران کے ٹیلہ پر پہنچے تو تمام جنگل مین آگ ہی آگ
نظر آئی۔ ابوسفیان نے کہا کہ یہ آگ کس کی ہے قسم ہے کہ یہ آگ عرفہ کی رات کی سی ہے
بدیل نے کہا یہ آگ خزاعہ کی سی ہے ابوسفیان نے کہا کہ واللہ خزاعہ اس سے
اقل اور اذل ہین یہ اُن کی نہین ہے"
اور ایک روایت مین ہے کہ جب اونہون نے خیمے اور گھوڑے دیکھے اور

اُن کی آوازین سُنین تو بولے کہ یہ بنوکعب ہین کہ خزاعہ کی قوم کو اونھون نے جمع کیا ہے اور آگ لڑائی کی روشن کی ہے ایک نے اُن مین سے کہا کہ یہہ بنو خزاعہ سے زیادہ ہین قسم ہے خدا کی ہمنے ایسی آگ کبھی نہین دیکھی سوای شب عرفہ کے جسے حجاج جلاتے ہین"

حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہتے ہین کہ اُس رات کو مرالظہران کی منزل مین جو مین نے وہ آگ دیکھی تو اپنے دل مین کہا کہ اگر

رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

اس لشکر ظفر پیکر سے مکہ معظمہ مین تشریف لے گئے قریش سے واقف ہونے اور امن چاہنے سے پہلے تو کام اُن پر نہایت دشوار ہو جاییگا اور وہ بالکل بیخ وبنیاد سے جاتے رہینگے لہذا مین حضرت کے خچر پر سوار ہوا اور چلا اور موضع اراک تک پہنچا اس ارادہ سے کہ شاید کوئی لکڑ ہارا یا دودہ بیچنے والا مکہ کو جاتا ہوا مجکو مل جائے تو مین اُس کی زبانی صورت حال کہلا بھیجون کہ مکہ والے اپنی نجات اور بچاؤ کی کوئی تدبیر سوچ لین اسی اثنا مین مینے ابوسفیان بن حرب کی آواز سُنی اور بدیل کی بھی اور اُن دونون کی آوازون کو پہچانا اور پکارا کہ یا اباحنظلہ اوسنے بھی میری آواز پہچانی اور کہا کیا ابوالفضل ہی مین نے کہا ہان اوسنے کہا کہ میرے مان باپ تجہپر فدا ہون یہہ کیا واقعہ ہے مین نے کہا افسوس ہے تیرے حال پر یہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا لشکر ہی کہ دس ہزار آدمیون سے تُم پر چڑہائی کی ہے"

پھر اُس نے کہا کہ اے عباس کچھ ہماری فکر کر اور بتا کہ ہمکو کیا

کرنا چاہئیے مین نے کہا کہ میرے خچر پر بیٹھ جا میرے پیچھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی خدمت مین تجھے لے چلون اور تیرے واسطے امان طلب کرون وہ میرے ساتھہ سوار ہولیا اور بدیل بن ورقا و حکیم بن حزام مکہ کو پلٹ گئے اور ایک روایت مین ہی کہ ابو سفیان کے ساتھہ یہہ لوگ بھی حضرت کی محفل فیض منزل مین حاضر ہوکر مشرف باسلام ہوئے"

اور توفیق ان دونون روایتون مین یون ہوسکتی ہے کہ یہہ کہا جائے کہ وہ دونون مکہ مین جاکر پھر لوٹ آئے ہون اور پھر اسلام لائے ہون یا یہہ کہا جائے کہ اسلام لاکر مکہ کو پلٹ گئے ہون اور ابو سفیان ابھی مسلمان نہین ہوئے تھے اور امان بھی حاصل نہین کی تھی اسی واسطے ٹھہر گئے"

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہین کہ ابو سُفیان کو مین اپنے پیچھے سوار کرکے لشکر مین لایا جس آگ پر مین گذرتا تھا تو وہ لوگ کھڑے ہوکر دیکھتے تھے کہ کون ہے جو اس وقت جاتا ہی پھر جو مجکو حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے خچر پر دیکھتے تھے تو کہتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے چچا ہین اور اپنی جگہہ پر بیٹھ جاتے اور کوئی مجھسے تعارض نہ کرتا یہان تک کہ عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے خیمہ پر گذرا اُنھون نے بہت آگ جلا رکھی تھی پہلے جو اُنھون نے مجکو دیکھا تو کچھ نہ بولے پھر جب مین آگے بڑھا تو ابو سفیان کو اُنھون نے دیکھا بس فوراً اپنی جگہہ سے کود پڑے اور کہا کہ یہہ خدا کا دشمن ہے ابو سفیان جو عباس کے ساتھہ جاتا ہے الحمد للہ کہ وہ میرے قابو مین آیا نہ اسکو امان ہے نہ ایمان یہہ کہکر تلوار میان سے نکال لی اور میرے پیچھے چلے چاہتے تھے کہ حضرت کے حضور مین پہنچکر ابو سفیان کے قتل کی اجازت طلب کرین" مین نے خچر کو تیز ہانکا اور اُن سے پہلے مین حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ

واصحابہ وسلم کے خیمۂ مبارک مین داخل ہوا اور عمر میرے بعد پہنچے اور حضرت سے عرض کی کہ یارسول اللہ یہ خدا کا دشمن ابوسفیان ہے حق تعالیٰ شانہ نے اسکو یہان بھیجدیا ہی اُس حالت مین کہ نہ اُسے ایمان ہے نہ امان آپ اجازت دین تو مین اُسے قتل کرون

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہین کہ مین نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم مین نے اِن کو امان دی ہے اور اپنی پناہ مین لیا ہے اور عمرؓ ان کی قتل مین سعی کرتے ہین حضرت عمر و حضرت عباس مین باہم کچھ گفتگو ہوئی مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم نے دونون کو تسکین دی۔

اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے چچا آج کی شب ابوسفیان کو آپ اپنے خیمہ مین رکھین کل فجر کو آپ میرے پاس لائین حضرت عباس ابو سفیان کو اپنے خیمہ مین لائے اور دوسرے دن حضرت کے خیمہ مین لاکر حاضر کیا"

حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوسفیان افسوس ہے تیری حالت پر کیا ابھی وہ وقت نہین آیا کہ تو جانے کہ کوئی معبود نہین قابل اُلوہیت سوا اللہ تبارک وتعالیٰ کے"

ابوسفیان نے کہا کہ میرے مان باپ آپ پر قربان ہون آپ کیا ہی کریم وحلیم اور صلۂ رحم کرنے والے ہین باوجود اتنے ظلم وستم کرنے پر بھی آپ کی شان رحمت نے ذرا اپنی شان نہ بدلی اور مجھپر ویسا ہی لطف وکرم مبذول رکھا جو آپ کی رحمت کے شایان تھا بے شک آپ برگزیدۂ خلایق ہین اور اسمین کچھ شک نہین کہ جس اللہ نے آپ کو تمام خلایق سے برگزیدہ کیا وہ اللہ وحدہ لاشریک ہی" اور حضور یہہ اصنام کسیکو نفع یا نقصان نہین پہنچا سکتے یہ کہکر کلمۂ شہادت پڑہا"

وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللہِ	اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللہُ

عباس رضی اللہ تعالیٰ نے عرض کی یارسول اللہ آپ کو معلوم ہی کہ یہ ابوسفیان

اپنی قوم کا سرآوردہ شخص ہے اس کو کسی مرتبہ سے سرفراز فرمائین کہ اس کی عزت قوم کی نظر مین زیادہ ہو آپ نے ارشاد فرمایا کہ

"من دخل دار ابی سفیان فھو اٰمنٌ ومن القی السلاح فھو اٰمن و من دخل المسجد الحرام فھو اٰمن"

ترجمہ یعنی جو کوئی داخل ہو گھر مین ابی سفیان کے اُس کو امن ہے اور جو شخص ہتھیار ہاتون سے ڈالدے اُسکو بھی امان ہے اور جو آدمی اپنے مکان کا دروازہ بند کرلے اُسکو بھی امان ہے اور جو آدمی داخل ہو مسجد الحرام مین اُسکو بھی امان ہے۔ کذا فی روضۃ الاحباب"

مدارج النبوت مین ہے کہ ابتدائے زمانۂ نبوت مین ایک دن مشرکین بے دین حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو ایذائین دے رہے تھے اُس وقت ابوسفیان حضرت کو اپنے گھر مین لے آئے اور آپ کی دلجوئی کی یہ اُس احسان کا بدلہ تھا"

پھر ابوسفیان حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اجازت حاصل کرکے مکہ معظمہ کو چلے پھر حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا حضرت مین ابوسفیان کو سب لشکر اسلام کی شان وشوکت کا معائنہ کرادون کہ اسلام اسکا اور مستحکم ہوجاے آپ نے فرمایا کہ اچھا حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ابوسفیان کو پکارا او ٹھہرایا اور ایک تنگ جگہہ مین لیجاکر اُن کو کھڑا کیا اور کہا کہ لشکر اسلام کا معائنہ کرلو۔ وہان سے لشکر اسلام اپنی شان وشوکت سے گذرا حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ ہر لشکر کی تعریف کرتے جاتے تھے اور لشکر اسلام گذرتا جاتا تھا یہان تک کہ فوج ہدایت موج حضرت محبوب الٰہی

محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

کی نمودار ہوئی حضور ناقہ قصویٰ پر سوار تھے اور پانچہزار مرد مسلح اور جرار اشراف مہاجرین وانصار سے ہمرکاب فیض انتساب تھے ایک طرف حضرت

ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اور دوسری طرف اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اور حضرت

سرور کائنات اشرف موجودات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات

اُن سے باتین کرتے ہوئے چلے آتے تھے" ابوسفیان نے اس لشکر خدا کو جو اس شان وشوکت کے ساتھ دیکھا تو اُن کے ہوش جاتے رہے اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنے لگے اے عباس تمھارے بھائی کے فرزند کا ملک تو بہت بڑا ہو گیا ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے ابوسفیان تجھپر افسوس ہی یہہ رسالت اور نبوت ہی نہ ملک اور سلطنت کہتے ہین کہ جب تمام لشکر کا معائنہ ابوسفیان کر چکے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اے ابوسفیان تم جلد جا کر اہل مکہ کو خبردار کردو کہ اپنے کام مین فکر کرین اور ایمان لائین وگرنہ سب ہلاک ہون گے ابوسفیان دوڑ کر مکہ مین آئے اور لشکر اسلام ذی طویٰ مین پہنچا اور ٹھہر گیا حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اس آگے والے لشکر کی برابر پہونچ گئے اُس دن لشکر کا غبار اسقدر بلند ہوا کہ پہاڑون کی چوٹی تک پہنچگیا اور قریش کو حضور پُرنور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تشریف آوری کی خبر نہ تھی جب قریش نے ابوسفیان کو دور سے جلدی جلدی آتے دیکھا تو اُنھون نی استقبال کیا اور پوچھا کہ تمھارے پیچھے کون ہے اور یہہ گرد وغبار کیسا ہے اُنھون نے کہا کہ واے تم پر"

محمد صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

آگئے اور ایک لشکر جرار جس کی تعداد بارہ ہزار ہے اور فولاد مین غرق ہے وہ اُن کے ہمراہ ہی یہ اُسی لشکر کا غبار ہے اکثر اُن مین سوار دلاور ہین کسی کو اُن سی مقابلے کی طاقت نہین ہے اور کہا کہ حضرت نے فرمایا ہے کہ جو میرے گھر مین داخل ہوا اُس کو امن ہے اور جو ہتھیار ڈالدے اسکو امن ہے اور جو اپنے گھر کا دروازہ بند کرلے اُس کو امن ہے اور جو بیت الحرام مین داخل ہوا اُس کو امن ہے" وہ کہنے لگے کہ رسوا کرے اللہ تجکو یہہ کیا خبر ہے جو تو ہمارے لیے لایا ہی

روضۃ الاحباب مین ہی کہ ابوسفیان کی بی بی ہند بنت عتبہ بھی ابی سفیان کے استقبال کو باہر آئی تھی اوس نے جب اپنے خاوند سے یہ باتین سُنین تو اُسے اس خبر کے سننے کا تحمل نہوا۔ اور اپنے شوہر سے بہت جھگڑی ابوسفیان نے کہا کہ تو جو چاہے سو کہہ لے مین قسم کہاتا ہون کہ اگر تو مسلمان نہوگی تو بیشک قتل کی جائیگی گھر مین چلی جا اور دروازہ بند کرلے"

منقول ہے کہ جب حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ذی طوی مین رونق افروز ہوئے تو لشکر ظفر پیکر کو آراستہ و پیراستہ دیکھا تو آپ کے دل مبارک مین یہہ خیال آیا کہ اللہ تعالی شانہ مجکو پوشیدہ دو آدمیون کے ساتھہ مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ لے گیا تہا اور آج اس شان و شوکت سے ایسی جرار فوج کے ساتھہ یہان واپس لایا ہی بس فوراً آپ نے سر مبارک اپنا اللہ تعالی شانہ کے سامنے خم کردیا چنانچہ آپ کی زنخدان مبارک ناقہ قصویٰ کے پالان پر پہنچی"

اور ایک روایت مین ہی کہ آپ نے اوسیطرح اونٹ کے پالان پر سجدہ کیا

اور اُسی حال سے مکۂ مکرمّہ مین داخل ہوے علیہ الف الف صلوٰۃ وتسلیمات اُسوقت نہین معلوم حضور پُرنور صلّی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کس حال مین اور کس مقام پر ہون گے ؟

ای میری مادر و پدر سی کروڑون مرتبہ زیادہ شفیق ومہربان اللہ

اُس مقام اور اُس وقت کی مبارک ساعت کی حرمت کو اور اُس برگزیدہ بندے کے خشوع اور خضوع کو تیرے حضور مین اپنی التجاؤن کی قبولیت کیواسطے جو تجھے بتمام وکمال معلوم ہین شفیع گرداناہون میری اور میری اولاد صلبی وقلبی کے گناہون کو بخش اور دین ودنیا مین ہم سب کی شرم رکھیو اور اپنے احکام کی نافرمانیون سے نگاہ رکھیو اور

شریعت غرای مصطفوی پر ثابت قدم رکھیو

اللّٰہمّ آمین ثمّ آمین

مروی ہے کہ جب حضرت صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم

منزل مرّالظہران

سے سوار ہوے اور چاہا کہ مکہ مبارک مین داخل ہون تو زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ مہاجرین نصرت قرین کی فوج کے ساتھہ مکہ کی

بلندی کی راہ سے جسکو کدا بروزن صدا کہتے ہین داخل ہون اور مقام حجون مین کہ ایک جگہہ کا نام ہے اُترین اور خیمہ مبارک حضور کا وہین پہنچا دیا جائے اور وہان پہنچکر حضور کا انتظار کیا جاے اور وہان سے آگے نہ بڑہین؛

اور حضرت ابوعبیدہ بن الجراح کو حکم ہوا کہ اُس جماعت کو لیکر جو اُن کی ماتحت ہے اور اُسکے پاس ہتھیار نہین ہین بطن وادی کی راہ سے روانہ ہون اور یہہ حکم اُن کو بسبب عنایت و مہربانی کے ہوا

اور حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو حکم ہوا کہ وہ اپنی فوج ظفر موج کو اسفل مکہ سے کہ اُسکو کُدا بروزن خُدا کہتے ہین داخل ہو کر اپنے نشان والا نشان کو منتہاے عمارت مکہ مین کھڑا کرین اور یہہ اول سرداری ہے جو حضور پُرنور صلے اللہ تعالی علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے

خالد رضی اللہ تعالی عنہ

کو دی تھی پھر اس انتظام کے بعد حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم اپنی فوج کے ساتہہ جس مین اصحاب خاص تھے سوار ہوے اور سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالی عنہ کو فرمایا کہ مع اپنے لشکر کے بغیر مقابلہ او رمجادلہ کے داخل ہون اور آپ خود بنفس نفیس دوسری راہ سے داخل ہوے اور سب جماعتون کو حکم دیا کہ کوئی کسی سے مقابلہ اور مجادلہ نہ کرے؛

اور جو فرمایا تہا کہ جب حجون مین پہنچو تو خیمہ ہمارے لیے کھڑا کرنا تو حسب الامر عالی خیمہ ادیم سرخ کا کھڑا کیا گیا؛

کہتے ہین کہ عکرمہ بن ابی جہل ۔ اور صفوان بن امیہ ۔ اور سہل بن عمرو نے ایک جماعت کے ساتہہ جس مین بنو بکر اور بنو الحارث بن عبد مناف تھے اور کچھ

ہذیل اور احابیش سے بھی تھے حضرت خالد بن الولید کا راستہ روکا اُس جگہہ کو خندمہ کہتے ہین"

جنگ شروع کی حضرت خالد رضی اللہ تعالی عنہ نے ضرورتاً اُن سے مقابلہ کیا اور جنگ عظیم وہان پر ہوئی" اٹھائیس آدمی ارباب طغیان کے مارے گئے اور دو آدمی فوج اسلام کے شہید ہوئے۔ ایک حبیش بن الآمرا اور دوسرا کرز بن جابر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جو دور سے چمک نیزون اور تلوارون کی دیکھی تو پوچھا کہ یہہ کیا ہے مین نے تم کو جنگ سے منع نہین کیا تہا عرض کی کہ گمان ہمارا یہہ ہے کہ کچہہ لوگ خالد کے مقابلہ کو آئے ہون گے اور خالد نے ضرورتاً اُن سے مقابلہ کیا ہوگا"

پہر جب فتنہ دفع ہوا تو حضور نے خالد سے پوچھا۔ خالد نے کہا کہ اُن لوگون نے جنگ شروع کی تھی ناگریز اُن کا مقابلہ کرنا پڑا۔ حضرت نے فرمایا کہ تقدیر آلہی بہتر ہی یعنی لڑنا تمہارا بحکم آلہی ہوا"

مروی ہے

کہ جب حضرت موضع حجون مین پہنچے تو اپنے خیمہ مین اُترے اور سر مبارک اور روے روشن کو غبار سے پاک کیا اور غسل کیا اور آپ نہا رہے تھے کہ امّ ہانی حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی بہن آپ کے خیمہ مین تشریف لائین اور حضرت خاتون جنت فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا حضرت کے لیے پردہ آڑ کئے ہوئے کھڑی تھین اُمّ ہانی نے عرض کی کہ یارسول اللہ میری مان کا بیٹا علی اہبیرہ کو اور ایک روایت مین ہے اپنے خاوند کے دو رشتہ دارون کو مین نے امان دی ہی چاہتا ہی کہ اُن کو

قتل کرے آپ اونکو امان دین آپ نے فرمایا کہ مرحبا اے اُمّ ہانی مینے اونکو امان دی پھر
بعد غسل کے آپ نے آٹھ رکعتین خفیف چاشت کی پڑھین - اور ایک روایت مین ہے
کہ یہ سب کام اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر مین جو آپکے خیمۂ مبارک سے بہت قریب تھا
ہوئے - القصہ جب حضرت نہا کر فارغ ہوئے تو ہتیار باندہے اور خود سر مبارک پر
رکھا اور سوار فوج اسلام حجون سے خندمہ تک پرا باندہے کھڑے تھے اور آپکے منتظر
تھی کہ کس وقت جلوہ افروز ہوتے ہین پھر حضرت اپنے راحلہ پر سوار ہوکر چلے داہنے طرف
کو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ اور بائین طرف اسید بن حضیر اور بلال بن
رباح اور عثمان بن طلحہ حجبی ملازم رکاب حضرت سید ابرار عالی وقار کے تھے اور
حضرت سورہ کریمہ انا فتحنا ساتھ قرات لینہ کے ترجیع سے پڑھتے تھے اور بغیر احرام باندہے
حرم کے اندر تشریف لے گئے اور اسی صورت سے مسجد الحرام مین بھی داخل ہوئے
اور آپ کے ناقہ کی مہار محمد بن مسلمہ پکڑے ہوئے تھے تو آپ نے حجر اسود کا استلام
محجن لکڑی جسکا سر خمدار ہوتا ہے اُسکے ذریعہ سے کیا اور تکبیر فرمائی اور سب صحابہ
نے بھی آپ کی تبعیت مین تکبیر کہی چنانچہ تکبیر کے غلغلہ سے کہ مین لرزہ پڑ گیا اور مشرکین
پہاڑ پر سے یہ تمام حال خیر مآل دیکھ رہے تھے پھر حضور پُر نور صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہ و
اصحابہ وسلم سواری سے اُترے اور تین سو ساٹھ بت کہ کعبہ کے گرد قریش نے دیوار
مین چن رکھے تھے حضرت وہی لکڑی جو آپکے دست مبارک مین تھی اون بتون کو چہباتے
تھے اور فرماتے تھے جاء الحق وزهق الباطل وجاء الحق وما يبدئ الباطل وما يعيد
ترجمہ ایا حق اور مٹ گیا باطل اور ایا دین حق اور نہ ظاہر ہوگا باطل اور نہ لوٹیگا وہ بت
باوجود اس استحکام کے کہ اونکے پاون سے مستحکم کئے ہوئے تھے اوس لکڑی کے اشارہ
سے گر پڑتے تھے اور ہبل اور آساف اور نائلہ کو توڑ ڈالا یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے
بعد دوسری بت شکنی ہے سلا الحمد ہران چیز کہ خاطر میخواست آخر آمد زپس پردۂ تقدیر پدید

بعض کتب سیر میں ہے کہ کئی بڑے بڑے بت قریش نے بلند جگہ میں جا دئے تے کہ آدمی کا ہاتھ
وہان تک نہین پہونچتا تھا تو حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہ نے عرض کی کہ یا حضرت آپ میرے کندہے
پر چڑہکر ان بتون کو گرا دین آپ نے فرمایا کہ اے علی تجھ سے بار نبوت نہ اُٹھے گا بلکہ تو ہی میرے کندہے
پر قدم رکہکر یہ خدمت اسلام بجالا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امتثالاً لِلامر کہ الامر فوق الادب ہے
اپنا قدم دوش رسول صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم پر رکہا اور عالم ملک ملکوت مین ترانہ زمین کا آسمان
پر پہونچا اور آسمان کا غلغلہ مسرت زمین تک پہونچا ؎

علی بر دوش احمد چشم بد دور عیان شد معنی نور علی نور

حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اون بتون کو وہان سے گرایا ایک الہامی شاعر یون
زمزمہ سنجی فرماتے ہین شکر بدہان اوگوہر بدہان او ؎

از بہر فگندن بتان کعبا ✤ بر دوش رسول شد علی اعلابا ✤ نازیم باین رتبۂ عالی جاہی ✤ جائیکہ خدا بست گذارد و پا
حضور پر نور نے حضرت سیدنا علی سے پوچھا کہ اے علی تو اب اپنے آپ کو کیسا پاتا ہے آپ نے
نہایت ادب سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ حجابات میری آنکھون سے رفع ہو گئے اور میرا عرش پر
پہونچا ہوا ہے اور جس چیز کیطرف ہاتھ لنبا کرتا ہون وہان تک میرا ہاتہ پہونچ جاتا ہے اور وہ چیز میرے
ہاتہہ مین آجاتی ہے آپ نے فرمایا کہ کیا اچھا وقت ہے تیرا کہ کام اللہ تعالیٰ شانہ کا تو کر رہا ہے
اور کیا خوب حال ہے میرا کہ مین بوجھ حق کا اوٹھائے ہوئے ہون اور ایک روایت مین ہے کہ
آپ نے فرمایا کہ اے علی پہونچا تو اوس مراد کو جسکی تجھکو تمنا تہی تو آپ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ
قسم ہے اوس ذات پاک کی جس نے آپ کو سچا نبی کر کے بہیجا ہے مین اپنی ذات کو ایسا دیکھتا ہون
کہ اگر چاہون تو آسمان پر ہاتہہ پہونچا دون غزل فقیر محمد اکبر مولف کتاب ہذا

بشر سے کیا ہو حضرت علیؑ کی — خدا جانتا ہے حقیقت علیؑ کی
طریقت مین ہے فرض الفت علیؑ کی — ہے ایمان عارف محبت علیؑ کی
بلا کر شب وصل حضرت کو حق نے — دکہا دی سر عرش صورت علیؑ کی

جسے سرِّ اسرار کہتے ہین صوفی — وہ ہے ابتدائی حقیقت علیؑ کی
ابھی لے اوڑین سب زمینِ نجف کو — ملک پر کھلے گر حقیقت علیؑ کی +
الٰہی وہ دن مجھکو آنکھون سے دکھلا — کہ دیکھون نجف جا کے تربت علیؑ کی
چمن قابلِ سیر صلِّ علیٰ ہے — ہے غنچے مین بو گل مین رنگت علیؑ کی
زمین آسمان ہین یہ سب چار دن کے — کہین ان سے پہلے ہے خلقت علیؑ کی
علیؑ قوت بازوے مصطفےٰ ہے — ہے زورِ یداللہ طاقت علیؑ کی
نکالے زلیخا بھی یوسف کو اپنے — دکھاتا ہے اکبر جو صورت علیؑ کی

ایضاً

زہے نفسِ نبی چون گوہرِ جانِ پاک دامانے — زمین سا بوتراب عرش را خورشید تابانے
بود از فیضِ پاکش قطرہ ہم دریاے فیضانے — بود ہر ذرہ کویش جواب مہرتابانے
بدوشِ پاکِ ختم الانبیا استادہ در کعبہ — زہے پایش زہے دوشش زہے رفعت زہے شانے
شنید از راز دو حرفے کہ جاہِ تیر گہ جون شد — زہے دانائے اسرار زہے اسرارِ پنہانے
اگر مے تافت بروے جلوۂ از حسنِ رخسارش — نماندے درکفِ یوسف بجز چاک گریبانے
علیٌّ حُبُّہٗ جُنَّۃ قسیمُ النارِ والجنۃ — امام شافعی را باشد این یک بیت دیوانے
بسوے خود کشد ہر جا کہ میرم اے زہے طالع — بخاکِ کوچۂ او از ازل ار است پیمانے
عبادت باشد اندر روے پاک او نظر کردن — رخِ آن مصحفِ ناطق سپیدے ہست قرآنے
چہ خوش مدح است بہر مرتضیٰ این مصرعِ اکبر — خدا را بندۂ خاصے نبی را راحتِ جانے

الغرض آپ نے بتون کو ہاتھ سے ڈالدیا اور اونکے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے اور میزابِ رحمت یعنی کعبہ کے پرنالے کے پاس سے آپ کود پڑے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ادب کے سبب سے جب آپ زمین پر پہونچے تو تبسم فرمایا حضرت نے اون سے پوچھا کہ یا علی کس سبب سے تمکو ہنسی آئی آپ نے عرض کی کہ مین اتنی بلندی سے کود پڑا مگر مجھے چوٹ نہین آئی آپ نے فرمایا کہ اے علی کیونکر تجکو چوٹ آتی کہ محمدؐ تمکو اٹھائے ہوئے تھا اور جبرئیل

تجویز مین تک لایا کذا فی روضۃ الاحباب **حکم تصویر اور کتّے کا** مشکوٰۃ مین ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ فرمایا حضرت حبیب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم نے کہ آئے میرے پاس جبریل علیہ السلام اور کہا کہ کل رات کو آپکی خدمت مین آیا تہا مگر آپکے حجرہ کے دروازہ پر تصویر دار پردہ لٹکا ہوا تہا اور مکان کے اندر ایک کتا تہا یہ دونون چیزین مانع ہوئین داخل ہونے سے لہذا حکم کیجئے کہ تصویرون کے سر تراش دئے جائین اور کتا نکال دیا جائے لہذا آپنے حکم کیا کہ وہ پردہ اوتار ڈالا گیا اور کتا دور کر دیا گیا اور مفصل احکام انکے بڑی بڑی کتابون مین ہین فتاوی قاضیخان مین ہین وہان ملاحظہ فرمائین **حضرت کا کعبہ کے اندر نماز پڑہنا** روضۃ الاحباب مین ہے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب حضرت کعبہ سے باہر نکلے تو مین آگے بڑہا اور بلال رضی اللہ عنہ سے مینے پوچہا کہ حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحابہ وسلم نے کعبہ مین کسطرح نماز پڑہی اونہون نے کہا کہ دو ستونون کو داہنی طرف اور ایک ستون کو بائین طرف اور تین ستونون کو پیچہے چہوڑ کر نماز پڑہی اور اوس دن کعبہ مین چہہ ستون تہے ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ مین بہول گیا یہ مینے نہ پوچہا کہ حضرت نے کتنی رکعتین پڑہین اور سوا ابن عمرؓ کے اور روایات مین آیا ہے کہ حضرت نے دو رکعتین پڑہین علما یہ فرماتے ہین کہ کعبہ کے اندر نماز نفل پڑہنی جایز ہے مگر فرض مین اختلاف ہے جمہور علما اس پر ہین کہ وہ بہی جایز ہے اور وہ جو صحیح بخاری مین ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اور صحیح مسلم مین اسامہ بن زید سے مروی ہے کہ جب حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کعبے کے اندر گئے تو سب طرف دعا کی اور نماز نہ پڑہی یہانتک کہ باہر آئے اور پہر کعبے کے برابر دو رکعت نماز پڑہی اور فرمایا کہ ھٰذِہِ القبلۃ تو یہ محدثین کے نزدیک معمول بہا نہین ہے اسلئے کہ ابن عمر مثبت ہین اور اسامہ رضی اللہ عنہ نافی ہین اصول یون قرار پایا ہے کہ قول مثبت کا نافی پر مقدم ہے کما قرر فی الاصول اور مدارج النبوت مین ہے کہ اعتماد اس باب مین ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت پر ہے **الغرض** دروازہ خانہ کعبہ یعنی بیت اللہ شریف کا کہولا گیا اور حضرت سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم باہر تشریف لائے اور آستانہ کعبہ پر کہڑے ہوئے اور دروازے کے
دونون بازوون کو پکڑ لیا اپنے دست مبارک سے خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ آدمیون کو
دروازۂ خانہ کعبہ سے دور ہٹاتے تھے اور کنجی خانہ کعبہ کی حضرتؐ کے دست مبارک مین تھی۔
حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے روبرو گئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ منصب حجابت
خانہ کعبہ کا اہل بیت کو ارزانی کیجیے جیسے کہ منصب سقایت کا اونکو عنایت کیا حضرت صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے عثمان بن طلحہؓ کو بلایا اور فرمایا کہ لے کنجی کہ آج کا دن وفا اور
احسان کا ہے اور ایک روایت مین ہے کہ آپ نے فرمایا خذھا ابن طلحۃ خالدۃ
لا ینزعھا منکم الا ظالم یعنی لے اسکو اے ابن طلحہ ابداً ابداً یعنی ہمیشہ کے لئے
نہ لے گا اسکو کوئی تجھسے مگر ظالم۔ اور آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا کہ تمکو ایسا کام
سپرد کرتا ہون کہ لوگون کو اوسمین نفع ہو نہ ایسا کام کہ گمان ہو اوسمین کہ لوگون سے تم نفع اٹھاتے
ہو تو عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور کی ملازمت اختیار کی اور کنجی اپنے بہائی شیبہ کو دی
کہ اب تک وہ کنجی خانہ کعبہ کی اوسی قوم کے ہاتھہ مین ہے۔ مدارج النبوت مین ہے کہ جب
حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم کعبہ کا دروازہ پکڑے ہوئے کہڑے تھے اوس وقت
باآواز بلند آپ نے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ صدق وعدہ ونصر عبدہ
وھزم الاحزاب وحدہ واعز جندہ کو پڑھا سب اعیان قریش وہان کہڑے تھے
خوف ورجا کی حالت مین کہ دیکھا چاہیے کہ آج ہمارے حق مین کیا حکم ہوتا ہے اوس وقت آپ نے
اون سے فرمایا کہ تم کیا کہتے ہو اور کیا گمان ہے تمہارا میری طرف کہ مین تمسے کیا معاملہ
کرونگا اونہون نے عرض کی کہ نقول خیراً ونظن خیراً یعنی کہتے ہین ہم خیر اور گمان کرتے ہین
ہم خیر کا اخ کریم وابن اخ کریم وقد قدرت تم بہائی ہو ایسے کریم ہو اور تم فرزند
ہو ہمارے اوس بہائی کے کہ اوسمین بہی کریمی کی صفت تہی اور بے شک فتح پائی تمنے ہمپر
جیسا کہ قریش نے حضرت یوسف علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا تہا آپ نے بہی وہی جواب

جواب دیا یعنی نہین ہے الزام اور ملامت تمپر آج کے دن معاف کرتا ہے اللہ تعالی تمکو اور وہ بڑا رحیم ہے رحمون کا رحیم ہے اور فرمایا کہ جاؤ تم آزاد کردیے گئے ؂

بشکر وصل کہ حاصل بکام دل کردم ستمگران حسد پیشہ را بحل کردم

کذا فی مدارج النبوت اور روضۃ الاحباب مین ہے کہ پھر حضرت نے خطبہ پڑہا اور اوسمین لوگون کو بہت نصیحتین کین خصوصاً سود خواری اسکا حکم بالکل موقوف کیا اور احکام قصاص اور دیات مغلظہ اور مخففہ اور شبہ او رعمد اور خطاسب بیان کئے اور دعوے جاہلیت کے بطلان پر حکم کیا اور فرمایا کہ اسے قریش اللہ تعالی نے تمسے دور کرو یا فخر جاہلیت جو تم اپنے باپ دادا پر ناز کیا کرتے تھے اور دور کردیا تمسے تکبر کو کہ اپنے اباواجداد کے سبب سے اور لوگون پر فخر کیا کرتے تھے۔ مین تمکو سمجھاتا ہون کہ تم ان بُری صفتون سے پاک ہوجاؤ جتنے آدمی ہین سب بنی آدم ہین اور آدم علیہ السلام خاک سے پیدا ہوئے ہین اور آدمی کو بزرگی ہوتی ہے تقوی سے یا ایھا الناس انا خلقنا کم من ذکر وانثی وجعلنا کم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقکم ان اللہ علیم خبیر ترجمہ اسے آدمیو ہمنے تمکو بنایا ایک نر اور ایک مادہ سے یعنی آدم وحوا سے اور کین تمہاری ذاتین اور گوتین تو آپس کی پہچان ہو تو قریب وبعید کا فرق معلوم ہوجاے نہ اس لئے کہ ایک دوسرے پر فخر کرے اور مقرر بڑی عزت والا تم مین سے وہی ہے اللہ کے نزدیک جو بڑا متقی ہے تم مین تحقیق کہ اللہ سب جانتا ہے اور خبردار ہے الحمد للہ کہ مکہ معظمہ فتح ہوا اور مینے اپنی آنکھون کے آشوب کی وجہ سے بتاریخ ۲۷- ربیع الثانی ۱۳۲۵ھ بروز یکشنبہ بمقام اکبرآباد محلہ نئی بستی مکان منشی فخرالدین مرحوم آخر عصر کو اسی مقام پر پہونچکر قلم رکھدیا اگر اللہ تعالی شانہ نے آنکھین اچھی کردین تو آگے بڑہون گا اور رسالہ خلافت کو تمام کرون گا صدمہ مرضی مولی از ہمہ اولی یا اللہ اگر تیرے حضور مین اس کتاب کا ایک حرف بھی قبول ہوا ہو تو مین اوسکو

تیرے حضور مین شفیع گردانتا ہون اور تیرے فضل و کرم کا بڑا امیدوار ہون کہ مجھے نزع
کی تکلیف اور قبر کے سوال و جواب و عذاب سے بچائیو تو بڑا غفور الرحیم ہے اور میری التجا ان
کو قبول فرما اور میرے جملہ فرزندان صلبی و قلبی کو دین دنیا مین خوشحال رکھیو اللہم آمین اور
جو آدمی مجکو جانتے ہین اور مجھ سے ملاقات ہے اون کو اپنی محبت عطا فرما اللہم آمین۔
تمام ہوئی کتاب اللہ اکبر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سر کل شئ فی اسمہ

عقل سلیم

یا اللہ جو کچھ مین لکتا ہون تیرا نام مبارک لیکر لکتا ہون اور جو کچھ لکتا ہون تیرا اسم گرامی لیکر لکتا ہون
اسلئے کہ سرمایہ علم میرا بہت کم ہے مجھے تو صرف تیرے نام پاک پر بھروسہ ہے اونچے
آدمیون کی پونجی مجرد تیرا نام ہے جب کوئی مشکل پیش آتی ہے تجھسے مدد و استعانت
چاہتا ہون تو میری مشکل کو حل کرتا ہے دنیا مین جتنے ہاتھ ہین سب تیرے ہاتھ کی طرف
دیکھ رہے ہین دنیا مین جتنے حیوان و انسان ہین سب کی زبانین تیرا ہی ذکر کر رہی ہین دنیا مین جتنے سخی ہین سبکے
دامن تیرے ہی آگے پھیلے ہوئے ہین جسے دیتا ہے تو دیتا ہے تیرے سوا کوئی دینے والا
نہین متوکلون کی جیبین تیرے عطیات سے بھری ہوئی ہین دنیا مین بے شمار
نعمتین ہین اور سب اچھی ہین لیکن ایک نعمت عقل سلیم بھی ہے جسکے واسطے
تو نے خاص اپنے پیغمبران علیہم السلام کو مخصوص کیا ہے اور اوس عقل پسندیدہ مین
سے اونہین پیغمبرون کے فرمانبردارون کو بقدر استعداد حصہ ملتا ہے اے اللہ
اب ہمین اسکی ضرورت ہے کہ کوئی اس عقل سلیم کا فیضیاب ہمارے امور کا متکفل ہو جائے
اور ہماری بیست و پا قوم کو اس گمنامی کے چاہ تیرہ و تار سے باہر نکال لائے اسوقت دنیا
کے کارنامون پر نظر کرنے سے مشرق کیطرف سے ایک روشنی بلند ہوتی ہوئی نظر آتی
ہے جب اوسکی طرف نگاہ اٹھائی گئی تو ڈھاکہ کی زمین چمکتی ہوئی نظر آئی الحمد للہ کہ

ادسین ادسی نوبادہ باغ سعادت و شرافت پر نظر پڑی کہ جسکا نام نامی اوس منزلت اور مناصب کے مناسب ہے یعنی **نواب خواجہ سلیم اللہ خان بہادر مد اللہ عمرہٗ** یا اللہ اس نوجوان ہونہار نواب کو عمر دراز عطا فرما اور ہم مسلمانون کی گرہ کشائی کے لئے مامور فرما اللہم آمین یا رب العالمین آمین **نواب صاحب بہادر** اللہ تعالیٰ شانہٗ آپ کی عمر دراز فرماے آپ خالصاً و مخلصاً ہم مسلمانون کے پیش رو بنجائے اور عزیز گرامی شان **خان بہادر سید نواب علی چودہری مد اللہ عمرہٗ** کو بھی پیش روی اہل اسلام مین اپنا پورا شریک کر لیجیے ؎

دو دل یک شود بشکند کوہ را پراگندگی آرد انبوہ را

آپکا **اللہ تعالیٰ شانہ نگہبان آمین برادران طریقت کی خدمت مین عرض ہے** - میرے قوت بازو میری آنکھون کے نور میرے دل کے سرور اللہ تعالیٰ شانہٗ آپ کو منزل مقصود تک پہونچائے آمین مینے اشرف التواریخ کے حصہ اول مین ایک مختصر رسالہ بنام دین و دنیا لکھکر آپ لوگون کے واسطے اوسی کتاب کے آخر مین لگا دیا ہے اس مقام پر مجھے یہ کہنا ہے کہ سماع میرے طریقہ مین مباح ضرور ہے مگر یون نہین کہ جیسے درگاہون مین بازاری عورات گاتی ہین وہ حرام مطلق ہے ہرگز ہرگز اوس صحبت مین شریک ہونا جب سماع سننے کو دل چاہے تو **زمان - اخوان مکان** - کی شرط کے ساتھ سننا اور عورات کا گانا کسی شرط کے ساتھ درست نہین اور ہر حال مین شریعت کے احکام کو پیش نظر رکھنا ؎ گم آن شد کہ دنبال داعی نرفت بے شرع درویشون کو دور سے سلام کر کے الگ ہو جانا و باللہ التوفیق۔

فقیر محمد اکبر ابو العلائی داناپوری

تمت بالخیر

کتب خانہ جامعہ عثمانیہ

گزارش

خدا کے فضل وکرم سے یہ مطبع تینتالیس برس سے جاری ہے اسمین عربی فارسی اُردو ہندی ہر قسم کی کتابت نہایت صحت اور عمدہ صفائی اور ہر قسم کی خوبی سے چھپ سکتی ہے تصفیہ چھپائی بذریعہ خط کتابت طے ہوسکتا ہے۔

نہایت بیش بہا کتابین اور قرآن مجید مطبع مین فروخت کے لئے موجود ہین جنکی فہرست درخواست کرنے پر بھیجی جائیگی۔ اور ہر قسم کا مال شرائط مقررہ کے موافق ہماری معرفت قیمت آنے پر یا ویلیو پی ایبل کے ذریعہ سے روانہ ہوسکتا ہے۔ کسی خاص معاملہ کے اطمینان کو ہزارون روپیہ کی گارنٹی دی جاسکتی ہے۔

نیاز مند

خواجہ صدیق حسین منیجر مطبع آگرہ اخبار۔ آگرہ

۲۹۰۶۹۱ م۱۲ - ۱

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیاجائے گا۔